# امالی الشیخ المفیدؒ

تالیف

محدث و محقق حضرت علامہ شیخ مفید رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

علامہ سید منیر حسین رضوی

تصحیح و نظر ثانی

حجۃ الاسلام والمسلمین ریاض حسین جعفری

ادارہ منہاج الصالحین لاہور

https://downloadshiabooks.com/

# امالی الشیخ المفید

تالیف:

محدث و محقق حضرت علامہ شیخ مفید رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ:

حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ سید منیر حسین رضوی
مدرس جامعۃ المصطفیٰ

تصحیح و نظرثانی

حجۃ الاسلام ریاض حسین جعفری
فاضل قم

— ناشر —
ادارہ منہاج الصالحین لاہور
جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ لاہور
فون: 042-5425372




https://downloadshiabooks.com/

# ترتیب


امالی شیخ مفید اور نشر اخبار معصوم علیہم السلام 10

عرض مترجم 13

**مجلس نمبر 1** 17

فرشتہ عمل بندوں پر موکل ہوتا ہے 17

اہل بیتؑ میں شک کرنے والے.... 17

مولا علیؑ کی وجہ سے تین شخص ہلاک ہوں گے 20

نیکی کا خزانہ چار چیزیں ہیں؟ 26

علیؑ شادی کرنے والا ہے 27

حج کا خرچہ 31

گناہ سے چھٹکارا حاصل کرنا 31

**مجلس نمبر 2** 33

آل محمدؐ کی محبت کے بغیر کوئی عمل 33

نظام اسلام 34

علیؑ اور انبیاء علیہم السلام 40

علیؑ کو امیر کہہ کر شیخین نے بھی سلام کیا 43

مولا علیؑ دنیا اور آخرت میں سردار ہیں 44

تم لوگوں پر دعا کرنا واجب ہے 44

**مجلس نمبر 3** 45

علماء کے جانے سے علم اٹھ جاتا ہے 45

رسولؐ خدا نے دوران سفر پانچ سجدے ادا کیے 46

امام علیہ السلام سے ایمان کے بارے میں سوال 47

یہ وہ فرشتہ تھا جو پہلے کبھی زمین پر نازل نہیں ہوا 50

یہ نبی اکرمؐ کی طرف سے میراث ہے 50

کبھی غم گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے 51

اپنے آپ کو خود وعظ کرو 52

حدیث غدیر اور ابو حنیفہ 54

... اپنے آپ کو خود وعظ کرو 58

**مجلس نمبر 4** 59

طالب علم کے لیے ہر چیز دعاء مغفرت کرتی ہے 59

عمل تقویٰ کے ساتھ قبول ہوتا ہے 60

اس امت کے لوگ تین قسم کے ہوں گے 60

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی دعا 62

رسولؐ خدا کا جنازہ کیسے پڑھا گیا؟ 63

زید بن علی بن حسین علیہ السلام 64

آل محمدؐ کی زبان سے مدد کرنے والے کا اجر 66

دل و زبان سے ائمہ علیہم السلام کی مدد..... 67

بے قصد گفتگو ترک کرنا مستحب ہے 68

**مجلس نمبر 5** 69

بیماری گناہوں سے طہارت کا سبب ہے 69

ابن مسعود کا نبی اکرمؐ سے ابوبکر و عمر کی خلافت.... 70

نبی اکرمؐ کے پاس لوگوں کا شور کرنا...... 72

جن لوگوں کو حوض کوثر سے ہٹایا جائے گا.... 73

قیامت کو بھی رسول اکرمؐ کی دوبارہ زیارت..... 74

حضرت اسماعیلؑ نے حضرت امام حسینؑ کی.... 75

حضرت زینب علیہا السلام بنت علیؑ کی روایت 77

کبھی تھوڑی سی زحمت برداشت کرنے سے.... 80

صادقؑ سے ایک حدیث حاصل کرنے کا اجر 81

بغیر بصیرت کے عمل کرنے والا 82

**مجلس نمبر 6** 83

امام سجاد علیہ السلام کے مواعظ 83


https://downloadshiabooks.com/

ہماری محبت و مودت کو لازم قرار دو 84

مروت کی دو قسمیں ہیں 85

علی ابن ابی طالبؑ سید العرب ہیں 85

حضرت امام مہدی علیہ السلام کے بارے ..... 87

رسولِ خدا کی اس دنیا میں آخری مجلس 88

ابن عباس کا بصرہ والوں سے خطبہ 90

شیخین خلافت پر قابض ہوئے 91

جنابِ سیدہؑ کے گھر پر ان لوگوں کا ہجوم کرنا 92

عمر بن خطاب کی آخری وقت حالت 94

جو خواہش نفس کی اتباع نہ کرے..... 95

اصحاب قیاس کی مذمت 95

اہل دین کی صفات 97

جبرائیلؑ کا نبی اکرمؐ کے پاس آخری وقت میں آنا 98

رزق طلوع آفتاب سے پہلے تقسیم ہوتا ہے 99

**مجلس نمبر 7 101**

مولائے کائنات امیر المومنین کی چار خصوصیتیں 102

علی کا اصحاب جمل کے دن جنگ کی ہدایت دینا 108

ہماری محبت و مودت واجب ہے 111

مستحب ہے کہ انسان پاک رہے.... 112

علی علیہ السلام میرے وزیر و خلیفہ ہوں گے 113

حضرت جابرؓ سے سوال 114

عمر کی خلافت کے بارے میں اصحاب کی رائے 115

رسولؐ کے بھائی کون ہیں؟ 117

حج پر لوگوں کو آمادہ کیا گیا 118

اللہ کی مدد لوگوں کی نیت کے حساب سے ہوگی 119

علم جہالت سے پہلے خلق ہوا ہے 120

رسولِ خدا کے قریب سب سے زیادہ وہ ہے... 120

**مجلس نمبر 8 121**

ثواب کے اعتبار سے سب سے تیز ترین نیکی 121

اپنے گناہ پر رونے والے کے لیے طوبیٰ ہے 122

اپنے بارے میں لوگوں سے دھوکہ نہ کھاؤ 122

امام کی اطاعت ہر چیز کی چابی ہے 123

حضرت عمار یاسرؓ پر ظلم 124

حضرت رسولِ خدا کا علیؑ کو شہادت کی خبر دینا 129

طلحہ اور زبیر نے بیعت کو توڑا 130

رسولِ خدا سے پہلے کس نبی کو جنت میں... 130

انسان غافل پر تعجب ہے 131

دشمن حق جہالت کی موت مرتا ہے 132

اللہ سے محبت کرنے والوں کا مقام 132

**مجلس نمبر 9 134**

چار چیزوں میں جنت کی ضمانت ہے 134

علی علیہ السلام کی ولادت میں نبیؐ کو خطبے کا حکم 135

امام حسن اور حسین علیہم السلام کے بارے میں..... 139

حضرت مالک بن الحارث الاشترؓ کی وفات 141

ائمہ بعض بعض کے لیے دلیل ہیں 146

جنت کے سارے دروازے اس کے لیے... 147

**مجلس نمبر 10 149**

اللہ کے مخلص دوست کی نشانی 149

اولیاء اللہ کون ہیں؟ 150

میرا دین رسولؐ کا دین ہے 152

وہ چیز جو اللہ نے سب سے زیادہ انسان پر..... 152

میں علی اور شیعیان علی کے لیے مغفرت..... 153

حضرت علی علیہ السلام سب سے افضل ہیں 154

ابوبکر کے والد ابو قحافہ کا خلافت کے بارے..... 155

حضرت خضر علیہ السلام کی دعا 156

**مجلس نمبر 11 158**

حضرت علی علیہ السلام کا مواعظ 158

حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام کی مناجات 159

حضرت علی علیہ السلام کے لیے ردِ آفتاب ہونا 160

حضرت فاطمہ علیہا السلام کی رضایت سے..... 161


https://downloadshiabooks.com/

| | |
|---|---|
| بُرا دن جس سے زیادہ کوئی نہ ہو | 162 |
| حق وہ ہے جو ہم اہل بیتؑ سے لیا جائے | 162 |
| شداد بن اوس کا دربار معاویہ میں خطبہ | 163 |
| تین خصال جنہیں عقوبت دنیا میں مل جاتی ہے | 167 |
| **مجلس نمبر 12** | **168** |
| اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے افضل عمل..... | 168 |
| اپنے دین کی حفاظت تقیہ کے ذریعے کرو | 169 |
| اہل بصرہ جب مسلمان ہیں تو ان سے جنگ کیوں؟ | 170 |
| نسل نبی اکرمؐ میں حضرت علیؑ کے ساتھ کون..... | 172 |
| حضرت شمعون علیہ السلام کا امیر المومنینؑ کو جنگ | 173 |
| صدیق اکبر علی علیہ السلام ہیں | 176 |
| رومہ بن عجاج اور ذوالرمہ کے درمیان مناظرہ | 177 |
| ائمہ ہی عروۃ الوثقیٰ ہیں | 181 |
| جب تک خود اپنے لیے واعظ نہیں ہو گے..... | 182 |
| **مجلس نمبر 13** | **183** |
| تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں | 183 |
| رمضان المبارک کی عظمت | 184 |
| بُرے لوگوں کی محفل سے بچو | 184 |
| اللہ چاہے جو علیؑ چاہے | 186 |
| علیؑ کی اطاعت رسولِ خدا کی اطاعت ہے | 187 |
| سب روحوں سے پہلے روحِ علیؑ نے مجھے سلام کیا | 188 |
| شوریٰ اور مقداد بن اسود کندی رحمۃ اللہ علیہ | 188 |
| اہل بیتؑ کی دوستی کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں ہوگا | 190 |
| زید بن علی بن حسین علیہم السلام کی روایت | 191 |
| بادشاہوں کی حالت | 192 |
| **مجلس نمبر 14** | **194** |
| واجب کے بعد دعا مستجاب ہوتی ہے | 194 |
| ایک شخص کا قنبرؓ کو گالیاں دینا | 195 |
| جناب علی علیہ السلام کا بازار بصرہ میں وعظ کرنا | 195 |
| علی علیہ السلام پر لعنت کرے گا وہ جہنم میں جائے گا | 198 |
| حضرت عثمان کا حضرت ابوذر کو جلا وطن کرنا | 200 |
| لوگ اپنے آپ کو ہدایت قرار دیتے ہیں..... | 202 |
| **مجلس نمبر 15** | **205** |
| مجھے امیری نہیں چاہیے | 205 |
| نبیؐ کے چار محبوب ہیں | 206 |
| حضرت عائشہ اور حضرت عثمان کا اختلاف | 207 |
| جو آلِ محمدؐ کی عداوت و بغض میں مرے گا..... | 208 |
| امیر المومنینؑ کا بصرہ سے واپسی پر کوفہ میں خطبہ | 210 |
| جناب سیدہ علیہا السلام کا محشر میں آنا | 214 |
| اے شیعو! تم درختوں کی مانند ہو | 216 |
| مالک بن دینار کے اشعار | 217 |
| **مجلس نمبر 16** | **219** |
| دنیا میں پرہیز کرنے والوں کے لیے طوبیٰ ہے | 219 |
| امیر المومنینؑ نے حلوہ کھانے سے انکار فرمایا | 221 |
| نبی اکرمؐ کا آخری خطبہ | 222 |
| حضرت سلمان فارسیؓ اور کوفہ کا ایک نوجوان | 224 |
| نماز کے حقوق کی رعایت کے فوائد | 225 |
| رنگین مزاج بندہ | 226 |
| احمق سے نیکی کرنے کے بارے میں | 226 |
| **مجلس نمبر 17** | **228** |
| خوف اور امید کا ایک دل میں جمع ہونا | 228 |
| مولا علی علیہ السلام رسولؐ کے اسرار کے عالم تھے | 229 |
| لوگوں نے ولایت کو ترک کر دیا ہے | 230 |
| بندے کے نیک اعمال ہماری محبت کے بغیر..... | 231 |
| حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام کی دعا | 232 |
| ایک مرد کی اہل بیتؑ سے | 232 |
| فقراء امیروں سے ۴۰ سال پہلے جنت میں..... | 234 |
| مومنین کے عیب تلاش کرنے والا رسوا ہوگا | 234 |
| تمام انبیاءؑ بھی ہماری ولایت کے ساتھ مبعوث..... | 235 |
| عبدالملک بن مروان کے اشعار | 236 |


https://downloadshiabooks.com/

مجلس نمبر 18 238
خوف خدا میں رونے والی آنکھ 238
علامات امام زمانہ کے ظہور کی 239
علی کے بارے میں شک کرنے والے کا حشر 240
میں سردار ہوں 240
وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ سے مراد میں ہوں 241
امیر المومنین کا اپنے اصحاب کو خطبہ دینا 242
پرہیزگاری اور زہد جنت کا باعث ہے 247
تمام مومنین بھائی ہیں 248
مجلس نمبر 19 249
ایمان کا مضبوط ترین ستون 249
جو جس سے محبت کرے گا وہ اس کے ساتھ ہوگا 249
میں قرآن کی ہر آیت کے بارے میں جانتا ہوں 251
میسر رحمۃ اللہ علیہ کا امام صادق سے سوال 252
امیر المومنین علیہ السلام کا خطبہ 253
جنگ جمل سے پہلے آپ کا لوگوں سے خطبہ 254
ابلیس کا جناب موسیٰ بن عمران علیہ السلام ...... 260
نیک اعمال کو زیادہ قرار نہ دو 262
اللہ جب احسان کرتا ہے تو علم دین عطا کرتا ہے 262
مجلس نمبر 20 264
اللہ کی حدود سے تجاوز نہ کرو 264
اس دنیا میں زہد اختیار کرو 265
سعید حقیقی کون ہے؟ 267
حضرت ابوذرؓ کی جلاوطنی کے دوران تبلیغ 268
احسان کے بدلے میں برائی کرنا 274
مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کی دعا 274
مجلس نمبر 21 276
ایمان کا وزنی ہونا 276
نحش کا حساب ہوگا 278
نبی اکرمؐ سے ان کے وصی کے بارے میں سوال 278
جو دشمن آل محمدؐ ہے وہ گدھا ہے 280
جناب مقدادؓ اور عبدالرحمن کے درمیان مکالمہ 281
معاویہ اور جاریہ بن قدامہ سعدی کے درمیان ...... 283
غیبت کا کفارہ 284
مجلس نمبر 22 285
رزق حلال طریقے سے حاصل کرو 285
تین بندوں کی نماز قبول نہیں ہوگی 285
معراج کی رات محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آواز 286
اے علی! آپ دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہیں 287
آل محمدؐ کے غم میں رونے کا ثواب 289
لوگوں کا معاویہ کی طرف فرار کرکے جانا 289
مومن کی تذلیل کرنے سے بچو 292
مومن کا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقام و عزت 292
نماز فجر کے بعد کی دعائے امام علیہ السلام 295
مجلس نمبر 23 297
طالب علم سے گفتگو 297
جو آپ پر ظلم کرے اس کو معاف کرو 300
نیکی کم ہو اس کو کم شمار نہ کرو 300
لوگوں سے انصاف کرو 301
ابونعمان کو نصیحت 302
مغبون کون ہے؟ 303
ویل ہے اس قوم کے لیے 304
خدا کی نافرمانی سے بچو 305
جو واجبات پورا کرے وہی لوگوں سے بہتر ہے 305
منافق کے ساتھ زبانی تعلق رکھو 306
جو زمانے کی مصیبت پر صبر نہ کرے گا ...... 306
نماز مسجد میں ادا کرنا اپنے لیے لازم قرار دو 307
تین چیزوں میں خیانت نہ کرنا 308
افضل ترین ہدایت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہے 309
تورات میں چار چیزیں 310
پانچ وقت کی نمازوں کی مثل نہر کی ہے 311


https://downloadshiabooks.com/

ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تین چیزیں پسند تھیں 312

فسق و جھوٹ گھروں کو نسل سمیت جلا دیتا ہے 313

نیک سنت قائم کرنے والے کو عامل کے برابر اجر 314

راہ خدا سے والدین کی خدمت بہتر ہے 314

شراب نوشی اور بت پرستی سے اللہ نے روکا ہے 315

انبیائے کرام مکارم اخلاق کے ساتھ خاص ہیں 316

تین سخت ترین اعمال ہیں 317

تقویٰ کے ساتھ عمل قلیل نہیں ہوتا 318

زیادہ مصائب رسول خدا پر وارد ہوئے ہیں 318

نیک عمل جنت میں بستر لگائے گا 319

مومن خائف اور امیدوار دونوں ہو 320

فرمان خدا کی تفسیر 320

رسول خدا کو پریشان نہ کرو 321

اصحاب رسول خدا کی حالت 322

کوفے کے تاجروں کو مولا کی وعظ 323

امیر المومنین کا کوفے والوں کو وعظ کرنا 324

علی بن حسین کی وعظ پر مشتمل تقریر 325

میں ابن زبیر کے فتنے سے خوفزدہ ہوں 332

قول خدا کی تفسیر 333

ایک نیکی بھی ہمیشہ کے عذاب سے محفوظ.... 334

کوئی ایک روزہ بھی ہمیشہ کے لیے عذاب سے.... 335

یقین بہتر ہے 335

موت کو قریب سمجھو 336

علاج نفس 337

میں تم سے دو چیزوں کے بارے میں ڈرتا ہوں 338

دل کو شریف بناؤ 338

عیسیٰ علیہ السلام کا اپنے اصحاب کو وعظ کرنا 339

شہرت سے بچو 341

دو گروہوں کا ملنا 341

موسیٰ بن عمران علیہ السلام کی مناجات 342

اسلحہ نہ بیچو 343

**مجلس نمبر 24** 344

سب سے افضل کلام اللہ کی کتاب ہے 344

تم میرے بعد کمزور ہو جاؤ گے 345

ایک فرقہ نجات حاصل کرنے والا ہے 346

اگر آپ نہ ہوتے تو میرے بعد مومنین کی.... 347

وہ مجنون ہیں 348

جس کا اندرون قوی ہوگا تو ظاہر خود بخود قوی.... 349

**مجلس نمبر 25** 350

حضرت ابوذر غفاری کا لوگوں کو وعظ کرنا 350

ہمارے نبی مصطفیٰ ہیں 352

مومن کے قتل پر راضی ہونے والے جہنمی ہیں 352

ہم ارکان دین اور اسلام کے ستون ہیں 353

حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ 354

اہل دوزخ بھی محمد و آل محمد کو واسطہ دے کر.... 356

ایک مسخرہ اور امام علی بن حسین علیہ السلام 357

حضرت علی علیہ السلام کی آخری وصیت 358

**مجلس نمبر 26** 360

نبی اکرم نے آخری حج کے بعد فرمایا.... 360

لوگ منافقت کرتے ہیں 364

مکارم اخلاق دس ہیں 367

چھ میں سے کوئی ایک بھی انسان میں ہو.... 370

حجۃ البالغہ کیا ہے؟ 371

حضرت سلمان فارسی کی صبح و شام کی دعا 372

**مجلس نمبر 27** 374

بیماری اور فقر سے نجات حاصل کرنے کے لیے دعا 374

ماہ رمضان کی فضیلت 375

امیر المومنین علیہ السلام سے محبت کرنے.... 376

ہم اہل بیت رحمت خدا ہیں 381

اصحاب اور علی علیہ السلام کے علم کا توازن 383

اے عیسیٰ اپنی آنکھوں کے آنسو مجھے دو 385


https://downloadshiabooks.com/

**مجلس نمبر 28** — 389

تین گناہوں کا عذاب جلدی ملتا ہے — 389

نجاشی بادشاہ کا جناب جعفرؓ وبدر کے بارے ...... — 390

حضرت امام سجاد علیہ السلام کی دعا — 392

حاجت طلب کرنے والا اعرابی کے لیے ... — 404

میں درخت ہوں اور فاطمہؑ اس کی شاخ ہے — 405

**مجلس نمبر 29** — 406

سورہ کوثر و ان کی وجہ نزول — 406

لوگوں کی تین قسمیں ہیں — 408

دین کا اختتام ہمارے ساتھ ہوگا — 412

مازنی کے لیے اشعار — 412

**مجلس نمبر 30** — 414

اللہ کی خاطر محبت کرنے والوں کے لیے طوبیٰ ہے — 414

دشمن آل محمدؐ دوزخ میں ہوگا — 414

بعض ہاشمیوں اور امام رضاؑ کے درمیان گفتگو — 415

حضرت امام رضاؑ کا توحید خدا کا بیان — 416

**مجلس نمبر 31** — 423

نیکی میری طرف سے ہدایت ہے — 423

فاطمہ علیہا السلام میرا ٹکڑا ہے — 424

امیر المومنینؑ کا محمد بن ابی بکر اور اہل مصر کی ...... — 424

اپنی ناک کی حفاظت کرو — 441

**مجلس نمبر 32** — 443

تم سب اللہ تعالیٰ کے دین پر ہو — 443

زوجہ نبی اکرمؐ نے آپ سے سوال کیا — 443

قیامت کے دن صرف چار سوار ہوں گے — 446

امام علی بن رضا علیہ السلام کی دعا — 448

دو چیزیں منافق میں جمع نہیں ہو سکتیں — 450

**مجلس نمبر 33** — 451

قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا ہوگا — 451

ایمان دو چیزیں ہیں — 452

ایمان، اسلام اور ان کے ارکان کیا ہیں؟ — 453

بغاوت پر بہت جلدی عذاب ملتا ہے — 456

علی علیہ السلام کے لیے رسول خداؐ کی دعا — 457

عبدالملک بن مروان کا خطبہ اور ایک مرد — 458

جناب سیدہؑ کو رات کے وقت دفن کیا گیا — 461

دنیا تیرا بھائی ہے — 465

**مجلس نمبر 34** — 466

جو عمل قبول ہو جائے وہ قلیل نہیں ہوتا — 466

رزق موت کی طرح تم کو ضرور ملے گا — 466

اللہ کا زمین پر خلیفہ کہاں ہے؟ — 467

حضرت ابن عباسؓ کا بصرہ والوں کے لیے خطبہ — 469

علی علیہ السلام نے ہمیشہ سنت نبیؐ کے تحت تصرف دیا — 470

ماں کی ناراضگی کا اثر — 471

اے علیؑ! آپ میرے بعد فتنوں کے مقابلے — 473

قیامت کے دن اللہ تمام مخلوق کو ایک میدان — 476

سب سے بہتر علیؑ ہیں — 478

**مجلس نمبر 35** — 480

اللہ کے لیے حجت بالغہ ہے — 480

حضرت لقمانؑ کا اپنے بیٹے کو وصیت کرنا — 481

میرا اور علیؑ کا ہاتھ عدالت میں مساوی ہے — 481

علی علیہ السلام سے محبت کرو — 482

کوثر کیا ہے؟ — 483

بنی طے کی جماعت کا خطبہ — 484

اسابقون سے مراد کون لوگ ہیں؟ — 490

علیؑ کے شیعہ کی برائیاں نیکیوں میں تبدیل ...... — 492

چار چیزیں جس میں ہوں گی اس کا ایمان کامل ہے — 493

مولیٰ کون؟ — 496

**مجلس نمبر 36** — 497

حقوق وضائع مت کرو — 497

شیطان جھگڑا جو تا ہے — 498


https://downloadshiabooks.com/

| | |
|---|---|
| مصیبت کی ابتدا ہم سے ہوتی ہے | 498 |
| نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ | 504 |
| معاویہ کا بسر بن ارطاۃ کو روانہ کرنا | 508 |
| علی علیہ السلام سے محبت فقط مومن رکھے گا | 509 |
| ہم اللہ کی مخلوق میں سب سے بہتر و افضل ہیں | 509 |
| جو اللہ کی نشانی کا انکار کرے وہ بے دین ہے | 510 |
| **مجلس نمبر 37** | **512** |
| موت کا انتظار کرنے والا دنیا کو چھوڑ دیتا ہے | 512 |
| مومن نماز کو ہمیشہ ادا کرے گا | 513 |
| جب زکوۃ کو روک دیا تو مویشی مرنا شروع | 513 |
| لوگوں کو ان کے نام سے پکارا جائے گا | 514 |
| امام محمد باقر علیہ السلام کی دعا | 515 |
| واقعہ فیل اور ابرہہ بادشاہ | 521 |
| چار چیزیں دل کو فاسد کر دیتی ہیں | 522 |
| غریم و مقروض کو مہلت دو | 523 |
| جو اپنے بھائی سے وفا کرے | 525 |
| **مجلس نمبر 38** | **525** |
| جو چیز تم پر سب سے زیادہ واجب ہے | 525 |
| سب سے زیادہ بخیل کون ہے؟ | 526 |
| رسول خدا کا علی علیہ السلام کے حق میں دعا کرنا | 526 |
| اے اہل بیت انتظار کرو | 527 |
| جناب [illegible] بنت عقیل بن ابی طالب کے اشعار | 527 |
| رسول خدا امام حسین علیہ السلام میں | 529 |
| شام غریباں کو حضرت تمیمی کے اشعار | 530 |
| جناب زینب بنت علی علیہ السلام کا خطبہ | 532 |
| سب سے پہلے شعر جو امام حسین علیہ السلام | 536 |
| دعبل کا امام حسین علیہ السلام کی شان میں قصیدہ | 538 |
| میرا عشق دنیا اور آخرت میں قائم ہے | 544 |
| اے جہنم یہ تیرا ہے اور یہ میرا ہے | 545 |
| بھائیوں کی ملاقات | 546 |
| **مجلس نمبر 39** | **548** |

| | |
|---|---|
| دنیا کے تمام لوگوں سے ناامیدی ظاہر کرو | 548 |
| عبداللہ بن عباس کی اپنے بیٹے کو وصیت | 549 |
| جنت کی نشانیاں آل محمد میں سے آتی ہیں | 552 |
| ہر ولی ہمارے محب سے محبت کرتا ہے تو وہ ... | 554 |
| بنی تمیم کے ایک مرد کی بیان کردہ روایت | 555 |
| امام اور نبی کا اعطاء میں ہاتھ برابر ہوتا ہے | 557 |
| کریم وراثت علم ہے | 559 |
| **مجلس نمبر 40** | **560** |
| ابن آدم تجھ سے سوال کیے جائیں گے ان ... | 560 |
| اپنے بھائی کی عزت کی حفاظت کرو | 561 |
| ہمارے راز کو پوشیدہ رکھنا راہ خدا میں جہاد ہے | 561 |
| قیامت کے دن جس سے تم محبت کرو گے ... | 562 |
| ایسے غنی کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے | 563 |
| امام حسین کے غم میں رونے کی فضیلت | 564 |
| عکاظ بازار میں قیس بن ساعدہ کا اعلان | 565 |
| مسعود کی بیماری | 570 |
| **مجلس نمبر 41** | **572** |
| خواہشات کی اتباع حق سے دور کر دیتی ہے | 572 |
| نبی اکرم کا خطبہ | 573 |
| محمد بن حنفیہ کا خطبہ | 576 |
| امام حسن کا ظاہری حکومت کے بعد پہلا خطبہ | 578 |
| **مجلس نمبر 42** | **582** |
| اللہ کے فرائض کو پورا کرو تاکہ تم متقی بن سکو | 582 |
| رسول خدا پر گریہ | 583 |
| امیرالمومنین کی شہادت پر لوگوں کا گریہ کرنا | 584 |
| اسلام کے ارکان پانچ ہیں | 587 |
| قیامت کے دن چار چیزوں کے بارے میں | 588 |
| حضرت سلمان فارسی نے فرمایا | 589 |
| چار چیزیں ان کے بغیر ایمان کامل نہیں ہوتا | 591 |


https://downloadshiabooks.com/

# امالی شیخ مفید اور نشر اخبارِ معصوم علیہم السلام

امالی لغتِ عرب کا لفظ ہے جو اُردو زبان و ادب میں شاذ و نادر ہی مستعمل ہے اور نہ ہی اُردو میں اس کا نعم البدل موجود ہے۔ ہاں البتہ انگریزی زبان کا ایک لفظ جو اب اُردو لغت کا بھی حصہ بن چکا ہے امالی کا ہم معنی ہے اور وہ ہے نوٹس (Notes)۔ بزرگ علمائے اعلام کا وطیرہ تھا کہ اپنی تالیفات و تصنیفات کی اساس کے طور پر اور اپنی یادداشتوں کو محفوظ رکھنے کے لیے گاہے گاہے نوٹس بناتے رہا کرتے تھے جن پر بعد ازاں ان پر اپنی تحریروں کی بنیاد رکھتے اور ان سے بھرپور فائدہ اٹھاتے۔ یہ نوٹس معلومات کا خزینہ ہوا کرتے تھے۔

امالی شیخ صدوقؒ کے بعد امالی شیخ مفیدؒ اور امالی شیخ طوسیؒ خصوصی اہمیت کی حامل ہیں۔ شیخ مفید عالمِ تشیع کے عالمِ بے بدل تھے اور شیخ صدوقؒ کے تلامذہ میں سے تھے۔ چنانچہ انہوں نے اپنے استادِ محترم کے اندازِ نظر ہی کو اپنایا۔ البتہ امالی شیخ مفید اور امالی شیخ صدوقؒ میں ایک بنیادی فرق ہے۔ امالی شیخ صدوقؒ مجالس کے ذیلی موضوعات پر مبنی ہے جس میں شیخ صدوقؒ نے فرموداتِ معصومینؑ کے علاوہ دیگر علمی و عملی نکات کو بھی محفوظ کیا گیا ہے جبکہ امالی شیخ مفید محض احادیث (اخبار) پر مبنی ہے۔ ہر باب مجلس سے شروع ہوتا ہے۔ ہر مجلس میں حدیثِ رسول مقبولؐ اور اقوالِ معصومین علیہم السلام مندرج ہیں۔ علامہ کا اسلوبِ مجلس آج کے قاری کو دعوت دیتا ہے کہ ہمارے بزرگ علماء اسلام کا مجلسِ عزا پڑھنے کا انداز و روش کیا تھا۔ سلفِ صالحین کا مقصد و ہدف اصلاحِ معاشرہ اور تطہیرِ نفس کی طرف دعوت دینا مقصود و مطلوب تھا کہ لوگ آلِ اطہارؑ کے کردار و سیرت کو دیکھ کر اپنا تزکیۂ نفس کریں۔

https://downloadshiabooks.com/

امالی شیخ صدوق کے بعد اس معتبر اور مستند امالی کی اشاعت کا بیڑا اُٹھانا حجۃ الاسلام والمسلمین آقائے مکرم ریاض حسین جعفری فارغ التحصیل اسکالرقم یونیورسٹی اور ناشر علوم آلِ محمدؐ کا ایک عظیم کارنامہ ہے۔ عربی زبان سے اس کتاب کو اُردو زبان میں منتقل کروایا گیا۔ اس کے مترجم حجۃ الاسلام سید منیر حسین رضوی صاحب نے خوب محنت کی ہے' جبکہ اُن کی اس کاوش کو چار چاند لگانے کا کام علامہ ریاض حسین جعفری صاحب نے کیا۔ مجھے کتاب ہذا کی ادبی و معنوی تصحیح کے لیے مقرر فرمایا گیا ہے۔

دورانِ مطالعہ کتاب کے مشتملات نے بہت متاثر کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کتاب عملی تشیع کے ایک چارٹر کی حیثیت رکھتی ہے اور تمام مومنین کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ کتاب اپنے ہر قاری کو متاثر کرے گی اور نہ صرف یہ بلکہ اُس کی زندگی کو بدل کر رکھ دے گی۔ مومنین کو اپنے مقام و منزلت' اپنے حقوق و فرائض' اپنے عقائد و اعمال کی کامل تفہیم ہو سکے گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری اس بحث و تمحیص سے زیادہ اہم بلکہ اہم ترین وہ معلومات اور تعلیمات ہیں جو امالی میں محفوظ ہیں۔ موقع محل کی مناسبت سے ایک روایت علم کے بارے میں ملاحظہ کیجیے کہ حصولِ علم اور نشرِ علم کی کیا حقیقت اور منزلت ہے۔

حضرت امام صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا: "یا رسول اللہ! علم کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: علم انصاف اور میانہ روی ہے۔ اس نے پھر عرض کیا: اس کے بعد کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: علم کو یاد کرنا۔ اس نے پھر عرض کیا: اس کے بعد کیا ہے؟ آپؐ نے پھر فرمایا: اس علم کو نشر کرنا"۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: علما سے مراد وہ لوگ ہیں جن کا قول ان کے عمل کے مطابق ہو اور جن کا قول ان کے عمل کے مطابق نہیں ہے وہ عالم نہیں ہیں۔

https://downloadshiabooks.com/

چونکہ امالی کی اشاعت ایک علمی خدمت ہے۔ چنانچہ ہم نے علم کی حقیقت اور حقیقی علماء کی بات کی۔ اس کے بعد اس علم کے متحمل شیعیانِ حیدر کرار کے بارے میں ایک روایت کا مفہوم عرض ہے۔ صادقین علیہما السلام کا فرمان ہے کہ "شیعہ تین طرح کے ہیں: ایک وہ جو ہم پر (محض) فخر کرنے کے لیے شیعہ کہلاتے ہیں۔ دوسرے وہ جو شیعیت کو اپنا ذریعہ روزگار بنائے ہوئے ہیں۔ تیسرے وہ جو ہم میں سے ہیں اور ہم اُن میں سے ہیں"۔

اس فرمان کی روشنی میں دورِ حاضر کے سادات و مومنین اور خطباء و ذاکرین نیز دوسرے اہلِ ایمان اپنا احتساب کریں ورنہ برائے نام شیعہ ہونے کا کچھ فائدہ نہیں۔ اس تلخ حقیقت کے بیان کے بعد اپنی روش کے مطابق دل چاہ رہا ہے کہ اس عظیم کتاب اخبار سے ماخوذ چند معلوماتی نکات پیش کیے جائیں جو دل میں اُترتے چلے جاتے ہیں اور جن کو جان کر کوئی بدقسمت اور شقی القلب ہی حقیقی مومن بننے کی کوشش نہیں کرتا ورنہ ہر باشعور مومن اپنی زندگی کو بدل سکتا ہے۔

اللہ ہم سب کو اہلِ لذت کے بجائے اہلِ علم بننے کی توفیق عطا فرمائے۔

طالبِ دُعا!

پروفیسر مظہر عباس چودھری

○○○

https://downloadshiabooks.com/

# عرضِ مترجم

تمام حمد ہے اس خالق بے مثل و بے مثال کی جو وحدہٗ لاشریک ہے' اور اس نے بے مثل و بے مثال ہوتے ہوئے ایسی چودہ ہستیاں خلق فرمائیں جو اپنی مثال آپ ہیں۔ آدمؑ سے لے کر عیسیٰؑ تک کوئی نبی اس جیسا نہیں اور آدم سے قیامت تک کوئی خاتون ان میں شامل خاتون کی مثل نہیں۔ ان میں شامل آئمہ اور اوصیاء جیسا کوئی امامؑ وصی اور ولی نہیں ہے۔ یہ ہستیاں خالق کی تخلیق کا شہ کار ہیں۔ اتنی عظیم ہستیاں خلق کرنے کے بعد ان کو اپنی معرفت کا وسیلہ قرار دیا ہے۔ گویا اگر خالق کی معرفت ان کے ذریعے سے حاصل ہوئی تو وہ برحق ہوگی۔ وگرنہ معرفتِ توحید ممکن نہیں ہے۔ گویا ان کو دیکھ کر خالق کی معرفت حاصل کرو۔ ان کا علم دیکھو تو جب تم کو ان کے علم کا کمال نظر آئے تو پھر تمھیں معلوم ہوگا جس نے ان کو علم عطا کیا ہے کہ جس کی کوئی حد ہمیں نظر نہیں آتی تو وہ خود کتنا بڑا عالم ہے۔ یعنی ان کے اوصاف کو دیکھو اور اس کی معرفت حاصل کرو کہ وہ کتنا بڑا خالق ہے' جس نے ان عظیم ہستیوں کو خلق فرمایا ہے اور پھر ان کو اس منزل پر فائز کیا ہے کہ یہ ماتشاؤن الا ان یشاء اللّٰہ کے مصداق بن گئے ہیں یعنی یہ وہی چاہتے ہیں جو کچھ وہ چاہتا ہے اور کبھی میں نے یہ بھی دیکھا ہے کہ پہلے یہ چاہتے ہیں پھر وہ بھی چاہتا ہے۔ جیسا کہ جناب سیدہؑ نے بچوں سے فرمایا تھا کہ آپ کے کپڑے درزی کے پاس ہیں۔ تو ان کی چاہت کو اس نے اپنی چاہت قرار دے کر پایۂ تکمیل تک پہنچایا اور ان کو اس عظیم کردار کا مالک بنایا کہ ان کی اطاعت کو اس نے اپنی اطاعت قرار دے کر فرمایا:

https://downloadshiabooks.com/

من یطاع الرسول فقد اطاع اللہ اور ایسے ہی ان کی نافرمانی کو اپنی نافرمانی قرار دیا۔ سب کے سب اجسام میں الگ الگ ہیں لیکن کردار و سیرت سب کی ایک ہے۔ کردار و سیرت کے اتحاد کو دیکھ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اولنا محمد و آخرنا محمد وکلنا محمد کہ ہم کردار میں سیرت میں ہم سب ایک ہیں۔ ان کے نہ اوصاف میں فرق نہ سیرت و کردار میں فرق ہاں منصب وغیرہ میں فرق تھا۔ ان میں ایک نبی ہے تو باقی نبی کے اوصیاء و خلیفہ ہیں۔ چونکہ اس نبی اکرمؐ کے بعد نبوت ختم ہو چکی تھی اور کوئی نبی آ نہیں سکتا تھا ورنہ ان کے کردار و اوصاف میں کوئی کمی نہیں تھی اور ان کو خالق یہ منصب عطا فرماتا کہ اگر کوئی نبی ان کی ولایت کے بغیر مبعوث نہیں ہوا۔

تفسیر برہان میں یہ روایت موجود ہے کہ سارے نبیوں نے ان کی ولایت کو قبول کرتے ہوئے جو کلمہ پڑھا (لا الہ الا اللہ محمد رسول وعلی ولی اللہ) تو گویا سارے نبی میرے نبی کے امتی ہیں اور ہمارا نبی سب کا سردار نبی ہے۔ اس نبی کا حکم سارے نبیوں پر واجب الاتباع ہے اور میرا نبی سب نبیوں پر گواہ ہے۔ گویا سب انسانیت پر ان کی نبوت و ولایت اور وصایت نافذ ہے۔ اور کوئی ان کی ولایت سے خارج نہیں ہے۔ ان کی ولایت اللہ کی ولایت ہے۔ فرق اتنا ہے اللہ کی ولایت ذاتی ہے اور ان کی ولایت اللہ کی عطا کردہ ہے ورنہ وہ ہی رب العالمین ہے اور یہ رحمۃ للعالمینؐ ہیں۔ مثل خدا کی ان کی نافرمانی جہنم کو واجب قرار دیتی ہے اور ان کی اطاعت جنت کو واجب قرار دیتی ہے اور ان کی اطاعت کرنا اور ان کی نافرمانی سے بچنا اس وقت ممکن ہے جب ہمیں ان کے فرمان کا علم ہو اور ہم ان کے فرمان کو سمجھ سکیں کیونکہ یہ عرب میں تھے اور ان کے سارے فرامین عربی زبان میں تھے اور ہمارے معاشرے کے ہر فرد کے لیے عربی کو سمجھنا ممکن نہیں تھا۔ اس لیے میں نے اللہ تعالیٰ کی توفیق اور ان کی مدد سے ان کے فرامین کو اردو زبان میں پیش کرنے کی کوشش کی۔ اس سے پہلے میں امالی شیخ صدوق رحمۃ اللہ علیہ کو

https://downloadshiabooks.com/

قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کا شرف حاصل کر چکا ہوں اور پھر مشکوٰۃ الانوار بھی پیش کی ہے اور اب امالی شیخ مفید رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے قارئین محترم کی خدمت میں پیش کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔ اس میں بھی میری پوری کوشش رہی ہے کہ آسان اور سلیس انداز میں مطلب کو پیش کروں اور اگر کوئی کوتاہی ہوگئی ہو تو قارئین سے گزارش ہے یا تو وہ متوجہ کریں یا پھر صرفِ نظر کریں۔ بہتر ہے کہ متوجہ کریں تا کہ دوسرے ایڈیشن میں اس کوتاہی کو دور کیا جا سکے۔

اس کوشش میں میرا حوصلہ ادارہ کے سربراہ علامہ قبلہ ریاض حسین جعفری فاضل قم نے بڑھایا ہے اور ان کی کاوش اور زحمت کی وجہ سے میرے اندر اتنی ہمت ہوئی ہے کہ میں تیسری کتاب آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ میری دعا ہے کہ موصوف کی توفیقات میں اللہ تعالیٰ بحق محمدؐ و آلِ محمدؑ بہت زیادہ اضافہ فرمائے اور ان کو ترویج دین میں اور ہمت عطا فرمائے۔

قارئین محترم! میں نے پوری امانت داری سے ترجمہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں فقط ترجمہ کرنے والا ہوں' اس کتاب کی ہر حدیث و روایت کا معتقد ہونا ضروری نہیں ہے۔ لہٰذا اگر کسی حدیث یا روایت میں قارئین اختلاف کریں تو اس کا مترجم پر الزام نہ لگائیں کیونکہ میرا کام فقط ترجمہ کرنا ہے۔ ویسے میں کوشش کرتا ہوں کہ اگر کوئی روایت ہمارے شیعہ نظریات کے خلاف ہے تو اس کی وضاحت کرنے کی کوشش کی ہے۔ میری دعا ہے کہ خداوند کریم اپنے کرم و لطف کے ذریعے اس کتاب کو میری اور میرے والدین کی بخشش کا ذریعہ قرار دے اور قارئین کے لیے بھی اس کو مفید قرار دے اور ناشر علامہ جعفری صاحب کے لیے بھی خداوند کریم اس کو بخشش کا وسیلہ قرار دے اور ہم سب کو خداوند کریم محمدؐ و آلِ محمدؑ کی قیامت کے دن شفاعت نصیب فرمائے۔

میری دعا ہے کہ خداوند کریم مجھے اور توفیق عطا فرمائے تا کہ میں محمدؐ و آلِ محمدؑ کے

https://downloadshiabooks.com/

فرامین کو اپنے قارئین کی خدمت میں پیش کر سکوں۔ میں نے اس (کتاب) میں ہر حدیث کا سلسلہ سند کو حذف کر دیا ہے سوائے اوّل راوی کے۔ اور یہ اس لیے کیا گیا ہے تا کہ کتاب کا حجم زیادہ نہ ہو تا کہ قارئین پر بوجھ نہ بنے اور خود ادارے کے لیے زیادہ حجم والی کتاب کی اشاعت بوجھ بن جاتی ہے۔

طالبِ دُعا

سید منیر حسین رضوی

مدرس جامعۃ المصطفیٰ لاہور

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 1

[بروز ہفتہ یکم رمضان المبارک سال ۴۰۴ ہجری قمری]

الحمدللّٰہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم ، والصلاۃ والسلام علی السید الکریم، محمد بن عبداللّٰہ خاتم النبیین وآلہ الصراط المستقیم، الأئمۃ المعصومین صلوات اللّٰہ علیہم اجمعین!

## فرشتۂ عمل بندہ پر موکل ہوتا ہے

مجلس یوم السبت مستہل شہر رمضان سنۃ اربع وار بعمائۃ بمدینۃ السلام فی الزیارین فی درب رباح منزل ضمرۃ أبی الحسن علی بن محمد بن عبدالرحمٰن الفارسی أدام اللّٰہ عزۂ باملائہ من کتبہ ﴿حدثنا﴾ الشیخ الأجل المفید ابو عبداللّٰہ محمد بن محمد بن النعمان أدام اللّٰہ حراستۂ وتوفیقۂ فی ھذا الیوم ﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الولید، عن أبیہ محمد ابن الحسن، عن محمد بن الحسن الصفار،عن احمد بن محمد بن عیسٰی، عن محمد بن خالد عن ابن حماد، عن ابی جمیلۃ، عن جابر بن یزید، عن أبی جعفر محمد الباقر علیہ السلام، عن أبیہ قال ان الملک الموکل بالعبد یکتب فی صحیفۃ اعمالہ فاملوا فی أولھا خیراً وفی آخرھا خیراً یغفر لکم ما بین ذٰلک (روی ھذا الحدیث السید علی بن طاؤس فی کتاب محاسبۃ النفس نقلاً عن ھذا الکتاب، ورواہ أیضاً فی الفصل الثانی والعشرین من کتاب فلاح السائل)

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اپنے والد محترم سے نقل فرمایا ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے ہر بندے پر ایک فرشتہ موکل فرمایا ہے جو اُس کے اعمال کو نامۂ اعمال کے صحیفہ میں تحریر کرتا ہے۔ تم اُس کے ابتداء اور آخر میں نیکی تحریر کرو تو درمیانی عرصے کو خدا معاف کر دے گا''۔

## اہلِ بیتؑ میں شک کرنے والے کا عمل قبول نہیں ہوگا

﴿قال أخبرنی﴾ أبو الحسن علی بن محمد بن زبیر الکوفی اجازة ﴿قال حدثنا﴾ أبوالحسن علی بن الحسن بن فضال ﴿قال حدثنا﴾ علی بن أسباط عن محمد بن یحییٰ أخی مغلس عن العلاء بن رزین عن محمد بن مسلم عن احدهما علیهما السلام قال قالت له انا نری الرجل من المخالفین علیکم له عبادة واجتهاد وخشوع فهل ینفعه ذٰلك شیئًا ، قال یامحمد ان مثلنا أهل البیت مثل أهل بیت کانوا فی بنی اسرائیل وکان لا یجتهد أحد منهم أربعین لیلة الادعا فأجیب وان رجلاً منهم اجتهد أربعین لیلة ثم دعا فلم یستجب له فأتی عیسٰی بن مریم علیه السلام یشکو الیه ما هو فیه ویسألهٗ الدعاء لهٗ فتطهر عیسٰی وصلی ثم دعا فأوحی اللّٰه الیه یا عیسٰی ان عبدی أتانی من غیر الباب الذی اوتی منه انه دعانی وفی قلبه شك منك فلو دعانی حتی ینقطع عنقهٗ وتنتشر انامله ما استجبت له فالتفت عیسٰی علیه السلام فقال تدعو ربك وفی قلبك شك من نبیه ، قال یا روح اللّٰه وکلمته قد کان واللّٰه ما قلت فأسال اللّٰه ان یذهب به عنی فدعا له عیسٰی علیه السلام فتقبل اللّٰه منه وصار فی حد اهل بیته کذلك نحن اهل البیت لا

https://downloadshiabooks.com/

يقبل الله عمل عبد وهو يشك فينا۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت محمد بن مسلمؓ نے حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام میں سے ایک سے روایت کی ہے۔ راوی کہتا ہے میں نے امام علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا: مولاؑ! میں نے آپؑ کے مخالفین میں سے ایک شخص کو دیکھا ہے کہ اُس کی عبادت' راہِ خدا میں کوشش اور خشوع بہت زیادہ ہے۔ کیا یہ چیزیں اُس کو کوئی فائدہ پہنچا ئیں گیں؟

آپؑ نے فرمایا: اے محمد! ہم اہلِ بیتؑ کی مثال ایسے ہی ہے جیسے بنی اسرائیل میں اہلِ بیتؑ کی تھی۔ آپؑ نے فرمایا: بنی اسرائیل میں ایک مرد ایسا تھا جو چالیس راتیں عبادت کرتا رہا اور دعا کرتا رہا۔ چالیسویں رات کے بعد اُس کی دعا قبول ہوئی۔ ایک اور شخص تھا جو چالیس راتیں عبادت وریاضت میں مشغول رہا اور دعا کرتا رہا' لیکن اُس کی دعا قبول نہ ہوئی۔ وہ ایک دن جنابِ عیسٰیؑ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا' اور آپؑ سے دعا کے قبول نہ ہونے کا شکوہ کیا اور عرض کی: اے اللہ کے نبی! خدا سے آپؑ میرے لیے دعا کریں۔ جنابِ عیسٰیؑ نے باطہارت ہو کر نماز ادا کی اور اُس شخص کے لیے دعا مانگی۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسٰیؑ پر وحی نازل فرمائی:

"اے عیسٰیؑ! یہ بندہ میرے متعین کردہ راستے سے ہٹ کر دوسرے راستے سے میرے پاس آنا چاہتا ہے۔ تمہارے بارے میں اس کے دل میں شک ہے۔ اگر یہ شخص مجھے پکارے' اور پکارتے پکارتے اُس کی گردن ٹوٹ جائے اور اُس کے ہاتھوں کی انگلیاں سکڑ کر بکھر جائیں میں اُس کی دعا کو تب بھی قبول نہیں کروں گا"۔

جنابِ عیسٰیؑ اُس کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے بندۂ خدا! تو خدا کو پکارتا ہے' جبکہ اُس کے نبی کے بارے میں تیرے دل میں شک پایا جاتا ہے۔ اس شخص نے عرض کی:

https://downloadshiabooks.com/

اے روح اللہ اور کلمۃ اللہ! واقعاً آپؑ نے سچ فرمایا ہے۔ آپؑ میرے لیے خدا کی بارگاہ میں دعا کریں تاکہ وہ مجھے اس حالت سے باہر نکال دے اور آپؑ سے متعلق میرے دل کو آپؑ کے بارے میں شک سے پاک کر دے۔ جناب عیسیٰؑ علیہ السلام نے اُس کے بارے میں دعا کی اور اُس کی حالت شک ختم ہوئی اور پھر اُس نے دعا کی اور خداوند متعال نے اُس کی دعا کو قبول فرمایا اور وہ ان کی اہل بیتؑ کی حد میں داخل ہو گیا۔

آپؑ نے فرمایا (اے محمد) ہم اہل بیتؑ بھی ایسے ہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُس شخص کے اعمال کو قبول نہیں کرے گا جو ہمارے بارے میں شک کرتا ہے۔

## مولا علیؑ کی وجہ سے تین شخص ہلاک ہوں گے

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن محمد بن الزبير ﴿قال حدثنا﴾ محمد ابن علی بن مہدی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن علی بن عمرو ﴿قال حدثنا﴾ ابی جمیل بن صالح عن ابی خالد الکابلی عن الاصبغ بن نباتة قال دخل الحارث الهمدانی علی امیرالمؤمنین علیه السلام فی نفر من الشیعة، وکنت فیهم فجعل الحارث یتأود فی مشیته ویخبط الارض بمحجنه وکان مریضًا فاقبل علیه امیر المؤمنین علیه السلام وکانت له منه منزلة فقال کیف تجدك یاحارث فقال نال الدهر یاامیرالمؤمنین منی، وزادنی اوارًا وغلیلًا اختصام اصحابك ببابك،قال وفیهم خصومتهم، قال فیك[1] وفی الثلاثة من قبلك فمن مفرط منهم غال، ومقتصد قال ومن متردد مرتاب لا یدری یقدم ام یحجم فقال حسبك یا اخا همدان الا ان خیر شیعتی النمط

---

۱- [قال فی شانك والبلیلة من قبلك] کذا بدلا عن العبارة مذکورة فی اکثر نسخ الروایة ولعله الاظهر (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

الاوسط اليهم يرجع الغالی وبهم یلحق التالی، فقال له الحارث لو كشفت فداك ابی وامی الرين عن قلوبنا وجعلتنا فی ذٰلك علی بصيرة من امرنا، قال عليه السلام فدك فانك امرؤ ملبوس عليك- ان دين الله لا يعرف بالرجال بل بآية الحق فاعرف الحق تعرف اهله، ياحارث ان الحق احسن الحديث والصادع به مجاهد وبالحق اخبرك فارعنی سمعك ثم خبر به من كان له حصافة من اصحابك، الا انی عبدالله واخو رسوله وصديقه الاوّل [الاكبر خ ل] صدقته وآدم بين الروح والجسد ثم انی صديقه الاوّل فی امتكم حقا، فنحن الاولون ونحن الآخرون ونحن خاصته ياحارث وخالصته- وانا صنوه ووصيه ووليه وصاحب نجواه وسره- أو تيت فهم الكتاب وفصل الخطاب وعلم القرون والاسباب واستودعت الف مفتاح يفتح كل مفتاح الف باب يفضی كل باب الی الف الف عهد، وأيدت واتخذت وامددت بليلة القدر نفلاً وان ذٰلك بحری لی ولمن استحفظ من ذريتی ما جری الليل والنهار حتٰی يرث الله الارض ومن عليها، وابشرك ياحارث لتعرفنی عند الممات وعند الصراط وعند الحوض وعند المقاسمة- قال الحارث وما المقاسمة قال مقاسمة النار اقاسمها قسمة صحيحة اقول هذا ولی فاتركيه وهذا عدوی فخذيه- ثم اخذ اميرالمؤمنين عليه السلام بيد الحارث فقال ياحارث اخذت بيدك كما اخذ رسول الله [ص] بيدی فقال لی وقد شكوت اليه حسد قريش والمنافقين لی انه اذا كان يوم القيمة اخذت بحبل الله وبحجزته- يعنی عصمته من ذی العرش تعالی- واخذت انت ياعلی بحجزتی واخذ ذريتك بحجزتك واخذ شيعتكم بحجزتكم فماذا يصنع الله بنبيه وما يصنع نبيه بوصيه، خذها اليك ياحارث قصيرة من

https://downloadshiabooks.com/

طویلة[1] انت مع من احببت ولك ما اکتسبت یقولها ثلاثاً، فقام الحارث بیجرردءه وهو یقول ما ابالی بعدها متی لقیت الموت او لقینی، قال جمیل بن صالح وانشدنی ابوهاشم السید الحمیری رحمه اللّٰه فیما تضمنه هذا الخبر:

قول علی لحارث عجب | کم ثم اعجوبة له حملا
یاحار همدان من یمت یرنی | من مؤمن او منافق قبلا
یعرفنی طرفه واعرفه | بنعته واسمه وما عملا
وانت عند الصراط تعرفنی | فلا تخف عثرة ولا زللا
اسقیك من بارد علی ظمأ | تخاله فی الحلاوة العسلا
اقول للنار حین توقف | للعرض دعیه لا تقربی الرجلا
دعیه لا تقربیه ان له | حبلا بحبل الوصی متصلا

**حدیث نمبر 3:** (بحذفِ اسناد)

اصبغ بن نباتہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے روایت بیان کی ہے کہ ہم سب خدمتِ امیرالمومنین علی علیہ السلام میں موجود تھے کہ حارث ہمدانی (جو آپؑ کے شیعوں میں سے تھے) وہ آپؑ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ اُن کے لیے چلنا مشکل تھا اور وہ بیساکھی کے سہارے چل رہے تھے' وہ مریض تھے۔ چونکہ امیرالمومنینؑ کی نگاہ میں اُن کی عزت تھی' آپؑ اُن کی طرف متوجہ ہوئے اور آپؑ نے فرمایا:

اے حارث! تمہارا کیا حال ہے؟ انہوں نے عرض کیا: امیرالمومنینؑ! زمانہ مجھ سے منہ موڑ چکا ہے اور میرے بارے میں نفرت اور کینہ ہے اور غیر مہذب رویے اختیار کر چکا ہے'

---

۱- وفی المثل [قضیرة من طویلة] ای ثمرة من نخلة، یضرب فی اختصار الکلام قاله الفیروز آبادی فی القاموس [م ص]

https://downloadshiabooks.com/

اور آپؑ کے اصحاب میں سے بھی کچھ میرے ساتھ آپؑ کے بارے میں معاندانہ کردار ادا کرتے ہیں۔ میری یہ کیفیت اور مصیبت آپؑ کی وجہ سے ہے۔

آپؑ نے فرمایا: اے حارث! میری وجہ سے تین قسم کے افراد ہلاک ہوں گے: ایک وہ شخص جو میرے بارے میں غلو اور اِفراط کا شکار رہا۔ دوسرا وہ شخص ہے جو میری شان وعظمت میں مقصِر ہے۔ تیسرا وہ شخص ہے جو مرددو د پریشان ہے۔ وہ مجھے باقیوں پر مقدم رکھے یا موخر کرے۔ آپؑ نے فرمایا: اے حارث! تمہارے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ تمہیں یہ معلوم ہو کہ میرے شیعوں میں سے سب سے افضل و بہتر وہ شخص ہے جو درمیانی راہ اختیار کرے اور اُن کی طرف غالی بھی رجوع کریں اور دوسرے بھی ان کی اتباع کریں۔

حارث نے کہا: اے مولاؑ! میرے ماں باپ آپؑ پر قربان ہوں' آپؑ ہمارے دلوں سے اس مشکل کو دُور کر دیں اور آپ ہمیں اس امر میں معرفت عطا کریں۔

آپؑ نے فرمایا: اے حارث! ایسا لگتا ہے کہ تمہارے لیے یہ معاملہ خلط ملط ہو چکا ہے۔ اے حارث! اللہ کے دین کو لوگوں کی وجہ سے مت پہچانو' بلکہ واضح اور حق آیت و دلیل کے ساتھ دین کی معرفت حاصل کرو۔ حق کی معرفت حاصل کرو اور اُس حق سے اہلِ حق کی پہچان کرو۔

اے حارث! حق ہی بہترین حدیث ہے' اور اُس کی طرف مائل اور متوجہ ہونا جہاد ہے اور میں تمہیں حق کے بارے میں خبر دیتا ہوں کہ تم اُس کی طرف توجہ کرو۔ اور جو تمہارے سمجھ دار دوست ہیں اُن کو حق کے بارے میں خبر دو۔ آگاہ ہو جاؤ! میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اُس کے رسولؐ کا بھائی ہوں اور اُن کی سب سے پہلے تصدیق میں نے کی تھی۔ میں نے آپؐ کی اُس وقت تصدیق کی جب آدمؑ روح اور جسد کے درمیان تھے۔ پھر اس اُمت میں سے سب سے پہلے آپؐ کی حقانیت کی تصدیق کرنے والا تھا۔ ہم اوّل ہیں اور ہم ہی آخری ہیں اور ہم آپؐ کے خاص ہیں۔

https://downloadshiabooks.com/

اے حارث! ہم ہی اس کے خالص ہیں۔ میں آپؐ کا بھائی، آپؐ کا وصی، آپؐ کا ولی، آپؐ کا رازدان اور آپؐ کے اسرار کا مالک ہوں۔ مجھے کتاب کا فہم، فصل الخطاب (یعنی حق و باطل کو جدا کرنے والا خطاب)، اشیاء کے حقائق اور اسباب کا علم عطا کیا گیا ہے۔ مجھے ایک ہزار چابی عطا کی گئی ہے اور ہر چابی سے ایک ہزار دروازے کھلتے ہیں اور ہر دروازے سے میرے لیے ہزار ہزار عہد کھلتے ہیں اور میری تائید کی گئی ہے اور مجھے منتخب کیا گیا ہے اور شب قدر میں نوافل کے ساتھ میری مدد کی گئی ہے۔ یہ سارے اوصاف میرے لیے ہیں اور میری نسل میں سے جو بھی شب و روز ان کی حفاظت کرے گا، ان کے لیے میں حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ زمین اور جو کچھ اس پر موجود ہے ان سب کا وارث بنایا گیا ہے۔

اے حارث! میں تمہیں بشارت دیتا ہوں کہ تو مجھے موت کے وقت، صراط پر، حوضِ کوثر پر اور مقاسمہ کے وقت پہچانے گا۔

حارث نے عرض کی: مولاؑ! مقاسمہ سے آپؐ کی کیا مراد ہے؟

آپؑ نے فرمایا: جہنم کی تقسیم کے وقت میں جہنم کو ٹھیک ٹھیک تقسیم کروں گا اور اُس سے کہوں گا کہ یہ میرا دوست اور محب ہے اس کو چھوڑ دے اور یہ میرا دشمن ہے اس کو پکڑ لے۔ اس کے بعد امیر المومنینؑ نے حارث کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا:

اے حارث! جس طرح میں نے آپ کا ہاتھ پکڑا ہوا ہے اسی طرح رسولؐ خدا نے میرا ہاتھ پکڑا ہوا تھا اور میں قریش اور منافقین کا آپؐ سے شکوہ کر رہا تھا۔ آپؐ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا اُس وقت میرے ہاتھوں میں اللہ تعالیٰ کی رسّی اور اس کا دامن (یعنی دامن سے مراد اللہ تعالیٰ کی طرف سے عصمت اور حفظ و امان ہے) ہوگا۔

اے حارث! میرا دامن تمہارے ہاتھ میں اور تمہاری ذریت و نسل کے ہاتھوں میں تمہارا دامن ہوگا اور آپؐ کے شیعوں کے ہاتھوں میں تیری ذریت و نسل کا دامن ہوگا۔ جو سلوک اللہ تعالیٰ اپنے نبی سے کرے گا وہی سلوک اس کا نبی اپنے وصی سے کرے گا۔

https://downloadshiabooks.com/

اے حارث! یہ ایک طولانی گفتگو میں سے چھوٹا سا ٹکڑا ہے' اس کو اپنے پاس محفوظ کرلو۔ پھر آپؑ نے تین دفعہ فرمایا:

اے حارث! جس سے تو محبت کرے گا قیامت کے دن تو اس کے ساتھ محشور ہوگا اور اس دنیا میں جو تو کسب کرے گا وہی آخرت میں تیرا مقدر ہوگا۔ اس کے بعد حارث کھڑے ہوئے' اور ان کی چادر زمین پر گھسیٹتی جارہی تھی۔ ان کی زبان پر یہ الفاظ جاری تھے کہ ''اب مجھے کوئی فکر نہیں ہے خواہ موت مجھ سے ملاقات کرے یا میں موت سے ملاقات کروں''۔

جمیل بن صالح بیان کرتے ہیں کہ ابوہاشم سید حمیری خدا اس پر اپنی رحمت نازل کرے نے اس روایت کے مضمون کے مطابق یہ اشعار پڑھے: ۔

① ''علیؑ کا فرمان حارث کے لیے عجیب تھا اور اس پر جتنا بھی تعجب کیا جائے وہ کم ہے''۔

② ''اے حارث ہمدانی! جو بھی مرے گا خواہ وہ مومن ہو یا منافق ہو' وہ مجھے دیکھ کر مرے گا''۔

③ ''وہ مجھے جلدی پہچان لے گا اور میں اُس کے اسم' اُس کے اوصاف اور جو کچھ وہ انجام دیتا رہا ہوگا ان سب کو جانتا ہوں گا''۔

④ ''اور تو مجھے پُل صراط پر موجود پائے گا تو اس کی سختی اور دشواری سے نہ گھبرا''۔

⑤ ''میں تجھے حوضِ کوثر کے ٹھنڈے پانی سے سیراب کروں گا' جو پانی ٹھنڈا اور میٹھا ہوگا''۔

⑥ ''میں جہنم سے کہوں گا جب میں اس کے کنارے پر کھڑا ہوں گا کہ یہ میرا ہے اس کے قریب مت جا''۔

⑦ ''اس کو چھوڑ دے' اس کے قریب نہ جا کیونکہ یہ وصیِ رسولؐ کی رسّی سے دنیا میں متصل رہا ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

# نیکی کا خزانہ چار چیزیں ہیں؟

﴿قال أخبرنی﴾ الشریف الزاهد ابومحمد الحسن بن حمزة العلوی الحسنی الطبری رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر محمد بن الحسن بن الولید عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عیسیٰ عن بکر ابن صالح عن- الحسن بن علی عن عبداللّٰه بن ابراهیم عن ابی عبداللّٰه الصادق جعفر بن محمد علیه السلام عن أبیه عن جده قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله وسلم اربعة من کنوزِ البرکتمان الحاجة وکتمان الصدقة وکتمان المرض وکتمان المصیبة-

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

عبداللہ ابن ابراہیم نے حضرت ابوعبداللہ امام صادق جعفر ابن محمد علیہ السلام سے اور اُنھوں نے اپنے والد سے اور اُنہوں نے اپنی جد سے روایت کی ہے کہ رسولؐ خدا نے فرمایا:

چار چیزیں نیکی کا خزانہ ہیں: ① حاجت کو پوشیدہ رکھنا ② صدقہ کو پوشیدہ رکھنا ③ بیماری کو پوشیدہ رکھنا ④ مصیبت کو پوشیدہ رکھنا۔

○

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن قولویه رحمه اللّٰه عن أبیه عن سعد بن عبداللّٰه عن احمد بن محمد بن عیسیٰ عن حمّاد عن ابراهیم بن عمر الیمانی عن ابی حمزة الثمالی رحمه اللّٰه عن زین العابدین علی بن الحسین علیهما السلام قال من اطعم مؤمنا من جوعه اطعمه اللّٰه من ثمار الجنة ومن سقی مؤمنا من ظمأ سقاه اللّٰه من الرحیق المختوم ومن کسا مؤمنا ثوبا کساه اللّٰه من الثیاب الخضر ولا یزال فی ضمان اللّٰه عزوجل

https://downloadshiabooks.com/

مادام علیہ من سلک۔

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

ابوحمزہ ثمالی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام زین العابدین علی ابن حسین علیہما السلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

جو شخص کسی بھوکے مومن کو کھانا کھلائے گا اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے پھلوں میں سے رزق عطا کرے گا۔ جو شخص کسی پیاسے مومن کو سیراب کرے گا خداوند متعال اس کو جنت سے رحیق مختوم سے سیراب کرے گا اور ـــــ جو شخص کسی محتاج مومن کو لباس عطا کرے گا تو خداوند متعال اس کو جنت کے سبز لباسوں میں سے لباس عطا کرے گا۔ جب تک وہ اس راستے پر چلتا رہے گا خداوند متعال اس کا ان چیزوں کا ضامن ہوگا۔

## علیؑ شادی کرنے والا ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین بن بابویہ رحمہ اللہ عن أبیہ عن محمد بن الحسن الصفار عن أحمد بن محمد بن عیسیٰ عن علی بن النعمان عن غانم بن مغفل عن ابی حمزۃ الثمالی قال قال ابوجعفر محمد ابن علی الباقر علیہما السلام یا اباحمزۃ لا تضعوا علیا دون ما رفعہ اللہ ولا ترفعوا علیا فوق ما جعلہ اللہ کفی علیا ان یقاتل اہل الکرۃ وان یزوج اہل الجنۃ۔

**حدیث نمبر 6:** (بحذف اسناد)

ابوحمزہ ثمالی نے حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی باقر علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

اے ابوحمزہ ثمالی! خداوند متعال نے جو مرتبہ و مقام امیرالمومنین علی علیہ السلام کو عطا

https://downloadshiabooks.com/

فرمایا ہے اس سے کم درجہ پر علیؑ کومت قرار دو اور جس مرتبہ و مقام پر علی علیہ السلام کو قرار دیا ہے اس سے بڑھانے کی کوشش مت کرو۔ علیؑ کی فضیلت میں یہی کافی ہے کہ علیؑ اہلِ بغاوت کو قتل کرنے والے اور جنتی لوگوں کی شادی کروانے والے ہیں۔

○

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن محمد بن خالد ﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن الحسین السبیعی ﴿قال حدثنا﴾ عباد بن یعقوب ﴿قال حدثنا﴾ ابو عبدالرحمٰن المسعودی عن کثیر النواء عن ابی مریم الخولانی عن مالک بن ضمرة قال قال امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیہ السلام اخذ رسول الله "ص" بیدی فقال من تابع هؤلاء الخمسة ثم مات وهو یحبك فقد قضی نحبه ومن مات وهو یبغضك فقد مات میتة جاهلیة یحاسب بما عمل فی الاسلام، ومن عاش بعدك وهو یحبك ختم الله له بالامن والایمان حتی یرد علی الحوض –

**حدیث نمبر 7: (بحذفِ اسناد)**

مالک بن ضمرة نے امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

رسولِ خدا نے میرے ہاتھ کو پکڑا اور اس کے بعد فرمایا: جو شخص ان پانچ ہستیوں کا اتباع کرے تو وہ مرجائے اس حالت میں وہ آپ سے محبّت کرتا ہو۔ پس اُس شخص نے آپ کی محبت میں موت پائی ہے۔

اور جو شخص آپ کے بعد زندہ رہے اور آپ سے محبت رکھتا ہوگا تو خداوند متعال اس کا خاتمہ ایمان اور آخرت میں امن سے قرار دے گا حتیٰ کہ وہ حوضِ کوثر پر وارد ہوگا۔ اور جو شخص اس حالت میں مرجائے کہ وہ آپ کے ساتھ بُغض رکھتا ہو وہ جاہلیت کی موت

https://downloadshiabooks.com/

مرگیا۔ پس جو کچھ اُس نے (اسلام میں) اعمال انجام دیئے ہیں اُس کا حساب دینا ہوگا۔

○

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن عن أبيه محمد أبن الحسن عن احمد بن محمد بن عيسىٰ عن صفوان بن يحيى عن منصور بن حازم عن ابى حمزة عن على بن الحسين زين العابدين عليهما السلام قال قال رسول الله "ص" ما من خطوة احب الى من خطوتين خطوة يسد بها مؤمن صفاً فى سبيل الله وخطوة يخطوها مؤمن الى ذى رحم قاطع يصلها ، وما من جرعة احب الى الله من جرعتين جرعة غيظ يردها مؤمن بحلم وجرعة جزع يردها مؤمن بصبر، وما من [قطرة] أحب الى الله من قطرتين قطرة دم فى سبيل الله وقطرة دمع فى سواد الليل من خشية الله –

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

ابوحمزہ ثمالی نے حضرت امام زین العابدین علی بن حسین علیہ السلام سے روایت نقل کی۔ آپؑ نے فرمایا کہ رسولِؐ خدا نے فرمایا:

مجھے دو قدموں سے زیادہ کوئی قدم محبوب نہیں ہے: ایک وہ قدم جو راہِ خدا میں جہاد کے لیے اٹھاتا ہے اور دوسرا وہ قدم جو کسی رشتہ دار کی ناراضگی ختم کرنے کے لیے اٹھاتا ہے۔ اور خدا کے نزدیک دو گھونٹوں سے زیادہ محبُوب کوئی گھونٹ نہیں ہے: ایک وہ غصّے کا گھونٹ جس کو حلم و بردبار سے انسان پی جائے اور دوسرا وہ گھونٹ جو کوئی مومن صبر کرتے ہوئے پی لے۔

اور خدا کے نزدیک دو قطروں سے زیادہ کوئی قطرہ محبُوب نہیں ہے: ایک وہ خون کا قطرہ جو راہِ خدا میں گرے اور دوسرا وہ آنسو کا قطرہ جو رات کی تاریکی میں خوفِ خدا میں گرے۔

https://downloadshiabooks.com/

○

﴿قال أخبرنی﴾ أبو القاسم جعفر بن محمد عن أبیه عن سعد بن عبداللّٰہ عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن محمد بن سنان عن حماد بن عثمان عن ربعی ابن عبداللّٰہ والفضیل بن یسار عن ابی عبداللّٰہ جعفر بن محمد [ع] قال انظر قلبك فان أنکر صاحبك فقد أحدث احدکما –

**حدیث نمبر 9: (بحذف اسناد)**

فضیل بن یسار نے حضرت امام ابوعبداللہ جعفر بن محمد صادق علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے' آپؑ نے فرمایا:

(اے شخص) تو اپنے دل کی طرف نظر کر۔ اگر وہ تیرے ساتھی کا انکار کرتا ہے تو سمجھ لے کہ تمہارے درمیان کوئی چیز حائل ہو چکی ہے۔

○

﴿قال أخبرنی﴾ الشریف الزاهد أبومحمد الحسن بن حمزة ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن بن الولید عن محمد بن الحسن الصفار عن أحمد بن محمد ابن عیسٰی عن محمد بن سنان عن عمر الافرق وحذیفة بن منصور عن ابی عبداللّٰہ جعفر بن محمد علیهما السلام قال صدقة یحبها اللّٰہ اصلاح بین الناس اذا تفاسدوا وتقربت بینهم اذا تباعدوا –

**حدیث نمبر 10: (بحذف اسناد)**

حذیفہ بن منصور نے حضرت امام ابوعبداللہ جعفر بن محمد علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

خدا کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب وہ صدقہ ہے جب مومنین کے درمیان فساد

https://downloadshiabooks.com/

واقع ہوجائے تو ان کے درمیان صلح کرانا اور جب وہ ایک دوسرے سے دُور ہوجائیں تو اُن کو محبت سے ایک دوسرے کے قریب لانا۔

## حج کا خرچہ

﴿قال أخبرني﴾ أبو الحسن أحمد بن محمد بن الحسن عن أبيه عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عيسٰى عن محمد بن خالد البرقي [قال] قال حماد بن عيسٰى قلت لأبي الحسن موسٰى بن جعفر عليهما السلام جعلت فداك أدع الله ان يرزقني ولداً ولا يحرمني الحج ما دمت حياً [قال] قال فدعالي فرزقني الله ابني هذا وربما حضرت أيام الحج ولا اعرف للنفقة فيه وجهاً فيأتي الله بها من حيث لا يحتسب –

**حدیث نمبر 11: (بحذف اسناد)**

حماد بن عیسٰی بیان کرتا ہے میں نے حضرت امام ابوالحسن موسٰی بن جعفر علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا: اے مولاؑ! میں آپؑ پر قربان ہوجاؤں میرے حق میں دعا فرمائیں۔ خدا مجھے ایک فرزند عطا کرے اور جب تک میں زندہ رہوں ہر سال حج کی سعادت نصیب ہو۔

آپؑ نے میرے لیے دعا فرمائی۔ پس یہ فرزند خدا نے مجھے عطا فرمایا اور ہر سال جب حج کا وقت آتا ہے تو خداوند متعال مجھے حج کا خرچ فراہم کرتا ہے اُس مقام سے جس کا مجھے کوئی گمان تک نہیں ہوتا۔

## گناہ سے چھٹکارا حاصل کرنا

﴿قال أخبرني﴾ أبو القاسم جعفر بن محمد عن أبيه عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسٰى عن الحسين بن سعيد عن محمد بن

https://downloadshiabooks.com/

أبي عمير عن الحارث بن بهرام عن عمرو بن جميع قال قال أبو عبدالله جعفر بن محمد (ع) من جاء نا يلتمس الفقه والقرآن والتفسير فدعوه ومن جاء نا يبدي عورة قدسترها الله فنحوه فقال له رجل من القوم جعلت فداك أذكر حالي لك قال ان شئت قال والله اني لمقيم على ذنب منذدهر أريد أن أتحول منه الى غيره فما اقدر عليه قال له ان تكن صادقا فان الله يحبك وما يمنعك من الانتقال عنه الا ان تخافه -

**حدیث نمبر 12: (بحذف اسناد)**

عمرو بن جمیع نے روایت کی ہے کہ امام ابوعبداللہ جعفر بن محمد علیہ السلام نے فرمایا:

جو شخص ہمارے پاس آئے اور فقہ' قرآن اور تفسیر کے بارے میں ہم سے سوال کرے تو ہم اُس کو جواب دیتے ہیں۔ اور اگر کوئی شخص ہمارے پاس آئے اور ان چیزوں کو ظاہر کرے جن کے پوشیدہ رکھنے کا خدا نے حکم دیا ہے ہم اس سے منہ پھیر لیتے ہیں' پس ایک شخص نے آپ کی خدمت میں عرض کیا: میں آپؑ پر قربان ہو جاؤں۔ میں آپؑ کی خدمت میں اپنے حال کو بیان کرنا چاہتا ہوں۔ آپؑ نے فرمایا: اگر تو بیان کرنا چاہتا ہے تو بیان کر۔ اس نے عرض کی: میں ایک مدت سے ایک گناہ میں مبتلا ہوں اور میں اس سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتا ہوں' لیکن ابھی تک اس سے چھٹکارا حاصل نہیں کر سکا۔

آپؑ نے فرمایا: اگر تو سچ کہہ رہا ہے تو خدا تجھ سے محبت کرتا ہے اور تو اس گناہ سے فقط خوفِ خدا سے ہی چھٹکارا حاصل کر سکتا ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 2

[بروز بدھ ۵ رمضان المبارک سال ۱۴۰۴ ہجری قمری]

## آلِ محمدؐ کی محبّت کے بغیر کوئی عمل

﴿قال أخبرنا﴾ أبوجعفر محمد بن عمر الزيات ﴿قال حدثني﴾ علی ابن اسماعیل ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن خلف قال حدثنا الحسين الاشقر ﴿قال حدثنا﴾ قيس عن ليث بن أبي سليم عن عبدالرحمٰن بن أبي ليلى عن الحسين بن علی علیہما السلام قال قال رسول الله (ص) الزموا مودتنا اهل البيت فانه من لقی الله وهو يحبنا دخل الجنة بشفاعتنا ، والذی نفسی بيده لا ينتفع عبد بعمله الا بمعرفتنا۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے حضرت امام حسین ابن علی علیہ السلام سے روایت بیان کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رسولؐ خدا نے فرمایا:

اہلِ بیتؑ کی مودت کو اپنے لیے لازم قرار دو' کیونکہ جو شخص خدا کی بارگاہ میں حاضر ہوگا اِس حالت میں کہ وہ ہم سے محبت رکھتا ہوگا وہ ہماری شفاعت کی وجہ سے جنت میں ضرور داخل ہوگا۔ اور مجھے قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے ہماری معرفت کے بغیر کسی بندے کا عمل اس کو فائدہ نہیں دے گا۔

https://downloadshiabooks.com/

## نظامِ اسلام

﴿قال حدثنی﴾ أبوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنی﴾ اسحاق ابن محمد ﴿قال حدثنا﴾ زید بن المعدل عن سیف بن عمرو عن محمد بن کریب عن أبیه عن عبداللّٰه بن عباس قال قال رسول اللّٰه (ص) اسمعوا واطیعوا لمن ولاہ اللّٰہ الأمر فانه نظام الاسلام

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت عبداللہ ابن عباس نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے آپؐ نے فرمایا:

جس شخص کو اللہ تعالیٰ ولایت وحکومت عطا کرے اس کی بات کو غور سے سنو اور اس کی اطاعت کرو کیونکہ یہی نظامِ اسلام ہے۔

## علیؑ اور انبیاء علیہم السلام

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر بن سلم ﴿قال حدثنی﴾ أبو جعفر محمد بن عیسٰی العجلی ﴿قال حدثنا مسعود بن یحیٰی النهدی ﴿قال حدثنا﴾ شریك عن ابی اسحق عن بینما رسول اللّٰه (ص) جالس فی جماعة من أصحابه اذ أقبل علی ابن ابی طالب (ع) نحوہ فقال رسول اللّٰه (ص) من أراد ان ینظر الی آدم فی خلقه والی نوح في حکمته والی ابراهیم فی حلمه فلینظر الی علی بن ابی طالب –

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

ابواسحاق نے اپنے باپ سے نقل کیا ہے کہ میرے والد فرماتے ہیں کہ ایک دن رسولؐ خدا اپنے اصحاب کے ہمراہ تشریف فرما تھے کہ اچانک علی ابن ابی طالبؑ تشریف

https://downloadshiabooks.com/

لائے۔ آپؑ نے فرمایا:

''جو شخص آدمؑ کو اس کے اخلاق میں اور نوحؑ کو اس کی حکمت میں اور ابراہیمؑ کو حکم میں دیکھنا چاہتا ہے وہ اس علی ابن ابی طالبؑ کو دیکھ لے''۔

○

﴿قال أخبرنى﴾ ابو عبدالله محمد بن عمران المر زبانی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسین الجوهری ﴿قال حدثنا﴾ علی بن سلیمان ﴿قال أخبرنا﴾ الزبیر ابن بکار ﴿قال أخبرنی﴾ علی بن صالح ﴿قال حدثنی﴾ عبدالله بن مصعب عن أبیه ﴿قال﴾ حضر عبدالله بن عباس مجلس معاویة بن ابی سفیان فاقبل علیه معاویة فقال یابن عباس انکم تریدون ان تحرزوا الامامة کما اختصصتم بالنبوة والله لا یجتمعان ابدا، ان حجتکم فی الخلافة مشتبهة علی الناس انکم تقولون نحن اهل بیت النبی فما بال خلافة النبوة فی غیرنا، وهذه شبهة لانها تشبه الحق وبها مسحة من العدل، ولیس الامر کما تظنون ان الخلافة تنتقلب[1] فی احیاء قریش برضی العامة وشوری الخاصة ولسنا نجد الناس یقولون لیت بنی هاشم ولونا، ولو ولونا کان خیرا لنا فی دنیانا وأخرانا ولو کنتم زهدتم فیها امس کما تقولون ما قاتلتم علیها الیوم و والله لو ملکتموها یابنی هاشم لما کانت ریح عاد ولا صاعقة ثمود بأهلك للناس منکم فقال ابن عباس رحمه الله أما قولك یامعاویة انا نحتج بالنبوة فی استحقاق الخلافة فهو والله کذلك فان لم یستحق الخلافة بالنبوة فبم یستحق[2] واما قولك ان الخلافة والنبوة لا یجتمعان لأحد فأین

---

۱- تنتقلب بتائین وفی نسخة الاصل بتاء ثم نون ولعل الصحیح الاوّل (م ص)

۲- یستحق بالبناء للمفعول فی الموضعین فلا تغفل (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

قول اللّٰہ عزوجل "أم یحسدون الناس علی ما آتاھم اللّٰہ من فضلہ فقد آتینا آل ابراھیم الکتاب والحکمة وآتیناھم ملکًا عظیمًا" فالکتاب ھو النبوة والحکمة ھی السنة والملك ھو الخلافة فنحن آل ابراھیم والحکم جارفینا الی یوم القیامة وأما دعواك علی حجتنا أنھا مشتبھة فلیس کذلك وحجتنا أضوأ من الشمس وأنور من القمر کتاب اللّٰہ معنا وسنة نبیہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم فینا وانك لتعلم ذلك ولکن شی ء عطفك وصغرك قتلنا أخاك وجدك وخالك وعمك فلا تبك علی اعظم حائلة وأرواح فی النار ھالکة ولا تغضبوا لدماء أراقھا الشرك واحلھا الکفر ووضعھا الدین، وما ترك تقدیم الناس لنا فیما خلا وعدولھم عن الاجماع علینا فما حرموا اعظم مما حرمنا منھم وکل أمر اذا حصل حاصلہ ثبت حقہ وزال باطلہ واما افتخارك بالملك الزائل الذی توصلت الیہ بالمحال الباطل فقد ملك فرعون من قبلك فاھلکہ اللّٰہ ،وما تملکون یوماً یابنی أمیة الا ونملك بعدکم یومین ولا شھراً الا ملکنا شھرین ولا حولا الا ملکنا حوالین، وانا قولك انا لوملکنا کان ملکنا اھلك للناس من ریح عادو صاعقة ثمود فقول اللّٰہ یکذبك فی ذلك قال اللّٰہ عزوجل "وما أرسلناك الا رحمة للعالمین" فنحن اھل بیتہ الادنون ورحمة اللّٰہ خلقہ کرحمتہ بنبیہ خلقہ وظاھر العذاب بتملکك رقاب المسلمین ظاھرا اللعیان وسیکون من بعدك تملك ولدك وولد ابنك اھلك للخلق من الریح العقیم ثم ینتقم اللّٰہ بأولیائہ ویکون العاقبة للمتقین۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

عبداللہ ابن مصعب نے اپنے باپ سے بیان کیا ہے کہ میرے والد نے بیان کیا:

عبداللہ ابن عباسؓ معاویہ بن ابوسفیان کی مجلس میں حاضر ہوئے۔معاویہ اُن کی طرف متوجہ

https://downloadshiabooks.com/

ہوا اور کہا: اے ابن عباسؓ! تم لوگ (یعنی بنو ہاشم) یہ چاہتے ہو کہ جس طرح نبوت تمہارے ساتھ خاص تھی ایسے ہی خلافت کو بھی تم اپنے لیے خاص قرار دینا چاہتے ہو' لیکن خدا کی قسم یہ دونوں کبھی بھی جمع نہیں ہوسکتیں' کیونکہ خلافت کے بارے میں تمہاری دلیل عوام الناس پر واضح اور روشن نہیں ہے' کیونکہ تم لوگ یہ گمان کرتے ہو کہ ہم اہلِ بیتِ نبوت کے علاوہ کسی کو خلافت کرنے کا حق حاصل نہیں ہے' حالانکہ یہ وہ اشتباہ ہے جس کی وجہ سے حق مشتبہ ہوگیا ہے اور اس گمان کی وجہ سے تم عدل و انصاف سے ہٹ چکے ہو' حالانکہ جیسا تم لوگ گمان کرتے ہو معاملہ ایسے نہیں ہے' کیونکہ جب تک قریش زندہ ہیں اس وقت تک عوام الناس کی مرضی اور خواص کے مشورہ سے خلافت تبدیل ہوتی رہے گی۔ ہم نے لوگوں میں کسی کو نہیں چاہا جو یہ کہتے ہوں کہ کاش بنی ہاشم ہمارے ولی و رہبر ہوتے۔ اگر یہ ہوتے تو دنیا و آخرت میں ہمارے لیے بہتر ہوتا۔ اور اگر تم بنو ہاشم جس طرح تم کل تک زاہد تھے اگر آج بھی ایسے ہی ہوتے تو اس خلافتِ دنیا کی خاطر تم لوگ جنگ و جدال نہ کرتے۔ خدا کی قسم اے بنی ہاشم! لوگوں کو خلافت کا مالک بنایا جاتا تو لوگوں کی ہلاکت کے لیے قومِ عادؑ کی زوردار ہوا اور ثمودؑ کی بجلی کی ضرورت نہیں ہوگی۔

ابن عباسؓ نے فرمایا: اے معاویہ! تیرا یہ قول کہ ہم نبوت کے استحقاق کو خلافت کے استحقاق کی دلیل قرار دیتے ہیں' خدا کی قسم ایسے ہی ہے کیونکہ اگر ہم نبوت کی خلافت کے مستحق نہ ہوتے تو خدا ہم میں نبوت کو نہ رکھتا۔ باقی تیرا یہ کہنا کہ خلافت و نبوت کبھی جمع نہیں ہوسکتے تو پھر خداوند متعال کا یہ فرمان کہاں جائے گا جس میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ام یحسدون الناس علی ما آتاھم اللّٰہ من فضلہ فقد آتینا
آل ابراھیم الکتاب والحکمۃ وآتیناھم ملکاً عظیمًا

''کیا یہ لوگ حسد کرتے ہیں اس پر جو اللہ نے ان کو اپنے فضل سے
عطا فرمایا ہے پس ہم نے آلِ ابراہیم کو کتاب اور حکمت عطا فرمائی

https://downloadshiabooks.com/

اور ہم نے ان کو ایک عظیم ملک عطا فرمایا"۔

پس کتاب سے نبوت مراد ہے اور حکمت سے سنت مقصود ہے اور ملک سے مراد خلافت ہے۔ پس آلِ ابراہیم ہیں اور حکومت و خلافت قیامت تک کے لیے ہمارے ہی خاندان میں رہے گی۔

پھر تیرا یہ دعویٰ کرنا کہ ہماری دلیل واضح و روشن ہے۔ ایسے نہیں ہے بلکہ ہماری دلیل و حجت سورج سے زیادہ روشن اور اور چاند سے زیادہ واضح ہے۔ کتابِ خدا ہمارے پاس اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت بھی ہمارے درمیان موجود ہے اور تو اس کو خوب جانتا ہے۔ لیکن جو چیز تیرے لیے باعثِ اذیت و رسوائی ہے وہ یہ ہے کہ ہم نے تیرے بھائی' تیرے دادا' تیرے خالو اور تیرے چچا کو قتل کیا ہے۔ ان کے قتل پر مگر مچھ کے آنسو نہ بہاؤ جن کی روحیں جہنم کی آگ میں جل رہی ہیں۔ ان کے نجس و ناپاک خون پر غصہ نہ کھاؤ جن کا قتل شرک اور کفر کی وجہ سے ہوا ہے اور ان کو دین نے بے قیمت قرار دیا ہے۔

باقی یہ رہا لوگوں نے ہمیں چھوڑ دیا ہے اور آگے لے کر نہیں آئے وہ صرف اور صرف ان لوگوں نے ہمارے ساتھ دشمنی پر اجماع کیا ہوا تھا' لیکن جس چیز (یعنی عدل و انصاف) سے یہ لوگ محروم ہوئے ہیں وہ اس سے کہیں بلند و بالا ہے جس سے اُنہوں نے ہمیں محروم کیا ہے اور ہر امر جو حاصل ہو جائے گا اس کا حق ثابت ہو جاتا ہے اور اس کا بطلان زائل ہو جاتا ہے۔ باقی تیرا اس زائل ہونے والی حکومت پر فخر کرنا کہ جس حکومت کو تو نے غلط اور باطل طریقہ سے حاصل کیا ہے تیرے سے پہلے فرعون بھی حاکم بنا تھا اور اللہ تعالیٰ نے اسے بھی ہلاک کر دیا تھا۔ ایسے ہی تو بھی ہلاک ہو جائیگا۔ اے اُمیہ کی اولاد! تم ایک دن حکومت کرو گے تو تمہارے بعد ہم دو دن حکومت کریں گے اور اگر تو ایک شہر پر حکومت کرے گا تو ہم دو شہروں پر حکومت کریں گے اور اگر تو ایک سال حکومت کرے گا تو تیرے بعد ہم دو سال حکومت کریں گے۔ پھر تیرا یہ کہنا کہ اگر ہمیں حکومت مل جائے تو یہ

https://downloadshiabooks.com/

حکومت لوگوں کے لیے ایسا عذاب بن جاتی جس طرح قوم کے لیے تیز ہوا اور قوم ثمود کے لیے کھڑک عذاب تھی۔ تیرے اس قول غلط و باطل ہونے کے لیے خداوند کریم کا وہ فرمان کافی ہے جس میں خدا نے فرمایا: ما ارسلناك الا رحمة للعالمین۔ ہم اہلِ بیت رحمتِ خدا کے بہت زیادہ قریب ہیں جس طرح ہماری خلقت سب سے مقدم ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا نبیؐ رحمتِ خدا کے قریب ہے اور اس کی تخلیق رحمت ہے اور تیری حکومت اس اُمت کے لیے واضح اور کھلم کھلا عذاب ہے اور تیرے بعد عنقریب تیرا بیٹا اور اس کا بیٹا حکومت کرے گا۔ ان کی حکومت تمام مخلوق کے لیے ہلاک کرنے والی پیدا ہوگی۔ پھر خداوند متعال اپنے اولیاء کے ذریعے تم سے اپنا انتقام لے گا اور خیر و بہتر انجام تقویٰ اختیار کرنے والوں کے لیے ہوگا۔

○

﴿قال أخبرني﴾ أبو الحسن علی بن محمد القرشی اجازة ﴿قال حدثنا﴾ علی بن الحسن بن فضال ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن نصیر ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالغفار بن القاسم ﴿قال حدثنا﴾ المنهال ابن عمرو "قال" سمعت ابا القاسم محمد بن علی ابن الحنفیة رضی الله عنه یقول مالك من عیشك الا لذة تزدلف بك الی حمامك وتقربك الی نومك فأیة اكلة لیس معها غصص او شربة لیس معها شرق فتأمل أمرك فكأنك قد صرت الحبیب المفقود والخیال المحترم اهل الدنیا اهل سفر لایحلون عقد رحالهم الا فی غیرها "وبهذا الاسناد" عن ابی القاسم محمد بن علی ابن الحنفیة رحمه الله قال قال رسول الله (ص) لیس منا من لم یرحم صغیرنا ویوقر كبیرنا ویعرف حقنا

حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)

https://downloadshiabooks.com/

منھال ابن عمرو نے کہا: میں نے ابوقاسم محمد بن علی ابن حنفیہ رضی اللہ عنہ سے سنا ہے کہ انہوں نے فرمایا: تیری زندگی میں کوئی لذت نہیں کہ تو موت کے قریب ہو رہا ہے اس طرح جس طرح کہ تو نیند کے قریب ہو رہا ہے' ورنہ کوئی لقمہ ایسا نہیں ہے جو انسان کے گلے میں پھندا بن جائے اور نہ کوئی پانی کا گھونٹ ہے جس سے گلا گھٹ جائے۔ پس تم اپنے معاملہ میں غور کرو کیونکہ ایک وقت آئے گا کہ تیرے دوست تجھے چھوڑ جائیں گے اور تیرا خیال لوگوں کے ذہنوں سے نکل جائے گا۔ تمام اہلِ دنیا یہاں مسافر ہیں کہ جس کا سامانِ سفر تیار ہے۔ اس سند کے ساتھ روایت ہے کہ ابوقاسم محمد بن علی ابن حنفیہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسولؐ خدا سے سنا ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

''جو ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کرے اور ہمارے بزرگ کا احترام نہ کرے اور ہمارے حق کی معرفت حاصل نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے''۔

## علیؑ کو امیر کہہ کر شیخین نے بھی سلام کیا

﴿قال حدثنا﴾ أبوالحسن محمد بن مظفر الوراق ﴿قال حدثنا﴾ أبوبكر محمد بن ابى الثلج ﴿قال أخبرنى﴾ الحسين بن ايوب من كتابه عن محمد بن غالب عن على بن الحسين عن عبدالله بن جبلة عن ذريح المحاربى عن ابى حمزة الثمالى عن ابى جعفر محمد بن على عليهما السلام عن أبيه عن جده قال ان الله جل جلاله بعث جبرئيل (ع) الى محمد صلى الله عليه وآله وسلم ان يشهد لعلى ابن ابى طالب عليه السلام بالولاية فى حياته ويسميه بامرة المؤمنين قبل وفاته فدعا نبى الله تسعة رهط[1] فقال

۱- قد سقط من الحديث ذكر تسليم تاسعهم وهو سلمان الفارسى ولم يعد الاثمانية، وفى بعض نسخ الكتاب "فدعا بسبعة رهط" بدل [تسعة رهط] ومثله ما فى البحار [ج۹' ص ۳۰۰] طبع تبريز سنه ۱۲۹۷ فراجع الحديث [م ص]

https://downloadshiabooks.com/

انما دعوتكم لتكونوا شهداء الله فی الارض اقمتم أم كتمتم ثم قال (ص) يا ابابكر قم فسلم علی علی بامرة المؤمنين فقال أعن أمر الله ورسوله ، قال نعم فقام فسلم عليه بامرة المؤمنين ثم قال (ص) قم ياعمر فسلم علی علی بامرة المؤمنين ، فقال أعن أمر الله ورسوله نسيمه أميرالمؤمنين،قال نعم فقام فسلم عليه، ثم قال (ص) للمقداد بن أسود الكندی قم فسلم علی علی بامرة المؤمنين فقام فسلم ولم يقل مثل ما قال الرجلان من قبله، ثم قال (ص) لابی ذر الغفاری قم فسلم علی علی بامرة المؤمنين فسلم عليه، ثم قال (ص) لحذيفة اليمانی قم فسلم علی امير المؤمنين فقال فسلم عليه ، ثم قال (ص) لعمار بن ياسر قم فسلم علی اميرالمؤمنين فقام فسلم، ثم قال (ص) لعبد الله ابن مسعود قم فسلم علی علی بامرة المؤمنين فقام فسلم ثم قال (ص) لبريدة قم فسلم علی امير المؤمنين وكان بريدة اصغر القوم سنّا فقام فسلم فقال رسول الله (ص) انما دعوتكم لهذا الامر لتكونوا شهداء الله اقمتهم ام تركتم

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

ابوحمزہ ثمالی نے حضرت ابوجعفر محمد بن علی علیہما السلام سے اور انہوں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیلؑ کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل فرمایا کہ وہ اپنی زندگی میں علی ابن ابی طالبؑ کی ولایت پر لوگوں کو گواہ بنائیں اور امیرالمومنینؑ کے نام سے اپنا نام اپنی موت سے پہلے قرار دیں اور لوگوں سے امیرالمومنینؑ کے نام کے ساتھ آپؑ کو سلام کروائیں۔ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے نو بڑے بڑے اصحاب کو بلایا اور فرمایا: اے میرے اصحاب! میں نے آپ لوگوں کو اس لیے بلایا ہے تاکہ میں آپ لوگوں کو اس زمین پر اللہ تعالیٰ کے گواہ قرار دوں خواہ تم اس پر قائم رہو یا اس پ

https://downloadshiabooks.com/

پردہ ڈالو۔ یہ تم لوگوں کی مرضی ہے۔ اس کے بعد آپؐ نے حضرت ابوبکر سے فرمایا:

اے ابوبکر! اُٹھو اور علیؑ کو امیر المومنین کے نام سے پکار کر سلام کرو۔ پس جناب ابوبکر کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! کیا یہ حکمِ خدا اور اُس کے رسولؐ کے حکم کی وجہ سے ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ جناب ابوبکر کھڑے ہوئے اور آپؑ کو امیر المومنین کہہ کر سلام کیا۔

پھر آپؐ نے حضرت عمر سے فرمایا: اے عمر! اُٹھو اور علیؑ کو امیر المومنین کے نام سے سلام کرو۔ پس حضرت عمر نے عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! کیا یہ خدا اور اُس کے رسول کے حکم کی وجہ سے ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ پس جناب عمر کھڑے ہوئے اور آپؑ کو امیر المومنین کے نام سے سلام کیا۔

پھر آپؐ نے حضرت مقدادؓ بن اسود کندی سے فرمایا: اے مقدادؓ! اُٹھو اور علیؑ کو امیر المومنین کہہ کر سلام کرو۔ پس آپ بھی کھڑے ہوئے اور آپؑ کو امیر المومنین کہہ کر سلام کیا لیکن مقدادؓ نے وہ کلمات نہیں فرمائے جو پہلے شیخین نے فرمائے تھے۔ پھر رسولؐ خدا نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے ابوذرؓ! اُٹھو اور علیؑ کو امیر المومنین کہہ کر سلام کرو۔ پس جناب ابوذر غفاریؓ کھڑے ہوئے اور آپ نے بھی آپؑ کو امیر المومنین کہہ کر سلام کیا۔ پھر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حذیفہ یمانی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے حذیفہ! اُٹھو اور علیؑ کو امیر المومنین کے نام سے سلام کرو۔ پس آپؓ بھی کھڑے ہوئے اور علی علیہ السلام کو امیر المومنین کہہ کر سلام کیا۔ پھر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے عمارؓ! اُٹھو اور علیؑ کو امیر المومنین کہہ کر سلام کرو۔ پس آپ بھی کھڑے ہوئے اور علی علیہ السلام کو امیر المومنین کے نام سے پکار کر سلام کیا۔ پھر رسولؐ خدا نے حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے عبداللہ! اُٹھو اور علی کو امیر المومنین کہہ کر سلام کرو۔ پس جناب عبداللہ بھی

https://downloadshiabooks.com/

کھڑے ہوئے اور آپؑ کو امیر المومنین کے نام سے پکار کر سلام عرض کیا۔ پھر رسولؐ خدا نے حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے بریدہ! اُٹھو اور علی علیہ السلام کو امیر المومنین کہہ کر سلام کرو۔ جناب بریدہ ان سب میں چھوٹی عمر کے تھے۔ پس جناب بریدہؓ بھی کھڑے ہوئے اور جناب علی علیہ السلام کو امیر المومنین کہہ کر سلام کیا۔ پھر آپؐ نے حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے سلمانؓ! اُٹھو اور علیؑ کو امیر المومنین کہہ کر سلام کرو۔ پس جناب سلمانؓ بھی کھڑے ہوئے اور جناب علی علیہ السلام کو امیر المومنین کہہ کر سلام کیا۔

اس کے بعد رسولؐ خدا نے فرمایا: اے میرے اصحاب! میں نے آپ سب کو اس لیے بلایا تھا تاکہ آپ سب میرے اس کارِ رسالت پر گواہ رہیں۔ تم سب اس امر پر اللہ کے گواہ ہو خواہ تم اس پر قائم رہو یا اس کو چھپا دو۔

## مولا علیؑ دنیا اور آخرت میں سردار ہیں

﴿قال أخبرني﴾ أبو الحسن محمد بن المظفر ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن جرير ﴿قال حدثني﴾ أحمد بن اسماعيل عن عبدالرحمٰن الوراق ابن همام ﴿قال أخبرنا﴾ معمر عن الزهري عن عبيدالله بن عبدالله بن عتبة عن عبدالله بن عباس رحمه الله قال نظر النبي (ص) الى علي بن ابي طالب (ع) فقال سيد في الدنيا وسيد في الآخرة--

**حدیث نمبر 7**: (بحذف اسناد)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے روایت فرمائی ہے آپؐ نے فرمایا:

جناب رسولؐ خدا نے علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی طرف دیکھا اور فرمایا:

''یہ دنیا اور آخرت دونوں میں سردار ہے''۔

https://downloadshiabooks.com/

# تم لوگوں پر دعا کرنا واجب ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوغالب الزراری ﴿قال حدثنا﴾ جدی محمد بن سلیمان ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن محمد بن خالد ﴿قال حدثنا﴾عبدالرحمٰن بن ابی نجران ﴿قال حدثنا﴾ صفوان عن سیف التمار عن ابی عبدالله جعفر بن محمد علیهما السلام ﴿قال﴾ سمعته یقول علیکم بالدعاء فانکم لا تتقربون بمثله ولا تترکوا صغیرة لصغرها ان تسلوها فان صاحب الصغائر هو صاحب الکبائر۔

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام ابن امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے، آپؑ نے فرمایا:

آپ لوگوں پر دعا کرنا واجب ہے کیونکہ مثلِ دعا کوئی چیز تم لوگوں کو خدا کے قریب نہیں کرسکتی (یعنی جیسے دعا قربِ خدا کا سبب ہے ایسے کوئی چیز نہیں) اور چھوٹے گناہوں کے بارے میں ان کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے لاپروائی نہ کرو اور اگر تم ان کو بھول گئے تو یاد رکھو چھوٹے گناہ کرنے والے ہی بڑے گناہ کرتے ہیں۔

۞۞۞

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 3

[بروز ہفتہ' آٹھویں رمضان المبارک سال ۴۰۴ ہجری قمری]

## علماء کے جانے سے علم اُٹھ جاتا ہے

مجلس يوم السبت لثمان خلون منه ﴿حدثنا﴾ الشيخ الجليل المفيد محمد ابن محمد بن النعمان أدام الله تأييده وتوفيقه في هذا اليوم ﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثني﴾ عبدالله بن اسحاق ﴿قال حدثنا﴾ اسحاق بن ابراهيم البغوي ﴿قال حدثنا﴾ ابوقطن ﴿قال حدثنا﴾ هشام الدستوابي عن يحييٰ بن ابي كثير عن عروة عن عبدالله بن عمر ﴿قال﴾ قال رسول الله (ص) ان الله لا يقبض العلم انتزاعا ينتزعه بين الناس ولكن يقبض العلم بقبض العلماء واذا لم يبق عالم اتخذ الناس رؤساء جهالا فسألوهم فقالوا بغير علم فضلوا واضلوا -

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

جناب عبداللہ ابن عمر نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت نقل کی ہے آپؐ نے فرمایا:

تحقیق اللہ تعالیٰ لوگوں کے درمیان سے علم کو خود بخود نہیں اٹھاتا بلکہ علماء کے اٹھانے سے علم کو اٹھا لیتا ہے اور جب لوگوں کے درمیان علماء باقی نہ رہیں تو لوگ جاہلوں اور نادانوں کو اپنا رئیس بنا لیتے ہیں اور ان سے سوال کرتے ہیں۔ وہ جاہل بغیر علم کے فتوے

https://downloadshiabooks.com/

دیتے ہیں پس وہ خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں۔

## رسولِ خدا نے دورانِ سفر پانچ سجدے ادا کیے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویه رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن محمد بن عامر عن احمد بن علوية عن ابراهيم بن محمد الثقفی ﴿قال أخبرنا﴾ توبة بن الخليل ﴿قال أخبرنا﴾ عثمان بن عيسى ﴿قال حدثنا﴾ابو عبدالرحمٰن عن جعفر بن محمد (ع) ﴿قال﴾ بينا رسول اللّٰه (ص) فی سفر اذ نزل فسجد خمس سجدات فلما ركب قال له بعض اصحابه رأيناك يارسول اللّٰه صنعت ما لم تكن تصنعه قال نعم أتانی جبرئيل (ع) فبشرنی ان عليًا فی الجنة فسجدت شكراً للّٰه تعالٰی فلما رفعت رأسی قال والحسن والحسين سيدی شباب أهل الجنة فسجدت شكراً للّٰه تعالٰی فلما رفعت رأسی قال ومن يحبهم فی الجنة فسجدت للّٰه تعالٰی شكراً فلما رفعت رأسی قال ومن يحب من يحبهم فی الجنة فسجدت شكراً للّٰه تعالٰی۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذفِ اسناد)

جناب ابوعبدالرحمٰن نے حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک سفر پر تھے۔ دورانِ سفر آپؐ اپنی سواری سے نیچے تشریف فرما ہوئے اور پانچ دفعہ سجدہ ادا فرمایا۔ اس کے بعد جب آپ دوبارہ اپنی سواری پر تشریف فرما ہوئے تو بعض اصحاب نے آپ کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آج آپؐ نے دورانِ سفر ایک ایسا کام کیا ہے جو اس سے پہلے آپ

https://downloadshiabooks.com/

نے کبھی نہیں انجام دیا؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ میرے پاس جبرائیلؑ آئے تھے اور انہوں نے مجھے بشارت دی کہ علی علیہ السلام جنتی ہیں۔ پس میں نے خداوندمتعال کا شکرادا کرتے ہوئے ایک سجدہ ادا کیا۔ جب میں نے اپنا سر اُٹھایا۔ اس نے کہا: میری بیٹی فاطمہؑ بھی جنتی ہے۔ میں نے پھر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اس کی بارگاہ میں سجدہ ادا کیا۔ پس جب میں نے پھر سجدے سے سر اٹھایا ہی تھا۔ جبرائیلؑ نے پھر کہا: حسن وحسین علیہما السلام دونوں اہلِ جنت کے سردار ہیں۔ پس میں نے خداوند کریم کا شکر ادا کرتے ہوئے پھر اس کی بارگاہ میں سجدہ ادا کیا۔ پس میں نے بھی سجدے سے سر اُٹھایا ہی تھا اس نے پھر کہا: جو ان ہستیوں سے محبت کرے گا وہ بھی جنتی ہے۔ پس میں نے پھر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اس کی بارگاہ میں سجدہ ادا کیا۔ پس ابھی میں نے سجدے سے سر اٹھایا ہی تھا' اس نے پھر کہا: جو شخص ان سے محبت کرنے والے سے محبت کرے گا وہ بھی جنتی ہے۔ پس میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اس کی بارگاہ میں سجدہ ادا کیا۔

## امام علیہ السلام سے ایمان کے بارے میں سوال

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ ابوالعباس احمد بن محمد بن سعيد الهمداني ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن يحيى بن زكريا و محمد بن عبدالله بن محمد بن سالم في آخرين ﴿قالوا حدثنا﴾ عبدالله بن سالم ﴿قال حدثنا﴾ هشام بن مهران عن خاله محمد بن زيد العطار من أكابر اصحاب الاعمش ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن احمد بن الحسن ﴿قال حدثنا﴾ منذر بن جعفر ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن يزيد الباني [قال] كنت عند جعفر بن محمد (ع) فدخل عليه عمر بن قيس الماصر وأبوحنيفة وعمر بن ذر في جماعة من اصحابهم فسألوه عن الايمان فقال قال رسول

https://downloadshiabooks.com/

اللہ (ص) لا یزنی الزانی وھو مؤمن ولا یسرق وھو مؤمن ولا یشرب الخمر وھو مؤمن فجعل بعضھم ینظر الی بعض فقال عمر بن ذر بم نسمیھم[1] فقال (ع) بما سماھم اللہ وباعمالھم قال اللہ عزوجل "والسارق والسارقة فاقطعوا ایدیھما" وقال "الزانیة والزانی فاجلدوا کل واحد منھما مائة جلدة" فجعل بعضھم ینظر الی بعض- فقال محمد بن یزید واخبرنی بشر بن عمر بن ذر و کان معھم قال لما خرجنا قال عمر بن ذر لابی حنیفة الا قلت[2] من عن رسول اللہ، قال ما اقول لرجل یقول قال رسول اللہ (ص)

حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)

(اس روایت کے بارے میں علامہ مجلسی اپنی کتاب بحارالانوار جلد ۱۵ میں تحریر فرماتے ہیں: امام علیہ السلام سے سوال کرنے والوں کا مبنیٰ یہ تھا کہ وہ قائل تھے ایمان اور کفر کے درمیان کوئی واسطہ نہیں ہے یعنی بندہ یا مومن ہے یا کافر اور سب۔ درمیانی کوئی چیز نہیں ہے۔ اس کے تحت وہ امام کی خدمت میں آئے اور سوال کیا اور امامؑ نے فرمایا: مومن اور کافر کے درمیان واسطہ ہے)

جناب محمد بن یزید البانی نے روایت بیان کی ہے وہ فرماتے ہیں: میں حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہما السلام کی خدمت اقدس میں موجود تھا کہ ابوحنیفہ کے ہم عصر عمر بن قیس

---

۱- قال العلامة المجلسی رحمہ اللہ فی البحار (ج ۱۵) بناء سؤال السائل علی انہ لا واسطة بین الایمان والکفر فاذا لم یکونوا مؤمنین فھم کفار، وبناء جواب الامام (ع) علی الواسطة کما عرفت

۲- قولہ [من عن رسول اللہ] قال العلامة المحدث المجلسی رحمہ اللہ فی البحار (ج ۱۵) من للاستفھام ای لم لم تسألہ من اخبرک بھذا الحدیث عن رسول اللہ [ص] فاجاب بانہ اذا ادعی لعلم ونسب القول الیہ کیف استطیع ان اسألہ من اخبرک- (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

اور عمر بن ذر اپنے اصحاب کی ایک جماعت کے ساتھ امام علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور آپؑ سے ایمان کے بارے میں سوال کیا۔

پس آپؑ نے فرمایا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

لایزنی الزانی وھو مومن ''کوئی بھی زنا کرنے والا حالتِ ایمان میں زنا نہیں کرسکتا'' (یعنی زانی نہیں ہوتا)۔ وہ چوری نہیں کرے گا جبکہ وہ مومن ہوگا اور وہ شراب نہیں پیئے گا جب کہ وہ مومن ہوگا۔ پس جب آپؑ نے یوں فرمایا تو وہ سب ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔

اس کے بعد عمر بن ذر نے عرض کیا: پھر ان کو ہم اس نام سے کیوں پکارتے ہیں۔

پس آپؑ نے ان کے جواب میں فرمایا: اللہ نے ان کو اس نام سے پکارا ہے اور ان اعمال سے اور اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے:

الزانية والزاني فاجلدوا كل واحد منهما مأة جلدة

''زانی عورت اور زانی مرد میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو''۔

والسارق والسارقة فاقطعوا ايديهما

''چور اور چورنی دونوں کے دونوں ہاتھوں کو کاٹ دو''۔

پس اس کے بعد پھر ان لوگوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھنا شروع کر دیا۔ محمد بن یزید بیان کرتا ہے مجھے بشر بن عمر بن ذر جوان لوگوں کے ساتھ تھا اس نے بتایا کہ جب ہم وہاں سے باہر آئے تو عمر بن یزید نے ابوحنیفہ سے کہا کہ تو نے کیوں نہیں ان سے سوال کیا کہ یہ آپ کس سے نقل کر رہے ہیں تو ابوحنیفہ نے کہا: یہ میں کیسے سوال کرسکتا تھا آپ نے دیکھا نہیں ان کا علم اور وہ بہت کچھ رسولِؐ خدا سے نقل کر رہے تھے۔ بھلا میں اس شخص کے بارے میں کیا کہہ سکتا ہوں جو یہ کہہ رہا ہے کہ رسولِؐ خدا نے فرمایا ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

## یہ وہ فرشتہ تھا جو پہلے کبھی زمین پر نازل نہیں ہوا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوحفص عمر بن محمد الصيرفی ﴿قال أخبرنا﴾ محمد بن ادريس ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن عطية ﴿قال حدثنا﴾ الرجل۔ يقال اسرائيل ابن ميسرة بن حبيب۔ عن المنهال عن ذر بن حبيش عن حذيفة قال قال النبی(ص) اما رأيت الشخص الذی اعترض لی قلت بلی يارسول الله قال ذاك ملك لم يهبط قط الی الارض قبل الساعة استأذن الله عزوجل فی السلام علی علی فاذن له فسلم عليه وبشرنی ان الحسن والحسين عزوجل فی السلام علی علی فاذن له فسلم عليه وبشرنی ان الحسن والحسين سيدا شباب اهل الجنة وان فاطمة سيدة نساء اهل الجنة

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے' آپؐ نے فرمایا: اے حذیفہ! کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جو ابھی میرے پاس آیا تھا؟ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں یارسولؐ اللہ! میں نے دیکھا ہے۔ آپؐ نے فرمایا: یہ وہ فرشتہ تھا جو اس سے پہلے کبھی زمین پر نازل نہیں ہوا۔ اس نے بارگاہ خدا سے علی علیہ السلام کو سلام کرنے کے لیے اجازت طلب کی تھی اور اللہ نے اس کو اجازت عطا فرمائی پس اس نے علیؑ کو سلام کیا اور پھر مجھے بشارت دی ہے۔ تحقیق حسن و حسین علیہما السلام دونوں جوانانِ جنت کے سردار ہیں اور تحقیق فاطمہ سلام اللہ علیہا جنت کی عورتوں کی سردار ہے۔

## یہ نبی اکرمؐ کی طرف سے میراث ہے

﴿قال أخبرنی﴾ الحسين بن احمد بن المغيرة ﴿قال أخبرنی﴾ ابومحمد حيدر بن محمد السمرقندی ﴿قال أخبرنی﴾ ابوعمر و محمد بن

https://downloadshiabooks.com/

عمر الكشي ﴿قال حدثنا﴾ حمدويه بن نصير ﴿قال حدثنا﴾ يعقوب بن يزيد عن ابن ابی عمير عن ابن المغيرة قال كنت انا ويحيى بن عبدالله بن الحسن عند ابی الحسن عليه السلام فقال له يحيىٰ جعلت فداك أنهم يزعمون انك تعلم الغيب فقال سبحان الله ضع يدك على رأسی فوالله ما بقيت شعرة فيه ولا فی جسدی الاقامت ثم قال لا والله ما هی الا وراثة عن رسول الله [ص]

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

جناب ابن ابی عمیرؓ نے ابن مغیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت ابوالحسن علی علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں موجود تھا۔ جنابِ یحییٰؒ نے آپؑ کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا: میں آپؑ پر قربان ہوجاؤں یہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ آپؑ غیب کا علم رکھتے ہیں۔

پس آپؑ نے فرمایا: سبحان اللہ اور اس کے بعد آپؑ نے اپنا دستِ اقدس میرے سر پر رکھا۔ خدا کی قسم! میرے جسم کا ہر ایک بال ہیبت کی وجہ سے کھڑا ہوگیا۔ پھر آپؑ نے فرمایا: یہ علم غیب نہیں یہ تو وہ کچھ ہے جو ہمیں رسولؐ خدا سے میراث میں ملا ہے۔

## کبھی غم گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن عن أبيه عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عيسٰی عن محمد بن سنان عن ابراهيم والفضل الاشعريين عن عبدالله بن بكير عن زرارة عن ابی جعفر- او ابی عبدالله "ع" قال اقرب ما يكون العبد الی الكفر ان يواخی الرجل علی الدين فيحصی عليه عثراته وزلاته ليعيبه بها يومًا ﴿قال

https://downloadshiabooks.com/

أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن عن أبیه عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن الحسین بن سعید عن ابن ابی عمیر عن اسماعیل بن ابراهیم عن الحکم بن عتیبة قال قال ابوعبدالله (ع) ان العبد اذا کثرت ذنوبه ولم یکن عنده ما یکفرها ابتلاه الله تعالٰی بالحزن فیکفر عنه ذنوبه۔

**حدیث نمبر 6**: (بحذف اسناد)

حضرت حکم بن عتیبہ رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوعبداللہ الصادق علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے' آپؑ نے فرمایا: تحقیق جب کسی بندے کے گناہ زیادہ ہو جاتے ہیں اور اس کے پاس گناہوں کی بخشش و کفارہ کے لیے کوئی چیز نہیں ہوتی' اللہ تعالیٰ اس بندے کو غم میں مبتلا کر دیتا ہے تاکہ وہ غم اس کے گناہوں کا کفارہ بن جائے۔

## اپنے آپ کو خود وعظ کرو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعید ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن احمد بن مستورد ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن منیر ﴿قال حدثنی﴾ اسحاق بن وزیر ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الفضیل بن عطا مولی مزینة ﴿قال حدثنی﴾ جعفر بن محمد (ع) عن أبیه عن محمد بن علی ابن الحنفیة قال کان اللواء معی یوم الجمل وکان أکثر القتلی فی بنی ضبة فلما انهزم الناس اقبل امیر المؤمنین (ع) ومعه عمار ابن یاسر ومحمد بن ابی بکر رضی الله عنهما فانتهی الی الهودج وکأنه شوك القنفذ مما فیه من النبل فضربه بعضا ثم قال هیه یاحمیراء اردت ان تقتلینی کما قتلت ابن عفان أبهذا امرك الله او عهد

https://downloadshiabooks.com/

به اليك رسول الله (ص) قالت ملكت فاسجح[1] فقال (ع) لمحمد بن ابی بكر انظر هل نالها شيئ من السلاح فوجدها قد سلمت لم يصل اليها الا سهم خرق فی ثوبها خرقا وخدشها خدشا ليس بشيئ فقال ابن ابی بكر يا اميرالمؤمنين قد سلمت من السلاح الا سهما قد خلص الی ثوبها فخدش منه شيئا، فقال علی (ع) احتملها فأنزلها دار ابن ابی خلف الخزاعی ثم امر مناديه فنادی لا يدفف علی جريح، ولا يتبع مدبر، ومن اغلق بابه فهو آمن

**حدیث نمبر 7:** (بحذف اسناد)

حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام اپنے والد گرامی سے اور انہوں نے محمد بن علی بن حنفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ جناب حنفیہ فرماتے ہیں: جنگِ جمل کے دن لشکر کا پرچم میرے پاس تھا۔ جب باغیوں کے اکثر آدمی قتل ہو گئے اور لوگ شکست کھا چکے تو امیر المومنین علی علیہ السلام اور آپؑ کے ساتھ عمار ابن یاسر رضی اللہ عنہ اور محمد ابن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے۔ آپ سب اس محمل کی طرف تشریف لے گئے جو تیروں کے لگنے سے قنفذ کے کانٹوں کی طرح بن چکا تھا۔ پھر آپؑ نے بی بی کو مخاطب کر کے فرمایا: اے حمیراء دُور ہو جاؤ میرے سامنے سے تو مجھے قتل کرنا چاہتی ہے جس طرح تو نے ابن عفان کو قتل کروا دیا تھا؟ کیا اللہ تعالیٰ نے تجھے اس کام کا حکم دیا تھا اور رسولؐ خدا نے جو میرے بارے میں تجھ سے عہد لیا تھا وہ یہ ہے؟

---

1- قال الزبيدی فی تاج العروس شرح القاموس فی مادة [سجح] الاسجاح حسن العفو، ومنه المثل السائر فی العفو عند المقدرة [ملكت فأسجح] وهو مروی عن عائشة قالته لعلی رضی الله عنهما يوم الجمل حين ظهر علی الناس فدنا من هودجها ثم كلمها بكلام فاجابته [ملكت فأسجح] ای ظفرت فأحسن وقدرت فسهل واحسن العفو فجهزها عند ذلك بأحسن الجهاز الی المدينة، ومثله ذكر ابن الجزری فی نهاية الحديث (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

بی بی نے عرض کیا: اے امیرالمومنینؑ! خدا نے آپ کو فتح عطا فرمائی ہے آپ مجھے معاف فرما دیں۔ آپؑ نے محمد بن ابی بکر سے فرمایا: اس کی تلاشی لو۔ اس کے پاس کوئی اسلحہ وغیرہ تو نہیں ہے۔ محمد بن ابی بکر نے بی بی کی تلاشی لی اور اس سے ایک تیر کمان برآمد ہوئی جس کو اس نے اپنے کپڑوں میں چھپا رکھا تھا۔ محمد بن ابی بکرؓ نے عرض کی: یاامیرالمومنینؑ اس سے یہ تیر کمان برآمد ہوئی ہے اور باقی میں نے اس کی پوری تلاشی لے لی ہے اور کوئی چیز اس کے پاس نہیں ہے۔ آپؑ نے فرمایا: اے محمد اس بی بی کو ابن ابی خلف خزاعی کے گھر لے جاؤ اور وہاں اس کو ٹھہراؤ۔ اس کے بعد آپؑ نے منادی کروا دی کوئی بندہ کسی زخمی کو قتل نہ کرے اور کسی بھاگنے والے کا پیچھا نہ کرے اور جو ان میں سے اپنا دروازہ بند کرلے وہ بھی امن میں ہے۔

## حدیثِ غدیر اور ابوحنیفہ

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعيد ﴿قال حدثنا﴾ علي بن الحسين التيملي [قال] وجدت في كتاب ابي [حدثنا] محمد بن مسلم الاشجعي عن محمد بن نوفل بن عائذ الصيرفي قال كنت عند الهيثم بن حبيب الصيرفي فدخل علينا ابوحنيفة النعمان بن ثابت فذكرنا امير المؤمنين (ع) ودار بيننا كلام في غدير خم فقال ابوحنيفة قد قلت لاصحابنا لا تقروا لهم بحديث غدير خم فيخصموكم فتغير وجه الهيثم بن حبيب الصيرفي وقال لم لا تقرون به اما هو عندك يا نعمان قال هو عندي وقد رويته، قال فلم لا تقرون به وقد حدثنا به حبيب بن ابي ثابت عن ابي الطفيل عن زيد بن ارقم ان علياً (ع) نشد الله في الرحبة من سمعه، فقال ابوحنيفة أفلا ترون انه قد جرى في

https://downloadshiabooks.com/

ذلك خوض حتى نشد على الناس لذالك فقال الهيثم فنحن نكذب علياً او نرد قوله فقال ابوحنيفة ما نكذب علياً ولا نرد قولا قاله ولكنك تعلم ان الناس قد غلامنهم قوم فقال الهيثم يقوله رسول اللّٰه (ص) ويخطب به ونشفق نحن منه ونتقيه بغلوغال او قول قائل، ثم جاء من قطع الكلام بمسألة سأل عنها ودارالحديث بالكوفة وكان معنا فى السوق حبيب بن نزار بن حيان فجاء الى الهيثم فقال له قد بلغنى عنك مادار فى على (ع) وقوله وكان حبيب مولى لبنى هاشم فقال له الهيثم النظريمر فيه اكثر من هذا فخفض الامر فحججنا بعد ذلك ومعنا حبيب فدخلنا على ابى عبداللّٰه جعفر بن محمد (ع) فسلمنا عليه فقال له حبيب يا أبا عبداللّٰه كان من الامر كذا وكذا فتبين الكراهية فى وجه ابى عبداللّٰه (ع) فقال له حبيب هذا محمد بن نوفل حضر ذلك فقال له ابو عبداللّٰه (ع) اى حبيب كف خالقوا الناس باخلاقهم وخالفوهم بأعمالكم فان لكل امرئٍ ما اكتسب وهو يوم القيامة مع من احب ، لا تحملوا الناس عليكم وعلينا، وادخلوا فى دهماء الناس فان لنا اياما ودولة يأتى بها اللّٰه اذا شاء فسكت حبيب، فقال (ع) افهمت ياحبيب لا تخالفوا امرى فتندموا، فقال لن اخالف امرك، قال ابوالعباس سألت على بن الحسين عن محمد بن نوفل فقال كوفى، قلت ممن قال احسبه مولى لبنى هاشم وكان حبيب بن نزار بن حيان مولى لبنى هاشم وكان الخبر فيما جرى بينه وبين ابى حنفية حين ظهر امر بنى العباس فلم يمكنهم اظهار ما كان عليه آل محمد (ع)

حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)

جناب محمد بن نوفل بن عائذ صیرفی فرماتے ہیں کہ میں ہیثم بن حبیب صیرفی کے

https://downloadshiabooks.com/

پاس موجود تھا۔ ہمارے پاس ابوحنیفہ نعمان بن ثابت المعروف امام اعظم تشریف لائے۔ ہم نے امیر المومنین علیہ السلام کا ذکر شروع کر دیا اور ہمارے درمیان غدیر خم کے بارے میں بحث چل نکلی۔ ابوحنیفہ نے ہیثم کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: آپ نے میرے ساتھیوں سے کہا ہے کہ حدیث غدیر خم وہ لوگ اقرار نہ کریں۔ اور اس میں تم لوگ جھگڑا اور اختلاف قائم کرو۔ یہ سننا تھا کہ ہیثم بن حبیب صیرفی کے چہرے کا رنگ تبدیل ہو گیا اور کہا وہ کس وجہ سے اس کا اقرار کریں؟ اے نعمان! آپ کے پاس اس کے بارے میں کیا ثبوت ہے؟ جناب ابوحنیفہ نے کہا: میرے پاس اس کا ثبوت ہے اور میں نے اس کو روایت بھی کیا ہے۔ پھر ہم اس کا اعتراف و اقرار کیوں نہ کریں جب کہ ہمارے لیے حبیب بن ابی ثابت نے ابوطفیل سے اور انہوں نے زید بن ارقم سے روایت کی ہے۔ تحقیق علی علیہ السلام نے خود بہت بڑے میدان میں اس کے سننے والوں سے اپنے حق میں احتجاج بھی فرمایا تھا۔ پس ابوحنیفہ نے فرمایا کیا تم لوگوں نے نہیں دیکھا کہ آپ نے اس میں غور و خوض کے بعد اس کو لوگوں پر احتجاج کے طور پر پیش کیا۔ اس کے بعد ہیثم بن حبیب نے کہا: میں اس حدیث کا بھی انکار کرتا ہوں۔ خود علیؑ کی بھی تکذیب کرتا ہوں اور اس کے قول کو بھی رد کرتا ہوں۔ پس جناب ابوحنیفہ نے فرمایا: میں نہ اس حدیث کا انکار کروں گا' نہ ہی علی علیہ السلام کی تکذیب کروں گا' اور ان کے اس احتجاج کو بھی قبول کرتا ہوں لیکن تمہیں جاننا چاہیے کہ لوگوں میں سے ایک قوم علی علیہ السلام کے بارے میں غلو کرتی ہے۔ پس ہیثم نے کہا: یہ رسولؐ خدا نے بھی فرمایا تھا اور اس کے بارے میں خطبہ بھی دیا تھا اور ہم اس کی اصلاح کریں گے اور علی علیہ السلام کو غالیوں کے غلو سے پاک کریں گے (یعنی لوگوں کے غلو کو باطل کریں گے) اور جو کچھ کہنے والے علی علیہ السلام کے بارے میں کہتے ہیں ان کو اس سے روکیں گے۔ پھر اس دوران ایک ایسا شخص آ گیا جس نے ساری بحث کو ختم کروا دیا اور ابوحنیفہ سے ایک مسئلہ پوچھا: پھر یہ حدیث کوفہ میں مورد بحث قرار پائی اور ہمارے ساتھ

https://downloadshiabooks.com/

بازار کوفہ میں حبیب ابن نزار بن حیان تھا کہ ہمارے پاس ہیثم آ گیا۔ پس حبیب بن نزار نے اس سے کہا جو تم لوگوں نے علیؑ کے بارے میں بحث کی ہے اس کے بارے میں مجھے سب کچھ معلوم ہو چکا ہے اور تمہارا قول بھی مجھے معلوم ہو چکا ہے۔ یہ حبیب بن نزار بنو ہاشم کا غلام تھا۔ پس ہیثم نے اس سے کہا: معاملہ اس سے بھی آگے جا چکا ہے۔ یہ معاملہ اسی مقام پر ختم ہو گیا۔ اس کے بعد ہم حج پر گئے اور ہمارے ساتھ حبیب بھی تھا۔ ہم حضرت ابوعبداللہ امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام کیا اور آپؑ نے جواب سلام دیا۔ اس کے بعد حبیب نے عرض کی: اے ابوعبداللہؑ! ہمارے درمیان یوں یوں بحث ہوئی ہے (ساری تفصیل بیان کردی) ابوعبداللہ علیہ السلام کے چہرۂ اقدس پر ناراضگی کے واضح آثار ظاہر ہو گئے۔ پس حبیب نے عرض کی: یہ محمد بن نوفل ہے جو اس بحث میں موجود تھا۔ حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے اس سے فرمایا:

اے حبیب! لوگوں کے برے اخلاق کو اپنے اچھے اخلاق کے ساتھ روکو اور اپنے اعمال میں لوگوں کی مخالفت کرو۔ پس ہر شخص کے لیے وہی کچھ ہے جو وہ کسب کرتا ہے اور قیامت کے دن ہر شخص اس کے ساتھ محشور ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہوگا۔ لوگوں کو اپنے اور ہمارے خلاف نہ اُکساؤ اور لوگوں کی مصیبتوں میں شرکت کرو۔ تحقیق ان شاء اللہ ہماری حکومت بھی قائم ہوگی جس کا وقت اللہ لے کر آئے گا۔ حبیب خاموش رہا۔

آپؑ نے فرمایا: اے حبیب! کیا آپ میری باتوں کو سمجھ گئے ہیں۔ ہمارے امر و حکم کی مخالفت نہ کرو ورنہ ندامت کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

حبیب نے عرض کی: اے مولاؑ! میں آپ کے امر کی مخالفت ہرگز نہیں کروں گا۔

ابوالعباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت علی بن حسین علیہ السلام سے محمد بن نوفل کے بارے میں پوچھا: یہ کہاں کا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: یہ کوفی ہے۔ پھر میں نے عرض کیا: یہ کن میں سے ہے؟ آپؑ نے فرمایا: یہ بنی ہاشم کا غلام ہے اور حبیب بن نزار

https://downloadshiabooks.com/

بن حیان یہ بھی بنو ہاشم کا غلام ہے۔ اور ان کے اور ابوحنیفہ کے درمیان بحث و گفتگو اس وقت ہوئی جب بنی عباس کی حکومت تھی اور آلِ محمدؑ کا حق جو ان پر تھا اس کا اظہار کرنا ان کے لیے ممکن نہیں تھا۔

## اپنے آپ کو خود وعظ کرو

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي عن ابي العباس احمد بن محمد عن محمد بن سالم الازدي عن موسى بن القاسم عن محمد بن عمران البجلي قال سمعت ابا عبدالله (ع) يقول من لم يجعل نفسه له من نفسه واعظاً فان مواعظ الناس لن تغني عنه شيئاً۔

**حدیث نمبر 9:** (بحذفِ اسناد)

جناب محمد بن عمران بجلی نے روایت کی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے سنا کہ آپؑ نے فرمایا:

''جو شخص اپنے آپ کو وعظ و نصیحت نہیں کرتا اس کو دوسرے لوگوں کی وعظ و نصیحت کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا''۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 4

[بروز ہفتہ ۱۵ رمضان المبارک سال ۴۰۴ ہجری قمری]

## طالب علم کے لیے ہر چیز دعا مانگتی ہے

﴿أخبرنا﴾ الشیخ الاجل المفید ابوعبداللّٰہ محمد بن محمد بن النعمان ادام اللّٰہ تأییدہ وتوفیقه قراءة علیه فی هذا الیوم ﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعید الهمدانی ﴿قال حدثنا﴾ ابوموسیٰ هارون بن عمرو المجاشعی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن جعفر بن محمد عن أبیه عن جده قال قال رسول (ص) العالم بین الجهال کالحی بین الاموات، وان طالب العلم لیستغفر له کل شیئ حتیٰ حیتان البحر وهوام الارض وسباع البر وانعامه، فاطلبوا العلم فانه السبب بینکم وبین اللّٰہ عزوجل وان طلب العلم فریضة علی کل مسلم۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

جناب ابوموسیٰ ہارون بن عمرو المجاشعی نے روایت کی ہے کہ وہ فرماتے ہیں مجھے حضرت محمد بن جعفر بن محمد نے اپنے والد گرامی سے اور انہوں نے اپنے جد بزرگوار سے اور انہوں نے رسولؐ خدا سے نقل کیا ہے آپؐ نے فرمایا:

"عالم جاہلوں کے درمیان ایسے ہے جیسے مُردوں کے درمیان ایک زندہ ہو۔ تحقیق

https://downloadshiabooks.com/

طالب علم کے لیے ہر چیز حتیٰ کہ دریاؤں، سمندروں کی مچھلیاں، زمین کے حشرات اور جنگل کے درندے سب ہی مغفرت طلب کرتے ہیں۔ پس علم حاصل کرو کیونکہ یہ علم ہی تمہارے اور اللہ کے درمیان وسیلہ و رابطہ ہے اور ہر مسلمان پر علم کا حاصل کرنا واجب ہے"۔

## عمل تقویٰ کے ساتھ قبول ہوتا ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعید ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن هارون بن عبد الرحمن الحجازی ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾عیسیٰ بن ابی الورد عن احمد بن عبدالعزیز عن ابی عبداللّٰه (ع) قال قال امیرالمؤمنین (ع) لا یقل التقویٰ عمل وکیف یقل ما یتقبل۔

<u>حدیث نمبر 2</u>: (بحذف اسناد)

جناب احمد بن عبدالعزیز نے حضرت امام ابوعبداللہ علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے آپؑ نے فرمایا کہ امیرالمؤمنین علی علیہ السلام فرماتے ہیں: "جو عمل تقویٰ کے ساتھ ہو اس کو کم شمار نہ کرو کیونکہ جو قبول ہو جائے وہ قلیل کیسے ہو سکتا ہے؟

## اس اُمت کے لوگ تین قسم کے ہوں گے

﴿قال أخبرنی﴾ الشریف ابو عبداللّٰه محمد بن الحسین الجوانی ﴿قال أخبرنی﴾ ابوطالب المظفر بن جعفر بن المظفر العلوی العمری عن جعفر بن محمد بن مسعود ﴿قال حدثنا﴾ نصر بن احمد [قال حدثنا] علی بن حفص ﴿قال حدثنا﴾ خالد القطوانی ﴿قال حدثنا﴾ یونس بن ارقم ﴿قال حدثنا﴾ عبدالحمید بن ابی الخنسا عن زیاد بن یزید عن أبیه عن جده فروة الظفاری قال سمعت سلمان رحمه اللّٰه یقول قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه

https://downloadshiabooks.com/

وآله وسلم تفترق امتی ثلاث فرق فرقة علی الحق لا ينقص الباطل منه شيئا يحبوننی ويحبون اهل بيتی مثلهم كمثل الذهب الجيد كلما ادخلته النار فاوقدت عليه لم يزده الاجودة، وفرقة علی الباطل لا ينقص الحق منه شيئا يبغضوننی ويبغضون اهل بيتی مثلهم مثل الحديد كلما ادخلته النار فاوقدت عليه لم يزده الا شراً، وفرقة مدهدهة[1] علی ملة السامری لا يقولون لامساس لكنهم يقولون لاقتال، امامهم عبدالله بن قيس الاشعری[2]

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کے تین گروہ ہوں گے:

① ایک فرقہ اور گروہ حق پر ہوگا اور باطل ان سے کوئی چیز کم نہیں کر سکے گا۔ یہ مجھ سے اور میرے اہلِ بیتؑ سے محبت کرتے ہوں گے۔ ان کی مثل خالص سونے کی ہے جس کو آگ میں ڈالا جاتا ہے تو آگ اس کو گرم کر کے اس کو اور بہتر بنا دیتی ہے۔

② دوسرا فرقہ اور گروہ وہ ہیں جو باطل پرست ہیں۔ ان کو حق کسی چیز کا فائدہ نہیں دیتا۔ یہ وہ لوگ ہیں جو مجھ سے اور میرے اہلِ بیتؑ سے عداوت وبُغض رکھتے ہوں گے۔ ان کی مثال لوہے جیسی ہے جس کو آگ میں ڈالا جائے تو سوائے شر و فساد کے کسی چیز کا اضافہ نہیں کرتا۔

③ تیسرا گروہ وہ ہے جو دین میں پریشان ہوں گے اور حق پر قائم نہیں رہیں گے۔ وہ

---

١- مدهدهة ، يقال دهده الحجر فتدهده دحرجه من علو الی سفل فتدحرج- فكأنه يريد صلی الله عليه وآله وسلم انها مضطربة فی الدين لاتستقيم علی أمر-

٢- عبدالله بن قيس الاشعری هذا هو ابوموسیٰ الاشعری المشهور لحب القصة ايام التحكيم فی صفين (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

سامری کے پیروکار رہوں گے۔ وہ یہ نہیں کہیں گے کہ (احساس) یعنی مخالفتِ حق نہ کرو لیکن یہ ضرور کہیں گے کہ جنگ نہ کرو۔ ان کا رہنما وامام عبداللہ بن قیس اشعری ہوگا۔

## حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی دعا

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد ابن محمد بن سعيد ﴿قال حدثنا﴾ عمر بن عيسى بن عثمان [قال حدثنا] ابی [قال حدثنا] خالد بن عامر بن عباس عن محمد بن سويد الاشعری - قال دخلت انا وفطر بن خليفة على جعفر بن محمد (ع) فقرب الينا تمراً فأكلنا وجعل يناول فطراً منه ثم قال له كيف الحديث الذی حدثتنی عن ابی الطفيل رحمه الله فی الابدال من اهل الشام والنجباء من اهل الكوفة يجمعهم الله لشر يوم لعدونا، فقال جعفر الصادق (ع) رحمكم الله بنا يبدأ البلاء ثم بكم وبنا الرخاء ثم بكم رحم الله من حببنا الى الناس ولم يكرهنا اليهم -

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

محمد بن سوید اشعری نے روایت بیان کی ہے وہ کہتے ہیں کہ فطر بن خلیفہ جعفر بن محمد علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپؑ نے ہمارے سامنے کھجوریں پیش کیں ہم نے ان کو کھایا اور اس کے بعد اس نے کہا: وہ حدیث کیا تھی جس کو آپؑ نے میرے لیے ابو طفیلؒ سے نقل کیا تھا جو اہلِ شام کے بزرگوں اور اہلِ کوفہ کے رئیسوں کے بارے میں ذکر کی گئی تھی جن کو خدا اس دن جمع کرے گا جس کا شر ہمارے دشمنوں کے لیے ہوگا پس امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے۔ مصیبت و بلا ہم سے شروع ہوتی ہے اور پھر تمھارے پاس آتی ہے اور نرمی و مہربانی پہلے ہم پر ہوتی ہے اور پھر

https://downloadshiabooks.com/

تمھارے پاس آتی ہے۔ خداوند متعال رحمت نازل کرے اس شخص پر جو ہمیں لوگوں کا محبوب بنائے اور لوگوں کو ہم سے دور نہ کرے۔

## رسولِ خدا کا جنازہ کیسے پڑھا گیا؟

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن محمد القرشی اجازة ﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن علی بن الحسن بن فضال ﴿قال حدثنا﴾ الحسين بن نصر ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن عبدالله بن عبدالملك ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبدالله عبدالرحمن المسعودی عن عمرو بن حريث الانصاری عن الحسين بن سلمة البنانی عن ابی خالد الكابلی عن ابی جعفر محمد بن علی الباقر (ع) قال لما فرغ اميرالمؤمنين (ع) من تغسيل رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم وتكفينه وتحنيطه اذن للناس وقال ليدخل منكم عشرة عشرة ليصلوا عليه فدخلوا وقام اميرالمؤمنين (ع) بينه وبينهم وقال ان الله وملائكته يصلون على النبی یاایها الذین آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما ] وكان الناس يقولون كما يقول ابوجعفر (ع) وهكذا كانت الصلاة عليه (ص)

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

جناب ابوخالد کابلی رضی اللہ عنہ نے حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے آپؑ نے فرمایا:

جب امیرالمومنین علی علیہ السلام رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غسل اور کفن و حنوط سے فارغ ہو گئے۔ آپؑ نے لوگوں کو اجازت عطا فرمائی اور فرمایا: تم میں سے دس دس آدمیوں کا گروہ داخل ہو جائے اور آپؐ پر درود پڑھے۔ پس لوگ دس دس کے گروہ کی

https://downloadshiabooks.com/

شکل میں نبی اکرمؐ کے حجرۂ اقدس میں داخل ہوتے رہے اور امیر المومنین علیہ السلام و نبی اکرمؐ اور لوگوں کے درمیان کھڑے ہوتے اور آپ قرآن کی یہ آیت "ان اللہ وملائکته یصلون علی النبی یا ایھا الذین آمنوا صلوا علیه وسلموا تسلیما کی تلاوت فرماتے اور لوگ بھی آپؑ کے ساتھ اس آیت کی تلاوت فرماتے اور درود پڑھتے جیسا کہ امام ابو جعفر علیہ السلام نے فرمایا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز جنازہ ایسے ہی ادا کی گئی۔

## زید بن علی بن حسین علیہ السلام

﴿قال أخبرني﴾ ابو غالب احمد بن محمد الزراری ﴿قال حدثنا﴾ ابو القاسم حميد بن زياد ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن محمد عن محمد بن محمد بن الحسن بن زياد العطار عن أبيه الحسن بن زياد قال لما قدم زيد بن علی الكوفة دخل قلبي من ذلك بعض ما يدخل ، قال فخرجت الى مكة ومررت بالمدينة فدخلت على ابي عبدالله (ع) وهو مريض فوجدته على سرير مستلقيا عليه وما بين جلده وعظمه شيئ فقلت انی احب ان اعرض عليك ديني فانقلب على جنبه ثم نظر الى فقال ياحسن ما كنت احسبك الا وقد استغنيت عن هذا ثم قال هات فقلت اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمداً رسول الله ، فقال (ع) معي مثلها ، فقلت وانا مقر بجميع ماجاء به محمد بن عبدالله (ص)، قال فسكت، قلت واشهد ان علياً اما بعد رسول الله (ص) فرض طاعته من شك فيه كان ضالا ومن جحده كان كافرا، قال فسكت، قلت واشهد ان الحسن والحسين (ع) بمنزلته حتى انتهيت اليه (ع) فقلت واشهد انك بمنزلة الحسن والحسين (ع) ومن تقدم من الأئمة

https://downloadshiabooks.com/

(ع) فقال (ع) كف قد عرفت الذی ترید ما ترید الا ان أتولاك علی هذا،
قلت فاذا أتولیتنی علی هذا فقد بلغت الذی اردت ، قال تولیتك علیه فقلت
جعلت فداك انی قد هممت بالمقام قال ولم قلت ان ظفر زید واصحابه
فلیس احداً سوأ حالا عندهم منا وان ظفر بنو أمیة فنحن بتلك المنزلة ، قال
فقال لی انصرف لیس علیك بأس ألی ولا من ألی۔

حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)

جناب محمد بن محمد بن حسن بن زیاد عطار نے اپنے والد گرامی حسن بن زیاد سے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں: جب کوفہ میں زید بن علی کے قیام والا واقعہ رونما ہوا تو میرے دل میں کچھ خطور پیدا ہوئے۔ پس میں مکہ کی طرف چلا گیا۔ جب میں مدینہ کے قریب سے گزر رہا تھا میں حضرت ابوعبداللہ جعفر صادق کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ آپؑ بیمار تھے۔ میں نے آپ کو بستر پر سیدھا لیٹے ہوئے پایا اور آپؑ کی جلد اور ہڈی کے درمیان کوئی چیز واضح نظر آ رہی تھی۔ پس میں نے آپ کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا: اے میرے مولاؑ! میں آپؑ کی خدمت میں اپنے عقائد کو بیان کرنا چاہتا ہوں تاکہ اگر وہ درست ہوں تو میں اس پر قائم رہوں۔ پس آپؑ نے میری جانب کروٹ لی اور میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا:

اے حسن! میں گمان کرتا ہوں کہ اس کی ضرورت نہیں ہے۔ پھر آپؑ نے فرمایا: اچھا بیان کرو۔ پس میں نے کہا: اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمداً رسول الله آپؑ نے بھی میرے ساتھ ان کلمات کو اپنی زبان پر جاری فرمایا اور اس کے بعد میں نے عرض کیا: اے مولاؑ! جو کچھ حضرت محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا ہے میں اس پر ایمان رکھتا ہوں۔ آپؑ اس پر خاموش رہے۔ پھر میں نے عرض کیا:

میں گواہی دیتا ہوں کہ علی علیہ السلام رسولؐ خدا کے بعد امام ہیں کہ جن کی اطاعت

https://downloadshiabooks.com/

اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرض و واجب قرار دی گئی ہے اور جو اس کے بارے میں شک کرے گا وہ گمراہ ہے اور جو اس کا انکار کرے گا وہ کافر ہے۔ امامؑ خاموش رہے۔ پھر میں نے عرض کیا کہ تحقیق حسن و حسین علیہما السلام بھی ایسے ہی ہیں یہاں تک کہ میں اقرار کرتا ہوا آپ کے اسم گرامی تک پہنچ گیا۔

میں نے عرض کیا: (اے فرزندِ رسولؐ) میں گواہی دیتا ہوں تحقیق اب بھی امام حسن و حسین علیہما السلام اور جو ان کے بعد گزرے ہیں ان سب کی مانند ہیں یعنی آپ بھی امام ہیں جن کی اطاعت خدا کی طرف سے واجب ہے۔ اس کے بعد آپؑ نے فرمایا: بس کرو جو کچھ تم بیان کرنا چاہتے تھے وہ میں جان چکا ہوں اور جو کچھ آپ نے بیان کیا ہے یہ اس وقت تک کافی نہیں جب تک ہمارے ساتھ آپ کی ولایت و محبت اور دوستی نہ ہو۔

میں نے عرض کیا: میں اس پر آپؑ سے ولایت و محبت رکھتا ہوں۔ پھر میں نے عرض کیا: جب آپ مجھ سے ولایت اس طرح رکھتے ہیں تو پس میں نے جس کا ارادہ کیا تھا اس تک میں پہنچ گیا ہوں۔ پھر آپؑ نے فرمایا: میں آپ سے ولایت و محبت رکھتا ہوں۔ پس میں نے عرض کیا: میں آپؑ پر قربان ہو جاؤں۔ تحقیق میں اس مقام پر بے چین و غمگین ہوں۔ پھر آپؑ نے فرمایا (اگر ایسا ہے تو پھر تو نے) یہ کیوں کہا تھا۔ اگر زید اور اس کے ساتھی کامیاب ہوگئے تو ہمارا حال ان کے نزدیک اس سے بھی بُرا ہوگا اور اگر بنو اُمیہ کامیاب ہوگئے تو ہم جیسے ہیں ویسے ہی رہیں گے۔ حسن کہتا ہے اس کے بعد آپؑ نے مجھے فرمایا: جاؤ اب چلے جاؤ آپ پر کوئی حرج نہیں ہے۔

## آلِ محمدؐ کی زبان سے مدد کرنے والے کا اجر

﴿قال أخبرني﴾ الشريف ابو محمد الحسن بن حمزة الطبري ﴿قال قال حدثنا﴾ ابو الحسن علی بن حاتم القزويني ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس

https://downloadshiabooks.com/

محمد بن جعفر المخزومی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن شمون البصری عن عبد اللّٰہ بن عبدالرحمٰن ﴿قال حدثنی﴾ الحسین بن یزید عن جعفر بن محمد عن أبیه (ع) قال من اعاننا بلسانه علی عدونا انطقه اللّٰہ بحجته یوم موقفه بین یدیه عزوجل۔

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

جناب حسین بن زید نے حضرت امام جعفر بن محمد علیہ السلام سے اور انہوں نے واپنے والد گرامی علیہ السلام سے روایت بیان کی ہے' آپ نے فرمایا:

جو شخص ہمارے دشمن کے مقابلے میں زبان سے ہماری مدد کرے گا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے سامنے اس کو اپنی دلیل وحجت پیش کرنے کی اور بولنے کی اجازت عطا فرمائے گا۔

## دل وزبان سے الائمۃ علیہم السلام کی مدد کرنے کا ثواب

﴿قال أخبرنی﴾ الشریف ابومحمد الحسن بن حمزة ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن عبداللّٰہ عن جده احمد بن عبداللّٰہ ﴿قال حدثنی﴾ ابی عن داؤد بن النعمان عن عمرو بن ابی المقدام عن أبیه عن الحسن بن علی (ع)۔ انه قال من احبنا بقلبه ونصرنا بیده ولسانه فهو معنا فی الغرفة التی نحن فیها ومن احبنا بقلبه ونصرنا بلسانه فهو دون ذلك بدرجة ، ومن احبنا بقلبه وكف بیده ولسانه فهو فی الجنة –

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

حضرت حسن بن علی علیہما السلام سے روایت ہے' آپ نے فرمایا: جو شخص اپنے دل میں ہماری محبت رکھتا ہو اور اپنے ہاتھ اور زبان سے ہماری مدد کرے گا پس وہ قیامت کے

https://downloadshiabooks.com/

دن ہمارے محل میں ہمارے ساتھ ہوگا اور جو شخص اپنے دل میں ہماری محبت رکھتا ہو اور زبان سے ہماری مدد کرتا ہوگا وہ ایک درجہ کم ہمارے نزدیک ہوگا اور جو شخص اپنے دل میں ہماری محبت رکھتا ہو اور اپنے ہاتھ اور انسان کو روک کر رکھتا ہوگا وہ جنت میں ہوگا۔

## بے قصد گفتگو ترک کرنا مستحب ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر بن سلم ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعيد ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن يوسف ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن يزيد ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن رزق عن ابى زياد الفقيمى عن ابى عبدالله جعفر بن محمد عن أبيه عن على بن الحسين (ع) قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من حسن اسلام المرء تركه الكلام فيما لا يعنيه

**حدیث نمبر 9: (بحذف اسناد)**

حضرت علی زین العابدین بن حسین علیہ السلام نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرمائی ہے' آپؐ نے فرمایا:

''جب کوئی شخص اسلام اچھے انداز میں قبول کر لیتا ہے تو پھر وہ بے ہودہ گفتگو کو چھوڑ دیتا ہے''۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 5

[بروز پیر ۱۷ رمضان المبارک سال ۴۰۴ ہجری قمری]

## بیماری گناہوں سے طہارت کا سبب ہے

ومما املاہ فی یوم الاثنین السابع عشر منه وسمعه ابو الفوارس أبقاہ الله ؛ أخبرنی الشیخ الجلیل المفید ابو عبدالله محمد بن محمد بن النعمان ادام الله حراسته وتوفیقه قراءۃ علیه ﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر بن سلم الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبدالله جعفر بن محمد الحسنی ﴿قال حدثنا﴾ الفضل بن القاسم ﴿قال حدثنی﴾ أبی عن جدی عن أبیه عن جدہ عبدالله بن محمد بن عقیل بن ابی طالب "قال" سمعت علی بن الحسین زین العابدین (ع) یقول ما اختلج عرق ولا صدع مؤمن قط الا بذنبه وما یعفو الله عنه أکثر ، وکان اذا رأی المریض قد برئ قال لیهنئك الطهر من الذنوب فاستأنف العمل ۔

**حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)**

حضرت امام علی زین العابدین بن حسین علیہ السلام فرماتے ہیں: مومن مریض سے کوئی قطرہ پسینے کا نہیں گرتا اور کوئی بیماری کی وجہ سے کراہتا نہیں مگر یہ کہ اس کے گناہ جھڑ جاتے ہیں اور خدا جو کچھ اس کے گناہوں کو معاف کرتا ہے وہ اس کی تکلیف سے زیادہ ہوتا ہے اور جب مومن مریض اپنے آپ کو صحت مند دیکھتا ہے تو آوازِ قدرت آتی ہے (اسے

https://downloadshiabooks.com/

میرے مومن بندے) تجھے تیرا گناہوں سے پاک ہونا مبارک ہو۔ اب نئے سرے سے عمل کو انجام دو۔

## ابنِ مسعود کا نبی اکرمؐ سے ابوبکر و عمر کی خلافت کے بارے میں سوال

﴿قال أخبرني﴾ ابوحفص عمر بن محمد بن علی الصیرفی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسین العباس بن المغیرة الجوهری ﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر احمد ابن منصور الرمادی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالرزاق ﴿قال أخبرنا﴾ ابی عن میٖنا مولی عبدالرحمٰن بن عوف عن عبدالله بن مسعود[1] قال خرجنا مع رسول الله (ص) لیلة وفد الجن قال فحط علی[2] ثم ذهب فلما رجع تنفس وقال نعیت الی نفسی یابن مسعود فقلت استخلف یارسول الله- قال من قلت ابابکر قال فمشی ساعة ثم تنفس وقال نعیت الی نفسی یابن مسعود فقلت استخلف یارسول الله- قال من قلت عمر فسکت ثم مشی ساعة وتنفس وقال نعیت الی نفسی یابن مسعود فقلت استخلف یارسول الله، قال من قلت عثمان فسکت ثم مشی ساعة فقال نعیت الی نفسی یابن مسعود فقلت استخلف یارسول الله قال من قلت علی بن ابی طالب فتنفس ثم قال والذی نفسی بیده لئن اطاعوه لیدخلن الجنة اجمعین اکتعین-

---

۱- أورد هذا الحديث مؤيد الدين اخطب خوارزم الخوارزمي في كتاب المناقب باسناده الى عبدالله بن مسعود ايضاً ولكن بتغيير يسير-

۲- علی بضم العین المهملة ثم لام مفتوحة والف مقصورة موضع من ناحیة وادی القریٰ نزله رسول الله (ص) فی طریقه الی تبوك وفیه مسجد قاله الجزری فی النهایة والزبیدی فی التاج (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)**

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپؑ نے فرمایا کہ ہم ایک رات حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینہ سے باہر نکلے۔ ایک جن آپؐ کی خدمت میں قاصد بن کر آیا۔ راوی بیان کرتا ہے۔ آپؐ ایک مقام علی (یعنی گہرائی) کی طرف اُتر گئے۔ جب آپؐ لوٹے تو کچھ دیر آرام کرنے کے بعد آپؐ نے فرمایا: اے ابن مسعودؓ! میں تجھے اپنی آخری وقت کے قریب ہونے کی خبر دیتا ہوں۔ پس میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپؐ اپنا خلیفہ مقرر فرما دیں۔ آپؐ نے فرمایا: کس کو اپنا خلیفہ مقرر کروں؟ میں نے عرض کیا: ابوبکر کو۔ آپؐ خاموش ہو گئے اور آپؐ نے چلنا شروع کر دیا۔ کچھ دیر کے بعد آپؐ نے پھر سانس لیا اور فرمایا: اے ابن مسعودؓ! میں تجھے اپنے آخری وقت کے قریب ہونے کی اطلاع دیتا ہوں۔ پس میں نے پھر عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپ کسی کو اپنا خلیفہ مقرر فرما دیں۔ آپؐ نے فرمایا: کس کو؟ میں نے عرض کیا: عمر کو۔ آپؐ پھر خاموش ہو گئے اور پھر آپؐ نے چلنا شروع کر دیا۔ کچھ دیر چلنے کے بعد آپ نے پھر آرام کیا اور فرمایا: اے ابن مسعودؓ! میں تجھے اپنے آخری وقت کے قریب ہونے کی خبر دے رہا ہوں۔ پس میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپ کسی کو اپنا خلیفہ مقرر فرما دیں۔ آپؐ نے فرمایا: کس کو؟ میں نے عرض کیا: عثمان کو۔ آپؐ پھر خاموش ہو گئے اور چلنا شروع ہو گئے۔ کچھ دیر کے بعد آپؐ نے پھر آرام فرمایا اور فرمایا: ابن مسعودؓ! میں تجھے اپنے آخری وقت کے قریب ہونے کی خبر دیتا ہوں۔ پس میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپ کسی کو اپنا خلیفہ مقرر کر دیں۔ آپؐ نے فرمایا: کس کو؟ میں نے عرض کیا: علی بن ابی طالبؑ کو۔ میں بھی آپؐ نے سانس لیا، پھر فرمایا: مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر تم لوگ میرے بعد اس کی اطاعت کرو گے تو وہ ضرور تم سب کو جنت میں لے جائے گا۔

https://downloadshiabooks.com/

## نبی اکرمؐ کے پاس لوگوں کا شور کرنا اور نبی کا قُومُوا عَنِّی فرمانا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوحفص عمر بن محمد بن علی الصیرفی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسین العباس بن المغیرة الجوهری ﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر احمد ابن منصور الرمادی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن صالح ﴿قال حدثنا﴾ عتبة ﴿قال أخبرنی﴾ یونس عن ابن شہاب عن عبیداللّٰہ بن عبداللّٰہ بن عتبة عن عبداللّٰہ بن عباس قال لما حضرت النبی (ص) الوفاة وفی البیت رجال فیہم عمر بن الخطاب، فقال رسول اللّٰہ (ص) هلموا اكتب لكم كتاباً لن تضلوا بعده أبداً فقال لا تؤتوه بشیء فانه قد غلبه الوجع وعندكم القرآن حسبنا كتاب اللّٰہ - فاختلف اهل البیت واختصموا فمنهم من یقول قوموا یکتب لکم رسول اللّٰہ ومنهم من یقول ما قال عمر، فلما کثر اللغط والاختلاف قال رسول اللّٰہ (ص) قوموا عنی، قال عبیداللّٰہ بن عبداللّٰہ بن عتبة: کان ابن عباس رحمه اللّٰہ یقول الرزیة کل الرزیة ما بین رسول اللّٰہ (ص) وبین ان یکتب لنا ذلک الکتاب من اختلافهم ولغطهم۔

ترجمہ حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)

حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کا وقت قریب آیا آپؐ کے گھر میں بہت زیادہ لوگ جمع تھے۔ ان میں عمر بن خطاب بھی موجود تھے۔ پس رسولؐ خدا نے فرمایا: کاغذ اور قلم لے کر آؤ تاکہ میں تمہارے لیے ایک ایسی تحریر لکھ دوں جس کے بعد تم کبھی گمراہ نہ ہو گے۔ پس ایک بندے نے کہا کہ کوئی چیز لے کر نہ آنا کیونکہ نبی پر بیماری غلبہ کر چکی ہے تمہارے پاس قرآن ہے ہمیں اللہ کی کتاب کافی ہے۔ پس گھر میں موجود لوگوں کے درمیان اختلاف ہو گا اور ان

https://downloadshiabooks.com/

میں جھگڑا ہوگیا۔ ان میں سے بعض وہ لوگ جو یہ کہہ رہے تھے کاغذ و قلم لے کر آجاؤ تا کہ نبی اکرمؐ تحریر لکھ دیں اور بعض وہ تھے جو عمر کے قول کو دہرا رہے تھے۔ جب شور و غل و اختلاف زیادہ ہوگیا۔ رسولِ خدا نے فرمایا: قُومُوا عَنِّی (میرے قریب سے چلے جاؤ)۔

عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے ذکر کیا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے: ہر مصیبتوں سے بڑی مصیبت وہ تھی جو رسولِ خدا اور ان کی تحریر کے درمیان حائل و مانع ہوگئی جو آپؐ ہمارے لیے لکھنا چاہتے تھے اور وہ لوگوں کا اختلاف اور شور و غل تھا۔

## جن لوگوں کو حوضِ کوثر سے ہٹایا جائے گا وہ میرے اصحاب ہوں گے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر بن سلم الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو عبداللّٰہ جعفر بن محمد الحسنی ﴿قال حدثنا﴾ ابو موسی عیسی بن مہران المستعطف ﴿قال أخبرنا﴾ عفان بن مسلم ﴿قال حدثنا﴾ وهیب ﴿قال حدثنا﴾ عبداللّٰہ بن عثمان بن خثیم عن ابن ابی ملیکة عن عائشة قالت سمعت رسول اللّٰہ (ص) یقول انی علی الحوض انظر من یرد علی منکم ولیقطعن برجال دونی فأقول یارب اصحابی اصحابی فیقال انك لا تدری ما عملوا بعدك انهم مازالوا یرجعون علی اعقابهم القهقری

**حدیث نمبر 4: (بحذفِ اسناد)**

جناب بی بی عائشہ ام المومنین سے روایت ہے وہ کہتی ہیں میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آپؐ نے فرمایا:

میں حوضِ کوثر پر کھڑا ہوں گا اور میں دیکھ رہا ہوں گا تم میں سے لوگ میرے پاس حوضِ کوثر پر وارد ہوں گے اور ان لوگوں کو میرے سے دور ہٹایا جائے گا اور میں آواز دے کر پکاروں گا۔ اے میرے رب! یہ لوگ میرے اصحاب ہیں میرے اصحاب ہیں۔

https://downloadshiabooks.com/

پھر مجھے کہا جائے گا اے میرے نبیؐ! آپؐ نہیں جانتے کہ انہوں نے آپؐ کے بعد کیا کچھ کیا تھا۔ پس یہ سب آپؐ کے بعد ہمیشہ کے لیے اپنے قدم پر قہراً واپس پلٹ گئے تھے۔

## کچھ اصحاب قیامت کو بھی رسول اکرمؐ کی دوبارہ زیارت نہیں کر سکیں گے

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر بن محمد بن عمر بن سلم ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبدالله جعفر بن محمد الحسني ﴿قال حدثنا﴾ عيسٰى بن مهران ﴿قال أخبرنا﴾ ابومعاوية الضرير ﴿قال حدثنا﴾ الأعمش عن شقيق عن ام سلمة زوج النبي (ص) قال دخل عليها عبدالرحمٰن بن عوف فقال يا أمة قد خفت ان يهلكني كثرة ما لي انا اكثر قريش مالاً قالت يابني فأنفق فاني سمعت رسول الله (ص) يقول من اصحابي من لا يراني بعد ان افارقه – قال فخرج عبدالرحمن فلقي عمر بن الخطاب فأخبره بالذي قالت أم سلمة فجاء يشتد حتى دخل عليها ، فقال بالله يا أمة انا منهم فقالت لا اعلم ولن ابرئ بعدك احداً –

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

جناب شفیق رضی اللہ عنہ نے جناب اُم المومنین اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت بیان کی ہے وہ فرماتے ہیں: زوجۂ نبی کی خدمت اقدسہ میں عبدالرحمٰن بن عوف حاضر ہوئے اور عرض کیا: اے اُم المومنینؓ مجھے ڈر لگتا ہے کہ یہ میرا زیادہ مال مجھے کہیں ہلاک نہ کر دے اور قریش میں سب سے زیادہ مال دار بھی میں ہی ہوں۔ اُم المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اس مال کو راہِ خدا میں خرچ کرو کیونکہ میں نے خود رسولؐ خدا سے سنا ہے آپؐ نے فرمایا: میرے بعض اصحاب ایسے ہوں گے جو مجھ سے ایک دفعہ جدا ہونے کے بعد کبھی بھی میری زیارت نہیں کر پائیں گے۔ عبدالرحمٰن وہاں سے نکلے تو ان کی ملاقات

https://downloadshiabooks.com/

جناب عمر بن خطاب سے ہوگئی۔ آپ نے ابن خطاب کو ساری خبر سنا دی جو اُم المومنین نے فرمائی تھی۔ حضرت عمر بھی بی بی رضی اللہ عنہا کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ یہ خبر آپ پر بہت گراں گزری۔ پس آپ نے کہا: اے اماں پاک (رضی اللہ عنہا) کیا میں ان لوگوں میں سے ہوں جو دوبارہ نبیؐ کی زیارت نہیں کر پائیں گے۔ بی بی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: اے عمر! میں تو نہیں جانتی کہ تو ان میں سے ہے یا نہیں اور میں تیرے بعد بھی کسی کو اس سے بری نہیں کرسکتی۔

## حضرت اسماعیلؑ نے حضرت امام حسینؑ کی اتباع کی

﴿قال أخبرنا﴾ الشريف ابوعبدالله محمد بن محمد بن طاهر الموسوى ﴿قال أخبرنا﴾ ابوالعباس احمد بن محمد بن سعيد الهمدانى ﴿قال حدثنا﴾ يحيىٰ بن زكريا بن شيبان ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن سنان ﴿قال أخبرنى﴾ احمد بن سليمان القمى الكوفى' قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد (ع) يقول ان كان النبى من الانبياء ليبتلى بالجوع حتىٰ يموت جوعاً، وان كان النبى من الانبياء ليبتلى بالعطش حتى يموت عطشاً، وان كان النبى من الانبياء ليبتلى بالعراء حتىٰ يموت عرياناً، وان كان النبى من الانبياء ليبتلى بالسقم والأمراض حتىٰ تتلفه، وان كان النبى ليأتى قومه فيقوم فيهم بأمرهم بطاعة الله ويدعوهم الى توحيد الله وما معه مبيت ليلة فمايتركونه يفرغ من كلامه ولا يستمعون اليه حتىٰ يقتلوه، وانما يبتلى الله تبارك وتعالى عباده على قدر منازلهم عنده ﴿قال أخبرنى﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابى ﴿قال حدثنا﴾ ابوالعباس احمد بن محمد بن سعيد ﴿قال حدثنا﴾ يحيىٰ بن زكريا ﴿قال حدثنا﴾ عثمان بن عيسىٰ عن احمد بن

https://downloadshiabooks.com/

سلیمان وعمران ابن مروان عن سماعة ابن مہران قال سمعت ابا عبداللہ جعفر بن محمد (ع) یقول ان الذی قال اللہ فی کتابہ "واذکر فی الکتاب اسماعیل انہ کان صادق الوعد وکان رسولا نبیا" سلط علیہ قومہ فکشطوا وجھہ وفروۃ رأسہ فبعث اللہ الیہ ملکاً فقال لہ ان رب العالمین یقرئک السلام ویقول قد رأیت ما صنع بک فسلنی ما شئت فقال یارب العالمین لی بالحسین بن علی بن ابی طالب (ع) أسوۃ، قال ابو عبداللہ (ع) ولیس ھو اسماعیل بن ابراھیم علی نبینا وعلیھما السلام۔

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

جناب احمد بن سلیمان القمی کوفی سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

انبیاءؑ میں اگر کسی نبی کو اللہ بھوک میں مبتلا کردے گا تو وہ اس میں رہے گا یہاں تک کہ وہ بھوک میں ہی مر جائے گا اور اگر کوئی نبی پیاس میں مبتلا ہوگا تو اس میں ہی مبتلا رہے گا یہاں تک کہ وہ پیاسا ہی اس دنیا سے چلا جائے گا۔ اور اگر وہ کسی نبی کو تنگ دستی اور عریانی میں مبتلا کردے گا تو وہ اس میں مبتلا رہے گا یہاں تک کہ اس کو موت آ جائے گی اور اگر نبیوں میں سے کسی نبی کو بیماری میں مبتلا کردے گا تو وہ اس میں مبتلا رہے گا یہاں تک کہ وہ بیماری اس کو تلف کردے گی۔ اور کوئی نبی اپنی قوم میں آئے اور وہ ان میں کھڑا ہو کر ان کو اللہ کی اطاعت کا حکم دے گا اور ان کو اللہ کی توحید کی دعوت دے گا اور اس کے پاس فقط ایک رات کا وقت ہی ہو۔ وہ قوم والے اس کو اتنی مہلت نہیں دیں گے کہ وہ اپنی بات کو پورا کرے، اور اس کے کلام کو نہیں سنیں گے حتیٰ کہ اس کو قتل کردیں گے اور سوائے اس کے نہیں ہے کہ اللہ اپنے تمام بندوں کو ان کی قدر و منزلت کے حساب سے کسی مصیبت میں مبتلا کرتا ہے تاکہ وہ اس درجہ پر فائز ہوسکیں جو ان کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

فاطمة (ع) فدك والعوالی وأیست من اجابته لها عدلت الی قبر ابیها رسول اللّٰه (ص) فالقت نفسها وشکت الیه ما فعله القوم بها وبکت حتٰی بلت تربته (ع) بدموعها وندبته ثم قالت فی آخر ندبتها –

قد کان بعدك أبناء وهنبثة ۔۔۔ لو کنت شاهدها لم تکثر الخطب[1]

انا فقد ناك فقد الأرض وابلها ۔۔۔ واختل قومك فاشهدهم فقد نکبوا

قد کان جبریل بالآیات یؤنسنا ۔۔۔ فغبت عنا فکل الخیر محتجب

وکنت بدراً ونوراً یستضاء به ۔۔۔ علیك ینزل من ذی العزة الکتب

تجهمتنا رجال واستخف بنا ۔۔۔ بعد النبی وکل الخیر مغتصب

سیعلم المتولی ظلم حامتنا ۔۔۔ یوم القیامة انی سوف ینقلب

فقد لقینا الذی لم یلقه احد ۔۔۔ من البریة لاعجم ولا عرب

فسوف نبکیك ما عشنا وما بقیت ۔۔۔ لنا العیون بتهمال له سکب

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

حضرت بی بی زینب بنت علی علیہ السلام فرماتی ہیں: جب ابوبکر کی رائے اس پر قائم ہوگئی کہ وہ فدک اور اس کے آس پاس کا رقبہ فاطمہ بنت رسولؐ اللہ کو نہیں دے گا اور بی بی بھی ان سے مایوس ہوگئیں۔ آپؑ اپنے والد محترم رسولؐ اللہ کی قبر اطہر پر تشریف لائیں اور اپنے آپ کو قبر مطہر پر گرا دیا اور جو کچھ قوم نے آپؑ کے ساتھ سلوک کیا تھا اس کی آپؑ

---

۱- قال الزجری فی النهایة بمادة [هنبث] فیه ان فاطمة قالت بعد موت النبی (ص) "قد کان بعدك أبناء وهنبثه" الی آخر البیتین الأولین ولکن بتغیر جملة "فقد نکبوا" الی قوله [ولا تغب] ولا یخفی ما فیه من التحریف المقصود وان جاز کسر القافیة للاقواء ، وعلی کل قال الهنبثة واحدة الهنابث وهی الامور الشداد المختلفة ، والهنیثة الاختلاط فی القول والنون زائدة–

https://downloadshiabooks.com/

ابوبکر محمد بن عمر جعابی نے کہا ہے کہ ابوالعباس احمد بن محمد بن سعید نے بیان کیا ہے' وہ فرماتے ہیں کہ یحییٰ بن زکریا نے بیان کیا ہے' یہ فرماتے ہیں کہ عثمان بن عیسیٰ نے احمد بن سلیمان اور عمران بن مروان' انہوں نے سماعۃ ابن مہران سے اور یہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا ہے' آپؑ نے فرمایا: وہ نبی کہ جس کے بارے میں خداوند متعال نے قرآن کریم میں فرمایا ہے: واذکر فی الکتاب اسماعیل انه کان صادق الوعد وکان رسولا نبیا (کہ جس کو خدا نے وعدہ کا سچا اور رسول و نبی کہہ کر یاد فرمایا ہے) ان کی قوم نے ان پر غلبہ حاصل کرلیا اور آپ کے چہرے اور سر مبارک کو شدید زخمی کردیا۔ پس اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتے کو آپؑ کی خدمت میں بھیجا اور اس فرشتے نے آپؑ سے عرض کیا: اے اسماعیلؑ! تمام جہانوں کا پالنے والا آپ کو سلام کہہ رہا ہے اور فرما رہا ہے کہ جو آپؑ کی قوم نے آپؑ کے ساتھ کیا ہے میں نے سب کچھ دیکھ لیا ہے جو آپؑ چاہتے ہیں وہ مجھ سے سوال کریں (یعنی جس قسم کے عذاب کا آپؑ سوال کریں گے وہ ہی ان پر نازل کردوں گا) آپؑ نے عرض کیا: اے خدایا! میں نے حسین ابن علی علیہ السلام کے اسوہ کو اپنایا ہے اور ان کی پیروی کی ہے۔ (یعنی ان کی مثل اپنا معاملہ تیرے سپرد کردیا ہے) حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا: وہ نبی سے مراد حضرت اسماعیل بن ابراہیم علیہما السلام ہیں۔

## حضرت زینب علیہا السلام بنت علیؑ کی روایت

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال أخبرنا﴾ ابوعبداللہ محمد بن جعفر الحسینی ﴿قال حدثنا﴾ عیسٰی بن مهران عن یونس عن عبداللہ بن محمد بن سلیمان الهاشمی عن أبیه عن جده عن زینب بنت علی بن ابی طالب (ع) قالت لما اجتمع رأی ابی بکر علی منع

https://downloadshiabooks.com/

نجهمتنا رجال واستخف بنا
بعد النبی وکل الخیر مغتصب

''لوگوں نے ہم سے منہ موڑ لیے اور نبیؐ کے بعد ہم کو خفیف جانا ہے اور تمام خیر ہم سے غصب کر لی گئی ہے''۔

سیعلم المتولی ظلم حامتنا
یوم القیامة انی سوف ینقلب

''عنقریب ہم ہر ظلم کرنے والے کو جان لیں گے کہ قیامت کے دن ہم ان سے بدلہ لیں گے''۔

فقد لقینا الذی لم یلقه احد
من البریة لاعجم ولا عرب

''پس آپؐ کے بعد ہم نے وہ کچھ دیکھا ہے جو دنیا میں عجم اور عرب میں سے کسی نے نہیں دیکھا''۔

فسوف نبکیك ما عشنا وما بقیت
لنا العیون بتهمال له سکب

''ہم آپؐ پر گریہ کرتے رہیں گے جب تک ہم زندہ ہیں اور ہماری آنکھیں ہیں ان سے آنسو جاری رہیں گے''۔

## کبھی تھوڑی سی زحمت برداشت کرنے سے بھی خوشی نصیب ہوتی ہے

﴿قال أخبرنی﴾ الشریف ابوعبدالله محمد بن محمد بن طاهر عن ابی العباس احمد بن محمد بن سعید عن احمد بن یوسف الجعفی عن الحسین ابن محمد ﴿قال حدثنا﴾ ابی عن آدم بن عیینة بن ابی عمران

https://downloadshiabooks.com/

سے شکایت کرتے ہوئے گریہ کرتی رہیں یہاں تک کہ قبر اطہر آپؐ کے آنسوؤں سے تر ہوگئی اور آپؑ نے ندبہ کیا اور نوحہ پڑھا جس کے آخری اشعار کچھ یوں تھے:

قد كان بعدك أنباء وهنبثة

لو كنت شاهدها لم تكثر الخطب

''اے میرے بابا! آپؐ کے بعد اتنے غم اور مصائب ہم پر وارد ہوئے ہیں' اگر آپؐ ان کا شاہد کرتے تو آپؐ کی حالت غیر ہوجاتی''۔

انا فقد ناك فقد الأرض وابلها

واختل قومك فاشهدهم فقد نكبوا

''ہم نے آپؐ کو کھویا ہے گویا زمین اور جو کچھ اس میں ہے سب کھو گئے اور آپؐ کی قوم منحرف ہوگئی پس آپؐ گواہ رہیں کہ وہ ہم سے ہٹ گئے ہیں''۔

قد كان جبريل بالآيات يؤنسنا

فغبت عنا فكل الخير محتجب

''تحقیق جبرائیلؑ جو آیات کے ساتھ ہمارے لیے مونس تھا پس وہ ہم سے غائب ہوگیا گویا ہر چیز نے ہم سے رخ موڑ لیا ہے''۔

وكنت بدراً ونوراً يستضاء به

عليك ينزل من ذى العزة الكتب

''آپؐ چودھویں کے چاند اور وہ نور جس کے ذریعے کائنات روشن تھی اور آپؐ پر صاحب غلبہ وقوت کی طرف سے کتاب نازل ہوئی ہے''۔

https://downloadshiabooks.com/

ہمارے لیے کوئی حدیث نقل فرمائیں تو ساتھ سند بھی ذکر فرما دیا کریں۔ پس آپؑ نے فرمایا: میرے باباؑ نے میرے داداؑ سے اور انہوں نے رسولؐ خدا سے اور انہوں نے جبرائیلؑ سے اور انہوں نے اللہ رب العزت سے ذکر کیا اور میں جب بھی کوئی حدیث نقل کروں گا اسی سند سے ہوگی اور فرمایا: اے جابر ایک حدیث جو کسی صادق سے آپ حاصل کریں ساری دنیا اور جو کچھ اس میں ہے اس سب سے بہتر ہے۔

## بغیر بصیرت کے عمل کرنے والا

﴿قال أخبرنی﴾ ابو الحسن احمد بن محمد بن الحسن عن أبیه عن محمد ابن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن محمد بن سنان عن موسٰی ابن بکیر ﴿قال حدثنی﴾ من سمع ابا عبدالله جعفر بن محمد علیهما السلام یقول العامل علی غیر بصیرة کالسائر علی السراب بقیعة لا تزیده سرعة سیره الا بعداً۔

**حدیث نمبر 10: (بحذف اسناد)**

جناب موسیٰ ابن بکیر نے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں: مجھ سے ایک ایسے شخص نے بیان کیا ہے جس نے حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہما السلام سے سنا ہے وہ فرماتے ہیں: جو شخص بغیر بصیرت وعلم کے عمل کرے گا وہ اس کی مانند ہے جو راہ بھول کر سراب کے پیچھے چل رہا ہے جو جتنا تیز چلے گا اتنا ہی منزل سے دُور ہوتا جائے گا۔

⊙⊙⊙

https://downloadshiabooks.com/

الهلالي الكوفي ، قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد عليه السلام يقول كم من صبر ساعة قد اورثت فرحا طويلا وكم من لذة ساعة قد اورثت حزنًا طويلا ـ

**حدیث نمبر 8:** (بحذف اسناد)

جناب آدم بن عیینۃ بن ابی عمران ہلالی الکوفی سے روایت ہے یہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا ہے' آپؑ نے فرمایا:

تھوڑی مدت کا صبر کرنا (یعنی حرام پر صبر کرنا) ایک طویل خوشی کا موجب بنتا ہے اور قلیل موت کی لذت (یعنی حرام میں مبتلا ہونے کی وجہ سے جو کچھ لحہ لذت حاصل ہوتی ہے) طویل غم وحزن کا باعث بن جاتی ہے۔

## صادق سے ایک حدیث حاصل کرنے کا اجر

﴿قال أخبرني﴾ أبوالقاسم جعفر بن محمد القمي رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن محمد بن عيسى ﴿قال حدثني﴾ هارون بن مسلم عن على بن اسباط عن سيف بن عميرة عن عمرو بن شمر عن جابر قال قلت لابي جعفر (ع) اذا حدثتني بحديث فاسنده لي، فقال حدثني ابي عن جدي رسول الله (ص) عن جبرئيل (ع) عن الله عزوجل ، وكلما احدثك بهذا الاسناد وقال ياجابر لحديث واحد تأخذه عن صادق خير لك من الدنيا وما فيها ـ

**حدیث نمبر 9:** (بحذف اسناد)

جناب جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: میں نے حضرت امام ابوجعفر محمد باقر علیہ السلام کی خدمت اقدس میں عرض کیا: (اے فرزند رسولؐ) جب آپ

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 6

[ بروز بدھ ۱۹ رمضان المبارک سال ۴۰۴ ہجری قمری ]

## امام سجاد علیہ السلام کے مواعظ

ومما أملاه فی یوم الاربعاء التاسع عشر منه وسمعه ابو الفوارس ابقاه الله ﴿أخبرنا﴾ الشیخ الجلیل المفید محمد بن محمد بن النعمان ادام الله تأییده وتوفیقه قراءة علیه ﴿قال أخبرنی﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن جعفر الحمیری ﴿قال حدثنا﴾ ایوب بن نوح عن محمد بن ابی عمیر عن جمیل بن دراج عن ابی حمزة الثمالی رحمه الله عن علی بن الحسین زین العابدین (ع) انه قال یوماً لاصحابه اخوانی اوصیکم بدار الآخرة ولا اوصیکم بدار الدنیا فانکم علیها حریصون وبها متمسکون اما بلغکم ما قال عیسٰی بن مریم (ع) للحواریین قال لهم الدنیا قنطرة فاعبروها ولا تعمروها وقال ایکم یبنی علی موج البحر داراً تلکم الدار الدنیا فلا تتخذوها قراراً۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوحمزہ ثمالی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت علی بن حسین زین العابدین علیہ السلام سے روایت بیان فرمائی ہے کہ آپؑ نے ایک دن اپنے اصحاب سے فرمایا:

میرے بھائیو! میں آپ لوگوں کو آخرت کے گھر کی وصیت کرتا ہوں اور میں آپ

https://downloadshiabooks.com/

لوگوں کو اس دنیا کے گھر کی وصیت نہیں کرتا جبکہ آپ اس پر حریص ہیں اور اس کے ساتھ اپنا تعلق اور تمسک قائم کیے ہوئے ہیں۔ میں کیوں نہ آپ لوگوں کو اس چیز کے بارے میں بیان کروں جو حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے اپنے حواریوں سے فرمائی تھی کہ یہ دنیا ایک صحرا ہے۔ اس کو تم لوگوں نے عبور کرنا ہے۔ اس میں تم نے ہمیشہ نہیں رہنا اور پھر فرمایا: تم میں سے کون ہے جو دریا کی موج پر اپنا گھر بنائے۔ پس یہ دنیا کا گھر ایسے ہی ہے اس کو اپنے لیے قرارگاہ و محلِ سکونت مت قرار دو یعنی اس کے ساتھ دل نہ لگاؤ۔

## ہماری محبّت و موّدت کو لازم قرار دو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنی﴾ علی بن اسماعیل ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن خلف ﴿قال حدثنا﴾ حسین الاشقر ﴿قال حدثنا﴾ قیس عن لیث بن ابی سلیم عن عبدالرحمٰن بن ابی لیلی عن الحسین بن علی بن ابی طالب علیهما السلام قال قال رسول اللّٰه (ص) الزموا مودتنا أهل البیت فانه من لقی اللّٰه وهو یحبنا دخل الجنة بشفاعتنا، والذی نفسی بیده لا ینتفع عبد بعمله الا بمعرفته بحقنا۔[1]

**حدیث نمبر 2:** (بحذفِ اسناد)

حضرت امام حسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت نقل فرمائی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

میرے اہلِ بیت کی محبت و موّدت کو اپنے لیے لازم قرار دو کیونکہ جو شخص اللہ سے ملاقات کرے اس حالت میں کہ اس کے دل میں ہماری محبت ہوگی وہ ہماری شفاعت سے جنت میں داخل ہوگا۔ مجھے قسم ہے اُس ذات کی کہ جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان

---

۱- تقدم مثل هذا الحدیث فی المجلس الثانی بطریق آخر راجعه (م ص)۔

https://downloadshiabooks.com/

ہے کسی بندے کا کوئی عملِ خیر اس کو فائدہ نہیں دے گا مگر ہمارے حق کی معرفت کے ساتھ اس کے لیے فائدہ مند ہوگا۔

## مروّت کی دو قسمیں ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الولید ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن الصفار عن یعقوب بن یزید عن ابن ابی عمیر عن غیر واحد عن ابی عبداللّٰہ جعفر بن محمد (ع) قال المروۃ مروتان مروۃ الحضر ومروۃ السفر، فاما مروۃ الحضر، فتلاوۃ القرآن، وحضور المساجد وصحبۃ اهل الخیر والنظر فی الفقه واما مروۃ السفر فبذل الزاد والمزاح فی غیر ما یسخط اللّٰہ وقلۃ الخلاف علی من یصحبه وترک الروایۃ علیهم اذا انت فارقتهم۔

حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن محمد الصادق علیہما السلام فرماتے ہیں: مروت دو قسم کی ہے ایک وطن میں رہتے ہوئے مروت اور ایک سفر کے دوران مروت۔

وطن یعنی اپنے شہر و گھر میں ہوتے ہوئے مروت یہ ہے کہ قرآن کی تلاوت کرنا' مسجد میں نماز باجماعت کے لیے حاضر ہونا اور نیک لوگوں کی محفل میں جانا اور فقہ و دین میں غور و فکر کرنا۔ اور سفر کی مروت یہ ہے اپنے ساتھیوں پر زادِ سفر کو خرچ کرنا' ان کے ساتھ ہنسی خوشی کا ایسا مزاح کرنا جو خدا کی ناراضگی کا موجب نہ ہو۔ ان کی باتوں میں اختلاف کم کرنا اور ان سے جھوٹی روایات نقل نہ کرنا۔

## علی ابن ابی طالبؑ سید العرب ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوبکر محمد بن عمر بن سلم ﴿قال حدثني﴾ علی

https://downloadshiabooks.com/

ابن اسماعیل ابوالحسن الأطروش ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن خلف المقرئ ﴿قال حدثنا﴾ حسین الاشقر ﴿قال حدثنا﴾ قیس بن الربیع عن أبیه عن عبدالرحمٰن بن ابی لیلی عن الحسین بن علی بن ابی طالب (ع) قال قال رسول اللّٰہ (ص) یاأنس ادع لی سید العرب، فقال یارسول اللّٰہ ألست سید العرب، قال انا سید ولد آدم وعلی سید العرب فدعا علیاً فلما جاء علی (ع) قال یا أنس ادع لی الانصار فجاؤا فقال النبی (ص) یامعشر الانصار هذا علی سید العرب فأحبوه لحبی واکرموه لکرامتی فان جبرئیل(ع) اخبرنی عن اللّٰہ عزوجل ما اقول لکم۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت امام حسین ابن علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت نقل فرمائی ہے کہ آپؐ نے انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

اے انس! سید العرب کو میرے پاس لاؤ۔ پس اس نے آپؐ کی خدمت اقدس میں عرض کیا یارسولؐ اللہ! کیا آپؐ سید العرب نہیں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: اے انس! میں سید اولادِ آدم ہوں یعنی تمام اولادِ آدم کا سردار ہوں اور علی علیہ السلام عرب کے سردار ہیں۔ پس علی علیہ السلام کو بلاؤ۔ میں نے علی علیہ السلام کو بلایا جب آپؑ رسولؐ خدا کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو رسولؐ خدا نے فرمایا: اے انس! انصار کو میرے پاس بلاؤ۔ پس جب انصار بھی آپ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوگئے۔

اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اے گروہِ انصار! یہ علی علیہ السلام تمام عرب کے سردار ہیں۔ میری محبت کی وجہ سے ان سے بھی محبت کرو۔ میری عزت واکرام کی وجہ سے ان کی عزت واکرام کرو۔ یادرکھو جو کچھ میں کہہ رہا ہوں اس کی جبرائیلؑ نے مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دی ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

# حضرت امام مہدی علیہ السلام کے بارے میں خبر

﴿قال أخبرني﴾ ابو القاسم جعفر بن محمد بن قولويه رحمه عن أبيه عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسى عن ابن ابى عمير عن عبدالله بن مسكان عن بشر الكناسى عن ابى خالد الكابلى قال قال لى على الحسين (ع) ياأبا خالد لتأتين فتن كقطع الليل المظلم لا ينجوا الا من اخذ الله ميثاقه، اولئك مصابيح الهدىٰ وينابيع العلم ينجيهم الله من كل فتنة مظلمة ، كأنى بصاحبكم قد علا فوق نجفكم بظهر كوفان فى ثلاثمائة وبضعة عشر رجلا جبريل عن يمينه وميكائيل عن شماله واسرافيل امامه معه راية رسول الله (ص) قد نشرها لا يهوى بها الى قوم الا اهلكهم الله عزوجل۔

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوالخالد الکابلی نے حضرت امام حسین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے مجھ سے فرمایا:

اے ابوخالد! اس دنیا میں فتنے آنے والے ہیں جو اندھیری رات کی طرح ہر چیز کو اپنی لپیٹ میں لے لیں گے اور ان سے کوئی نہیں بچ پائے گا مگر وہ جن سے اللہ نے عہد لیا ہوا ہے۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جو اس تاریکی میں ہدایت کے چراغ اور علم کے سرچشمے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کو ہر فتنے اور تاریکی سے محفوظ رکھے گا۔ گویا میں اس تمھارے صاحب و امام و سردار کو دیکھ رہا ہوں جو نجف کے اوپر سے کوفہ و بصرہ کے درمیان بلند ہوگا اور اس کے ساتھ تین سو دس اور کچھ افراد ہوں گے (یعنی تین سو تیرہ) جبرائیل علیہ السلام آپؑ کے دائیں جانب اور میکائیل علیہ السلام بائیں جانب اور اسرافیل علیہ السلام آپؑ کے آگے آگے ہوں گے اور جن کو آپؑ بلائیں گے پس سیدالانبیاء رسول اعظمؐ کا پرچم آپؑ کے دستِ اقدس میں ہوگا اور آپؑ اس پرچم کے ساتھ جس قوم کے مقابلے میں جائیں گے تو

https://downloadshiabooks.com/

اللہ تعالیٰ اس قوم کو ہلاک کر دے گا۔

## رسولِ خداؐ کی اس دنیا میں آخری مجلس

﴿قال أخبرني﴾ ابوحفص عمر بن محمد بن علی الصیرفی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد الحسنی ﴿قال حدثنا﴾ عیسیٰ بن مہران ﴿قال أخبرنا﴾ یونس بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ عبدالرحمٰن بن الغسیل ﴿قال أخبرنی﴾ عبدالرحمن بن خلاد الانصاری عن عکرمة عن عبداللّٰه بن عباس قال ان علی بن ابی طالب (ع) والعباس بن عبدالمطلب والفضل بن العباس دخلوا علی رسول اللّٰه (ص) فی مرضه الذی قبض فیه فقالوا یارسول اللّٰه هذه الانصار فی المسجد تبکی رجالها ونساؤها علیك فقال وما یبکیهم قالوا یخافون ان تموت فقال اعطونی ایدیکم فخرج فی ملحفة وعصابة حتی جلس علی المنبر فحمد اللّٰه وأثنی علیه ثم قال ، امابعد ایها الناس فما تنکرون من موت نبیکم الم انع الیکم وتنع الیکم انفسکم لو خلد احد قبلی ثم بعث الیه خلدت فیکم۔

ألا انی لاحق بربی وقد ترکت فیکم ما ان تمسکتم به لن تضلوا کتاب اللّٰه تعالی بین اظهرکم تقرؤنه صباحا ومساء فلا تنافسوا ولا تحاسدوا ولا تباغضوا او کونوا اخوانًا کما امرکم اللّٰه، وقد خلفت فیکم عترتی اهل بیتی وانا اوصیکم بهم ثم اوصیکم بهذا الحی من الانصار فقد عرفتم بلاهم عنداللّٰه عزوجل وعند رسوله وعند المؤمنین ، الم یوسعوا فی الدیار ویشاطر والثمار ویؤثر او بهم الخصاصة ، فمن ولی منکم امراً یضر فیه احداً وینفعه فلیقبل من محسن الانصار ولیتجاوز عن مسیئهم وکان

https://downloadshiabooks.com/

آخر مجلس جلسہ (ص) حتی لقی اللہ عزوجل -

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی ابن ابی طالبؑ، حضرت عباس بن عبدالمطلبؑ اور فضل بن عباسؓ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں اس وقت حاضر ہوئے جب آپؐ کے وصال کا وقت قریب تھا۔ انھوں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! مسجد میں انصار مرد اور عورتیں سب رو رہے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: یہ کیوں رو رہے ہیں؟ انھوں نے عرض کیا: ان لوگوں کو خوف ہے کہ آپؐ اس دنیا سے رحلت فرما رہے ہیں۔ پس رسولِ خدا نے فرمایا: مجھے اپنے ہاتھوں سے سہارا دو۔ پس آپؐ ان کے سہارے سے مسجد میں تشریف لائے اس حالت میں کہ سر پر پٹی بندھی ہوئی تھی اور باقی جسم مطہر پر چادر لپٹی ہوئی تھی۔ آپؐ منبر پر تشریف فرما ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بجا لانے کے بعد آپؐ نے فرمایا:

اما بعد! اے لوگو! تم اپنے نبی کی موت کا انکار کیوں کر رہے ہو؟ کیا میں نے تمھیں موت کے برحق ہونے کے بارے میں خبر نہیں دی اور کیا خود تمہارے نفس تم کو اس کے برحق ہونے کے بارے میں خبر نہیں دے رہے۔ کیا مجھ سے پہلے بھی کوئی اس دنیا میں ہمیشہ رہا ہے تا کہ میں بھی تمھارے درمیان ہمیشہ رہ جاؤں۔ آگاہ ہو جاؤ! میں اپنے رب کے پاس جا رہا ہوں اور میں تمھارے درمیان دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔ اگر تم اس سے تمسک رکھو گے تو تم ہرگز گمراہ نہیں ہو گے۔

اللہ تعالیٰ کی کتاب جو تمھارے سامنے ہے جس کی تم صبح وشام تلاوت کرتے ہو۔ پس تم فخر وتکبر نہ کرنا، حسد نہ کرنا، ایک دوسرے پر غضب نہ کرنا۔ تم ایک دوسرے کے بھائی بن کر رہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو حکم دیا ہے۔ اور میں تمھارے درمیان اپنی عترت و اہل بیت کو اپنا خلیفہ بنا کر جا رہا ہوں اور میں آپ لوگوں کو ان کے بارے میں وصیت کرتا

https://downloadshiabooks.com/

ہوں۔ پھر میں تم کو اپنے مددگاروں میں سے اس زندہ کے بارے میں وصیت کرتا ہوں۔ پس تم اللہ اور اس کے رسول اور مومنین کے نزدیک ان کے مقامِ عزت کو جانتے ہو۔ کیا تم اپنے گھر کو ان کے لیے وسیع نہیں کرو گے۔ کیا تم اپنے پھل آدھے آدھے تقسیم نہیں کرو گے۔ کیا تم تنگی اور محتاجی کو ان سے دور نہیں کرو گے۔ پس انصار میں سے جو نیکوکار ہیں ان کو قبول کرو اور جو گناہ گار ہیں ان سے درگزر کرو۔ اور یہ آپ کی آخری مجلس تھی جس کے بعد آپؐ بارگاہ رب العزت میں چلے گئے تھے۔

## ابن عباسؓ کا بصرہ والوں سے خطبہ

﴿قال أخبرني﴾ ابوحفص عمر بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ ابو عبدالله جعفر بن محمد الحسني ﴿قال حدثنا﴾ عيسى بن مهران ﴿قال أخبرنا﴾ حفص بن عمر الفرا ﴿قال أخبرنا﴾ ابومعاذ الخزاز عن عبيدالله بن احمد الربعي قال بينا ابن عباس يخطب الناس بالبصرة اذ اقبل عليهم بوجهه فقال ايتها الامة المتحيرة في دينها اما لو قدمتم من قدم الله واخرتم من اخر الله وجلعتم الوراثة والولاية حيث جعلهما الله لما عال سهم[1] من فرائض الله ولا عال ولي الله ولا اختلف اثنان في حكم الله ولا تنازعت الامة في شيئ من كتاب الله، فذوقوا وبال ما فرطتم بما قدمت ايديكم وسيعلم الذين ظلموا اي منقلب ينقلبون –

---

۱- العول عبارة عن قصور التركة عن سهام ذوي الفروض ولن تقصر الا بدخول الزوج والزوجة- وهو في الشرع ضد التعصيب الذي هو توريث العصبة ما فضل عن ذوي السهام يقال عالت العريضة واعالت عولا ارتفعت وهو ان ترتفع السهام وتزيد فيدخل النقصان على اهلها ، وهو من الميل لميل الفريضة بالجور عليهم بنقصان سهامهم ، وفي الحديث اوّل من اعال الفرائض عمر بن الخطاب – (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 7:** (بحذف اسناد)

ابومعاذ خزاز نے عبداللہ بن احمد ربعی سے روایت کی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ہمارے درمیان بصرہ میں ابن عباس نے خطبہ دیا۔ پس آپ اہل بصرہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا:

اے اپنے دین میں پریشان و متحیر اُمت آگاہ ہوجاؤ اگر تم اس طرف اپنے قدم اٹھاتے جس طرف اللہ تم کو چلانا چاہتا ہے اور رخ موڑتے اس طرف سے جس طرف سے اللہ تمھارا رخ موڑنا چاہتا ہے اور تم خلافت و ولایت کو وہاں قرار دیتے جہاں ان دونوں کو اللہ نے قرار دیا ہے۔ تم اللہ کے فرائض میں تم کمی کرتے اور نہ ہی اللہ کے ولی کو تم نقصان پہنچاتے۔ اور نہ ہی تم حکمِ خدا کے درمیان کوئی دو بندے اختلاف کرتے اور نہ ہی اللہ کی کتاب میں سے کسی چیز کے بارے میں نزاع اور جھگڑا کرتے۔ پس آپ اپنے کیے ہوئے کا مزہ چکھو اور جو کچھ تم اپنے ہاتھوں سے انجام دے چکے ہو اس میں تم نے کوتاہی کی ہے اس کا مزہ چکھو اور عنقریب وہ لوگ جو ظالم ہیں وہ جان لیں گے ان کو کس جگہ پلٹا دیا جائے گا۔

## شیخین خلافت پر قابض ہوئے

﴿قال أخبرني﴾ ابوحفص عمر بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبداللّٰہ جعفر بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ عیسی بن مهران ﴿قال حدثنا﴾ مخول ﴿قال حدثنا﴾ الربیع بن المنذر عن أبیه قال سمعت الحسن بن علی علیهما السلام یقول ان ابابکر وعمر عمدا الی هذا الامر وهو لنا کله فاخذاه دوننا وجعلالنا فیه سهماکسهم الجدة، اما واللّٰه لتهمنها انفسهما یوم یطلب الناس فیه شفاعتنا۔

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

جناب ربیع بن منذر نے اپنے والد سے روایت بیان کی ہے وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت امام حسن علیہ السلام سے سنا کہ آپؑ نے فرمایا:

تحقیق ابوبکر اور عمران دونوں نے اس امر (یعنی خلافت) کا قصد کیا حالانکہ یہ ہمارا حق تھا اور ان دونوں نے ہمیں چھوڑ کر اس کو اپنا لیا اور اس میں کچھ ہمارا حصہ بھی رکھا۔ آگاہ ہو جاؤ خدا کی قسم ہم ان دونوں کو متھم کریں گے اس دن جس دن لوگ ہماری شفاعت طلب کریں گے۔

## جنابِ سیدہؑ کے گھر پر ان لوگوں کا ہجوم کرنا

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ ابو الحسين العباس بن المغيرة ﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر احمد بن منصور الرمادي ﴿قال حدثنا﴾ سعيد بن عفير ﴿قال حدثني﴾ ابن لهيعة عن خالد بن يزيد عن ابي هلال عن مروان بن عثمان قال لما بايع الناس ابابكر دخل علي (ع) والزبير والمقداد بيت فاطمة (ع) وابوا ان يخرجوا فقال عمر ابن الخطاب اضرموا عليهم البيت ناراً فخرج الزبير ومعه سيفه فقال ابوبكر عليكم بالكلب فقصدوا نحوه فزلت قدمه وسقط الى الأرض ووقع السيف من يده، فقال ابوبكر اضربوا به الحجر فضرب بسيفه الحجر حتى انكسر، وخرج علي بن ابي طالب (ع) نحو العالية فلقيه ثابت بن قيس بن شماس فقال ماشأنك ياابا الحسن فقال ارادوا ان يحرقوا علي بيتي وابوبكر على المنبر يبايع له ولا يدفع عن ذلك ولا ينكره فقال له ثابت ولا تفارق كفي يدك حتى اقتل دونك فانطلقا جمعيا حتى عادا الى المدينة وان فاطمة (ع)

https://downloadshiabooks.com/

واقفة علی بابها وقد خلت دارها من احد من القوم وھی تقول لاعھدلی بقوم اسوأ محضراً منکم ترکتم رسول اللّٰہ جنازۃ بین ایدینا وقطعتم امرکم بینکم لما تستأمرونا وصنعتم بنا ما صنعتم ولم تروا لنا حقًا ۔

**حدیث نمبر 9:** (بحذف اسناد)

مروان بن عثمان بیان کرتا ہے جب لوگوں نے ابوبکر کی بیعت کر لی تو علی علیہ السلام، زبیر اور مقداد رضی اللہ عنہ جناب سیدہ فاطمہ علیہا السلام کے گھر چلے گئے اور ان لوگوں نے وہاں سے نکلنے سے انکار کر دیا۔ پس عمر بن خطاب نے کہا ان کے گھر کو آگ لگا دی جائے۔ پس زبیر گھر سے باہر نکل آیا۔ اس کے ہاتھ میں تلوار تھی۔ پس ابوبکر نے کہا: تیرے اُوپر کتوں کو چھوڑا جائے۔ سب لوگ زبیر کی طرف لپکے تو اس کے قدم لڑکھڑا گئے اور وہ زمین پر گر گیا اور اس کے ہاتھ سے تلوار گر گئی۔ ابوبکر نے کہا: اس کی تلوار کو پتھر پر مارو۔ پس اس کی تلوار کو پتھر پر مارا گیا اور وہ ٹوٹ گئی۔

اس کے بعد حضرت علی بن ابی طالبؑ مشرق کی جانب مدینہ سے باہر چلے گئے۔ پس وہاں پر آپؑ کی ملاقات ثابت بن قیس بن شماس سے ہوئی۔ اس نے عرض کیا: اے ابوالحسنؑ! کیا معاملہ ہے؟ آپؑ نے فرمایا: یہ میرے گھر کو آگ لگانا چاہتے ہیں جب کہ ابوبکر منبر پر بیٹھ چکا ہے اور اس کی بیعت کی جا چکی ہے اور وہ بھی اس کو نہیں روک رہا اور اس کا انکار بھی نہیں کرتا (جب کہ میرا حق غصب کیا جا چکا ہے) جناب ثابت نے آپؑ کی خدمت میں عرض کیا: اے علیؑ! ان لوگوں سے مخالفت ترک کر دو اور اپنے ہاتھ کو روکو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ آپؑ کو قتل کر دیں۔ پھر دونوں واپس مدینہ میں آ گئے۔ جناب فاطمہ علیہا السلام اپنے دروازے پر کھڑی تھیں اور ساری قوم دروازہ چھوڑ کر جا چکی تھی اور بی بی پاکؑ فرما رہی تھیں: اس دن سے برا کوئی دن میں نے نہیں دیکھا کہ تم نے رسولؐ خدا کے جنازے کو ہمارے سامنے چھوڑ دیا اور تم نے امرِ خلافت کو اپنے درمیان بانٹنا شروع کر دیا

https://downloadshiabooks.com/

جبکہ ہم سے تم نے مشورہ بھی نہیں کیا اور ہمارے ساتھ جو کچھ کیا اس میں تم نے ہمارے حق کا لحاظ بھی نہیں کیا۔

(ظاہراً اس روایت سے معلوم ہوتا ہے یہ گھر کو آگ لگانے سے پہلے کی ہے جس میں فقط وہ دھمکی دے کر چلے گئے تھے اور دوسرا اس کا راوی مروان بن عثمان ہے اس سے بھی لگتا ہے یا تو مخدوش ہے یا پھر اس واقعہ عظیم سے پہلے یہ واقعہ رونما ہوا ہوگا ورنہ آگ لگانا یہ یقینی ہے اس سے انکار نہیں ہے۔ مترجم)

## عمر بن خطاب کی آخری وقت حالت

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ ابو الحسين العباس بن المغيرة ﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر احمد بن منصور الرمادي ﴿قال حدثنا﴾ سليمان بن حرب ﴿قال حدثنا﴾ حماد بن زيد عن يحيىٰ بن سعيد عن عاصم بن عبيدالله عن عبدالرحمٰن بن ابان بن عثمان عن أبيه عن عثمان بن عفان قال انا اخر الناس عهداً بعمر بن الخطاب دخلت عليه ورأسه في حجر ابنه عبدالله وهو مولول فقال له ضع خدي بالارض فأبي عبدالله فقال له ضع خدي بالارض لا أم لك فوضع خده بالارض فجعل يقول ويل امي ويل امي ان لم تغفر لي فلم يزل يقولها حتّٰى خرجت نفسه ـ

**حدیث نمبر 10**: (بحذف اسناد)

حضرت عثمان بن عفان نے روایت بیان کی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب کا آخری وقت تھا اور سب لوگوں کے آخر میں اس کی عیادت کے لیے گیا جبکہ اس کا سر اس کے بیٹے عبداللہ کی گود میں تھا اور وہ شدت تکلیف سے نڈھال تھا۔ اپنے بیٹے سے کہہ رہا تھا: میرے سر و چہرے کو زمین پر رکھ دو اور عبداللہ اس سے انکار کر رہا تھا۔ پھر اس نے کہا کہ میرا سر

https://downloadshiabooks.com/

زمین پر رکھ دو تیری ماں مر جائے یا تیری ماں کوئی نہیں ہے (بددعا کے الفاظ) پس اس نے اس کا چہرہ زمین پر رکھ دیا اور وہ زمین پر سر مارتا اور یہ کہتا کہ ہائے افسوس! (یعنی میرے پیدا کرنے والی ماں پر افسوس اس نے مجھے کیوں جنا) ہائے افسوس وویل ہو میری ماں اور اگر مجھے بخشا نہ گیا۔ وہ متواتر یہ ہی کہتا رہا حتیٰ کہ اس کی جان نکل گئی۔

(قارئین آپ خود دیکھیں جو اس دنیا سے مطمئن جاتے ہیں وہ فزت برب الکعبہ کی آواز دیتے ہوئے نظر آتے ہیں اور جو اپنے کیے ہوئے پر پشیمان ہوتے ہیں اور مایوس جاتے ہیں ان کی حالت یہی ہوتی ہے۔ مترجم)

## جو خواہش نفس کی اتباع نہ کرے اس کے لیے طوبیٰ ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابو جعفر محمد بن علی بن الحسين ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن يحيى العطار ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن ابی الصهبان عن محمد بن ابی عمير عن جميل بن دراج عن ابی عبدالله جعفر ابن محمد (ع) قال قال رسول الله (ص) طوبى لمن ترك شهوة حاضرة لموعد لم يره –

**حدیث نمبر 11**: (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہما السلام نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے' آپؐ نے فرمایا کہ طوبیٰ خوشخبری ہے ان کے لیے جو اپنی خواہش و شہوت موجود کو ترک کر دے اس وعدہ کے لیے جس کو اس نے ابھی دیکھا نہیں۔

## اصحابِ قیاس کی مذمت

﴿قال أخبرني﴾ ابو جعفر محمد بن علی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن ابن الوليد ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن بن صفار ﴿قال حدثنا﴾

https://downloadshiabooks.com/

يعقوب ابن يزيد عن حماد بن عثمان عن زرارة بن أعين، قال قال لی ابوجعفر محمد بن علی (ع) یا زرارة ایاك واصحاب القیاس فی الدین فانهم ترکوا علم ما وکلوا به وتکلفوا ما قد کفوه یتأولون الاخبار ویکذبون علی اللّٰه عزوجل، وکأنی بالرجل منهم ینادی من بین یدیه قد تاهوا وتحیروا فی الارض والدین ۔

**حدیث نمبر 12: (بحذف اسناد)**

حضرت زرارہ بن اعین رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوجعفر محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا:

اے زرارہ! دین میں قیاس کرنے والوں سے بچو کیونکہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے دین میں جس کا علم پر بھروسہ کرنا تھا اس کو چھوڑ دیا ہے اور جس سے ان کو روکا گیا تھا اس کے مرتکب ہوئے ہیں۔ انھوں نے اخبار کی تاویل کی ہے اور خداوند متعال پر جھوٹ بولتے ہیں۔ اور گویا یہ وہ لوگ ہیں جن کو خدا کی بارگاہ میں آواز دی جائے گی۔ یہ وہ لوگ ہیں جو دین میں اور زمین پر پریشان و متحیر رہے ہیں۔

○

﴿قال أخبرنی﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن موسیٰ بن المتوکل ﴿قال حدثنا﴾ علی بن الحسین السعد آدی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن محمد بن خالد عن أبیه عن ابن ابی عمیر عن غیر واحد عن ابی عبداللّٰه (ع) قال لعن اللّٰه اصحاب القیاس فانهم غیروا کلام اللّٰه وسنة رسوله (ص) واتهموا الصادقین فی دین اللّٰه عزوجل۔

**حدیث نمبر 13: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوعبداللہ امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: خدا لعنت کرے دین میں

https://downloadshiabooks.com/

قیاس کرنے والوں پر کیونکہ انہوں نے کلامِ خدا اور سنت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تبدیل کر دیا اور اللہ تعالیٰ کے دین میں صادقین کو متہم کیا ہے۔

## اہلِ دین کی صفات

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعید ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن احمد بن خاقان النهدی ﴿قال حدثنی﴾ سلیم الخادم فی درب الحب عن ابراهیم بن عقبة بن جعفر عن محمد بن نضر بن قرواش النهدی الجمال الکوفی عن ابی عبد اللّٰه جعفر بن محمد علیهما السلام قال ان صاحب الدین فکر[1] فعلته السکینة واستکان فتواضع وقنع فاستغنی ، ورضی بما اعطی، وانفرد فکفی الاخوان ، ورفض الشهوات فصار حراً ، وخلع الدنیا فتحامی الشرور۔ واطرح الحسد فظهرت المحبة ولم یخف الناس فلم یخفهم۔ ولم یذنب الیهم فسلم منهم ، وسخط نفسه عن کل شیئ ففاز، واسکمل الفضل وابصر العافیة فأمن الندامة۔

**حدیث نمبر 14: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہما السلام فرماتے ہیں: اہلِ دین فکر کرتے ہیں (یعنی وہ اپنے بارے میں فکر کرتے ہیں ان کی اصل کیا تھی [نجس پانی]۔ اور وہ نفس کے عیوب کے بارے میں اور اپنی آخرت کے بارے میں) اور ان پر سکون غلبہ رکھتا ہے۔ خضوع اور اپنے نفس کو ذلیل رکھتے ہیں اور تکبر نہیں کرتے۔ اور خالق اور مخلوق کے سامنے انکساری کا اظہار کرتے ہیں۔ وہ قانع ہوتے ہیں اور لوگوں سے بے نیاز رہتے ہیں اور جو کچھ اُن کو ملتا ہے اس پر راضی رہتے ہیں اور دنیا سے ایک طرف رہتے اور اپنے بھائیوں

https://downloadshiabooks.com/

کے لیے کفایت کرتے ہیں اور شہوات کو ترک کرکے آزاد ہو جاتے ہیں اور دنیا کو چھوڑ دیتے ہیں اور تمام شرور سے اجتناب کرتے ہیں۔ حسد سے پرہیز کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ نہ وہ لوگوں سے ڈرتے ہیں اور نہ لوگ ان سے ڈرتے ہیں وہ لوگوں سے برا سلوک نہیں کرتے اور لوگ ان سے سلامتی میں رہتے ہیں اور ہر چیز کے بدلے میں اپنے نفس پر سختی کرتے ہیں۔ پس یہ ہی کامیاب ہیں اور ان کا فضل وفضیلت کامل ہوتا ہے اور وہ عافیت کو دیکھتے ہیں اور ندامت سے امن میں رہتے ہیں یعنی ان کو پشیمانی نہیں ہوگی۔

## حضرت جبرائیلؑ کا نبی اکرمؐ کے پاس آخری وقت میں آنا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوجعفر محمد بن علی عن أبیه عن سعد بن عبدالله عن ابراهیم بن محمد التقی عن محمد بن مروان عن زید بن أبان بن عثمان عن ابی بصیر عن ابی جعفر الباقر علیه السلام، وقال لما حضر النبی (ص) الوفاة نزل جبرئیل فقال له جبرئیل یارسول الله هل لك فی الرجوع قال لاقد بلغت رسالات ربی- ثم قال له اترید الرجوع الی الدنیا قال لابل الرفیق الأعلی ثم قال رسول الله (ص) للمسلمین وهم مجتمعون حوله ایها الناس! لانبی بعدی ولاسنة بعد سنتی فمن ادعی ذلك فدعواه وبدعته فی النار ومن ادعی ذلك فاقتلوه ومن اتبعه فانهم فی النار ایها الناس احیوا القصاص واحیو الحق ولا تفرقوا واسلموا تسلموا، [کتب الله لاغلبن انا ورسلی ان الله قوی عزیز]-

**حدیث نمبر 15:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوبصیر رضی اللہ عنہ نے حضرت امام ابوجعفر محمد باقر علیہ السلام سے روایت

https://downloadshiabooks.com/

بیان کی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آخری وقت آیا تو حضرت جبرائیلؑ آپؐ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی: یارسولؐ اللہ! کیا آپؐ دنیا میں واپس جانا چاہتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: نہیں۔ تحقیق میں نے اپنے رب کی رسالت کے تمام احکام کی تبلیغ کا فرض پورا کردیا ہے۔ پھر جنابِ جبرائیلؑ نے عرض کیا: کیا آپؐ دوبارہ دنیا کی طرف جانے کا ارادہ رکھتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں بلکہ میں اس رفیق اعلیٰ کی بارگاہ میں جانا چاہتا ہوں۔ اس کے بعد رسولِؐ خدا نے ان مسلمانوں سے جو اس وقت آپؐ کے اردگرد جمع تھے، فرمایا:

''اے لوگو! میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور میری سنت کے بعد کسی اور کی سنت نہیں ہوگی۔ جو میرے بعد نبوت کا دعویٰ کرے گا پس وہ دعویٰ اور اس کی پیروی کرنے والے جہنم میں جائیں گے اور جو اس کا دعویٰ کرے اس کو قتل کردینا تم لوگوں پر واجب ہے۔ اور جو اس کی اتباع کریں گے وہ سب جہنم میں جائیں گے۔

اے لوگو! اپنے درمیان قصاص کو زندہ رکھو اور حق کو زندہ رکھو اور آپس میں تفرقہ نہ ڈالو اور ایک دوسرے کو سلامتی میں رکھو جیسا کہ سلامتی کا حق ہے۔ اللہ نے واجب قرار دیا ہے کہ میں اور میرا رسولؐ ضرور غالب ہوں گے لیکن اللہ قوی وعزیز ہے۔

## رزق طلوعِ آفتاب سے پہلے تقسیم ہوتا ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعید ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن عبداللّٰه ﴿قال حدثنی﴾ اخی محمد بن عبداللّٰه ﴿قال حدثنا﴾ اسحق بن جعفر بن محمد ابن هلال المذحجی قال قال لی ابوك جعفر بن محمد الصادق علیهما السلام

https://downloadshiabooks.com/

اذا كانت لك حاجة فاغد فيها فان الارزاق تقسم قبل طلوع الشمس ، وان الله تعالى بارك لهذه الامة في بكورها ، وتصدق بشئ عندالبكور فان البلاء لا يتخطى الصدقة۔

**حدیث نمبر 16:** (بحذف اسناد)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی حاجت اور ضرورت تجھے پیدا ہو جائے اس کے مانگنے کے لیے صبح کا وقت اختیار کرو۔ کیونکہ رزق طلوع آفتاب سے پہلے تقسیم ہوتا ہے اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے اس اُمت کے صبح کے وقت کو بابرکت قرار دیتا ہے اور تم کو صبح کے وقت صدقہ دینا چاہیے کیونکہ ہر مصیبت پر صدقہ سبقت لے جاتا ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 7

[بروز ہفتہ ۲۲ رمضان المبارک سال ۴۰۴ ہجری قمری]

ومما املاہ فی یوم السبت الثانی والعشرین من وسمعه ابو الفوارس ابقاہ اللّٰہ أخبرنی الشیخ الجلیل المفید ابو عبداللّٰہ محمد بن محمد بن النعمان الحارثی ادام اللّٰہ تأییدہ وتوفیقه قراءة علیه ﴿قال أخبرنی﴾ ابو غالب احمد بن محمد الزراری رحمه اللّٰہ ﴿قال حدثنا﴾ عبداللّٰہ بن جعفر الحمیری ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن محمد بن عیسیٰ عن الحسین بن سعید عن محمد بن سنان عن صالح بن یزید عن ابی عبداللّٰہ الصادق جعفر بن محمد علیهما السلام قال سمعته یقول تبحروا قلوبکم[1] فان انقاها اللّٰہ من حرکة الواحش لسخط شیئ من صنعه[2] فاذا وجدتموها کذلک فاسألوہ ما شئتم۔

**حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اپنے دلوں کی طرف توجہ کرو اگر خدا ان دلوں کو اضطراب کی حرکت سے پاک کردے جو خدا کے کسی کام سے ناراضگی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے پس جب دلوں کی یہ حالت (یعنی اضطراب سے پاک) ہوجائے

---

۱- التبحر فی الشیئ التعمق فیه والتوسع

۲- فی بعض النسخ هکذا "فان انقاها من حرکة الواحش لسخط شیئ من صنع اللّٰہ"۔

https://downloadshiabooks.com/

پھر تم ان سے جو چاہو گے سوال کرو وہ جواب دیں گے۔

## مولائے کائنات امیرالمومنین علیہ السلام کی چار خصوصیتیں

﴿قال أخبرني﴾ ابو الحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ ابو القاسم الحسن بن علی الكوفی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد بن مروان الغزال ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ عبيد بن خنيس العبدی ﴿قال حدثنا﴾ صباح بن يحيیٰ المزنی عن عبدالله بن شريك عن الحارث بن ثعلبة، قال قدم رجلان يريدان مكة والمدينة فی الهلال او قبل الهلال فوجد الناس ناهضين الی الحج قال فخرجنا معهم فاذا نحن بركب فيهم رجل كأنه اميرهم فانتبذ منهم- فقال كونا عراقيين، قلنا نحن عراقيان قال كونا كوفيين، قلنا نحن كوفيان قال ممن انتما، قلنا من بنی كنانة، قال من ای بنی كنانة، قلنا من بنی مالك بن كنانة، قال رحب علی رحب وقرب علی قرب، انشد كما بكل كتاب منزل ونبی مرسل اسمعتما علی بن ابی طالب يسبنی او يقول انه معادی او مقتالی، قلنا من انت، قال انا سعد بن ابی وقاص، قلنا ولكن سمعناه يقول اتقوا فتنة الاخنس، قال الخنس كثير ولكن سمعتماه يضنی باسمی قالا لا قال الله اكبر الله اكبر "قد ضللت اذن وما انا من المهتدين" ان انا قاتلته بعد اربع سمعتهن من رسول الله (ص) لان تكون لی واحدة منهن احب الی من الدنيا وما فيها اعمر فيها عمر نوح، قلنا سمهن، قال ما ذكرتهن الا وانا اريد ان اسميهن، بعث رسول الله (ص) ببراءة[1] لينبذ

---

۱- اتفق المؤرخون من الفريقين علی ان الذی بعثه النبی (ص) ببراءة هو ابوبكر ثم ارجعه، وان لم يذكر اسمه سعد بن ابی وقاص لأمر لا يخفی علی البصير- (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

الی المشرکین فلما سار لیله او بعض لیله بعث علی بن ابی طالب نحوه فقال اقبض ببراءۃ منه واردده الی فمضی الیه امیرالمؤمنین (ع) فقبض براءۃ منه ورده الی رسول اللّٰه (ص) فلما مثل بین یدیه بکی وقال یارسول اللّٰه احدث فی شیئ ام نزل فی قرآن، فقال رسول اللّٰه (ص) لم ینزل فیك قرآن لکن جبرئیل (ع) جاء نی عن اللّٰه عزوجل فقال لایؤدی عنك الاانت او رجل منك وعلی منی وانا من علی ولا یؤدی عنی الا علی، قلنا له وما الثانیة، قال کنا فی مسجد رسول اللّٰه (ص) وآل علی وآل ابی بکر و آل عمر واعمامه- قال فنودی فینا لیلا أخرجوا من المسجد الا آل رسول اللّٰه وآل علی قال فخرجنا نجر قلاعنا، فلما اصبحنا أتاه عمه حمزۃ فقال یارسول اللّٰه اخرجنا واسکنت هذا الغلام ونحن عمومتك ومشیخة اهلك، فقال رسول اللّٰه (ص) ما انا اخرجتکم ولا انا اسکنته ولکن اللّٰه عزوجل امرنی بذلك، قلنا له فما الثالثة قال بعث رسول اللّٰه (ص) برایته الی خیبر مع ابی بکر فردها فبعث بها مع عمر فردها فغضب رسول اللّٰه (ص) وقال لا عطین الرایة غداً رجلاً یحبه اللّٰه ورسوله ویحب اللّٰه ورسوله کراراً غیر فرار حتی یفتح اللّٰه علی یدیه- قال فلما أصبحنا جثونا علی الرکب فلم نره یدعوا احداً منا ثم نادی این علی بن ابی طالب فجیئ به وهو ارمد فتفل فی عینه واعطاه الرایة ففتح اللّٰه علی یده، قلنا فما الرابعة قال ان رسول اللّٰه (ص) خرج غازیا الی تبوك واستخلف علیاً علی الناس فحسدته قریش وقالوا انما خلفه لکراهیة صحبته، قال فانطلق فی اثره حتی لحقه فأخذ بغرز ناقته ثم قال انی لتابعك قال ما شأنك فبکی وقال ان قریشاً تزعم انك انما خلفتنی لبغضك لی وکراهیتك صحبتی قال فأمر رسول اللّٰه (ص)

https://downloadshiabooks.com/

مناديه فنادي في الناس ، ثم قال ايها الناس افيكم احد الا وله من اهله خاصة قالوا اجل قال فان علي بن ابي طالب خاصة اهلي وحبيبي الی قلبي - ثم اقبل علی امیرالمؤمنين (ع) فقال له اما ترضی ان تكون مني بمنزلة هارون من موسی الا انه لانبي بعدي، فقال علي (ع) رضيت عن الله ورسوله، ثم قال سعد هذه اربعة وان شئتما حدثتكما بخامسة قلنا قد شئنا ذلك- قال كنامع رسول الله (ص) في حجة الوداع فلما عاد نزل غدير خم وامر مناديه فنادي في الناس من كنت مولاه فهذا علي مولاه اللهم وال من والاه وعاد من عاداه وانصر من نصره واخذل من خذله-

**حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)**

جناب حارث بن ثعلبہ نے بیان کیا ہے کہ دو مرد تھے جو حج کے مہینوں میں یا ان سے پہلے مکہ اور مدینہ جانے کا ارادہ کیے ہوئے تھے۔ انھوں نے لوگوں کو حج پر جانے پر آمادہ پایا۔ وہ بیان کرتا ہے ہم بھی ان لوگوں کے ساتھ حج کو نکلے۔ ان میں ایک شخص سوار تھا گویا وہ ان کا امیر تھا اور وہ ان سے الگ ہو کر سفر کر رہا تھا اس نے ہم سے سوال کیا: کیا تم عراقی ہو؟ ہم نے جواب دیا: ہاں' ہم عراقی ہیں۔ پھر اس نے پوچھا: کیا تم کوفی ہو تو ہم نے جواب دیا: ہاں ہم کوفی ہیں۔ پھر اس نے سوال کیا: کیا کوفہ میں کسی خاندان وقبیلہ سے ہو؟ ہم نے جواب دیا: ہم بنی کنانہ سے ہیں۔ پھر اس نے سوال کیا: کون سے بنی کنانہ سے ہو؟ پھر ہم نے جواب دیا: ہم بنی مالک بن کنانہ سے ہیں۔ پھر اس نے کہا: خوش آمدید' تم تو قریب سے قریب تر ہو۔ میں تم کو ہر کتاب جو خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہے اور ہر نبی کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم دونوں نے کبھی سنا ہے کہ علی ابن ابی طالبؑ نے مجھے گالیاں دی ہوں یا یہ کہا ہو کہ میں ان کا دشمن ہوں یا یہ کہا ہو کہ میں ان سے جنگ کروں گا؟ پھر ہم نے سوال کیا یہ بتاؤ کہ تم کون ہو؟ اس نے جواب میں کہا: میں سعد بن ابی وقاص

https://downloadshiabooks.com/

ہوں۔ ہم نے کہا: نہیں لیکن یہ ہم نے ضرور سنا ہے آپؑ فرماتے ہیں شیطانی فتنوں سے بچو۔ پھر اس نے کہا: شیطان تو بہت زیادہ ہیں لیکن کبھی انھوں نے میرا نام لیا ہے۔ ان دونوں نے کہا: نہیں۔ اس نے کہا: اللہ اکبر، اللہ اکبر (میرے کان گمراہ ہو گئے ہیں اور میں ہدایت یافتہ لوگوں میں سے نہیں ہوں) تحقیق ہم اس سے جنگ کرتے رہے ہیں حالانکہ ہم نے رسولؐ خدا سے چار چیزیں سنی ہیں جو علیؑ میں پائی جاتی ہیں اور اگر ان میں سے کوئی ایک بھی میرے اندر پائی جاتی تو میرے لیے پوری دنیا سے زیادہ محبوب ہوتی اور اس دنیا میں میرے لیے حضرت نوحؑ کے برابر زندگی بسر کرنے سے بہتر ہوتی۔ پھر اس نے کہا: میں ان چار کو بیان نہیں کروں گا مگر یہ کہ تم غور سے سنو گے:

۱۔ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو سورۂ برأت دے کر بھیجا تاکہ وہ مشرکوں کی طرف جائے اور ان میں اس کی تبلیغ کرے۔ پس ابھی ایک رات یا آدھی رات کا اس نے سفر کیا تھا کہ آپؐ نے علی ابن ابی طالبؑ کو اس کی طرف بھیج دیا اور فرمایا کہ اس سے سورۂ برات کو لے کر اس کو واپس کر دو اور خود جاؤ۔ پس امیر المومنین علیہ السلام اس کی طرف روانہ ہو گئے اور اس کو جالیا اور اس سے سورۂ برأت لے کر اس کو رسولؐ خدا کی طرف واپس پلٹا دیا۔ پس جب وہ شخص رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے رونا شروع کر دیا اور عرض کیا: یارسولؐ اللہ! کیا مجھ سے کوئی غلطی ہوگئی ہے یا میرے بارے میں قرآن کی کوئی آیت نازل ہو چکی ہے۔ آپؐ نے فرمایا: آپ کے بارے میں کوئی قرآن نازل نہیں ہوا لیکن میرے پاس جبرائیلؑ آئے ہیں وہ خدا کی طرف سے پیغام لائے ہیں کہ خدا فرماتا ہے اس کو کوئی انجام نہیں دے سکتا مگر یا آپ خود یا وہ شخص جو آپ میں سے ہے اور (تم جانتے ہو) میں علیؑ سے ہوں اور علیؑ مجھ سے ہے اور میری طرف سے کوئی بھی اس فریضہ کو انجام نہیں دے سکتا سوائے علیؑ کے۔

۲۔ پھر ہم نے کہا: دوسری کیا چیز ہے؟ ہم سب مسجد میں تھے کہ رسولؐ خدا، علی علیہ

https://downloadshiabooks.com/

السلامؑ آلِ ابوبکرؓ آلِ عمر اور آپؐ کے سارے چچا بھی مسجد میں تھے۔ پھر ایک رات ہمارے درمیان منادی کروائی گئی کہ سب کے سب مسجد سے باہر چلے جاؤ سوائے آلِ رسولؐ اور آلِ علیؑ کے۔ پھر اس نے کہا: ہم سب نکل گئے لیکن ہماری عزتوں کے طرے نیچے ہوگئے۔ پس جب صبح ہوئی تو آپ کے چچا حضرت حمزہ تشریف لائے اور عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپ نے ہمیں مسجد سے نکال دیا اور اس چھوٹے لڑکے کو مسجد میں رہنے دیا ہے حالانکہ ہم آپ کے چچا ہیں اور آپ کے خاندان کے بزرگ ہیں۔ پس رسولؐ خدا نے فرمایا: میں نے آپ کو باہر نہیں نکالا اور نہ ہی میں نے اس کو مسجد میں سکونت دی ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کا حکم دیا ہے اور میں نے تم کو سنا دیا ہے۔

۳- پھر ہم نے کہا: اچھا تیسری چیز کیا ہے؟ اس نے کہا کہ جنگِ خیبر میں رسولؐ خدا نے پہلے ابوبکر کو پرچم اسلام دے کر جنگ کے لیے روانہ کیا لیکن وہ بھی اس پرچم کو لیے بغیر جنگ کے واپس آگئے۔ پھر رسولؐ خدا نے عمر کو پرچم دے کر روانہ کیا لیکن وہ بھی بغیر جنگ کے واپس آگیا۔ پس رسولِؐ خدا ان پر غضب ناک ہوگئے اور فرمایا: میں کل اس شخص کو پرچم عطا کروں گا جو مرد ہوگا اور اللہ اور اس کا رسولؐ اس سے محبت کرتا ہوگا اور وہ اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہوگا' کرار ہوگا' جم کر لڑے گا فرار نہیں کرے گا' اللہ اس کے ہاتھوں پر فتح عطا فرمائے گا۔ پھر وہ کہتا ہے جب صبح ہوئی ہم سب اپنی سواریوں پر سوار تھے لیکن ہماری طرف نہیں دیکھا گیا اور ہم میں سے کسی کو بھی نہیں بلایا گیا۔ پھر آپؐ نے آواز دی: علی ابن ابی طالبؑ کہاں ہیں؟ پس ان کو لایا گیا حالانکہ ان کو آنکھوں کی تکلیف تھی پس آپ نے ان کی آنکھوں میں اپنا لعابِ دہن لگایا اور اُن کو علم و پرچم عطا فرمایا۔ پس اللہ نے ان کے ہاتھوں پر فتح عطا فرمائی۔

۴- پھر ہم نے کہا: اچھا چوتھی چیز کیا ہے؟ اس نے کہا: تحقیق رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب غزوۂ تبوک کے لیے روانہ ہوئے تو علی علیہ السلام کو مدینہ میں باقی لوگوں

https://downloadshiabooks.com/

پر اپنا خلیفہ مقرر فرمایا۔ پس قریش والوں نے آپؑ پر حسد کیا اور کہا: آپؐ کو صرف اور صرف اس لیے اپنے ساتھ نہیں لے کر گئے کیونکہ وہ ان کی ہم سفری اور ساتھ کو پسند نہیں کرتے تھے اس لیے ان کو مدینہ میں چھوڑ گئے ہیں۔ پھر اس نے کہا: پس لوگوں کی ان باتوں کو سن کر علی علیہ السلام رسولؐ خدا کے پیچھے چل دیے یہاں تک کہ آپ کو پالیا اور آپؐ کی سواری کی رکاب کو پکڑنے کے بعد عرض کیا:

میں آپؐ کے تابع اور ساتھ رہنا چاہتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: یا علیؑ کیا بات ہے آپؑ رو رہے ہیں۔ آپؑ نے عرض کی: قریش کے لوگوں کا گمان ہے کہ آپؐ مجھے اس لیے مدینہ میں چھوڑ کر آئے ہیں کیونکہ آپؐ مجھے اپنے ساتھ رکھنا پسند نہیں کرتے۔ پس رسولؐ خدا نے اپنے منادی کو حکم دیا کہ وہ لوگوں کے درمیان ندا دیں۔ پس اس نے ندا دی پھر آپؐ نے فرمایا:

"اے لوگو! تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کے خاندان میں سے کوئی اس کا خاص بندہ نہ ہو۔ سب نے عرض کیا: کیوں نہیں یا رسولؐ اللہ! ہم سب کا ایک خاص بندہ ہے جس کو ہم اپنے خاندان میں چھوڑ کر آئے ہیں اور اس پر اعتماد کرتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: اے لوگو! یہ علیؑ میرے خاندان میں سے میرا خاص ہے اور میرے دل کے قریب یعنی میرا محبوب ہے۔ پھر آپؐ علی علیہ السلام کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے علیؑ! کیا آپؑ اس پر خوش و راضی نہیں ہیں کہ آپؑ کی مثال میرے ساتھ ایسے ہی ہو جیسے ہارونؑ کو جناب موسیٰ سے تھی مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہو سکتا۔ پس علی علیہ السلام نے فرمایا: یا رسولؐ اللہ! میں اللہ اور اس کے رسولؐ سے راضی ہوں۔

پھر سعد نے کہا: یہ چار چیزیں ہیں اور اگر آپ دونوں چاہیں تو میں تم دونوں کے لیے پانچویں بھی بیان کر سکتا ہوں۔ ہم نے کہا: ہاں ہم پانچویں بھی چاہتے ہیں۔ اس نے کہا: رسولؐ خدا کے آخری حج کے وقت ہم آپؐ کے ساتھ تھے۔ پس جب ہم واپس لوٹے

https://downloadshiabooks.com/

تو مقامِ غدیر پر آپؐ نے قیام فرمایا اور منادی کو حکم دیا کہ وہ ندا دے پس اس نے لوگوں میں ندا دی۔ پھر آپؐ نے فرمایا:

من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ

''جس جس کا میں مولا ہوں اس کا یہ علیؑ مولا ہے''۔

''اے اللہ محبت کر اس سے جو اس سے محبت کرے' دشمنی رکھ اس سے جو اس سے دشمنی رکھے' مدد کر اس کی جو اس کی مدد کرے اور ذلیل و رسوا کر اس کو جو اس کو ذلیل کرنے کی کوشش کرے''۔

## علیؑ کا اصحاب کو جمل کے دن جنگ کی ہدایات دینا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی القلانسی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالقاسم الحسن بن علی بن الحسن ﴿قال حدثنا﴾ جعفر ابن محمد بن مروان ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ اسحق بن یزید ﴿قال حدثنا﴾ خالد بن مختار ﴿قال حدثنا﴾ الأعمش عن حبة العرنی، قال سمعت حذیفة الیمانی قبل ان یقتل عثمان بن عفان بسنة وهو یقول کأنی بامکم الحمیراء قدسارت یساق بها علی جمل وانتم آخذون بالشوی[1] والذنب معها الازد ادخلهم اللّٰه النار، وانصارها بنی ضبة جداللّٰه[2] اقدامهم– قال فلما کان یوم الجمل وبرز الناس بعضهم لبعض نادی منادی امیرالمؤمنین صلوات اللّٰه علیه وآله لایبد أن احدکم بقتال حتی امرکم، قال فراموا فینا فقلنا یا امیرالمؤمنین قد رمینا فقال کفوا ثم رمونا فقتلوا منا قلنا

---

۱- الشوی بفتح الشین المعجمة الیدان والرجلان والاطراف، والشوی ایضاً ما کان غیر مقتل من الاعضاء–

۲- جدء بالدال المهملة المشددة قطع للّٰه ومثله (جذ) بالمعجمة (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

یاامیرالمؤمنین قد قتلونا فقال احملوا علی برکة اللّٰہ، قال فحملنا علیهم فأنشب بعضنا فی بعض الرماح حتی لو مشی ماش لمشی علیها، ثم نادی منادی علی (ع) علیکم بالسیوف فجعلنا نضرب بها البیض فتنبولنا، فنادی منادی امیرالمؤمنین علیکم بالاقدام، قال فما رأینا یوماً کان اکثر قطع اقدام منه، قال فذکرت حدیث حذیفة "انصارها بنی ضبة جداللّٰہ اقدامهم" فعلمت انها دعوة مستجابة، ثم نادی منادی امیرالمؤمنین (ع) علیکم بالبعیر فانه شیطان قال فعقره رجل برمحه وقطع احدی یدیه رجل آخر فبرك ورغا وصاحت عائشة صیحة شدیدة فولی الناس منهزمین ، فنادی منادی امیرالمؤمنین (ع) لا تجیزوا علی جریح[3] ولا تتبعوا مدبراً، ومن اغلق بابه فهو آمن ومن القی سلاحه فهو آمن۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

حبۃ العرنی کہتا ہے کہ جس سال عثمان بن عفان قتل ہوئے اس سے ایک سال پہلے میں نے حضرت حذیفہ یمانی سے سنا تھا وہ فرماتے ہیں کہ گویا میں دیکھ رہا ہوں تم اپنی ماں حمیراء کے ساتھ ہو اور وہ اونٹ پر سوار ہو کر جنگ کی آگ میں کودنے کے لیے جا رہی ہے اور تم اس کے اطراف میں ہو اور گناہ و معصیت تمھارے اطراف میں ہے۔ خدا ان سب کو جہنم میں داخل کرے اور اس کے تمام مددگار باغی اور گمراہ لوگ ہیں۔ خدا ان کے قدموں کو قطع کرے۔

---

۳- یقال اجهز علی الجریح اذا شد علیه واتم قتله- قال الزبیدی فی تاج العروس بمادة "جهز" وفی حدیث علی رضی اللّٰہ عنه "لا تجهز وعلی جریحهم" ای من صرع منهم وکفی قتاله لا یقتل لانهم مسلمون والقصد من قتالهم دفع شرهم فاذا لم یکن ذلك الا بقتلهم قتلوا- وقال فی مادة [جاز] واجزت علی الجریح لغة فی اجهزت وانکره ابن سیدة فقال ولا یقال اجاز علیه انما یقال اجازه علی اسمه ای ضرب (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

راوی بیان کرتا ہے جب جمل کا دن تھا بعض لوگ دوسرے بعض لوگوں کو جنگ کے لیے مبارزہ کر رہے تھے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام کی طرف سے ندا دی گئی: تم میں سے کوئی شخص ہرگز جنگ کو شروع نہ کرے جب تک میں تم کو جنگ کا حکم نہ دوں۔ ایک شخص نے عرض کی: امیر المومنینؑ! وہ ہماری طرف تیر برسا رہے ہیں۔ آپؑ نے فرمایا تم اپنے تیروں کو روک کر رکھو۔ پھر انھوں نے ہم پر تیروں کی برسات کی اور ہمارے کچھ آدمی قتل ہوگئے۔ پھر ہم نے عرض کیا: اے امیر المومنینؑ! انھوں نے ہمارے کچھ افراد کو قتل کر دیا ہے پھر آپؑ نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر ان پر حملہ کردو۔ راوی کہتا ہے کہ پھر ہم نے ان پر حملہ کردیا۔ پس ہمارے ایک دوسرے کے ساتھ نیزے اس طرح چمٹے ہوئے تھے کہ اگر کوئی ان نیزوں پر چلنا چاہتا تو وہ چل سکتا تھا۔ پھر امیر المومنین علی علیہ السلام نے ندا دی: اب تم تلواروں کے ساتھ حملہ کرو۔ پس ہم نے بعض کو مارنا شروع کیا کہ ہماری تلواریں ٹیڑھی ہونا شروع ہوگئیں۔ پس مولا امیر المومنینؑ نے پھر آواز دی: اب تم پر آگے بڑھنا واجب ہے۔ راوی کہتا ہے ہم نے کوئی دن نہیں دیکھا جس میں اس دن سے زیادہ لوگوں کے قدم کاٹے گئے ہوں۔ راوی بیان کرتا ہے مجھے اس وقت حذیفہ یمانی کی وہ بات یاد آئی جس میں اس نے فرمایا تھا: (کہ اس کے مددگار سارے گمراہ باغی ہیں خدا ان کے قدموں کو قطع کرے) پس مجھے معلوم ہوگیا کہ وہ دعا قبول شدہ تھی۔ پھر امیر المومنینؑ کے منادی نے آواز دی: اس اُونٹ پر قابو پانا تم پر لازم ہے کیونکہ یہ شیطان ہے۔

راوی کہتا ہے پس ایک شخص نے اپنے نیزے کے ساتھ اس کا ایک اگلا اور ایک پچھلا پاؤں کاٹ دیا اور وہ بلبلایا اور گر گیا۔ عائشہ نے ایک سخت چیخ ماری۔ پس لوگ شکست کھا کر فرار ہوگئے۔ پس امیر المومنین کے منادی نے آواز دی: زخمی پر حملہ نہ کرنا' بھاگنے والے کا پیچھا نہ کرنا اور جو شخص اپنا دروازہ بند کرلے پس وہ امن میں ہے اور جو شخص اپنا اسلحہ ڈال دے وہ بھی امن میں ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

## ہماری محبّت ومودت واجب ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوحفص عمر بن محمد الصیرفی ﴿قال حدثنا﴾ محمد ابن همام الاسکافی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن ادریس ﴿قال حدثنا﴾ احمد ابن محمد بن عیسٰی الاشعری عن علی بن النعمان عن فضیل بن عثمان عن محمد بن سریح قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد علیهما السلام یقول ان الله فرض ولا یتنا وأوجب مودتنا والله ما نقول بأهوائنا ولا نعمل بآرائنا ولا نقول الا ما قال ربنا عزوجل۔

**حدیث نمبر 4**: (بحذف اسناد)

محمد بن سریح سے روایت ہے کہ میں نے ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ اللہ نے ہماری ولایت کو فرض کیا ہے اور ہماری مودّت کو واجب قرار دیا ہے۔ اللہ کی قسم یہ ہم اپنی خواہشات سے نہیں کہتے اور نہ ہی اپنی رائے پر عمل کرتے ہیں بلکہ جو ہمارا پروردگار کہتا ہے وہی ہم کہتے ہیں۔

## مستحب ہے کہ انسان پاک رہے اگر باطہارت مرجائے تو وہ شہید ہے

﴿قال أخبرنی﴾ احمد بن محمد بن الحسن بن الولید عن أبیه عن الحسین بن الحسن بن أبان عن محمد بن اورمه عن اسماعیل بن ابان الوراق عن الربیع بن بدر عن ابی حاتم عن انس بن مالك قال قال رسول الله (ص) یا انس اکثر من الطهور یزد الله فی عمرك، وان استطعت ان تکون باللیل والنهار علی طهارة فافعل فانك تکون اذامت علی الطهارة شهیداً- وصل صلاة الزوال فانها صلاة الاوابین، واکثر من التطوع تحبك الحفظة، وسلم علی من لقیت یزد الله فی حسناتك، وسلم فی بیتك یزد الله فی برکتك، ووقر کبیرالمسلمین، وارحم صغیرهم اجیئ انا وانت

https://downloadshiabooks.com/

یوم القیامة کہاتین– وجمع بین الوسطی والمسبحة–[1]

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

حضرت انس بن مالک نے روایت بیان کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا:

اے انس! باطہارت رہنے کی زیادہ کوشش کرو کیونکہ اس سے آپ کا رب آپ کی زندگی میں اضافہ فرمائے گا اور اگر ہو سکے تو دن رات طہارت پر باقی رہو۔ اگر آپ نے اس طرح کر لیا تو اگر باطہارت مر گیا تو آپ شہید ہوں گے۔ زوال کی نماز ادا کرو کیونکہ یہ توبہ کرنے والوں کی نماز ہے اور مستحبات کو زیادہ کرو ان کی حفاظت کیا کرو۔ اور جب کسی سے ملاقات کرو تو اس کو سلام کرو تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کی نیکیوں میں اضافہ فرمائے۔ اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرو۔ اس سے اللہ تعالیٰ آپ کے گھر میں برکت زیادہ فرمائے گا۔ مسلمان بوڑھوں کا احترام کرو اور مسلمانوں کے بچوں پر رحم کرو۔ اگر تم نے ایسا کیا تو قیامت کے دن میں اور آپ آپس میں مل کر یوں آئیں گے۔ آپؐ نے اپنی دو انگلیوں کو ملا کر اشارہ فرمایا۔

## علی علیہ السلام میرے وزیر و خلیفہ ہوں گے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبداللہ محمد بن عمر ان المرزبانی ﴿قال حدثنا﴾ ابو الفضل عبداللہ بن محمد الطوسی ﴿قال حدثنا﴾ ابو عبدالرحمٰن عبد اللہ بن احمد بن محمد بن حنبل ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن یحییٰ بن ابی شیبة ﴿قال حدثنا﴾ عبیداللہ بن موسٰی ﴿قال حدثنا﴾ فطر الاسکاف، قال

---

ا– قال الجزری فی النهاية [السباحة والمسبحة الاصبع التی تلی الأبهام سمیت بذلك لانها یشاربها التسبیح ]۔ (م ص)

https://downloadshiabooks.com/

قال رسول اللہ (ص) ان اخی و وزیری وخلیفتی فی اھلی وخیر من اترك بعدی یقضی دینی وینجز بوعدی علی بن ابی طالب -

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

جناب قطر الاسکاف نے روایت بیان کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

تحقیق میرا بھائی، میرا وزیر، میرا خلیفہ میرے خاندان ہیں اور جن کو میں چھوڑ کر جا رہا ہوں ان سب سے بہتر اور میرے قرضوں کو پورا کرنے والا اور میرے وعدوں کو وفا کرنے والا علی بن ابی طالبؑ ہے۔

## حضرت جابرؓ سے سوال

﴿قال أخبرنی﴾ ابو عبداللہ محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالفضل عبداللہ بن محمد الطوسی ﴿قال حدثنا﴾ عبداللہ بن احمد بن حنبل ﴿قال حدثنا﴾ علی بن حکیم الاودی ﴿قال أخبرنا﴾ شریك عن عثمان بن ابی زرعة عن سالم بن ابی الجعد، قال سئل جابر بن عبداللہ الانصاری وقد سقط حاجباہ علی عینیه فقیل له أخبرنا عن علی بن ابی طالب (ع) فرفع حاجبیه بیدیه ثم قال ذاك خیر البریة لا یبغضه الا منافق ولا یشك فیه الا کافر-

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

سالم بن جعد نے بیان کیا ہے حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا حالانکہ آپ کی آنکھوں کے ابرو آنکھوں پر گرے ہوئے تھے۔ پس آپ سے عرض کیا گیا آپ ہمیں علی ابن ابی طالبؑ کے بارے میں خبر دیں۔ پس آپؓ نے اپنے

https://downloadshiabooks.com/

ہاتھوں سے اپنے آبروؤں کو اٹھایا پھر فرمایا: وہ خیر البریۃ ہے ان سے کوئی بغض نہیں رکھے گا سوائے منافق کے اور ان میں شک کوئی نہیں کرے گا سوائے کافر کے۔

## عمر کی خلافت کے بارے میں اصحاب کی رائے

﴿قال أخبرني﴾ ابوحفص عمر بن محمد الصيرفي ﴿قال حدثنا﴾ ابو الحسين العباس بن المغيرة الجوهري ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن منصور الرمادي ابوبكر ﴿قال حدثني﴾ احمد بن صالح ﴿قال حدثنا﴾ عتبة ﴿قال حدثنا﴾ يونس عن ابن شهاب عن ابن مخرمة الكندي، قال ان عمر بن الخطاب خرج ذات يوم فاذا هو بمجلس فيه علي (ع) وعثمان وعبدالرحمٰن وطلحه والزبير فقال عمر اكلكم يحدث نفسه بالامارة بعدي- فقال الزبير نعم كلنا يحدث نفسه بالامارة بعدك ويرا هاله اهلا فما الذي انكرت، فقال عمر افلا احدثكم بما عندي فيكم فسكتوا- فقال عمر الا احدثكم عنكم فسكتوا ، فقال له الزبير حدثنا وان سكتنا، فقال اما انت يازبير مؤمن الرضا كافر الغضب تكون يوماً شيطاناً ويوماً انساناً- افرايت اليوم الذي تكون فيه شيطاناً من يكون الخليفة يومئذ- واما انت ياطلحة فوالله لقد توفي رسول الله وانه عليك لعاتب، واما انت ياعلي فانك صاحب بطالة ومزاح، واما انت يا عبدالرحمٰن فوالله انك لما جائك من خير اهل- وان منكم لرجلا لوقسم ايمانه بين جند من الاجناد لوسعهم وهو عثمان-

**حدیث نمبر 8**: (بحذف اسناد)

ابن مخرمہ کندی بیان کرتا ہے کہ ایک دن عمر بن خطاب گھر سے نکلے اور ایک مجلس میں آئے کہ جس میں علی علیہ السلام عثمان' عبدالرحمٰن' طلحہ اور زبیر سب موجود تھے۔

https://downloadshiabooks.com/

پس حضرت عمر نے کہا: کیا تم سب کے سب میرے بعد امارہ وحکومت کے بارے میں اپنے دل میں خواہش نہیں رکھتے؟ پس زبیر نے کہا: ہاں' ہم سب اپنے دل میں تمہارے بعد امارہ وحکومت کی خواہش رکھتے ہیں اور سب اپنے آپ کو اس کا اہل گمان کرتے ہیں۔ پس اس سے کسی کو کوئی انکار نہیں ہے۔ پھر حضرت عمر نے کہا: میں تم کو تمھارے بارے میں خبر دیتا ہوں۔ پس سب خاموش رہے۔ پس زبیر نے کہا: اگرچہ ہم سب خاموش ہیں لیکن تو بیان کر۔ حضرت عمر نے کہا: اے زبیر تو رضایت وخوشی کے وقت مومن ہے لیکن غضب کے وقت کافر۔ تو ایک دن مومن ہوتا ہے اور دوسرے دن شیطان۔ پس تو خود دیکھ جس دن تو شیطان ہوگا اس دن خلیفہ ہوگا (یعنی شیطان خلیفہ ہوگا)۔

بہرحال اے طلحہ تو خدا کی قسم! جب رسولؐ خدا اس دنیا سے گئے تھے تو وہ تیرے اُوپر غضب ناک تھے۔ بہرحال اے علیؑ آپ بہادر اور مزاح کرنے والے ہیں۔ تو اے عبدالرحمٰن پس خدا کی قسم اگر تجھے کوئی خیر حاصل ہوگی تو اپنے خاندان کو دے گا۔ لیکن تم میں ایک ایسا مرد موجود ہے اگر اس کا ایمان لشکروں میں ہر لشکر پر تقسیم کیا جائے تو وہ سب کو پورا آ سکتا ہے اور وہ ہے عثمان۔

(یہ روایت تھی اور اس کتاب میں درج ہے اس لیے اس کا ترجمہ کر دیا ہے لیکن مترجم کے لیے ضروری نہیں ہے کہ ہر روایت کے متن کا وہ عقیدہ رکھتا ہو۔ باقی اس روایت کا آخری حصہ وہ قابلِ اعتراض ہے کیونکہ یہ اس نے ہمیشہ کی طرح اس میں بھی غلط بیانی سے کام لیا ہے ورنہ یہ اس کا اہل نہیں تھا۔ بھلا جو دشمن آلِ محمدؐ ہو وہ اس کے بارے میں یہ رائے دینا از خود جہالت کی نشانی ہے۔ مترجم)

## رسولؐ کے بھائی کون ہیں؟

﴿قال أخبرني﴾ ابوحفص عمر بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبداللہ

https://downloadshiabooks.com/

جعفر بن محمد بن جعفر الحسنی ﴿قال حدثنا﴾ ابوموسٰی عیسٰی بن مہران ﴿قال حدثنا﴾ ابویشکر البلخی ﴿قال حدثنا﴾ موسٰی بن عبیدۃ عن محمد ابن کعب القرظی عن عوف بن مالك قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وآله وسلم ذات یوم یالیتنی قد لقیت اخوانی۔ فقال له ابوبکر وعمر او لسنا اخوانك آمنابك وهاجر نامعك، قال صلی اللّٰہ علیه وآله وسلم قد آمنتم وهاجرتم ویالیتنی قد لقیت اخوانی فاعادا القول فقال رسول اللّٰہ (ص) انتم اصحابی لکن اخوانی الذین یاتون من بعدکم یؤمنون بی ویحبونی وینصرونی ویصدقونی وما راونی فیالیتنی قد لقیت اخوانی۔

**حدیث نمبر 9:** (بحذف اسناد)

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن فرمایا: کاش میں اپنے بھائیوں سے ملاقات کرتا۔ پس ابوبکر اور عمر نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! کیا ہم آپؐ کے بھائی نہیں جبکہ ہم آپؐ پر ایمان بھی لائے ہیں اور آپؐ کے ساتھ ہجرت بھی کی ہے۔

حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا: درست ہے کہ تم میرے اوپر ایمان رکھتے ہو اور میرے ساتھ تم نے ہجرت بھی کی ہے لیکن کاش میں اپنے بھائیوں سے ملاقات کرتا۔ پس ان لوگوں نے پھر اس قول کو دہرایا۔ رسولؐ خدا نے فرمایا: تم میرے اصحاب ہو لیکن میرے بھائی وہ ہیں جو آپ لوگوں کے بعد میں آئیں گے۔ وہ میرے پر ایمان رکھتے ہوں گے وہ مجھ سے محبّت کرتے ہوں گے اور وہ میری مدد کرتے ہوں گے اور میری تصدیق کرنے والے ہوں گے حالانکہ انھوں نے مجھے دیکھا نہیں ہوگا۔ کاش میں اپنے بھائیوں سے ملاقات کروں۔

https://downloadshiabooks.com/

# حج پر لوگوں کو آمادہ کیا گیا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنی﴾ ابوالحسن محمد بن یحییٰ التمیمی ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن بـهرام ﴿قال حدثنی﴾ الحسن بن یحی ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن حمدون عن محمد بن ابراهیم بن عبدالله ﴿قال حدثنی﴾ الحسن بن حمدون عن محمد بن ابراهیم بن عبدالله ﴿قال حدثنی﴾ سدیر الصیرفی قال کنت عند ابی عبدالله جعفر بن محمد (ع) وعنده جماعة من اهل الکوفة فاقبل علیهم وقال لهم حجوا قبل ان لا تحجوا قبل ان یمنع المرجانیة حجوا قبل هدم مسجد بالعراقین بین نخل وانهار ، حجوا قبل ان یقطع سدرة بالزوراء، عسل عروق النخلة التی اجتنت منها مریم علیها السلام رطباً جنیاً فعند ذلك یمنعون الحج وینقص الثمار وتجدب البلاد ویتلون اغلاء الاسعار وجور السطان ویظهر فیکم الظلم والعدوان مع البلاء والوباء والجوع وتضلکم الفتن من جمیع الآفاق فویل لکم یااهل العراق اذا جائتکم الرآیات من خراسان وویل لاهل الری من الترك وویل لاهل العراق من اهل الری وویل لهم من الثط قال سدیر فقلت یامولای من الثط قال قوم آذانهم کاذان الفار صغراً، لباسهم الحدید کلامهم کلام الشیاطین صغار الحدق، مرد جرد استعیذوا بالله من شرهم اولئك یفتح الله علی ایدیهم الدین ویکونون سببا لامرنا۔

**حدیث نمبر 10:** (بحذف اسناد)

جناب سدیر صیرفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہا السلام کی خدمتِ اقدس میں موجود تھا۔ آپؑ کے پاس اہلِ کوفہ کی جماعت

https://downloadshiabooks.com/

بھی موجود تھی۔ آپؑ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: حج ادا کرو قبل اس کے کہ آپ لوگوں کو حج نہ کرنے دیا جائے۔ قبل اس کے کہ برطانیہ والے (یعنی برطانیہ) تم کو حج کرنے سے روک دیں۔ حج ادا کرو قبل اس کے کہ کوفہ و بصرہ کی مسجد جو کھجوروں اور نہر کے درمیان ہے اس کو منہدم کر دیا جائے۔ حج ادا کرو قبل اس کے کہ وہ بیری کے درخت زور و طاقت سے کاٹ دیئے جائیں اور وہ کھجور کا درخت کہ جس سے جناب مریمؑ کے لیے تازہ کھجوریں گری تھیں اس کی شاخیں خشک ہو جائیں۔ پھر حج سے منع کیا جائے گا۔ پھل کم ہو جائیں گے۔ شہروں میں قحط کا سامان ہوگا۔ غلات کی قیمتیں بڑھ جائیں گی۔ بادشاہ ظالم ہوں گے۔ اس زمانے میں ظلم و عدوان تم میں ظاہر ہوگا۔ ساتھ ساتھ وبائی امراض آسمانی و زمینی بلاء و مصیبتیں، غربت زیادہ ہوگی۔ فتنے تمام اطراف سے تم کو گمراہ کریں گے۔ اے اہلِ عراق! تم پر افسوس اور وائے ہو کہ جب اہلِ خراسان (یعنی ایران) کی طرف سے تم کو دعائیں ملیں گی۔ وائے ہو اہلِ ری کے لیے ترک کی طرف سے۔ اور اہلِ عراق کے لیے اہلِ ری سے وائے ہو اور ویل اور وائے ہو ان کے لیے الثط کی طرف سے۔

سدیر نے عرض کی: اے میرے مولا! یہ الثط کون ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: یہ ایک قوم ہوگی ان کے کان چھوٹے چوہے کی مانند ہوں گے، ان کا لباس لوہے کا ہوگا اور وہ شیطان کی گفتگو کریں گے۔ چھوٹے قد کے اور کھودے (یعنی بغیر داڑھی) ہوں گے۔ خداوند متعال سے ان کے شر سے پناہ طلب کرو۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جن کے ہاتھ دین کو فتح دے گا اور یہ ہماری حکومت کا سبب بنیں گے (یعنی ظاہر یاجوج اور ماجوج کی طرف اشارہ ہے جو ظہور امامؑ سے پہلے آئیں گے)

## اللہ کی مدد لوگوں کی نیت کے حساب سے ہوگی

﴿قال أخبرني﴾ ابو غالب احمد بن محمد ﴿قال حدثني﴾ جدي عن

https://downloadshiabooks.com/

محمد بن سلیمان ﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر محمد بن الحسین ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن سنان عن حمزة بن محمد الطیار قال سمعت ابا عبداللّٰہ (ع) یقول انما قدر اللّٰہ عون العباد علی قدر نیاتھم فمن صحت نیته- تم عون اللّٰہ ومن قصرت نیته قصر عنه عون بقدر الذی قصر-

**حدیث نمبر 11: (بحذف اسناد)**

حضرت حمزہ بن محمد الطیار رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام صادق علیہ السلام سے سنا ہے آپؑ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی مدد ان کی نیت کی مقدار کے حساب سے کرتا ہے۔ پس جس کی نیت صحیح ہوگی اس کی مدد پوری کی جائے گی اور جن کی نیت میں قصور و کمی ہوگی ان کی مدد میں اتنی مقدار میں کمی کر دی جائے گی جتنی مقدار اس کی نیت میں کمی یا قصور ہوگا۔

## علم جہالت سے پہلے خلق ہوا ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوغالب احمد بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ ابوطاهر محمد ابن سلیمان الزراری ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسین عن محمد بن یحییٰ عن غیاث بن ابراهیم ﴿قال حدثنا﴾ خارجة بن مصعب عن محمد بن ابی عمیر العبدی قال قال امیر المؤمنین علی بن ابی طالب (ع) ما اخذ اللّٰہ میثاقا من اهل الجهل بطلب تبیان العلم حتّٰی اخذ میثاقا من اهل العلم بتبیان العلم للجهال لان العلم کان قبل الجهل-

**حدیث نمبر 12: (بحذف اسناد)**

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا:

https://downloadshiabooks.com/

اللہ تعالیٰ نے جاہلوں سے وعدہ نہیں لیا کہ وہ اہلِ علم سے علم کے بیان کو طلب کریں بلکہ اللہ نے اہلِ علم سے وعدہ وعہد لیا ہے کہ وہ علم کو جاہلوں کے لیے بیان کریں کیونکہ علم جہالت سے پہلے خلق ہوا ہے۔

## رسولِ خدا کے قریب سب سے زیادہ وہ ہے جو امانت ادا کرنے والا ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالقاسم الحسن بن علی بن الحسن الکوفی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد ابن مروان ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن اسماعیل الهاشمی عن عبدالمؤمن عن محمد بن علی الباقر (ع) ﴿قال حدثنی﴾ جابر بن عبدالله الانصاری قال قال رسول الله (ص) اقربکم منی فی الموقف غداً اصدقکم حدیثا واداکم امانة واوفاکم بالعهد واحسنکم خلقا واقربکم الی الناس –

**حدیث نمبر 13:** (بحذف اسناد)

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

قیامت کے دن تم سب میں سے میرے زیادہ قریب وہ کھڑا ہوگا جو تم میں زیادہ زبان کا سچا ہوگا۔ امانت کو ادا کرنے والا ہوگا۔ تم میں زیادہ وعدہ وفا کرنے والا ہوگا اور اس کے اخلاق تم سے اچھے ہوں گے اور تم سے زیادہ لوگوں کے قریب ہوگا۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 8

[بروز پیر ۲۴ رمضان المبارک سال ۴۰۴ ہجری قمری]

## ثواب کے اعتبار سے سب سے تیز ترین نیکی

مجلس یوم الاثنین الرابع والعشرین منه سماعی من املائه حدثنا الشیخ الاجل المفید ابو عبدالله محمد بن محمد بن النعمان ادام الله تأییده وتوفیقه فی هذا الیوم ﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن موسیٰ بن المتوکل ﴿قال حدثنا﴾ علی بن الحسین السعد اٰبادی عن احمد بن ابی عبدالله البرقی عن عبدالرحمٰن بن ابی نجران عن عاصم بن حمید عن ابی حمزة الثمالی عن ابی جعفر الباقر محمد ابن علی (ع) عن آبائه قال قال رسول الله (ص) ان اسرع الخیر ثوابا البر واسرع الشر عقابا البغی وکفٰی بالمرء عیبًا ان ینظر من الناس الی ما یعمی عنه من نفسه او یعیر الناس بما لا یستطیع ترکه ویوذی جلیسه بمالا یعنیه۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوجعفر الباقر محمد بن علی علیہما السلام نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرمائی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

تحقیق سب سے جلدی جس خیر پر ثواب ملتا ہے وہ اس کی اطاعت کرنا ہے۔ اور

https://downloadshiabooks.com/

سب سے جلدی جس بدی پر عذاب و عتاب ہوتا ہے وہ بغاوت کرنا ہے۔ انسان کے عیب دار ہونے کے لیے یہ ہی کافی ہے کہ وہ لوگوں کے عیب تلاش کرے اور اپنے عیب اس کو نظر نہ آئیں۔ اور لوگوں کی اس عیب پر سرزنش کرے جس کو وہ خود ترک کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ اور وہ اپنے ساتھ بیٹھنے والے کو بے ہودہ ولغو باتوں سے اذیت دے۔

## اپنے گناہ پر رونے والے کے لیے طوبیٰ ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن جعفر الحميري ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن محمد عن علی بن الحكم عن هشام بن سالم عن ابی عبدالله (ع) قال قال رسول الله (ص) طوبی لشخص نظر اليه الله يبكی علی ذنب من خشية الله لم يطلع علی ذلك الذنب غيره -

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ امام صادق علیہ السلام نے روایت نقل فرمائی ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

طوبیٰ ہے اس شخص کے لیے جب خدا اس کو دیکھے تو وہ اس کے خوف سے اپنے گناہ پر گریہ کر رہا ہو جس پر اس کے علاوہ کوئی اور اطلاع نہ رکھتا ہو۔

## اپنے بارے میں لوگوں سے دھوکا نہ کھاؤ

﴿قال أخبرني﴾ ابوجعفر محمد بن علی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن علی عن عمه محمد بن ابی القاسم عن محمد بن علی الكوفی عن محمد بن سنان عن ابی النعمان عن ابی عبدالله جعفر بن محمد عليه السلام قال قال لی یا ابا النعمان لا يغرنك الناس من نفسك فان الامر يصل اليك دونهم ولا

https://downloadshiabooks.com/

يقطع نهارك بكذا وكذا فان معك من يحصى عليك واحسن فانى لم اراشد طلباً ولا اسرع دركا من حسنة محدثة لذنب ان الله عزوجل يقول ان الحسنات يذهبن السيئات ذلك لذكرى للذاكرين -

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

ابوالنعمان نے حضرت امام ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہما السلام سے روایت نقل کی ہے، آپؑ نے فرمایا:

اے ابوالنعمان! تحقیق لوگ آپ کو خود آپ کے بارے میں دھوکا نہ دیں کہ وہ آپ کے ساتھ تعلقات جوڑیں اور آپ ان سے تعلقات قائم نہ کرسکیں اور آپ اپنا دن اس طرح نہ گزاریں کیونکہ آپ کے ساتھ جو (یعنی فرشتے) ہیں جو آپ کی ہر چیز شمار کر رہے ہیں جس کی طلب و مانگ بہت سخت ہے اور وہ سب سے جلدی لاحق ہونے والی ہے۔ جس کو میں دیکھتا ہوں وہ نیکی ہے جو برائی کو ختم کر دے کیونکہ اللہ تعالیٰ خود ارشاد فرماتا ہے: تحقیق نیکیاں برائیوں کو ختم کردیتی ہیں یہ یاد رکھنے والوں کے لیے یاددہانی ہے۔

## امام کی اطاعت ہر چیز کی چابی ہے

﴿قال أخبرنى﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولويه عن محمد بن يعقوب الكلينى عن على بن ابراهيم عن أبيه عن حماد بن عيسٰى عن حريز عن زرارة بن اعين عن ابى جعفر محمد بن على بن الحسين (ع) قال ذروة الامر وسنامه ومفتاحه وباب الاشياء ورضاء الرحمٰن تعالٰى طاعة الامام بعد معرفته ثم قال ان الله تعالٰى يقول "ومن يطع الرسول فقد اطاع الله" [ومن تولى فما ارسلناك عليهم حفيظا]

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت زرارة بن اعین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام سے روایت نقل فرمائی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

ہر چیز کی بلندی' اس کا بڑاپن' اس کی چابی اور چیزوں کا دروازہ اور خدائے رحمٰن کی رضا وخوشنودی امام کی معرفت کے بعد ان کی اطاعت میں ہے۔ پھر آپؑ نے فرمایا: تحقیق اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے:

ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ کہ جس نے رسولؐ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

اس کے بعد فرمایا:

ومن تولی فما ارسلناك علیهم حفیظا اور جو انکار کردے گا ہم نے آپ کو ان کا محافظ بنا کر مبعوث نہیں فرمایا۔

(یعنی آپ کی ذمہ داریوں میں ان کی حفاظت کرنا نہیں ہے۔)

## حضرت عمار یاسرؓ پر ظلم

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد بن حبیش الکاتب ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن علی الزعفرانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنا﴾ الحسین بن علی اللؤلؤی ﴿قال حدثنا﴾ یحیٰی بن المغیرة عن سلمة بن الفضل عن علی بن صبیح الکندی عن ابی یحیٰی مولی معاذ بن عفرة الانصاری قال ان عثمان بن عفان بعث الی الارقم بن عبداللہ وکان خازن بیت مال المسلمین فقال له اسلفنی مائة الف الف درهم فقال له الارقم اکتب علیك بها صکا للمسلمین قال وما انت وذاك لا أم لك انما

https://downloadshiabooks.com/

انت خازن لنا. قال فلما سمع الارقم ذلك خرج مبادراً الى الناس فقال ايها لناس عليكم بما لكم فانى ظننت انى خازنكم ولا اعلم انى خازن عثمان بن عفان حتیٰ اليوم ومضى فدخل بيته فبلغ ذلك عثمان فخرج الى الناس حتیٰ اتى المسجد ثم رقى المنبر وقال ايها الناس ان ابابكر يؤثر بنى تيم على الناس وان عمر كان يؤثر بنى عدى على كل الناس وانى اؤثر والله بنى امية على من سواهم ولو كنت جالساً بباب الجنة ثم استطعت ان ادخل بنى امية جميعاً الى الجنة لفعلت وان هذا المال لنا فان احتجنا اليه اخذناه وان رغم انف اقوام فقال عمار بن ياسر رحمه الله معاشر المسلمين اشهدوا ان ذلك مرغم لى فقال عثمان وانت ههنا ثم نزل من المنبر ثم يتوطاه برجله حتیٰ غشى على عمار واحتمل وهو لا يعقل الى بيت ام سلمة فاعظم الناس ذلك وبقى عمار مغمى عليه لم يصلى يومئذ الظهر والعصر والمغرب فلما افاق قال الحمدلله فقد او ذيت في الله وانا احتسب ما اصابنى فى جنب الله بينى وبين عثمان العدل الكريم يوم القيمة قال وبلغ عثمان ان عمارا عند اُم سلمة فارسل اليها فقال مما هذه الجماعة فى بيتك مع هذا الفاجر اخرجيهم من عندك فقالت والله ما عندنا مع عمار الابنتاه فاجتنبنا ياعثمان واجعل سطوتك حيث شئت وهذا صاحب رسول الله (ص) يجود بنفسه من فعالك قال فندم عثمان على ما صنع فبعث الى طلحة والزبير يسألها ان يأتيا عمارا فيسألاه ان يستغفر له فاتياه فابى عليهما فرجعا اليه فاخبراه فقال عثمان من حكم الله يابنى امية يافراش النار وذباب الطمع شنعتم على والبتم على اصحاب رسول الله (ص) ثم ان عمارا رحمه الله صلح من مرضه فخرج الى مسجد رسول الله (ص) فبينما هو كذلك اذ دخل ناعى

https://downloadshiabooks.com/

ابی ذر علی عثمان من الربذة فقال ان ابا ذر مات بالربذة وحيدا ودفنه قوم سفر فاسترجع عثمان وقال رحمه الله فقال عمار رحم الله ابا ذر من كان انفسنا فقال له عثمان وانك لهناك بعدما ابرأبيه اترانی ندمت علی تسييری اياه قال له عمار لا والله ما اظن ذاك قال وانت انصافا احق بالمكان الذی كان فيه ابوذر فلا تبرحه ما حيينا قال عمار افعل فوالله لمجاورة السباع احب علی من مجاورتك قال فتهياء عمار للخروج وجاء ت بنو مخزوم الی امير المؤمنين علی بن ابی طالب عليه السلام فسألوه ان يقوم معهم الی عثمان يستنزله عن تسيير عمار فقام معهم فسأله فيهم ورفق به حتی اجابه الی ذلك –

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

معاذ بن عفرۃ الانصاری کے غلام ابویحییٰ نے روایت بیان کی ہے وہ کہتا ہے: تحقیق حضرت عثمان بن عفان (خلیفۂ سوم) نے ارقم بن عبداللہ کی طرف پیغام بھیجا جو بیت المال مسلمین کا خزانچی تھا اور اس سے کہا کہ مجھے دس لاکھ درہم قرض دیا جائے۔ پس ارقم نے کہا کہ میں دس لاکھ کا چیک تمہارے لیے مسلمانوں کے نام لکھ دیتا ہوں (یعنی میں اتنی رقم دینے کو تیار نہیں)۔ حضرت عثمان نے کہا کہ تو کون ہوتا ہے مجھے روکنے والا' کیا تیری ماں کوئی نہیں ہے تو صرف ہمارا خزانچی ہے۔

راوی کہتا ہے: جب ارقم نے یہ الفاظ سنے' جلدی سے لوگوں کے پاس گیا اور جا کے کہنے لگا: اے لوگو! میں تمہیں ایک بات بتانا چاہتا ہوں' میں یہ گمان کرتا تھا کہ میں تمہارا خزانچی ہوں' مجھے آج تک پتہ ہی نہیں تھا میں عثمان بن عفان کا خزانچی ہوں۔ یہ تو مجھے آج پتہ چلا یہ کہہ کر اپنے گھر چلا گیا۔ جب اس کی اطلاع حضرت عثمان کو ملی حضرت عثمان باہر آئے' یہاں تک کہ مسجد میں چلے گئے۔ پھر منبر پر گئے اور لوگوں سے مخاطب ہو کر کہا: اے لوگو! حضرت ابوبکر نے بنی تمیم کو لوگوں پر مقدم کیا' حضرت عمر نے بنی عدی کو تمام لوگوں پر

https://downloadshiabooks.com/

مقدم کیا اور اللہ کی قسم! میں بنو امیہ کو تمام لوگوں پر مقدم رکھوں گا۔ اگر مجھے جنت کے دروازے پر بٹھا دیا جائے اور مجھے اختیار دیا جائے کہ تمام بنو اُمیہ کو جنت میں داخل کر دوں تو میں ایسا ضرور کروں گا۔

اور تحقیق یہ مال ہمارا ہے۔ اگر ہم اس کی ضرورت محسوس کریں گے تو اس کو لے لیں گے اگرچہ اس سے قوم کی ذلت و رسوائی ہی کیوں نہ ہو۔ پس عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اے معاشر المسلمین! گواہ رہنا یہ میرے لیے رسوائی ہے۔ پس حضرت عثمان نے کہا: کیا آپ ہمارے یہاں ہیں۔ پس وہ منبر سے اُترے اور آ کر جناب عمارؓ کو پاؤں سے مارنا شروع کر دیا۔ یہاں تک کہ عمار بے ہوش ہو گئے اور احتمال تھا کہ شاید ام المومنین جناب سلمٰی کے گھر میں بھی پناہ حاصل نہ کر سکیں، پس لوگوں نے اس کو بہت برا محسوس کیا۔ جنابِ عمارؓ وہاں بے ہوش پڑے رہے حتیٰ کہ اس دن آپ نمازِ ظہر، عصر اور مغرب بھی ادا نہ کر سکے۔ پس جب آپ کو ہوش آیا تو آپ نے فرمایا: الحمدللہ! یہ جو میں نے اذیت برداشت کی ہے یہ خدا کے لیے ہے اور جو کچھ میرے ساتھ کیا گیا ہے اس کا قیامت کے دن بارگاہِ خدا میں حساب لوں گا۔ اور میرے اور عثمان کے درمیان عادل کریم قیامت کے دن فیصلہ کرے گا۔

راوی بیان کرتا ہے کہ اس کے بارے میں عثمان کو اطلاع ملی کہ عمار ام المومنین اُم سلمٰی کے گھر میں پناہ لیے ہوئے ہیں۔ پس اس نے ایک آدمی بی بی کی خدمت میں بھیجا اور اس بندے نے بی بی کی خدمت میں عرض کیا: یہ لوگوں کی جماعت اس فاجر (نعوذ باللہ) کے ساتھ آپ کے گھر میں موجود ہے اس کو باہر نکال دیں۔

بی بی نے فرمایا: خدا کی قسم، میرے گھر میں عمار اور اس کی دو بیٹیوں کے علاوہ کوئی اور موجود نہیں ہے۔ تم ان سے دُور رہو اور اپنا غصہ کسی دوسرے پر نکالو جس پر جی چاہے، اور یہ رسولؐ اللہ کا ساتھی ہے ان پر تجھے مہربانی وسخاوت کرنی چاہیے۔ پس جو کچھ حضرت

https://downloadshiabooks.com/

عثمان نے کیا تھا اس پر پشیمان ہوئے اور اس نے طلحہ اور زبیر کو بی بی کی خدمت میں بھیجا کہ وہ ان سے عمارؓ کو لے کر آئیں تا کہ وہ ان سے معذرت کر سکے۔ پس وہ دونوں آئے اور آپ نے ان کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا۔ پس وہ دونوں واپس آئے اور ان دونوں نے عثمان کو آ کر خبر دی کہ وہ نہیں آیا۔

پس حضرت عثمان نے حکم اللہ سے کہا: اے بنوامیہ! اے جہنم کا ایندھن! اے لالچی مکھیو! تم نے مجھے رسوا کرا دیا ہے اور نبی کے اصحاب پر مجھ سے ظلم کروایا ہے۔ پس جب جناب عمارؓ تندرست ہو گئے تو دوبارہ مسجد میں تشریف لائے' جب آپ تشریف لائے تو اس وقت حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کی خبر لے کر ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا اور اس نے حضرت عثمان سے بیان کیا کہ ابوذرؓ ربذہ میں عالمِ تنہائی میں انتقال کر گئے ہیں اور ان کو مسافروں کے ایک گروہ نے دفن کیا ہے۔ پس حضرت عثمان نے خبر سن کر کلمات استرجاء (یعنی انا للہ وانا الیہ راجعون) کے کلمات دہرائے اور کہا کہ خدا ابوذر پر رحمت نازل فرمائے۔ حضرت عمارؓ نے فرمایا: خدا ابوذرؓ پر رحمت نازل فرمائے اور ہمارے ہر نفس کے بدلے میں خدا ان پر رحمت نازل فرمائے۔

حضرت عثمان نے جناب عمارؓ سے کہا: اے عمارؓ! تو پھر یہاں ہے اور تیرے باپ کے مرنے کے بعد تو مجھے یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ میں ابوذرؓ کی جلاوطنی پر نادم و پشیمان ہوں۔ جناب عمارؓ نے فرمایا: خدا کی قسم! میں اس کا گمان نہیں کرتا۔ حضرت عثمان نے کہا: انصافاً آپ بھی اسی مقام پر جانے کے سزاوار ہیں کہ جس میں ابوذر نے وفات پائی ہے۔ اور جب تک تو زندہ رہے اسی جگہ پر رہے۔ جناب عمرؓ نے فرمایا: ایسے ہی کرو۔ خدا کی قسم! تمہارے ساتھ رہنے کے بجائے جنگل کے درندوں کے ساتھ رہنا مجھے زیادہ پسند ہے۔

پس حضرت عثمان نے کہا: اے عمار! پس تم جانے کی تیاری کرو۔ اس کے بعد بنومخزوم کے لوگ جناب امیرالمومنین علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا:

https://downloadshiabooks.com/

آپ ہمارے ساتھ آ ئیں تا کہ حضرت عثمان سے حضرت عمارؓ کی جلاوطنی کے بارے میں بات کی جائے۔ پس آپؑ ان لوگوں کے ساتھ مل کر حضرت عثمان کے پاس آئے اور جنابِ عمارؓ کی جلاوطنی کے بارے میں ان سے بات کی۔ وہ نرم ہو گئے اور انھوں نے دوبارہ جلاوطنی کے احکام واپس لے لیے۔

## حضرت رسولؐ خدا کا علیؑ کو شہادت کی خبر دینا

﴿قال أخبرني﴾ الشريف ابوعبدالله محمد بن الحسن الجواني ﴿قال أخبرني﴾ المظفر بن جعفر العلوي العمري ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد ابن مسعود عن أبيه عن محمد بن حاتم ﴿قال حدثنا﴾ سويد بن سعيد ﴿قال حدثني﴾ محمد بن عبدالرحيم اليماني عن ابن مينا عن أبيه عن عايشه قالت جاء علي بن ابي طالب (ع) يستأذن على النبي (ص) فلم يأذن له فاستأذن دفعة اخرى فقال النبي (ص) ادخل ياعلي فلما دخل فقام اليه رسول الله (ص) فاعتنقه وقبل بين عينيه وقال بابي الوحيد الشهيد بابي الوحيد الشهيد۔

**حدیث نمبر 6:** (بحذف اسناد)

بی بی عائشہ سے روایت ہے وہ بیان کرتی ہیں: حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام درِ نبیؐ پر آئے اور آ کر اجازت طلب کی۔ پس آپؐ نے داخل ہونے کی اجازت نہ دی۔ پھر آپؑ نے دوسری مرتبہ اجازت طلب فرمائی تو نبی اکرمؐ نے فرمایا: اے علیؑ! اندر آ جاؤ۔ پس جب علی علیہ السلام اندر داخل ہوئے، رسولؐ خدا کھڑے ہوئے، پس آپؐ نے ان کو گلے لگایا اور پیشانی پر بوسہ دیا اور فرمایا: میرا باپ آپؑ پر قربان ہو اے شہید وحید (اور اس کو دو مرتبہ دہرایا)

https://downloadshiabooks.com/

## طلحہ اور زبیر نے بیعت کو توڑا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالقاسم الحسن بن علی الکوفی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد بن مروان ﴿قال حدثنا﴾ اسحاق بن یزید ﴿قال حدثنا﴾ سلیمان بن قرم عن ابی الحجاف عن عمار الدھنی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعثمان مؤذن بنی اقصی قال سمعت علی بن ابی طالب (ع) حین خرج طلحة والزبیر لقتاله یقول عذیری من طلحة والزبیر بایعانی طائعین غیر مکرھین ثم نکثا بیعتی من غیر حدث ثم تلاھذہ الایة "وان نکثوا ایمانھم من بعد عھدھم وطعنوا فی دینکم فقاتلوا ائمة الکفر انھم لا ایمان لھم لعلھم ینتھون"

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

ابوعثمان جو بنی اقصیٰ کا مؤذن تھا وہ بیان کرتا ہے کہ میں نے حضرت علی ابن ابی طالبؑ سے سنا ہے وہ فرماتے ہیں:

جب طلحہ اور زبیر آپؑ کے مقابلے میں جنگ کے لیے آئے تو آپؑ نے فرمایا:

اے عذیری! یہ طلحہ اور زبیر وہ ہیں جنہوں نے بغیر کسی مجبوری کے میری بیعت کی اور پھر ان دونوں نے بیعت کو بغیر کسی وجہ کے توڑ دیا۔ پھر آپؑ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی:

وان نکثوا ایمانھم من بعد عھدھم وطعنوا فی دینکم
فقاتلوا ائمة الکفر انھم لا ایمان لھم لعلھم ینتھون

## رسولؐ خدا سے پہلے کس نبی کو جنت میں جانے کی اجازت ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد رحمه الله عن أبیه عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن سعید بن جناح عن

https://downloadshiabooks.com/

عبداللّٰہ بن محمد عن جابر بن یزید عن ابی جعفر محمد بن علی الباقر (ع) عن ابائه (ع) قال قال رسول اللّٰہ (ص) الجنة محرمة علی الانبیاء حتٰی ادخلها و محرمة علی الامم کلها حتٰی تدخلها شیعتنا اهل البیت –

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

حضرت امام ابو جعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت بیان کی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

جنت تمام نبیوں پر حرام ہے جب تک میں جنت میں داخل نہ ہو جاؤں اور جنت تمام اُمتوں پر حرام ہے جب تک ہم اہلِ بیتؑ کے شیعہ جنت میں داخل نہ ہو جائیں۔

## انسانِ غافل پر تعجب ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن محمد بن جعفر بن محمد الکوفی النحوی التمیمی ﴿قال حدثنا﴾ هشام بن یونس النهشلی ﴿قال حدثنا﴾ یحیٰی بن یعلی عن احمد بن محمد الاعرج عن عبداللّٰہ بن الحارث عن عبداللّٰہ بن مسعود قال قال رسول اللّٰہ (ص) عجب لغافل و لیس بمغفول عنه وعجب لطالب الدنیا والموت یطلبه وعجب لضاحك ملاء فیه وهو لا یدری ارضی اللّٰہ ام سخط له –

**حدیث نمبر 9: (بحذف اسناد)**

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت نقل کی ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا:

مجھے تعجب ہے اس انسان غافل پر، حالانکہ اس سے غفلت نہیں کی جائے گی اور دنیا کے چاہنے والے پر تعجب ہے جب کہ موت اس کو طلب کر رہی ہے اور مجھے تعجب ہے اس

https://downloadshiabooks.com/

ہنسنے والے پر جو اس میں مصروف ہے لیکن وہ یہ نہیں جانتا کہ اللہ اس پر راضی ہے یا اس پر غضب ناک ہے۔

## دشمنِ علیؑ جہالت کی موت مرتا ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن محمد بن جعفر ﴿قال حدثنا﴾ هشام بن يونس النهشلي ﴿قال حدثنا﴾ ابومحمد الانصاري ﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر بن عياش عن محمد بن شهاب الزهري عن انس بن مالك قال نظر النبي (ص) الى على بن ابى طالب (ع) فقال ياعلى من ابغضك اماته الله ميتة جاهلية وحاسبه بما عمل يوم القيامة۔

**حدیث نمبر 10:** (بحذف اسناد)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی ابن ابی طالبؑ کی طرف دیکھتے ہوئے فرمایا:

اے علیؑ! جو آپؑ سے بغض رکھے گا اس کو اللہ جہالت کی موت مارے گا اور جو کچھ وہ عمل کر رہا ہے اس کا قیامت کے دن حساب لے گا۔

## اللہ سے محبّت کرنے والوں کا مقام

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن محمد بن جعفر ﴿قال حدثنا﴾ هشام ﴿قال حدثني﴾ يحيى بن يعلى عن حميد عن عبدالله بن الحارث عن عبدالله بن مسعود قال قال رسول الله (ص) المتحابون في الله عزوجل على اعمدة من ياقوت احمر في الجنة يشرفون على اهل الجنة فاذا اطلع احدهم ملاء حسنه بيوت اهل الجنة فيقول اهل الجنة اخرجوا ننظر المتحابين في الله عزوجل فيخرجون وينظرون اليهم ، احدهم وجهه مثل القمر في ليلة

https://downloadshiabooks.com/

البدر علی جباھھم ھولاء المتحابون فی اللّٰہ عزوجل۔

**حدیث نمبر 11: (بحذف اسناد)**

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

وہ لوگ جو اللہ کی خاطر محبت کرتے ہیں وہ جنت میں یاقوت سرخ کے محلوں میں ہوں گے اور تمام اہلِ جنت پر ان کو فضیلت حاصل ہوگی۔ پس جب ان میں سے کوئی اپنے محل سے باہر آئے گا تو جنت کا ہر گھر اس کے حُسن سے چمک اٹھے گا۔ پس اہلِ جنت عرض کریں گے: باہر نکلو تاکہ ہم اللہ کی خاطر محبت کرنے والوں کی زیارت کریں۔ پس جب وہ اپنے محلوں سے باہر تشریف لائیں گے اور تمام اہلِ جنت ان کی زیارت کریں گے اور ان میں ہر ایک کا چہرہ ایسے روشن ہوگا جیسا کہ رات کو چودھویں کا چاند چمکتا ہے۔

وہ اہلِ جنت کہیں گے یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ کی خاطر محبت کرنے والے ہیں۔

⊙⊙⊙

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 9

[بروز ہفتہ ۲۹ رمضان المبارک سال ۴۰۴ ہجری قمری]

## چار چیزوں میں جنت کی ضمانت ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر بن سلم بن البر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابومحمد عبداللّٰہ بن برید البجلی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن بواب الهباری ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن علی بن جعفر عن أبیه ﴿قال حدثنی﴾ اخی موسیٰ ابن جعفر عن أبیه عن آبائه صلوات اللّٰه علیهم قال قال رسول اللّٰه (ص) اربع من کن فیه کتبه اللّٰه من اهل الجنة من کان عصمته شهادة ان لا اله الا اللّٰه وانی محمد رسول اللّٰه ومن اذا انعم اللّٰه بنعمة قال الحمد للّٰه ومن اذا اصاب ذنباً استغفراللّٰه ومن اذا اصابته مصیبة قال انا للّٰه وانا الیه راجعون۔

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جس شخص میں چار چیزیں پائی جائیں گی اللہ تعالیٰ اس کا نام اہلِ جنت میں تحریر فرما دے گا۔ جس شخص کی عصمت لا اله الا اللّٰه وانی محمد رسول اللّٰه کی شہادت دے اور جب اس کو کوئی نعمت ملے تو وہ الحمدللّٰه رب العالمین کے کلمات ادا کرے اور جب کوئی گناہ اس سے سرزد ہوجائے تو وہ اللہ سے استغفار کرے اور جب اس پر کوئی

https://downloadshiabooks.com/

مصیبت آئے تو وہ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون کے کلمات زبان پر جاری کرے۔

## علی علیہ السلام کی مودت میں نبیؐ کو خطبے کا حکم

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو محمد عبداللّٰہ بن محمد بن سعید بن زیاد المقری من کتابه ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن عیسٰی بن الحسن الحوبی ﴿قال حدثنا﴾ نصر بن حماد ﴿قال حدثنا﴾ عمرو بن شمر عن جابر الجعفی عن ابی جعفر محمد بن علی الباقر عن جابر بن عبداللّٰہ الانصاری قال نزل جبرئیل علی النبی (ص) فقال ان اللّٰہ یأمرك ان تقوم تفضل علی بن ابی طالب علیه السلام خطیباً علی اصحابك لیبلغوا من بعدهم ذلك عنك وقد أمر جمیع الملائکة ان تسمع ما تذکره واللّٰہ یوحی الیك یامحمد ان من خالفك فی امره فله النار ومن اطاعك فله الجنة فامر النبی (ص) منادیا فنادی الصلوٰة جامعة فاجتمع الناس وخرج حتی علا المنبر وکان اوّل ما تکلم به اعوذ باللّٰہ من الشیطان بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم قال ایها الناس انا البشیر وانا النذیر وانا النبی الحق انی مبلغکم عن اللّٰہ تعالٰی فی امر رجل لحمه لحمی ودمه دمی وهو عیبة العلم وهو الذی انتخبه اللّٰہ من هذه الامة واصطفاه وتولاه وهداه وخلقنی وایاه من طینة واحدة ففضلنی بالرسالة وفضله بالتبلیغ عنی وجعلنی مدینة العلم وجعله الباب وجعله خازن العلم والمقتبس منه الاحکام وخصه بالوصیة وابان امره وخوف من عداوته واوجب موالاته وامر جمیع الناس بطاعته وانه عزوجل یقول من عاداه عادانی ومن والاه والانی ومن ناصبه ناصبنی ومن خالفه خالفنی ومن عصاه عصانی ومن اذاه اذانی ومن ابغضه ابغضنی

https://downloadshiabooks.com/

ومن احبه احبني ومن اطاعه اطاعني ومن ارضاه ارضاني ومن حفظه حفظني ومن حاربه حاربني ومن اعانه اعانني ومن اراده ارادني ومن کاده کادني ايها الناس اسمعوا لما امرکم به واطيعوه فاني اخوفکم عقاب الله عزوجل (يوم نجد کل نفس ما عملت من خير محضرا وما عملت من سوء تودو لو ان بينهما وبينه امدا بعيدا ويحذرکم الله نفسه) ثم اخذ بيد اميرالمؤمنين عليه السلام فقال معاشر الناس هذا مولى المؤمنين وقاتل الکافرين وحجة الله على العالمين اللهم اني قد ابلغت وهم عبادك وانت القادر على صلاحهم فاصلحهم برحمتك يا ارحم الراحمين ثم نزل عن المنبر فاتاه جبرئيل عليه السلام فقال يامحمد الله يقرئك السلام ويقول لك جزاك الله عن تبليغك خيرا فقد بلغت رسالات ربك ونصحت لامتك وارضيت المؤمنين وارغمت الکافرين يامحمد ان ابن اعمك مبتلى ومبتلى به وسيعلم الذين ظلموا اى منقلب ينقلبون -

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت بیان کی ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حضرت جبرائیلؑ نازل ہوئے اور عرض کی کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: آپؐ کھڑے ہو جائیں اور اپنے اصحاب کے سامنے علی علیہ السلام کی فضیلت کا خطبہ دیں' تاکہ وہ آپؐ کے بعد آپؐ کی طرف سے اپنے بعد آنے والوں کے لیے تبلیغ کر سکیں اور تمام ملائکہ کو حکم دیا گیا ہے کہ جو کچھ ہم بیان کریں وہ اس کو غور سے سنیں۔

اے محمدؐ! اللہ نے آپؐ کی طرف وحی فرمائی ہے کہ جو شخص آپؐ کے حکم کی مخالفت کرے گا اس کے لیے جہنم کو لازم قرار دیا گیا ہے اور جو شخص آپؐ کی اطاعت کرے گا اس

https://downloadshiabooks.com/

کی جزا جنت قرار دی گئی ہے۔ پس رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی منادی کو ندا کا حکم دیا۔ پس منادی نے نمازِ باجماعت کی ندا دی۔ پس لوگ جمع ہو گئے اور رسولِ خداؐ اپنے گھر سے باہر تشریف لائے اور منبر پر تشریف لے گئے اور جو سب سے پہلے کلمات آپؐ نے ادا فرمائے وہ یوں تھے:

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ، بسم اللہ الرحمن الرحیم اور پھر فرمایا: ''اے لوگو! میں بشیر ہوں (بشارت دینے والا) میں نذیر ہوں (یعنی ڈرانے والا) میں برحق نبی ہوں اور میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ایسے مرد کے حق کی تبلیغ کرنے والا ہوں جس کا گوشت میرا گوشت ہے جس کا خون میرا خون ہے۔ وہ علم کا خزانہ ہے اور اس کو اللہ نے اس اُمت سے منتخب فرمایا ہے اور اس کو چن لیا ہے اس کو اپنا محبوب بنایا ہے اور اس کی ہدایت فرمائی ہے۔ مجھے اور اس کو ایک مٹی سے بنایا ہے۔ پس مجھے اس نے رسالت کے ساتھ فضیلت عطا فرمائی ہے اور اس کو میری تبلیغ کی فضیلت عطا فرمائی ہے۔ مجھے علم کا شہر قرار دیا ہے اور اس کو اس کا دروازہ قرار دیا ہے اور اس کو علم کا خازن (یعنی خزانہ دار) قرار دیا ہے اور احکامِ دین کو اس سے لیا جائے گا اور اس کو وصایت و وصی قرار دیا گیا ہے اور اس کے امر کو ظاہر کیا ہے اور اس کی عداوت کے خوف کو بھی۔ اور اس کی موالات کو واجب قرار دیا ہے۔ اور اللہ نے تمام لوگوں کو اس کی اطاعت کا حکم دیا ہے اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: جو اس سے عداوت رکھے گا گویا اُس نے مجھ سے عداوت کی ہے اور جس نے اس سے دوستی کی اس نے مجھ سے دوستی کی ہے۔ جس نے اس سے

https://downloadshiabooks.com/

بُغض رکھا اس نے مجھ سے بُغض رکھا۔ جس نے اس کی مخالفت کی اس نے میری مخالفت کی اور جس نے اس کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی' اور جس نے اس کو اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی ہے' جس نے اس سے دشمنی رکھی اس نے مجھ سے دشمنی کی اور جس نے اس سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے اس کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی۔ اور جس نے اس کو راضی کیا اس نے مجھے راضی کیا اور جس نے اس کی حفاظت کی اس نے میری حفاظت کی۔ جس نے اس سے جنگ کی اس نے مجھ سے جنگ کی۔ جس نے اس کی مدد کی اس نے میری مدد کی۔ اور جس نے اس کا ارادہ کیا اس نے میرا ارادہ کیا اور جس نے اس کو روکا اس نے مجھے روکا''۔

پھر فرمایا:

اے لوگو! جس کا تم کو اس کے بارے میں حکم دیا جائے اس کی اطاعت کرو اور میں تم کو اللہ کے عذاب سے ڈراتا ہوں (یوم تجد کل نفس ما عملت من خیر محضرا و ما عملت من سوء تودو لو ان بینها و بینه امدا بعیدا و یوذرکم اللہ نفسه) ''جس دن ہر نفس نے جو کچھ اس نے نیکی انجام دی ہوگی اس کو وہ اپنے سامنے پائے گا اور جو کچھ اس نے برا کام کیا ہوگا اس کو بھی اپنے سامنے پائے گا اور وہ خواہش کرے گا کہ اس نے اور اس کے عمل کے درمیان بہت زیادہ دُوری ہو جائے اور اللہ تم کو اپنے آپ سے ڈراتا ہے''۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کا ہاتھ پکڑا

https://downloadshiabooks.com/

اور فرمایا:

''اے لوگو! یہ ہے مومنین کا مولاؑ کافروں کو قتل کرنے والا اور یہ سارے جہانوں پر اللہ کی حجت ہے اور فرمایا: اے میرے اللہ! میں نے اس کی تبلیغ کر دی ہے اور یہ تیرے بندے ہیں اور تو ان کی اصلاح پر قدرت و طاقت رکھتا ہے۔ اپنی رحمت کے ساتھ ان کی اصلاح فرما کیونکہ تو ہی رحم کرنے والا ہے''۔

پھر آپؐ منبر سے نیچے تشریف فرما ہوئے پس حضرت جبرائیلؑ نازل ہوئے اور عرض کیا: یا محمدؐ! اللہ آپ کو سلام کہہ رہا ہے اور فرماتا ہے کہ آپؐ نے خیر کی تبلیغ کی ہے اس پر آپؐ کے رب کی طرف سے آپؐ کے لیے جزائے خیر ہے۔ پس آپؐ نے اپنے رب کی رسالت کی تبلیغ فرمائی ہے اور اپنی اُمت کو نصیحت فرمائی ہے اور مومنین کو خوش کیا ہے اور کافرین کو ذلیل و رسوا کیا ہے۔ اے محمدؐ! تحقیق یہ آپؐ کے چچازاد کا ان کی وجہ سے امتحان ہوگا اور ان میں اُن کو آزمایا جائے گا۔

## امام حسن اور حسین علیہما السلام کے بارے میں رسولؐ کی دعا

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ احمد ابن محمد بن زياد ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن علي بن عفان عن بريد بن هارون عن حميد عن جابر بن عبدالله الانصاري قال خرج علينا رسول الله (ص) آخذاً بيد الحسن والحسين (ع) فقال ان ابني هذين ربيتهما صغيرين ودعوت لهما كبير بن وسألت الله لهما ثلاثاً فاعطاني اثنتين ومنعني واحدة سالت الله لهما ان يجعلها طاهرين مطهرين زكيين فاجابني الى ذلك وسألت ان يقيمها وذريتهما وشيعتهما النار فاعطاني ذلك وسألت

https://downloadshiabooks.com/

اللہ ان یجمع الامۃ علی محبتھما فقال یامحمد انی قضیت قضاء وقدرت قدراً وان طائفۃ من امتک ستفی لک بذمتک فی الیھود والنصاری والمجوس وسیحضرون ذمتک فی ولدک وانی او جبت علی نفسی لمن فعل ذٰلک الا احلہ محل کرامتی ولا اسکنہ جنتی ولا انظر الیہ بعین رحمتی الی یوم القیمۃ۔

حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے' آپ نے فرمایا کہ ایک دن حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور آپؐ نے امام حسن اور حسین علیہما السلام دونوں کے ہاتھ پکڑے ہوئے تھے۔ پس آپؐ نے فرمایا: تحقیق میرے یہ دونوں بیٹے جن کی بچپن سے میں پرورش کر رہا ہوں میں دعا گو ہوں کہ جب یہ جوان ہوں گے تو میں نے ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے تین چیزوں کا سوال کیا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے دو مجھے عطا فرمائی ہیں اور ایک سے مجھے روک دیا ہے۔

میں نے اللہ سے سوال کیا کہ وہ ان دونوں کو طاہر ومطہر قرار دے اور زکی و پاکیزہ قرار دے۔ پس اس نے میری اس دعا کو قبول کرلیا۔ پھر میں نے سوال کیا ان دونوں کو' ان دونوں کی ذریت کو اور ان دونوں کے شیعوں کو جہنم کی آگ سے محفوظ فرما۔ پس اللہ نے میری اس دعا کو بھی قبول کرلیا۔ پھر میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی: میری ساری اُمت کو ان دونوں کی محبت پر جمع فرما دے۔

پس آوازِ قدرت آئی: اے محمدؐ! میری قضا و قدر حاوی ہو چکی ہے کہ آپؐ کی اُمت کا ایک گروہ وہ سلوک کرے گا جو یہود و نصاریٰ اور مجوسیوں نے کیا تھا اور تیرے اس بیٹے کے ساتھ بھی وہی کام انجام دیں گے اور میں نے اپنے لیے واجب قرار دیا ہے کہ جو بھی اس طرح کرے گا میں اس کو اپنی کرامت کا محل نہیں دوں گا اور میں اس کو اپنی جنت میں بھی

https://downloadshiabooks.com/

سکوت نہیں دوں گا اور اس کی طرف قیامت کے دن اپنی رحمت کی نظر بھی نہیں کروں گا۔

## حضرت مالک بن الحارث الاشترؒ کی وفات

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد بن حبیش الکاتب ﴿قال أخبرنی﴾ الحسن بن علی الزعفرانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی عن محمد بن زکریا عن عبدالله بن الضحاك عن هشام بن محمد قال لما ورد الخبر علی امیرالمؤمنین (ع) بمقتل محمد بن ابی بکر کتب الی مالك بن الحارث الاشتر رحمه الله وکان میقما بنصیبین اما بعد فانك ممن استظهر علی اقامة الدین واقمع به نخوة الاثیم واسد به الثغر المخوف وقد کنت ولیت محمداً بن ابی بکر رحمه الله مصر فخرج علیه خوارج وکان حدثا لاعلم له بالحروب فاستشهد رحمه الله فاقدم علی لننظر فی امر مصر واستخلف علی عملك اهل الثقة والنصیحة فاستخلف ملك علی عمله شبیب بن عامر الازدی واقبل حتی ورد علی امیرالمؤمنین علیه السلام فحدثه حدیث مصر واخبره عن اهلها وقال له لیس لهذا الوجه غیرك فاخرج فانی ان لم اوصیك اکتفیت برأیك واستعن بالله علی ما اهمك واخلط الشدة باللین وارفق ما کان الرفق ابلغ واعتزم علی الشدة متی لم تغن عنك الا الشدة قال فخرج مالك فاتی رحله وتهیأ للخروج الی مصر وقدم امیرالمؤمنین علیه السلام کتابا الی اهل مصر بسم الله الرحمٰن الرحیم سلام علیکم فانی احمد الیکم الله الذی لا اله الا هو واسأله الصلوٰة علی نبیه محمد وآله وانی قد بعثت الیکم عبداً من عباد الله لاینام ایام الخوف ولاینکل عن الاعداء حذار الدوایر من اشد عبیدالله بأسا

https://downloadshiabooks.com/

واکرمهم حسبا اضر علی الفجار من حریق النار وابعد الناس من دنس او عار وهو مالك بن الحارث الاشتر لأنابی الضرس ولا کلیل الحد حلم فی الحذر رزین فی الحرب ذوی رأی اصیل وصبر جمیل فاسمعوا له واطیعوا امره فان امرکم بالنفیر فانفروا وان امرکم ان تقیموا فاقیموا فانه لایقدم ولا یحجم الا بأمری فقد آثرتکم به علی نفسی نصیحة لکم وشدة شکیمة علی عدوکم وعصمکم اللّٰه بالهدی وثبتکم بالتقوی ووفقنا وایاکم لما یحب ویرضی والسلام علیکم ورحمة اللّٰه وبرکاته-

ولما تهیأ مالك الاشتر للرحیل الی مصر کتب عیون معاویة بالعراق الیه یرفعون خبره فعظم ذلك علی معاویة وقد کان طمع فی مصر فعلم ان الاشتر ان قدمها فاتته وکان اشد علیه من ابن ابی بکر فبعث الی دهقان من اهل الخراج بالقلزم ان علیا قد بعث بالاشتر الی مصر وان کفیتنیه سوغتك خراج ناحیتك ما بقیت فاحتل فی قتله بما قدرت علیه ثم جمع معاویة اهل الشام وقال لهم ان علیا قد بعث بالاشتر الی مصر فهلموا ندعوا اللّٰه علیه یکفینا امره ثم دعا ودعوا معه وخرج الاشتر الی القلزم فاستقبله ذلك الدهقان فسلم علیه وقال انا رجل من اهل الخراج ولك ولاصحابك علی حق فی ارتفاع ارضی فانزل علی اقم بامرك وامر اصحابك وعلف دوابك واحتسب بذلك لی من الخراج فنزل علیه الاشتر فاقام له ولاصحابه بما احتاجوا الیه وحمل الیه طعاما دس فی جملته عسلا جعل فیه سمما فلما شربه الاشتر قتله ومات من ذلك وبلغ معاویة خبره فجمع اهل الشام وقال لهم ابشروا فان اللّٰه تعالی قد دعاکم وکفاکم الاشتر واماته فسروا بذلك واستبشروا به ولما بلغ امیرالمؤمنین علیه السلام وفات

https://downloadshiabooks.com/

الاشتر جعل یتلہف ویتأسف علیه ویقول لله در مالك لو کان من جبل لکان اعظم ارکانه ولو کان من حجر لکان صلداً ما واللہ لیہدن موتك عالماً فعلی مثلك فلتبك البواکی ثم قال انا لله وانا الیه راجعون والحمدلله رب العالمین انی احتسبه عندك فان موته من مصایب الدهر فرحم الله ما لکا فقد وفی بعہده وقضی برسول الله (ص) فانها اعظم المصیبة ۔

**حدیث نمبر 4: (بحذف اسناد)**

ہشام بن محمد رضی اللہ عنہ نے روایت ذکر کی ہے کہ جب محمد ابن ابی بکر کی موت کی خبر امیر المومنین علی علیہ السلام کو ملی تو آپؑ نے مالک بن حارث اشتر کی طرف خط لکھا جو ان دنوں ''نصیبین'' کے مقام پر مقیم تھے۔

لکھا' امابعد: اے مالک! آپ ان لوگوں میں سے ہیں جن سے میں دین کو قائم کرنے کے لیے مدد طلب کرتا ہوں اور ان کے ذریعے لئیم اور کمینے لوگوں کا قلع قمع کرتا ہوں اور جن کے ساتھ میں خوفناک سرحدوں میں بھی شکار کرتا ہوں اور تحقیق میں نے محمد بن ابی بکر (خدا اُن پر رحمت کرے) کو مصر کا والی بنایا تھا لیکن ان پر خوارج نے حملہ کر دیا وہ اتنا اچانک تھا کہ وہ ان چالوں کو نہیں جان سکے اور وہ شہید ہو گئے (خدا ان پر رحمت فرمائے)۔ اب آپ مصر کے معاملہ میں اقدام کریں اور انتظامی امور پر کسی قابلِ اعتماد کو اپنا خلیفہ قرار دیں۔ پس مالک نے اپنے کاروبار پر شبیب بن عامر ازدی کو اپنا نائب مقرر کیا اور خود مولاؑ کی خدمت میں چلے آئے۔ جب وہ امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؑ نے مصر کے سارے واقعہ سے ان کو آگاہ کیا اور مصریوں کے بارے میں بھی ان کو خبر دی اور فرمایا: اس کے لیے آپ کے علاوہ کوئی مناسب نہیں ہے' لہٰذا سفر کے لیے قصد کریں۔ کیونکہ اگر میں آپ کو کوئی وصیت نہ بھی کروں تب بھی میں جانتا ہوں آپ کی رائے ہی کافی ہے۔ اپنے اہم امور میں اللہ سے مدد حاصل کریں اور لوگوں سے شدت کے

https://downloadshiabooks.com/

ساتھ نرمی کو مخلوط کریں۔ پس مالک کے لیے زادِ راہ کو آمادہ کیا گیا اور وہ مصر کی طرف روانہ ہو گئے۔ روانگی کے وقت امیر المومنین علیہ السلام نے آپ کو ایک خط مصریوں کے لیے دیا جس میں تحریر تھا:

بسم اللہ الرحمن الرحیم، السلام علیکم! میں تمھارے بارے میں اللہ کی حمد کرتا ہوں جس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور اس سے میں درود و سلام کا سوال کرتا ہوں۔ اس کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے اور ان کی آل کے لیے۔ میں آپ لوگوں کی طرف اللہ کے بندوں میں سے ایک ایسے بندے کو والی و گورنر بنا کر بھیج رہا ہوں جو خطرات کے ایام میں سوتا نہیں؛ دشمنوں کے خوف سے وہ بزدل نہیں ہوتا۔ اللہ کے بندوں میں سب سے بہادر ہے اور حسب ونسب کے اعتبار سے صاحبِ عزت و اکرام ہے اور فاجروں کے لیے جلانے والی آگ سے زیادہ نقصان دہ ہے۔ عیب و عار میں لوگوں سے بہت دُور ہے اور وہ مالک بن حارث اشتر ہے۔ جو تجربہ کار ہے؛ حد کو روکنے والا نہیں ہے؛ غضب میں بُردبار رہتا ہے اور جنگ میں ڈٹ جانے والا ہے۔ صاحب الرائے اور صبرِ جمیل کا مالک ہے۔ پس اس کے حکم کو سنو اور اس کی اطاعت کرو۔ اگر یہ تم کو کوچ کا حکم دے تو کوچ کرو۔ اور اگر یہ قیام کا حکم دے تو قیام کرو کیونکہ یہ آپ کو نہ مقدم کرے گا اور نہ مؤخر؛ مگر میرے حکم کے ساتھ۔ پس میں تم کو اپنے لیے اس کے ساتھ موثر قرار دیتا ہوں اور تمھیں نصیحت کرتا ہوں اور تمہارے دشمن پر تم کی شدت کے بدلے کی اور اللہ سے تمہاری ہدایت کے ساتھ حفاظت اور تقویٰ پر

https://downloadshiabooks.com/

ثابت قدم رہنے کی دعا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو اس چیز کی توفیق عطا فرمائے جو اس کو پسند ہو اور جس میں وہ راضی ہو۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

جب مالک اشترؒ نے مصر کی طرف جانے کا ارادہ کرلیا تو عراق میں معاویہ کے جاسوسوں نے معاویہ کو اس کی اطلاع کردی۔ پس یہ خبر معاویہ کو بہت گراں گزری کیونکہ وہ مصر میں خود بھی حریص نظروں سے دیکھتا تھا اور وہ جانتا تھا کہ مالک اشتر اگر وہاں چلے گئے تو باقی بس۔ مالک اشتر اُس کے لیے محمد بن ابی بکر سے بھی زیادہ سخت تھے۔ پس معاویہ نے چال چلی اور قلزم کے خوارج میں سے ایک کسان کو پیغام روانہ کیا کہ علی ابن ابی طالبؑ نے مالکِ اشترؒ کو مصر کی طرف روانہ کیا ہے اگر تو نے مالکِ اشترؒ کو روک لیا تو اس علاقے کا سارا اخراج تیرے لیے بطور سوغات و ہدایہ پیش کروں گا۔ پس تم اس کے قتل کا صلہ تلاش کرو۔ اس کے بعد معاویہ نے اہلِ شام کو جمع کیا اور ان کو اطلاع دی کہ علیؑ ابن ابی طالبؑ نے مالکِ اشترؒ کو مصر کی طرف روانہ کردیا ہے۔ پس سب آؤ اور ہم اللہ کی بارگاہ میں اس کے خلاف دعا کریں تاکہ وہ اس کے امر و معاملہ کو ختم کردے۔ پھر معاویہ نے اور اس کے حواریوں نے دعا کی۔ ادھر مالکِ اشترؒ قلزم کی طرف روانہ ہو چکے تھے۔ راستے میں اسی کسان نے مالک کا استقبال کیا' آپ کو سلام کیا اور عرض کیا: میں اہلِ خراج میں سے ایک مرد ہوں (یعنی جو خراج وغیرہ حکومت کو دیتے ہیں) آپ کا اور آپ کے ساتھیوں کا میرے اُوپر ایک حق ہے۔ آپ میرے علاقے سے گزر رہے ہیں آپ بھی تشریف لائیں اور اپنے اصحاب کو بھی اُترنے کا حکم دیں اور اپنے جانوروں کو گھاس کھلائیں اور ہم آپ کی مہمان نوازی کا شرف چاہتے ہیں۔ مالکِ اشترؒ اُترے اور اپنے ساتھیوں کو بھی اُترنے کا حکم دیا۔ ضروریات طعام فراہم کیے گئے۔ اس کھانے میں شہد بھی تھا جس میں اس کسان نے زہر ملا دیا تھا۔ اسی سے مالک کی موت واقع ہوئی اور جب معاویہ کو اس کی خبر ملی تو معاویہ نے

https://downloadshiabooks.com/

اہلِ شام کو جمع کیا اور ان سے کہا کہ میں تم کو خوشخبری دیتا ہوں تحقیق تم نے اللہ کو مالک اشترؒ کے بارے میں پکارا تھا اللہ نے تمہاری دعا قبول فرمائی اور مالک کو اس نے موت دے دی ہے۔ پس تم اس پر خوش ہو جاؤ اور بشارت دو ایک دوسرے کو۔ اور جب امیرالمومنین علی علیہ السلام کو مالکِ اشترؒ کی وفات کی خبر ملی تو آپؑ بے قرار ہو گئے اور افسوس کیا اور فرمایا: اے مالکؒ تو کتنا عظیم اور اچھا تھا۔ اگر پہاڑ کا آپ کے ساتھ قیاس کیا جائے تو آپ اس سے عظیم تھے اور اگر پتھر کا آپ سے موازنہ کیا جائے تو آپ اس سے زیادہ سخت تھے۔ اور آپ کی موت سے ایک عالم کو سکون نہیں ملے گا اور آپ جیسے لوگوں پر ہر رونے والے کو رونا چاہیے۔ پھر فرمایا: انا للّٰہ وانا الیہ راجعون والحمد للّٰہ رب العالمین۔ اے میرے اللہ! میں اس معاملہ کو تیرے سپرد کرتا ہوں۔ اس کی موت زمانے کے مصائب میں سے ایک ہے۔ اللہ مالک پر رحم کرے۔ اس نے اپنے عہد کو پورا کر دیا ہے اور رسولؐ خدا کے حق کو ادا کر دیا ہے۔ پس تحقیق اس کی موت میرے لیے بہت بڑی مصیبت ہے۔

## الائمہ بعض بعض کے لیے دلیل ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوغالب احمد بن محمد الزراری عن عبداللّٰہ بن جعفر الحمیری عن الحسن بن علی بن الحسن بن زکریا عن محمد بن سنان ویونس بن یعقوب عن عبدالاعلی بن اعین قال سمعت ابا عبداللّٰہ (ع) یقول اولنا دلیل علی آخرنا وآخرنا مصدق لاولنا والسنة فینا سواء ان اللّٰہ تعالٰی اذا حکم حکما اجراہ الحمدللّٰہ رب العالمین وصلی اللّٰہ علی سیدنا محمد النبی وآلہ وسلم تسلیماً حدثنا الشیخ المفید ابوعبداللّٰہ محمد بن محمد بن النعمان ادام اللّٰہ تمکینہ یوم الاثنین سلخ شوال سنة اربع وار بعمائة —

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

عبدالاعلیٰ بن اعین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ابوعبداللہ امام صادق علیہ السلام سے سنا ہے آپؑ نے فرمایا:

ہمارا پہلا ہمارے آخری کے لیے دلیل ہے اور ہمارا آخری ہمارے اوّل کا مصداق ہے اور ہماری روش و سنت سب میں برابر ہے۔ تحقیق اللہ تعالیٰ جب کسی کام کا حکم کرتا ہے تو اس کو وہ جاری بھی فرمایا ہے۔ الحمدللہ رب العالمین – وصلی اللّٰہ علی سیدنا محمد النبی وآلہ وسلم تسلیماً۔

اس حدیث کو علامہ شیخ مفید ابوعبداللہ محمد بن محمد بن نعمانؒ نے یکم شوال سال ۴۰۴ ہجری کو بیان فرمایا۔

## جنت کے سارے دروازے اُس کے لیے کھول دیئے جائیں گے

﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الولید عن أبیہ عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن الحسین بن سعید عن محمد ابن الفضیل عن ابی الصباح الکنانی عن ابی عبداللّٰہ جعفر بن محمد (ع) قال من قال اذا اصبح قبل ان یطلع الشمس واذا امسی قبل ان تغرب الشمس اشہد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریک لہ واشہد ان محمداً عبدہ ورسولہ وان الدین کما شرع والاسلام کما وصف والقول کما حدث والکتاب کما نزل وان اللّٰہ ھوالحق المبین ذکر اللّٰہ محمداً وآل محمد بالسلام فتح اللّٰہ لہ ثمانیۃ ابواب الجنۃ وقیل لہ ادخل من ای ابوابہا شئت ومحاعنہ خنا ذٰلک الیوم۔

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

https://downloadshiabooks.com/

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص صبح کو طلوع آفتاب سے پہلے اور شام کو غروب آفتاب سے پہلے یہ کلمات ادا کرتا ہے:

اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له واشهد ان محمداً عبدهٗ ورسوله- ان الدين كما شرح -والاسلام كما وصف والقول كما حدث والكتاب كما نزل وان الله هو الحق المبين- اور وہ محمدؐ وآلِ محمدؐ پر درود وسلام بھی پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کے آٹھ دروازے کھول دے گا اور اس سے کہا جائے گا جس دروازے سے تو گزرنا چاہتا ہے اس سے گزر کر جنت میں داخل ہو جا اور اس دن اس کی ساری خطائیں محو وختم کردی جائیں گی۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 10

[بروز بدھ ۲ شوال سال ۴۰۴ ہجری قمری]

## اللہ کے مخلص دوست کی نشانی

حدثنا الشيخ المفيد ابوعبدالله محمد بن محمد بن النعمان ادام الله تأييده فى مسجده بدرب رباح ﴿قال أخبرنى﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولويه رحمه الله ﴿قال حدثنى﴾ ابى عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسٰى ومحمد بن الحسين بن ابى الخطاب جميعا عن الحسن بن محبوب عن ابن سنان عن أبى حمزة الثمالى عن ابى جعفر محمد بن على الباقر عليه السلام قال قال موسٰى بن عمران على نبينا وآله وعليه السلام الٰهى من اصفيائك من خلقك قال الرى الكفين الرى القدمين[1] يقول صادق ويمشى هونا فاولئك تزول الجبال ولا يزولون قال الٰهى فمن ينزل دارالقدس عنك- قال الذين لا تنظر اعينهم الى الدنيا ولا يذيعون اسرارهم فى الدين ولا يأخذون على الحكومة الرشا الحق فى قلوبهم والصدق على السنتهم فاولئك فى سترى فى الدنيا وفى دارالقدس عندى فى الآخرة -

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

حضرت ابوحمزہ ثمالی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی علیہما السلام

۱- ھکذا فی النسخ

https://downloadshiabooks.com/

سے روایت کی ہے' آپ نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام نے بارگاہِ خدا میں عرض کی:

اے میرے پروردگار! تیری مخلوق میں سے تیرے مخلص دوست کون ہیں؟

آوازِ قدرت آئی: اے موسیٰؑ! میرے مخلص دوست وہ ہیں جو اپنے ہاتھوں اور قدموں کو روکنے والے ہیں' زبان کے سچے اور وہ ایسے پُروقار و پُرسکون چلتے ہیں کہ پہاڑوں میں لغزش ہوسکتی ہے لیکن ان کے قدموں میں لغزش نہیں آئے گی۔

پھر حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! تیرے دارالقدس میں کون وارد ہوں گے؟

آوازِ قدرت آئی: اے موسیٰؑ! یہ وہ لوگ ہوں گے جن کی نظریں اس دنیا کی طرف نہیں ہوں گی اور وہ اپنے دین میں رازوں کو فاش نہیں کرتے اور حق کا فیصلہ کرنے میں رشوت نہیں لیتے۔ ان کے دل میں حق کی محبت ہوتی ہے اور ان کی زبان پر سچ ہوتا ہے۔ وہ دنیا میں پسِ پردہ ہوتے ہیں اور آخرت میں میرے پاس دارالقدس میں ہوں گے۔

## اولیاء اللہ کون ہیں؟

﴿قال أخبرني﴾ ابو عبدالله محمد بن عمران المرزباني ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن احمد الكاتب ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن ابی خيثة ﴿قال حدثنا﴾ عبدالملك بن داهر عن الاعمش عن عباية الاسدي عن ابن عباس رحمه الله قال سئل اميرالمؤمنين علی بن ابی طالب عليه السلام عن قوله تعالٰی "الا ان اولياء الله لا خوف عليهم ولاهم يحزنون" فقيل له من هؤلاء الاولياء فقال اميرالمؤمنين (ع) هم قوم اخلصوا لله تعالٰی فی عبادته ونظروا الی باطن الدنيا حين نظر الناس الی ظاهرها فعرفوا جلها حين غر

https://downloadshiabooks.com/

الخلق سواهم بعاجلها فتركوا منها ما علموا انه سيتركهم واماتوا منها ما علموا انه سيميتهم ثم قال ايها المعلل نفسه بالدنيا الراكض على حبايلها المجتهد في عمارة ما سيخرب منها الم تر الى مصارع ابائك في البلاد ومضاجع ابنائك تحت الجنادل والثرى كم مرضت بيدك وعللت بكفيك يستوصف لهم الاطباء ويستعيب لهم الاحياء فلم يغن غنائك ولا يتجع فيهم دوائك۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت ابن عباس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے اس قول الا ان اولیاء اللّٰہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون سے ''آگاہ ہوجاؤ کہ اللہ کے اولیاء وہ ہیں جن پر کسی قسم کا کوئی خوف نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ غم زدہ ہوتے ہیں' اُن کے بارے میں سوال کیا گیا: اے مولاؑ! یہ اللہ کے اولیاء کون لوگ ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو اپنی عبادت صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے لیے قرار دیتے ہیں اور وہ دنیا کی حقیقت کی طرف نظر رکھتے ہیں۔ جب کہ لوگ دنیا کے ظاہر کی طرف دیکھتے ہیں۔ وہ اس کی شان کو جانتے ہیں جب کہ ان کے علاوہ باقی مخلوق کی نظر دنیا کے دھوکے میں ہوتی ہے۔ اور جس چیز کے بارے میں وہ جانتے ہیں کہ وہ عنقریب ان کو چھوڑنی پڑے گی وہ اس کو پہلے ہی چھوڑ دیتے ہیں۔ اور جس کے بارے میں جانتے ہیں کہ یہ عنقریب مرجائیں گے وہ اس کو پہلے ہی مار دیتے ہیں۔ پھر آپؑ نے فرمایا: وہ جو اپنے نفسوں کے ساتھ دنیا میں مشغول ہوچکے ہیں' اس کے پھندوں میں جکڑے جاچکے ہیں اور وہ اس کی خرابیوں کی تعمیر کرنے کی کوشش کرنے میں مصروف ہیں' کیا آپ نے نہیں دیکھا ان لوگوں کی طرف جو تیرے آباؤاجداد کے ساتھ مقابلہ کرتے رہے ہیں اور اب بڑی بڑی چٹانوں کے تحت تیری اولاد کے ساتھ جھگڑا کرتے ہیں۔ کتنے ایسے مریض ہیں جو تیرے

https://downloadshiabooks.com/

ہاتھوں میں ہیں اور ان کے لیے اطباء وحکیموں نے نسخے تجویز کیے ہیں اور جب اُن پر پردہ ڈال رہا ہے۔ ان کو آپ کی دولت بے نیاز نہیں کرسکتی اور آپ کی دوائیں اس کو صحت نہیں دے سکتیں یعنی تیری دوائیں اس کے لیے کامیاب ثابت نہیں ہوتیں۔

## میرا دین رسولؐ کا دین ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن ابراھیم ﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن علی بن الحسن ﴿قال حدثنا﴾ الحسین بن نصر بن مزاحم ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن عبدالملك عن یحییٰ بن سلمة عن أبیه سلمة بن کهیل عن ابی صادق قال سمعت امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیه السلام یقول دینی دین رسول اللہ (ص) وحسبی حسب رسول اللہ (ص) فمن تناول دینی وحسبی فقد تناول دین رسول اللہ (ص) وحسبه۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

ابوصادق نے فرمایا: میں نے حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے سنا' وہ فرماتے ہیں کہ میرا دین رسولؐ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین ہے اور میرا حسب رسولؐ خدا کا حسب ہے۔ جس شخص نے میرے دین اور حسب کو اخذ کرلیا اس نے رسولؐ خدا کے دین اور حسب کو اختیار کرلیا ہے۔

## وہ چیز جو اللہ نے سب سے زیادہ انسان پر واجب کی ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد عن أبیه عن سعد بن عبداللہ عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن الحسن بن محبوب عن ہشام بن سالم عن زرارة بن اعین عن ابی عبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیه

https://downloadshiabooks.com/

السلام قال الا اخبرك باشد ما فرض الله علی خلقه قلت بلی قال انصاف الناس من نفسك ومواساة اخیك وذکر الله في كل حال اما انی لا ارید بالذکر سبحان الله والحمدلله ولا اله الا الله والله اکبر وان کان هذا من ذلك ولكن ذکر الله فی کل موطن تهجم فیه علی طاعة الله او معصية له-

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت زرارہ بن اعین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے روایت کی ہے' آپؑ نے فرمایا: کیا میں آپ کو بتاؤں کہ اللہ نے انسان پر سب سے زیادہ کون سی چیز واجب قرار دی ہے؟ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں؟ آپؑ نے فرمایا: لوگوں کے ساتھ اپنی طرف سے انصاف فراہم کرنا' اپنے بھائی کے ساتھ مواسات و بردباری کرنا اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا۔ اس ذکر سے میری مراد یہ نہیں ہے ''سبحان اللہ والحمدللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر''۔ اگرچہ یہ بھی ذکرِ خدا میں شامل ہے لیکن اس سے مراد یہ ہے کہ ہر مقام پر وہ خدا کو یاد رکھے۔

## میں علیؑ اور شیعانِ علیؑ کے لیے مغفرت طلب کرتا ہوں

﴿قال أخبرنی﴾ ابونصر محمد بن الحسین البصیری المقری ﴿قال حدثنا﴾ ابو عبدالله الاسدی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن عبدالله بن جعفر العلوی المحمدی ﴿قال حدثنا﴾ یحییٰ بن هاشم الغسانی ﴿قال حدثنا﴾ غیاث بن ابراهیم ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد علیه السلام عن أبیه عن جده قال قال رسول الله علمت سبعا من المثانی ومثلت لی أُمتی فی الطین حتیٰ نظرت الی صغیرها وکبیرها ونظرت فی السموات کلها فلما رأیت رأیتك یاعلی استغفرت لك ولشیعتك یوم القیمة-

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں سبع مثانی (یعنی سورۂ حمد) کا علم رکھتا ہوں اور میرے لیے میری پوری اُمت کو مٹی میں مشاٹث کر دیا یہاں تک کہ میں نے اس تصویر میں چھوٹے بڑے سب کو دیکھا ہے اور میں نے سارے آسمانوں کو بھی دیکھا ہے اور جیسے ہی میں نے ان میں علیؑ کو دیکھا اور آپؑ کے شیعوں کو دیکھا تو میں نے آپؑ کے اور آپؑ کے شیعوں کے لیے قیامت کے دن تک مغفرت طلب کی۔

## حضرت علی علیہ السلام سب سے افضل ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابونصر محمد بن الحسين المقرى ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبدالله جعفر بن عبدالله العلوى المحمدى ﴿قال حدثنا﴾ يحيىٰ بن هاشم الغسانى ﴿قال حدثنا﴾ اسماعيل بن عياش عن معاذ بن رفاعة عن شهر بن حوشب قال سمعت ابا امامة الباهلى يقول ولا يمنعنى مكان معاوية ان اقول الحق فى على عليه السلام سمعت رسول الله (ص) يقول على افضلكم وفى الدين افقهكم وبسنتى ابصركم ولكتاب الله اقراكم اللّٰهم انى احب عليا فاحبه اللّٰهم انى احب عليا فاحبه -

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

شہر بن حوشب نے بیان کیا ہے کہ میں نے ابوامامہ باہلی سے سنا ہے وہ کہتے ہیں: معاویہ [illegible] سان و محل بھی مجھے علی علیہ السلام کے حق کو بیان کرنے [illegible] سکا۔ میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ وہ فرماتے ہیں: تم میں سب سے افضل علی علیہ السلام ہیں اور دین میں تم سب سے زیادہ فقیہ علی علیہ السلام ہیں اور میری سنت میں سب سے زیادہ بصیر ہیں اور اللہ کی کتاب کو تم سب سے زیادہ تلاوت کرنے والے

https://downloadshiabooks.com/

ہیں۔ اے میرے اللہ! میں علیؑ سے محبت کرتا ہوں پس تو بھی ان سے محبت فرما۔ اے میرے اللہ! میں علی علیہ السلام سے محبت کرتا ہوں پس تو بھی ان سے محبت فرما۔

## ابوبکر کے والد ابوقحافہ کا خلافت کے بارے میں بیان

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن محمد المصری البزاز ﴿قال حدثنا﴾ ابوبشراحمد بن ابراهیم ﴿قال حدثنا﴾ زکریا بن یحیٰی الساجی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالجبار ﴿قال حدثنا﴾ سفیان عن الولید بن کثیر عن ابن الصیاد عن سعید بن المسیب قال لما قبض النبی (ص) ارتجت مکة بنعیه فقال ابوقحافة ما هذا قالوا قبض رسول اللّٰه (ص) قال فمن اولی الناس بعده قالوا ابنك قال فهل رضیت بنوعبدشمس وبنو المغیرة قالوا نعم قال لا مانع لما اعطی اللّٰه ولا معطی لما منع اللّٰه ما اعجب هذا الامر تنازعون النبوة وتسلمون الخلافة ان هذا لشیئ براد–

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

سعید بن مسیّب نے بیان کیا ہے کہ جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس دنیا سے رحلت ہوئی میں اس کی خبر لے کر مکہ میں آیا تو مجھے ابوقحافہ نے کہا: یہ کیا کہہ رہے ہو؟ لوگوں نے کہا: رسولؐ خدا کی رحلت ہوگئی ہے۔ اس نے کہا: ان کے بعد لوگوں کا مولا اور خلیفہ کون بنا ہے؟ لوگوں نے جواب دیا: آپ کا بیٹا۔ اس نے کہا: کیا بنوعبدشمس اور بنوالمغیرہ والے اس کی خلافت پر راضی ہوگئے ہیں۔ لوگوں نے کہا: ہاں۔ پھر اس نے کہا: جو اللہ دے اس کو کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جس کو اللہ روکے اس کو کوئی دینے والا نہیں ہے۔ یہ کتنا عجیب کام ہے کہ انہوں نے نبوت میں تنازع واختلاف کیا لیکن اس کی خلافت کو سب نے تسلیم کرلیا۔ یہ بڑی عجیب بات ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

# حضرت خضر علیہ السلام کی دعا

﴿قال أخبرنی﴾ ابو نصر محمد بن الحسین ﴿قال أخبرنی﴾ ابو علی احمد بن محمد الصولی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالعزیز بن یحییٰ الجلودی ﴿قال حدثنا﴾ الحسین بن حمید ﴿قال حدثنا﴾ محول بن ابراهیم ﴿قال حدثنا﴾ صالح بن ابی الاسود ﴿قال حدثنا﴾ محفوظ بن عبیدالله عن شیخ من اهل حضرموت عن محمد بن الحنفیة علیه الرحمة بینا امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیه السلام یطوف بالبیت اذا رجل متعلق بالاستار وهو یقول یامن لا یشغله سمع عن سمع یامن لایغلطه السائلون یامن لا یبرمه الحاح الملحین اذقنی برد عفوك وحلاوة رحمتك فقال له امیرالمؤمنین علیه السلام هذا دعائك قال له الرجل وقد سمعته قال نعم قال فادع به فی دبر کل صلوٰة فوالله مایدعو به احد من المؤمنین فی ادبار الصلوٰة الاغفر الله له ذنوبه ولو کانت عدد نجوم السماء وقطرها وحصباء الارض وثراها فقال له امیرالمؤمنین (ع) ان علم ذلك عندی والله واسع کریم فقال له ذلك وهو الخضر (ع) صدقت ولله یاامیر المؤمنین وفوق کل ذی علم علیم وصلی الله علی سیدنا محمدالنبی وآله الطاهرین۔

**حدیث نمبر 8:** (بحذف اسناد)

حضرت محمد بن حنفیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے ساتھ بیت اللہ کا طواف کر رہے تھے۔ اچانک ایک مرد کو دیکھا جو بیت اللہ کے غلاف کے ساتھ چمٹا ہوا تھا اور یوں دعا مانگ رہا تھا:

یامن لا یشغله سمع عن سمع یامن لا یغلطه السائلون یامن لایبرمه الحاح الملحین اذقنی برد عفوك وحلاوة رحمتك۔

https://downloadshiabooks.com/

پس امیرالمومنین علی علیہ السلام نے اس شخص سے فرمایا: یہ تیری دعا ہے؟ اس شخص نے عرض کی: کیا آپؑ نے میری دعا کو سن لیا ہے۔ آپؑ نے فرمایا: ہاں۔ اس شخص نے کہا: اس دعا کو ہر نماز کے بعد پڑھو۔ پس اللہ کی قسم مومنین میں سے جو بھی نماز کے بعد اس دعا کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ معاف کردے گا خواہ آسمان کے تاروں کے برابر، بارش کے قطروں کے برابر اور زمین کے ذرّات کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

پس امیرالمومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اس چیز کا علم میرے پاس ہے۔ اللہ کا کرم اس سے بھی وسیع ہے۔ پس اس مرد نے آپؑ سے کہا جو کہ حضرت خضرؑ تھے اے امیرالمومنین! آپؑ نے سچ فرمایا۔ وہ ہر صاحب علم سے زیادہ جاننے والا ہے۔

صلی اللہ علی سیدنا محمد النبی و آلہ الطاہرین

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 11

[بروز پیر ۲ رجب سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## حضرت علی علیہ السلام کا مواعظ

حدثنا الشیخ المفیدابو عبداللہ محمد بن محمد بن النعمان ادام اللہ تأییدہ فی مسجدہ بدرب رباح فی ھذا الشھر ﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ الفضل بن الحباب الجمحی ﴿قال حدثنا﴾ مسلم بن عبداللہ البصری ﴿قال حدثنا﴾ ابی قال حدثنی محمد بن عبدالرحمٰن النہدی ﴿قال حدثنا﴾ شعبة بن سلمة بن کھیل عن حبة العرنی قال سمعت امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیہ السلام یقول انی اخشی علیکم اثنتین طول الامل واتباع الھوی فاما طول الامل فینسی الآخرة واما اتباع الھوی فیصد عن الحق وان الدنیا قد ترحلت مدبرة والآخرة قد جائت مقبلة ولکل واحد منھما بنون فکونوا من ابناء الآخرة ولا تکونوا من ابناء الدنیا الیوم عمل ولا حساب وغداً حساب ولا عمل۔

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

جناب حبہ العرنی نے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے سنا ہے' آپؑ نے فرمایا:

میں آپ لوگوں کے بارے میں دو چیزوں سے ڈرتا ہوں لمبی آرزو اور خواہشات

https://downloadshiabooks.com/

کی اتباع ہے۔ کیونکہ لمبی لمبی آرزوئیں انسان کو آخرت سے فراموش کرا دیتی ہیں اور خواہشاتِ نفس کی پیروی انسان کو حق سے روک دیتی ہیں۔ تحقیق دنیا تمہارے پیچھے ہے اور آخرت تمہارے سامنے ہے اور ان میں ہر ایک کے بیٹے ہیں۔ پس تم لوگ آخرت کے بیٹے بنو دنیا کے بیٹے نہ بنو۔ آج عمل کا دن ہے آج حساب نہیں ہوگا اور کل کا دن عمل کا دن نہیں ہوگا بلکہ فقط حساب ہوگا۔

## حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام کی مناجات

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن ﴿قال حدثني﴾ ابی عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عیسیٰ عن الحسن ابن محبوب عن مالك بن عطیة عن داود بن فرقد عن أبي عبدالله الصادق جعفر بن محمد (ع) قال ان فیما ناجی الله به موسیٰ بن عمران (ع) ان یاموسیٰ ما خلقت خلقا هو احب الی من عبدی المؤمن وانی انما ابتلیته لما هو خیر له وانا اعلم بما یصلح عبدی ولصبر علی بلائی ولیشکر نعمائی ولیرض بقضائی أکتبه فی الصدیقین عندی اذا عمل بما یرضینی واطاع امری

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب داؤد بن فرقد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوعبداللہ الصادق جعفر بن محمد علیہما السلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

تحقیق وہ چیز جو خدا نے جنابِ موسیٰ بن عمران علیہ السلام سے مناجات کی ہے ان میں سے ایک چیز یہ تھی: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اے موسیٰؑ! میں نے ایسی کوئی مخلوق خلق نہیں کی جو مجھے مومن بندے سے زیادہ محبوب ہو اور میں اپنے مومن بندے کو اس چیز کے

https://downloadshiabooks.com/

ساتھ مبتلا کرتا ہوں جو اس کے لیے بہتر ہوتی ہے اور میں جانتا ہوں کہ میرے بندے کے لیے کون سی چیز فلاح رکھتی ہے اور اس کے لیے میری مصیبت پر صبر کرنا چاہیے اور میری نعمات پر شکر ادا کرنا چاہیے اور میرے فیصلے پر اس کو راضی رہنا چاہیے۔ پس اگر وہ ایسا کام کرے جو میری خوشنودی کا باعث بنے اور وہ میری اطاعت کرے تو وہ میرے نزدیک صدیقین میں تحریر کیا جائے گا۔

## حضرت علی علیہ السلام کے لیے ردِ آفتاب ہونا

﴿قال أخبرني﴾ ابو عبداللہ محمد بن عمران المرزباني ﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر احمد بن محمد بن عيسىٰ المكي ﴿قال حدثنا﴾ الشيخ الصالح ابوعبداللہ عبدالرحمٰن بن محمد بن حنبل ﴿قال أخبرت﴾ عن عبدالرحمٰن ابن شريك عن أبيه ﴿قال حدثنا﴾ عروة بن عبيداللہ بن بشير الجعفي قال دخلت على فاطمة بنت علي بن ابي طالب عليه السلام وهي عجوز كبيرة وفي عنقها خرزة وفي يدها مسكتان فقالت يكره للنساء ان يتشبهن بالرجال ثم ﴿قال حدثتني﴾ اسماء بنت عميس قالت اوحى الله الى نبيه محمد (ص) فيغشاه الوحي فستره علي بن ابي طالب عليه السلام بثوبه حتى غابت الشمس فلما سرى عنه قال ياعلي ما صليت العصر قال لا يارسول الله شغلت عنها بك فقال رسول الله (ص) اللهم اردد الشمس على علي ابن ابي طالب (ع) وقد كانت غابت فرجعت حتى بلغت الشمس حجرتي ونصف المسجد۔

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

حضرت فاطمہ بنت علی علیہ السلام فرماتی ہیں کہ عورتوں کے لیے مکروہ ہے کہ مردوں

https://downloadshiabooks.com/

کے مشابہ ہوں۔ پھر فرمایا کہ اسماء بنت عمیس نے بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی نازل ہو رہی تھی اور وحی کے وقت آپ حالتِ مدہوشی میں تھے۔ پس علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے آپ کو چادر سے ڈھانپے رکھا۔ یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا۔ جب آپؐ وحی سے فارغ ہوئے تو آپؐ نے فرمایا: یاعلیؑ! کیا آپؑ نے نمازِ عصر ادا کی ہے؟ آپؑ نے عرض کی: نہیں یارسولؐ اللہ! میں آپؐ کی اطاعت میں مشغول تھا۔ پس رسولؐ خدا نے فرمایا: اے میرے اللہ تو علی علیہ السلام کے لیے سورج کو واپس پلٹا دے، جب کہ وہ غروب ہو چکا تھا۔ پس سورج واپس پلٹ آیا، یہاں تک کہ اس کی شعاع و دھوپ میرے حجرے اور آدھی مسجد تک پھیل گئی۔

## حضرت فاطمہ علیہا السلام کی رضایت سے اللہ راضی ہوتا ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوحفص عمر بن محمد الصيرفي ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلي محمد بن همام الكاتت الاسكافي ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن القاسم المحاربي ﴿قال حدثنا﴾ اسماعيل بن اسحاق الراشدي ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن علي عن محمد بن الفضيل الازدي عن ابي حمزة الثمالي عن ابي جعفر الباقر محمد بن علي (ع) عن أبيه عن جده قال قال رسول الله (ص) ان الله ليغضب لغضب فاطمة ويرضى لرضاها۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذفِ اسناد)

حضرت ابوحمزہ ثمالی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے اور آپؑ نے اپنے والد علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے والد علیہ السلام سے روایت کی ہے آپؑ نے فرمایا کہ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تحقیق اللہ تعالیٰ غضب ناک ہوتا ہے جنابِ فاطمہؑ کے غضب ناک ہونے سے اور ان کے راضی ہونے

https://downloadshiabooks.com/

سے اللہ راضی ہوتا ہے۔

## بُرا دن جس سے زیادہ کوئی نہ ہو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد الکاتب ﴿قال أخبرنی﴾ الحسن بن علی الزعفرانی ﴿قال أخبرنی﴾ محمد الثقفی ﴿قال أخبرنا﴾ ابواسماعیل العطار ﴿قال أخبرنا﴾ ابولھیعة عن ابی الاسود عن عروة بن الزبیر قال لما بایع الناس ابابکر خرجت فاطمة بنت محمد علیها السلام فوقفت علی بابها وقالت ما رأیت کالیوم قط حضروا اسوء محضر ترکوا نبیهم (ص) جنازة بین اظهرنا واستبدوا بالامر دوننا۔

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

جناب عروہ بن زبیر نے روایت بیان کی ہے کہ جب لوگوں نے ابوبکر کی بیعت کر لی پس جناب فاطمہ بنت محمد علیہا السلام اپنے گھر سے باہر آ گئیں اور دروازے پر کھڑے ہو کر فرمایا:

میں نے اس دن سے برا دن کوئی نہیں دیکھا جب تم لوگ ہمارے ساتھ بہت برے انداز میں پیش آ رہے ہو۔ تم نے اپنے نبی کا جنازہ بھی ہمارے درمیان چھوڑ دیا اور تم نے ہمیں چھوڑ کر حکومت کا معاملہ بھی خود اپنے لیے اختیار کر لیا۔

## حق وہ ہے جو ہم اہلِ بیتؑ سے لیا جائے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد عن أبیه عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن الحسن بن محبوب عن ابی ایوب الخراز عن محمد بن مسلم عن ابی جعفر محمد بن علی (ع) قال اما انه لیس عند احد من الناس حق ولا صواب الا شیئ اخذوه منا اهل البیت

https://downloadshiabooks.com/

ولا احد من الناس يقضی بحق وعدل الا ومفتاح ذلك القصاء وبابه واوله سنة اميرالمؤمنين علی بن ابی طالب علیه السلام فاذا اشتبهت علیهم الامور كان الخطأ من قبلهم اذا اخطأوا الصواب من قبل علی بن ابی طالب (ع) اذا اصابوا۔

**حدیث نمبر 6:** (بحذف اسناد)

حضرت محمد بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوجعفر امام محمد بن علی الباقر علیہما السلام سے روایت کی ہے' آپؑ نے فرمایا:

آ گاہ ہوجاؤ لوگوں میں سے کسی کے پاس کوئی حق وصواب نہیں ہے مگر وہ چیز جو انہوں نے ہم اہلِ بیت علیہم السلام سے حاصل کی ہے اور لوگوں میں سے کسی کے پاس حق اور عدل کے ساتھ فیصلہ نہیں ہے مگر اس فیصلے کی چابی اور اس کا دروازہ اور اس کی ابتداء امیر المومنین علیہ السلام کی سنت میں ہے۔ پس جب معاملات تم پر مشتبہ ہوجائیں تو جب تم فیصلے کروگے تو ان میں خطا ہوگی اور اگر تم اس کے فیصلے میں حق وثواب پاؤ تو وہ علی ابن ابی طالبؑ کی طرف سے ہوگا۔

## شداد بن اوس کا دربارِ معاویہ میں خطبہ

﴿قال حدثنا﴾ ابو الطیب الحسین بن محمد التمار بجامع المنصور فی المحرم سنة سبع واربعین وثلثمائة ﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر محمد بن القاسم الانباری ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن یحییٰ ﴿قال حدثنا﴾ ابن الاعرابی عن حبیب بن بشار عن أبیه ﴿قال حدثنی﴾ علی بن عاصم عن الشعبی قال لما وفد شداد بن اوس علی معاویة بن ابی سفیان أكرمه واحسن قبوله ولم یعتبه علی شیئ كان منه ووعده ومناه ثم انه احضره فی یوم حفل فقال

https://downloadshiabooks.com/

له ياشداد قم فى الناس واذكر عليا وعبه لأعرف بذلك نيتك فى مودتى فقال له شداد اعفتى من ذلك فان عليا قد لحق بربه وجوزى بعلمه وكفيت ما كان يهمك منه وانقادت لك الامور على ايثارك فلا تلتمس من الناس مالا يليق بحلمك فقال له معاوية لتقومن بما امرتك به والا فالريب فيك واقع فقام شداد فقال الحمدللّٰه الذى فرض طاعته على عباده وجعل رضاه عند اهل التقوى اثر من رضا خلقه على ذلك مضى او لهم وعليه يمضى آخرهم ايها الناس ان الآخرة وعد صادق يحكم فيها ملك قادر وان الدنيا اجل حاضر يأكل منها البر والفاجر وان السامع المطيع للّٰه لاحجة عليه وان السامع العاصى لاحجة له وان اللّٰه اذا اراد بالعباد خيراً عمل عليهم صلحائهم وقضى بينهم فقهائهم وجعل المال فى اسخيائهم واذا اراد بهم شراً عمل عليهم سفائهم وقضى بينهم جهلائهم وجعل المال عند بخلائهم وان من صلاح الولاة قرنائها ونصحك يامعاوية من اسخطك بالحق وغشك من ارضاك بالباطل وقد نصحتك بما قدمت وما كنت اغشك بخلافه ، فقال له معاوية اجلس ياشداد فجلس فقال له انى قد امرت لك بمال يغنيك الست من السمحاء الذين جعل اللّٰه المال عندهم لصلاح خلقه فقال له شداد أن كان ما عندك من المال هو لك دون ما للمسلمين فعمدت جمعه مخافة تفرقه فاصبته حلالا فنعم وان كان مما شاركك فيه المسلمين فاحتجبته دوتهم اقترافا وانفقته اسرافا فان اللّٰه جل اسمه يقول ان المبذرين كانوا اخوان الشياطين ، فقال معاوية اظنك قد خولطت ياشداد اعطوه ما اطلقناه له ليخرج الى اهله قبل ان يغلبه مرضه فنهض شداد وهو يقول المغلوب على عقله تهواه سواى وارتحل ولم يأخذ من معاوية شيئا-

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

جناب علی بن عاصم نے شعبی سے روایت کی ہے وہ بیان کرتا ہے کہ جب شداد بن اوس معاویہ بن ابوسفیان کے دربار میں قاصد بن کر آیا تو اس نے شداد کی عزت کی اور اس کو اچھے انداز میں خوش آمدید کہا اور اس کو کسی چیز کے بارے میں عتاب نہ کیا۔ پھر اس سے حال احوال جاننے کے بعد اس کو آرام وسکون کا کہا۔ پھر اس کو اس دن حاضر ہونے کا حکم دیا جب بہت زیادہ لوگ اس کے پاس جمع تھے۔ پس اس سے کہا: اے شداد! اٹھو لوگوں کے سامنے علیؑ کے عیب بیان کرو تا کہ مجھے تمہاری اپنے ساتھ محبت کا پتہ چل سکے۔

پس شداد نے کہا کہ اے معاویہ! مجھے اس سے معاف فرما' کیونکہ علی ابن ابی طالبؑ اس دنیا سے اپنے رب کے پاس جا چکے ہیں اور وہ اپنے عمل وعلم کے حساب سے جزا پا چکے ہیں۔ پس تمہاری اس کے بارے میں جو کوشش ہے اس کو روک دو۔ معاملہ اب صرف تیرے لیے بچ گیا ہے (یعنی حکومت اب صرف تیرے لیے ہے تو اپنے ایثار پر عمل کر)۔ پس لوگوں سے ایسی چیز کا مطالبہ والتماس نہ کر جو تیرے حلم کے ساتھ لائق نہیں ہے۔ معاویہ نے اس سے کہا کہ آپ کو ضرور کھڑا ہونا پڑے گا اور جو میں نے حکم دیا ہے اس کو انجام دینا پڑے گا ورنہ تیری نیت میں کوئی فتور وعیب پایا جاتا ہے۔

پس شداد بن اوس کھڑے ہوگئے اور یوں شروع ہوئے: تمام تعریفیں صرف اللہ کے لیے جس کی اطاعت اپنے بندوں پر واجب ہے اور اس نے اپنی رضا اور خوشی کو اہلِ تقویٰ کے لیے قرار دیا ہے اور اس کی رضا اور خوشنودی کا اثر اس کی اوّل و آخر سب مخلوق پر ہوتا ہے۔ اے لوگو! تحقیق آخرت کا وعدہ سچا ہے کہ جس میں ایک مالک اور قادر حکم فرمائے گا اور یہ دنیا موجودہ زندگی ہے جس سے نیک و بد دونوں استفادہ کر رہے ہیں۔ پس جو سننے والا سن کر اللہ کی اطاعت کرے گا اس پر اللہ کی طرف سے کوئی حجت نہیں ہوگی اور جو سامع بن کر اللہ کی نافرمانی کرے گا اس کے پاس اللہ کے لیے کوئی حجت ودلیل باقی

https://downloadshiabooks.com/

نہیں رہے گی۔ تحقیق جب اللہ اپنے بندوں پر خیر کا ارادہ کرتا ہے تو ان کے حاکم نیک لوگوں کو قرار دیتا ہے اور ان کے درمیان قاضی فقہاء کو بناتا ہے اور دولت ان کے صحیفوں کے پاس قرار دیتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے ناراضگی ظاہر کرتا ہے تو ان کے حاکم بے وقوفوں اور ظالموں کو قرار دیتا ہے اور ان پر قاضی نااہل لوگوں کو بنا دیتا ہے اور ان کی دولت بخیلوں کے پاس قرار دیتا ہے۔

تحقیق حکام کی اصلاح میں سے یہ ہے کہ ان کا نصیحت کے ساتھ ملا ہونا ہے۔

اے معاویہ..... نصیحت وہ کرے گا جو تجھے حق سنا کر غضب ناک کر رہا ہے اور وہ شخص تجھے دھوکا دے رہا ہے جو باطل اور گمراہی کے لیے تجھے خوش کر رہا ہے اور میں تجھے نصیحت کرتا ہوں اس کے بارے میں جو تو آگے بھیج رہا ہے اور میں حق کے خلاف بات کر کے تجھے خوش نہیں کر سکتا۔ پس معاویہ نے شداد سے کہا: بس کرو بیٹھ جاؤ' پس شداد بیٹھ گیا۔

پس معاویہ نے اس سے کہا: میں نے تیرے لیے مال کا حکم دے دیا ہے' اگرچہ میں ان سخیوں میں سے نہیں ہوں جن کو اللہ نے مال اس لیے دیا ہے کہ وہ اس سے اس کی مخلوق کی اصلاح کریں۔ پس شداد نے کہا: اگر وہ مال جو تیرے پاس ہے وہ تیرا ہے اس میں مسلمانوں کا کوئی حق نہیں ہے تو پھر تو نے اس مال کو جمع کیا ہوا ہے۔ کبھی اس کے ضائع ہونے کا خوف ہے۔ پس تو نے جائز کام کیا ہے اور اگر یہ مال وہ ہے جس میں دوسرے مسلمان بھی اس میں شریک ہیں اور تو نے ان سے اس مال کو گنا کرتے ہوئے پوشیدہ رکھا ہوا ہے ان کو اسی تک رسائی نہیں ہے اور تو اس مال کو اسراف میں خرچ کرتا ہے۔

تحقیق اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے کہ میں فضول خرچ لوگوں کو پسند نہیں کرتا اور فضول خرچ شیطان کے بھائی ہیں۔ پس معاویہ نے کہا: اے شداد پس لگتا ہے کہ تو بیمار ہے پس جس کا میں نے تم سے وعدہ کیا وہ میں تجھے عطا کرتا ہوں تاکہ بیماری کے غلبہ ہونے سے پہلے تو اپنے خاندان میں جا سکے۔ پس شداد کھڑا ہوا اور وہ یہ کہہ رہا تھا جس کی عقل مغلوب

https://downloadshiabooks.com/

ہو جائے اس کو اس کے غیر نے دھوکا دیا ہے۔ وہ بغیر کچھ لیے وہاں سے چلا گیا۔

## تین خصال جنھیں عقوبت دنیا میں مل جاتی ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابو الحسن احمد بن محمد بن الحسن عن أبيه عن محمد ابن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عيسى عن الحسن بن محبوب عن مالك بن عطيه عن ابى عبيدة الحذا عن ابى جعفر الباقر محمد بن علی (ع) قال فى كتاب اميرالمؤمنين (ع) ثلاث خصال لايموت صاحبهن حتى يرى وبالهن البغى وقطيعة الرحم واليمين الكاذبة وان اعجل الطاعة ثوا بالصلة الرحم ان القوم ليكوتون فجارا فيتواصلون فيمنى اموالهم ويثرون وان الكاذبة وقطيعة الرحم تدع الديار بلاقع من اهلها وصلى الله على سيدنا محمد وآله وسلم تسليماً۔

**حدیث نمبر 8:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام فرماتے ہیں: امیرالمومنین علی علیہ السلام کی کتاب میں ذکر ہے کہ تین چیزیں ایسی ہیں جن کا صاحب اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک ان کی عقوبت و عذاب دنیا میں نہیں دیکھ لے گا: ① بغاوت ② قطع رحمی (یعنی عزیز رشتہ دار سے تعلقات ختم کرنا) ③ جھوٹی قسم اور سب سے جلدی میں اطاعت پر ثواب ملتا ہے وہ صلہ رحمی ہے' کیونکہ جو اقوام فجار ہوتی ہیں وہ بھی صلہ رحمی کرتی ہیں کیونکہ اس سے اموال میں زیادتی ہوتی ہے۔ جھوٹی قسمیں اور قطع رحمی شہروں کو برباد کر دیتی ہیں۔

صلى الله على سيدنا محمد وآله وسلم تسليماً

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 12

[بروز ہفتہ ۱۲ رجب سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے افضل عمل ایمان ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوحفص عمر بن محمد الصيرفي ﴿قال حدثنا﴾ ابو الحسن علی بن مهرويه القزويني سنة اثنى وثلثمائة ﴿قال حدثنا﴾ الرضا علی بن موسٰی (ع) عن أبيه العبد الصالح موسٰی بن جعفر عن أبيه الصادق جعفر بن محمد عن أبيه الباقر محمد بن علی عن أبيه زين العابدين علی بن الحسين عن أبيه الشهيد الحسين بن علی عن أبيه امير المؤمنين علی بن ابی طالب قال قال رسول اللّٰه (ص) افضل الاعمال عنداللّٰه ايمان لاشك فيه ولا غزو لاغلول فيه وحج مبرور واوّل من يدخل الجنة عبدمملوك احسن عبادة ربه ونصح لسيده ورجل عفيف ذوعبادة۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت امام علی بن موسیٰ رضا علیہ السلام نے اپنے والد مکرم عبد صالح حضرت امام موسیٰ بن جعفر علیہ السلام سے اور آپؑ نے اپنے والد مکرم جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے اور آپؑ نے اپنے والد مکرم محمد بن علی الباقر علیہ السلام سے اور آپؑ نے اپنے والد مکرم امام زین العابدین علی بن حسین علیہ السلام سے اور آپؑ نے اپنے والد گرامی امام حسین شہید کربلا علیہ السلام سے اور آپؑ نے اپنے والد امیر المومنین علی بن ابی طالب

https://downloadshiabooks.com/

علیہ السلام سے روایت کی ہے' آپ نے فرمایا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے افضل عمل ایمان ہے کہ جس میں شک نہ ہو' دھوکا نہ ہو اور خیانت نہ ہو اور حج جو مقبول ہو۔ سب سے پہلے جو بندہ جنت میں جائے گا وہ عبدِ مملوک ہے جو اپنے رب کی عبادت احسن انداز میں کرے اور اپنے مالک کو نصیحت کرے اور دوسرا وہ مرد ہوگا جو عبادت گزار اور پاک دامن ہوگا۔

## اپنے دین کی حفاظت تقیہ کے ذریعے کرو

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن احمد بن الحسن ﴿قال حدثني﴾ ابي عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسى عن الحسن بن محبوب عن حديد بن حكيم الأزدي قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد (ع) يقول أتقوا الله وصونوا دينكم بالورع وقووه بالتقية والاستغناء بالله عزوجل عن طلب الحوائج الى صاحب سلطان الدنيا واعلموا انه من خضع لصاحب سلطان الدنيا او من يخالفه في دينه طلبا لما في يديه من دنياه احمله الله ومقته عليه ووكله اليه فان هو غلب على شيئ من دنياة وصار اليه منه شيئ نزع الله البركة منه ولم يؤجره على شيئ ينفقه منه في حج ولا عتق ولا بر۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب حدید بن حکیم ازدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام ابوعبداللہ جعفر صادق علیہ السلام سے سنا ہے' آپ نے فرمایا:

اللہ سے ڈرو اور پرہیزگاری کے ذریعے اپنے دین کو بچا کر رکھو اور تقیہ کے ذریعے

https://downloadshiabooks.com/

اپنے دین کی حفاظت کرو اور اللہ تعالیٰ سے بے نیازی طلب کرو۔ دنیا کے بادشاہوں سے کوئی چیز طلب کرنے سے جان لو۔ جو شخص کسی دنیا کے بادشاہ کے سامنے یا کسی دین میں مخالف کے سامنے انکساری و تواضع کرتا ہے تاکہ ان سے کوئی دنیاوی چیز حاصل کی جائے اللہ اس کو اس پر ذال دے گا اور اس کا گناہ اس پر ہوگا اور اس کو اس کے سپرد کر دے گا۔ اور اگر وہ اس چیز کو ان سے حاصل کرلے گا تو اللہ تعالیٰ اس چیز سے برکت کو اٹھا لے گا اور اس پر اس کو کوئی اجر و ثواب نہیں ملے گا خواہ وہ اس کو حج کے ادا کرنے پر یا غلام کے آزاد کرنے پر یا کوئی نیک کام میں خرچ کرے اس پر اُسے کوئی ثواب و اجر نہیں ملے گا۔

## اعتراض اہلِ بصرہ جب مسلمان ہیں تو ان سے جنگ کیوں؟

﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن بن بلال المهلبی رحمه الله یوم الجمعة للیلتین بقیتا من شعبان سنة ثلاث وخمسین وثلثمائة ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسین بن حمید بن الربیع اللحمی ﴿قال حدثنا﴾ سلیمان بن الربیع النهدی ﴿قال حدثنا﴾ نصر بن مزاحم المنقری ﴿قال حدثنا﴾ یحیی بن یعلی الاسلمی عن علی بن الخرور عن الاصبغ بن نباته رحمه الله قال جاء رجل الی امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیه السلام بالبصرة فقال یا امیرالمؤمنین هؤلاء القوم الذین نقاتلهم الدعوة واحدة والرسول واحد والصلوٰة واحدة والحج واحد فبم نسمیهم فقال علیه السلام سمهم بما سماهم الله عزوجل فی کتابه اما سمعته تعالی یقول [تلك الرسل فضلنا بعضهم علی بعض منهم من کلم الله ورفع بعضهم درجات وآتینا عیسی بن مریم البینات وایدناه بروح القدس ولو شاء الله ما اقتتل الذین من بعدهم من بعد ما جاء تهم ولکن اختلفوا فمنهم من آمن ومنهم من کفر] فلما وقع

https://downloadshiabooks.com/

الاختلاف كنا اولی باللہ وبدینه وبالنبی (ص) وبالکتاب وبالحق فنحن الذین آمنوا وهم الذین کفروا وشاء اللہ منا قتالهم فقاتلناهم بمشیئة وامره وارادته۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

جناب اصبغ بن نباتہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امیرالمومنین علی علیہ السلام کی خدمت میں بصرہ کا ایک مرد حاضر ہوا' اور عرض کی: اے امیرالمومنینؑ! وہ قوم جو بصرہ کی رہنے والی ہے جن سے ہم جنگ کر رہے ہیں ان کا اور ہمارا خدا ایک ہے' رسولؐ ایک ہے' نماز ایک ہے' حج ایک ہے' پھر ہم ان کا نام دوسرا کیوں رکھا ہے؟ (یعنی ان کو منافق کیوں کہتے ہیں)۔

پس آپؑ نے فرمایا: ہم نے ان کا نام وہ رکھا ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان کا نام اپنے قرآن میں رکھا ہے۔ کیا تو نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نہیں سنا ہے جس میں ارشاد قدرت ہے:

تلك الرسل فضلنا بعضهم علی بعض..... (تیسرا پارہ' پہلی آیت)

''ہم نے اپنے بعض رسول کو دوسرے بعض پر فضیلت عطا فرمائی ہے۔ ان میں سے بعض وہ ہیں جن سے اللہ نے کلام کیا ہے اور بعض کے درجات کو بلند کیا ہے اور ہم نے عیسیٰؑ بن مریمؑ کو واضح نشانیاں عطا کی ہیں اور ہم نے اس کی روح القدس کے ذریعے تائید کی ہے اور اگر اللہ چاہتا ان کے پاس سب کچھ (یعنی ہدایت) آنے کے بعد وہ ایک دوسرے کے ساتھ جنگ نہ کرتے لیکن انہوں نے اختلاف کیا ہے۔ پس ان میں سے بعض وہ ہیں جو ایمان لائے اور بعض وہ ہیں جو کافر ہوں گے''۔

https://downloadshiabooks.com/

آپؑ نے فرمایا: جب اختلاف واقع ہوگیا۔ ہم اللہ کے دین اور اس کے نبیؐ اور اس کی کتاب اور حق کے ساتھ زیادہ سزاوار ہیں اور ہم ہی وہ ہیں جن کے بارے میں اللہ نے فرمایا کہ وہ ایمان لائے اور وہ (یعنی بصرہ والے) ہیں جنہوں نے کفر اختیار کیا ہے اور جب تک اللہ چاہے گا ہم ان سے جنگ کریں اور یہ ہماری ان کے ساتھ جنگ مشیت خدا اور اس کے حکم اور اس کے ارادہ کے ساتھ ہے۔

## غسلِ نبی اکرمؐ میں علی علیہ السلام کے ساتھ کون کون شریک تھا

﴿قال حدثنا﴾ ابونصر محمد بن الحسین المقری البصیر ﴿قال حدثنا﴾ عبداللّٰہ بن یحییٰ القطان ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن الحسین بن ابی سعید القرشی ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ الحسین بن محارق عن عبدالصمد بن علی عن أبیه عن عبداللّٰہ بن العباس رضی اللّٰہ عنه قال لما توفی رسول اللّٰہ (ص) تولی غسله علی بن ابی طالب علیه السلام والعباس معه والفضل بن العباس فلما فرغ علی علیه السلام من غسله کشف الازار عن وجهه ثم قال بابی انت وامی طبت حیا وطبت میتا انقطع بموتك مالم ینقطع بموت احد ممن کواك من النبوة والانباء فیك کواه ولولا انك امرت بالصبر ونهیت عن الجزع لانفدنا علیك ماء الشؤن ولكان الداء مما طلا والکمد محالفا وقلاء لك ولکنه مالا یملك رده لا یستطاع دفعه بابی انت وامی اذکرنا عند ربك واجعلنا من همك– ثم اکب علیه فقبل وجهه ومد الازار علیه–

**حدیث نمبر 4: (بحذف اسناد)**

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت رسولِ خدا

https://downloadshiabooks.com/

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس دنیا سے رحلت فرمائی تو آپ کو غسل حضرت علی علیہ السلام نے دیا اور آپؑ کے ساتھ جناب عباس اور فضل بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما بھی تھے۔ جب آپؑ حضورِ انور کے غسل سے فارغ ہوئے تو آپؑ نے چہرۂ اقدس سے چادر کو اٹھایا۔ پھر فرمایا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوجائیں آپؐ نے پاک و پاکیزہ زندگی بسر کی ہے اور آپؐ نے پاک و پاکیزہ موت پائی ہے۔ آپؐ کی موت سے جو چیز منقطع ہوگئی ہے جو آپؐ کے علاوہ کسی دوسرے کی موت سے منقطع نہیں ہوسکتی تھی وہ نبوت ہے اور آسمانی خبروں کا سلسلہ۔ اور آپؐ کے علاوہ اس نبوت کا مکان کوئی دوسرا تعمیر نہیں کرسکتا۔ اگر آپؐ صبر کرنے کا حکم نہ دیتے اور گریہ وزاری سے روکا نہ ہوتا تو میں ضرور بر ضرور آپؐ پر آپؐ کی شایانِ شان گریہ کرتا اور آپؐ کے غم کا حق ادا نہ کرسکتا اور آپؐ کے غم کو ہمیشہ لازم قرار دیتا اور آپؐ کے غم میں تڑپتا رہتا لیکن میں اس کے رد و ختم کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوجائیں۔ مجھے اپنے رب کے پاس یاد رکھنا' اور ہمارا خیال رکھنا اور مخصوصیان میں قرار دینا۔ پھر آپؑ جھکے اور آپؐ کے رُخِ انور کا بوسہ دیا اور پھر دوبارہ آپؐ کے چہرۂ اقدس پر چادر ڈال دی۔

## حضرت شمعون علیہ السلام کا امیر المومنینؑ کو جنگ پر صبر کی تلقین کرنا

﴿قال حدثنی﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ علی بن عبدالله بن اسد الاصفهانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنا﴾ اسماعیل بن یسار ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن ملح عن عبدالوهاب بن ابراهیم الازدی عن ابی صادق عن مزاحم بن عبدالوارث عن محمد بن زکریا عن شعیب بن واقد المزنی عن محمد بن سهل مولی سلیمان بن علی بن عبدالله بن العباس عن أبیه عن قیس مولی علی ابن

https://downloadshiabooks.com/

ابی طالب علیه السلام قال ان علیا امیرالمؤمنین علیه السلام کان قریبا من الجبل بصفین فحضرت صلوۃ المغرب فامعن بعیداً ثم اذن فلما فرغ من اذانه اذا رجل مقبل نحو الجبل ابیض الرأس واللحیة والوجه فقال السلام علیك یا أمیرالمؤمنین ورحمة اللّٰه وبرکاته مرحبا بوصی خاتم النبیین وقائد الغر المحجلین والأعز المأمون والفاضل الفائز بثواب الصدیقین وسیدالوصیین فقال له امیرالمؤمنین (ع) کیف حالك فقال بخیر أنا منتظر روح القدس ولا اعلم احداً اعظم فی اللّٰه عزوجل اسمه بلاء ولا احسن ثوابا منك ولا ارفع عنداللّٰه مکانا اصبر یااخی علی ما انت فیه حتٰی تلقی الحبیب فقد رأیت اصحابنا ما لقوا بالأمس من بنی اسرائیل نشروهم بالمناشیر وحملوهم علی الخشب ولو یعلم هذه الوجوه التربة الشایهة واومی بیده الی اهل الشام ما اعدلهم۔ فی قتالك من عذاب وسوء نکال لأقصروا ولو تعلم هذه الوجوه المبیضة واوماً بیده الی اهل العراق ماذالهم من الثواب فی طاعتك لودت انها قرضت بالمقاریض والسلام علیك ورحمة اللّٰه وبرکاته ثم غاب من موضعه فقام عمار بن یاسر وابوالهیثم بن التیهان وابو ایوب الأنصاری وعبادۃ بن الصامت وخزیمة بن ثابت وهاشم المرقال فی جماعة من شیعة امیر المؤمنین علیه السلام وقد کانوا سمعوا کلام الرجل فقالوا یاامیرالمؤمنین من هذا الرجل فقال امیرالمؤمنین (ع) هذا شمعون وصی عیسٰی (ع) بعثه اللّٰه یصبرنی علی قتال اعدائه فقالوا له فداك اباؤنا وامهاتنا واللّٰه لننصرك نصرنا لرسول اللّٰه (ص) ولا یتخلف انك من المهاجرین والأنصار الاشقی فقال لهم امیرالمؤمنین علیه السلام معروفا۔

https://downloadshiabooks.com/

## حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)

حضرت قیسؒ جو مولائے کائنات امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے غلام تھے' انہوں نے فرمایا کہ حضرت امیرالمومنینؑ پہاڑ کے قریب صفین کے مقام پر تھے۔ نمازِ مغرب کا وقت ہوگیا۔ پس آپؑ نے اذان دی۔ جب آپؑ اذان سے فارغ ہوئے' آپؑ کے سامنے پہاڑ کی جانب سفید شکل کا خوبصورت انسان جس کے سر اور داڑھی کے بال بھی سفید تھے' اس نے کہا السلام علیکم یاامیرالمومنین رحمۃ اللہ وبرکاتہٗ مرحبا اے خاتم الانبیاء کے وصی' اے چمکتی پیشانی والے کے قائد' اے امن میں رہنے والوں کے سب سے زیادہ عزیز' اے صاحب فضل صدیقین کے ثواب کو پانے والے' اے وصیوں کے سردار' پس امیرالمومنینؑ نے اس سے فرمایا:

آپؑ کا کیا حال ہے۔ اُس نے عرض کی: میں خیریت سے ہوں' اور روح القدس کا انتظار کر رہا ہوں۔ میں کسی کو نہیں جانتا جو اللہ کی بارگاہ میں آپؑ سے زیادہ جس کا امتحان ہو اور اس کا اجر و ثواب آپؑ سے زیادہ ہو اور اس کا مقام آپؑ سے زیادہ ہو۔ اے میرے بھائی! جو کچھ آپؑ کے ساتھ ہو رہا ہے اس پر صبر کریں' یہاں تک کہ آپؑ اپنے حبیب سے ملاقات کرلیں۔ پس آپؑ نے ہمارے اصحاب کو نہیں دیکھا کہ ان کے ساتھ بنی اسرائیل والوں نے کیا سلوک کیا تھا۔ انہوں نے ہمارے اصحاب کو رسواء کیا' ان کو تختہ دار تک چڑھایا۔ اگر یہ بُرے منہ والے (اس کا اشارہ شام والوں کی طرف تھا) لوگ جان لیں کہ آپؑ کے ساتھ جنگ کرنے پر ان کے لیے کتنا بڑا اور دردناک عذاب تیار کیا گیا ہے تو یقیناً وہ آپؑ کے مقابلے سے ہٹ جائیں۔ یہ لوگ (اشارہ کیا اہلِ عراق کی طرف) چمکتے چہرے والے ہیں۔ اگر ان کو معلوم ہوجائے کہ آپؑ کی اطاعت کرنے میں ان کے لیے کتنا ثواب و اجر اللہ کی بارگاہ میں ہے تو ضرور آپؑ سے محبت کریں گے خواہ آپؑ ان کو قینچی سے کاٹ بھی دیں۔ وسلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ اس کے بعد وہ مرد وہاں

https://downloadshiabooks.com/

سے غائب ہوگیا۔

پس جناب عمار بن یاسرؓ، ابوہیثمؓ، ابوایوب انصاریؓ، عبادہ بن صامتؓ، خزیمہ بن ثابتؓ اور ہاشمؓ جو علی علیہ السلام کے شیعوں میں سے تھے اور انہوں نے اس مرد کی گفتگو کو سنا تھا' عرض کیا اے امیرالمومنینؑ! یہ مرد کون تھا؟

آپؑ نے فرمایا: یہ حضرت شمعون علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وصی تھے جو مجھے دشمنوں کے مقابلے میں جنگ کرنے پر صبر کی تلقین کرنے کے لیے آئے تھے۔

پس ان حضرات نے عرض کیا: ہمارے ماں باپ آپؑ پر قربان ہوجائیں اللہ کی قسم! ہم آپؑ کی مدد و نصرت اسی طرح کریں گے جس طرح ہم رسولؐ خدا کی مدد کرتے تھے اور مہاجرین اور انصار میں سے آپ کی کوئی مخالفت نہیں کرے گا سوائے اس شخص کے جو شقی ہوگا۔ پس امیرالمومنین علیہ السلام نے ان کے لیے دعائے خیر کی۔

## صدیق اکبر علی علیہ السلام ہیں

﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ ابو احمد العباس بن الفضل بن جعفر الأزدی المکی بمصر ﴿قال حدثنا﴾ علی بن سعید بن بشیر الرازی قال محمد بن ابان ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن تمام بن سابق ﴿قال حدثنا﴾ عامر بن سار عن ابی الصباح عن ابی همام عن کعب الخیر قال جاء عبدالله بن سلام الی رسول الله (ص) فقال یارسول الله (ص) ما اسم علی فیکم فقال له النبی (ص) عندنا الصدیق الأکبر فقال عبد اشهد ان لا إله الا الله وان محمداً رسول الله انا لنجد فی التوریة محمد نبی الرحمة وعلی مقیم الحجة۔

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

https://downloadshiabooks.com/

کعب الخیر نے روایت ذکر کی ہے کہ عبداللہ بن سلام حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! آپؐ لوگوں کے نزدیک علیؑ کا اسم گرامی کیا ہے؟ پس رسولؐ خدا نے فرمایا:

ہمارے نزدیک اس کا نام صدیق اکبر ہے پس (یہ جواب سنتے ہی) عبداللہ بن سلام نے کلمہ شہادت زبان پر جاری کیا: ''اشهد ان لا اله الا الله وان محمداً رسول الله۔ میں نے اپنی کتاب تورات میں پایا ہے کہ محمدؐ نبی رحمت ہیں اور علیؑ حجت و دلیل کو قائم کرنے والا ہے۔

## روبہ بن عجاج اور ذوالرمۃ کے درمیان مناظرہ

﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن علی بن مالك النحوی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الفضيل ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبدالله محمد بن احمد بن ابراهيم الكاتب ﴿قال حدثنا﴾ يموت بن المزرع ﴿قال حدثنا﴾ عيسى بن اسماعيل ﴿قال حدثنا﴾ الأصمعی ﴿قال حدثنا﴾ عيسى بن عمر قال كان ذو الرمة الشاعر يذهب الى النفى فى الافعال وكان رؤبة بن العجاج يذهب الى الاثبات فيها فاجتما فى يوم من ايامها عند بلال بن ابى بردة وهو والى البصرة وبلال يعرف ما بينهما من الخلاف فحضهما على المناظرة فقال رؤبة والله لا يفحص طاير فحوصا ولايقرمص سبع قرموصا الا كان ذلك بقضاء الله وقدره فقال له ذوالرمة ما اذن الله للذيب ان يأخذ حلوبة عالة عيايل صرايل فقال له رؤبة افبمشيته اخذها ام بمشية الله فقال ذوالرمة بل بمشية الله وارادته فقال رؤبة هذا والله الكذب على الذيب فقال ذوالرمة والله الكذب على الذيب اهون من الكذب على رب الذيب فقال وانشدنی

https://downloadshiabooks.com/

ابو الحسن علی بن مالك النحوی فی اثر هذا الحدیث لمحمود الوراق-

اعاذل لم آت الذنوب علی جهل ولا انها من فعل غیری ولا فعلی

ولا جرأة منی علی الله جنتها ولا ان جهلی لا یحیط به عقلی

ولكن بحسن الظن منی یعفو من تفرد بالصنع الجمیل وبالفضل

فان صدق الظن الذی قد ظننته ففی فضله ما صدق الظن من مثلی

وان نالنی منه العقاب فانما اتیت من الانصاف فی الحکم والعدل

**حدیث نمبر 7:** (بحذف اسناد)

عیسیٰ بن عمر نے روایت کی ہے کہ ذوالرمہ جو ایک شاعر تھا اس کا نظریہ اور عقیدہ تھا کہ وہ انسان کے افعال میں صبر کی نفی کرتا تھا' جب کہ روبہ بن عجاج اس کے ثابت ہونے کا قائل تھا۔ ایک دن دونوں حاکم بصرہ بلال بن ابی بردہ کے پاس اکٹھے ہو گئے۔ چونکہ بلال ان دونوں کے درمیان اعتقادی اختلاف کو جانتا تھا اس لیے اس نے ان دونوں کے درمیان مناظرہ کروا دیا۔

پس روبہ نے کہا: اللہ کی قسم نہ کوئی پرندہ پر مار سکتا ہے اور نہ کوئی درندہ شکار کر سکتا ہے مگر اللہ کی قضاء اور اس کی قدرت کے ساتھ۔

پس ذوالرمہ نے روبہ سے کہا: کیا اللہ بھیڑیے کو اجازت دے گا کہ وہ دودھ دینے والی اُونٹنی کو اپنے عامل میں سے قرار دے۔ پس روبہ نے کہا: اس کے اپنے ارادہ کی بات ہے یا خدا کی مشیت سے ہے۔ پس ذوالرمہ نے کہا: نہیں یہ اللہ تعالیٰ کے ارادہ و مشیت کے تحت ہے۔ پس روبہ نے کہا: نہیں اللہ کی قسم! یہ بھیڑیے پر جھوٹ ہے۔ پس ذوالرمہ نے کہا: بھیڑیے پر جھوٹ بولنا آسان ہے اللہ کی نسبت۔ پس اس مناسبت کے تحت ابوالحسن علی بن مالک نحوی نے اس حدیث کے تحت اشعار ذکر کیے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

https://downloadshiabooks.com/

اعاذل لم آت الذنوب علی جهل

ولا انها من فعل غیری ولا فعلی

''اے سرزنش کرنے والے! میں جہالت کی وجہ سے گناہ انجام نہیں دیتا' اور نہ ہی یہ میرے گناہ کسی دوسرے کی وجہ سے ہیں''۔

ولا جرأة منی علی اللّٰہ جنتہا

ولا ان جہلی لا یحیط بہ عقلی

''اور نہ ہی یہ میرے گناہ خدا کے مقابلے میں میرے جری ہونے کی وجہ سے ہیں' اور نہ اس وجہ سے میں جاہل ہوں کہ میری عقل کام نہیں کرتی''۔

ولکن بحسن الظن منی یعفو من

تفرد بالصنع الجمیل وبالفضل

''لیکن جو خدا کے بارے میں میرا حُسنِ ظن ہے اور اس اچھی امید اور اس کے فضل کی امید ہے''۔

فان صدق الظن الذی قد ظننتہ

ففی فضلہ ما صدق الظن من مثلی

''پس اگر میرا گمان سچا ہو کہ میں جو اس کے بارے میں رکھتا ہوں' پس اس کا فضل میں ہوں اور مجھ جیسا سچا ظن کسی کا نہیں ہے''۔

وان نالنی منہ العقاب فانما

اتیت من الانصاف فی الحکم والعدل

''اور اگر اس کا عقاب و عذاب بھی مجھے ملے گا تو یہ اس کا انصاف اور عدل ہوگا''۔

https://downloadshiabooks.com/

○

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن مالك النحوی ﴿قال حدثنا﴾ محمد ابن الفضل باسناده الاول الی الاصمعی عن عیسٰی بن عمر قال سأل رجل ابا عمرو بن العلا حاجة فوعده ثم ان الحاجة تعذرت علی ابن عمرو فلقیه الرجل بعد ذٰلك فقال له أبا عمرو وعدتنی وعداً فلم تنجزه قال ابوعمرو فمن اولی بالنعم انا او انت فقال الرجل انا فقال ابوعمرو لا واللّٰه بل انا فقال له الرجل وکیف ذاك فقال لأننی وعدتك وعداً فابت بفرح الوعد وابت بهم الانجاز وبت فرحا مسروراً وبت لیلتی مفکراً مغموما ثم عاق القدر عن بلوغ الارادة فلقیتنی مذلا ولقیتك محتشما۔

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

گزشتہ اسناد کے تحت یہ بھی روایت ہے عیسٰی بن عمر نے بیان کیا ہے کہ ابوعمرو بن علا حاجہ سے ایک شخص نے سوال کیا۔ پس اس نے اس کے سوال کا وعدہ کرلیا۔ پھر اس کی حاجت کو پورا کرنا اس کے لیے مشکل ہوگیا۔ اس کے بعد پھر وہ شخص ابوعمر سے ملا اور اس نے کہا: اے ابوعمر! آپ نے مجھ سے ایک وعدہ کیا تھا جس کو آپ نے وفا نہیں کیا۔ ابوعمر نے کہا کہ یہ بتاؤ ہم دونوں میں سے نعمت کا مستحق کون ہے؟ پس اس شخص نے کہا: میں ہوں۔ ابوعمر نے کہا: نہیں اللہ کی قسم میں ہوں۔ اس شخص نے کہا: وہ کیسے؟ اس نے کہا: اس لیے کہ میں نے آپ سے وعدہ کیا تھا پس آپ نے رات بسر کی اس خوشی سے کہ وعدہ ہوا ہے اور یہ خوشی بھی وہ وعدہ پورا بھی ہوگا۔ پس تو خوش بھی اور مسرور بھی؛ جب کہ میں نے رات بسر کی سوچ و بچار میں اور غم زدہ ہوکر پھر میرے لیے قدر اس کو پورا کرنے میں مانع ہوگی۔ پس قدر یہ تھی کہ تو مجھے ذلیل ہوکر ملے اور میں تجھے عزت والا ہوکر ملوں۔

https://downloadshiabooks.com/

# الائمہ ہی عروۃ الوثقیٰ ہیں

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی یوم الاثنین لخمس بقین من شعبان سنة ثلث وخمسین وثلثمائة ﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر محمد بن عبداللّٰه بن علی بن الحسین بن زید بن علی بن ابی طالب (ع) قال حدثنی ابی ﴿قال حدثنی﴾ الرضا علی بن موسیٰ عن أبیه موسیٰ بن جعفر عن أبیه جعفر بن محمد عن أبیه محمد بن علی عن أبیه علی بن الحسین عن أبیه الحسین بن علی عن أبیه امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیه السلام قال قال لی رسول اللّٰه (ص) یاعلی بکم یفتح هذا الأمر وبکم یختم علیکم بالصبر فان العاقبة للمتقین انتم حزب اللّٰه واعدائکم حزب الشیطان طوبی لمن اطاعکم وویل لمن عصاکم انتم حجة اللّٰه علی خلقه والعروة الوثقی من تمسك بها اهتدی ومن ترکها ضل اسأل اللّٰه لکم الجنة لایسبقکم احد الی طاعة اللّٰه فانتم اولی بها۔

**حدیث نمبر 9:** (بحذف اسناد)

حضرت امیرالمومنین علی علیہ السلام نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے' آپؐ نے فرمایا:

یاعلیؑ! اللہ نے اس کائنات کی ابتداء ہی تم اہلِ بیتؑ سے کی ہے اور اس کا اختتام بھی آپ اہلِ بیتؑ پر ہی ہوگا۔ پس آپ لوگوں پر صبر کرنا واجب ہے۔ اور تحقیق یہ خیرانجام متقین کے لیے ہے۔ تم لوگ اللہ کی جماعت ہو اور تمہارے دشمن شیطان کی جماعت ہیں۔ طوبیٰ اور خوش بختی ہے اس شخص کے لیے جو آپؑ کی اطاعت کرے گا۔ اور ذلیل و بدبختی ہے اُس کے لیے جو آپؑ کی نافرمانی کرے گا۔ آپ اللہ کی مخلوق پر اللہ کی حجت اور دلیل ہیں اور آپ عروۃ الوثقیٰ (اللہ کی مضبوط رسّی) ہیں' جو اس سے تمسک کرے گا وہ ہدایت

https://downloadshiabooks.com/

پا جائے گا اور جو اس کو چھوڑ دے گا وہ گمراہ ہوگا۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے آپؑ کے لیے جنت کا سوال کیا ہے اور آپؑ سے پہلے کسی نے اس کی اطاعت نہیں کی۔ آپ لوگ ہی اس کے زیادہ حق دار ہیں۔

## جب تک خود اپنے لیے واعظ نہیں بنو گے خیر وخوبی کو نہیں پا سکتے

﴿قال أخبرني﴾ احمد بن محمد بن الحسن عن أبيه عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عيسٰى عن الحسن بن محبوب عن مالك بن عطية عن ابى حمزة الثمالى قال كان على بن الحسين زين العابدين عليه السلام يقول ابن آدم انك لا تزال بخيرما كان لك واعظا من نفسك وما كانت المحاسبة لها من همك وما كان الخوف لك شعاراً والحزن لك دثاراً انك ميت ومبعوث وموقوف بين يدى الله عزوجل فاعد جوابا وصلى الله على سيدنا محمد النبى وآله وسلم تسليماً

**حدیث نمبر 10**: (بحذف اسناد)

حضرت ابوحمزہ ثمالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام علی بن حسین زین العابدین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے:

اے فرزندِ آدم! جب تک تو خود اپنے لیے واعظ نہیں بن جاتا اس وقت تک تو کوئی خیر وخوبی کو حاصل نہیں کر سکتا اور جب تک تو خود اپنا محاسبہ نہ کرے اور جب تک خوف تیرا شعار نہ بن جائے اور غم وحزن تیرے لیے لباس نہ بن جائیں۔ تو نے مرنا ہے اور اس کے بعد پھر مبعوث بھی ہونا ہے اور اللہ کی بارگاہ میں کھڑا بھی ہونا ہے اور تجھ سے سوال بھی کیے جانے ہیں، پس ان کے لیے جواب تیار کر لو۔

صلى الله على سيدنا محمد وآله وسلم وتسليما

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 13

[بروز ہفتہ ۱۹ رجب' سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوحفص عمر بن محمدالصیرفی ﴿قال حدثنا﴾ علی بن مہرویہ القزوینی ﴿قال حدثنا﴾ داؤد بن سلیمان العاری ﴿قال حدثنا﴾ الرضا علی بن موسٰی ﴿قال حدثنا﴾ ابی موسٰی ابن جعفر ﴿قال حدثنی﴾ ابی جعفر بن محمد ﴿قال حدثنی﴾ ابی علی بن الحسین ﴿قال حدثنی﴾ ابی حسین بن علی ﴿قال حدثنی﴾ ابی امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیہ السلام قال قال رسول اللّٰہ (ص) ثلاثۃ اخافھن علی امتی الضلالۃ بعد المعرفۃ ومضلات الفتن وشھوۃ الفرج والبطن-

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے' آپؐ نے فرمایا:

میں اپنی اُمت پر تین چیزوں کا خوف رکھتا ہوں:

① ہدایت کے بعد گمراہی ② فتنوں کی گمراہی ③ شکم اور شرمگاہ کی شہوت (یعنی خواہش)

https://downloadshiabooks.com/

## رمضان المبارک کی عظمت

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن یحییٰ بن سلیمان بن زیاد المروزی ﴿قال حدثنا﴾ عبیداللہ بن محمد العیسی ﴿قال حدثنا﴾ حماد بن سلمۃ عن ایوب عن ابی قلابہ عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ (ص) شہر رمضان شہر مبارک افترض اللہ صیامہ یفتح ابواب الجنان ویصفد فیہ الشیاطین فیہ لیلۃ خیر من الف شہر من حرمہا فقد حرم یردد ذٰلک ثلاث مرات۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوہریرہ نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا کہ آپؐ نے فرمایا: رمضان کا مہینہ مبارک مہینہ ہے جس کے روزوں کو اللہ تعالیٰ نے واجب قرار دیا ہے۔ اس میں جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور شیاطین کو اس ماہ میں قید کر دیا جاتا ہے اور اس میں ایک رات ہے جو ایک ہزار مہینوں سے افضل ہے۔ جس نے اس ماہ کی عزت وحرمت کا خیال رکھا اس کی عزت وحرمت کا خیال رکھا جائے گا اور آپؐ نے اس کی تین دفعہ تکرار فرمائی۔

## بُرے لوگوں کی محفل سے بچو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد عن أبیہ عن سعد بن عبد اللہ عن احمد بن ابی عبداللہ البرقی ﴿قال حدثنی﴾ بکر بن صالح الرازی عن سلیمان بن جعفر الجعفری قال سمعت ابا الحسن علیہ السلام یقول لابی مالی رأیتك عند عبدالرحمٰن بن یعقوب قال انہ خالی فقال لہ أبو الحسن علیہ السلام انہ یقول فی اللہ قولا عظیما یصف اللہ ویحدہ واللہ لا

https://downloadshiabooks.com/

یوصف فاما جلست معنا وترکته فقال ان هو یقول ماشاء ای شیئ علی منه اذا لم اقل ما یقول فقال له ابو الحسن علیه السلام اما تخاف ان ینزل به نقمة فتصیبکم جمیعا اما علمت بالذی کان من اصحاب موسیٰ وکان ابوہ من فرعون فلما لحقت خیل فرعون موسیٰ (ع) تخلف عنه لیعظه وادرکه موسیٰ وابوہ یراغمه حتیٰ بلغاطرف البحر فغرقا جمیعاً فاتی موسیٰ الخبر فقال له غرق رحمه اللّٰه ولم یکن علی رأی ابیه لکن النقمة اذا نزلت لم یکن لها عمن قارب الذنب دفاع

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

جناب سلیمان بن جعفر جعفری رحمۃ اللہ علیہ نے روایت بیان کی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوالحسن امام رضا علیہ السلام سے سنا' آپؑ نے میرے والد سے فرمایا: کیا بات ہے میں آج کل آپ کو عبدالرحمٰن بن یعقوب کے پاس دیکھتا ہوں۔ اس نے جواب میں عرض کیا اس لیے کہ وہ میرا خالو ہے۔ پس ابوالحسن علیہ السلام نے میرے والد سے فرمایا: وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں بہت عجیب باتیں کرتا ہے وہ اللہ کے وصف بیان کرتا ہے اور اُس کی حد معین کرتا ہے' حالانکہ اللہ تعالیٰ کی وصف بیان نہیں کی جاسکتی (اس سے مراد اللہ کی تعریف وحمد کرنا نہیں بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ مخلوق کے اوصاف اللہ کے لیے ثابت کرنا ہے۔ مترجم) پس بہر حال تم ہمارے ساتھ بیٹھو اور اس کو چھوڑ دو۔ پس میرے والد نے عرض کی: اگر وہ جو کچھ کہتا ہے اس کا میرے ساتھ کیا تعلق۔ پس تو ایسا نہیں کہتا۔

پس ابوالحسن علیہ السلام نے میرے والد سے فرمایا: مجھے خوف اور ڈر ہے ایسا نہ ہو کہ اس پر عذاب نازل ہو اور اس میں سب شامل ہو جائیں۔ کیا تم نہیں جانتے اس شخص کے بارے میں جو اصحابِ موسیٰؑ میں سے تھا اور اس کا باپ فرعون کے ساتھ تھا۔ پس جب

https://downloadshiabooks.com/

فرعون کا گھوڑا موسیٰؑ سے مل گیا پس وہ موسیٰؑ کا ساتھی پیچھے رہ گیا تا کہ وہ اپنے باپ کو وعظ کرے لیکن جب موسیٰؑ نے اس کو پایا تو وہ اپنے باپ سے ناراض ہو کر جدا ہو چکا تھا یہاں تک کہ وہ دریا کے کنارے تک جا چکے تھے اور فرعون کے ساتھ وہ بھی غرق ہو گیا حالانکہ وہ فرعونی نہیں تھا اور جب جنابِ موسیٰؑ کو خبر ملی تو آپؑ نے فرمایا: وہ بھی غرق ہو گیا خدا اس پر رحمت نازل فرمائے حالانکہ وہ اپنے باپ کے عقیدہ پر نہیں تھا لیکن جب عذاب نازل ہوتا ہے تو جو گناہ کے قریب ہوتا ہے وہ اس سے بچ نہیں سکتا۔

## اللہ چاہے یا علیؑ چاہے

﴿قال أخبرني﴾ ابو الحسن احمد بن محمد بن الحسن بن الوليد عن أبيه عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عيسىٰ عن الحسن ابن محبوب عن ابی جميلة عن ابان بن تغلب عن ابی عبدالله جعفر بن محمد (ع) قال بلغ رسول الله (ص) عن قوم قريش من انهم قالوا يری محمد انه قد احكم الامر فی اهل بيته ولئن مات لنعزلنها منهم ولنجعلها فی سواهم فخرج رسول الله (ص) حتیٰ قام فی مجمعهم ثم قال يامعشر قريش كيف بكم وقد كفرتم بعدی ثم رأيتمونی فی كتيبة من اصحابی اضرب وجوهكم ورقابكم بالسيف فنزل جبرئيل (ع) فی الحال فقال يامحمد ان ربك يقرئك بالسلام ويقول لك قل ان شاء الله او علی بن ابی طالب عليه السلام فقال رسول الله (ص) ان شاء الله او علی بن ابی طالب (ع) يتولی ذلك منكم۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے بیان فرمایا ہے کہ حضرت

https://downloadshiabooks.com/

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر ملی کہ قریش کے بعض لوگ (منافق) یہ کہتے ہیں کہ کیا دیکھ رہے ہو کہ محمدؐ کس طرح امرِ خلافت کو اپنے اہلِ بیتؑ کے لیے محکم کر رہے ہیں اور اگر یہ مر گئے تو ہم ضرور اس امر کو ان سے جدا کریں گے اور ان کے غیر کو ہم حاکم اور خلیفہ قرار دیں گے۔ پس رسولؐ خدا اپنے گھر سے نکلے اور لوگوں کے مجمعے میں کھڑے ہوئے اور فرمایا:

اے گروہِ قریش! تم کو کیا ہوگیا ہے کہ تم میرے بعد دوبارہ کافر ہونا چاہتے ہو اور میں تم کو دیکھ رہا ہوں کہ تم میرے اصحاب میں ایک چھوٹا سا گروہ ہو۔ میں تمہارے چہروں اور تمہاری گردنوں کو تلوار سے ماروں گا۔ پس اسی وقت حضرت جبرائیلؑ نازل ہوئے اور عرض کی: اے محمدؐ! آپ کا رب آپ کو سلام کہہ رہا ہے اور کہہ رہا ہے کہ اے رسولؐ ساتھ میں یہ بھی کہو۔ اگر اللہ یا علی ابن ابی طالب چاہے۔ پس رسولؐ خدا نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ یا علی ابن ابی طالبؑ چاہیں تو اس کو تم سے روک سکتے ہیں۔

## علی علیہ السلام کی اطاعت رسولِؐ خدا کی اطاعت ہے

﴿قال أخبرنی﴾ محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر احمد بن عیسٰی المکی ﴿قال حدثنا﴾ عبداللّٰه بن حنبل ﴿قال حدثنا﴾ عبدالرحمٰن بن صالح ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن سعد الانصاری عن عمر بن عبداللّٰه بن یعلی بن مرة عن أبیه عن جده یعلی بن مرة قال سمعت رسول اللّٰه (ص) یقول لعلی بن ابی طالب علیه السلام یاعلی انت ولی الناس بعدی فمن اطاعك فقد اطاعنی ومن عصاك فقد عصانی۔

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا:

https://downloadshiabooks.com/

یا علیؑ! میرے بعد لوگوں کے ولی و حاکم آپؑ ہیں۔ پس جس نے آپؑ کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے آپؑ کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

## سب روحوں سے پہلے روحِ علیؑ نے مجھے سلام کیا

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو عبداللہ محمد بن القاسم المحاربی ﴿قال حدثنا﴾ اسماعیل بن اسحاق الراشدی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحارث ﴿قال حدثنا﴾ ابراھیم بن محمد بن مسلم الاعور عن حبة العرنی عن ابی الھیثم بن التیھان الانصاری قال قال رسول اللہ (ص) ان اللہ عزوجل خلق الارواح قبل الاجسام بالفی عام وعلقھا بالعرش وامرھا بالتسلیم علی والطاعة لی وکان اوّل من سلم علی واطاعنی من الرجال روح علی بن ابی طالب علیہ السلام ۔

**حدیث نمبر 6:** (بحذف اسناد)

ابوہثیم بن تیہان انصاری رحمۃ اللہ علیہ نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے آپؐ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے روحوں کو جسموں سے دو ہزار سال پہلے خلق فرمایا تھا اور ان کو آسمان پر اپنے عرش کے ساتھ معلق فرما دیا اور ان سب کو مجھے سلام کرنے اور میری اطاعت کا حکم فرمایا۔ پس مردوں کی ارواح میں سے سب سے پہلے مجھے جس نے سلام کیا اور میری اطاعت کی وہ علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی روح تھی۔

## شوریٰ اور مقداد بن اسود کندی رحمۃ اللہ علیہ

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن بلال المھلبی ﴿قال حدثنا﴾ علی ابن عبداللہ الاصفھانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراھیم بن محمد الثقفی ﴿قال

https://downloadshiabooks.com/

حدثنا﴾ یوسف بن سعید الارجی ﴿قال حدثنا﴾ عبیداللہ بن موسٰی العبسی عن کامل عن حبیب بن ابی ثابت قال لما حضر القوم الدار للشوریٰ جاء المقداد بن الاسود الکندی رحمہ اللّٰہ فقال ادخلونی معکم فان اللّٰہ عندی نصحا ولی بکم خیر فابوا فقال ادخلوا راسی واسمعوا منی فابوا علیہ ذٰلک فقال اما اذا ابیتم فلا تبایعوا رجلالم یشھد بدراً ولم یبایع بیعۃ الرضوان وانـھزم یوم احد ویوم التقی الجمعان فقال عثمان اما واللّٰہ لئن ولیتہا لاردنک الی ربک الاوّل فلما نزل بالمقداد الموت قال اخبروا عثمان انی قد رددت الی ربی الاوّل والآخر فلما بلغ عثمان موتہ جاء حتٰی وقف علی قبرہ فقال رحمک اللّٰہ ان کنت وان کنت یثنی علیہ خیراً فقال لہ الزبیر

لا عرفنک بعد الموت تندبنی وفی حیاتی ما زودتنی زادی

فقال یا زبیر اترانی احب ان یموت مثل ھذا من اصحاب محمد (ص) وھو علی ساخط –

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

جناب حبیب بن ابو ثابت رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ جب قوم شوریٰ والے گھر میں جمع ہوئی۔ مقداد بن اسود کندی رحمۃ اللہ علیہ بھی تشریف لائے۔ اپنے ساتھ مجھے بھی داخل ہونے دیا جائے میں اللہ کی خاطر تم لوگوں کو نصیحت کرنا چاہتا ہوں اور میرے پاس آپ لوگوں کے لیے خیر و بھلائی ہے۔ پس انہوں نے انکار کر دیا۔ پھر آپ نے فرمایا: اچھا صرف مجھے اپنا سر اندر داخل کرنے دو تا کہ وہ میری بات کو سن لیں۔ پھر بھی انہوں نے انکار کر دیا۔ پھر آپ نے فرمایا: یہ جو گھر میں موجود ہیں تم ایسے شخص کی بیعت نہ کرنا جو بدر میں نہیں تھا جس نے بیعت رضوان نہیں کی اور جو اُحد کے دن دو لشکروں کے ملنے والے دن فرار کر گیا تھا۔ پس عثمان نے کہا: آگاہ ہو جاؤ اللہ کی قسم! اگر تم میرے سپرد کر دو تو میں

https://downloadshiabooks.com/

تم کو ضرور بر ضرور رب کی طرف پہلے پلٹا دوں گا۔ پس جب جناب مقدادؓ کی موت کا وقت قریب آیا تو آپ نے فرمایا: اے لوگو! عثمان کو خبر دینا۔ کہ میں اپنے اوّل و آخر کے رب کی طرف پلٹ گیا ہوں۔ جب حضرت عثمان کو آپ کی وفات کی خبر ملی وہ آئے اور آپ کی قبر پر کھڑے ہو کر کہا: اللہ تمہارے اُوپر رحمت نازل کرے، اگر تم اس کے اہل ہو اگرچہ اس کی خیر کے ساتھ تعریف کی جاتی ہے۔ پس زبیر نے حضرت عثمان سے کہا:

لا عرفنك بعد الموت تندبني

وفي حياتي ما زودتني زادي

''میں جانتا ہوں کہ تو میری موت کے بعد مجھ پر گریہ نہیں کرے گا

کیونکہ تو میری زندگی میں میرے لیے حصّہ کو زیادہ نہیں کر رہا''۔

پس حضرت عثمان نے کہا: اے زبیر! کیا تو دیکھ رہا ہے کہ میں محمدؐ کے اس صحابی کی موت مرنا پسند کرتا ہوں جو مجھ پر ناراض ہو کر گیا ہے۔

## میرے اہلِ بیتؑ کی دوستی کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں ہوگا

﴿قال أخبرني﴾ ابو القاسم جعفر بن محمد عن أبيه عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسى عن الحسن بن محبوب عن هشام عن مرازم عن الصادق جعفر بن محمد (ص) قال قال رسول الله (ص) ما بال اقوام من امتي اذا ذكر عندهم ابراهيم وآل ابراهيم استبشرت قلوبهم وتهللت وجوههم واذا ذكرت واهل بيتي اشمأزت قلوبهم وكلحت وجوههم والذي بعثني بالحق نبيا لو ان رجلا لقي الله بعمل سبعين نبيا ثم لا يأت بولاية ولي الأمر من اهل البيت ما قبل الله منه صرفا ولا عدلا۔

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

https://downloadshiabooks.com/

حضرت امام صادق جعفر بن محمد علیہ السلام نے فرمایا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیا ہو گیا ہے میری اُمت کے لوگوں کو جب ان کے سامنے ابراہیمؑ اور ان کی آل کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل خوش ہوتے ہیں اور ان کے چہرے باغ باغ ہو جاتے ہیں اور جب ان کے سامنے میرا اور میری اہلِ بیت علیہم السلام کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل جل کر کوئلہ ہو جاتے ہیں اور ان کے چہروں پر تیوری چڑھی ہوتی ہے۔ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے برحق نبی بنا کر مبعوث فرمایا ہے کہ کوئی بندہ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہو اور اس نے ۷۰ نبیوں کے برابر اعمالِ خیر انجام دیئے ہوں پھر اس کے پاس میرے اہلِ بیتؑ میں سے کسی ولی امر کی ولایت نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کا کوئی عمل قبول نہیں کرے گا اور کسی کا کوئی بدلہ نہیں دے گا۔

## زید بن علی بن حسین علیہم السلام کی روایت

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ علی ابن عبدالله الاصفهانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال أخبرنی﴾ محمد بن علی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن هراشة ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن زیاد الأحمر عن زید بن علی بن الحسین (ع) قال قرء (واما الجدار فکان لیتیمین فی المدینة وکان تحته کنزلهما وکان ابوهما صالحا فاراد ربك ان یبلغا اشدهما ویستخرجا کنزهما) ثم قال حفظهما ربهما لصلاح ابیها فمن اولی بحسن الحفظ منا رسول الله (ص) جدنا وابنته سیدة نساء الجنة امنا واوّل من آمن بالله وحده وصلی ابونا۔

حدیث نمبر 9: (بحذف اسناد)

https://downloadshiabooks.com/

جناب جعفر بن زیاد الاحمر رحمۃ اللہ علیہ نے جناب زید بن علی بن حسین علیہما السلام سے روایت کی کہ آپؑ نے قرآن کی اس آیت کی تلاوت کی:

واما الجدار فكان ليتيمين فى المدينة وكان تحته كنزلهما وكان ابوهما صالحا فاراد ربك ان يبلغا اشدهما ويستخرجا كنزهما

''بہر حال یہ دیوار اس کے نیچے دو یتیم بچوں کے لیے خزانہ ہے اور ان دونوں کا باپ صالح و نیک تھا۔ پس تیرے رب کا ارادہ ہے کہ یہ دونوں بالغ ہو جائیں اور وہ اس خزانے کو نکال لیں''۔

پھر آپؑ نے فرمایا: ان کے رب نے ان دونوں کی ان کے باپ کی نیکی کی وجہ سے حفاظت فرمائی۔ پس ہم سے زیادہ بہتر محافظ کون ہوسکتا ہے جب رسولؐ خدا ہمارے نانا اور ان کی پاک طاہرہ بیٹی ہماری ماں جو تمام جنت کی عورتوں کی سردار ہیں۔ پہلا شخص جو اللہ کی توحید پر ایمان لایا اور نماز ادا کی وہ ہمارے باپ ہیں۔

## بادشاہوں کی حالت

﴿قال أخبرنى﴾ ابوالحسن على بن مالك النحوى ﴿قال حدثنا﴾ محمد ابن الفضل ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن احمد بن ابراهيم الكاتب ﴿قال حدثنا﴾ يموت بن المزارع ﴿قال حدثنا﴾ عيسى بن اسماعيل عن الاصمعى قال سمت اعرابياً وذكر السلطان فقال لان غروا بالظلم فى الدنيا ليذلن بالعدل فى الآخرة رضوا بقليل من كثير وبيسير من خطير وانما يلقون العدم حين لا ينفع الندم- قال وانشدنى ابوالحسن لأبى العتاهية-

سبحان ذى الملكوت انه ليلة    محصت بوجه صباح يوم الموقف

https://downloadshiabooks.com/

ان نفساً وهمتها نفسها ما فی المعاد مصور لم یطرف

کتب الفناء علی البریة ربها والناس بین مقدم ومخلف

وصلی اللہ علی سیدنا محمد النبی وآلہ وسلم

**حدیث نمبر 10: (بحذف اسناد)**

جناب اصمعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میں نے ایک اعرابی سے سنا ہے جو بادشاہوں کا ذکر کر رہا تھا۔ میں نے کہا: تحقیق یہ بادشاہ دنیا میں اپنے ظلم کی وجہ سے عزت دار اور شریف بنے ہوئے ہیں' آخرت کے دن ان کو عدل ذلیل و رسوا کرے گا۔ یہ کثیر کے بجائے قلیل پر راضی ہو چکے ہیں (یعنی آخرت کے بجائے دنیا پر راضی ہو چکے ہیں) اور یہ بہت بڑے خطرے میں ہیں' سوائے اس کے کہ یہ اُس وقت ندامت سے ملاقات کریں گے' جب ندامت ان کو کوئی فائدہ نہیں دے سکے گی۔ اور کہا کہ میرے والد عتاہیہ کے لیے ابوالحسنؑ نے یہ اشعار پڑھے تھے:

سبحان ذی الملکوت انہ لیلة محصت بوجہ صباح یوم الموقف

لو ان نفساً وهمتها نفسها ما فی المعاد مصور لم یطرف

کتب الفناء علی البریة ربها والناس بین مقدم ومخلف

① صاحب ملک وملکوت منزہ و پاک ہے تحقیق یہ رات اس کے چہرے کے نور سے قیامت کے دن چمک اٹھے گا۔

② اگر ہر نفس کی ہمت اس کا اپنا نفس ہوگا تو قیامت کے دن کوئی مصور نہیں ہوگا کہ وہ آنکھیں پھیر لے گا۔

③ اس دنیا کے رب نے اس کے لیے فنا و نابود ہونا لازم قرار دیا ہے۔ اور لوگ اس کے سامنے ہیں اور اس کے فرمان کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔

⊙⊙⊙

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 14

[بروز ہفتہ ۲۶ رجب سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## واجب کے بعد دعا مستجاب ہوتی ہے

حدثنا الشیخ المفید ابوعبداللہ محمد بن محمد بن النعمان ادام اللہ تأییدہ ﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ الرضا علی بن موسیٰ علیہ السلام ﴿قال حدثنی﴾ ابی العبد الصالح موسیٰ بن جعفر ﴿قال حدثنی﴾ ابی الصادق جعفر بن محمد ﴿قال حدثنی﴾ ابی الباقر محمد بن علی ﴿قال حدثنی﴾ ابی زین العابدین علی بن الحسین ﴿قال حدثنی﴾ ابی الحسین ابن علی الشہید ﴿قال حدثنی﴾ ابی امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیہ السلام قال قال رسول اللہ(ص) من أدی فریضۃ فلہ عند اللہ دعوۃ مستجابۃ۔

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا: حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''جو شخص فریضہ (واجب) کو ادا کرے گا' اُس کے لیے بارگاہِ خدا میں ایک دعا ہے جو مستجاب وقبول ہوگی''۔

https://downloadshiabooks.com/

## ایک شخص کا قنبرؒ کو گالیاں دینا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن محمد بن المظفر البزاز ﴿قال حدثنا﴾ ابوالقاسم عبدالملك بن علی الدهان ﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن علی بن الحسن عن الحسن بن بشير عن اسد بن سعيد عن جابر قال سمع امير المؤمنين عليه السلام رجلا يشتم قنبراً وقد رام قنبر ان يرد عليه فناداه امير المؤمنين عليه السلام مهلاً ياقنبر دع شاتمك مهانا ترضی الرحمٰن وتسخط الشيطان وتعاقب عدوك فوالذی فلق الحبة وبرء النسمة ما ارضی المؤمن ربه بمثل الحلم ولا اسخط الشيطان بمثل الصمت ولا عوقب الأحمق بمثل السكوت عنه -

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب جابر رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے: حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص قنبر رحمتہ اللہ علیہ کو گالیاں دے رہا تھا اور قنبرؒ بھی ارادہ کر رہے تھے کہ اس کی گالیوں کا جواب دیں۔ پس جناب امیرالمومنینؑ نے آواز دی: اے قنبرؒ! اس گالیاں دینے والے کو دفع کرو، رحمٰن کو خوش کرو، شیطان کو ناراحت کرو اور اپنے دشمن کو سزا دو۔ پس مجھے قسم ہے اس ذات کی جس نے دانے کو شگافتہ کیا اور ننھا سا پودا نکالا۔ حلم کی مثل کوئی چیز اللہ تعالیٰ کو راضی نہیں کر سکتی اور خاموشی سے زیادہ کوئی چیز شیطان کو ناراحت نہیں کر سکتی اور سکوت سے زیادہ کوئی چیز احمق کو سزا نہیں دے سکتی۔

## جناب علی علیہ السلام کا بازارِ بصرہ میں وعظ کرنا

﴿قال أخبرنی﴾ ابونصر محمد بن الحسين النصير المنری ﴿قال حدثنا﴾ ابونصر المخزومی عن الحسن بن ابی الحسن البصری قال لما قدم علينا اميرالمؤمنين علی بن ابی طالب عليه السلام البصرة مربی وانا

https://downloadshiabooks.com/

اتوضأ فقال یاغلام احسن وضوئك یحسن الله الیك ثم جازنی فاقبلت اقفوا اثره فحانت منه التفاته فنظر الی فقال یاغلام ألك حاجة قلت نعم علمنی كلاما ینفعنی الله به فقال یا غلام من صدق الله نجا ومن اشفق علی دینه سلم من الردی ومن زهد فی الدنیا قرت عینه بما یری من ثواب الله عزوجل ولا ازیدك یا غلام قلت بلی یا امیرالمؤمنین قال من كنه فیه ثلاث خصال سلمت له الدنیا والآخرة من أمر بالمعروف وأتمر به ونهی عن المنكر وانتهی عنه وحافظ حدود الله یاغلام ایسرك ان تلقی الله یوم القیمة وهو عنك راض قلت نعم یا امیرالمؤمنین قال كن فی الدنیا زاهداً وفی الآخرة راغبا وعلیك بالصدق فی جمیع امورك فان الله یعبدك وجمیع خلقه بالصدق ثم مشی حتی دخل سوق البصرة فنظر الی الناس یبیعون ویشترون فبكی علیه السلام بكاء شدیداً ثم قال یا عبید الدنیا وعمال اهلها اذا كنتم بالنهار تحلفون وبالليل فی تناموں وفی خلال ذلك عن الآخرة تغفلون فمتی تحرزون الزاد وتفكرون فی المعاد ، فقال له رجل یا امیر المؤمنین انه لا بدلنا من المعاش فكیف تصنع فقال امیر المؤمنین (ع) ان طلب المعاش من حله لا یشغل عن عمل الآخرة فان قلت لابدلنا من الاحتكار لم تكن معذوراً فولی الرجل باكیا فقال له امیرالمؤمنین (ع) اقبل علی زادك بیانا فعاد الرجل الیه فقال له اعلم یاعبد الله ان كل عامل فی الدنیا للاخرة لابد ان یوفی اجر عمله فی الآخرة وكل عامل دیناً للدنیا عمالته فی الآخرة نار جهنم ثم تلا امیرالمؤمنین (ع) قوله تعالی (فاما من طغی واثر الحیاة الدنیا فان الجحیم هی المأوی)

**حدیث نمبر 3:(بحذف اسناد)**

https://downloadshiabooks.com/

جناب حسن بن ابوالحسن بصری نے بیان کیا ہے کہ بصرہ میں امیرالمومنین علی علیہ السلام ہماری طرف آئے اور میرے قریب سے گزرے۔ میں اس وقت وضو کر رہا تھا۔ پس آپؑ نے فرمایا: اے نوجوان! وضو کو اَحسن انداز میں انجام دو' تا کہ اللہ تعالیٰ تیرے ساتھ احسان فرمائے۔ پھر میرے قریب سے گزر گئے۔ پس میں آپ کے پیچھے چلنے لگا۔ جب آپؑ نے میرے آنے کی آہٹ محسوس فرمائی تو آپؑ رک گئے اور میری طرف دیکھ کر فرمایا: اے نوجوان! کیا تجھے میرے ساتھ کوئی کام ہے؟ میں نے عرض کیا: ہاں مولاؑ! آپؑ مجھے کوئی ایسی چیز کی تعلیم دیں' جس کو میرا اللہ میرے لیے فائدہ مند قرار دے۔ پس آپؑ نے فرمایا: جو سچ بولتا ہے وہ کامیاب ہے اور جو اپنے دین پر مہربان ہوگا وہ ہلاکت سے محفوظ رہے گا اور جو دنیا میں زہد کو اپنا وطیرہ بنائے گا قیامت کے دن اللہ کی طرف سے ثواب کو دیکھنے سے اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی۔ پھر آپؑ نے فرمایا: اے نوجوان اور اضافہ کروں۔ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں' اے امیرالمومنینؑ! آپؑ نے فرمایا: جس شخص میں تین اوصاف پائے جائیں گے اس کی دنیا اور آخرت دونوں سالم و محفوظ ہوں گی:

① نیکی کا حکم دینا' پس تم بھی نیکی کا حکم دیا کرو۔

② بُرائی سے روکنا تو بھی اس سے روکو۔

③ اللہ کی قائم کردہ حدود کی حفاظت کرنا۔

اے نوجوان! کیا تو خوش ہے کہ اللہ سے تیری ملاقات ہو اور اللہ تعالیٰ تجھ سے راضی ہو؟ میں نے عرض کیا: ہاں' امیرالمومنینؑ! میں یہ چاہتا ہوں۔ آپؑ نے فرمایا: دنیا میں زاہد بن جاؤ اور آخرت کی طرف رغبت کرو۔ اپنے تمام اُمور میں سچ کو اپنے لیے لازم قرار دو' کیونکہ اللہ تعالیٰ آپ کی اور تمام مخلوق کی عبادت کو سچ کے ساتھ قبول کرے گا۔ پھر آپ چلتے چلتے بصرہ کے بازار میں تشریف لے گئے۔ آپؑ نے لوگوں کو دیکھا جو خرید و فروخت میں مصروف تھے۔ آپؑ نے وہاں بہت سخت گریہ فرمایا اور اس کے بعد فرمایا: اے دنیا کے

https://downloadshiabooks.com/

غلامو! اور اُس کے نوکرو! سارا دن تم قسمیں کھاتے ہو۔ ساری رات تم سو کر گزار دیتے ہو۔ اس کے دوران تم آخرت سے غافل ہو۔ تم آخرت کے لیے زادِ راہ کب حاصل کرو گے اور آخرت و قیامت کے لیے کب فکر کرو گے۔

پس ایک شخص نے آپ کی خدمت میں عرض کیا: اے امیرالمومنینؑ ! زندگی کی معاش کے لیے اس کی ضرورت ہے۔ پھر ہم ان کے بارے میں کیا کریں (یعنی جو آپ فرما رہے ہیں اس کے بارے میں ہم کب اور کیسے عمل کریں) پس امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا: رزق حلال کمانا ہمیں آخرت سے غافل نہیں کر سکتا۔ پس جو کچھ تو نے کہا ہے وہی میں کہتا ہوں۔ ہمارے لیے سودا مہنگا فروخت کرنا ضروری ہے تو اس پر آپ سے عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔ پس وہ بندہ روتا ہوا واپس چلا گیا۔

امیرالمومنین علیہ السلام نے اس سے فرمایا: اے شخص واپس آؤ تاکہ میں تمہارے لیے آخرت کے اعمال کی تاکید کروں۔ پس وہ واپس آیا۔ آپؑ نے فرمایا: اے بندۂ خدا! مان لو ہر وہ شخص جو اس دنیا میں آخرت کے لیے کام کرنے والا ہے ضروری ہے کہ آخرت میں اس کے اس عمل کا پورا پورا اجر اس کو دیا جائے اور جو اس دنیا میں دنیا کی خاطر کام کرنے والا ہے آخرت میں اس کی سزا جہنم کی آگ ہے۔ پھر امیرالمومنین علیہ السلام نے اس آیت کی تلاوت فرمائی:

فاما من طغی واثر الحیاۃ الدنیا فان الجحیم ھی المأوی

''بہرحال جس شخص نے سرکشی کی ہوگی اور دنیاوی زندگی کو ترجیح دی ہوگی اُس کا ٹھکانا جہنم ہوگا''۔

## جو علی علیہ السلام پر لعنت کرے گا وہ جہنم میں جائے گا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبیداللّٰہ محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسین الجوھری ﴿قال حدثنا﴾ ھرون بن عبیداللّٰہ

https://downloadshiabooks.com/

المقری قال حدثنا عثمان بن سعید ﴿قال حدثنا﴾ ابویحییٰ التمیمی عن کبیر عن ابی مریم الخولانی عن مالک بن ضمرة قال سمعت علیا (ع) یقول انکم معرضون علی لعنی ودعای کذابا فمن لعننی کارها مکرها یعلم اللّٰہ انه کان مکرها وردت انا وهو علی محمد (ع) معا ومن امسك اللّٰہ لسانه فلم یلعنی سبقنی کرمیة سهم اولمحة بالبصر ومن لعننی منشرحا صدره بلعنی فلا حجاب بینه وبین اللّٰہ ولا حجة له عند محمد (ص) الا ان محمداً (ص) اخذ بیدی یوما فقال من بایع هؤلاء الخمس ثم مات وهو یحبك فقد قضی نحبه ومن مات وهو یبغضك مات میتة جاهلیة یحاسب بما عمل فی الاسلام وان عاش بعدك وهو یحبك۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

جناب مالک بن ضمرہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے علی علیہ السلام سے سنا' وہ فرما رہے تھے: اے لوگو! عنقریب تمہیں میرے اوپر لعنت کرنے پر اور میرے خلاف جھوٹ بولنے پر مجبور کیا جائے گا۔ پس جو بندہ حالت جبری اور مجبوری میں مجھ پر لعنت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی مجبوری کو جانتا ہوگا۔ میں اور وہ دونوں اکٹھے سیدالانبیاءؑ کے پاس ہوں گے اور جس بندے کی زبان رب روک لے گا اور وہ حالت مجبوری میں بھی مجھ پر لعنت نہیں کرے گا وہ عزت و کرامت میں ایک درجہ ہم سے آگے ہوگا' خواہ وہ ایک آنکھ جھپکنے کے برابر کیوں نہ ہو اور جو بندہ مجھ پر لعنت کرے گا اس حالت میں کہ اس کا سینہ مجھ پر لعنت کرنے سے خوش ہوگا پس اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی حجاب نہیں ہوگا۔ سیدالانبیاءؑ کے پاس اس کے لیے کوئی حجت نہیں ہوگی۔ آگاہ ہو جاؤ تحقیق محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا:

''جو شخص ان پانچ کی بیعت کرے گا پھر وہ آپ سے محبت کرتے ہوئے مرجائے

https://downloadshiabooks.com/

گا وہ کامیابی کی موت مر رہا ہے اور جو شخص آپ کے ساتھ بغض رکھتے ہوئے مرے گا وہ جہالت کی موت مرا ہے' جو کچھ اس نے اسلام میں عمل کیا ہے اس کا قیامت کے دن حساب ہوگا۔ اگرچہ وہ تیرے بعد زندہ رہے اور تجھ سے محبت کرتا رہے"۔

(یعنی اگر وہ زندگی میں آپؑ کے ساتھ محبت کرتا تھا لیکن اس کی موت آپؑ کے بغض کے ساتھ ہوئی ہو تب بھی اس کے اعمال کا حساب ہوگا۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے حقیقی شیعوں کے اعمال کا حساب نہیں ہوگا وہ بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے۔ مترجم)

## حضرت عثمان کا حضرت ابوذر کو جلاوطن کرنا

﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ علی بن عبدالله الاسدی الاصفهانی ﴿قال حدثنا﴾ ابواسحاق ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال أخبرنا﴾ محمد بن علی ﴿قال حدثنا﴾ الحسین بن سفیان عن أبیه عن ابی جهضم الازدی عن أبیه وکان من اهل الشام قال لما سیر عثمان اباذر من المدینة الی الشام کان یقص علینا فیحمد الله فیشهد شهادة الحق ویصلی علی النبی (ص) ویقول امابعد فانا کنا فی جاهلیتنا قبل ان ینزل علینا الکتاب ویبعث فینا الرسول ونحن نوفی بالعهد ونصدق بالحدیث ونحسن الجوار ونقری الضیف ونواسی الفقیر فلما بعث الله فینا رسول الله (ص)وانزل علینا کتابه کانت تلك الاخلاق یرضاها الله ورسوله وکان احق بها اهل الاسلام واولی ان یحفظوها فلبثوا بذلك ماشاء الله ان یلبثوا ثم ان الولاة قد احدثوا اعمالا قباحا وما نعرفها من سنة تطفی وبدعة تحیی وقائل بحق مکذب واثرة لغیر تقی وامین مستأثر علیه من الصالحین اللّهم ان کان ما عندك خیراً لی فقبضنی الیك

https://downloadshiabooks.com/

غير مبدل ولامغير وكان يعيد هذا الكلام ويبديه فانى خبيب بن سلمة معوية بن ابى سفيان فقال انا اباذر يفسد عليك الناس بقول كيت وكيت فكتب معوية الى عثمان بذلك فكتب عثمان اخرجه الى فلما صار الى المدينة نفاه الى الربذة۔

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

ابوجہرم ازدی نے اپنے والد سے روایت کی ہے جو اہلِ شام سے تھا' وہ کہتا ہے جب حضرت عثمان نے حضرت ابوذرؓ کو مدینہ سے شام کی طرف جلاوطن کیا تو وہ ہمیں بیان کرتے ہیں پس انہوں نے اللہ کی حمد کی اور حق کی گواہی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام پڑھا اور اس کے بعد فرمایا:

جب ہم جاہلیت میں تھے ابھی ہم پر کتاب نازل نہیں ہوئی تھی ہمارے درمیان رسول مبعوث نہیں ہوئے تھے تو ہم وعدوں کو وفا کرتے تھے' سچ بولتے تھے' ہمسایوں سے نیک سلوک کیا کرتے تھے' مہمان نوازی کیا کرتے تھے' فقیروں کی دادرسی کیا کرتے تھے پس جب اللہ نے ہم میں رسول کو مبعوث فرمایا اور ہم پر کتاب کو نازل فرمایا تو یہ اخلاق جو اللہ اور اس کے رسول کی خوشنودی کا باعث ہیں یہ اہلِ اسلام ان کے ساتھ زیادہ حق رکھتے تھے اور سزاوار ہے کہ ان اخلاق کی زیادہ حفاظت کریں اور جتنا ہو سکے انھیں اپناتے تھے۔ پھر ان حاکموں نے ایسے اعمالِ قبیح کو ایجاد کیا ہے' جن کے بارے میں ہم نہیں جانتے کہ وہ سنت میں سرکشی ہے یا بدعت کو ایجاد کر رہے ہیں اور وہ حق پر جھوٹ بول رہے ہیں اور وہ غیر متقی کی پیروی کر رہے ہیں اور اس امانت کو نیک وصالحین کے بجائے اپنے لیے مخصوص کرلیا ہے۔ اے میرے اللہ! تیری بارگاہ میں میرے لیے کوئی خیر ہے تو مجھے اپنی بارگاہ میں بلالے بغیر کسی تبدیلی کے آپ اکثر اس کلام کی تکرار فرمایا کرتے تھے۔

حبیب ابن سلمہ' معاویہ بن ابی سفیان کے پاس آیا اور کہا کہ ابوذرؓ لوگوں کو تیرے

https://downloadshiabooks.com/

خلاف بھڑکا رہا ہے وہ لوگوں کو اس طرح کہہ رہا ہے: معاویہ نے حضرت عثمان کی طرف سب کچھ ان کے بارے میں لکھ دیا۔ جواب میں حضرت عثمان نے لکھا کہ اس کو میری طرف روانہ کردو۔ جب آپ مدینہ پہنچے تو اس نے آپ کو ربذہ کی طرف جلاوطن کردیا۔

## لوگ اپنے آپ کو ہدایت قرار دیتے ہیں حالانکہ یہ جھوٹ وافتراء ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن ﴿قال حدثنی﴾ ابی عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عیسی عن الحسن بن محبوب ﴿قال حدثنی﴾ یحیٰی بن عبدالله بن الحسن قال سمعت جعفر بن محمد (ع) یقول وعنده اناس من اهل الکوفة عجبا للناس یقولون اخذوا علمهم کله عن رسول الله (ص) فعملوا به واهتدوا ویرون انا اهل البیت لم نأخذ علمه ولم نهتد به ونحن اهل وذریته فی منازلنا انزل الوحی ومن عندنا خرج الی الناس العلم افتراهم علموا واهتدوا وجهلنا وضللنا ان هذا محال –

**حدیث نمبر 6:** (بحذف اسناد)

جناب یحیٰی بن عبداللہ بن حسن نے روایت بیان کی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا ہے' آپؑ کے پاس اہلِ کوفہ سے ایک جماعت موجود تھی۔ آپؑ نے فرمایا: مجھے تعجب ہے ان لوگوں پر جو یہ کہتے ہیں کہ ہم نے سارا علم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لیا ہے۔ ہم اس پر عمل کرتے ہیں لہٰذا ہم ہدایت یافتہ ہیں اور ان کا عقیدہ وگمان یہ ہے کہ ہم اہلِ بیت نبی اکرمؐ سے علم حاصل نہیں کرتے اور ہم علم نبیؐ کے ساتھ ہدایت یافتہ نہیں ہیں' حالانکہ ہم آپؐ کے اہلِ بیتؑ ہیں اور آپ کی ذریت ہیں۔ ہمارے گھر میں قرآن نازل ہوا اور رسولِ اکرمؐ کا علم ہمارے ہی ذریعے

https://downloadshiabooks.com/

لوگوں تک پہنچتا ہے۔ یہ لوگ کتنا افتراء وجھوٹ بولتے ہیں جو اپنے آپ کو عمل کرنے والا اور ہدایت یافتہ قرار دیتے ہیں اور ہمیں گمراہ قرار دیتے ہیں حالانکہ یہ محال اور غیر ممکن ہے۔

○

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن مالك النحوی ﴿قال حدثنی﴾ محمد ابن الفضل الكاتب قال حدثنا عیسیٰ بن حمید قال سمعت ابا عبدالله الربعی یقول حدثنا الاصمعی قال دخلت البصرة فبینما امشی بشارعها اذ بصرت بجاریة احسن وجهاً واذا كالشن البالی فلم أزل اتبعها واحبس نفسی عنها حتیٰ انتهت الی المقابر الی قبر فجلست عنده ثم انشأت تقول بصوت ما یكاد یبین هذا والله هو المسكن لامابه نعز انفسا هذا والله هو المفرق بین الاحساب والمقرب من الحساب وبه عرفان الرحمة من العذاب بابه فسح لك فی قبرك وتغمدك بما تغمد به نبیك اما انی لا اقول خلاف ما اعلم كان علمی بك جواداً واذا اتیت اتیت وساداً واذا اعتمدت وجدت عماداً ثم قالت:

یالیت شعری كیف غیرك البلا ام كیف صار جمال وجهك فی الثری
لله درك ای كهل غیبوا تحت الجنادل لاتحس ولا تری
لباً وحلما بعد حزم زانه بأس وجود حین یطرق للقری
لما نقلت الی المقابر والبلی دنت الهموم فغاب عن عینی الكری

وصلی الله علی محمد وآله الطاهرین وسلم تسلیماً

حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)

جناب اصمعی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں بصرہ کی ایک سڑک پر چل رہا تھا۔ اچانک میں نے ایک خوبصورت کنیز کو دیکھا۔ وہ اتنی خوبصورت تھی کہ اپنے

https://downloadshiabooks.com/

آپ پر قابو نہ رکھ سکا اور اس کے پیچھے پیچھے چل پڑا۔لیکن میں نے اپنے آپ کو اس سے دور رکھا' یہاں تک وہ قبرستان سے چلی گئی اور وہاں ایک قبر کے قریب جا کر بیٹھ گئی۔ پھر اس نے اشعار پڑھنے شروع کیے اور اس نے گریہ و بکا کرنا شروع کیا کہ میں بھی اپنے نفس پر قابو نہ رکھ سکا۔ وہ اپنے قریبی اعزہ سے جدا ہو چکی تھی اور وہ حساب کے قریب تھے۔ وہ رحمت کو عذاب سے عرفان رکھتی تھی اور وہ کہہ رہی تھی: اے میرے بابا! آپ قبر میں جا چکے ہیں اور قبر میں اس طرح چھپ گئے ہیں جس طرح تیرا نبی چھپ گیا ہے لیکن میں اپنے علم کے خلاف کچھ نہیں کہوں گی کیونکہ میں جانتی ہوں کہ تو جواد و سخی ہے اور جب تو آئے گا تو سردار بن کر آئے گا اور جب تو اعتماد کرے گا تو ایک ستون پائے گا۔ پھر اس نے یہ اشعار پڑھے:

یالیت شعری کیف غیرك البلا ام کیف صار جمال وجهك فی الثری

للّٰہ درك ای کھل غیبوا تحت الجنادل لاتحس ولا تری

لباً وحلما بعد حزم زانه بأس وجود حین یطرق للقری

لما نقلت الی المقابر والبلی دنت الهموم فغاب عن عینی الکری

وصلی اللّٰه علی محمد و آله الطاهرین وسلم تسلیماً

① تیرے بعد میرے لیے مصیبت کو برداشت کرنا مشکل ہوگا اور میں کیسے قبر میں حسین چہرے کو مٹی میں دفن کروں۔

② خدا کی قسم! کتنا عجیب ہے کہ کتنے جوان ان بڑی چٹانوں میں غائب ہو گئے' پس اب اُن کو نہ محسوس کیا جاتا ہے اور نہ دیکھا جاتا ہے۔

③ یہ عقل اور بُردباری جو اتنی مضبوطی کے ساتھ وجود کو مزین کرتی ہیں وہ بھی عقل کو کمزور کر دیتی ہے۔

④ اور جب میں قبروں کی طرف متوجہ ہوتی ہوں تو غم میرے قریب ہو جاتے ہیں اور میری آنکھوں سے نیند اُڑ جاتی ہے۔

۝۝۝

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 15

[بروز ہفتہ ۳ شعبان سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## مجھے امیری نہیں چاہیے

حدثنا الشیخ المفید ابوعبداللّٰہ محمد بن محمد النعمان ادام اللّٰہ تأییدہ ﴿قال حدثنی﴾ ابوحفص عمر بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ علی بن مہرویہ القزوینی ﴿قال حدثنا﴾ داؤد بن سلیمان الغازی ﴿قال حدثنا﴾ الرضا علی بن موسیٰ ﴿قال حدثنی﴾ ابی موسیٰ بن جعفر ﴿قال حدثنی﴾ ابی جعفر بن محمد ﴿قال حدثنی﴾ ابی محمد بن علی ﴿قال حدثنی﴾ ابی علی بن الحسین ﴿قال حدثنی﴾ ابی حسین بن علی ﴿قال حدثنی﴾ ابی علی بن ابی طالب (ع) قال قال رسول اللّٰہ (ص) اتانی ملك فقال محمدان ربك یقرئك السلام ویقول ان شئت جعلت لك بطحاء مكة ذهبا قال فرفعت رأسی الی السماء وقلت یارب اشبع یوما فاحمدك واجوع یوما فاسئلك۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت بیان کی ہے' آپؐ نے فرمایا:

ایک فرشتہ میرے پاس آیا اور عرض کی کہ اے محمدؐ! آپ کا رب آپ کو سلام کہہ رہا

https://downloadshiabooks.com/

ہے اور فرماتا ہے کہ اے میرے حبیب! اگر آپؐ چاہیں تو میں آپؐ کے لیے تمام پتھروں کو سونے کا بنا دوں۔ مولاؑ فرماتے ہیں کہ آپؐ نے اپنا سرِ اقدس آسمان کی طرف بلند فرمایا اور عرض کی: اے میرے خدایا! میں چاہتا ہوں تو آج مجھے کھانا کھلائے اور میں تیری حمد کروں اور ہر روز میں تیری بارگاہ میں سوال کروں اور تو مجھے عطا فرمائے اور میں تیری حمد و شکر کرتا رہوں۔

## نبیؐ کے چار محبوب ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوعبدالله محمد بن عمران المرزباني قال احمد بن عيسى المكي ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن احمد بن حنبل ﴿قال حدثني﴾ ابي ﴿قال حدثني﴾ الحسين بن الحسين ﴿قال حدثني﴾ شريك عن ابي ربيعة الايادي ورأينا معسراً يسمع معه عن ابي بريدة عن أبيه قال قال رسول الله (ص) ان الله امرني بحب اربعة من اصحابي وأخبرني انه يحبهم قلنا من هم يارسول الله وليس منا احداً لايحب ان يكون منهم فقال (ص) الا ان عليا منهم يقولها ثلاثا والمقداد بن الاسود وابوذر الغفاري وسلمان الفارسي —

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب ابوبریدہ نے اپنے والد سے انھوں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے مجھے میرے اصحاب میں سے چار سے محبت کرنے کا حکم دیا ہے اور مجھے خبر دی ہے کہ وہ چار مجھ سے محبت کرتے ہیں۔ ہم نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! وہ کون ہیں اور ہم میں سے کوئی ان میں شامل ہے؟ کیا ہم ان میں سے نہیں ہو سکتے؟

https://downloadshiabooks.com/

پس آپؐ نے فرمایا: آگاہ ہو جاؤ ان میں سے ایک علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں اور اس کو تین دفعہ آپؐ نے فرمایا' اور دوسرا مقداد بن اسود کندی' تیسرا ابوذر غفاری' سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں۔

## حضرت عائشہ اور حضرت عثمان کا اختلاف

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد الکاتب ﴿قال حدثنی﴾ الحسن ابن علی الزعفرانی ﴿قال حدثنا﴾ ابواسحاق ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن الحسین الانصاری ﴿قال حدثنا﴾ سفیان عن فضیل بن الزبیر ﴿قال حدثنی﴾ فروة بن مجاشع عن ابی جعفر محمد بن علی (ع) قال جاء ت عائشة الی عثمان فقالت له اعطی ما کان یعطینی ابی وعمر بن الخطاب فقال لها لم اجد له موضعا فی الکتاب ولا فی السنة وانما کان ابوک وعمر بن الخطاب یعطیانك بطیبة من انفسهما وانا لا افعل قالت له فاعطنی میراثی من رسول الله (ص) فقال لها او لم تجیئنی انت ومالك بن اوس النضری فشهدتما ان رسول الله (ص) لایورث حتٰی منعتما فاطمة میراثها وابطلتما حقها فکیف تطلبین الیوم میراثا من النبی (ص) فترکه وانصرفت وکان عثمان اذا خرج الی الصلوٰة اخذت قمیص رسول الله (ص) علی قصبة فرفعته علیها ثم قالت ان عثمان قد خالف صاحب هذا القمیص وترك سنة۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام نے فرمایا: عائشہ اُم المومنین حضرت عثمان کے پاس آئیں اور کہا جو حقوق اور مال مجھے میرے والد دیا کرتے تھے وہی حصہ و

https://downloadshiabooks.com/

حقوق تم مجھے دیا کرو۔ حضرت عثمان نے کہا: اس کے بارے میں نہ قرآن میں کوئی آیت آئی ہے اور نہ ہی نبی اکرمؐ کی کوئی سنت اس پر قائم ہے کہ آپ کو اتنا ہی دیا جائے۔ باقی آپ کے والد حضرت ابوبکر اتنا دیا کرتے تھے تو وہ صرف اور صرف اپنی طبیعت اور خواہش سے اتنا دیا کرتے تھے میں ایسا نہیں کرسکتا۔

بی بی عائشہ نے کہا کہ اچھا تو یہ نہیں دے سکتے تو جو رسولؐ خدا کی میراث ہے وہ مجھے دی جائے۔ پس حضرت عثمان نے کہا: اے بی بی کون سی میراث کا آپ مطالبہ کر رہی ہیں کیا آپ اور مالک بن اوس نصری ہی نہیں آئے تھے اور آپ دونوں نے گواہی دی تھی کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا: ہم رسول اپنی میراث نہیں چھوڑتے یہاں تک کہ اسی وجہ سے آپ لوگوں نے جناب فاطمہ بنت رسول کو اُن کی میراث سے منع کیا' ان کے حق کو آپ نے باطل کیا' آج آپ کس طرح نبی اکرمؐ کی میراث کا مجھ سے مطالبہ کر رہی ہیں۔ پس بی بی حضرت عثمان کو چھوڑ کر چلی گئیں اور ان سے منہ موڑ لیا اور جب حضرت عثمان نماز کے لیے مسجد کی طرف جارہے تھے تو بی بی عائشہ نے رسول اکرمؐ کی قمیص پکڑی اور اس کو بلند مقام پر لے گئی اور کہا: اے لوگو! تحقیق حضرت عثمان اس قمیص (نبی اکرمؐ) کی مخالفت کر رہے ہیں اور ان کی سنت وسیرت کو چھوڑ چکے ہیں۔

## جو آلِ محمدؐ کی عداوت وبُغض میں مرے گا وہ یہودی محشور ہوگا

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسین محمد بن المظفر البزاز ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبدالله جعفر بن الحسنی ﴿قال حدثنا﴾ ادریس بن زیاد الكفربوثی ﴿قال حدثنا﴾ حنان بن سدیر عن سیف المكی ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن علی وما رأیت محمدیا قط یعدله ﴿قال حدثنی﴾ جابر بن عبدالله الانصاری قال نادی رسول الله (ص) فی المهاجرین والأنصار فحضر وابا

https://downloadshiabooks.com/

لسلاح فصعد النبی (ص) المنبر فحمدالله واثنی علیه ثم قال یامعشر المسلمین من ابغضنا اهل البیت بعثه الله یوم القیمة یهودیا قال جابر فقمت الیه فقلت یارسول الله (ص) وان شهد ان لا اله الا الله وان محمداً رسول الله فقال وان شهد ان لا اله الا الله فانما احتجز من سفك دمه او یؤدی الجزیة عن ید وهو صاغر ثم قال علیه السلام من ابغضنا اهل البیت بعثه الله یوم القیمة یهودیا فان ادرك الدجال کان معه وان لم یدرکه بعث فی قبره فامن به ان ربی عزوجل مثل لی امتی فی الطین وعلمنی اسمائهم کما علم آدم الاسماء کلها فمربی اصحاب الرایات فاستغفرت الله لعلی وشیعته قال حنان بن سدیر فعرضت هذا الحدیث علی ابی عبدالله جعفر بن محمد علیه السلام فقال لی انت سمعت هذا من سدیف فقلت اللیلة سبع من سمعته منه یقال ان هذا الحدیث ما ظننت انه خرج من فی ابی الی احد۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مہاجرین اور انصار کے مجمع میں بلند آواز سے فرمایا:

اپنے اسلحہ سمیت رک جاؤ۔ پس آپ منبر پر تشریف لائے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بجا لانے کے بعد فرمایا: اے مسلمانوں کے گروہ! جو بھی میرے اہلِ بیتؑ سے بُغض وعداوت رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن یہودی محشور کرے گا۔

جابر بیان کرتے ہیں کہ میں کھڑا ہوا اور عرض کی: یارسولؐ اللہ! خواہ یہ گواہی دیتا ہو اشہد ان لا الہ الا اللّٰہ واشہد ان محمداً رسول اللّٰہ۔ پس آپؐ نے فرمایا: اگر وہ گواہی دیتا ہے کہ اشہد ان لا الہ الا اللّٰہ وان محمداً رسول اللّٰہ تو اس گواہی سے اس کا خون محترم ہوا ہے اور وہ جزیہ سے محفوظ ہوا ہے۔ پھر آپؐ نے فرمایا: جو میرے

https://downloadshiabooks.com/

اہلِ بیتؑ سے بغض و عداوت رکھے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو یہودی محشور کرے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے اگر وہ دجال کو پائے گا تو اس کی بیعت کرے گا اور اگر وہ مرگیا تو دجال اس کی قبر میں جائے گا۔ وہ قبر میں اس کی بیعت کرے گا۔

تحقیق میرے رب نے میری پوری اُمت کو مٹی میں مصور کرکے مجھے دکھایا ہے اور مجھے ان کے اسماء کے بارے میں بھی ایسا ہی علم عطا فرمایا ہے جیسے جناب آدمؑ کو اسماء کا علم عطا فرمایا تھا۔ پس جب میرے قریب سے اصحابِ رایات گزرتے ہیں تو میں اللہ سے علی علیہ السلام اور اس کے شیعوں کے لیے طلبِ مغفرت کرتا ہوں۔

حنان بن سدیر بیان کرتا ہے کہ میں نے یہ حدیث حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الباقر علیہ السلام کے سامنے پیش کی۔ آپؑ نے فرمایا: کیا تو نے اس حدیث کو سدیق سے سنا ہے؟ میں نے عرض کیا: سات راتوں سے میں نے اس کو سدیق سے سنا ہے۔ کہا گیا ہے کہ یہ حدیث میں گمان نہیں کرتا کہ اس کو جس نے بھی مجھ سے سنا ہے اس کا کسی نے انکار نہیں کیا۔

## امیرالمومنینؑ کا بصرہ سے واپسی پر کوفہ میں خطبہ

﴿قال أخبرني﴾ ابوعبداللّٰہ محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثني﴾ محمد بن موسٰی بن حماد ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن سہل ﴿قال أخبرنا﴾ هشام عن محمد بن السائب عن ابی مخنف لوط بن یحییٰ عن الحارث بن حضیرة عن عبدالرحمٰن بن عبید ابی الکنود قال قدم امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیه السلام من البصرة الی الکوفة لاثنتی عشرة لیلة خلت من رجب فاقبل حتٰی صعد المنبر فحمداللّٰہ واثنی علیه ثم قال امابعد فالحمدللّٰہ الذی نصر ولیه وخذل عدوه واعز الصادق الحق واذل

https://downloadshiabooks.com/

الکاذب المبطل علیکم یااهل المصر بتقوی اللّٰه وطاعته من اطاع اللّٰه من اهل البیت نبیکم الذین هم اولی بطاعتکم فیما اطاعوا اللّٰه من المنتحلین المدعین الغالین الذین یتفضلون بفضلنا ویجاحدونا وینازعونا حقنا ویدفعونا عنه وقد ذاقوا وبال ما اجرموا فسوف یلقون غیا انه قد قعد عن نصری رجال منکم فانا علیکم عاتب فاهجروهم واسمعوهم ما یکرھون حتٰی یعتبوا او نری منهم ما نرضی، قال فقام الیه مالک بن حبیب التمیمی ثم الیربوعی وکان صاحب شرطته فقال واللّٰه انی لأری الهجر وسماع الکره لهم قلیلا واللّٰه لئن امرتنا لنقتلنهم فقال له امیر المؤمنین یامالک جزت المدی وعدوت الحق واغرقت فی النزع فقال یاامیرالمؤمنین (ع) لبعض الغشم ابلغ فی امور ینوبك فی مهادنة الاعادی فقال امیر المؤمنین لیس هکذا قضاء اللّٰه یاملك قال اللّٰه تعالٰی النفس بالنفس فما بال الغشم وقال سبحانه (ومن قتل مظلوما فقد جعلنا لولیه سلطانا فلا یسرف فی القتل انه کان منصورا)۔ فقام الیه ابوبردة ابن عوف الازدی وکان عثمانیا تخلف عنه یوم الجمل وحضر معه یوم صفین نیة فی نصرته فقال یا امیرالمؤمنین رأیت القتلی حول عائشة وطلحة والزبیر قتلوا فقال امیرالمؤمنین علیه السلام قتلوا بما قتلوا شیعتی وعمالی وبقتلهم اخار بیعة العبدی رحمه اللّٰه فی عصابة المسلمین قالوا لا ننکث البیعة ولا نغدر کما غدر ثم فوثبوا علیهم فقتلوهم ظلما وعدوانا فسألتهم ان یدفعو الی قتلة اخوانی منهم لنقتلهم بهم ثم کتاب اللّٰه بینی وبینهم قالوا علی وقاتلونی وفی اعناقهم بیعتی ودماء نحو الف من شیعتی فقتلتهم بذلك افی شك انت من ذٰلك فقال قد کنت فی شك واما لآن فقد عرفت واستبان خطأ القوم فانك

https://downloadshiabooks.com/

جمل میں سب سے پہلے میدان میں اُترنے والا تھا۔ پس اس نے کہا: خدا کی قسم میں ان سے ان نامناسب کو دیکھوں گا اور مکروہ سنوں گا لیکن بہت کم۔ خدا کی قسم! اگر آپ ہمیں حکم دیں تو ہم ضرور بہ ضرور ان سے جنگ کریں گے۔

پس امیرالمومنینؑ نے فرمایا: اے مالک! تو نے چھری سے بدلہ دیا' حق سے عداوت کی اور تو نے اپنے آپ کو (حق کے ساتھ) نزع میں غرق و برباد کردیا۔ پس مالک نے عرض کیا: یا امیرالمومنینؑ! بعض پر ظلم ہوا ہے' پس آپؑ اپنے امور میں کسی کو صلح کروانے میں نائب بنا کر بھیج دیں۔ پس امیرالمومنینؑ نے فرمایا: اے مالک! اب اللہ تعالیٰ کا فیصلہ یہ نہیں ہے کہ صلح کی جائے۔ اے مالک! اللہ تعالیٰ نے فرمایا: النفس بنفس، جان کے بدلے جان ہے۔ پس اب اس ظلم کی کیا پروا۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: جو کوئی مظلوم مارا جائے پس ہم نے ان کے ولی کے لیے سلطان قرار دیا ہے (یعنی اس کو حق دیا ہے۔ پس وہ اِسراف نہ کرے' پس تحقیق اس کی مدد کی جائے گی) اس دوران ابو بردہ بن عوف ازدی کھڑا ہوا جو کہ عثمانی تھا اور جنگِ جمل میں سے ان سے الگ ہوا تھا اور جنگِ صفین میں آپ کے ساتھ آپ کی مدد کی نیت سے ملا تھا۔ پس اس نے کہا: اے امیرالمومنینؑ! ہم نے جنگِ جمل میں حضرت عائشہ کے اردگرد مقتولوں کو دیکھا۔ طلحہ اور زبیر کو بھی دیکھا ہے کہ جن کو قتل کیا گیا ہے کیا وہ مقتول نہیں ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: ہمارے شیعوں کو جو قتل کیا گیا تھا ان کو اُن کے بدلے میں قتل کیا گیا ہے اور انھوں نے مسلمانوں کی جماعت میں بیعت کو توڑا ہے۔ ان سب نے کہا کہ ہم نے بیعت نہیں توڑی اور نہ ہم نے خیانت کی جیسا کہ تم لوگوں نے خیانت کی ہے۔ ان پر ٹوٹ پڑے اور ان کو ظلم و عداوت سے قتل کیا گیا۔ میں نے ان سے سوال کیا تھا کہ میرے بھائیوں کے قاتل کو میرے حوالے کروتا کہ میں ان کو ان کے بدلے میں قتل کروں' میرے اور ان کے درمیان کتابِ خدا تھی۔ وہ میرے خلاف ہوئے اور میرے مقابلے میں جنگ

https://downloadshiabooks.com/

کے لیے آمادہ ہو گئے اور ان کی گردنوں پر میری بیعت اور میرے ایک ہزار شیعہ کا خون بھی تھا پس میں نے ان سے اس وجہ سے جنگ کی۔ کیا تمہیں اس کے بارے میں شک ہے۔ پس اس نے کہا: مجھے اس کے بارے میں شک تھا لیکن اب میں جان چکا ہوں اور میرے لیے واضح ہو گیا ہے وہ قوم غلطی پر تھی اور تحقیق بلاشبہ آپؑ حق پر تھے۔

اس کے بعد آپؑ منبر سے اُترنا چاہتے تھے کہ لوگوں کی ایک جماعت کھڑی ہو گئی اور انہوں نے باتیں کرنا شروع کردیں۔ جب آپؑ نے ان کو دیکھا تو آپؑ اتر آئے وہ سب بیٹھ گئے اور انہوں نے باتیں کرنا بند کردیں۔ ابو کنود بیان کرتا ہے کہ ابوبردہ صفین میں آپؑ کے ساتھ تھا لیکن آپؑ سے منافقت کرتا تھا اور معاویہ کے لیے پوشیدہ طور پر جاسوسی کرتا تھا۔ جب معاویہ کو واضح ہوا تو معاویہ نے فلوجہ میں قطع تعلق کرلیے اور وہ اس پر کریم تھا۔

## جناب سیدہ علیہا السلام کا محشر میں آنا

﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن موسیٰ ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ علی بن ابراهیم بن هاشم عن أبیه عن ابن ابی عمیر عن ابان بن عثمان عن ابی جعفر بن محمد بن علی عن ابی عبدالله جعفر ابن محمد (ع) اذا کان یوم القیمة جمع الله الاوّلین والآخرین فی صعید واحد فینادی مناد غضوا ابصارکم ونکسوا رؤسکم حتّی تجوز فاطمة بنت محمد (ص) الصراط قال فتغض الخلائق ابصارهم فتأتی فاطمة (ع) علی نجیب من نجب یشیعها سبعون الف ملك فتقف موقفا شریفا من مواقف القیمة ثم تنزل عنه نجیها فتأخذ قمیص الحسین بن علی بیدها مضمخا بدمه وتقول یارب هذا قمیص ولدی وقد علمت ما صنع به فیأتیها النداء

https://downloadshiabooks.com/

من قبل الله عزوجل یافاطمه لك عندی الرضا فتقول یارب انتصرلی من قاتله فیأمر اللہ تعالیٰ عنقاً من النار فتخرج من جهنم فتلتقط قتلة الحسین بن علی علیه السلام کما یلتقط الطیر الحب ثم یعود العنق بهم الی النار فیعذبون فیها بانواع العذاب ثم ترکب فاطمة (ع) نجیبها حتی تدخل الجنة ومعها الملائکة المشیعون لها وذریتها بین یدیها واولیائهم من الناس عن یمینها وشمالها۔

**حدیث نمبر 6:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام فرماتے ہیں: جب قیامت کا دن ہوگا اللہ تعالیٰ تمام اوّلین و آخرین کو ایک میدان میں جمع فرمائے گا۔ ایک منادی آواز دے گا (اے اہلِ محشر) اپنی اپنی آنکھوں کو بند کرو اور اپنے سر جھکا لو تا کہ حضرت فاطمہ علیہا السلام بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پُل صراط سے گزر جائیں۔ (امامؑ فرماتے ہیں) کہ ساری مخلوق اپنی اپنی آنکھیں بند کرلے گی۔ پس جنابِ فاطمہ علیہا السلام جنت کی اُونٹنیوں میں سے ایک ناقہ پرسوار ہوکر تشریف لائیں گی۔ ان کے پیچھے ستر ہزار فرشتے ہوں گے۔ وہ ناقہ قیامت کے بہترین مقاموں میں سے ایک مقام پر کھڑا ہوگا۔ پھر بی بی پاک اس ناقہ سے نیچے تشریف فرما ہوں گی اور آپ حسینؑ بن علیؑ کی قمیص جو آپؑ کے پاک خون سے غلطان ہوگی کو ہاتھ میں لے کر بارگاہِ خدا میں آواز دیں گیں۔ اے میرے پروردگار! یہ میرے بیٹے کی قمیص ہے اور تو جانتا ہے کہ میرے بیٹے کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا تھا۔ پس خداوند کریم کی طرف سے آواز آئے گی: اے فاطمہؑ! آج میں آپ کو خوش کروں گا۔ پس بی بی پاک فرمائیں گیں: اے میرے رب! میرے بیٹے کے قاتلوں سے آج میرے لیے بدلہ لے۔ اللہ تعالیٰ آگ کی ایک لمبی گردن والے جانور کو حکم دے گا اور وہ جہنم سے باہر آئے گا۔ پس وہ امام حسین علیہ السلام کے قاتلوں کو محشر سے اس طرح چن لے گا جیسے

https://downloadshiabooks.com/

پرندہ دانہ چن لیتا ہے۔ پھر وہ جانور ان سب کو ساتھ لے کر جہنم میں چلا جائے گا۔ پس وہاں ان کو مختلف قسم کے عذاب میں سے ان کو عذاب دیا جائے گا۔ پھر بی بی پاک دوبارہ اپنی ناقہ پر سوار ہو کر جنت میں جائیں گی اور ان کے ساتھ فرشتے ہوں گے اور آپ کی ذریت پاک آپ کے سامنے ہوگی اور لوگوں میں سے آپ کے شیعہ آپ کے دائیں بائیں ہوں گے۔

## اے شیعو! تم درختوں کی مانند ہو

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلي الحسين بن محمد الكندي ﴿قال حدثنا﴾ عمر بن محمد بن الحارث عن أبيه محمد بن الحارث ﴿قال حدثني﴾ .......... بن الحضيرة عن أبيه قال قال امير المؤمنين علي بن ابي طالب لشيعته كونوا في الناس كالنحلة في الطير ليس شيئ من الطير الا وهو يستضعفها ولا تعلمون ما فواجوافهما من البركة لم تفعلوا ذلك بها خالطوا الناس بالسنتكم واجسادكم وزايلوهم بقلوبكم واعمالكم لكل امرء ما اكتسب وهو يوم القيمة مع من احب۔

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے اپنے شیعوں سے فرمایا: تم لوگ اس کھجور کے درخت کی مانند ہو کہ وہ فضا میں بلند ہوتا ہے اور اس پر پرندے نہیں آتے مگر یہ کہ اس کو وہ کمزور سمجھتے ہیں لیکن جو اس کے اندر برکت ہے وہ اس کو نہیں جانتے اور وہ اس برکت کو حاصل کرنے کے لیے اقدام بھی نہیں کرتے۔ تم لوگوں کے درمیان زبان اور جسموں سے مل کر رہو اور اپنے دل اور اعمال کو ان سے جدا رکھو کیونکہ ہر بندہ جو کسب کرے گا وہ اس کے ساتھ محشور ہوگا اور جس سے محبت کرے گا وہ اس کے ساتھ رہے گا۔

https://downloadshiabooks.com/

## مالک بن دینار کے اشعار

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن ابراهیم الکاتب ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلی محمد بن علی الاسکافی ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن احمد الترمذی ﴿قال حدثنا﴾ عبیداللّٰه بن عمر القواریری ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن سلیمان الضبعی قال سمعت مالک بن دینار یقول اتیت الجبانة فوقفت علیها قلت-

أتیت القبور فنادیتها    فاین المعظم والمحتقر
واین الملی اذاما دعا    واین العزیز اذاما افتخر
واین المدل بسلطانه    واین القوی اذا ما قدر

قال فاجابنی صوت من ناحیة المقابر ولا اری صورة:

تفانوا جمیعا فما مختبر    فما توا جمیعا ومات الخبر
تروح وتغدو بنات الثری    فتمحو محاسن تلک الصور
فیاسائلی عن اناس مضوا    أمالک فیما تری معتبر

وصلی اللّٰه علی سیدنا محمد وآله الطاهرین وسلم تسلیماً-

**حدیث نمبر 8:** (بحذف اسناد)

جناب جعفر بن سلیمان ضبعی نے بیان کیا ہے کہ میں نے مالک بن دینار سے سنا وہ بیان کرتا ہے میں قبرستان میں آیا اور قبرستان میں کھڑے ہوکر میں نے کہا:

أتیت القبور فنادیتها    فاین المعظم والمحتقر

''وہ اپنے آپ میں بڑا جاننے والے اور دوسروں کو حقیر جاننے والے کہاں ہیں''۔

https://downloadshiabooks.com/

واين المدلى اذاما دعا     واين العزيز اذاما افتخر

''وہ عقل مندی کا دعویٰ کرنے والے کہاں ہیں اور مقامِ فخر میں اپنے آپ کو عزیز جاننے والے کہاں ہیں''۔

واين المدل بسلطانه     واين القوى اذا ما قدر

''اپنی حکومت پر غرور کرنے والے کہاں ہیں اور اپنی طاقت پر فخر کرنے والے قوی کہاں ہیں۔ پس قبر میں سے آواز آئی جبکہ آواز دینے والا مجھے نظر نہ آیا''۔

تفانوا جميعا فما مختبر     فماتوا جميعا ومات الخبر

''سب فنا ہو گئے ہیں۔ کوئی بتانے والا نہیں سب مر گئے ہیں اور ان کی خبریں بھی ختم ہو گئی ہیں''۔

تروح وتغدو بنات الثرى     فتمحو محاسن تلك الصور

''وہ مٹی کے نیچے صبح و شام بسر کر رہے ہیں اور مٹی نے ان کی حسین صورتوں کو ختم کر دیا ہے''۔

فياسائلى عن اناس مضوا     أمالك فيما ترى معتبر

''پس اے ہم سے سوال کرنے والے! لوگوں سے پوشیدہ رہو کیا جو کچھ تو نے دیکھا ہے وہ تیرے لیے قابلِ عبرت نہیں ہے۔

وصلى الله على محمد وآله الطاهرين وسلم تسليماً

ooo

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 16

[بروز ہفتہ ۱۰ شعبان سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## دنیا میں پرہیز کرنے والوں کے لیے طوبیٰ ہے

حدثنا الشیخ المفید ابوعبداللہ محمد بن محمد النعمان ادام اللہ عزہ ﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ الحسین بن محمد الزرازی ﴿قال حدثنی﴾ ابوعبداللہ جعفر بن عبداللہ العلوی المحمدی ﴿قال حدثنا﴾ یحییٰ بن ھاشم الغسانی عن ابی عاصم النبیل عن سفیان عن ابی اسحاق عن علقمة بن قیس عن نوف البکالی قال بت لیلة عند امیر المؤمنین علی بن ابی طالب علیه السلام فرأیته یکثر الاختلاف من منزله وینظر الی السماء قال فدخل کبعض ما کان یدخل قال انائم انت ام رامق فقلت بل رامق یا امیرالمؤمنین مازات ارمقك منذ اللیلة بعینی وانظر ما تصنع قال یانوف طوبی للزاهدین فی الدنیا الراغبین فی الآخرة قوم یتخذون ارض اللہ بساطا وترابه وساداً وکتابه شعاراً ودعاه دثاراً ومائه طیبا یقرضون الدنیا قرضا علی منهاج المسیح (ع) وان اللہ تعالی اوحی الی عیسی (ع) یاعیسی علیك بالمنهاج الأول یالحق ملاحق المرسلین قل لقومك یا اخا المنذرین ان لا تدخلوا بیتاً من بیوتی الا بقلوب طاھرة واید نقیة وابصار خاشعة فانی لا اسمع من داع دعانی ولأحد من عبادی عنده

https://downloadshiabooks.com/

مظلمة ولا استجیب له دعوة ولی قبله حق لم یرده الی فان استطعت ان لا تکون عریفا ولا شاعراً ولا صاحب کربة ولا صاحب عرطبة فافعل فان داود (ع) رسول رب العالمین خرج لیلة من اللیالی فنظر فی نواحی السماء ثم قال واللّٰہ رب داود ان الساعة لساعة ما یوافقها عبد مسلم یسأل فیها خیراً الا اعطاه ایاه الا ان یکون عریفاً او شاعراً او صاحب کربة او صاحب عرطبة۔

**حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)**

جناب نوف البکالی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں ایک رات امیرالمومنین علی علیہ السلام کے پاس تھا' پس میں نے آپؑ کو دیکھا کہ آپؑ بار بار اپنی جگہ پر کروٹیں لے رہے ہیں اور آسمان کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ پھر آپؑ کے دل میں کچھ خیال آیا اور آپؑ نے مجھ سے فرمایا: کیا تو سو گیا ہے یا جاگتا ہے؟ پس میں نے عرض کیا: اے امیرالمومنینؑ! میں ابھی جاگ رہا ہوں کیا بات ہے آپؑ ابھی تک جاگ رہے ہیں اور میں جو کچھ آپ کر رہے ہیں دیکھ رہا ہوں۔

آپؑ نے فرمایا: اے نوف! جو لوگ دنیا میں پرہیزگاری کرتے ہیں اور آخرت کی طرف رغبت رکھتے ہیں ان کے لیے طوبیٰ ہے۔ وہ قوم جو اللہ کی زمین کو اپنے لیے بچھونا قرار دیتے ہیں اور مٹی کو اپنا تکیہ اور کتاب کو اپنا شعار اور دعا کو اپنا اوڑھنا اور پانی کو اپنے لیے حیات اور جناب عیسیٰ علیہ السلام کے راستے پر چل کر اس دنیا کو قرض دیتے ہیں یعنی اس کی خدمت کرتے ہیں تحقیق اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی:

''اے عیسیٰؑ! آپؑ کے لیے پہلے لوگوں کا رستہ ہے اور آپؑ کے ساتھ دوسرے مرسلین کو ملحق کیا جائے گا۔ پس اپنی قوم سے کہہ دیں: اے ڈرنے والوں کے بھائیو! میرے گھر میں کوئی بندہ داخل نہیں ہوسکتا مگر وہ جس کا دل پاک ہو اور اس کے ہاتھ محفوظ

https://downloadshiabooks.com/

ہیں اور اُس کی آنکھیں ڈرنے والی ہیں۔ پس میں ہر پکارنے والے جو مجھے پکارے میں اس کی دعا نہیں سنتا اور میں اپنے بندوں میں سے کسی ظالم کی دعا نہیں سنتا' اور میں اس کی دعوت کو مستجاب نہیں کرتا' حالانکہ میں نے دعا کو قبول کرنا اپنے لیے لازم قرار دیا ہے' اس کو رد نہیں کرتا۔ اگر تیرے لیے ممکن ہو تو عریف نہ بنو (یعنی رئیس نہ بنو) شاعر نہ ہونا' صاحب غم نہ ہو' صاحبِ غیبت نہ ہو تو پھر جو کچھ دل چاہے کرو۔ پس حضرت داؤد علیہ السلام رسول تھے (یعنی خدا کی طرف سے مبعوث تھے) وہ ایک رات گھر سے باہر نکلے۔ انہوں نے آسمان کی طرف دیکھا۔ پھر فرمایا: مجھے قسم ہے اس اللہ کی جو داؤدؑ کو پالنے والا ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب بندہ مسلمان کو یہ وقت نصیب ہو جائے گا اور وہ اس وقت میں جو سوال کرے گا اس کو عطا کیا جائے گا' مگر یہ وہ عریف نہ ہو' شاعر نہ ہو' صاحبِ غم و مصیبت نہ ہو اور صاحبِ غیبت نہ ہو۔

## امیرالمومنینؑ نے حلوہ کھانے سے انکار فرمایا

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله ابن راشد الاصفهانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال أخبرنا﴾ احمد بن شمر ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن میمون المکی مولی بنی مخزوم عن جعفر الصادق علیه السلام بن محمد الباقر علیه السلام عن أبیه ان امیرالمؤمنین (ع) اتی بخبیص فابی ان یاکله فقالوا له اتحرمه قال لا ولکنی اخشی ان تتوق الیه نفسی فاطلبه ثم تلاهذه الایة اذهبتم طیباتکم فی حیوتکم الدنیا واستمتعتم بها۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے والد امام محمد باقر علیہ

https://downloadshiabooks.com/

السلام سے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ امیر المومنین علی علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں کھجور اور گھی سے تیار شدہ حلوہ پیش کیا گیا۔ پس آپؑ نے اس کے کھانے سے انکار کر دیا۔ لوگوں نے عرض کی: یا امیر المومنینؑ! کیا آپؑ اس کو اپنے لیے حرام قرار دیتے ہیں۔ آپؑ نے فرمایا: یہ حرام نہیں ہے لیکن میں اس کو نہیں کھاؤں گا۔ مجھے خوف ہے کہ کہیں میرا نفس اس کے کھانے کا شائق، خواہش مند نہ ہو جائے۔ پھر آپؑ نے یہ آیت تلاوت کی:

اذھبتم طیباتکم فی حیوتکم الدنیا واستمتعتم بھا

''تم نے سارے کے سارے مزے دنیا میں ہی لے لیے ہیں اور آرام کر لیا ہے''۔

## نبی اکرمؐ کا آخری خطبہ

﴿قال أخبرنا﴾ ابوالحسن علی بن محمد الکاتب ﴿قال حدثنی﴾ الحسن بن علی الزعفرانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنی﴾ ابوعمرو وحفص بن عمر الفرا ﴿قال حدثنا﴾ زید بن الحسن الانماطی عن معروف بن خربوذ قال سمعت ابا عبدالله مولی العباس یحدث ابا جعفر محمد بن علی علیه السلام قال سمعت ابا سعید الخدری یقول آخر خطبة خطبنا بها رسول الله (ص) لخطبة خطبنا فی مرضه الذی توفی فیه خرج متوکاء علی علی بن ابی طالب علیه السلام ومیمونة مولاته فجلس علی المنبر ثم قال ایها الناس انی تارك فیکم الثقلین وسکت فقام رجل فقال یارسول الله ما هذان الثقلان فغضب حتّٰی احمر وجهه ثم سکن وقال ما ذکرتهما الا وانا ارید ان اخبرکم بهما ولکن ربوت فلم استطع سبب طرفه بیدالله وطرف بایدیکم تعملون فیه کذا الا وهو القرآن والثقل

https://downloadshiabooks.com/

الأصغر- اهل بیتی ثم قال و ایم اللہ انی لاقول لکم ھذا ورجال فی اصلاب اهل الشرك ارجیٰ عندی من کثیر منکم ثم قال واللہ لا یحبہم عبداً الا اعطاہ اللہ نوراً یوم القیمة حتی برد علی الحوض ولا یبغضہم عبدا الا احتجب اللہ عنه یوم القیمة فقال ابوجعفر علیه السلام ان ابا عبداللہ یاتینا بما یعرف -

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

جناب ابوسعید خدری نے بیان کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو آخری خطبہ ہمارے سامنے فرمایا اور وہ خطبہ تھا جو آپؐ نے اپنے مرض الموت میں فرمایا تھا۔ آپ علی ابن ابی طالب علیہ السلام اور اپنے غلام میمونہ کے کندھوں کا سہارا لے کر باہر تشریف لائے۔ پس آپؐ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور آپؐ نے یوں فرمایا:

اے لوگو! میں تمھارے درمیان دوگراں قدر چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔ پھر آپؐ خاموش ہوگئے۔ اس کے بعد ایک شخص کھڑا ہوا۔ عرض کیا: یارسولؐ اللہ! وہ دوگراں قدر چیزیں کون سی ہیں؟ پس آپ غضب ناک ہوگئے اور آپؐ کا چہرۂ انور سرخ ہوگیا۔ پھر آپؐ ٹھیر گئے۔ پھر آپؐ نے فرمایا: (میں جو کچھ ذکر کیا ہے وہ نہیں ہے مگر یہ کہ میں تم لوگوں کو یہ خبر دینا چاہتا ہوں لیکن میں نے غور و فکر کیا کہ میں اس کی استطاعت نہیں رکھتا' اس کے بعد فرمایا) ایک سبب وہ ہے کہ جس کا ایک سرا اللہ کے ہاتھ میں ہے اور دوسرا سرا تمھارے ہاتھوں میں ہے۔ تم اس پر عمل بھی کرتے ہو وہ قرآن کریم ہے' جو اللہ کی کتاب ہے۔ جو ثقلِ اکبر ہے اور دوسری ثقلِ اصغر ہے وہ میرے اہلِ بیتؑ ہیں۔ پھر آپؐ نے فرمایا: مجھے خدا کی قسم! یہ جو میں نے آپ سے کہا ہے یہ خود آپ لوگوں کے لیے اور دوسرے تمام کے لیے ہے خواہ وہ مشرکوں کے صلبوں میں ہی کیوں نہ ہوں اور تم میں سے اکثر اس سے منکر ہوجائیں گے۔

https://downloadshiabooks.com/

پھر آپؑ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میرے اہلِ بیتؑ سے کوئی بندہ محبت نہیں کرے گا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن ایک نور عطا فرمائے گا اور وہ میرے پاس حوضِ کوثر پر آئے گا اور جو شخص ان کے ساتھ بغض و عداوت رکھے گا قیامت کے دن وہ خدا کے سامنے نہیں آسکے گا۔ یعنی وہ اس کی رحمت میں داخل نہیں ہوگا۔ پس ابوجعفر علیہ السلام نے فرمایا: تحقیق ابوعبداللہ علیہ السلام ہمارے پاس آئے اور ہمیں اس کی معرفت عطا فرمائی۔

## حضرت سلمان فارسیؓ اور کوفہ کا ایک نوجوان

﴿قال أخبرني﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد رحمه الله عن محمد بن عبدالله بن جعفر الحميري عن أبيه عن احمد بن محمد بن عيسى عن بن ابي عمير عن عمر بن يزيد عن ابي عبدالله عليه السلام قال مر سلمان رضى الله عنه على الحدادين بالكوفة فرأى شابا قد صعق والناس قد اجتمعوا حوله فقالوا يا ابا عبدالله هذا شاب قد صرع فلو قرأت في اذنه قال فدنامنه سلمان فلما رآه الشاب افاق وقال يا ابا عبدالله ليس بي ما يقول هؤلاء القوم ولكني مررت بهؤلاء الحدادين وهم يضربون المرزبات فذكرت قوله تعالى ولهم مقامع من حديد فذهب عقلي خوفا من عقاب الله تعالى فاتخذه سلمان اخا ودخل قلبه حلاوة محبته في الله تعالى فلم يزل معه حتى مرض الشاب فجائه سلمان فجلس عند رأسه وهو يجود بنفسه فقال ياملك الموت ارفق باخي فقال ملك الموت ياابا عبد الله بكل مؤمن رفيق –

**حدیث نمبر 4: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جناب سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کوفہ کے لوہاروں کے قریب سے گزرے۔ آپ نے وہاں ایک نوجوان کو دیکھا جو زور زور

https://downloadshiabooks.com/

سے چیخ رہا تھا اور لوگ اس کے اردگرد جمع تھے۔ لوگوں نے جناب سلمانؓ سے کہا: اے ابوعبداللہ! اس نوجوان کو مرگی ہوگئی ہے، اگر آپ اس کے کان میں کوئی دم پڑھیں تو یہ تندرست ہوسکتا ہے۔ راوی بیان کرتا ہے: جناب سلمانؓ اس نوجوان کے قریب ہوئے۔ جب اس نوجوان نے آپ کو دیکھا اور اس کو افاقہ ہوا تو اس نے کہا: اے ابوعبداللہ! جو کچھ یہ لوگ کہہ رہے ہیں مجھے وہ کچھ نہیں ہے، لیکن میں ان لوہاروں کے قریب سے گزرا ہوں جو اپنے لوہے کی سلاخوں کو کوٹ رہے تھے۔ پس مجھے اللہ تعالیٰ کا وہ فرمان یاد آ گیا جس میں اس نے ارشاد فرمایا: ''ان کے لیے لوہے کے گرز ہوں گے'' پس خدا کے عذاب کے خوف سے میری عقل معطل و مفلوج ہوگئی تھی۔ پس جناب سلمانؓ نے اس نوجوان کو اپنا بھائی بنالیا۔ اس کے دل میں اللہ کی محبت کی حلاوت کو پیدا کیا۔ وہ آپ سے جدا نہ ہوا یہاں تک کہ وہ بیمار ہوا اور پھر مرگیا۔ پس آپ اس کے سر کی طرف اس کے قریب بیٹھے اور اس سے پیار کرنے لگے اور آپ نے ملک الموت سے فرمایا: میرے بھائی سے نرمی کرنا' پس ملک الموت نے فرمایا: اے ابوعبداللہ! میں ہر مومن کے ساتھ نرمی کرنے والا ہوں۔

## نماز کے حقوق کی رعایت کے فوائد

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن سعيد بن عقدة ان احمد بن يحيىٰ بن زكريا حدثهم ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن علي ﴿قال حدثنا﴾ ابوبدر عن عمرو عن يزيد ابن مرة عن سويد بن غفلة عن علي بن ابي طالب عليه السلام قال قال رسول الله (ص) ما من عبد اهتم بمواقيت الصلوٰة مواضع الشمس الا ضمنت له الروح عند الموت وانقطاع الهموم والأحزان والنجاة من النار كنا مرة رعاة الابل فصرنا اليوم رعاة الشمس –

https://downloadshiabooks.com/

حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)

حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا: جو شخص نماز کے اوقات اور سورج کے مواضع کا اہتمام کرے گا میں اس کی موت کے وقت اس کی آسانی کا ضامن ہوں اور اس کے غم و حزن کے دُور کرنے اور جہنم سے نجات کا ضامن ہوں۔ ہم اُونٹ رعایت کرتے ہیں تا کہ ہم سورج کی رعایت کر سکیں۔

## رنگین مزاج بندہ

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن احمد بن ابراهيم الكاتب ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلی محمد بن همام الاسكافي ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن جعفر الحميری ﴿قال حدثنی﴾ احمد بن ابی عبدالله البرقی ﴿قال حدثنی﴾ القاسم بن يحيیٰ عن جده الحسن بن راشد عن محمد بن مسلم عن ابی عبدالله عليه السلام قال اعلموا ان الله تعالی يبغض من خلقه المتلون فلا تزولوا عن الحق واهله فان من استبد بالباطل واهله هلك وفاتته الدنيا وخرج منها۔

حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا: اے لوگو! جان لو تحقیق اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے اس بندے کو پسند نہیں کرتا جو رنگین مزاج ہو۔ وہ حق سے الگ ہو جائے گا۔ پس جو شخص باطل اور باطل پرستوں کے نزدیک رہے گا وہ ہلاک ہو جائے گا۔ اس کو دنیا برباد کر دے گی اور وہ اس سے نکل جائے گا۔

## احمق سے نیکی کرنے کے بارے میں

﴿قال أخبرني﴾ ابوحفص عمر بن محمد الصيرفي ﴿قال حدثنا﴾

https://downloadshiabooks.com/

ابوالحسن احمد بن الحسن الصوفی ﴿قال حدثنا﴾ عبداللہ بن مطیع ﴿قال حدثنا﴾ خالد بن عبداللہ عن ابی لیلی عن عطیۃ عن کعب الأخبار قال مکتوب فی التوراۃ من صنع معروفا الی احمق فھی خطیۃ تکتب علیہ -

وصلی اللہ علی محمد وآلہ الطیبین الطاھرین وسلم تسلیماً

حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)

کعب الاحبار سے روایت ہے کہ تورات میں یہ لکھا ہوا ہے: ''جو کسی احمق سے نیکی کرے گا اس نے خطا کی ہے''۔

وصلی اللہ علی محمد وآلہ الطیبین الطاھرین وسلم تسلیماً -

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 17

[بروز ہفتہ ۷ اشعبان سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## خوف اور اُمید کا ایک دل میں جمع ہونا

سمعه ابو الفوارس وحده وسمعته و ابو محمد عبدالرحمن بن علی النیشابوری بقرآة سیدنا الجلیل المفید ادام الله تأییده حدثنا الشیخ الجلیل المفید محمد بن محمد بن النعمان اید الله عزه قال أخبرنی المفید ابوعبدالله محمد بن عمران المرزبانی قال أخبرنی ابوعبدالله محمد بن احمد الحکیمی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن اسحاق الصاغانی ﴿قال أخبرنی﴾ سلیمان بن ایوب ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن سلیمان عن ثابت عن انس قال مرض رجل من الانصار فأتاه النبی (ص) یعوده فوافقه وهو فی الموت فقال کیف تجدك قال اجدنی ارجو رحمة ربی واتخوف من ذنوبی فقال النبی (ص) ما اجتمعتا فی قلب عبد فی مثل هذا الموطن الا اعطاه الله رجائه وآمنه مایخافه –

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

جناب ثابت رضی اللہ عنہ نے جناب انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی بیان کرتے ہیں: انصار میں سے ایک شخص مرض الموت میں مبتلا تھا۔ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے تا کہ اس کی عیادت فرمائیں۔ وہ موت کی کش مکش میں

https://downloadshiabooks.com/

تھا۔ آپؐ نے اس سے پوچھا: آپ اپنے کو کیسا پا رہے ہیں؟ اس نے عرض کیا: میں اپنے آپ کو ایسا محسوس کر رہا ہوں کہ مجھے اپنے رب کی رحمت کی اُمید بھی ہے اور اپنے گناہوں کے عذاب کا خوف بھی ہے۔

پس رسولؐ خدا نے فرمایا: جس مومن بندے کے دل میں یہ دونوں چیزیں برابر ہوں گی اللہ اس کو امید عطا کرتا ہے اور اس کو خوف سے امن عطا فرماتا ہے۔

## مولا علی علیہ السلام رسولؐ کے اسرار کے عالم تھے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد بن حبیش الکاتب ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن علی الزعفرانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنا﴾ المسعودی ﴿قال حدثنا﴾ یحیٰی بن سالم العبدی ﴿قال حدثنا﴾ میسرة عن المنهال بن عمر عن زر بن حبیش قال مر علی بن ابی طالب علیه السلام علی بغلة رسول الله (ص) وسلمان فی ملاء فقال سلمان رحمه الله الا تقومون تأخذون بحجزته تسألونه فوالله الذی فلق الحبة وبرء النسمة لایخبرکم سر نبیکم احمد غیره وانه لعالم الأرضص وزرها والیه تسکن ولو قد فقد تموه لفقدتم العلم وانکرتم الناس۔

**حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)**

جناب زر بن حبیش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے: جناب امیرالمومنین علی علیہ السلام رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خچر پر تشریف فرما تھے اور راستے سے گزر رہے تھے۔ جناب سلمان فارسیؓ آپؑ کے پیچھے تھے۔ پس انہوں نے فرمایا: اے لوگو! آگاہ ہوجاؤ! اُٹھو اور اس شخص کے دامن کو پکڑو اور اس سے سوال کرو۔ مجھے قسم ہے اس ذات کی جو دانہ کو شگافتہ کر کے ننھا سا پودا باہر نکالتا ہے۔ اس شخص کے علاوہ تم کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ

https://downloadshiabooks.com/

وآلہ وسلم کے اَسرار و رموز کے بارے میں کوئی دوسرا خبر نہیں دے سکتا۔ اور یہ زمین اور اس ...................کا بھی عالم ہے اور وہ اس کی وجہ سے ہی سکون پذیر ہے۔ اور اگر تم نے اسے کھو دیا تو گویا علم کو تو نے کھو دیا ہے اور تم لوگ اس کا اکثر انکار کرتے ہو۔

## لوگوں نے ولایت کو ترک کر دیا ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن راشد الاصفهانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهيم بن محمد الثقفی ﴿قال أخبرنا﴾ اسماعيل بن صبيح ﴿قال حدثنا﴾ سالم بن ابی سالم البصير عن ابی هرون العبدی قال كنت اری رأی الخوارج لا رأی لی غيره حتی جلست الی ابی سعيد الخدری رحمه الله فسمعته يقول امر الناس بخمس فعملوا باربع وتركوا واحدة فقال له رجل يا اباسعيد ما هذه الأربع التی عملوا بها قال الصلوة والزكوة والحج وصوم شهر رمضان قال فما الواحدة التی تركوها قال ولاية علی بن ابی طالب عليه السلام قال الرجل وانها لمفترضة قال ابوسعيد نعم ورب الكعبة قال الرجل فقد كفر الناس اذن قال ابوسعيد فما ذنبی۔

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

جناب ابوہارون عبدی نے بیان کیا ہے کہ مجھے خوارج کے عقائد کا علم ہوا' میری رائے بھی وہی تھی۔ پس میں ابوسعید خدری رحمتہ اللہ علیہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے ان سے سنا کہ وہ فرماتے ہیں: لوگوں کو پانچ چیزوں پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا تھا اور لوگوں نے چار پر عمل کیا ہے اور ایک کو انھوں نے پوشیدہ چھوڑ دیا ہے۔ پس اس مرد نے ابوسعید سے کہا: وہ چار کون سی ہیں جن پر عمل ہوا ہے اور ایک کون سی ہے جس کو لوگوں نے چھوڑ دیا

https://downloadshiabooks.com/

ہے۔ آپ نے فرمایا: وہ چار جن پر لوگ عمل کرتے ہیں وہ نماز، زکوٰۃ، حج اور ماہ رمضان کے روزے ہیں۔ اس شخص نے کہا کہ وہ کون سی چیز ہے جس کو چھوڑ دیا ہے؟ فرمایا: وہ علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی ولایت ہے۔ اس شخص نے عرض کیا: کیا یہ بھی واجب ہے؟ ابوسعید نے کہا: ہاں! رب کعبہ کی قسم یہ بھی واجب ہے۔ اس مرد نے پھر کہا: یہ لوگ تو اس کا اب انکار کرتے ہیں؟ ابوسعید نے کہا: اس میں میرا تو کوئی گناہ نہیں ہے۔

## بندے کے نیک اعمال ہماری محبت کے بغیر فائدہ مند نہیں ہوں گے

﴿قال أخبرنی﴾ ابونصر محمد بن الحسین المقری ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبداللہ الحسین بن محمد البزاز ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبداللہ جعفر بن عبداللہ العلوی المحمدی ﴿قال حدثنا﴾ یحییٰ بن ھاشم الغسانی عن المعمر ابن سلیمان عن لیث ابن ابی سلیم عن عطا بن ابی ریاح عن ابن العباس، قال قال رسول اللّٰہ (ص) ایھا الناس الزموا مودّتنا اھل البیت فانہ من لقی اللّٰہ بودنا دخل الجنۃ بشفاعتنا فوالذی نفس محمد لا ینفع عبداً عملہ الا بمعرفتنا وولایتنا --

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے، آپؐ نے فرمایا:

اے لوگو! ہم اہل بیتؑ کی محبت و ولایت کو اپنے لیے لازم قرار دو، کیونکہ جو شخص اللہ کی بارگاہ میں ہماری مودّت و محبت کے ساتھ حاضر ہوگا وہ ہماری شفاعت کے ساتھ جنت میں داخل ہوگا اور مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں محمدؐ کی جان ہے کسی بندے کو اس کے نیک اعمال کوئی فائدہ نہیں دیں گے مگر جب اس کے دل میں

https://downloadshiabooks.com/

ہماری محبت و ولایت اور معرفت ہوگی۔

## حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام کی دعا

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الوليد رحمه الله عن أبيه عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسىٰ عن محمد بن سنان عن اسحق بن عمار قال سمعت ابا عبدالله عليه السلام يقول وهو قائم عند قبر الرسول الله (ص) اسأل الذي انتجبك واصطفاك وهدى بك ان يصلي عليك ان الله وملائكته يصلون على النبي يا أيها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما۔

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

جناب اسحاق بن عمار سے روایت ہے وہ بیان کرتا ہے کہ میں نے خود حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے سنا ہے، وہ قبرِ نبی اکرمؐ کے پاس کھڑے ہوکر فرما رہے تھے:

میں سوال کرتا ہوں اس ذات سے جس نے آپ کو منتخب فرمایا اور آپ کو چن لیا اور آپؐ کے ذریعے ہدایت فرمائی کہ وہ آپؐ پر درود و سلام نازل فرمائے۔ تحقیق اللہ تعالیٰ اور اُس کے ملائکہ نبی پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی آپؐ پر درود و سلام بھیجو اس طرح کہ جس طرح سلام پڑھنے کا حق ہے۔

## ایک مردِ قمی اہلِ بیتؑ سے

﴿قال أخبرني﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد عن أبيه عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسىٰ عن موسىٰ بن طلحة عن ابي محمد يونس بن يعقوب عن اخيه يونس قال كنت بالمدينة فاستقبلني جعفر بن محمد (ع) في بعض ازقتها فقال اذهب يا يونس فان بالباب رجلا منا اهل

https://downloadshiabooks.com/

البیت قال فجئت الی الباب فاذا عیسیٰ بن عبداللّٰہ جالس فقلت له من انت قال رجل من اهل قم قال فلم یکن باسرع من ان اقبل ابوعبداللّٰہ (ع) علی حمار فدخل علی الحمار الدار ثم التفت الینا فقال ادخلا ثم قال یا یونس احسب انك انکرت قولی لك ان عیسیٰ بن عبداللّٰہ رجل منا اهلا لبیت قال ای واللّٰہ جعلت فداك لأن عیسیٰ بن عبداللّٰہ من اهل قم فکیف یکون منکم اهل البیت قال یا یونس ان عیسیٰ بن عبداللّٰہ رجل منا حی وهو منامیت

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

جناب یونس نے بیان کیا ہے کہ میں مدینہ منورہ میں تھا۔ میں بعض اوقات جعفر بن محمد علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتا تھا۔ ایک دن میں آپؑ کے پاس موجود تھا کہ آپؑ نے فرمایا: اے یونس! جاؤ اور دروازے پر ہمارے اہلِ بیتؑ میں سے ایک شخص ہے اُس کو اپنے ساتھ اندر لے آؤ۔ میں گیا' میں نے دیکھا کہ عیسیٰ بن عبداللہ دروازے پر بیٹھا ہوا ہے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ پس اس نے جواب دیا: میں اہلِ قم میں سے ہوں۔ وہ بیان کرتا ہے: کچھ دیر ہی کے بعد حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام اپنی سواری پر جلدی سے آئے اور گھر میں داخل ہوگئے اور ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: تم دونوں اندر آجاؤ۔ پھر فرمایا: اے یونس! میں گمان کرتا ہوں کہ تو نے میرے قول کے بارے میں شک کیا ہے کہ یہ عیسیٰ بن عبداللہ جو اہلِ قم میں سے ہے ہماری اہلِ بیتؑ میں سے ہے۔ میں نے عرض کیا: خدا کی قسم! میں آپؑ پر قربان ہوجاؤں ایسے ہی ہے۔ یہ عیسیٰ بن عبداللہ جو قم کا رہنے والا ہے وہ آپؑ کی اہلِ بیتؑ سے کیسے ہوسکتا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: اے یونس! یہ عیسیٰ بن عبداللہ وہ شخص جو ہمارے ساتھ زندہ ہے اور ہمارے ساتھ رہے گا (یعنی اس کا مرنا اور جینا ہمارے لیے ہے' ہماری اطاعت میں ہے)۔

https://downloadshiabooks.com/

## فقراء امیروں سے ۴۰ سال پہلے جنت میں جائیں گے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد عن أبیه عن سعد بن عبداللہ عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن حسن بن محبوب عن العلا بن رزین عن عبداللہ بن ابی یعفور عن ابی جعفر (ع) قال ان فقراء المؤمنین ینقلون فی ریاض الجنة قبل اغنیائهم باربعین خریفا ثم قال سأضرب لك مثال ذلك انما مثال ذلك مثل سفینتین مربهما علی عاشر فنظر فی احدهما فلم یجد شیئا فقال اسروا بها ونظر فی الاخری فاذا هی موقرة فقال احبسوها۔

**حدیث نمبر 7:** (بحذف اسناد)

جناب عبداللہ بن ابویعفور نے حضرت ابوجعفر امام باقر علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے آپؑ نے فرمایا:

مومنین میں سے جو فقراء ہیں وہ امیروں سے جنت کے باغ میں چالیس بہاریں پہلے داخل ہوں گے۔ پھر آپؑ نے فرمایا: آپ کے لیے میں ایک مثال بیان کرتا ہوں۔ اس کی مثال دو کشتیوں کی ہے جو دونوں ایک پولیس چوکی سے گزریں اور ان میں سے ایک خالی ہے اور اس میں کوئی چیز پولیس والوں کو نہیں ملتی تو وہ اس کو جانے دیں اور دوسری وہ ہے کہ جس میں دیکھتے ہیں کہ خلافِ قانون سامان موجود ہے پس وہ اس کو روک لیں گے۔

## مومنین کے عیب تلاش کرنے والا رسوا ہوگا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد رحمه اللہ عن سعد بن عبداللہ عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن محمد بن سنان عن اسحاق بن عمار عن ابی عبداللہ علیه السلام قال قال رسول اللہ (ص) یامعشر من آمن

https://downloadshiabooks.com/

بلسانه ولم يسأل الايمان الى قلبه لا تتبعوا عورات المؤمنين ولا تذموا المسلمين فانه من تتبع عورات المؤمنين تتبع الله عوراته ومن تتبع الله عوراته فضحه في جوف بيته —

حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ حسین علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اے لوگو! جو شخص (تمہارے سامنے) زبان سے ایمان کا اقرار کرے اُس کے دل کے ایمان کے بارے میں سوال نہ کرو اور مومنین کے عیب تلاش نہ کرو اور مسلمانوں کی مذمت نہ کرو کیونکہ جو شخص مومنین کے عیب تلاش کرنا شروع کرے گا اللہ اس کے عیبوں کو ظاہر کرے گا اور جس کے عیب اللہ ظاہر کردے گا وہ اپنے گھر کے اندر بھی رسوا ہو جائے گا۔

## تمام انبیاءؑ بھی ہماری ولایت کے ساتھ مبعوث ہوئے ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر بن محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثني﴾ ابو العباس محمد بن محمد بن سعد الهمداني ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن علي بن الحسن ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن عن محمد بن سنان عن عبد الله القضباني عن ابي بصير قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد عليه السلام يقول ان ولايتنا ولاية الله عزوجل التي لم يبعث نبي قط الا بها ان الله عز اسمه عرض ولايتنا على السموات والأرض والجبال والأمصار فلم يقبلها قبول اهل الكوفة وان الى جانبهم لقبرا مالقاه مكروب الا نفس الله كربته واجاب دعوته وقلبه الى اهله مسروراً—

حدیث نمبر 9: (بحذف اسناد)

https://downloadshiabooks.com/

جناب ابوبصیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا ہے وہ فرماتے ہیں: ہماری ولایت اللہ تعالیٰ کی ولایت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو مبعوث نہیں کیا مگر ہماری ولایت کے اقرار کے ساتھ پھر اللہ تعالیٰ نے ہماری ولایت کو آسمانوں زمین پہاڑوں اور شہروں سب پر پیش کیا۔ کوفہ کی مثل کسی نے بھی اس کو قبول نہیں کیا اور اس کی ایک جانب ہماری قبور ہیں اور جو غم زدہ بھی اس جگہ آئے گا اللہ اس کے کرب وغم کو دور کرے گا اور اس کی دعا کو قبول کرے گا اور اس کا دل اپنے اہل کے لیے مسرور ہوگا۔

## عبدالملک بن مروان کے اشعار

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبیداللّٰہ محمد بن عمر المرزبانی ﴿قال حدثنا﴾ حنظلة ابوغسان ﴿قال حدثنا﴾ ابوالمنذر هشام بن محمد بن السائب عن محرز عن جعفر مولی ابی هریرة قال دخل ارطاة بن سمینة علی عبدالملك بن مروان وقد اتت علیه مائة وثلاثون سنة فقال له عبدالملك بن مروان ما بقی من شعرك یا ارطاة قال واللّٰه یا امیرالمؤمنین ما اطرب ولا اغضب ولا اشرب ولا یجیئنی الشعر الاعلی هذا غیر انی الذی اقول:

رأیت المرء یأکله اللیالی — کأکل الأرض ساقطة الحدید

وما تبقی المنیة حین تأتی — علی نفس ابن آدم من مزید

واعلم انها ستسکر حتی — توفی نذرها بابی الولید

قال فارتاع عبدالملك وکان یکنی ابا الولید فقال ارطاة انما عنیت نفسی یاامیرالمؤمنین وکان یکنی ارطاة بابی الولید فقال عبدالملك وانا واللّٰه سیمر بی الذی بمربك وصلی اللّٰه علی سیدنا محمد النبی الامی وآله

https://downloadshiabooks.com/

الطاھرین وسلم تسلیماً۔

**حدیث نمبر 10: (بحذف اسناد)**

ابو ہریرہ کے غلام جعفر نے بیان کیا ہے: عبدالملک بن مروان کے پاس ارطاۃ بن سمینہ آیا۔ اُس کی عمر ایک سو تیس سال تھی۔ پس عبدالملک بن مروان نے اس سے کہا: اے ارطاۃ! تیرے تو بال ہی ختم ہوگئے ہیں۔ اس نے کہا: اے امیر! میں اتنی عمر کا ہو چکا ہوں' میں نے کبھی کوئی سُرنہیں لگایا نہ ہی میں نے کبھی غصہ کیا ہے اور نہ ہی میں نے شراب نوشی کی ہے اور نہ ہی میں نے کبھی کوئی شعر پڑھے ہیں سوائے ان اشعار کے۔

رأیت المرء یاکله اللیالی　　　كاكل الأرض ساقطة الحدید

''میں نے ایک شخص کو دیکھا جس کو زمانے کی راتیں اس طرح کھا رہی ہیں جس طرح زمین پر گرے ہوئے لوہے کو کھا رہی ہے''۔

وما تبقی المنیة حین تأتی　　　علی نفس ابن آدم من مزید

''اور جب انسان موت کے شکنجے میں پھنس جاتا ہے تو موت پھر اس کو مزید مہلت نہیں دیتی''۔

واعلم انها ستسکر حتی　　　توفی نذرھا بابی الولید

''اور تو جان لے کہ مجھے موت عنقریب گھیر لے گی' یہاں تک کہ اس کا لشکر ابن الولید کو بھی فنا کر دے گا''۔

راوی بیان کرتا ہے: عبدالملک بن مروان ڈر گیا اور وہ مجھے ابوالولید کی کنیت سے پکارتا تھا۔ پس ارطاۃ نے کہا: اے امیر! آپ نے میرا ارادہ کیا ہے (یعنی مجھے آواز دی ہے) اور میری کنیت ارطاۃ ابوالولید ہے۔ پس عبدالملک بن مروان نے کہا: اللہ کی قسم! میرے ساتھ بھی وہی گزر رہا ہے جو تیرے ساتھ گزر رہا ہے۔

○○○

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 18

[بروز ہفتہ ۲۴ شعبان سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## خوفِ خدا میں رونے والی آنکھ

مما سمعه ابوالفوارس وحده وسمعته و ابو عبدالرحمٰن اخی وسمع الحسین ابن النیشاپوری من لفظ الشیخ الجلیل ﴿حدثنا﴾ المفید محمد بن محمد ابن النعمان ادام الله تأییده ﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد ابن قولویه رحمه الله عن أبیه عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عیسٰی الأشعری عن الحسن بن محبوب عن هشام بن سالم عن محمد بن مروان عن ابی جعفر الباقر علیه السلام قال سمعته یقول ما اغر ورقت عین بمائها من خشیة الله عزوجل الأحرم جسدها علی النار ولافاضت دمعة علی خد صاحبها فرهق وجهه قتر ولاذلة یوم القیمة وما من شیئ من اعمال الخیر الاوله وزن واجر الا الدمعة من خشیة الله فان الله یطفی بالقطرة منها بحاراً من نار یوم القیمة وان الباکی لیبکی من خشیة الله فی امة فیرحم الله تلك الامة ببکاء ذلك المؤمن فیها ۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

محمد بن مروان نے حضرت ابوجعفر الباقر علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ راوی بیان کرتا ہے کہ میں نے آپؑ سے سنا کہ آپؑ فرما رہے تھے: ایسی کوئی آنکھ نہیں جو اللہ

https://downloadshiabooks.com/

تعالیٰ کے خوف سے آنسو بہائے اور اللہ تعالیٰ اس کے جسم پر جہنم کو حرام قرار نہ دے۔ اور وہ آنسو جو آنکھوں سے بہتا ہے اور وہ اپنے صاحب کے رخساروں پر جاری ہوگا' پس اللہ تعالیٰ اس چہرے کو قیامت کے دن ذلیل و رسوا نہیں کرے گا۔ اور کوئی نیک عمل ایسا نہیں ہوگا مگر اس کے لیے اجر و وزن ہوگا۔ آگاہ ہو جاؤ' اللہ کے خوف سے ایک آنسو جو جاری ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس آنسو کے ایک قطرہ سے قیامت کے دن کی آگ کے ایک سمندر کو خاموش کر دے گا اور تحقیق ایک رونے والا جو اللہ کے خوف سے کسی قوم کے حال پر گریہ کرے گا اللہ تعالیٰ اس ایک مومن کے گریہ کی وجہ سے پوری قوم پر رحم فرما دے گا۔

## علامات امامِ زمانہؑ کے ظہور کی

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن موسیٰ الحضرمی ﴿قال حدثنا﴾ مالك بن عبیدالله بن یوسف ﴿قال حدثنا﴾ علی بن معبد ﴿قال حدثنا﴾ اسحاق بن یحییٰ الکعبی عن سفیان الثوری عن منصور الربعی عن حراش عن حذیفة بن الیمان قال سمعت رسول الله (ص) یقول یمیز الله اولیائه واصفیائه حتیٰ تطهر الأرض من المنافقین والضالین وابناء الضالین وحتیٰ تلتقی بالرجل خمسون امرأة هذه تقول یاعبدالله اشترنی وهذه تقول یاعبدالله آونی ۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب حذیفہ یمانی رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے' آپ فرماتے ہیں:

اللہ تعالیٰ اپنے اولیاء اور دوستوں کو زمین پر ایک سے جدا کرے گا اور زمین کو منافقین و گمراہ اور تمام گمراہ ہونے والوں کی اولادوں سے پاک کرے گا۔ یہاں تک کہ

https://downloadshiabooks.com/

اس وقت ایک مرد کو پچاس عورتیں ملیں گی۔ ہر عورت یہ کہے گی: اے عبدِ خدا! مجھے خرید لو اور دوسری آواز دے گی: مجھے خرید لو۔

## علی علیہ السلام کے بارے میں شک کرنے والے کا حشر

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ ابو عبدالله الأسدی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن عبدالله العلوی المحمدی ﴿قال حدثنا﴾ یحییٰ بن هاشم السمسار الغسانی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالصباح عن عبدالغفور الواسطی عن عبدالله بن محمد القرشی عن ابی علی الحسن بن علی الراسی عن الضحاك بن مزاحم عن ابن عباس رحمه الله قال قال رسول الله (ص) الشاك فی فضل علی بن ابی طالب علیه السلام یحشر یوم القیمة من قبره وفی عنقه طوق من نار فیه ثلاثمائة شعبة علی کل شعبةٍ شیطان یکلح فی وجهه ویتفل فیه۔

**حدیث نمبر 3: (بحذفِ اسناد)**

جناب ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

جو شخص علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے بارے میں شک کرے گا اُس کو قیامت کے دن اُس کی قبر سے اس طرح محشور کیا جائے گا کہ اس کی گردن میں آگ کا ایک طوق ہوگا، جس کے تین سو کانٹے ہوں گے اور ہر کانٹا شیطان ہوگا جو اس کو منہ چڑھائے گا اور اس کے منہ پر تھوکے گا۔

## میں سردار ہوں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد الکاتب ﴿قال حدثنا﴾

https://downloadshiabooks.com/

الحسن بن علی الزعفرانی ﴿قال حدثنی﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنا﴾ اسماعیل بن ابان ﴿قال حدثنا﴾ فضل بن الزبیر عن عمران بن میثم عن عبایة الأسدی قال سمعت علیا علیه السلام یقول انا سید الشیب وفی سنة من أیوب و واللہ لیجمعن اللہ لی اهلی کما جمعوا لیعقوب۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا: میں شیب کا سردار ہوں اور ایوب علیہ السلام کے ہم سن ہوں۔ اللہ تعالیٰ میرے خاندان کو میرے لیے اس طرح جمع فرمائے گا جس طرح یعقوب علیہ السلام کے لیے اس نے جمع کیا تھا۔

## وَیَتلُوہُ شَاهِدٌ مِّنہُ سے مراد میں ہوں

﴿قال أخبرنی﴾ علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ علی بن عبداللہ بن راشد الاصفهانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنا﴾ اسماعیل بن ابان ﴿قال حدثنا﴾ الصباح بن یحییٰ المزنی عن الأعمش عن المنهال بن عمر عن عباد بن عبداللہ قال قدم رجل الی امیرالمؤمنین علیه السلام فقال یا امیرالمؤمنین اخبرنی عن قول اللہ افمن کان علی بینة من ربه ویتلوه شاهد منه قال قال رسول اللہ (ص) الذی کان علی بینة من ربه وانا الشاهد له ومنه والذی نفسی بیده ما احد جرت علیه المواسی من قریش الا وقد نزل اللہ فیه من کتابه طائفة والذی نفسی بیده لأن یکونوا یعلمون ما قضی اللہ لنا أهل البیت علی لسان النبی (ص) الأمی احب الی من ان یکون لی ملء هذه الرحبة ذهبا واللہ ما مثلنا فی هذه الامة الا کمثل سفینة نوح او کباب حطة فی بنی اسرائیل۔

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

حضرت عباد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے امیر المومنینؑ! اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں فرمائیں: اَفَمَن کَانَ عَلٰی بَیِّنَۃٍ مِّن رَّبِّہٖ وَیَتلُوۡہُ شَاھِدٌ مِّنۡہُ

آپؑ نے فرمایا: عَلٰی بَیِّنَۃٍ سے مراد حضرت رسولِؐ خدا ہیں اور شاھد منہ سے مراد میں ہوں۔ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں علیؑ کی جان ہے جس کسی نے بھی قریش (یعنی بنو ہاشم) میں سے کسی ایک کے ساتھ بھی کوئی نیکی کی ہے اس کے حق میں کتابِ خدا میں کوئی نہ کوئی آیت ضرور نازل ہوئی ہے۔ مجھے قسم ہے اس ذات کی اگر تم لوگ جان جاتے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم اہلِ بیتؑ کے بارے میں اپنے رسولؐ کی زبان پر جو کچھ جاری فرمایا ہے وہ مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میرے لیے یہ کشادہ میدان سونے سے پُر ہو جائے۔ خدا کی قسم! ہماری اس اُمت میں مثال کشتی نوح علیہ السلام جیسی ہے اور ہماری اس میں مثال اس باب حطہ جیسی ہے جو بنی اسرائیل میں ہوتا تھا۔ (بنی اسرائیل میں ایک دروازہ تھا جس کا نام حطۃ تھا ''یعنی مغفرت''۔ بنو اسرائیل والے جب کوئی گناہ کرتے تھے تو وہ اس دروازے سے حِطَّۃٌ حِطَّۃٌ کہہ کر گزر جاتے تھے تو اللہ تعالیٰ ان کو معاف کر دیتا تھا۔ ایسے ہی اگر اس امت کے گناہگار اپنے دل میں آلِ محمدؐ کی محبت لے کر جائیں گے تو اللہ ان کو بھی معاف کر دے گا۔ مترجم)

## امیر المومنینؑ کا اپنے اصحاب کو خطبہ دینا

﴿قال اخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد بن حبیش الکاتب قال حدثنا الحسن بن علی الزعفرانی قال حدثنا ابراھیم بن محمد الثقفی قال

https://downloadshiabooks.com/

حدثنا محمد بن اسماعيل عن زيد بن المعدل عن يحيیٰ بن صالح عن الحرث بن حضيرة عن ابی صادق عن جندب بن عبداللّٰه الازدی قال سمعت اميرالمؤمنين عليه السلام يقول لأصحابه وقد استفزهم اياما الی الجهاد فلم ينفروا ايها الناس انی ويدعوكم قد استفزتكم فلم تنفروا ونصحت لكم فلم تقبلوا فانتهم شهود كاغياب وصم وذووا اسماع اتلوا عليكم الحكمة واعظكم بالموعظة الحسنة واحثكم علی جهاد عدوكم الباغين فما اتی علی آخر منطقی حتیٰ اراكم متفرقين ايادی سبا فاذا انا كففت عنكم عدتم الی مجالسكم حلقا عزين تضربون الأمثال وتتناشدون الأشعار وتسألون عن الأخبار وقد نسيتم الاستعداد للحرب وشغلتم قلوبكم بالاباطيل تربت ايديكم اغزوكم القوم قبل ان يغزوكم فواللّٰه ما غزی قوم قط فی عقر ديارهم الا ذلوا وايم اللّٰه ما اراكم تفعلون حتیٰ يفعلوا ولو ددت انی لقيتهم علی نيتی وبصيرتی فاسترحت من مقاساتكم فما انتم الا كابل جمة ضل راعيها فكلما ضمت من جانب انتشرت من جانب آخر واللّٰه لكانی بكم لو حمی الوغی وحم البأس قد انفرجتم عن علی بن ابی طالب انفراج المرأة عن قبلها فقام اليه الأشعث بن قيس الكندی فقال له يا اميرالمؤمنين فهلا فعلت كما فعل ابن عفان فقال له (ع) (ياعرف النار) ويلك ان فعل ابن عفان لمخزاة علی من لادين له ولا حجة معه فكيف وانا علی بينة من ربی الحق فی يدی واللّٰه ان امرء يمكن عدوه من نفسه يخدع لحمه ويهشم عظمه ويفری جلده ويسفك دمه لضعيف ما ضمت عليه جوارح صدره انت فكن كذلك ان احببت اما انافدون اذ اعطی ذلك ضربا بالمشرفی يطير منه فراش الهام وتطيح منه الأكف والمعاصم ويفعل

https://downloadshiabooks.com/

اللّٰہ بعد مایشاء۔

فقام ابوایوب الأنصاری خالد بن زید صاحب منزل رسول اللّٰہ (ص)

فقال أیھا الناس ان امیرالمؤمنین من کانت له اذن واعیة وقلب حفیظ ان اللّٰہ قد اکرمکم بکر امة لم تقبلوھا حق قبولھا انه ترك بین اظھرکم ابن عم نبیکم وسیدالمسلمین من بعدہ یفقھکم فی الدین ای جھاد الملحدین فکانکم صم لا تسمعون او علی قلوبکم غلف مطبوع علیھا فانتم تعقلون أفلا تستحون عباد اللّٰہ الیس انما عھدکم بالجور والعدوان امس قد شمل البلاء وشاع فی البلاد فذو حق محروم وملطوم وجھه وموطوء بطنه وملقی بالعراء یسفی علیه الاعاصیر الایکنه من الحر والقر وصھر الشمس والضح الا الاثواب الھامدة وبیوت الشعر البالیة حتّٰی جائکم اللّٰہ بامیرالمؤمنین علیه السلام فصدع بالحق ونشر العدل وعمل بما فی الکتاب یاقوم فاشکروا نعمة اللّٰہ علیکم ولا تولوا مدبرین ولا تکونوا کالذین سمعنا وھم لا یسمعون اشحذوا السیوف واستعد والجھاد عدوکم واذا دعیتم فأجیبوا واذا امرتم فاسمعوا واطیعوا وما قلتم فلیکن وما امرتم فکونوا بذلك من الصادقین ۔

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

جناب جندب بن عبداللہ ازدی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے سنا ہے کہ امیرالمؤمنین علی علیہ السلام اپنے اصحاب سے فرمارہے تھے:

اے لوگو! میں تم کو پکارتا ہوں، دعوت دیتا ہوں اور جہاد کے لیے بلاتا ہوں اور تم جہاد کی طرف کوچ نہیں کرتے۔ میں تم کو نصیحت کرتا ہوں تم قبول نہیں کرتے۔ تم موجود ہونے کے باوجود غائب ہو۔ کان رکھنے کے باوجود بہرے ہو۔ میں تمھارے لیے حکمت کو

https://downloadshiabooks.com/

بیان کرتا ہوں۔ میں تم کو موعظہ حسنہ کے ساتھ وعظ کرتا ہوں۔ میں تم کو تمھارے دشمنوں جو باغی ہیں ان کے مقابلے میں جہاد کے لیے آمادہ کر رہا ہوں اور میں اپنی گفتگو کے آخر تک نہیں پہنچتا کہ تم تتر بتر ہو جاتے ہو اور جب میں تم کو وعظ ختم کرتا ہوں تو تم پھر حلقے بنا کر بیٹھ جاتے ہو، مثالیں بیان کرتے ہو، اشعار کہتے ہو اور ایک دوسرے سے نئی و پرانی خبروں کے بارے میں سوال کرتے ہو۔ جنگ کی استعداد تم میں ختم ہو رہی ہے۔ تمھارے دل باطل میں مشغول ہو رہے ہیں اور تمھارے ہاتھ خشک ہو رہے ہیں۔ اُٹھو! اس قوم کے خلاف جنگ کرو قبل اس کے وہ تمھارے خلاف جنگ کرنے کے لیے آ جائیں۔ خدا کی قسم! جو قوم اپنے گھروں کے درمیان جنگ کرتی ہے وہ ذلیل ہو جاتی ہے۔ خدا کی قسم! میں تم کو دیکھ رہا ہوں کہ تم غافل ہو چکے ہو۔ اسی وجہ سے ایسا کر رہے ہو اور میں چاہتا ہوں کہ تم اپنی نیت اور بصیرت کے ساتھ ان سے ملاقات کرو، پس تمھاری ان قیاس آرائیوں سے میں راحت پا سکوں۔ تمھاری مثال ان اُونٹوں کے گروہ کی مانند ہے کہ جب بھی اُونٹ چرانے والا ایک طرف سے ان کو اکٹھا کرتا ہے تو وہ دوسری طرف منتشر ہو جاتے ہیں۔ خدا کی قسم! میں تمھارے لیے فضول دعوت دینے والا، شور کرنے والا اور تم جاؤ علی ابن ابی طالب سے دُور ہو جاؤ، جس طرح بیوی اپنے شوہر سے دُور ہوتی ہے۔

پس آپ کے سامنے اشعث بن قیس کندی کھڑا ہوا اور کہا: اے امیر المومنینؑ! کیا آپ بھی ہمارے ساتھ ایسے ہی کرنا چاہتے ہیں جو ابن عفان نے کیا تھا۔ پس آپؑ نے فرمایا: اے جہنم کے ایندھن! تیرے لیے ویل ہے۔ اگر عثمان ابن عفان نے ایسا کیا تھا تو اس کے لیے دین نہیں تھا۔ اس کے پاس کوئی دلیل نہیں تھی بھلا میں کیسے ایسا کر سکتا ہوں جبکہ میں اپنے رب کی طرف سے واضح نشانی کے ساتھ ہوں اور حق میرے ہاتھ میں ہے اور خدا کی قسم! انسان کے لیے ممکن ہے کہ اپنے نفس کا دشمن ہو جائے اور وہ اپنے گوشت کو دھوکا دے اور اپنی ہڈی کو توڑ دے اور اپنی جلد کو زخمی کرے اور اپنا خون بہا دے۔ اس کی

https://downloadshiabooks.com/

کمزوری کی وجہ سے وہ اپنے جوارحِ صدر پر ضامن نہیں ہے۔ پس تو ایسا کر سکتا ہے اگر تو چاہتا ہے۔

پس جناب ابوایوب انصاری خالد بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کے گھر میں رسول اکرمؐ نے قیام فرمایا تھا وہ کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے لوگو! یہ امیرالمومنینؑ وہ ہیں جن کے لیے سننے والے کان اور حفیظ دل اللہ نے قرار دیا ہے۔ تحقیق اللہ تعالیٰ نے آپ لوگوں کو ایسی کرامت سے نوازا ہے اور تم اس کو قبول نہیں کر رہے، جس طرح اس کو قبول کرنے کا حق ہے۔ تمھارے نبی کے چچا کا بیٹا ہے جو تمھارے درمیان وہ چھوڑ کر گئے ہیں جو تمام مسلمانوں کے سردار ہیں اور تم سب سے زیادہ دین میں سمجھ رکھتا ہے۔ وہ تم کو منکرین کے ساتھ جہاد کرنے پر آمادہ کر رہا ہے اور تم ایسے بہرے ہو کہ سنتے ہی نہیں یا تمھارے دل پر مہریں لگ چکی ہیں اور اس پر پردے پڑ چکے ہیں۔ پس تم کیسے عقل مند ہو کہ تم اللہ کے بندوں کی حیا ہی نہیں کرتے۔ کیا اللہ نے تم سے ظلم و عداوت کا عہد لیا ہے۔ کل تک تمہاری حالت یہ تھی کہ فتنے میں گھر کر چکے تھے اور تمام آبادیوں میں پھیل چکے تھے۔ پس ان میں ہر صاحب حق محروم تھا۔ ہر شخص پر ظلم ہو رہا تھا۔ اس کے بطن کو پھاڑا جا رہا تھا اور تمھاری عزتوں کو پامال کیا جا رہا تھا اور تمھاری عزتیں خاک میں ملائی جا رہی تھیں۔ کوئی گرمی اور سردی، دھوپ اور سورج کی گرمی سے پناہ نہیں تھی سوائے ان بوسیدہ کپڑوں کے اور یہ بالوں کے بوسیدہ کپڑے کے بنے ہوئے خیموں سے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے تمھاری طرف اپنا امیرالمومنین بھیجا جس نے حق کو بلند کیا ہے اور عدل کو عام کیا ہے اور کتابِ خدا پر عمل کروایا ہے۔

اے قوم! اللہ تعالیٰ نے جو نعمتیں تم کو عطا کی ہیں ان کا شکریہ ادا کرو۔ کفرانِ نعمت کرنے والے نہ بن جاؤ۔ ان لوگوں کی مانند نہ ہو جاؤ جو یہ کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا ہے جب کہ وہ سنتے نہیں ہیں۔ تم اپنی تلواروں کو تیز کرو اور اپنے دشمن کے خلاف جہاد کرنے کے

https://downloadshiabooks.com/

لیے آمادہ ہو جاؤ اور جب تم لوگوں کو پکارا جائے تو اس پر لبیک کہو۔ اور جب تمہیں حکم دیا جائے تو اس وقت اس کی اطاعت کرو اور جو کچھ تم سے کہا جائے اُس پر حکم کی پیروی کرنے والے ہو جاؤ' تا کہ تم اس طرح صادقین میں سے ہو جاؤ۔

## پرہیزگاری اور زُہد جنت کا باعث ہے

﴿قال أخبرنا﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن بن الوليد رحمه الله عن أبيه عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسىٰ عن الحسن بن محبوب عن ابراهيم الكوفي قال سمعت جعفر بن محمد ابا عبدالله (ع) يقول لا يجمع الله لمؤمن الورع والزهد في الدنيا الا رجوت الجنة ثم قال واني احب للرجل المؤمن منكم اذا قام في صلوته في ان يقبل بقلبه الى الله تعالى ولا يشغله بامر الدنيا فليس من مؤمن يقبل بقلبه في صلوته الى الله والا اقبل الله اليه بوجهه واقبل بقلوب المؤمنين اليه بالمحبة له بعد حب الله اياه

**حدیث نمبر 7:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوعبداللہ جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کسی مومن میں ورع اور زہد کو جمع نہیں کرتا مگر اس کی جزا و اجر جنت ہوتا ہے۔ پھر آپؑ نے فرمایا: میں تم میں سے اس مردِ مومن سے محبت کرتا ہوں جو نماز کے لیے کھڑا ہو' اس کا دل اللہ کی طرف ہو اور کسی امرِ دنیا نے اس کے دل کو اپنے میں مشغول نہ کر لیا ہو۔ پس کوئی مومن ایسا نہیں ہے کہ جس کا دل نماز میں اللہ تعالیٰ کی طرف ہو مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ بھی اپنا رخِ انور (یعنی رحمت کا رخ) اس کی طرف کر دے گا اور مومنین کے دلوں کو اس کی طرف محبت کے ساتھ متوجہ کر دے گا جبکہ وہ خود بھی اس سے محبت کرتا ہو گا۔

https://downloadshiabooks.com/

# تمام مومنین بھائی ہیں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوحفص عمر الصیرفی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن همام الکاتب الاسکافی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن جعفر الحمیری ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن عیسٰی الأشعری ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن ابراهیم ﴿قال حدثنا﴾ الحسین بن زید عن جعفر بن محمد عن أبیه قال قال رسول الله (ص) المؤمنون اخوة یقضی بعضهم حوائج بعض فبقضاء بعضهم حوائج بعضهم یقضی الله حوائجهم القیمة وصلی الله علی سیدنا محمد النبی وآله وسلم۔

<u>حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)</u>

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمام مومنین آپس میں ایک دوسرے کے بھائی بھائی ہیں اور ایک دوسرے کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ پس بعض کا بعض کی ضروریات کو پورا کرنے سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان کی ضروریات کو پورا کرے گا۔

صلی اللہ علی سیدنا محمد النبی وآلہ وسلم

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 19

[بروز ہفتہ یکم رمضان المبارک سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## ایمان کا مضبوط ترین ستون

وحضره الاخ ابقاه الله حدثنی الشیخ الجلیل المفید محمد بن محمد بن النعمان ادام الله تأییده قال ابوالحسن احمد بن محمد بن الولید عن أبیه عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عیسیٰ عن الحسن بن محبوب عن مالك بن عطیة عن سعید الاعرج عن ابی عبدالله جعفر بن محمد الصادق (ع) ان من اوثق عری الایمان ان تحب فی الله وتبغض فی الله وتعطی فی الله وتمنع فی الله۔

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے فرمایا: ایمان کا مضبوط ترین گوشہ یا ستون یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرو اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہی کسی سے دشمنی رکھو۔ اگر کسی کو کچھ عطا کرو وہ بھی اللہ کی محبت میں اور اگر کسی کو کسی چیز سے روکو وہ بھی اللہ کی محبت کی خاطر۔

## جو جس سے محبت کرے گا وہ اُس کے ساتھ ہوگا

﴿قال أخبرنی﴾ ابونصر محمد بن الحسین المقری ﴿قال حدثنا﴾

https://downloadshiabooks.com/

ابوعبداللہ الحسین بن محمد الأسدی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبداللّٰہ جعفر بن عبداللّٰہ المحمدی ﴿قال حدثنا﴾ یحییٰ بن ھاشم الغسانی قال ابوالمقوم یحییٰ ثعلبة الأنصاری عن عاصم بن ابی النجود عن زر بن حبیش عن عبداللّٰہ بن مسعود قال کنا مع النبی (ص) فی اسفارہ اذ ھتف بنا اعرابی بصوت جھوری فقال یامحمد فقال له النبی ما تشاء فقال المرء یحب القوم ولا یعمل باعمالھم فقال النبی (ص) مع من احب فقال یامحمد اعرض علی الاسلام فقال اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ وانی رسول اللّٰہ وتقیم الصلوٰۃ وتوتی الزکوٰۃ وتصوم شھر رمضان وتحج البیت فقال یامحمد تأخذ علی ھذا اجراً فقال لا الا المودۃ فی القربیٰ قال قرباي او قرباك فقال بل قرباي قال ھلم یدك حتی ابایعك لاخیر فیمن یودك ولا یود قرباك

**حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)**

جناب عبداللہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ہم رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک سفر پر جا رہے تھے۔ ایک اعرابی نے بلند آواز سے پکارا: اے محمدؐ! پس نبی اکرمؐ نے فرمایا: (اے عبدِ خدا) تو کیا چاہتا ہے؟ اس نے عرض کیا: ایک بندہ ہے وہ ایک قوم سے محبت کرتا ہے لیکن ان کے اعمال پر عمل نہیں کرتا اس کے بارے میں کیا ہے؟

آپؐ نے فرمایا: وہ جن کے ساتھ محبت کرتا ہے ان کے ساتھ ہوگا۔ اس نے عرض کیا: آپ اسلام کو میرے سامنے بیان کریں۔

آپؐ نے فرمایا: اسلام یہ ہے اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ وانی محمد رسول اللّٰہ کی گواہی دینا' نماز قائم کرنا' زکوٰۃ ادا کرنا' رمضان کے روزے رکھنا' بیت اللہ کا حج کرنا۔ پس اس اعرابی نے کہا: اے محمدؐ! کیا اس کے ساتھ اجر وثواب ملے گا۔ آپؐ نے فرمایا: نہیں۔ مگر جب تک قربیٰ سے مودت نہ کی جائے۔ اس نے عرض کیا: کیا یہ قربیٰ سے

https://downloadshiabooks.com/

مراد میرے قریبی ہیں یا آپؐ کے۔ آپؐ نے فرمایا: اس سے مراد میرے قریبی ہیں۔ پس اس مرد نے کہا: یارسولؐ اللہ! آپ اپنا ہاتھ میرے قریب کریں تاکہ میں آپؐ کی بیعت کروں جو آپؐ سے محبت کرے اور آپؐ کے قربیٰ کے ساتھ محبت نہ کرے اس کے لیے کوئی خیر نہیں ہے۔

## میں قرآن کی ہر آیت کے بارے میں جانتا ہوں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ علی بن عبدالله بن اسد الاصفهانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنا﴾ القتاد ﴿قال حدثنا﴾ علی بن هاشم عن أبیه عن سعید بن المسیب قال سمعت یحییٰ بن ام الطویل یقول سمعت امیرالمؤمنین علی ابن ابی طالب علیه السلام یقول ما بین لوحی المصحف من آیة الا وقد علمت فیمن نزلت واین نزلت فی سهل او جبل وان بین جوانحی لعلما جما قال سلونی قبل ان تفقدونی فانکم ان فقدتمونی لم تجدوا من یحدثکم مثل حدثنی –

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

جناب یحییٰ بن ام طویل بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: قرآن کریم کی کوئی آیت نہیں ہے مگر میں اس کے بارے میں جانتا ہوں کہ وہ کس کے بارے میں نازل ہوئی ہے' کس مقام پر نازل ہوئی ہے' میدان میں یا پہاڑ پر۔ میرے اس سینے میں تمام کا تمام قرآن جمع ہے۔ آپؑ نے فرمایا: مجھ سے سوال کرو قبل اس کے کہ تم مجھے اپنے اندر نہ پاؤ۔ میری مثل تمھیں کوئی نہیں ملے گا جو میری طرح تم سے حدیث بیان کرے۔

https://downloadshiabooks.com/

## میسر رحمۃ اللہ علیہ کا امام صادق علیہ السلام سے سوال

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد رحمه الله عن أبيه عن سعد ابن عبدالله احمد بن محمد بن سنان عن عبدالکریم بن عمرو او ابراهيم بن راحة جميعا ﴿قال حدثنا﴾ ميسر قال قال لی ابوعبدالله جعفر بن محمد عليه السلام ما تقول فيمن لا يعصی الله فی امره ونهيه الا انه يبره منك ومن اصحابك علی ذلك الامر قال قلت وما عسيت ان اقول وانا بحضرتك قال قل فانی انا الذی امرك ان تقول قال هو فی النار ياميسر ما تقول فيمن يدين الله بماتدينه به وفيه من الذنوب ما فی الناس الا انه مجتنب الكباير قال قلت وما عسيت ان اقول وانا بحضرتك قال قل فانی امرك ان تقول قال قلت فی الجنة قال فلعلك ان تحرج ان تقول هو بالجنة قال قلت لافال لا تحرج فانه فی الجنة ان الله يقول ان تجتنبوا كبائر ما تنهون عنه نكفر عنكم سيأتكم وندخلكم مدخلا كريما –

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

جناب میسر رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام صادق علیہ السلام سے سوال کیا: ایک بندہ جو خدا کی کسی امر اور نہی میں نافرمانی نہیں کرتا صرف اور صرف وہ آپؑ سے اور آپؑ کے اصحاب سے اس امر امامت میں برأت کرتا ہے (یعنی آپؑ کو امامت کا مستحق قرار نہیں دیتا) اس کے بارے میں آپؑ کی رائے اور نظریہ کیا ہے؟

آپؑ نے کہا کہ وہ جہنم میں جائے گا۔ اے میسر! تو اس شخص کے بارے میں کیا کہتا ہے جو اللہ کے ساتھ ایسا ہی سلوک کرتا ہے جو تو نے اس کے ساتھ کیا ہے اور اس میں تمام وہ گناہ ہیں جو دوسرے لوگوں میں نہیں پائے جاتے مگر یہ کہ وہ گناہانِ کبیرہ سے اجتناب کرتا ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ میں نے کہا اگرچہ میں آپ کے سامنے کچھ بھی کہہ

https://downloadshiabooks.com/

سکنے کی صلاحیت نہیں رکھتا پھر بھی میں کہتا ہوں کہ وہ جنت میں جائے گا۔ آپؑ نے فرمایا: مجھے امید تھی کہ آپ یہ کہہ دیں گے شاید وہ جنت میں ہوگا۔ پس آپؑ نے کہا کہ میں کہتا ہوں کہ اس کو جنت سے باہر نہیں ہونا چاہیے کیونکہ اللہ خود ارشاد فرماتا ہے:

''اگر تمام گناہانِ کبیرہ سے اجتناب کرو کہ جن سے ہم نے تمھیں روکا ہے، ہم تمھارے تمام گناہوں کو بخش دیں گے اور ہم تمھیں مقامِ کریم (یعنی جنت میں) داخل کریں گے''۔

## امیرالمؤمنین علیہ السلام کا خطبہ

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن محمد الكاب ﴿قال أخبرني﴾ الحسن ابن علی الزعفرانی ﴿قال حدثنا﴾ ابواسحاق ابراهيم بن محمد الثقفي ﴿قال حدثني﴾ المسعودي ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن حماد عن أبيه ﴿قال حدثني﴾ رزبن بياع الانماط قال سمعت زيد بن علی بن الحسين (ع) يقول حدثني ابی عن أبيه قال سمعت اميرالمؤمنين علی بن ابی طالب (ع) يخطب الناس قال فی خطبته والله لقد بايع الناس ابابكر وانا اولى الناس بهم متی بقميصی هذا فكظمت غيظی وانتظرت امر ربی والصقت كلكلی بالارض ثم ان ابابكر هلك واستخلف عمر وقد علم والله انی اولى الناس بهم منی بقميصی هذا فكظمت غيظی وانتظرت امر ربی ثم ان عمر هلك وقد جعلها شوریٰ فجعلنی سادس ستة كسهم الجدة وقال اقتلوا الأقل وما اراد غير فكظمت غيظی وانتظرت امر ربی والصقت كلكلی بالارض ثم كان من امر القوم بعد بيعتهم لی ما كان ثم لم اجد الا قتالهم او الكفر بالله ـ

https://downloadshiabooks.com/

حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)

حضرت زید بن علی بن حسین علیہما السلام نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے۔ آپؑ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے سنا' آپؑ نے لوگوں کے درمیان خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:

خدا کی قسم! لوگوں نے حضرت ابوبکر کی بیعت کر لی' حالانکہ میں ان تمام لوگوں میں سے زیادہ اس خلافت کے لیے سزاوار تھا۔ پس میں نے اپنے غصے پر کنٹرول کیا اور حکمِ خدا کا انتظار کرتا رہا اور زمین نشین رہا۔ پھر جب حضرت ابوبکر مرنے لگے تو انھوں نے اپنے بعد حضرت عمر کو خلیفہ مقرر کیا حالانکہ وہ جانتے تھے کہ تمام لوگوں میں سے میں اس امر خلافت کا سب سے زیادہ سزاوار ہوں۔ پھر میں نے اپنا غصہ پی لیا اور حکمِ خدا کا انتظار کرتا رہا پھر جب حضرت عمر مرنے لگے تو انھوں نے اس امرِ خلافت کو شوریٰ کے سپرد کر دیا اور اس شوریٰ میں سے چھٹا مجھے بھی قرار دیا۔ ایک معمولی چانس دیتے ہوئے اور ساتھ ہی یہ کہہ دیا کہ اکثریت کا فیصلہ قبول کیا جائے اور اقلیت کو قتل کر دیا جائے اور یہ صرف میرے قتل کا منصوبہ تھا۔ میں نے پھر بھی اپنے غصے پر قابو رکھا اور حکمِ خدا کا انتظار کرتا رہا اور گوشہ نشین رہا۔ پھر اس کے بعد قوم کا معاملہ میرے پاس آیا (یعنی لوگوں نے میری بیعت کر لی) ان کی بیعتوں کے بعد میں ان سے یا جنگ کو پایا ہے یا ان کو اپنے رب سے کفر کرتے ہوئے پایا ہے۔

## جنگِ جمل سے پہلے آپؑ کا لوگوں سے خطبہ

﴿قال أخبرني﴾ ابو القاسم جعفر بن محمد بن قولويه رحمه الله عن سعد بن عبدالله عن احمد بن علوية عن ابراهيم بن محمد الثقفي ﴿قال

https://downloadshiabooks.com/

أخبرنا﴾ محمد بن عمر الرازي ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن المبارك ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن سلمة قال لما بلغ اميرالمؤمنين صلوات الله عليه مسير طلحة والزبير وعايشة من مكة الى البصرة نادى الصلوة جامعة فلما اجتمع الناس حمدالله واثنى عليه ثم قال اما بعد فان الله تبارك وتعالى لما قبض نبيه (ص) قلنا نحن اهل بيته وعصبته و ورثته و اوليائه احق خلائق الله به لا ننازع حقه وسلطانه فبينما نحن على ذلك اذ نفر المنافقون فانتزعوا سلطان نبينا منا و ولوه غيرنا فبكت والله لذلك العيون والقلوب منا جميعا وخشنت والله الصدور وايم الله لولا مخافة الفرقة من المسلمين ان يعودوا الى الكفر ويعود الدين لكنا قد غيرنا ذلك من استطعنا وقد ولى ذلك ولاة ومضوا لسبيلهم ورد الله الامر الى وقد بايعاني وقد نهضا الى البصرة ليفرقا جماعتكم ويلقيا باسكم بينكم اللهم فخذهما لغشهما هذه الامة وسوء نظرهما للعامة فقام ابوالهيثم بن التيهان رحمه الله وقال يا اميرالمؤمنين ان حسد قريش اياك على وجهين اما خيارهم فحسدوك منافسة في الفضل وارتفاعا في الدرجة واما اشرارهم فحسدوك حسداً حبط الله به اعمالهم واثقل بهم اوزارهم وما رضوا ان يساووك حتى ارادوا ان يتقدموك فبعدت عليهم الغاية واسقطهم المضمار وكنت احق قريش بقريش نصرت نبيهم حيا وقضيت عنه الحقوق ميتا والله ما بغيهم الاعلى انفسهم ونحن انصارك واعوانك فمرنا بامرك ثم انشأ يقول:

ان قوما بغوا عليك وكادوك ... وعابوك بالامور القباح

ليس من عيبها جناح بعوض ... فيك حقا ولا كعشر جناح

ابصروا نعمة عليك من الله ... وقرما يدق قرن النطاح

https://downloadshiabooks.com/

واماما تأوی الامور الیه | ولجاما یلین غرب الجماح
کل ما تجمع الاماۃ فیه | ہاشمیا لہ عراض البطاح
حسداً لذی اتاك من اللہ | وعادوا الی قلوب قراح[1]
ونفوس ہناك اوعیۃ البغض | علی الخیر للشفاء شحاح
من مسر یکنہ حجب الغیب | ومن مظہر العداوۃ لاح
یاوصی النبی نحن من الحق | علی مثل بہجۃ الاصباح
فخذ الاوس والقبیل من الخز | رج بالطعن فی الوغی والکفاح
لیس منا من یکن لك فی اللہ | ولیا علی الہدی والفلاح

فجزاہ امیرالمؤمنین علیہ السلام خیراً ثم قال الناس بعدہ کل واحد بمثل مقالہ –

حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)

جناب حسن بن سلمہ سے روایت بیان کی ہے کہ جب طلحہ' زبیر اور حضرت عائشہ کا مکہ سے بصرہ کی طرف جانے کی خبر امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام تک پہنچی تو آپؑ نے لوگوں میں نماز با جماعت کا اعلان کروایا (یعنی یہ اعلان کروایا کہ کوئی بندہ بھی آج جماعت سے غیر حاضر نہ ہو) پس جب تمام لوگ جمع ہوگئے تو آپؑ نے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمدوثنا بیان کی اور بعد میں فرمایا:

امابعد! تحقیق اللہ تعالیٰ نے جب اپنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے پاس بلایا' ہم نے لوگوں سے کہا: اے لوگو! ہم نبیؐ کے اہلِ بیتؑ ہیں' ان کے وارث ہیں اور ان کے قریبی رشتہ دار ہیں اور ان کے دوست ہیں' محبوب ہیں اور اللہ کی تمام مخلوق میں سے ان کے ساتھ زیادہ حق رکھتے ہیں۔ ان کے حق اور سلطنت میں جو ہمارے لیے وہ قرار

---

۱- فی الأبیات الآتیۃ سقط واختلال فی جمیع النسخ

https://downloadshiabooks.com/

دے گئے ہیں اس میں ہمارے ساتھ جھگڑا اور نزاع نہ کرو جبکہ چند منافقین نے حکمِ نبیؐ کی مخالفت کی اور انہوں نے نبیؐ کی خلافت و سلطنت جو ہمارے لیے تھی اس میں ہماری مخالفت کی اور ہمارے غیر کو اپنا ولی اور خلیفہ بنالیا۔ خدا کی قسم! ان کے اس فعل پر ہماری آنکھیں اور دل روئے۔ اور خدا کی قسم! ہمارے سینے تنگ و غم زدہ ہو گئے۔ خدا کی قسم! اگر مسلمانوں کی ایک جماعت کے دوبارہ کافر ہونے کا خطرہ نہ ہوتا اور دین سے پھر جانے کا خوف نہ ہوتا تو ہم اس کو (یعنی معاملۂ خلافت کو) تبدیل کر سکتے تھے اور ہم میں اس کی استطاعت موجود تھی۔ پھر ان والیوں نے امرِ خلافت کو اپنے پاس رکھا' ان کا وقت گزر گیا۔ پھر اللہ نے اس امرِ (خلافت) کو ہماری طرف واپس کر دیا۔ اور تحقیق ان دونوں (طلحہ اور زبیر) نے میری بیعت کی۔ اب وہ دونوں بصرہ کی طرف جا رہے ہیں تاکہ تم مسلمانوں کے اجتماع میں تفرقہ پیدا کریں اور تمھارے درمیان عداوت اور دشمنی کا بیج بوئیں۔ اے میرے اللہ! ان دونوں کو اُٹھا لے تاکہ یہ اُمت ان کے دھوکے سے محفوظ رہے۔

پس ابوالہیثم بن التیہان رحمۃ اللہ علیہ کھڑے ہوئے اور عرض کی: اے امیرالمومنینؑ! ان قریش والوں کا آپ سے حسد دو طرح کا ہے: نیک لوگوں کا آپؑ سے حسد اس وجہ سے ہے کہ وہ آپؑ کے ساتھ مقابلہ کرنا چاہتے ہیں اور آپؑ سے بلند درجہ کی توقع رکھتے ہیں اور قریش کے بُرے لوگ وہ آپؑ سے اس لیے حسد کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس حسد کی وجہ سے ان کے اعمال کو غارت کرے اور ان پر گناہوں کا بوجھ زیادہ سخت کر دے۔ وہ راضی نہیں ہیں کہ آپؑ کے برابر رہیں بلکہ وہ اپنے آپ کو آپؑ سے مقدم کرنا چاہتے ہیں۔ پس ان کی غایتِ قصد کبھی پورا نہیں ہوگا اور ضمیر ان کو گرا دے گا اور آپؑ قریش میں سب سے زیادہ حق رکھتے ہیں کیونکہ آپؑ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں ان کی مدد و نصرت کی ہے اور ان کے اس دنیا سے جانے کے بعد ان کے وعدے پورے فرمائے ہیں۔ خدا کی قسم! ان لوگوں نے کسی کو دھوکا نہیں دیا بلکہ یہ اپنے آپ کو دھوکا دے رہے ہیں۔ ہم

https://downloadshiabooks.com/

آپ کے معاون و مددگار ہیں اور ہم آپ کے امر کی اطاعت کریں گے۔ پھر اس نے یہ اشعار پڑھے:

ان قوما بغوا علیك وكادوك

وعابوك بالامور القباح

''تحقیق ایک قوم نے آپ کے خلاف بغاوت کی ہے اور آپ کے ساتھ مکروفریب کیا ہے اور بُری باتوں کے ساتھ آپ کو معیوب کیا ہے''۔

لیس من عیبها جناح بعوض

فیك حقا ولا كعشر جناح

''جب ان عیبوں میں سے مچھر کے برابر اور اس کا عشرعشیر بھی آپ کے اندر نہیں ہے''۔

ابصروا نعمة علیك من الله

وقرما یدق قرن النطاح

''اور جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر نعمت نازل ہوئی ہے' اس کو بیل کے سینگ بھی چھیل نہیں سکتے''۔

واماما تأوی الامور الیه

ولجاما یلین غرب الجماح

''یہ وہ امام ہے کہ تمام اُمور اس کی طرف پلٹتے ہیں اور منہ زور گھوڑے کی لگام بھی اس کے لیے آسان ہے''۔

كل ما تجمع الاماة فیه

هاشمیا له عراض البطاح

''اگر تمام اُمت جمع ہو جائے تو ان میں ہاشمی سب کے سردار ہیں''۔

https://downloadshiabooks.com/

حسداً لذی اتاك من الله

وعادوا الی قلوب قراح

''اور جو خدا نے آپ کو عطا کیا ہے حسد کرنے والے اپنے حسد سے اپنے بیمار دلوں کا مداوا کرنا چاہتے ہیں''۔

ونفوس هناك اوعیة البغض

علی الخیر للشفاء شحاح

''نفوس یہاں پر بُغض کے سپرد ہیں اور وہ خیر سے شفاء پر حریص ہیں''۔

من مسر یکنه حجب الغیب

ومن مظهر العداوة لاح

''جو پوشیدہ ہے وہ غیب کے پردے میں ہے اور جو عداوت کو ظاہر کرے وہ ظاہر ہے''۔

یا وصی النبی نحن من الحق

علی مثل بهجة الاصباح

''اے نبی اکرمؐ کے وصیؑ! ہم حق کے روشن راستہ پر ہیں''۔

فخذ الاوس والقبیل من الخز

رج بالطعن فی الوغی والکفاح

''پس آپ اوس اور قبیلہ خزرج کو لڑائی اور دشمن کے آمنے سامنے نیزوں کے ساتھ پائیں گے''۔

لیس منا من یکن لك فی الله

ولیا علی الهدی والفلاح

''ہم میں سے کوئی ایک ایسا نہیں ہے جو ہدایت اور فلاح میں تیرے سے منہ موڑ جائے گا''۔

https://downloadshiabooks.com/

امیرالمومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: خدا آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اس کے بعد دوسرے لوگ بھی باری باری کھڑے ہوئے اور یوں ہی عرض کیا۔

## ابلیس کا جنابِ موسیٰ بن عمران علیہ السلام کی خدمت میں آنا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویه ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن یعقوب الکلینی عن علی بن ابراهیم عن محمد بن عیسی الیقطینی عن یونس بن عبدالرحمٰن عن سعدان بن مسلم عن أبی عبدالله جعفر ابن محمد علیه السلام قال رسول الله (ص) بینما موسیٰ بن عمران جالس اذ اقبل علیه ابلیس وعلیه برنس ذولون فلما دنا من موسیٰ خلع البرنس واقبل علیه فسلم علیه فقال موسیٰ من انت قال انا ابلیس قال موسیٰ فلا قرب الله دارك فبم جئت قال انما جئت لاسلم علیك لمکانك من الله عزوجل فقال له موسیٰ فما هذا البرنس قال اختطف به قلوب بنی آدم قال له موسیٰ أخبرنی بالذنب الذی اذا اذنبه ابن آدم استحوذت علیه فقال اذا اعجبته نفسه واستکثر عمله وصغر فی عینه ذنبه ثم قال له اوصیك بثلاث خصال یاموسیٰ لاتخل بامرأة ولا تخلوا بك فانه لا یخلو رجل بامرأة ولاتخلوا به الا کنت صاحبه دون اصحابی وایاك ان تعاهد الله عهداً فانه ما عاهد الله احداً الا کنت صاحبه من دون اصحابی حتیٰ احول بینه وبین الوفاء به واذا هممت بصدقة فامضها فانه اذاهم العبد بصدقة کنت صاحبه دون اصحابی احول بینه وبینها ثم ولی ابلیس ویقول یاویله ویاحوله علمت موسیٰ مالا یعلمه بنی آدم۔

**حدیث نمبر 7:** (بحذف اسناد)

https://downloadshiabooks.com/

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: ایک دن جنابِ موسیٰ بن عمران علیہ السلام تشریف فرما تھے کہ اچانک ابلیس ملعون (جس کے سر پر رنگین لمبی ٹوپی تھی) آپؑ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ پس جب وہ جنابِ موسیٰؑ کے قریب ہوا تو اس نے وہ ٹوپی اُتار لی اور آپؑ کے سامنے آیا اور سلام عرض کیا۔ پس جنابِ موسیٰؑ نے فرمایا: تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں ابلیس ہوں۔ جنابِ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: خدا تجھے غارت کرے کیوں آیا ہے؟ اس نے عرض کی: آپ کا اللہ کی بارگاہ میں جو مقام ہے اس کی وجہ سے آپ کو سلام کرنے آیا ہوں۔ جنابِ موسیٰؑ نے فرمایا: یہ ٹوپی کیا ہے؟ اس نے عرض کی: یہ ٹوپی وہ ہے جس کے ذریعے میں لوگوں کے دلوں میں گھس جاتا ہوں اور وسوسے ڈالتا ہوں۔ جنابِ موسیٰؑ نے فرمایا: مجھے بتاؤ وہ کون سا گناہ ہے جب ابنِ آدم سے سرزد ہو جائے تو تو ان پر غلبہ حاصل کر لیتا ہے؟ اس نے عرض کی: جب وہ اپنے نفس میں تعجب کرتا ہے (یعنی تکبر کرتا ہے) اور اپنے اعمال کو زیادہ قرار دیتا ہے اور گناہوں کو کم شمار کرتا ہے۔ پھر اس نے جنابِ موسیٰؑ سے عرض کیا: میں آپ کو تین چیزوں کی نصیحت کرتا ہوں:

① کسی نامحرم عورت کے ساتھ تنہائی نہ کرو اور وہ بھی آپ کے ساتھ خلوت نہ کرے کیونکہ جب بھی ایک مرد اور ایک عورت تنہائی میں اکٹھے ہوتے ہیں تو میں وہاں پر ان کا ساتھی ہوتا ہوں۔ اپنے اصحاب کے بغیر (یعنی میں خود وہاں ہوتا ہوں)۔

② پھر اس سے کہ آپ کسی سے اللہ کا وعدہ کریں کیونکہ جب بھی کوئی اللہ کا وعدہ کسی سے کرتا ہے (یعنی خدا کی خوشنودی کے لیے) پس اپنے ساتھیوں کے علاوہ خود میں اس کے وعدے اور وفا کے درمیان حائل ہو جاتا ہوں۔

③ جب آپ صدقہ کا ارادہ کر لیں تو جلدی ادا کریں کیونکہ جب کوئی صدقے کا ارادہ کرتا ہے خود اس کے اور اس کے صدقے کے ارادے کے درمیان حائل ہو جاتا ہوں۔ پھر ابلیس وہاں سے چلا گیا اور یہ کہہ رہا تھا: اس کے لیے ویل ہے اور تعجب ہے کہ میں نے

https://downloadshiabooks.com/

موسیٰ کو اس کی تعلیم دے دی ہے جس کو ابن آدمؑ نہیں جانتا تھا۔

## نیک اعمال کو زیادہ قرار نہ دو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین بن بابویہ رحمہ اللہ عن أبیہ عن علی بن ابراھیم عن محمد بن عیسٰی بن عبید عثمان بن عیسٰی عن سماعۃ بن مہران عن ابی الحسن موسٰی بن جعفر علیہ السلام قال سمعتہ یقول لا تستکثروا کثیر الخیر ولا تستقلوا قلیل الذنوب فان قلیل الذنوب تجتمع حتٰی تکون کثیراً وخافوا اللہ عزوجل فی السر حتٰی تعطوا من انفسکم النصف وسارعوا الی طاعۃ اللہ واصدقوا الحدیث وادوا الأمانۃ فانما ذٰلک لکم ولا تدخلوا فیما لایحل فانما ذٰلک علیکم۔

**حدیث نمبر 8:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوالحسن موسیٰ بن جعفر علیہ السلام نے فرمایا: نیک اعمال کو کبھی بھی زیادہ قرار نہ دو اور قلیل گناہوں کو بھی قلیل قرار نہ دو کیونکہ قلیل گناہ بھی جمع ہو کر کثیر بن جاتے ہیں اور پوشیدہ طور پر بھی اللہ سے ڈرو اور اپنے نفسوں کے ساتھ انصاف کرو۔ اللہ کی اطاعت کی طرف جلدی کرو۔ بات کے سچے ہو جاؤ اور امانت کو ادا کرو۔ یہ سب کچھ تمھارے ہی فائدے کے لیے ہے اور جو کام تیرے لیے جائز نہیں ہے اس کو انجام مت دو۔ یہ تمھارے نقصان میں ہوگا۔

## اللہ جب احسان کرتا ہے تو علمِ دین عطا کرتا ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد رحمہ اللہ عن ابی جعفر محمد ابن یعقوب الکلینی رحمہ اللہ عن الحسین بن محمد عن معلی بن محمد عن الحسن بن علی الوشا عن حماد بن عثمان عن ابی عبداللہ جعفر

https://downloadshiabooks.com/

بن محمد علیه السلام عن آبائه قال قال رسول اللّٰه (ص) اذا اراد اللّٰه بعبد خیراً فقہه فی الدین وصلی اللّٰه علی سیدنا محمد النبی وآله وسلم۔

**حدیث نمبر 9:** (بحذف اسناد)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ نیکی و احسان کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو دین میں فقہ (یعنی سوجھ بوجھ) عطا کرتا ہے (یعنی علمِ دین اور فقہ عطا کرتا ہے)۔

صلی اللّٰه علی سیدنا محمد النبی وآله وسلم۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 20

[بروز ہفتہ ۸ رمضان المبارک سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## اللہ کی حدود سے تجاوز نہ کرو

﴿قال أخبرنی﴾ سمعه ابوالفوارس سماع أخی ابی محمد ابقاه الله والحسین بن علی النیشابوری من اهل المجلس الذی قبل هذا حدثنا الشیخ الجلیل ابوعبدالله محمد بن محمد بن النعمان ایدالله عزه ﴿قال أخبرنی﴾ عبدالله بن محمد بن اعین البزاز ﴿قال أخبرنی﴾ زکریا بن صبیح ﴿قال حدثنا﴾ خلف بن خلیفة عن سعید بن عبید الطائی عن علی بن ربیعة الوالی عن امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب (ع) قال قال رسول الله (ص) ان الله تعالیٰ حد لکم حدوداً فلا تعتدوها وفرض علیکم فرائض فلا تضیعوها وسن لکم سنناً فاتبعوها وحرم علیکم حرمات فلا تهتکوها وعفا عن اشیاء رحمة منه لکم من غیر نسیان فلا تتکلفوها۔

**حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)**

حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

تحقیق اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے حدود معین فرمائی ہیں پس ان سے تجاوز نہ کرو اور تمھارے لیے فرائض قرار دیے ہیں ان فرائض کو ضائع مت کرو اور تمھارے لیے سنت

https://downloadshiabooks.com/

قائم کی ہے اس کی اتباع کرو اور تمھارے لیے جو بات بھی قرار دی ہیں پس ان کی حرمت کرو۔ ہتک نہ کرو اور کافی اشیا سے اپنی رحمت کے ذریعے تم کو معاف کیا ہے۔ وہ ان میں بھولا نہیں ہے پس ان کو ایسے کلفت و زحمت نہ بناؤ۔

## اس دنیا میں زہد اختیار کرو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبیداللّٰہ محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال أخبرنی﴾ احمد بن محمد المکی ﴿قال حدثنا﴾ ابو العینا عن محمد بن الحکم عن لوط بن یحییٰ عن الحرث بن کعب عن مجاهد قال قال امیر المؤمنین علی بن ابی طالب علیه السلام ازهدوافی هذه الدنیا التی لم یتمتع بها احد کان قبلکم ولا تبقی لأحد من بعدکم سبیلکم فیها الماضین قد تصرمت وآذنت بانقضاء وینکر معروفها فهی تخبر اهلها بالفناء وسکانها بالموت وقد امر منها ما کان حلواً وکدراً منها صفواً فلم تبق منها الا سملة کسملة الأداوة وجرعة کجرعة الاناء لو تمززها العطشان لم ینفع بها فارتعوا بالرحیل من هذه الدار المقدور علی اهلها بالزوال الممنوع اهلها من الحیوة المذللة فیها انفسهم بالموت فلا حی یطمع فی البقاء ولا نفس الا مذعنة بالمنون ولا یعلکم الأمل ولا یطول علیکم الأمد ولا تغتروا منها بالآمال ولا حننتم حنین الوله العجال ودعوتم مثل حنین الحمام وجأرتم جأر متبتل الرهبان وخرجتم الی اللّٰه تعالی من الأموال والأولاد للتماس القربة الیه فی ارتفاع الدرجة عنده او غفران سیئة احصتها کتبته وحفظتها ملائکته لکان قلیلا فیما ارجو لکم من ثوابه واتخوف علیکم من عقابه جعلنا وایاکم من التائبین العابدین۔

https://downloadshiabooks.com/

## حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)

جناب مجاہد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا:

اے لوگو! اس دنیا میں پرہیزگاری اختیار کرو۔ یہ وہ دنیا ہے جس سے تم سے پہلے لوگوں میں سے بھی کسی نے زیادہ بڑا فائدہ نہیں اٹھایا اور نہ یہ تیرے بعد والوں کے لیے باقی رہے گی۔ تمہارا راستہ اس دنیا میں گزرنے والوں جیسا ہے۔ یہ دنیا ختم ہونے والی ہے اور اپنے ختم و منقطع ہونے سے اذیت دیتی ہے۔ اس کی نیکی کا انکار کرو پس یہ اپنے اہل کو فنا کی خبر دیتی ہے اور اپنے اندر رہنے والے کو موت کی خبر دیتی ہے۔ اور جو کڑوا ہوتا ہے وہ اس کا میٹھا ہوتا ہے اور گندھا ہے وہ جو اس کا مخلص دوست ہے اور اس میں سے کچھ نہیں بچے گا مگر جو بچے گا وہ تھوڑا سا پانی ہے جو دوا کی مانند ہے اور اس کا ایک گھونٹ انتظار کا گھونٹ ہے۔ یہ گھونٹ اگر پیاسا پی لے تو اس کے لیے بھی فائدہ مند نہیں ہے۔ پس اس کے گھر سے کوچ کرنے والوں کے ساتھ کوچ کرو کیونکہ اس کے گھر والوں کے لیے زوال مقدر ہے اور اس کے رہنے والوں کے لیے کوئی زندگی نہیں ہے۔ اس میں موت کے ذریعے نفسوں کو ذلیل کیا جاتا ہے۔ پس اس میں کوئی زندگی کہ جس کی بقا کا لالچ کیا جائے اور کوئی نفس نہیں مگر نون کی طرح مڑا ہوا ہے۔ اس دنیا کو لمبی آرزو کی وجہ سے مضبوط نہ کرو اور تم اس کی مدت کو طویل نہ قرار دو اور اس کی لمبی آرزوؤں کی وجہ سے دھوکا نہ کھاؤ اور اگر تم سے نی کی ہے تو اس کی مہربانی جلدی ختم ہونے والی ہے اور تم اس کو [illegible] مد رہنے کی طرح پکارتے ہو اور خوف و ڈرنے والے کی طرح تم بلند آواز سے پکارتے ہو۔ تم اللہ کی طرف نکلو اپنے مالوں سے اولاد سے خدا کی قربت کو حاصل کرنے کے لیے اور اس کی بارگاہ میں بلند درجے کی خاطر اور گناہوں کی بخشش کے لیے جن کو اس کے لکھنے والوں نے لکھا ہے۔ اور اس کے ملائکہ نے ان کو محفوظ کیا ہے۔ اور جو تم ثواب کی امید رکھتے ہو وہ بہت کم

https://downloadshiabooks.com/

ہے اور اس میں تمھارے اوپر ہونے والے عتاب سے ڈرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو توبہ کرنے والے عبادت گزاروں میں سے قرار دے۔

## سعید حقیقی کون ہے؟

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ علی بن عبدالله بن اسد الاصفهانی ﴿قال حدثنا﴾ یحییٰ بن الحسین البجلی عن ابی هرون العبدی عن زاذان عن سلمان الفارسی رحمه الله قال خرج رسول الله (ص) یوم عرفة فقال ایها الناس ان الله باهی بکم فی هذا الیوم لیغفرلکم عامة ویغفر لعلی علیه السلام خاصة ثم قال ادن منی یاعلی فاخذ بیده ثم قال ان السعید کل السعید حق السعید من اطاعك وتولاك من بعدی وان الشقی کل الشقی حق الشقی من عصاك ونصب لك عداوة من بعدی۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عرفہ کے دن باہر تشریف لائے اور فرمایا:

اے لوگو! آج اللہ تعالیٰ تمھارے اُوپر فخر ومباہات کر رہا ہے اور تم سب کو عمومی طور پر اس نے بخش دیا ہے اور علی علیہ السلام کے لیے خصوصی طور پر بخشش کو قرار دیا ہے۔ پھر آپؐ نے علی علیہ السلام سے فرمایا:

یاعلیؑ! میرے قریب آؤ۔ پس آپؐ نے علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا' پھر فرمایا: نیک بخت مکمل نیک بخت اور نیک بخت ہونے کا حق اس بندے کو ہے جو آپؑ کی اطاعت کرے گا اور میرے بعد آپؑ کی ولایت کو قبول کرے گا اور شقی اور شقی ترین اور حقیقی شقی وہ

https://downloadshiabooks.com/

شخص ہے جو آپؑ کی نافرمانی کرے اور میرے بعد آپؑ سے عداوت و بغض رکھے گا۔

## حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جلاوطنی کے دوران تبلیغ

﴿قال أخبرنی﴾ علی بن بلال المهلبی ﴿قال أخبرنی﴾ علی بن عبدالله الاصفهانی ﴿قال حدثنی﴾ ابواسحاق ابراهيم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن علی ﴿قال حدثنی﴾ الحسين بن سفيان عن أبيه عن ابی جهضم الازدی عن أبيه قال لما اخرج عثمان اباذر الغفاری رحمه الله من المدينه الی الشام كان يقوم فی كل يوم فيعظ الناس ويأمرهم بالتمسك بطاعة الله ويحذرهم من ارتكاب معاصيه ويروی عن رسول الله (ص) ما سمعه فی فضائل اهل بيته (ع) ويحضهم علی التمسك بعترته كتب الی عثمان امابعد فان اباذر يصبح اذا اصبح ويمسی اذا امسی وجماعة من الناس كثيرة عنده فيقول كيت وكيت فان كان لك حاجة فی الناس قبلی فاقدم اباذر اليك فانی اخاف ان يفسد الناس عليك والسلام فكتب عثمان اليه امابعد فاشخص الی اباذر حين تنظر فی كتابی هذا والسلام- فبعث معوية الی ابی ذر ودعاه واقرأه كتاب عثمان فقال النجا الساعة فخرج ابوذر الی راحلته فشدها بكورها وانساعها فاجتمع اليه الناس فقالوا له يا اباذر رحمك الله اين تريد قال اخرجونی اليكم غضبا علی واخرجونی منكم اليهم الآن عبثا بی ولا يزال هذا الأمر فيما اری شأنهم فيما بينی وبينهم حتیٰ يستريح برأ ويستراح من فاجر ومضی- وتسمع الناس بخروجه حتیٰ خرج من دمشق فساروا معه حتیٰ انتهی الی (دير المران) فنزل ونزل معه الناس فاستقدم فصلی بهم، ثم قال ايها الناس انی

https://downloadshiabooks.com/

موصيكم بما ينفعكم وتارك الخطب والتشقيق احمدوا الله عزوجل قالوا الحمدلله قال اشهد ان لا اله الا الله وان محمداً عبده ورسوله فاجابوه بمثل ما قال فقال اشهد ان البعث حق وان الجنة حق وان النار حق واقر بماجاء من عندالله واشهدوا على بذلك قالوا نحن على ذلك من الشاهدين قال لبشر من مات منكم على هذه الخصال برحمة الله وكرامته ما لم يكن المجرمين ظهيراً ولا لأعمال الظلمة مصلحا ولا لهم معينا ايها الناس اجمعوا مع صلاتكم وصومكم غضبا لله عزوجل اذا عصى فى الأرض ولا ترضوا أئمتكم بسخط الله واذا احدثوا مالا تعرفون فجانبوهم وازروا عليهم وان عذبتم وحرمتم ويسر ثم حتى يرضى الله عزوجل فان الله اعلا واجل لاينبغى ان بسخط برضا المخلوقين غفرالله لى ولكم استودعكم الله واقرء عليكم السلام ، فناداه الناس ان سلم الله عليك ورحمك يا اباذر ياصاحب رسول الله (ص) انا لا نردك ان كان هؤلاء القوم اخرجوك ولا نمنعك فقال لهم ارجعوا رحمكم الله فانى اصبر منكم على البلوى واياكم والفرقة والاختلاف فمضى حتى قدم على عثمان فلما دخل عليه قال له لاقرب الله بعمر وعينا فقال ابوذروا الله ماسمانى ابو اى عمرو ولكن لاقرب الله من عصاه وخالف امره وارتكب هواه فقام اليه كعب الأحبار فقال الا تتقى الله ياشيخ وتجيب اميرالمؤمنين بهذا الكلام فرفع ابوذر عصى كاتب فى يده فضرب بها رأس كعب تم قال له يا ابن اليهوديين ما كلامك مع المسلمين فوالله ما خرجت اليهودية من قلبك بعد فقال عثمان والله لاجمعتنى واياك دار قد خرفت وذهب عقلك اخرجوه من بين يدى حتى تركبوه قتب ناقته بغير وطاء ثم انخسوا به الناقة وتعتعوه حتى

https://downloadshiabooks.com/

توصلوه الربذة فنزلوه بها من غير انيس حتٰى يقضى اللّٰه فيه ما هو قاض فاخرجوه متعتعا موهونا بالعصا وتقدم ان لايشيعه احد من الناس فبلغ ذٰلك امير المؤمنين علی بن ابی طالب علیه السلام فبکی حتٰی بل لحیته بدموعه ثم قال أهکذا یصنع بصاحب رسول اللّٰه (ص) انا للّٰه وانا الیه راجعون ثم نهض ومعه الحسن والحسین (ع) وعبداللّٰه بن العباس والفضل وقثم وعبیداللّٰه حتٰی لحقوا اباذر فشیعوه فلما ابصربهم ابوذر رحمه اللّٰه حن الیهم وبکی علیهم وقال بابی وجوه اذا رأیتها ذکرت رسول اللّٰه (ص) وشملتنی البرکة برؤیتها ثم رفع یدیه الی السماء وقال احبهم ولو قطعت اربا اربا فی محبتهم ما زلت عنها ابتغاء وجهك والدار الآخرة فارجعوا رحمکم اللّٰه واللّٰه اسأل ان یخلفنی فیکم احسن الخلافة فودعه القوم فرجعوا وهم یبکون علی فراقه-

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

جناب ابوجہضم ازدی نے اپنے والد سے نقل کیا ہے وہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت عثمان نے جنابِ ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ سے شام کی طرف جلا وطن کیا تو آپؓ ہر روز لوگوں کے درمیان کھڑے ہوجاتے اور ان کو وعظ فرماتے اور ان کو اللہ تعالیٰ سے تمسک کرنے کی ہدایت دیتے اور جو کچھ آپؓ نے رسولؐ خدا سے جو روایات و احادیث اہلِ بیت علیہم السلام کی شان میں سنی تھیں وہ سب لوگوں کے سامنے بیان فرماتے تھے اور ان کو اہلِ بیتؑ سے تمسک کے بارے میں آمادہ فرماتے تھے۔ پس حاکمِ شام نے حضرت عثمان کی طرف خط تحریر کیا۔

امابعد! ہر روز صبح و شام ابوذر کے اردگرد لوگ جمع ہوجاتے ہیں اور وہ ان کے سامنے ایسے ایسے کی گفتگو کرتا ہے۔ اگر آپ کو ان لوگوں کی ضرورت ہے تو ان کو اپنی طرف

https://downloadshiabooks.com/

بلانے کے اقدامات کریں کیونکہ مجھے خوف ہے کہ وہ لوگوں کو آپ کے خلاف بھڑ کا نہ دیں۔ پس حضرت عثمان نے اس کی طرف تحریر کیا۔ امابعد! جیسے ہی میرا خط تمھارے پاس آ جائے اسی وقت اس کو میری طرف واپس پلٹا دو۔ والسلام

پس معاویہ نے ایک بندے کو جناب ابوذرؓ کی خدمت میں روانہ کیا' اُن کو بلا کر لایا اور اس نے حضرت عثمان کا خط اِن کے سامنے پیش کر دیا اور کہا کہ یہ حضرت عثمان کا خط ہے اس کو پڑھیں۔ پس جناب ابوذر غفاریؓ نے فرمایا: میں اسی وقت تجھے نجات دیتا ہوں۔ پس آپؓ اس وقت اپنی سواری کی طرف جو راستے میں بندھی ہوئی تھی اس کی طرف روانہ ہو گئے۔

لوگ جنابِ ابوذرؓ کے ارد گرد جمع ہو گئے اور عرض کیا: اے ابوذرؓ! (خدا آپؓ پر رحم کرے) کہاں کا ارادہ ہے؟ آپؓ نے فرمایا: ان لوگوں نے غضب ناک ہو کر مجھے تمھاری طرف روانہ کیا تھا اور ان لوگوں نے مجھے تم سے نکال کر ان کی طرف روانہ کر دیا ہے۔ اب یہ میرے لیے کوئی پریشان کن نہیں ہے۔ ان کے اور میرے درمیان اللہ کا فیصلہ ہوگا۔ یہ عنقریب ایک نیک سے محروم ہوں گے اور میں ایک فاجر و فاسق سے راحت پا لوں گا۔ جب لوگوں نے آپؓ کے دمشق سے نکلنے کے بارے میں سنا تو بہت زیادہ لوگ آپؓ کے ساتھ آپ کو "دیر المران" رخصت کرنے کے لیے آپؓ کے ساتھ روانہ ہوئے اور امران راہب کے دیر تک آپؓ کے ساتھ آئے۔ پس جب آپؓ اپنی سواری سے اُترے تو لوگ بھی سب کے سب اپنی اپنی سواریوں سے اُترے۔ پس آپؓ نے لوگوں کو نماز باجماعت کی امامت کروائی۔ پھر آپؓ نے فرمایا: اے لوگو! میں آپ کو ایسی چیز کی وصیت کرتا ہوں جو تمھارے لیے فائدہ مند ہے اس کو اپناؤ اور آپس میں شک و عداوت کو چھوڑ دو۔ پس اللہ تعالیٰ کی حمد کرو۔ سب لوگوں نے الحمدللہ کہا۔ پھر آپؓ نے فرمایا: اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ و ان محمداً عبدہ ورسولہ۔ پس لوگوں نے بھی ان کلمات کو دہراتے ہوئے جواب دیا۔

پھر آپؓ نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ مرنے کے بعد دوبارہ مبعوث ہونا حق

https://downloadshiabooks.com/

ہے، جنت حق ہے، جہنم حق ہے اور جو کچھ خدا کی طرف سے نازل ہوا ہے اس کا اقرار کرتا ہوں اور تم لوگ بھی اس کی شہادت دو۔ پس لوگوں نے کہا: ہم بھی ان چیزوں کی گواہی دیتے ہیں۔ تم میں سے جو کوئی بھی ان خصال کی گواہی دے اس کو اللہ کی رحمت اور اس کے اکرام کی بشارت ہو۔ جب تک وہ مجرمین کا پشت پناہ ہو اور نہ ہی وہ ظالموں کے کاموں کی اصلاح کرے اور نہ ہی ان کے لیے معاون و مددگار بنو۔

اے لوگو! اپنی نمازوں اور روزوں کے ساتھ اجتماع کرو۔ جب زمین پر نافرمانی کرو گے تو خدا تعالیٰ کے غضب کا موجب ہو گے۔ پس خداوند متعال کی ناراضگی سے اپنے حاکموں کو خوش نہ کرو اور اگر وہ کوئی ایسی بدعت ایجاد کریں جو تم نہیں جانتے پس ان سے ایک جانب ہو جاؤ، ان کا گناہ ان کے سر پر ہوگا اور اگر ان پر عذاب ہو تو تم اس سے بچ جاؤ گے۔ کوشش کرو یہاں تک کہ خدا تم سے راضی ہو جائے۔ کیونکہ اللہ اعلیٰ و ارفع ہے سزاوار نہیں ہے کہ مخلوق کی خوشی کی خاطر اس کو ناراض کیا جائے۔ خدا مجھے اور آپ سب کو بخش دے۔ میں تم کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں اور میری طرف سے تم سب کو سلام ہو۔

پس لوگوں نے بھی آواز دی ہماری طرف سے آپ کو سلام ہو۔ اے ابوذرؓ! اے صحابیٔ رسولؐ! اللہ تعالیٰ آپؓ پر رحم نازل فرمائے۔ ہم آپؓ کو واپس نہیں کرتے۔ اگر یہ قوم آپؓ کو نکال دے تو ہم آپؓ کو پناہ دینے کو تیار ہیں۔ پس آپؓ نے فرمایا: آپ لوگ واپس چلے جائیں خدا آپ سب پر رحم فرمائے۔ میں تم سب کو مصیبتوں میں صبر کی تلقین کرتا ہوں۔ تفرقہ اور اختلاف سے بچو۔ اس کے بعد آپؓ جب مدینہ میں تشریف لائے پس آپؓ حضرت عثمان کے دربار میں داخل ہوئے تو حضرت عثمان نے کہا: خدا مجھے تیرے قریب نہ کرے۔ پس جناب ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

خدا مجھے ایسے شخص کے قریب نہ کرے جو اس کی نافرمانی کرے اور اس کے حکم کی مخالفت کرے اور اپنی خواہشات کی پیروی کرے۔ پس وہاں پر کعب الاحبار یہودی کھڑا

https://downloadshiabooks.com/

ہو گیا اور اس نے کہا: اے بوڑھے کیا تجھے خوفِ خدا نہیں تم امیر کو کیسے جواب دے رہے ہو؟ جنابِ ابوذرؓ نے اپنے ہاتھ میں جو عصا پکڑا ہوا تھا اس کو اٹھایا اور اس کے سر پہ مارا اور فرمایا: اے یہودیہ کے بیٹے! تم مسلمانوں کے ساتھ کس طرح بات کر رہے ہو' تمہاری اتنی جرأت..... خدا کی قسم! تیرے دل سے یہودیت کو نکال دوں گا۔ اس کے بعد حضرت عثمان نے کہا: اے ابوذرؓ! تیری آخرت خراب ہو چکی ہے اور تیری عقل ختم ہو چکی ہے۔ اس کو میری آنکھوں سے دُور کر دو اور اس کو بغیر پالان کے اُونٹ پر سوار کرو اور اس کو روانہ کر دو' یہاں تک اس کو ربذہ پہنچا دو اور اس کو بے سہارا و مددگار وہاں چھوڑ آؤ یہاں تک کہ یہ وہی مر جائے۔ پس اس کو خارجہ کرو اور اس کے اردگرد گھیرا رکھو کہ کوئی اس کو ملنے نہ پائے۔

پس جب حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو اس کی خبر ملی آپؑ نے جنابِ ابوذرؓ کی حالتِ زار پر اتنا گریہ فرمایا کہ آپؑ کی داڑھی اقدس تر ہو گئی۔ پھر فرمایا: کیا صحابیٔ رسولؐ کے ساتھ اس طرح کا سلوک کیا جا رہا ہے۔ فرمایا: انا للہ وانا الیہ راجعون۔ پھر آپؑ کھڑے ہوئے اور آپؑ کے ساتھ امام حسن و امام حسین علیہما السلام' جناب عبداللہ بن عباس' جناب فضل' جناب قثم' جناب عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی تھے۔ آپ جناب ابوذرؓ کے پاس گئے تاکہ آپؓ کو وداع کریں۔ جب جنابِ ابوذرؓ نے آپؑ کی طرف دیکھا اور بلند آواز سے ان پر گریہ کیا اور فرمایا: میرے ماں باپ اُن چہروں پر قربان ہو جائیں' جب میں ان کو دیکھتا ہوں تو مجھے رسول اکرمؐ یاد آ جاتے ہیں اور ان کو دیکھنے سے برکتِ خدا میرے شاملِ حال ہو جاتی ہے۔

پھر آپؓ نے آسمان کی طرف ہاتھ اٹھائے اور عرض کی: اے خدایا! میں ان سے محبت کرتا ہوں اور اگر مجھے ان کی محبت میں ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جائے تب بھی میں ان سے منحرف نہیں ہوں گا' اے میرے اللہ! تو اپنا رخِ رحمت قیامت تک ان کی طرف فرما۔ پس اللہ تم سب پر رحمت نازل فرمائے تم سب واپس چلے جاؤ۔ خدا کی قسم! میں نے اللہ سے

https://downloadshiabooks.com/

سوال کیا ہے۔ خدا آپ کو اچھی خلافت عطا فرمائے۔ پس آپ لوگوں نے آپؑ کو وداع فرمایا اور واپس آئے اس حالت میں کہ آپ سب رو رہے تھے۔

## احسان کے بدلے میں برائی کرنا

﴿قال أخبرنى﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابى ﴿قال حدثنا﴾ ابو القاسم الحسن بن عمر بن الحسن ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد بن مروان ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن اسماعيل الهاشمى ﴿قال حدثنا﴾ عبدالمؤمن عن محمد بن على بن الحسين (ع) عن جابر بن عبدالله الانصارى قال قال رسول الله (ص) اسرع الأشياء عقوبة رجل تحسن اليه ويكافيك على احسانك باسائة ورجل عاهدته ومن شأنك الوفاء به ومن شأنه ان يكذبك ورجل لاتبغى عليه وهو دائما يبغى عليك ورجل تصل قرابته وهو يقطعك۔

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب گناہوں میں سے جس گناہ پر بہت جلدی عذاب ہوتا ہے وہ یہ کہ ایک شخص کے ساتھ تو احسان کرے اور وہ تیرے احسان کے بدلے میں تیرے ساتھ برائی کرے۔ اور جس شخص کے ساتھ تو وعدہ کرے اور اس کو وفا کرنا ضروری قرار دے اور وہ تیرے ساتھ جھوٹ بولے اور تو اس شخص پر کبھی بغاوت نہ کرے اور وہ ہمیشہ تیرے خلاف بغاوت کرے اور وہ شخص جس کے ساتھ تو تعلقات کو قائم کرے اور وہ ان کو ختم کرے۔ یہ جلدی عذاب کا مستحق ہوگا۔

## مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کی دعا

﴿حدثنا﴾ ابوعلى احمد بن محمدالصولى بمسجد براثا سنة اثنتين وخمسين وثلثمائة ﴿قال حدثنا﴾ عبدالعزيز بن يحيى الجلودى ﴿قال

https://downloadshiabooks.com/

حدثنا﴾ محمد بن زکریا الغلابی ﴿قال حدثنا﴾ قیس بن حفص الدورقی ﴿قال حدثنا﴾ حسین الأشقر عن عمر بن الغفار عن اسحاق بن الفضل الهاشمی قال کان من دعاء امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب اللھم انی اعوذبك ان اعادی لك ولیا او اوالی لك عدواً او ارضی لك سخطا ابداً اللّٰھم من صلیت علیه فصلواتنا علیه ومن لعنته فلعنتنا علیه اللّٰھم من کان فی موته فرح لنا ولجمیع المسلمین فارحنا منه وابدل لنا من ھو خیر لنا منه حتی ترینا من علم الاجابة ما نتعرفه فی ادیاننا ومعایشنا یا ارحم الراحمین۔ وصلی اللّٰه علی سیدنا محمد النبی وآله وسلم۔

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

جناب اسحاق بن فضل بیان کرتے ہیں کہ جناب امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی اکثر یہ دعا ہوا کرتی تھی:

اے میرے اللہ! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں تیرے کسی دوست و ولی کے ساتھ دشمنی کروں یا میں تیرے دشمن کے ساتھ دوستی کروں اور میں تیری نافرمانی پر راضی ہو جاؤں۔ اے میرے اللہ! جس کے لیے تو نے اپنا درود وسلام خاص قرار دیا ہے اس کے لیے میرا درود وسلام ہو۔ اور جس پر تو لعنت کرتا ہے میں بھی اس پر لعنت کرتا ہوں۔ اے میرے اللہ! جس شخص کی موت سے ہمارے لیے اور تمام مسلمانوں کے لیے باعثِ خوشی ہو اس کی موت سے ہم کو راضی وخوش فرما اور اس کے بدلے جو ہمارے لیے بہتر وخیر ہے اس کو قرار فرما یہاں تک کہ تو اپنے علم سے اجازت قرار فرما۔ اور جو ہمارے دین اور زندگی میں ہمارے لیے لیے تو بہتر جانتا ہے اس کو ہمارے لیے قرار فرما۔ اے سب سے بہتر رحم کرنے والے۔ صلی اللّٰہ علی سیدنا محمد النبی وآلہ وسلم۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 21

[بروز ہفتہ ۱۵ رمضان المبارک سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## ایمان کا وزنی ہونا

سمعه ابوالفوارس ﴿حدثنا﴾ الشيخ الجليل المفيد محمد بن محمد بن النعمان ادام الله تأييده ﴿قال أخبرنى﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن بن الوليد ﴿قال حدثنى﴾ ابى عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عيسى عن الحسن بن محبوب عن ابى ايوب الخزاز عن ابى حمزة الثمالى رحمه الله عن ابى جعفر الباقر محمد بن على (ع) قال سمعته يقول اربع من كن فيه كمل اسلامه واعين على ايمانه ومحصت عنه ذنوبه والقى ربه وهو عنه ارض ولو كان فيما بين قرنه الى قدميه ذنوب حطها الله عنه وهى الوفاء بما يجعل الله على نفسه وصدق اللسان مع الناس والحياء مما يقبح عندالله وعند الناس وحسن الخلق مع الأهل والناس واربع من كن فيه من المؤمنين اسكنه الله فى اعلا عليين وغرف فوق غرف فى محل الشرف كل الشرف من آوى اليتيم ونظر له وكان له ابا ومن رحم الضعيف واعانه وكفاه ومن انفق على والديه ورفق بهما وبرهما ولم يحزنهما ومن لم يخرق بمملوكه واعانه على ما يكلفه ولم يستسعه فيما لا يطيق

**حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)**

https://downloadshiabooks.com/

جناب ابوحمزہ ثمالی رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے، آپؑ نے فرمایا:

جس شخص میں چار چیزیں ہوں گی اس کا اسلام کامل ہے اور اس کا ایمان وزنی ہوگا اور اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے اور وہ اللہ تعالیٰ سے اُس حالت میں ملاقات کرے گا کہ خدا اس سے راضی ہوگا اور اگر سر سے پاؤں تک اس کا جسم گناہوں سے پُر ہو تب بھی اللہ تعالیٰ ان سب کو گرا دے گا اور وہ چار یہ ہیں:

① جو اللہ نے تیرے لیے قرار دیا ہے اس سے وفا کرنا۔

② لوگوں کے ساتھ سچ بولنا۔

③ اور جو چیز قبیح ہے کے بارے میں اللہ اور لوگوں سے حیا کرنا۔

④ اپنے اہل اور لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا۔

چار چیزیں مومنین میں سے جس میں ہوں گی اللہ تعالیٰ اس کو اعلیٰ علیین میں جگہ دے گا اور اس گھر میں جگہ دے گا جس گھر سے زیادہ شرافت و کرامت میں کوئی دوسرا گھر نہیں ہوگا:

① جو یتیم پروری کرے اور اس کے ساتھ نظر کرم کرے اور اس کے لیے باپ ہو۔

② جو کمزور پر رحم کرے اور اس کی مدد کرے اور اس کی کفالت کرے۔

③ جو اپنے والدین پر خرچ کرے، ان کے ساتھ نرمی کرے اور احسان کرے اور ان کو غمگین نہ کرے۔

④ جو اپنے غلام پر سختی نہ کرے، اس کو خوف زدہ نہ کرے اور جو اس کو حکم دیا ہے یا کام اس کے سپرد کیا ہے اس میں اس کی مدد کرے اور جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا۔ اس کام کا اس پر بوجھ نہ ڈالے۔

https://downloadshiabooks.com/

# فحش کا حساب ہوگا

﴿قال أخبرني﴾ ابوعبدالله محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن احمد الحکیمی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن اسحاق ﴿قال أخبرنا﴾ یحیی بن معین ﴿قال حدثنا﴾ معمر عن ثابت عن انس بن مالک قال قال رسول الله (ص) ما کان الفحش فی شیئ قط الاشانه ولا کان الحیاء فی شیئ الازانه۔

حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر فحش وگالی جو کسی کو دی جائے گی اس کا ضرور حساب ہوگا اور جو کسی سے حیا کرے گا اس کا اس کو وزن دیا جائے گا یعنی اجر دیا جائے گا۔

# نبی اکرمؐ سے ان کے وصی کے بارے میں سوال

﴿قال أخبرني﴾ ابونصر محمد بن الحسن المقری ﴿قال حدثنا﴾ ابو عبدالله الحسین بن علی الرازی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد الحنفی ﴿قال حدثنی﴾ یحیی بن هاشم السمسار ﴿قال حدثنا﴾ عمرو بن شمر ﴿قال حدثنا﴾ حماد عن ابی الزبیر عن جابر بن عبدالله ابن حزام الأنصاری قال اتیت رسول الله (ص) فقلت یارسول الله من وصیك قال فامسك عنی عشرا لا یجیبنی ثم قال یاجابر الا اخبرك عما سألتنی فقلت بابی انت وامی اما والله لقد سکت عنی حتی ظننت انك وجدت علی فقال ما وجدت علیك یاجابر ولکن کنت انتظر ما یأتینی من السماء فاتانی جبرئیل (ع) فقال یا محمد ان ربك یقول لك ان علی بن ابی طالب وصیك وخلیفتك علی

https://downloadshiabooks.com/

اهلك وامتك والذائد عن حوضك وهو صاحب لوائك يقدمك الى الجنة فقلت يانبي الله من لا يؤمن بهذا اقتله قال نعم ياجابر ما وضع هذا الموضع الا ليتابع عليه فمن تابعه كان معي غداً ومن خالفه لم يرد علي الحوض ابداً

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

حضرت جابر بن عبداللہ ابن حزام انصاری رحمتہ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ میں حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپؐ کے بعد آپ کا وصی اور جانشین کون ہوگا؟

آپؐ نے فرمایا: پس مخالفت نے اس کو روکا ہوا ہے ورنہ وہ ضرور تجھے بتا دیتا۔ پھر فرمایا: اے جابر! جو تو نے مجھ سے سوال کیا تھا اُس کے جواب کے بارے میں تجھے خبر نہ دوں؟ پس میں نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوجائیں کیوں نہیں۔ خدا کی قسم آپؐ جو میرے سوال کے بارے میں خاموش رہے کہ اس سے میرے دل میں گمان پیدا ہوا کہ آپؐ مجھ سے کوئی چیز پوشیدہ رکھ رہے ہیں۔

پس آپؐ نے فرمایا: اے جابرؓ! میں آپ سے کسی چیز کو پوشیدہ نہیں رکھ رہا لیکن اس چیز کا انتظار کر رہا تھا جو آسمان سے میرے اوپر نازل ہوتی ہے (یعنی وحی کا)۔ پس جبرائیلؑ میرے پاس آئے اور انھوں نے کہا ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کا رب آپ کو سلام کہہ رہا ہے اور آپؐ کے لیے اس نے یہ فرمایا ہے کہ علی ابن ابی طالب علیہ السلام آپ کا وصی ہے اور آپؐ کے خاندان اور آپ کی اُمت پر آپ کا خلیفہ ہے اور آپؐ کے حوض سے لوگوں کو دُور کرنے والا ہے اور وہ آپؐ کے پرچم کو اٹھانے والا ہے اور جنت میں پرچم سمیت آپؐ کے آگے آگے ہوگا۔ پس میں نے عرض کیا: اے نبیؐ خدا! جو اس کو تسلیم نہ کرے میں اس کو قتل کروں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! اے جابر اور جس جگہ پر بھی یہ رکھا جائے گا وہ اس کی اطاعت واتباع کرے گا۔ پس جو اس کی اتباع کرے گا وہ قیامت کے

https://downloadshiabooks.com/

دن میرے ساتھ ہوگا اور جو اس کی مخالفت کرے گا وہ میرے حوض پر وارد نہیں ہوگا۔

## جو دشمنِ آلِ محمدؑ ہے وہ گدھا ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعيد الهمداني ﴿قال أخبرني﴾ عمر بن اسلم ﴿قال حدثنا﴾ سعيد بن يوسف البصري عن عبدالرحمن المدايني عن عبدالرحمٰن بن ابي ليلى عن أبي ذر الغفاري رضى الله عنه قال رأيت رسول (ص) وقد ضرب كتف علي بن ابي طالب عليه السلام بيده وقال ياعلي من احبنا فهو العربي ومن ابغضنا فهو العلج شيعتنا اهل البيوتات والمعادن والشرف ومن كان مولده صحيحا وما على ملة ابراهيم عليه السلام الا نحن وشيعتنا وساير الناس منها برآء وان لله ملائكة يهدمون سيئات شيعتنا كما يهدم القدوم البتيان۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے اپنا ہاتھ علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے کندھے پر رکھا اور فرمایا: یاعلیؑ! جو ہمارے ساتھ محبت کریگا وہ ہی فصاحت کے ساتھ بولنے والا ہوگا اور جو ہمارے ساتھ بغض وعداوت رکھے گا وہ گدھا ہوگا۔ ہمارے شیعہ ہی گھروں والے مشرف ومعادن کے مالک ہوں گے اور ہمارے شیعہ ہی ہیں جن کی ولادت صحیح ہوگی (یعنی حلال زادے) اور ملّتِ ابراہیم علیہ السلام پر سوائے ہمارے اور ہمارے شیعوں کے کوئی نہیں ہوگا۔ باقی تمام لوگ اس ملت سے بے زار ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کے فرشتوں کا ایک خاص گروہ ہے جو ہمارے شیعوں کے گناہوں کو ختم کردیں گے جس طرح کلہاڑے درختوں کی جڑوں کو کاٹ کر ختم کردیتے ہیں۔

https://downloadshiabooks.com/

## جناب مقداد رضی اللہ عنہ اور عبدالرحمٰن کے درمیان مکالمہ

﴿قال أخبرنا﴾ ابوالحسن علی بن محمد الكاتب ﴿قال أخبرنا﴾ الحسن ابن علی الزعفرانی عن ابراهيم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن علی ﴿قال حدثنا﴾ الحسين بن سفيان عن أبيه ﴿قال حدثنا﴾ لوط بن يحيیٰ ﴿قال حدثنا﴾ عبدالرحمٰن بن جندب عن أبيه قال لما بايع عثمان سمعت المقداد بن الأسود الكندی رحمه الله يقول لعبد الرحمٰن بن عوف والله ياعبد الرحمٰن ما رأيت مثل ما اتی الی اهل هذا البيت بعد نبيهم (ص) فقال له عبدالرحمٰن وما انت وذاك يامقداد قال انی والله احبهم لحب رسول الله لهم ويعترينی والله وجد لأبثة لتشرف قريش علی الناس بشرفهم واجتماعهم علی نزع سلطان رسول الله (ص) من ايديهم فقال له عبدالرحمٰن ويحك والله لقد اجتهدت نفسی لكم فقال له المقداد اما والله لقد تركت رجلا من الذين يأمرون بالحق وبه يعدلون اما والله لو ان لی علی قريش اعواناً لقاتلتهم قتالی اياهم يوم بدر واحد فقال له عبدالرحمٰن ثكلتك اما لا يسمعن هذا الكلام منك الناس اما والله لخائف ان تكون صاحب فرقة وفتنة قال جندب فاتيته بعد ما انصرف من مقامه وقلت له يامقداد انا من اعوانك فقال رحمك الله ان الذی نريد لا يكفی فيه الرجلان والثلاثة فخرجت من عنده فدخلت علی علی بن ابی طالب عليه السلام فذكرت له ما قال وقلت قال فدعا لنا بالخير۔

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

جناب عبدالرحمٰن ابن جندب نے اپنے والد سے نقل کیا وہ بیان کرتے ہیں ۔۔۔
حضرت عثمان کی بیعت کر لی گئی تو میں نے مقداد بن اسود کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۔۔۔

https://downloadshiabooks.com/

فرماتے ہوئے سنا، آپ نے عبدالرحمٰن بن عوف سے فرمایا:

خدا کی قسم! اے عبدالرحمٰن! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانے کے بعد جو اس اہلِ بیت علیہم السلام کے ساتھ لوگوں نے سلوک کیا ہے اس کی مثال کہیں نہیں ملتی۔ عبدالرحمٰن نے کہا: آپ کو ان سے کیا واسطہ اور تعلق ہے؟ جناب مقداد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: خدا کی قسم! میں ان سے محبت کرتا ہوں جیسے رسولؐ خدا ان سے محبت کرتے تھے اور یہ ہی مجھے آخرت میں بچانے والے ہیں۔ خدا کی قسم! ان کو ایک عظمت کا مقام حاصل ہے۔ قریش والوں نے لوگوں پر اپنے آپ کو شرافت مند ان کی وجہ سے قرار دیا ہے اور پھر ان سے حکومت و خلافت کو چھیننے پر جمع ہو گئے ہیں۔ پس عبدالرحمٰن نے آپ سے کہا کہ ہائے افسوس تیرے لئے خدا کی قسم! میں اپنے نفس کے ساتھ تمہارے خلاف جہاد کروں گا۔ جناب مقدادؓ نے اس کے مقابلے میں فرمایا: خدا کی قسم! اس مرد کو چھوڑ دیا ہے جو ان میں سے ہے جو حق کا حکم دینے والے ہیں اور حق کے ساتھ عدل و فیصلہ کرنے والے ہیں۔ آگاہ ہو جاؤ خدا کی قسم! اگر مجھے طاقت مل جائے اور میرے مددگار جمع ہو جائیں تو میں تم لوگوں کے خلاف اس طرح جہاد کروں جس طرح میں نے بدر اور اُحد میں تمہارے خلاف جہاد کیا ہے۔

پس عبدالرحمٰن نے آپ سے کہا: تیری ماں تیرے غم میں روئے لوگ تیری اس گفتگو کو نہ سنیں۔ آگاہ ہو جاؤ، خدا کی قسم! مجھے لگتا ہے کہ تو ضرور کوئی فتنہ وفساد برپا کرے گا۔ جناب جندب نے ان لوگوں کے جدا جدا ہونے کے بعد مقدادؓ سے کہا: اے مقدادؓ! میں تمہارا مددگار و معاون ہوں۔ پس آپ نے فرمایا: خدا آپ پر رحم کرے جو کچھ میں چاہتا ہوں اس کے لیے دو یا تین مرد کافی نہیں ہیں۔ پس میں وہاں سے امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور جو مقداد اور عبدالرحمٰن کے درمیان گفتگو ہوئی تھی وہ میں نے ساری بیان کر دی۔ آپؑ نے ان کے حق میں دعائے خیر فرمائی۔

https://downloadshiabooks.com/

## معاویہ اور جاریہ بن قدامہ سعدی کے درمیان نوک جھوک

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبدالله محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبدالله محمد بن احمد الحکیمی ﴿قال حدثنا﴾ اسماعیل بن اسحاق القاضی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن سعید ﴿قال حدثنا﴾ عبدالملک بن عمیر اللخمی قال قدم جارية بن قدامة السعدی علی معاوية ومع معاوية علی السرير الأحنف بن قيس والحباب المجاشعی فقال له معاوية من انت فقال انا جارية بن قدامة قال وكان قليلا ما عسيت ان يكون هل انت الا نحلة فقال لاتفعل يامعاوية قد شبهتنی بالنحلة وهی والله حامية اللسعة حلوة البصاق و والله ما معاوية الا كلبة تعاوی الكلاب وما أمية الا تصغير لأمة فقال معاوية لا تفعل قال انك فعلت ففعلت قال له فادن اجلس معی علی السرير فقال لا افعل قال ولم قال لأنی رأيت هذين قد اماطاك عن مجلسك فلم اكن لاشاركهما قال له معاوية ادن اشاركك فدنا منه فقال له ياجارية انی اشتريت من هذين دينهما قال ومنی فاشتر يامعاوية قال له لا تجهر--

**حدیث نمبر 6:** (بحذف اسناد)

عبدالملک بن عمیر لخمی نے بیان کیا ہے۔ جاریہ بن قدامہ سعدی معاویہ کے پاس دربار میں آیا۔ معاویہ کے ساتھ تخت پر احنف بن قیس اور جناب مجاشعی بھی موجود تھے۔ پس معاویہ نے اس سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ اس نے جواب دیا: میں جاریہ بن قدامہ سعدی ہوں۔ معاویہ نے کہا: میں نے خیال کیا کہ شاید تو کوئی کھجور کا درخت ہے۔ اس نے کہا: اے معاویہ ایسا [illegible] درخت کے ساتھ تشبیہ [illegible] جس کا [illegible] جلانے کے لیے [illegible] ہے لیکن [illegible] قسم [illegible] کتا ہے جس پر کتوں نے ہجوم کیا ہوا ہو (غر رہے ہوں) اور باقی [illegible]

https://downloadshiabooks.com/

ہے (امیہ کا معنی ہوا چھوٹی کنیز)۔ پس معاویہ نے کہا: نہیں یار ایسے نہ کر۔ اس نے کہا: اگر تو ایسا کہے گا تو میں تجھے ایسا ہی کہوں گا۔ پس معاویہ نے اس سے کہا: آؤ میرے قریب آؤ اور میرے ساتھ تخت پر تشریف رکھو۔ پس جاریہ نے کہا: نہیں میں ایسا نہیں کروں گا۔ معاویہ نے کہا: کیوں؟ جاریہ نے کہا: اس لیے کہ یہ دو بندے تیرے پاس موجود ہیں پس تیری مجلس میں نہیں بیٹھوں گا۔ میں ان کے ساتھ شریکِ محفل نہیں ہوسکتا۔ پس معاویہ نے جاریہ سے کہا کہ میرے قریب آؤ۔ میں تجھے ان کا شریک قرار دینا چاہتا ہوں۔ پس وہ اس کے قریب ہوا اور معاویہ نے کہا کہ میں نے ان دونوں کے ایمان کو خرید لیا ہے۔ جاریہ نے کہا: اچھا تو پھر میرے ایمان کو بھی خرید لو اے معاویہ! معاویہ نے کہا: آہستہ بولو۔

## غیبت کا کفارہ

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبیداللّٰہ محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن احمد الحکیمی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن اسحاق ﴿قال أخبرنا﴾ داود بن المخیر ﴿قال حدثنا﴾ عنبسة بن عبدالرحمٰن القرشی ﴿قال حدثنا﴾ خالد بن یزید الیمانی عن انس بن مالك قال قال رسول اللّٰہ (ص) كفارة الاغتياب ان تستغفر لمن اغتبته وصلى اللّٰه على سيدنا۔

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت کی ہے اس کے لیے استغفار کرو۔ صلی اللّٰہ علی محمد وآلہ وسلم

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 22

[بروز ہفتہ ۲۲ رمضان المبارک سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## رزق حلال طریقہ سے حاصل کرو

سمعه ابوالفوارس حدثنا الشيخ المفيد محمد بن محمد بن النعمان ادام الله تأييده ﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر محمد بن عمر بن سلم البراء المعروف بابى الجعابى رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعيد المعروف بابن عقدة ﴿قال حدثنا﴾ يحيىٰ بن زكريا بن شيبان ﴿قال حدثنا﴾ محمد ابن مروان الذهلى عن عمرو بن سيف الازدى قال لى ابوعبدالله جعفر بن محمد (ع) لاتدع طلب الرزق من حله فانه عون لك على دنياك واعقل راحلتك وتوكل -

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

عمرو بن سیف ازدی نے بیان کیا ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے فرمایا: رزقِ حلال طلب کرو کیونکہ یہ تیری دنیا میں تیرا مددگار ہے اور اپنے کوچ میں عقل مندی کرو اور اس پر توکّل کرو۔

## تین بندوں کی نماز قبول نہیں ہوگی

﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابى ﴿قال حدثنا﴾ ابو

https://downloadshiabooks.com/

العباس احمد بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن عبدالله بن غالب ﴿قال حدثنا﴾ الحسين بن علی بن رباح عن سيف بن عميرة ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن مروان ﴿قال حدثنی﴾ عبدالله بن ابی يعفور عن ابی عبدالله جعفر بن محمد (ع) قال ثلاثة لايقبل الله لهم صلوة عبد آبق عن مواليه حتی يرجع اليهم فيضع يده فی ايديهم ورجل ام قوما وهم له کارهون وامرأة تبيت وزوجها عليها ساخط۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب ابوعبداللہ بن ابویعفور رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الامام الصادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

تین لوگوں کی اللہ تعالیٰ نماز قبول نہیں کرے گا:

① وہ بندہ اور غلام جو اپنے آقا سے بھاگ گیا ہو جب تک وہ واپس اپنے مولا و آقا کے پاس نہ آجائے۔ پس وہ اپنا ہاتھ ان کے ہاتھوں میں رکھتا ہے۔

② وہ مرد جو ایک قوم کو امامتِ نماز کروائے اور وہ اس کو پسند نہ کرتے ہوں۔

③ وہ عورت جو سو جائے اور اس کا شوہر اس پر ناراض ہو۔

## معراج کی رات محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آواز دی گئی

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن بن الوليد رحمه الله ﴿قال حدثنی﴾ ابی عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسى عن بكر بن صالح عن الحسن بن علی عن عبدالله بن ابراهيم ﴿قال حدثنی﴾ الحسين بن زيد عن جعفر بن محمد عن أبيه عن جده عليه السلام قال قال رسول الله (ص) لما اسری بی الی السماء انتهيت الی

https://downloadshiabooks.com/

سدرة المنتهى نوديت یامحمد استوص بعلی خیرا فانه سید الوصیین وامام المتقین وقائد الغر المحجلین الی یوم القیمة--

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

حضرت حسین بن زید نے حضرت امام جعفر بن محمد علیہ السلام سے اور آپؑ نے اپنے والد سے اور آپؑ نے اپنے جد علیہم السلام سے اور آپؑ نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے' آپؐ نے فرمایا:

جب معراج کی رات مجھے آسمان کی طرف لے جایا گیا تو جب میں سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچ گیا تو مجھے آواز دی گئی: اے محمدؐ! میں آپ کو علی علیہ السلام کے ساتھ خیر اور نیکی کی وصیت کرتا ہوں' کیونکہ وہ تمام اوصیاء کا سردار اور متقین کا امام اور قیامت تک کے لیے تمام روشن پیشانی والوں کے قائد ہیں۔

## اے علیؑ! آپؑ دنیا وآخرت میں میرے بھائی ہیں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد الکاتب ﴿قال أخبرنا﴾ الحسن ابن علی الزعفرانی ﴿قال أخبرنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنی﴾ عثمان بن ابی شیبة عن عمرو بن میمون عن جعفر بن محمد عن أبیه عن جده علیه السلام قال قال امیر المؤمنین علی بن ابی طالب علیه السلام علی منبر الکوفة ایها الناس انه کان لی من رسول الله (ص) عشر خصال هن احب الی مما طلعت علیه الشمس قال لی رسول الله (ص) یاعلی انت اخی فی الدنیا والآخرة وانت اقرب الخلائق الی یوم القیمة فی الموقف بین یدی الجبار ومنزلك فی الجنة مواجه منزلی کما یتواجه منزل الاخوان فی الله وانت الوارث عنی وانت الوصی من بعدی فی عداتی

https://downloadshiabooks.com/

وامری وانت الحافظ لی فی اهلی عند غیبتی وانت الامام لامتی القائم بالقسط فی رعیتی وانت ولیی وولیی ولی اللّٰہ وعدوك عدوی وعدوی عدو اللّٰہ ۔

**حدیث نمبر 4: (بحذف اسناد)**

حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے کوفہ کے منبر پر فرمایا:

اے لوگو! مجھے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دس نسبتیں ہیں جو مجھے تمام دنیا اور جو کچھ اس میں ہے ان سب سے زیادہ محبوب ہیں۔ رسولؐ خدا نے میرے لیے فرمایا:

① اے علیؑ! آپؑ میرے دنیا و آخرت میں بھائی ہیں۔

② قیامت کے دن خدائے جبار کے سامنے تمام دنیا سے آپؑ میرے زیادہ قریب ہوں گے۔

③ جنت میں آپؑ کا مکان میرے مکان کے سامنے ہوگا جیسے دو بھائیوں کے مکان ایک دوسرے کے سامنے ہوتے ہیں۔ جنھوں نے خدا کے لیے ایک دوسرے سے برادری قائم کر رکھی ہو۔

④ اے علیؑ! آپ میرے وارث ہیں۔

⑤ آپؑ میرے بعد میری عدالت میں میرے وصی ہیں۔

⑥ میری غیبت کے دوران میرے خاندان میں میرے محافظ ہیں۔

⑦ آپؑ میری اُمت میں عدل وانصاف کرنے والے امام ہیں۔

⑧ آپؑ میرے دوست ہیں۔

⑨ اور میرا دوست وولی اللہ کا ولی و دوست ہوتا ہے۔

⑩ آپؑ کا دشمن میرا دشمن ہے اور میرا دشمن اللہ کا دشمن ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

## آلِ محمدؑ کے غم میں رونے کا ثواب

﴿قال أخبرني﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعید الهمدانی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن عبد الحمید بن خالد ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن عمرو بن عتبه عن حسین الاشقر عن محمد بن ابی عمارة الکوفی قال سمعت جعفر بن محمد علیه السلام یقول من دمعت عینه فینا دمعة لدم سفك منا او حق لنا نقضاه او عرض انتهك لنا او لاحد من شیعتنا بواه تعالی بها فی الجنة حقبا۔

**حدیث نمبر 5**: (بحذف اسناد)

جناب محمد بن عمارہ کوفی نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا' آپؑ نے فرمایا:

جس شخص کی آنکھ ہمارے اس خون کی خاطر جو زمین پر بہہ گیا ہے یا ہمارے اس حق کی خاطر جس سے ہمیں محروم رکھا گیا ہے یا ہماری عزت کی خاطر جس کو پامال کیا گیا ہے یا ہمارے شیعوں میں سے کسی ایک کی خاطر ایک آنسو بہائے گی اس کی جزا اللہ تعالیٰ جنت قرار دے گا۔

## لوگوں کا معاویہ کی طرف فرار کر کے جانا

﴿قال حدثنی﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ علی ابن عبداللہ بن راشد الاصفهانی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن محمد الثقفی قال حدثنی محمد بن عبداللہ بن عثمان ﴿قال حدثنی﴾ علی بن سیف عن علی بن ابی حباب عن ربیعة وعمارة وغیرهما ان طائفة من اصحاب امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیه السلام مشوا الیه عند تفرق الناس

https://downloadshiabooks.com/

عنه وفرار كثير منهم الى معاوية طلبا لما فى يديه من الدنيا فقالوا له يا امير المؤمنين اعط هذه الأموال وفضل هؤلاء الأشراف من العرب وقريش على الموالى والعجم ومن يخاف خلافه عليك من الناس وفراره الى معاوية فقال لهم اميرالمؤمنين عليه السلام أتامروني ان اطلب النصر بالجور لا والله لا افعل ما طلعت شمس ولاح فى السماء نجم والله لو كانت اموالهم لى لواسيت بينهم فكيف وانما هى اموالهم قال ثم ارم اميرالمؤمنين عليه السلام طويلا ساكتا ثم قال من كان له مال فاياه والفساد فان اعطاء المال فى غير حقه تبذير واسراف وهو وان كان ذكراً لصاحبه فى الدنيا فهو يضعه عند الله عزوجل ولم يضع رجل ماله في غير حقه وعند غير اهل الا حرمه الله تعالى شكره وكان لغيرهم وده فان بقي معه ويظهر له الشكر فانما هو ملق وكذب يريد التقرب به اليه لينال منه مثل الذى كان يأتى اليه من قبل فان ذلت بصاحبه النعل واحتاج الى معونته او مكافئته فشر خليل والأم خدين ومن صنع المعروف فيما اتاه فليصل به القرابة ولتحسن به الضيافة وليفك به العانى وليعن به الغارم وابن السبيل والفقراء والمجاهدين فى سبيل الله وليصبر نفسه على النوائب والحطوب فان الفوز بهذه الخصال اشرف مكارم الدنيا ودرك فضائل الآخرة۔

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

جناب ربیعہ اور عمارہ وغیرہ بیان کرتے ہیں: جناب امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے اصحاب کا ایک گروہ امیرالمومنینؑ کی خدمت میں آیا' جب کہ لوگوں کی ایک جماعت آپؑ سے اختلاف کرتے ہوئے فرار اختیار کر کے معاویہ کے پاس چلی گئی تا کہ اس سے دنیا کو حاصل کرسکیں۔ پس اس گروہ نے جناب امیرالمومنینؑ کی خدمت میں عرض

https://downloadshiabooks.com/

کیا: اے امیرالمومنین! عرب کے ان شرفا کو مال اور عزت عطا کرو اور قریش والوں کو ان غلام اور غیر عربوں پر فضیلت عطا کرو۔ جو بھی اس معاملہ میں آپؑ سے خائف ہوتا ہے وہ معاویہ کی طرف فرار کر جاتا ہے۔

پس جناب امیرالمومنین علی علیہ السلام اپنے مقام پر کھڑے ہوئے اور ان سے فرمایا: کیا تم لوگ مجھے مشورہ دیتے ہو کہ میں لوگوں کی مدد کو حرام اور جور کے ذریعے حاصل کروں۔ خدا کی قسم! جب تک سورج طلوع کرتا ہے اور آسمان پر ایک ستارہ بھی چمکتا رہے گا میں ایسا ہرگز نہیں کروں گا۔ خدا کی قسم! اگر ان کا اپنا مال میرے پاس آئے گا تو میں بھی ان پر برابر تقسیم کروں گا اور میں ایسے کیسے کر سکتا ہوں۔ یہ مال تمام لوگوں کا مال ہے۔ پھر آپؑ نے ایک لمبا سکوت کیا' پھر فرمایا: جس کے پاس مال ہو اس کو اس کے فساد سے بچنا چاہیے کیونکہ اگر یہ مال غیر مستحق کو دیا گیا تو فضول خرچی اور اسراف ہے۔ یہ مال اگر دنیا میں اپنے مالک کو یاد رکھتا ہے تو آخرت میں اس کو ضائع کر دیتا ہے اور کوئی فرد اپنا مال غیر مستحق کو دے گا اور غیر اہل کے پاس رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے لشکر کو اس بندے کے لیے حرام قرار دیتا ہے۔ اور وہ ان کے غیر کے لیے محبوب ہو جائے گا۔ پس اگر وہ مال ان کے پاس پہنچ گیا ہے تو وہ اس کا شکریہ ادا کریں گے اور وہ جھوٹ بولیں گے تا کہ وہ اس کا قرب حاصل کریں' کہ اس سے کچھ مال حاصل کر سکیں۔ جب کہ ان کے پاس پہلے بھی ہے۔ اور اگر وہ مال ضائع ہو جائے تو اس کے مالک کے لیے جو اُس کا کفیل ہے اور وہ اپنی ضروریاتِ زندگی میں بھی محتاج ہوگا۔ پھر دوست بھی بُرے ہو جاتے ہیں۔ پس جس شخص کو یہ مال حاصل ہو جائے اس کو چاہیے کہ اس کے ساتھ صلہ رحمی کرے۔ اس کے ساتھ اچھی مہمان نوازی کرے' اپنے اہل کو بھی اس سے خوش کرے۔ اس مال سے مقروض و مسافر و فقراء اور راہِ خدا میں جہاد کرنے والوں کی مدد کرو اور اپنے نفس پر مصیبتوں میں صبر کریں اور ناپسند معاملے پر صبر کریں۔ پس جو شخص ان چیزوں پر کامیاب ہو گیا اس نے دنیا کی

https://downloadshiabooks.com/

بزرگی کو اور آخرت کے فضائل کو پالیا ہے۔

## مومن کی تذلیل کرنے سے بچو

﴿قال أخبرني﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابی العباس احمد بن محمد بن سعید ﴿قال حدثنا﴾ علی بن الحسین ﴿قال حدثنا﴾ العباس بن عامر عن احمد بن رزق عن اسحاق بن عمار قال قال لی ابوعبداللہ (ع) یااسحاق کیف تصنع بزکوۃ مالك اذا حضرت قلت یأتونی الی المنزل فاعطیهم فقال لی ما اراك یا اسحاق الا وقد اذللت المؤمن فایاك ایاك ان اللہ تعالی یقول من اذل لی ولیا فقد ارصد لی بالمحاربة ـ

**حدیث نمبر 7**: (بحذف اسناد)

جناب اسحاق بن عمار نے بیان کیا ہے کہ مجھے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا: اے اسحاق! آپ نے مالک کی زکوۃ کے ساتھ کیا کیا جب وہ لائی گئی؟ میں نے عرض کیا: جب وہ لائی گئی تو میں نے کہا: میرے گھر آجاؤ۔ پس میں نے لوگوں میں وہ تقسیم کردی۔ پس آپؑ نے فرمایا: اے اسحاق! تجھے کیا ہوگیا ہے۔ آگاہ ہو جاؤ کہ تو نے مومن کو ذلیل کیا ہے اور مومن کو ذلیل کرنے سے بچو کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہے جو میرے کسی دوست کو ذلیل کرے گا پس وہ جنگ میں میری کمین گاہ میں ہے یعنی وہ جنگ میں میرے مقابلہ میں ہے۔

## مومن کا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقام وعزت

﴿قال أخبرني﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویه رحمه اللہ ﴿قال حدثنا﴾ ابی عن سعد بن عبداللہ عن احمد بن محمد بن عیسی عن الحسن ابن محبوب عن حنان بن سدیر عن أبیه قال کنت عند ابی عبداللہ

https://downloadshiabooks.com/

عليه السلام فذكر عنده المؤمن وما يجب من حقه فالتفت الى ابوعبدالله عليه السلام فقال يا ابا الفضل الا احدثك بحال المؤمن عند الله قلت بلى فحدثني جعلت فداك فقال اذا قبض الله روح المؤمن صعد ملكاه الى السماء فقالا يارب عبدك ونعم العبد كان سريعا الى طاعتك بطيئا عن معصيتك وقد قبضته اليك فما تأمرنا من بعده فيقول الجليل الجبار اهبطا الى الدنيا فكونا عند قبر عبدي ومجداني وسبحاني وهللاني وكبراني واكتبا ذلك لعبدي حتیٰ ابعثه من قبره ثم قال لي الا ازيدك قلت بلى زدني قال اذا بعث الله المؤمن من قبره خرج معه مثال يقدمه امامه فكلما رأى المؤمن هؤلا من اهوال القيمة قال له المثال لا تجزع ولا تحزن وابشر بالسرور والكرامة من الله عزوجل قال فما يزال يبشره بالسرور والكرامة من الله عزوجل حتیٰ يقف بين يدي الله سبحانه ويحاسب حسابا يسيرا ويأمر به الى الجنة والمثال امامه فيقول المؤمن رحمك الله نعم الخارج خرجت معي من قبري ما زلت تبشرني بالسرور والكرامة من الله عزوجل حتیٰ كان ذلك "فمن انت فيقول المثال انا السرور الذي ادخلته على اخيك المؤمن في الدنيا خلقني الله لا بشرك"۔

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

جناب حنان بن سدیر رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے والد سے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوعبداللہ امام صادق علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں موجود تھا کہ آپ کے سامنے مومن اور جو اس کے حقوق ہیں ان کا ذکر کیا گیا۔ پس جناب ابوعبداللہ علیہ السلام میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے ابوالفضل! کیا ایک مومن کا جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقام ہے میں تجھے اس کے بارے میں خبر نہ دوں؟

https://downloadshiabooks.com/

پس میں نے عرض کیا: کیوں نہیں میں آپؑ پر قربان ہو جاؤں، آپؑ میرے لیے بیان فرمائیں۔ آپؑ نے فرمایا: جب مومن کی روح کو اللہ تعالیٰ قبض کرواتا ہے تو دو فرشتے اس کی روح لے کر آسمان کی طرف بلند ہوتے ہیں پس وہ دونوں عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! یہ تیرا بندہ ہے اور بہت اچھا بندہ ہے جو آپ کی اطاعت میں جلدی کرتا تھا اور تیری نافرمانی میں سستی کرتا تھا اور ہم اس کو لے کر آپ کے دربار میں حاضر ہوں۔ اس کے بعد اب اس کے لیے کیا حکم ہے؟ پس اللہ تعالیٰ ان دونوں فرشتوں کو حکم دے گا:

اے میرے فرشتو! زمین پر اُتر جاؤ۔ میرے اس بندے کی قبر کے نزدیک وقریب رہو جب تک میرا یہ بندہ قبر سے محشور نہیں کیا جاتا اس کی قبر پر میری تمجید کرو، میری تسبیح کرو، میری تحلیل کرو، میری کبریائی بیان کرو اور اس کے نامۂ اعمال میں تم دونوں اس سب کو لکھو۔

پھر آپؑ نے فرمایا: اگر تو چاہے تو میں اس میں اضافہ کروں۔ میں نے عرض کیا: اور فرمائیں۔ آپؑ نے فرمایا: جب مومن اپنی قبر سے محشور ہوگا اس کی قبر سے ایک مثال نورانی اس کے ساتھ خارج ہوگی جو اس کے آگے آگے ہوگی۔ جب وہ مومن قیامت کی ہولناکیوں کو دیکھے گا تو وہ مثال اسے کہے گی نہ ڈرو اور نہ غم کرو۔ میں آپ کو سرور و کرامت کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت دیتی ہوں۔ پس وہ جب تک اللہ کی بارگاہ میں کھڑا رہے گا وہ سرور و کرامت خدا کی طرف سے اس کو شامل حال رہے گی اور پھر اس کا تھوڑا سا حساب ہوگا اور پھر اس کو جنت میں جانے کا حکم سنایا جائے گا اور وہ مثال پھر اس کے آگے آگے ہوگی۔ پس مومن اس سے کہے گا: اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت کرے میری قبر سے میرے ساتھ بہت اچھی نکلی ہے۔ تو نے ہمیشہ مجھے اللہ کے سرور و کرامت کی خوشخبری دی ہے یہاں تک کہ میں جنت میں داخل ہو گیا ہوں۔ پس یہ بتاؤ تم کون ہو؟ پس وہ مثال جواب دے گی: پس میں وہ خوشی ہوں جو تو نے دنیا میں اپنے مومن بھائی کے دل میں ایجاد کی تھی تو اللہ نے مجھے خلق فرمایا تاکہ میں تجھے بشارت دوں۔

https://downloadshiabooks.com/

## نمازِ فجر کے بعد کی دعائے امام علیہ السلام

﴿قال أخبرني﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولويه رحمه الله عن أبيه سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسى عن الحسين بن سعيد عن محمد بن ابی عمير عن محمد الجعفي عن أبيه قال كنت كثيراً ما اشتكي عيني فشكوت ذلك الى ابی عبدالله عليه السلام فقال الا اعلمك دعاء لدنياك وآخرتك وتكفى به وجع عينك قلت بلى قال تقول فی دبر الفجر ودبر المغرب اللّٰهم انی اسئلك بحق محمد وآل محمد عليك ان تصلی علی محمد وآل محمد وان تجعل النور فی بصری والبصيرة فی دينی واليقين فی قلبی والاخلاص فی عملی والسلامة فی نفسی والسعة فی رزقی والشكر لك ابداً بقيتنی وصلی الله علی سيدنا محمد النبی وآله وسلم تسليماً۔

**حدیث نمبر 9: (بحذف اسناد)**

جناب محمد جعفی نے اپنے والد سے نقل کیا وہ بیان کرتے ہیں کہ میری آنکھ اکثر خراب رہتی تھی۔ پس میں نے اس کا شکوہ حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام کی خدمت میں کیا۔ پس آپؑ نے فرمایا: کیا میں تیری دنیا اور آخرت کی خیر کے لیے تجھے دعا کی تعلیم نہ دوں۔ وہ تیری آنکھ کی بیماری کے لیے بھی کافی ہو؟ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں مولاؑ۔ آپؑ نے فرمایا: نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد یہ دعا پڑھا کرو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ عَلَيكَ اَن تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّاَن تَجعَلَ النُّورَ فِی بَصرِی وَالبَصِيرَةَ فِی دِينِی وَاليَقِينَ فِی قَلبِی وَالاِخلَاصَ فِی عَمَلِی وَالسَّلَامَةَ فِی نَفسِی وَالسَّعَةَ فِی رِزقِی وَالشُّكرَ لَكَ اَبَداً بَقَيتَنِی۔

https://downloadshiabooks.com/

''اے میرے اللہ! میں تجھ سے محمدؐ وآلِ محمدؐ کے حق کے ذریعے سوال کرتا ہوں۔ آپ محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر اپنی درود (یعنی رحمت) نازل فرما اور میری آنکھ میں ایک نور قرار فرما اور میرے دین میں ایک بصیرت عطا فرما اور میرے دل میں یقین قرار فرما۔ میرے عمل میں اخلاص قرار فرما اور میرے نفس میں سلامتی اور میرے رزق میں وسعت اور مجھے ہمیشہ اپنے لیے شکر کرنے والا قرار فرما۔

صلی اللہ علی سیدنا محمد النبی وآلہ وسلم تسلیماً

⊙⊙⊙

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 23

## طالب علم سے گفتگو

﴿قال حدثنی﴾ احمد بن محمد عن أبیه محمد بن الحسن بن الولید القمی رحمه اللّٰه عن محمد بن الصفار عن العباس بن معروف عن علی بن مہزیار عن الحسین بن سعید الاهوازی عن النضر بن سوید وابن ابی نجران جمیعا عن عاصم عن ابی بصیر عن ابی جعفر محمد الباقر علیه السلام انه قال ان اباذر رحمه اللّٰه کان یقول یامبتغی العلم کان شیئا من الدنیا لم یکن شیئا الا عملا ینفع خیره ویضر شره الامن رحم اللّٰه یامبتغی العلم لایشغلك اهل ولامال عن نفسك انت یوم تفارقهم کضیف بت فیهم ثم غدوت من عندهم الی غیرهم والدنیا والآخرة کمنزل انزلته ثم عدلت عنه الی غیره وما بین الموت والبعث الا کنومة نمتها ثم استیقظت منها یامبتغی العلم قدم لمقامك بین یدی اللّٰه فانك مرتهن بعملك وکما تدین تدان یامبتغی العلم قدم لمقامك بین یدی اللّٰه فانك مرتهن بعملك وکما تدین تدان یامبتغی العلم صل قبل ان لا تقدر علی لیل ولا نهار تصلی فیه انما مثل الصلوة لصاحبها باذن اللّٰه کمثل رجل دخل علی سلطان فانصت له حتٰی فرغ من حاجته کذلك المرء المسلم مادام فی صلوته لم یزل اللّٰه ینظر الیه حتٰی یفرغ من صلوته یامبتغی العلم تصدق قبل ان لا تقدر ان تعطی

https://downloadshiabooks.com/

شیئا ولا تمنع منه انما مثل الصدقة لصاحبها کمثل رجل طلبه القوم بدم فقال لاتقتلونی واضربوا لی اجلا لاسعی فی مرضاتکم کذلك المرء المسلم باذن اللّٰہ کلما تصدق بصدقة حل عقدة من رقبته حتی یتوفی اللّٰہ اقواما وقد رضی عنہم ومن رضی اللّٰہ عنه فقد عتق من النار یامبتغی العلم ان قلبا لیس فیه من الحق شیئ کالبیت الخراب الذی لاعامر له یامبتغی العلم ان ھذا اللسان مفتاح خیر ومفتاح شر فاختم علی قلبك کما تختم علی ذھبك و ورقك یامبتغی العلم ان ھذہ الأمثال ضربھا اللّٰہ للناس وما یعقلھا الا العالمون۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوبصیر رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام ابوجعفر محمد باقر علیہ السلام سے نقل فرمایا' آپؑ نے فرمایا:

جناب ابوذر رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے: اے طالب علم! اس دنیا میں جو کچھ ہے وہ عمل ہے جو اس کے لیے نفع مند ہے یا نقصان دہ ہے مگر جس پر اللہ رحم فرما دے۔ اے طالب علم! مال اور تیرے اہل' تیرا نفس تجھے غافل نہ کردیں۔ آج تو ان کے درمیان اس طرح رہو جس طرح ایک مہمان ان کے درمیان رہتا ہے جو دوسری صبح کو ان سے کسی دوسرے کے پاس چلا جاتا ہے۔ دنیا اور آخرت تیرے لیے ایسے ہیں جو تیرے پاس نازل ہوئے ہیں' پھر آپ سے رخ موڑ کر کسی دوسرے کی طرف چلے جاتے ہیں اور موت اور دوبارہ حشر کے درمیان کا فاصلہ تیری نیند کی مانند ہے جس میں تو سویا ہوا ہے اور دوبارہ بیدار ہوجائے گا۔

اے طالب علم! خدا کی بارگاہ میں اپنے مقام کے لیے کچھ آگے بھی بھیجو کیونکہ تو اپنے عمل کا مرہونِ منت ہے اور جیسا تو یہاں افعال انجام دے گا ویسے ہی وہاں پر تجھے

https://downloadshiabooks.com/

جزا دی جائے گی۔

اے طالبِ علم! نماز پڑھو قبل اس کہ تم نماز پڑھنے کی قدرت نہ رکھو۔ وہ دن رات تیرے اوپر آ جائیں۔ یہ نماز اپنے نمازی کے لیے اللہ کے حکم سے ایسے ہوگی جیسے ایک مرد ایک بادشاہ کے دربار میں اور وہ اس کے لیے خاموش رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اپنی حاجت بیان کرے۔ ایسے ہی جب کوئی مسلمان نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے جب تک وہ نماز میں رہتا ہے اللہ تعالٰی کی نظرِ رحمت اس کی طرف رہتی ہے، یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو جائے۔

اے طالبِ علم! صدقہ دو قبل اس کے تو کوئی چیز دینے پر قادر نہ رہے اور نہ ہی کسی چیز کو اپنے سے روکنے پر قادر رہے۔ یہ صدقہ اپنے صاحب کے لیے ایسے ہے جیسے ایک مرد کو اس کی قوم اُس کو خون کے لیے طلب کرتی ہے اور وہ مرد کہتا ہے کہ مجھے قتل نہ کرو اور ایک مدت تک مہلت دو تا کہ میں تمہاری خوشنودی کے لیے کوشش کرتا رہوں۔ ایسے ہی ہے جب کوئی مسلمان مرد صدقہ دیتا ہے، اللہ کے حکم سے وہ صدقہ اس کی مشکلات کو حل کرتا ہے حتیٰ کہ اللہ تعالٰی اس کی روزی کو مکمل کر دیتا ہے (یعنی اس کی موت کا وقت آ جاتا ہے) اور اللہ ان سے راضی ہوتا ہے اور جس سے اللہ راضی ہو جائے پس اس کو جہنم سے نجات عطا کر دیتا ہے۔

اے طالبِ علم! جس دِل میں حق نہ ہو وہ اس گھر کی مانند ہے جو خراب ہے اور اس میں کوئی رہنے والا نہیں ہے۔

اے طالبِ علم! یہ تیری زبان خیر اور شر دونوں کی چابی ہے۔ اپنے دل کی حفاظت کرو جس طرح تم اپنے سونے اور چاندی کی حفاظت کرتے ہو۔

اے طالبِ علم! تحقیق یہ وہ مثالیں ہیں جن کو اللہ لوگوں کے لیے بیان کرتا ہے اور ان مثالوں سے کوئی بھی عبرت و عقل حاصل نہیں کرتا سوائے علماء کے۔

https://downloadshiabooks.com/

## جو آپ پر ظلم کرے اس کو معاف کرو

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن ابن ابی عمیر عن النضر بن سوید عن ابن سنان عن ابی عبداللّٰہ جعفر بن محمد الصادق (ع) قال قال رسول اللّٰہ (ص) فی خطبته الا اخبرکم بخیر خلائق الدنیا والآخرة العفو عمن ظلمك وان تصل من قطعك والاحسان الی من اساء الیك واعطاء من حرمك وفی التباغض الحالقة لا اعنی حالقة الشعر ولکن حالقه الدین۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے فرمایا ہے: حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ایک خطبہ کے دوران فرمایا: میں تم کو دنیا اور آخرت کے اخلاق میں سے سب سے بہتر کے بارے میں خبر دیتا ہوں' جو آپؐ پر ظلم کرے اس کو معاف کرنا اور جو آپ کو محروم رکھے اس کو عطا کرنا اور جو آپ کے ساتھ بُرا سلوک کرے اس کے ساتھ احسان کرنا اور جو آپ سے قطع تعلقات کرے اس سے تعلقات قائم کرنا اور دشمنی اور اختلاف میں بلند ہو جاؤ (اس سے مراد شعر میں بلندی نہیں بلند دین میں حالقہ مراد ہے یعنی بلندی مراد ہے)۔

## نیکی کم ہو اس کو کم شمار نہ کرو

وبالاسناد الاوّل عن علی بن مہزیار عن فضالة بن ایوب عن عبداللّٰہ ابن زید عن ابن ابی یعفور قال قال لی ابو عبداللّٰہ جعفر بن محمد صلوات اللّٰہ علیهما لا یغرنك الناس عن نفسك فان الامر یصل الیك دونهم وتقطع عنك النهار بکذا وکذا فان معك من یحفظ ولا تستقل قلیل الخیر فانك تراه حیث یسرك ولا تستقل قلیل الشر فانك تراه غداً بحیث یسوئك

https://downloadshiabooks.com/

واحسن فانی لم ار شیئا اشد طلبا ولا اسرع درکا من حسنة لذنب قدیم ان اللہ جل اسمہ یقول ان الحسنات یذھبن السیئات ذٰلک ذکریٰ للذاکرین۔

حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد صلوات اللہ علیہ نے فرمایا: لوگوں کو اپنے نفس کو دھوکا نہ دو کیونکہ معاملہ تیرے ساتھ ہے ان لوگوں کے ساتھ نہیں ہے اور ان کے ساتھ دن کو یوں یوں کر کے ضائع مت کرو کیونکہ آپ کے ساتھ وہ (فرشتے) موجود ہیں جو تیری ہر چیز محفوظ کرتے ہیں اور اپنے قلیل عملِ خیر کو بھی قلیل شمار نہ کرو' کیونکہ جب آپ اس کو قیامت کے دن دیکھیں گے تو آپ خوش ہو جائیں گے اور اپنے قلیل عملِ شر کو بھی قلیل قرار نہ دو کیونکہ ممکن ہے وہ قلیل عمل بھی قیامت کے دن دیکھے تو وہ تجھے رسوا کر دے۔ اور نیکی کیا کرو کیونکہ میں نے نہیں دیکھا کسی چیز کو جس کی طلب بہت سخت ہوتی ہے سوائے نیکی کے۔ اور بہت جلدی جس کو آپ درک کریں گے وہ نیکی جو تیرے گناہوں کو ختم کر دے گی کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ نیکیاں بدیوں کو ختم کر دیتی ہیں۔ یہ یاد رکھنے والوں کے لیے یاد دہانی ہے۔

## لوگوں سے انصاف کرو

وبالاسناد الاوّل عن علی بن فضالہ عن عجلان ابی صالح قال قال لی ابوعبداللہ جعفر بن محمد السلام انصف الناس من نفسک و واسھم فی مالک وارض لھم بما ترضی لنفسک واذکر اللہ کثیراً وایاک والکسل والضجر فان ابی بذلک کان یوصینی وبذلک کان یوصیہ ابوہ وکذلک فی صلوۃ اللیل انک اذا تکاسلت لم تؤد الی اللہ حقہ وان ضجرت لم تؤد حقا وعلیک بالصدق والورع واداء الامانۃ واذا وعدت فلاتخلف۔

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

جناب ابو صالح نے بیان کیا کہ حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد علیہ السلام نے فرمایا: لوگوں کے ساتھ اپنی طرف سے انصاف کرو اور اپنے مال میں ان کا حصّہ قرار دو۔ اور جس چیز کو تم اپنے لیے پسند کرتے ہو اس کو ان کے لیے پسند کرو اور اللہ کا ذکر زیادہ سے زیادہ کرو۔ سُستی اور تنگ دلی سے بچو۔ پس میرے والد نے مجھے اس کی وصیت کی تھی اور ان کے والد نے ان کو اس کی وصیت فرمائی تھی اور ایسے ہی نمازِ شب کے بارے میں وصیت فرمائی کیونکہ جب تو سُستی کرے گا تو اللہ کے حقوق کو پورا نہیں کر سکے گا اور دل تنگی کرے گا تو لوگوں کے حقوق پورے نہیں کر پائے گا۔ اپنے اُوپر سچ کو پرہیزگاری کو امانت کی ادائیگی کو لازم و واجب قرار دو اور جب وعدہ کرو تو اس کی مخالفت نہ کرو۔

## ابونعمان کو نصیحت

بالاسناد الأول عنعلی بن مهزيار عن علی بن حديد عن علی بن النعمان عن اسحاق بن عمار عن ابی النعمان العجلی قال قال ابوجعفر محمد ابن علی عليه السلام يا ابا النعمان لا تحقق علينا كذبا فتسلب الحنيفية يا ابا النعمان لاترأس فتكون ذنبا يا ابا النعمان انك موقوف ومسؤل لا محالة فان صدقت صدقناك وان كذبت كذبناك يا ابا النعمان لا يغرنك الناس عن نفسك فان الأمر يصل اليك دونهم ولا تقطعن نهارك بكذا وكذا فان معك من يحفظ عليك واحسن فلم ار شيئا اسرع دركا ولا اشد طلبا من حسنة لذنب قديم —

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے فرمایا: اے ابونعمان! ہمارے

https://downloadshiabooks.com/

اُوپر جھوٹ کو محقق نہ کرو (یعنی ہمارے اُوپر جھوٹ نہ بولو) ایسا کرنے سے تیری حنیفیت ختم ہوجائے گی۔ اے ابونعمان! اپنے آپ کو رئیس قرار نہ دو تاکہ تم گناہ گار بن سکو۔ اے ابونعمان! تم کو کھڑا کیا جائے گا اور تجھ سے سوال کیا جائے گا (یعنی قیامت کے دن) اگر تو نے ہمارے اُوپر سچ بولا تو ہم تیری تصدیق کریں گے اور اگر تو نے ہمارے خلاف جھوٹ بولا تو ہم تیری تکذیب کریں گے؟ اے ابونعمان! لوگوں کو اپنی طرف سے دھوکا مت دو پس معاملہ تیرے سپرد ہے ان کے نہیں ہے۔ ان کے ساتھ اپنا دن فضول نہ گزارو کیونکہ تیرے ساتھ تیرے کاموں کو محفوظ رکھنے والے ہیں (یعنی فرشتے) پس نیکی کرو کیونکہ وہ چیز جس کی سب سے سخت طلب ہوگی اور جو بہت جلد درک ہوگی وہ نیکی ہے جو گناہ کو ختم کرنے والی ہے۔

## مغبون کون ہے؟

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن علی بن حدید عن علی بن النعمان رفعه قال كان علی بن الحسين عليه السلام يقول ربح من غلبت واحدته عشيرته وكان ابوعبدالله عليه السلام يقول المغبون من غبن عمره ساعة بعد ساعة وكان علی بن الحسين (ع) يقول اظهر اليأس من الناس فان ذلك من الغنى واقل طلب الحوائج اليهم فان ذلك فقر حاضر واياك وما يتعذر منه وصل صلوة مودع وان استطعت ان تكون اليوم خيراً منك امس وغداً خيراً منك اليوم فافعل۔

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

حضرت امام علی بن حسین زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں: فائدہ مند وہ ہے جس کی وحدت اپنے خاندان پر غالب آجائے۔ حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام فرماتے ہیں:

https://downloadshiabooks.com/

مغبون (جس کو دھوکا دیا گیا ہو) وہ ہے جو اپنی زندگی میں ہر گھڑی دھوکے میں رہے۔ امام علی بن حسین علیہ السلام فرماتے ہیں: لوگوں سے ناامیدی ظاہر کرو کیونکہ یہ غنی ہونے کی علامت ہے اور لوگوں سے اپنی ضروریات و حاجات زیادہ طلب نہ کرو کیونکہ یہ فقر کی علامت ہے۔ بچو اس سے کہ تم کو معذرت کرنا پڑے (یعنی ایسا کام نہ کرو کہ جس کے انجام کے بعد معذرت کرنی پڑے) اور نماز کو آخری نماز سمجھ کر پڑھو۔ اگر آپ کے پاس استطاعت و طاقت ہو تو اپنے آج کو گذشتہ کل سے اور آنے والے کل کو آج سے بہتر قرار دینے کی ایسا ضرور کرو۔

## ویل ہے اُس قوم کے لیے

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار علی بن النعمان عن ابن مسكان عن داود بن فرقد عن ابی سعيدالزهری عن احدهما (ع) انه قال ويل لقوم لا يدينون الله بالأمر بالمعروف والنهی عن المنكر وقال من قال لا اله الا الله فلن يلج ملكوت السماء حتٰى يتم قوله بعمل صالح ولا دين لمن دان الله بطاعة الظالم ثم قال وكل القوم الهاهم التكاثر حتٰى زاروا المقابر۔

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

ابوسعید زہری نے امام ابوعبداللہ یا امام علی بن حسین علیہم السلام سے روایت نقل کی کہ آپؑ نے فرمایا:

اس قوم کے لیے جو اللہ کی خدمت نیکی کے حکم اور برائی سے روکنے کے ذریعے نہیں کرتے اور آپؑ نے فرمایا: جو شخص لا الہ الا اللہ کہتا ہے وہ ملکوتِ السماء میں ہرگز داخل نہیں ہو سکے گا یہاں تک کہ وہ اپنے اس قول کو نیک عمل کے ساتھ تکمیل و تمام نہ کرے۔ اور جو اللہ کے دین کا بدلہ ظالم کی مدد و اطاعت کر کے دینا چاہتا ہے اس کا کوئی دین نہیں ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

پھر آپؑ نے فرمایا: ہر قوم غفلت میں ہے اور یہ اس غفلت سے بیدار نہیں ہوں گے یہاں تک کہ وہ قبروں کی زیارت کرلیں گے۔

## خدا کی نافرمانی سے بچو

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزیار عن النظر عن ابراهيم بن عبدالحميد عن زيد الشحام قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد الصادق عليه السلام يقول احذروا سطوات الله بالليل والنهار فقلت وما سطوات الله فقال اخذه بالمعاصى ـ

حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)

جناب زید شحام نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا ہے' آپؑ نے فرمایا: صبح و شام اللہ کی سطوات سے بچو۔ پس میں نے عرض کیا کہ یہ سطوات کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: اس کی نافرمانی کرنا۔

## جو واجبات پورا کرے وہی لوگوں سے بہتر ہے

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن الحسن بن محبوب عن ابى حمزه الثمالى قال سمعته عليه السلام يقول من عمل بما افترض الله عليه فهو من خيرالناس ومن اجتنب ما حرم الله عليه فهو من اعبد الناس ومن اورع الناس ومن قنع بما قسم الله له فهو اغنى الناس ـ

حدیث نمبر 9: (بحذف اسناد)

ابوحمزہ ثمالی نے بیان کیا ہے کہ امام علیہ السلام سے سنا' آپؑ نے فرمایا: جو اللہ کے واجب کردہ اعمال کو انجام دے وہ سب لوگوں سے بہتر ہے اور جو اللہ کی حرام کردہ سے اجتناب کرے وہ لوگوں میں سب سے زیادہ عبادت گزار ہے اور وہ سب سے زیادہ پرہیز

https://downloadshiabooks.com/

کرنے والا ہے اور جو شخص خدا کی تقسیم پر قناعت کرے گا پس وہ سب سے زیادہ غنی ہے۔

## منافق کے ساتھ زبانی تعلّق رکھو

وبالاسناد الأول عن علی مهزیار عن الحسن بن محبوب عن محمد بن سنان عن الحسین بن مصعب عن سعید بن ظریف عن ابی جعفر محمد ابن علی (ع) انه قال صانع المنافق بلساتك واخلص ودك للمؤمن وان جالسك یہودی فاحسن مجالسته۔

**حدیث نمبر 10:** (بحذف اسناد)

حضرت ابو جعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام نے فرمایا: منافق کے ساتھ اپنی زبان سے معاملہ رکھو اور مومن کے لیے اپنی محبت کو خالص قرار دو۔ اگر کسی یہودی کے ساتھ محفل کرو تو احسن انداز سے کرو۔

## جو زمانے کی مصیبت پر صبر نہ کرے گا وہ عاجز ہو جائے گا

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزیار عن فضالة عن ابان بن عبدالرحمٰن ابن سیابه عن النعمان عن ابی جعفر (ع) انه قال من تفقد تفقد ومن لایعد الصبر لفواجع الدهر یعجز وان قرضت الناس قرضوك وان ترکتهم لم یترکوك قال فکیف اصنع قال اقر منهم من عرضك لیوم فاقتك وفقرك۔

**حدیث نمبر 11:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابو جعفر الباقر علیہ السلام نے فرمایا: جو تجھے گم کر دے اس کو تم بھی گم کر دو اور جو زمانے کی مصیبت پر صبر نہیں کرے گا وہ عاجز ہے۔ اور اگر تم لوگوں کو قرض دو گے تو وہ آپ کو قرض دیں گے اور اگر آپ ان کو ترک کر دیں گے تو وہ آپ کو ترک نہیں

https://downloadshiabooks.com/

کریں گے۔ راوی نے عرض کیا: مولاً پھر مجھے کیا کرنا چاہیے؟ آپؑ نے فرمایا: اپنے افاقہ اور فقر کے دن کے لیے ان سے اقرار لو۔

## نماز مسجد میں ادا کرنا اپنے لیے لازم قرار دو

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزیار عن علی بن حدید عن مرازم قال قال ابوعبداللّٰه علیه السلام علیکم بالصلوات فی المساجد وحسن الجوار للناس واقامة الشهادة وحضور الجنایز انه لابد لکم من الناس ان احداً لا یستغنی عن الناس بجنازته فاما نحن نأتی جنائزهم وانما ینبغی لکم ان تصنعوا مثل ما صنع القوم من تأتمون به والناس لابد لبعضهم من بعض ماداموا علی هذه الحال حتٰی یکون ذٰلك ثم ینقطع کل قوم الی اهل اهوائهم ثم قال علیکم بحسن الصلوة واعملوا لاخرتکم لانفسکم فان الرجل قد یکون کیسا فی امر الدنیا فیقال ما أکیس فلانا انما الکیس کیس الآخرة۔

**حدیث نمبر 12:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا: نمازوں کو مساجد میں ادا کرنا اپنے لیے لازم قرار دو۔ لوگوں کے لیے اچھے ہمسائے بنو۔ شہادت کو قائم کرو۔ لوگوں کے جنازوں پر حاضری کو اپنے اُوپر لازم قرار دو کیونکہ کوئی شخص بھی جنازے کے وقت لوگوں سے بے نیاز نہیں ہوسکتا۔ پس کیا ہم آپ لوگوں کے جنازوں پر حاضر نہیں ہوتے اور تمہارے لیے سزاوار یہ ہے کہ تم لوگوں کے ساتھ ایسا سلوک کرو جیسا کہ قوم اس بندے کے ساتھ کرتی ہے جس کے لوگوں کے لیے بعض کا بعض کے لیے ہونا ضروری ہے۔ وہ اسی طرح رہیں گے جب تک ان کے لیے ایسا رہنا ضروری ہو۔ پھر یہ قوم اپنے ہم خیال لوگوں کی صحبت میں ہو جائیں گے۔ آپؑ نے فرمایا: تمھارے لیے ضروری ہے کہ تم نماز کو احسن انداز میں

https://downloadshiabooks.com/

ادا کرو اور اپنی آخرت کے لیے نیک اعمال انجام دو کیونکہ کبھی کبھار کوئی شخص دنیا کے لیے بڑا عقل مند ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ فلاں بہت زیادہ عقل مند ہے۔ عقل مندی وہ ہے جو آخرت کے لیے ہو۔

## تین چیزوں میں خیانت نہ کرنا

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزیار عن محمد بن اسماعیل عن منصور ابن یونس عن ابی خالد القماط عن ابی عبداللّٰه جعفر بن محمد علیه السلام انه قال خطب رسول اللّٰه (ص) یوم منی فقال نصراللّٰه عبداً سمع مقالتی فوعاها وبلغها من لم یسمعهافکم حامل فقه غیر فقیه وکم حامل فقه الی من هو افقه منه ، ثلاث لا یغل علیها قلب عبد مسلم اخلاص العمل للّٰه والنصیحة لأئمة المسلمین واللزوم لجماعتهم فان دعوتهم محبطة من ورائهم المؤمنون اخوة تتکافی دمائهم وهم ید علی سواهم یسعی بذمتهم ادناهم۔

**حدیث نمبر 13:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام فرماتے ہیں: حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منیٰ کے دن اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا:

”خدا اس بندے کی مدد کرے جو میری باتوں کو سنے اور ان کو اپنے پاس محفوظ رکھے اور پھر جن لوگوں نے میری گفتگو نہیں سنی ان تک میری باتوں کو پہنچائے۔ کافی حاملِ فقہ ایسے ہیں جو فقیہ نہیں ہیں اور بعض حاملِ فقہ ایسے ہیں جو اپنی فقہ کو اپنے سے زیادہ فقیہ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ تین چیزیں ایسی ہیں جس میں کسی مسلمان کا دل خیانت نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ کے لیے عمل خالص کرنے میں؛ تمام مسلمانوں کو نصیحت کرنے میں اور مسلمانوں کی جماعت کو وہ لازم قرار دیتا ہے اور ان کی دعوت رائیگاں جائے گی۔ تمام

https://downloadshiabooks.com/

مومنین آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ وہ اپنے غیر پر فوقیت رکھتے ہیں اور جوان سے ادنیٰ ہے وہ کوشش کرتے ہیں ان کے ذمہ کی۔

## افضل ترین ہدایت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہے

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن منصور بن ابی یحیی قال سمعت ابا عبداللّٰہ علیہ السلام یقول صعد رسول اللّٰہ (ص) المنبر فتغیر وجنتاہ والتمع لونہ ثم اقبل بوجہہ فقال یامعشر المسلمین انی انما بعثت انا والساعۃ کہاتین قال ثم ضم السبابتین ثم قال یامعشر المسلمین انا افضل الہدیٰ ھدی محمد (ص) وخیر الحدیث کتاب اللّٰہ وشر الامور محدثاتہا الاوکل بدعۃ ضلالہ الاوکل ضلالۃ ففی النار من ترك مالا لاھلہ ولورثتہ ومن ترك کلاء اوضیاعا فعلی والی۔

**حدیث نمبر 14:** (بحذف اسناد)

جناب منصور بن یحییٰ نے بیان کیا ہے کہ میں حضرت ابوعبداللہ امام صادق علیہ السلام سے سنا' آپؑ نے فرمایا:

سیدالمرسلین والانبیا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف لے گئے جب آپؐ کے دونوں رخسار کا رنگ تبدیل ہو چکا تھا' پھر آپؐ نے اپنا رُخِ انور لوگوں کی طرف کیا اور فرمایا: اے لوگو! افضل ترین ہدایت محمدؐ کی ہے اور سب سے بہتر کتاب کلام اللہ کی ہے اور تمام امور سے بدتر اور شدید ترین بدعات ہیں۔ آگاہ ہو جاؤ کہ تمام بدعتیں ضلالت وگمراہی ہیں اور ہر گمراہی کا نتیجہ جہنم ہے۔ پس جو مال کو اپنے ترکہ میں چھوڑ کر جائے گا وہ اس کے وارثوں کے لیے ہے اور جو ترکہ کلاغ اور ضیاع چھوڑ کر جائے گا وہ پس میرے ذمہ یا میرے لیے ہیں۔

https://downloadshiabooks.com/

# تورات میں چار چیزیں

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزیار عن رفاعة عن ابی عبدالله جعفر ابن محمد علیه السلام قال اربع فی التورية واربع الی جنبهن من اصبح علی الدنیا حزینا اصبح ساخطا علی ربه ومن اصبح یشکو مصیبة نزلت به فانما یشکو ربه ومن اتی غنیا فتضعضع له لیصیب من دنیاه ذهب ثلثا دینه ومن دخل النار من هذه الامة ممن قرء القرآن فانما هو ممن کان اتخذ آیات الله هزواً والأربع الاخر من ملك استأثر ومن یستشیر لایندم وکما تدین تدان والفقر الموت الاکبر۔

**حدیث نمبر 15:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوعبداللہ جعفر بن محمد علیہ السلام فرماتے ہیں: تورات میں چار چیزیں ہیں اوران کے پہلو میں ہیں:

① جو دنیا میں اس حالت میں صبح کرتا ہے کہ وہ دنیا پر غمگین ہے پس وہ اپنے رب سے ناراض ہے۔

② اور جو شخص اپنے اوپر آنے والی مصیبت کا شکوہ کرتے ہیں اس نے اپنے رب کی شکایت کی ہے۔

③ جو شخص کسی امیر کے لیے انکساری کرتا ہے تاکہ اس سے دنیا کو حاصل کرے پس اس کا تیسرا حصہ ایمان ضائع ہو چکا ہے۔

④ اور اس اُمت سے جو شخص جہنم میں جائے گا وہ ان میں سے ہے جو اللہ تعالیٰ کی آیات اور نشانیوں کا مذاق اُڑاتے ہوں گے۔ اور وہ چار جو دوسری ہیں وہ یہ ہیں:

① جو مالک ہوگا وہ دوسروں پر فوقیت طلب کرتا ہے ② جو مشورہ کرے وہ پشیمان نہیں ہوتا ③ اور جیسا کرو گے ویسا ہی بھرو گے ④ اور فقر بہت بڑی مصیبت ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

# پانچ وقت کی نمازوں کی مثل نہر کی ہے

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن اسماعیل بن عباد عن الحسن ابن محمد عن سلیمان عن سابق عن احمد بن محمد عن عبداللّٰہ بن لهیعة عن ابی الزبیر عن جابر بن عبداللّٰہ الأنصاری قال خطبنا رسول اللّٰہ (ص) فحمداللّٰہ واثنی علیه ثم قال ایها الناس بعد کلام تکلم به علیکم بالصلوة فانها عمود دینکم کابدوا اللیل بالصلوة واذکروا اللّٰہ کثیراً یکفر عنکم سیئاتکم انما مثل هذه الصلوات الخمس مثل نهر جاربین یدی باب احدکم یغتسل منه فی الیوم خمس اغتسالات فکما ینقی بدنه من الدرن بتواتر الغسل فکذا یتقی من الذنوب مع مداومة الصلوة فلا یبقی من ذنوبه شیئ ایها الناس ما من عبد الا وهو یضرب علیه بخاتم معقودة فاذا ذهب ثلثا اللیل وبقی ثلثه اتاه ملك فقال له قم فاذکر اللّٰہ فقد دنا الصبح قال فان هو تحرك وذکر اللّٰہ انحلت عنه عقدة وان هو قام فتوضأ ودخل فی الصلوة انحلت عنه العقد کلهن فیصبح حین یصبح قریر العین۔

**حدیث نمبر 16: (بحذف اسناد)**

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا: خدا کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا: اے لوگو! نماز کو اپنے اوپر لازم قرار دو کیونکہ یہ دین کا ستون ہے اور نماز شب کی زحمت کو برداشت کرو۔ اور اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت زیادہ کیا کرو اور اپنے گناہوں کی بخشش کو زیادہ طلب کرو۔ ان پانچ نمازوں کی مثال نہر کی سی ہے۔ جو تمھارے گھر کے سامنے بہہ رہی ہے۔ اور تم اس میں روزانہ پانچ دفعہ غسل کرتے ہو تو جیسے تواتر سے غسل کرنے کی وجہ سے تمہارا بدن میل وکچیل سے پاک ہوتا ہے ایسے ہی نماز کی پابندی کرنے سے تم گناہوں سے پاک ہوجاتے ہو اور

https://downloadshiabooks.com/

تمہارے گناہوں میں سے کوئی چیز باقی نہیں رہتی۔

اے لوگو! تم میں سے ہر ایک کو گرہوں سے پابند کیا گیا ہے پس جب رات دو تہائی ختم ہو جائے اور ایک تہائی رہ جائے پس ایک فرشتہ آتا ہے اور وہ آ کر کہتا ہے: اُٹھو اور اللہ کو یاد کرو۔ صبح ہونے والی ہے پس اگر وہ حرکت کرے اور اللہ تعالیٰ کو یاد کرے تو اُس کی ایک گرہ کھول دی جاتی ہے اور اگر وہ اُٹھے اور وضو کرے اور نماز ادا کرے تو اس کی ساری گرہیں کھول دی جاتی ہیں اور وہ صبح اس حالت میں کرتا ہے کہ اُس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی ہیں۔

## ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تین چیزیں پسند تھیں

وبالاسناد الأول عن علي بن مهزيار عن الحسن بن علي عن يونس ابن يعقوب عن شعيب العقرقوفي قال قلت لابي عبدالله جعفر بن محمد (ع) سمعت من يروي عن ابي ذر انه كان يقول ثلثة يبغضها الناس وانا احبها احب الموت واحب الفقر واحب البلاء فقال (ع) ان هذا ليس على ما يذهب انما عني احب الموت اي الموت في طاعة الله احب الي من الحيوة في معصية الله والبلاء في طاعة الله احب الي من الصحة في معصية الله والفقر في طاعة الله احب الي من الغنى في معصيته۔

**حدیث نمبر 17:** (بحذف اسناد)

جناب شعیب العقرقوفی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام صادق علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں عرض کی: اے مولاً! ابوذر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت بیان کی جاتی ہے کہ وہ فرماتے تھے: تین چیزیں ایسی ہیں جن سے لوگ نفرت کرتے ہیں اور میں ان کو پسند کرتا ہوں: ① میں موت کو پسند کرتا ہوں ② میں فقر کو پسند کرتا ہوں ③ میں بلاء ومصیبت کو پسند کرتا ہوں۔

https://downloadshiabooks.com/

پس امام علیہ السلام نے فرمایا: بات ایسے نہیں ہے جیسے لوگ سمجھ رہے ہیں بلکہ اس سے ان کی مراد یہ تھی: وہ فرماتے تھے کہ میں موت کو پسند کرتا ہوں اس سے مراد یہ وہ موت جو اطاعتِ خدا میں آئے وہ مجھے محبوب ہے اس زندگی سے جو خدا کی نافرمانی میں گزرے۔ وہ فرماتے تھے میں بلا کو پسند کرتا ہوں' اس سے مراد یہ ہے کہ وہ بلا اور بیماری جو اطاعتِ خدا میں آئے وہ مجھے زیادہ محبوب و پسند ہے اس صحت سے جو خدا کی نافرمانی سے ملے۔ اور وہ فرماتے تھے کہ میں فقر کو پسند کرتا ہوں' اس سے مراد یہ ہے کہ وہ فقر و ناداری جو خدا کی اطاعت میں ہو مجھے زیادہ محبوب ہے اس دولت و امیری سے جو خدا کی نافرمانی میں ملے۔

## فسق وجھوٹ گھروں کو اہل سمیت جلا دیتا ہے

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن ابن افضال عن يونس بن يعقوب عن ابی مريم عن ابی عبدالله او عن ابی جعفر (ع) عن جابر ابن عبدالله قال قال لنا رسول الله (ص) خمروا آنيتكم واوكوا اسقيتكم واجيفوا ابوابكم واحبسوا مواشيكم واهاليكم من حديث تجب الناس الى ان يذهب فحمة العشاء ان الشيطان لا يكشف غطاء ولا يحل وكاء وان الشيطان ترسل من حيث تجب الشمس واطفؤ اسرجكم فان الفويسقة تضرم البيت على اهله –

**حدیث نمبر 18: (بحذف اسناد)**

حضرت جابر ابن عبداللہ انصاری رحمتہ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اپنے ظروف کو پوشیدہ رکھو اور تکیہ گاہوں پر ٹیک لگا کر رکھو اور اپنے دروازے بند کرو اور جانوروں اور اہل کو بند کر کے رکھو۔ اس طرح کہ لوگ واجب قرار دیں کہ یہ رات

https://downloadshiabooks.com/

کی تاریکی ختم ہو جائے' کیونکہ شیطان پردے نہیں اُٹھاتا اور وہ سربند چیزوں کو نہیں کھولتا۔ تحقیق شیطان نرمی کرتا یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے اور جھوٹ بولنا بند کرو کیونکہ جھوٹ گھر' اہل خانہ کے سمیت جلا کر راکھ کر دیتا ہے۔

## نیک سنت قائم کرنے والے کو عامل کے برابر اجر ملے گا

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزیار عن احمد بن محمد عن حماد بن عثمان قال قال اسماعیل الجعفی سمعت اباجعفر محمد بن علی (ع) یقول سن سنة عدل فاتبع کان له مثل اجر من عمل بها من غیر ان ینقص من اجورهم شیئ ومن سن سنة جور فاتبع کان علیه وزر من عمل بها من غیر أن ینقص من وزرهم شیئ ـ

**حدیث نمبر 19:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص کوئی نیک عدل والی سنت قائم کرے اور اس کے لیے اس کا اجر اس شخص کے برابر ہوگا جو اس پر عمل کرتا ہے اور عمل کرنے والے کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور جو کوئی بری روش قائم کرے گا اس کا گناہ اس کے برابر ہوگا جو اس پر عمل کرے گا اور عمل کرنے والے کے گناہ میں بھی کوئی تبدیلی نہیں کرے گا۔

## مکاشفہ سے والدین کی خدمت بہتر ہے

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزیار عن بکر بن صالح قال کتب صهر لی الی ابی جعفر الثانی علیه السلام ان ابی ناصب خبیث الرأی وقد لقیت منه شدة وجهداً فرأیك جعلت فداك فی الدعاء لی وما تری جعلت فداك افتری ان اکاشفه ام اداریه فکتب قد فهمت کتابك وما

https://downloadshiabooks.com/

ذكرت من امر ابيك ولست ادع الدعاء لك انشاء الله والمداراة خير لك من المكاشفة ومع العسر يسر ان العاقبة للمتقين ثبتك الله على ولاية من توليت نحن وانتم فی وديعة الله التی لا تضيع ودائعه قال بكر فعطف الله بقلب ابيه حتیٰ صار لايخالفه فی شيئ -

**حدیث نمبر 20: (بحذف اسناد)**

جناب بکر بن صالح بیان کرتے ہیں کہ میرے سسر نے حضرت امام ابوجعفر علیہ السلام کی خدمت میں تحریر کیا کہ میرا والد ناصبی اور برے عقیدے کا مالک ہے اور مجھ پر سختی کرتا ہے اور پوری کوشش کرتا ہے۔ پس میں آپ پر قربان ہوجاؤں اس کے بارے میں آپؑ کی رائے کیا ہے۔ آپؑ کا حکم کیا ہے کیا میں مکاشفہ کرلوں (یعنی ایک طرف ہوکر عبادتِ خدا میں مصروف ہوجانا) یا ان کی خدمت و مداری کروں۔ پس آپؑ نے جواب تحریر فرمایا: میں آپ کی تحریر کو سمجھ چکا ہوں اور جو آپ نے اپنے باپ کے بارے میں تحریر کیا ہے پس تیرے لیے دعا کو ترک نہیں کروں گا ان شاء اللہ۔ اور مداری اور خدمت تیرے مکاشفہ سے بہتر ہے اور ہر مشکل کے ساتھ ایک آسانی ہے اور آخرت کا خیر انجام متقین کے لیے ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس شخص کی ولایت ومحبت پر ثابت رکھے جس سے تو محبت و ولایت رکھتا ہے۔ ہم اور آپ سب ہم اللہ کی امانتیں ہیں اور اللہ اپنی امانت کو ضائع نہیں کرتا۔ بکر بیان کرتا ہے پس اللہ تعالیٰ نے میرے والد کے دل کو نرم کردیا وہ اس طرح ہوگیا کہ وہ کسی چیز میں میری مخالفت نہیں کرتا تھا۔

## شراب نوشی اور بت پرستی سے اللہ نے روکا ہے

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزيار عن جعفر بن محمد الهاشمی عن ابی حفص العطار قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد الصادق عليه

https://downloadshiabooks.com/

السلام يحدث عن أبيه عن جده عليه السلام قال قال رسول الله (ص) جائني جبرئيل في ساعة ويوم لم يكن يأتيني فيه فقلت له جبرئيل لقد جئتني في ساعة ويوم لم تكن تأتيني فيهما لقد ارعبتني قال وما يروعك يامحمد وقد غفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تأخر قال بماذا بعثك به ربك قال ينهاك ربك عن عبادة الاوثان وشرب الخمور وملاحاة الرجال واخرى هي للاخرة والاولى يقول لك ربك يامحمد ما ابغضت وعاء قط كبغضي بطنا ملانا۔

**حدیث نمبر 21: (بحذف اسناد)**

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک دن جبرائیلؑ اس وقت آئے کہ جس وقت وہ نہیں آیا کرتے تھے۔ میں نے کہا: اے جبرائیلؑ! آپ آج اور اس وقت کیوں آئے ہیں جبکہ اس وقت آپ نہیں آیا کرتے تھے۔ آپ نے مجھے حیران و پریشان کردیا ہے۔ جبرائیلؑ نے کہا: اے محمدؐ! میں آپ کو خوشخبری دینا چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے اگلے اور پچھلے سارے الزامات ختم کردیے ہیں اور کہا وہ چیز جس کی وجہ سے خدا نے آپ کو مبعوث فرمایا ہے وہ ہے کہ آپؐ کے رب نے آپ کو بت پرستی اور شراب نوشی اور لوگوں کی غیبت سے منع کیا ہے اور اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں کسی پُر برتن کو برا نہیں قرار دیتا مثل اس پیٹ کے جو پُر ہو (شکم پُری سب سے زیادہ مغضوب ہے)

## انبیائے کرام مکارمِ اخلاق کے ساتھ خاص ہیں

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن اسماعيل بن عباد عن بكير عن أبي عبدالله جعفر بن محمد عليه السلام انه قال احب من شيعتنا من كان عاقلا فهما فقيها حليما مداريا صبوراً صدوقا وفيا ثم قال ان الله

https://downloadshiabooks.com/

تبارك وتعالى خص الانبياء بمكارم الأخلاق فمن فيه فليحمدالله على ذلك ومن لم تكن فيه فليتضرع الى الله وليسأله قال قلت جعلت فداك وما هى قال الورع والقنوع والصبر والشكر والحلم والحياء والسخاء والشجاعة والغيرة واداء الأمانة-

حدیث نمبر 22: (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام فرماتے ہیں: اپنے شیعوں میں سے سب سے زیادہ مجھے وہ محبوب ہے جو عاقل، صاحب فہم فقہی بردبار مداری کرنے والا صبر کرنے والا سچا اور وعدہ وفا کرنے والا ہو۔ پھر آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں کو مکار (یعنی عمدہ واچھے) اخلاق کے ساتھ خاص قرار دیا ہے۔ پس جس شخص میں یہ مکارم اخلاق پائے جاتے ہیں ان کو چاہیے کہ وہ اس پر خدا کی حمد بجا لائیں اور جس شخص میں یہ نہیں پائے جاتے اس کو چاہیے کہ وہ خدا کی بارگاہ میں گریہ وزاری کرے اور اس سے مکارم اخلاق کو طلب کرے۔ راوی عرض کرتا ہے کہ میں نے عرض کیا: مولا! وہ مکارم اخلاق کیا ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: وہ پرہیزگاری، قناعت، صبر، شکر، حلم، حیا، سخاوت، شجاعت و غیرت اور امانت ادا کرتا ہے۔

## تین سخت ترین اعمال ہیں

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن علی بن عقبة عن جارود بن المنذر قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد (ع) یقول اشد الاعمال ثلثة انصافك الناس من نفسك حتى لا ترضى لها بشيئ منهم الارضيت لهم منها مثله ومواساتك الاخ فى المال وذكر الله على كل حال وليس سبحان والحمدلله ولا اله الا الله والله اكبر ولكن اذا ورد عليك شيئ نهى الله عنه تركته -

https://downloadshiabooks.com/

حدیث نمبر 23: (بحذف اسناد)

جناب جارود بن منذر بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت ابوعبداللہ جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا' آپؑ نے فرمایا: تین اعمال سخت ترین ہیں:

① لوگوں سے انصاف کرنا ② لوگوں کے لیے اپنے نفس سے وہ چیز پسند کرے جو چیز ان سے اپنے نفس کے لیے پسند کرتا ہے اور بھائی کے ساتھ برابری مال میں ③ اللہ کا ہر حال میں ذکر کرنا' اس سے سبحان اللہ والحمدللہ و لا الہ الا اللہ واللہ اکبر مراد نہیں ہے اگرچہ یہ بھی ذکر ہے بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ جب تیرے سامنے خدا کی حرام کردہ چیزیں آ ئیں تو اس وقت اللہ کو یاد رکھو (یعنی ان سے پرہیز کرو)۔

## تقویٰ کے ساتھ عمل قلیل نہیں ہوتا

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن الحسن بن محمد بن سنان عن الفضيل بن عثمان عن ابی عبيدة عن ابی جعفر محمد بن علی الباقر صلوات اللّٰه عليهما قال كان اميرالمؤمنين عليه السلام يقول لا يقل عمل مع التقوى وكيف يقل ما يتقبل -

حدیث نمبر 24: (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام نے بیان فرمایا ہے کہ امیرالمومنین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے: تقویٰ کے ساتھ جو عمل کیا جائے وہ کم نہیں ہے کیونکہ جو قبول ہوجائے وہ کم کیسے ہوسکتا ہے۔

## سب سے زیادہ مصائب رسولؐ خدا پر وارد ہوئے ہیں

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن علی بن عقبة عن ابی كهمس عن عمر بن سعيد بن هلال قال قلت لابی عبدالله عليه السلام اوصينی قال اوصيك بتقوى الله والورع والاجتهاد واعلم انه لا ينفع

https://downloadshiabooks.com/

اجتهاد ولا ورع وانظر الى ما هو دونك ولا تنظر الى من هو فوقك فلكثيرا ما قال الله تعالى لرسوله ولا تعجبك اموالهم ولا اولادهم وقال ولا تمدن عينيك الى ما متعنا به ازواجا منهم زهرة الحياة الدنيا وان نازعتك نفسك الى شيئ من ذلك فاعلم ان رسول الله (ص) كان قوته الشعير وحلواه التمر اذا وجد ووقوده السعف واذا اصبت بمصيبة فاذكر مصابك برسول الله (ص) فان الناس لن يصابوا بمثله ابدا۔

**حدیث نمبر 25: (بحذف اسناد)**

جناب عمر بن سعید بن ہلال نے بیان کیا ہے' وہ کہتا ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے عرض کیا: آپؑ مجھے نصیحت فرمائیں۔

آپؑ نے فرمایا: میں آپ کو اللہ سے تقویٰ اختیار کرنے' پرہیزگاری اور راہِ حق میں کوشش کرنے کی نصیحت کرتا ہوں۔ جان لو راہِ خدا میں کوشش اور پرہیز مفید نہیں ہے۔ تم اپنے سے اعلیٰ اور اُوپر والے کی طرف نہ دیکھو بلکہ اپنے سے نیچے والے کی طرف دیکھو۔ پس اکثر دفعہ اللہ نے اپنے نبیؐ سے فرمایا ہے: اے میرے نبیؐ! یہ ان لوگوں کا مال اور اولاد کی کثرت اور یہ دنیا کی رنگینیاں آپؐ کی آنکھوں کو چکاچوند نہ کردیں اور اپنے نفس کو ان میں سے کسی کی طرف مائل نہ کرو۔ پھر فرمایا: جان لو کہ رسولؐ خدا کی خوراک جو' حلوہ اور کھجور ہوتی تھی' اور جب وہ اس کو پالیتے اس کی سخاوت کر دیتے تھے۔ اور جب کوئی مصیبت تیرے اُوپر آ جائے تو رسولؐ خدا کے مصائب کو یاد کیا کرو کیونکہ ان کی مثل کسی پر مصائب نازل نہیں ہوئے۔

## نیک عمل جنت میں بستر لگائے گا

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن علی بن النعمان عن داود بن فرقد قال سمعت ابا عبداللہ جعفر بن محمد (ع) یقول ان العمل الصالح

https://downloadshiabooks.com/

ليذهب الى الجنة فيمهد لصاحبه كما يبعث الرجل غلامه فيفرش له ثم قرء واما الذين آمنوا وعملوا الصالحات فلانفسهم يمهدون –

**حدیث نمبر 26: (بحذف اسناد)**

جناب داؤد بن فرقد بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام صادق علیہ السلام سے سنا' آپؑ نے فرمایا:

عملِ صالح جنت لے جاتا ہے پس وہ اپنے صاحب (یعنی کرنے والے) کے لیے بستر لگائے گا جیسا کہ ایک مرد اپنے غلام کو بھیجتا ہے کہ وہ جا کر میرے لیے بستر لگائے۔ پھر آپؑ نے قرآن کی اُس آیت کی تلاوت کی جس میں خالق ارشاد فرماتا ہے: ''بہرحال وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے ہیں پس انھوں نے اپنے لیے بستر لگا لیے ہیں''۔

## مومن خائف اور امیدوار دونوں ہو

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن محمد بن سنان عن الحسن بن ابی سارة قال سمعت ابا عبدالله (ع) يقول لا يكون مؤمنا حتى يكون خائفا راجيا ولا يكون خائفا راجيا حتى يكون عاملا لما يخاف ويرجوا–

**حدیث نمبر 27: (بحذف اسناد)**

جناب حسن بن ابی سارہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے سنا' آپؑ نے فرمایا: کوئی بندہ مومن نہیں بن سکتا جب تک وہ خائف اور امیدوار نہ ہو اور یہ اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک وہ ایسے اعمال انجام نہ دے جو خوف اور امید کا موجب ہو۔

## فرمانِ خدا کی تفسیر

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن القاسم بن محمد بن علی

https://downloadshiabooks.com/

قال سئلت ابا عبدالله (ع) عن قول الله عزوجل والذين يؤتون ما اتوا وقلوبهم وجلة قال من شفقتهم ورجائهم يخافون ان ترد اليهم اعمالهم اذا لم يطيعوا وهم يرجون ان يتقبل منهم۔

حدیث نمبر 28: (بحذف اسناد)

جناب قاسم بن محمد بن علی نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں سوال کیا: والذین یؤتون ما اتوا وقلوبھم وجلۃ اس سے ان کی شفقت اور امید مراد ہے۔ وہ اپنے اعمال کے کرنے کے بعد ان کے سامنے ہونے سے خوف کھاتے ہیں اور جب وہ اطاعت نہیں کرتے پھر بھی ان اعمال کے قبول ہونے کی امید رکھتے ہیں۔

## رسولِ خداؐ کو پریشان نہ کرو

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن الحسن عن عثمان بن عيسى عن سماعة قال سمعته يقول ما لكم تسوؤن رسول الله (ص) فقال رجل جعلت فداك وكيف نسوئه قال اما تعلمون ان اعمالكم تعرض عليه فاذا رأى فيها معصية الله سائه ذلك فلا تسوؤا رسول الله وسروه۔

حدیث نمبر 29: (بحذف اسناد)

جناب سماعہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے آپؑ (یعنی امام) سے سنا ہے، آپؑ نے فرمایا: تم لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ تم رسولِ خداؐ کو پریشان کرتے ہو۔ ایک شخص نے عرض کیا: میں آپؑ پر قربان ہو جاؤں رسولِ خداؐ کو کیسے ہم پریشان کرتے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: کیا تم جانتے نہیں ہو کہ تمہارے اعمال رسولِ خداؐ کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔ پس جب آپؐ اس میں برائیوں کو دیکھتے ہیں (یعنی اللہ کی نافرمانی کو دیکھتے ہیں پس وہ نافرمانی آپؐ کو

https://downloadshiabooks.com/

پریشان کر دیتی ہے) پس تم رسولؐ خدا کو پریشان نہ کرو بلکہ ان کو خوش کرو۔

## اصحابِ رسولِؐ خدا کی حالت

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن ابی سنان عن ابی معاذ السدی عن اراکۃ قال صلیت خلف امیرالمؤمنین علی بن طالب علیہ السلام الفجر فی مسجدکم ھذا فانفتل علی یمینہ وکان علیہ کآبۃ ومکث حتٰی طلعت الشمس علی حائط مسجدکم ھذا قید رمح ولیس ھو علی ما ھو الیوم ثم اقبل علی الناس فقال اما واللّٰہ لقد کان اصحاب رسول اللّٰہ (ص) وھم یکابدون ھذا اللیل یراوحون بین جباھہم ورکبہم کأن زفیر النار فی اذانہم فاذا اصبحوا صبوا غبراً صفراً بین اعینہم شبہ رکب المعزی فاذا ذکر اللّٰہ تعالٰی ما دوا کما یمید الشجر فی یوم الریح وانہملت اعینہم حتٰی تبتل ثیابہم قال ثم نہض وھو یقول واللّٰہ لکانما بات القوم غافلین ثم لم یر مفتراً حتٰی کان من أمر ابن ملجم لعنہ اللّٰہ ما کان۔

**حدیث نمبر 30:** (بحذف اسناد)

جنابِ اراکہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے نمازِ فجر امیرالمومنین علی علیہ السلام کی اقتداء میں اس مسجد میں ادا کی۔ پس وہ دائیں کروٹ لیٹ گئے اور آپؑ پر مشقت کے آثار واضح تھے۔ وہ مسجد میں رکے رہے یہاں تک کہ سورج طلوع ہوا اور اس کی دھوپ مسجد کی دیواروں پر پڑی اور ان کے پاس نیزے کا غلاف تھا لیکن خود نیزہ آج آپ کے پاس موجود نہیں تھا۔ پھر آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا:

خدا کی قسم! اصحابِ رسولؐ اس رات کو بہت زحمت و مشقت کیا کرتے تھے اور وہ اپنے گھٹنوں اور پیشانی کو بار بار زمین پر رکھتے (یعنی سجدے زیادہ کرتے) تھے گویا جہنم کی

https://downloadshiabooks.com/

آگ کا شور وہ اپنے کانوں سے سنتے تھے۔ جب وہ صبح کرتے تھے تو ان کی حالت یہ ہوتی کہ بچوں کی طرح روتے' مصیبت زدہ ہوتے اور ان کے رنگ زرد ہو چکے ہوتے تھے جیسے ان پر کوئی مصیبت کا پہاڑ ٹوٹ پڑا ہو۔ پس جب ان کے سامنے ذکرِ خدا کیا جاتا تھا تو وہ کانپتے تھے جیسے تیز ہوا میں درخت ہلتے ہیں اور ان کی آنکھوں سے اس طرح آنسو بہتے یہاں تک کہ ان کے کپڑے تر ہو جاتے۔ پھر آپؑ کھڑے ہوئے اور یہ فرمار ہے تھے کہ خدا کی قسم! یہ لوگ غفلت کی نیند سو رہے ہیں۔ پھر آپؑ کو عام نہیں دیکھا گیا یہاں تک کہ ابن ملجم لعنۃ اللہ علیہ کا واقعہ آپؑ کے ساتھ رونما ہو گیا۔

## کوفے کے تاجروں کو مولاؑ کی وعظ

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن الحسن بن محبوب عن عمرو ابن ابی المقدام عن ابی جعفر محمد بن علی الباقر عليه السلام قال كان اميرالمؤمنين علی بن ابی طالب عليه السلام عندكم بالكوفة يغتدی فی كل يوم من القصر فيطوف فی اسواق الكوفة سوقا سوقا ومعه الدرة على عاتقه وكان لها طرفان وكان تسمى السبيبة قال فيقف على كل اهل السوق فينادی فيهم يامعشر التجار قدموا لاستخارة وتبركوا بالسهولة واقتربوا من المبتاعين وتزينوا بالحلم وتناهوا عن اليمين وجانبوا الكذب وتجافوا عن الظلم وانصفوا المظلومين ولا تقربوا الربوا واوفوا الكيل والميزان ولا تبخسوا الناس اشيائهم ولاتعثوا فی الارض مفسدين قال فيطوف فی جميع اسواق الكوفة ثم يرجع ويقعد للناس قال وكان اذا نظروا اليه قد اقبل اليهم وقال يامعشر الناس امسكوا ايديهم واصغوا اليه بآذانهم ورمقوه بأعينهم حتى يفرغ من كلامه فاذا فرغ قالوا السمع والطاعة يااميرالمؤمنين –

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 31: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام نے فرمایا: حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کوفہ میں موجود تھے۔ وہ ہر روز صبح کے وقت کوفہ کے بازاروں میں ہر ایک بازار میں چکر لگاتے تھے اور آپؑ کے پاس کندھے پر دُرا ہوتا تھا' جس کے دو سرے ہوتے تھے اس کا نام سبیہ تھا اور آپ بازار کے لوگوں کے پاس کھڑے ہو جاتے اور فرماتے: اے تاجروں کے گروہ! خیر اور نیکی کو طلب کرو اور آسانی اور سہولت کے ساتھ برکت حاصل کرو۔ خریدنے والوں کے قرب کو حاصل کرو' اپنے آپ کو حلم اور بردباری سے مزین کرو اور قسموں سے پرہیز کرو اور جھوٹ سے اجتناب کرو اور ظلم سے پرہیز کرو اور مظلوم کے ساتھ انصاف کرو اور سود سے پرہیز کرو' وزن کو پورا کرو۔ لوگوں کو اشیاء میں کم نہ دو اور زمین میں فساد برپا نہ کرو۔ راوی بیان کرتا ہے کہ آپؑ کوفہ کے سارے بازاروں میں چکر لگاتے' پھر آپؑ واپس آتے اور لوگوں کے پاس بیٹھ جاتے اور فرماتے: اے لوگو! اپنے ہاتھوں کو روکو اور غور سے میری باتوں کو سنو۔ لوگ آپؑ کو غور سے دیکھتے اور سنتے۔ جب آپؑ اپنی گفتگو سے فارغ ہو جاتے تو لوگ عرض کرتے: اے امیر المومنینؑ! ہم نے سن لیا ہے اور آپؑ کی اطاعت بھی کریں گے۔

## امیر المومنینؑ کا کوفہ والوں کو وعظ کرنا

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن الحسن بن محبوب عن عمرو ابن ابی المقدام عن جابر عن ابی جعفر علیه السلام قال کان امیر المؤمنین علیه السلام بالکوفه اذا صلی العشاء الاخیرة ینادی الناس ثلاث مرات حتی یسمع اهل المسجد ایها الناس تجهزوا رحمکم الله فقد نودی فیکم بالرحیل فما التعرج علی الدنیا بعد النداء فیها بالرحیل تجهزوا رحمکم الله وانتقلوا بأفضل ما بحضرتکم من الزاد وهو التقوی واعلموا ان

https://downloadshiabooks.com/

طریقکم فی المعاد وممرکم علی الصراط والهول الاعظم امامکم وعلی طریقکم عقبة کؤدة ومنازل مهولة مخوفة لابدلکم من الممر علیها والوقوف عندها فما رحمة الله جل جلاله فنجاة من هولها وعظم خطرها وفضاضة منظرها وشدة مختبرها واما مهلکة لیس بعدها انجبار۔

حدیث نمبر 32: (بحذف اسناد)

جناب جابر رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوجعفر امام باقر علیہ السلام سے نقل کیا ہے آپؑ نے فرمایا: امیرالمومنینؑ نے کوفے میں نماز عشاء کے ادا کرنے کے بعد تین دفعہ آواز دی یہاں تک کہ تمام اہلِ مسجد سے آپؑ کی آواز کو سنا۔ اے لوگو! خدا تم پر رحم کرے' اپنے زادراہ کو تیار کرو کیونکہ تمہیں کوچ کی آواز ملنے والی ہے۔ اس دنیا میں کوچ کی آواز کے بعد کسی نے ٹھہرنا نہیں ہے۔ خدا تم پر رحم کرے۔ اپنے زادراہ کو تیار کرو اور اس کو منتقل کرو اور تمھارے سامنے بہترین زادِراہ وہ تقویٰ ہے اور جان لو کہ تمھارا راستہ قیامت کی طرف جاتا ہے اور تمہارا گزر پل صراط سے ہوتا ہے اور بہت بڑی ہولنا کی آپ کے سامنے ہے۔ اور تمہارے راستے میں دشوارگزار گھاٹیاں اور خوف ناک منازل بھی ہیں اور اس راستے سے گزرنا بھی تمہارے لیے ضروری ہے اور ان منزلوں پر رُکنا بھی ضروری ہے۔ پس آگاہ ہو جاؤ' اللہ کی رحمت سے ہی اس ہولناکی سے اور عظیم خطرے اور دہشت زدہ مناظر سے اور اس کے شدید سخت امتحان سے نجات حاصل ہو سکتی ہے اور یہ ایسی ہلاکت ہوگی کہ جس کا بعد میں جبران نہیں ہو سکے گا۔

## علی بن حسینؑ کی وعظ پر مشتمل تقریر

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزیار عن الحسن بن محبوب عن مالك ابن عطیة عن ابی حمزة الثمالی قال ما سمعت باحد قط كان ازهد من

https://downloadshiabooks.com/

على ابن الحسين عليه السلام اذا تكلم فى الزهد ووعظ ابكى من بحضرته قال ابوحمزة فقرأت صحيفة فيها كلام زهد من كلام على بن الحسين عليه السلام وكتبت ما فيها واتيت به فعرضته عليه فعرفه وصححة وكان فيها:

بسم الله الرحمن الرحيم

كفانا الله وإياكم كيد الظالمين وبغى الحاسدين وبطش الجبارين ايها المؤمنون مصيبتكم الطواغيت من اهل الرغبة فى الدنيا المائلون اليها المفتونون بها المقبلون عليها وعلى حطامها وهشيمها البائد غداً فاحذروا ما حذركم الله منها وازهدوا فيما زهدكم الله فيه منها ولا تركنوا الى ما فى هذه الدنيا ركون من اتخذها دار قرار ومنزل استيطان وبالله ان لكم مما فيها عليها دليلا من زينتها وتصرف ايامها وتغير انقلابها وسيلانها وتلاعبها باهلها انها لترفع الجميل وتضع الشريف وتورد النار اقواما غداً ففى هذا معتبر ومختبر وزاجر للنبيه ان الامور الواردة عليكم فى كل يوم وليلة من مضلات الفتن وحوادث البدع وسنن الجور وبوائق الزمان وهيبة السلطان ووسوسة الشيطان ليذر القلوب عن تنبيهها وتذهلها من وجود الهدى ومعرفة اهل الحق الا قليلا ممن عصمه الله وليس يعرف بصرف آياتها وتقلب حالاتها وعاقبة ضرر فتنتها الا من عصمه الله ونهج سبيل الرشد وسلك سبيل القصد ممن استعان على ذلك بالزهد فكرر الفكر واتعظ بالعبر وازدجر فزهد فى عاجل بهجة الدنيا وتجافى عن لذاتها ورغب فى دائم نعم الآخرة واسعى لها سعيها وراقب الموت وسئم الحياة مع القوم الظالمين فعند ذلك نظر الى ما فى الدنيا بعين نيرة حديدة النظر وابصر

https://downloadshiabooks.com/

حوادث الفتن وضلال البدع وجور الملوك الظلمة فقد لعمري استدبرتم من الامور الماضية فى الايام الخالية من الفتن المتراكة والانهماك فيها ما تستدلون به على تجنب الغواة واهل البدع والبغي والفساد فى الارض بغير الحق فاستعينوا بالله وارجعوا الى طاعته وطاعة من هو اولى بالطاعة من طاعة من اتبع واطيع فالحذر الحذر من قبل الندامة والحسرة والقدوم على الله والوقوف بين يديه وبالله ما صدر عن معصية الله الا الى عذابه وما اثر قوم قط الدنيا على الآخرة الاساء منقلبهم وساء مصيرهم وما العز بالله والعمل بطاعته الا الفان مؤتلفان فمن عرف الله خافه فحثه الخوف على العمل بطاعة الله وان ارباب العلم واتباعهم الذين عرفوا الله فعملوا له ورغبوا اليه وقد قال الله انما يخشى الله من عباده العلماء فلا تلتمسوه شيئا مما فى هذه الدنيا بمعصية الله وابشتغلوا فى هذه الدنيا بطاعة الله واغتنموا ايامها واوسعوا لما فيه نجاتكم غداً من عذاب الله فان ذلك اقل للتبعة وادنى من العذر وارجى للنجاة فقدموا امر الله وطاعته وطاعة من او جب الله طاعته بين يدى الامور كلها ولا تقدموا الامور الواردة عليكم من طاعة الطواغيت وفتنة زهره الدنيا بين يدى امرالله وطاعته وطاعة اولى الامر منكم واعلموا انكم عبيدالله ونحن معكم يحكم علينا وعليكم سيدحاكم غداً وهو موقفكم ومسائلكم فاعدوا الجواب قبل الوقوف والمسألة والعرض على رب العالمين يومئذ لاتكلم نفس الا باذنه واعلموا ان الله لايصدق كاذبا ولا يكذب صادقا ولا يرد عذر مستحق ولا يعذر غير معذور بل الله الحجة على خلقه بالرسل والاوصياء بعد الرسل فاتقوا الله عباد الله واستقبلوا من اصلاح انفسكم وطاعة الله وطاعة من تولونه

https://downloadshiabooks.com/

دنیا کی طرف اور اس کے سازوسامان کی طرف ہے جو کل فنا ہونے والی چیزیں ہیں۔

اے لوگو! بچو' ڈرو ان چیزوں سے جن سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ڈرایا ہے۔ اور پرہیزگاری کرو دنیا کی ان چیزوں سے جن سے اللہ تعالیٰ نے پرہیزگاری کرنے کا حکم دیا ہے۔ اس دنیا پر بھروسہ اور اعتماد نہ کرو۔ اس شخص کے بھروسہ و اعتماد کی مانند جس نے اس دنیا کو اپنے لیے قرار والا گھر اور ہمیشہ رہنے کی منزل قرار دیا ہے۔ خدا کی قسم! اس دنیا میں سے تمھارے لیے فقط وہ چیز ہے جس کے بارے میں تمھارے پاس دلیل ہو کہ اس کے لیے زینت ہے۔ اس کے ایام گزر رہے ہیں اور اس میں انقلاب پایا جاتا ہے اور اس کا انقلاب مختلف ہوتا رہتا ہے۔ یہ دنیا اپنے اہل کے ساتھ کھیل کھیلتی ہے۔ یہ دنیا کمینے و پست کو بلند کر دیتی ہے اور کسی شریف کو نیچے گرا دیتی ہے۔ اور یہ کل بہت اقوام کو جہنم کی آگ میں جلا دے گی۔ پس اس میں عبرت ہے' امتحان ہے اور متقی ہونے والوں کے لیے اس میں زجر اور تنبیہ ہے۔ تحقیق اس دنیا میں جو کچھ آپ لوگوں پر دن رات وارد ہوتا ہے وہ فتنوں کی گمراہی' بدعتوں کے حوادث' ظالم و جابر کی روش اور زمانے کی بے رخی اور بادشاہوں کی ہیبت اور شیطان کے وسواس یہ سب کے سب وہ امور ہیں جن کی طرف توجہ کرنے سے ہی دل مجروح اور زخمی ہو جاتے ہیں۔ ہادی کے وجود اور اہل حق کی معرفت سے غافل ہو جاتا ہے۔ سوائے چند لوگوں کے جن پر ان کا اثر نہیں ہوتا ہے۔ وہ ان میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے محفوظ و معصوم بنا رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مختلف آیات اور حالات کی تبدیلی اور ضرر دینے والے انجام سے کوئی معرفت حاصل نہیں کرتا سوائے چند لوگوں کے جن کو اللہ نے محفوظ رکھا ہے اور ان کو ہدایت و رشد کے راستے پر چلایا ہے وہ مقصود راستے کے راہی ہیں۔ یہ ان میں سے ہیں جو ان پر زہد کے لیے مدد طلب کرتے ہیں اور ان کی فکر مضبوط ہوتی ہے اور عبرت حاصل کرتے ہیں' پس وہ اس دنیا کی جلدی ختم ہونے والی چمک دمک سے پرہیز کرتے ہیں اور اس کی لذت سے دور و الگ رہتے ہیں اور

https://downloadshiabooks.com/

وہ ہمیشہ باقی رہنے والی آخرت کی نعمات کی طرف رغبت رکھتے ہیں اور وہ ان کے لیے کوشش کرتے ہیں' موت کے انتظار میں رہتے ہیں اور ان ظالم اقوام کے ساتھ زندگی گزارنے پر اکتا چکے ہیں۔ وہ اس کے باوجود بھی اس دنیا کو عبرت انگیز آنکھ سے دیکھتے ہیں اور وہ پُرفتن حوادث' بدعات کی گمراہی اور ظالم بادشاہوں کے ظلم و جور کی طرف اُن کی نظر رہتی ہے۔ مجھے قسم ہے اپنی زندگی کی کہ تم اپنے ماضی کے امور جو فانی ایام میں گزر چکے ہیں ان میں غور وفکر کرو۔ وہ امور جو فتنوں کے ڈھیر ہیں اور ان فتنوں میں مشغول ہیں' تاکہ ان باغیوں اور بدعتی اور زمین پر ناحق فساد کرنے والوں سے نجات حاصل کرنے کے راستے دریافت کرتے رہتے ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرتے ہیں اور وہ اس کی اطاعت کی طرف جو ان سب سے زیادہ اولیٰ وسزاوار ہے جن کی اطاعت اور اتباع کی جاتی ہے' ندامت اور حسرت سے پہلے ہی اپنے آپ کو محفوظ رکھو اور ڈرو اور اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہونے سے اور بارگاہِ خدا میں جانے سے پہلے ڈرو۔

خدا کی قسم! خدا کی نافرمانی میں جو بھی فعل انجام دیا جائے گا اُس پر عذاب ہوگا اور جو قوم اپنی دنیا کو آخرت پر ترجیح دے گی تو اُس نے بہت برا کیا' ان کا آخرت سے دنیا کی طرف راغب ہونا اور یہ راہ اپنانا دونوں بہت بُرے ہیں۔ خدا کی عزت اور خدا کی اطاعت کرنا' یہ دونوں آپس میں مالوف ہیں یعنی ان دونوں میں باہمی اُلفت ہے۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر لیتا ہے وہ اس سے ڈرتا ہے اور اس کا خوف ہی اُس کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں عمل کرنے پر آمادہ کرتا ہے۔

تحقیق صاحبانِ علم اور وہ جو اللہ تعالیٰ کی معرفت رکھتے ہیں وہ تو فقط اُس کے لیے عمل بجا لاتے ہیں اور اُس کی طرف رغبت رکھتے ہیں۔ تحقیق اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اُس سے اُس کے عام بندے ہی ڈرتے ہیں اور وہ دنیا میں سے جو خدا کی نافرمانی کے امور و چیزیں ہیں وہ ان کو مس بھی نہیں کرتے۔ اور وہ اللہ کی اطاعت کی خاطر اس دنیا سے رخ

https://downloadshiabooks.com/

موڑ لیتے ہیں اور اس دنیا کے ایام کو غنیمت قرار دیتے ہیں۔ اور یہ ان ایام کو ان چیزوں میں بسر کرتے ہیں جو تم کو کل قیامت کے دن کے عذاب سے نجات دلا سکیں۔ پس یہ پیروی ان میں کم اور عذر سے ادنیٰ اور نجات کی امید والے ہوتے ہیں۔ پس حکم و امرِ خدا اور اس کی اطاعت کی طرف اور جن لوگوں کی اطاعت اللہ نے واجب قرار دی ہے ان کی اطاعت کی طرف جلدی کرتے ہیں جو امور ان کے سامنے آتے ہیں۔ ان تمام میں وہ ان کی اطاعت کرتے ہیں اور جو امور ان پر وارد ہوتے ہیں ان میں وہ دنیا کے سرکشوں اور دنیا کی رنگینیوں کی اطاعت کو اللہ اور اولی الامر کی اطاعت پر مقدم نہیں کرتے"۔

اے لوگو! جان لو کہ تم سب کے سب اللہ کے بندے ہو اور ہم بھی تمہارے ساتھ اللہ کے بندے ہیں۔ ہم اور آپ سب پر اُس کا حکم ہوا ہے اور قیامت کے دن پھر حکم ہوگا۔ اور وہ یہ ہے کہ تم سب کے سب اُس کی بارگاہ میں کھڑے کیے جاؤ گے اور تم سب سے سوالات ہوں گے۔ پس اُس کے سامنے کھڑے ہوئے اور اُس کی بارگاہ میں پیش ہونے سے پہلے ان کے جوابات تیار کرو۔ یہ وہ دن ہوگا جس دن کوئی نفس بھی اُس کی اجازت کے بغیر نہیں بولے گا۔

جان لو! اللہ تعالیٰ جھوٹ کی تصدیق نہیں کرے گا اور سچے کی تکذیب نہیں کرے گا۔ مستحق کا عذر رد نہیں کرے گا۔ غیر معذور کے عذر کو قبول نہیں کرے گا' بلکہ اللہ تعالیٰ کے لیے اپنی مخلوق پر اس کے رسول اور رسولوں کے بعد اُن کے اوصیاء سب حجت و دلیل قائم کریں گے۔

اے خدا کے بندو! خدا سے ڈرو اور اپنے نفسوں کی اصلاح کرو۔ اللہ کی اطاعت اور وہ جن کی اطاعت کو اُس نے واجب قرار دیا ہے اُن کی اطاعت کرو' تا کہ تم کو ندامت اور پشیمانی نہ ہو اور خدا کے پاس گذشتہ کل کی تفریط پر ندامت یہ اللہ کے حق کو ضائع کرنے پر ہوگا اور تم اللہ تعالیٰ سے استغفار کرو اور اُس سے توبہ کرو (یعنی اُس کی طرف رجوع کرو)

https://downloadshiabooks.com/

کیونکہ وہ توبہ قبول کرنے والا ہے اور تمھاری بدیوں اور نافرمانیوں کو معاف کرنے والا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو وہ سب کچھ جانتا ہے۔ تم غاصب لوگوں کی بیٹھک سے بچو' ظالموں کی مدد کرنے سے پرہیز کرو اور فاسقوں کا ساتھ دینے سے اجتناب کرو' ان کے فتنوں سے بچو اور حرام کی کمائی سے دُوری اختیار کرو۔

جان لو! جو شخص اللہ کے اولیاء کی مخالفت کرے گا اور اللہ کے بنائے ہوئے دین کو چھوڑ کر دوسرا طریقۂ زندگی اپنائے گا' اور وہ اللہ کے ولی کو چھوڑ کر دوسرے لوگوں کے حکم پر عمل کرے گا وہ جہنّم کا ایندھن بنے گا اور جہنّم کی آگ اُس پر غالب آئے گی۔ اے صاحبانِ عقل اور صاحبانِ بصیرت! اس سے عبرت حاصل کرو اور اللہ نے جو تمہاری ہدایت کی ہے اس پر اُس کی حمد کرو اور جان لو کہ تم اُس کی قدرت وحکومت سے نکل کر کسی دوسرے کی حکومت میں داخل نہیں ہو سکتے اور وہ تمہارے عمل کو دیکھ رہا ہے۔ پھر تم کو اُس کی طرف محشور کیا جائے گا۔ پس اُس کی عظمت سے فائدے حاصل کرو اور نیک لوگوں کے آداب سے اپنے آپ کو مؤدب کرو۔

## میں ابن زبیر کے فتنے سے خوفزدہ ہوں

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن الحسن بن علی بن الحکم عن ابی حفص الاعمش ومحمد بن سنان عن رجل من بنی اسد جمیعا عن ابی حمزۃ الثمالی عن علی بن الحسین (ع) قال خرجت حتّٰی انتہیت الی ھذا الحائط فاتکأت علیہ فاذا رجل علیہ ثوبان ابیضان فنظہر فی تجاہ وجہی ثم قال یاعلی بن الحسین مالی اراك کئیبا حزینا اعلی الدنیا فرزق اللہ حاضر للبر والفاجر قال قلت یاعلی ھذا احزن وانہ لکما یقول قال فقال علی الآخرۃ فہو وعد صادق یحکم فیہ ملك قاھر قلت یاعلی ھذا حزن وانہ لکما تقول قال فما حزنك قلت مما تتخوف من فتنۃ ابن الزبیر قال

https://downloadshiabooks.com/

فضحك ثم قال یاعلی بن الحسین هل رأیت احداً توکل علی اللّٰہ فلم یکفه قال قلت لاثم تطرق فاذا لیس قدامی احد۔

**حدیث نمبر 34: (بحذف اسناد)**

جناب ابوحمزہ ثمالی نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ آپؑ فرماتے ہیں کہ میں گھر سے نکلا' یہاں تک کہ میں اس دیوار تک آ گیا۔ میں نے اُس سے ٹیک لگائی۔ اچانک ایک مرد ظاہر ہوا اس نے دو سفید رنگ کے کپڑے زیب تن کیے ہوئے تھے پس وہ میری طرف متوجہ ہوا اور کہا: اے زین العابدینؑ! کیا وجہ ہے کہ میں آپؑ کو آج اس دنیا پر پریشان اور غمزدہ دیکھ رہا ہوں' جبکہ اللہ تعالیٰ کا رزق ہر نیک و بد کے لیے حاضر ہے۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: میرا غم و حزن اس وجہ سے نہیں ہے۔ پھر اس دوسرے شخص نے کہا: یہ وہ سچا وعدہ ہے جس پر مالک قاهر نے حکم لگایا ہے۔ پھر میں نے عرض کیا: اے مولاؑ! پھر یہ حزن کس پر ہے؟ آپؑ نے فرمایا: میں ابن زبیر کے فتنے کے بارے میں خوفزدہ ہوں۔ وہ شخص مسکرایا اور اُس نے عرض کیا: اے علی بن حسینؑ! کیا آپؑ نے دیکھا ہے کہ کوئی اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے اور وہ اس کی کفایت نہ کرے؟ میں نے کہا: پھر میں نے آنکھ جھپکی تو میرے سامنے کوئی بھی نہیں تھا۔

## قولِ خدا کی تفسیر

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزیار عن القاسم بن عروة عن رجل عن احدهما (ع) فی معنی قوله جل وعز کذلك یریهم اللّٰہ اعمالهم حسرات علیهم قال الرجل یکسب مالا فیحرم ان یعمل فیه خیراً فیموت فیرثه غیره فیعمل فیه عملا صالحا فیری الرجل ما کسب حسنات فی میزان غیره۔

**حدیث نمبر 35: (بحذف اسناد)**

https://downloadshiabooks.com/

جناب قاسم بن عروہ نے بیان کیا ہے کہ امام علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ خدا کے اس فرمان کی تفسیر کیا ہے:

كذلك يريهم الله اعمالهم حسرات عليهم

''ایسے ہی اللہ ان کو اُن کے اعمال دکھائے گا جن میں حسرت کے ساتھ دیکھیں گے''۔

آپؑ نے فرمایا: ایک مرد مال کماتا ہے اور وہ اُس سے کوئی نیک کام نہیں کرتا' واجبات ادا نہیں کرتا اور وہ مر جاتا ہے اور دوسرے لوگ اس سے ارث لیتے ہیں اور وہ اس مال سے اعمالِ خیر انجام دیتے ہیں۔ پس وہ مرد اس کے مال سے کمائی ہوئی نیکیاں دوسروں کے نامۂ اعمال میں دیکھے گا تو اس وقت اس پر حسرت کرے گا۔

## ایک نیکی بھی ہمیشہ کے عذاب سے محفوظ کر دیتی ہے

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزيار عن ابن ابی عمير عن هشام بن سالم عن ابی عبدالله (ع) قال اذا همت بخير فان الله تبارك وتعالى ربما اطلع على عبده وهو على الشيئ من طاعته فيقول وعزتی وجلالی لا اعذبك بعدها واذا هممت بمعصية فلا تفعلها فان الله تبارك وتعالى ربما اطلع على العبد وهو على شيئ من معاصيه فيقول وعزتی وجلالی لا اغفر لك ابدا ـ

**حدیث نمبر 36: (بحذف اسناد)**

جناب ہشام بن سالم رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب تم نیکی و خیر کا ارادہ رکھتے ہو تو بعض اوقات اللہ تعالیٰ اپنے بندے پر مطلع ہوتا کہ جو اس کی اطاعت میں سے کوئی نیک کام کرنے کا ارادہ کرتا ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھے قسم ہے اپنی عزت و بزرگی کی اس کے بعد میں تجھے ہرگز عذاب نہیں کروں گا اور جب تم کسی ایسے کام کا ارادہ کرتے ہو جو اس کی نافرمانی ہے اس کو انجام نہ دو کیونکہ اللہ تعالیٰ بعض اوقات اپنے کسی بندے کے بارے میں مطلع ہوتا ہے کہ جو ایسا کام کرنا چاہتا ہے جو اس کی نافرمانی شمار ہوتی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھے قسم ہے اپنی عزت و بزرگی کی کہ اے میرے بندے! میں تجھے کبھی بھی معاف نہیں کروں گا۔

## کوئی ایک روزہ بھی ہمیشہ کے لیے عذاب سے محفوظ کر دیتا ہے

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن علی بن حدید عن علی بن النعمان عن حمزۃ بن حمران قال سمعت ابا عبداللہ (ع) یقول اذاھم احدکم بخیر فان العبد ربما صلی الصلوۃ وصام الیوم فقال لہ ما شئت بعدھا فقد غفرلك ۔

**حدیث نمبر 37: (بحذف اسناد)**

حمزہ بن حمران رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی نیکی کا ارادہ کرتا ہے جب کوئی بندہ نماز ادا کرتا ہے یا ایک دن کا روزہ رکھتا ہے تو اس شخص کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جو کچھ تو خدا سے چاہتا ہے وہ تجھے معاف کر دے گا۔

## یقین بہتر ہے

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار قال أخبرنی ابن اسحاق الخراسانی صاحب کان لنا قال امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیہ السلام یقول لاتر تابوا فتشکوا فتکفر واولا ترخصوا الا نفسکم فتذھبوا ولا تداھنوا فی الحق فتخسروا وان الحزم ان تنفقوا ومن الفقہ ان لا تغتروا

https://downloadshiabooks.com/

وان انصحکم لنفسه اطوعکم لربه وان اغشکم لفنسه اعصاکم لربه من یطع الله یأمن ویرشد ومن یعصه یخب ویندم اسألوا الله الیقین وارغبوا الیه فی العافیة وخیر ما دار فی القلب الیقین ایها الناس ایاکم والکذب فان کل راج طالب وکل خائف هارب ۔

**حدیث نمبر 38: (بحذف اسناد)**

جناب ابن اسحاق خراسانی نے ہمارے لیے بیان کیا ہے کہ حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا:

اے لوگو! شک نہ کرو' اگر شک کرو گے تو شکوہ کرو گے اور شکوہ کرو گے تو کافر ہو جاؤ گے۔ اپنے نفسوں کو آزاد نہ چھوڑو ورنہ ختم ہو جاؤ گے۔ حق کے بارے میں فریب اور دھوکا نہ کھاؤ' وگرنہ خسارہ پانے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔ جزم ویقین ہے کہ تم فقہ کا علم حاصل کرو اور فقہ میں یہ ہے کہ تم کسی کو دھوکا نہ دو' تم اپنے آپ کو نصیحت کرو' تا کہ تم اپنے رب کی زیادہ اطاعت کرنے والے بن جاؤ اور اگر تم نے اپنے نفس کو دھوکا دیا تو یہ اپنے رب کی سب سے زیادہ نافرمانی کرنے والا ہو جائے گا اور جو اپنے رب کی اطاعت کرے گا وہ امن میں رہے گا اور ہدایت یافتہ ہوگا اور جو اپنے رب کی نافرمانی کرے گا وہ بے کار اور پشیمانی اٹھانے والا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ سے یقین کا سوال کرو' اور عافیت میں اُس کی طرف رجوع کرو اور دل میں وارد ہونے والی سب سے بہترین چیز کا نام یقین ہے۔

اے لوگو! جھوٹ سے بچو' پس جو امید رکھتا ہے وہ طالب ہوتا ہے اور جو خائف ہوتا ہے وہ فرار کرنے والا ہوتا ہے۔

## موت کو قریب سمجھو

وبالاسناد الأول عن علی بن مهزیار رفعه قال کان امیر المؤمنین صلوات الله علیه یقول قربوا علی انفسکم البعید وهونوا علیها الشدید

https://downloadshiabooks.com/

واعلموا ان عبداً وان ضعفت حیلته ووھنت مکیدته انه لن ینقص ما قدر اللہ له وان قوی عبد فی شدة الحیلة وقوة المکیدة انه لن یزداد علی ما قدر اللہ له ۔

**حدیث نمبر 39: (بحذف اسناد)**

حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا: تم اپنے نفسوں کے بعید کو قریب کرو (یعنی موت جو دور ہے اس کو اپنے قریب سمجھو) اور جو تمہارے نفس پر سخت ہے (یعنی موت) اس کو اپنے اوپر آسان قرار دو۔ جان لو اے لوگو! ایک بندہ اگر اس کام کرنے کی ہمت وقدرت سے کمزور ہو اور اس کا مکر سست ہو تب بھی کوئی چیز اس سے کم نہیں کی جائے گی جو اللہ تعالیٰ نے اُس کے لیے مقرر فرمائی ہے اور کوئی بندہ کام کرنے کی ہمت وطاقت میں قوی ہو اور اس کا مکر قوی ہو تب بھی جو اللہ تعالیٰ نے اُس کے لیے مقدر کیا ہے اس میں زیادتی نہیں کر سکتا۔

## اصلاحِ نفس

وبالاسناد الأول عن علی بن مھزیار عن ابن ابی عمیر عن ھشام رفعه الی ابی عبداللہ (ع) کان امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیه السلام یقول للناس بالکوفة اترونی لااعلم ما یصلحکم بلی ولکنی اکرہ ان اصلحکم بفساد نفسی ۔

**حدیث نمبر 40: (بحذف اسناد)**

حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے کوفہ میں لوگوں سے فرمایا: تم یہ گمان کرتے ہو کہ میں تمہاری اصلاح کے بارے میں کچھ نہیں جانتا۔ کیوں نہیں میں اس کے بارے میں جانتا ہوں لیکن میں نہیں چاہتا کہ اپنے نفس کے فساد کے ساتھ ساتھ

https://downloadshiabooks.com/

تمہاری اصلاح نہیں کرنا چاہتا۔

## میں تم سے دو چیزوں کے بارے میں ڈرتا ہوں

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن عاصم عن فضیل الرسان عن یحیٰی بن عقیل قال قال علی علیه السلام انما اخاف علیکم اثنتین اتباع الهوی وطول الأمل فاما اتباع الهوی فیصد عن الحق واما طول الأمل فینسی الآخرة ارتحلت الآخرة مقبلة وارتحلت الدنیا مدبرة ولکل بنون فکونوا من بنی الآخرة ولا تکونوا من ابناء الدنیا الیوم عمل ولا حساب وغداً حساب ولا عمل۔

**حدیث نمبر 41:** (بحذف اسناد)

جناب یحیٰی بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جناب علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا: اے لوگو! میں تم سے دو چیزوں کے بارے میں ڈرتا ہوں:

① خواہشات کی پیروی کرنے کے بارے میں،

② لمبی آرزو کرنے کے بارے میں' کیونکہ خواہش کی پیروی حق سے روک دیتی ہے اور لمبی آرزو آخرت کو بھلا دیتی ہے۔

اے لوگو! آخرت تمہارے سامنے اور آگے ہے اور دنیا تمہارے پیچھے ہے اور ہر ایک کے فرزند ہیں پس دنیا کے فرزند بن کر نہ رہو۔ آج عمل کا دن ہے' حساب نہیں ہوگا اور کل حساب کا دن ہوگا۔ اُس دن عمل نہیں ہوگا۔

## دل کو شریف بناؤ

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن فضالة عن اسماعیل عن ابی عبدالله علیه السلام قال کان امیرالمؤمنین علیه السلام یقول نبه بالفکر

https://downloadshiabooks.com/

فیما لعل نادما وقد ندم علی ما قد فرط بالامس فی جنب اللّٰہ وضیع من حق اللّٰہ واستغفروا اللّٰہ وتوبوا الیہ فانہ یقبل التوبۃ ویعفو عن السیئات ویعلم ما تفعلون وایاکم وصحبۃ الغاصبین ومعونۃ الظالمین ومجاورۃ الفاسقین احذروا فتنتھم وتباعدوا من ساحتھم واعلموا انہ من خالف اولیاء اللّٰہ ودان بغیر دین اللّٰہ واستبد بامرہ دون امر ولی اللّٰہ فی نار تلتھب تأکل ابدانا غلبت شقوتہا فاعتبروا یااولی الابصار واحمدوا اللّٰہ علی ماھداکم واعلموا انکم لا تخرجون من قدرۃ اللّٰہ الی غیر قدرتہ وسیری اللّٰہ عملکم ثم الیہ تحشرون فانتفعوا بالعظۃ وتأدبوا باداب الصالحین -

**حدیث نمبر 33: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوحمزہ ثمالی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے کسی ایک کے بارے میں نہیں سنا جو علی بن حسین علیہ السلام سے زیادہ زاہد و پرہیزگار ہو۔ جب آپؑ زہد کے بارے میں گفتگو کرتے جو جو آپؑ کے سامنے ہوتا وہ رونا شروع کر دیتا تھا۔ ابوحمزہ ثمالیؒ فرماتے ہیں: میں نے ایک صحیفہ پڑھا جس میں آپؑ کے زہد کے بارے میں تحریر تھا اور جو کچھ اس میں تحریر تھا میں نے اسے آپؑ کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا۔ آپؑ نے اس کو دیکھا اور اس کی صحت کی تصدیق کی اور جو کچھ اس میں تھا اس سب کی تصدیق کی اور تحریر یوں تھی:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! خداوند کریم ہمیں اور آپ لوگوں کو ظالموں کے مکر سے محفوظ رکھے' حاسدوں کی بغاوت و سرکشی سے اور ظالم و جابر لوگوں کے ظلم سے اور حملے سے محفوظ رکھے۔

اے مومنو! آپ کی مصیبت ان لوگوں کی سرکشی ہے جو دنیا میں رغبت رکھنے والوں سے ہیں اور اس کی طرف مائل ہیں اور اس دنیا کے فتنے سے مفتون ہیں اور ان کی توجہ اس

https://downloadshiabooks.com/

قلبك وجاف عن النوم جنبك واتق اللّٰہ ربك -

**حدیث نمبر 42**: (بحذف اسناد)

حضرت امیرالمومنین علی علیہ السلام فرماتے ہیں: اپنے دل کو فکر وسوچ کے ساتھ شریف بناؤ اور اپنے پہلو (یعنی دل کو نیند سے بیدار کرو اور اپنے رب سے ڈرتے رہو)۔

## عیسیٰ علیہ السلام کا اپنے اصحاب کو وعظ کرنا

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن رجل عن واصل بن سلیمان عن ابن سنان قال سمعت ابا عبداللّٰه (ع) یقول کان المسیح (ع) یقول لاصحابه ان کنتم احبائی واخوانی فوطنوا انفسکم علی العداوة والبغضاء من الناس فان لم تفعلوا فلستم باخوانی انما اعلمکم لتعلموا ولا اعلمکم لتعجبوا انکم لن تنالوا ما تریدون الابترك ما تشتهون وبصبرکم علی ما تکرهون وایاکم والنظرة فانها تزرع فی قلب صاحبها الشهوة وکفی بها لصاحبها فتنة یاطوبی لمن یری بعینه الشهوات ولم یعمل بقلبه المعاصی ما ابعد ما قدفات ما ادنی ما هو آت ویل للمغترین لوقد اریهم ما یکرهون وفارقهم ما یحبون وجائهم ما یوعدون وفی خلق هذا اللیل والنهار معتبر ویل لمن کانت الدنیا همه والخطایا عمله کیف یفتضح عند ربه ولا تکثروا الکلام فی غیر ذکراللّٰه فان الذین یکثرون الکلام فی غیر ذکر اللّٰه قاسیة قلوبهم ولکن لا یعلمون لا تنظروا الی عیوب الناس کأنکم رئایا ولکن انظروا فی خلاص انفسکم فانما انتم عبید مملوکون الی کم یسیل الماء الی الجبل لایلین الی کم تدرسون الحکمة لاتلین علیهما قلوبکم عبیدالسوء لاعبید الاتقیاء ولااحرار کرام انما مثلکم کمثل الدفلی یعجب بزهرها من یراها وینفل طعمها والسلام -

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 43: (بحذف اسناد)**

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: عیسٰی علیہ السلام نے اپنے اصحاب سے فرمایا: تم میرے بھائی اور میرے دوست ہو' تم اپنے آپ کو لوگوں کی عداوت پر آمادہ رکھو۔ اگر تم نے ایسا نہ کیا تو میرے دوست نہیں ہو۔ میں تم کو اس لیے بتا رہا ہوں تا کہ تم اس کو مان لو۔ میں اس لیے نہیں بتا رہا کہ تم اس پر تعجب کرو۔ ہرگز جو کچھ تم چاہتے ہو اُس کو نہیں پاسکتے' جب تک تم اس چیز کو نہیں چھوڑتے جس کا تمہیں بہت اشتیاق ہے۔ اور جس کو تم نہیں چاہتے اُس پر صبر کرو۔ اپنے آپ کو نظر سے بچاؤ کیونکہ یہ دیکھنے والے کے دل میں شہوت و خواہش پیدا کر دیتی ہے اور اس دیکھنے والے کے لیے خود اس کا فتنہ ہی کافی ہے۔ طوبیٰ اور خوش بختی ہے اُس شخص کے لیے جو شہوت و خواہش رکھنے کے باوجود بھی خدا کی نافرمانی نہیں کرتا۔ جو بعید ہے وہ فوت ہو چکی ہے اور جو قریب ہے وہ آنے والی ہے۔ دھوکے بازوں اور فریب کاروں کے لیے ہلاکت ہے جس کو تم پسند نہیں کرتے۔ تم اس سے ضرور ملاقات کرو گے اور جو تم کو محبوب ہے اس سے ضرور تم جدا ہو کے رہو گے۔ اس دنیا کے شب و روز میں تمہارے لیے عبرت ہے۔ ہلاکت ہے اُس شخص کے لیے جس کے لیے پوری حکمت یہ دنیا ہو اور اس کا عمل خطا و نافرمانی ہو۔ وہ اپنے رب کے سامنے کیسے رسوا ہوگا؟ اللہ کے ذکر کے علاوہ اپنے کلام کو زیادہ نہ کرو کیونکہ ذکرِ خدا کے علاوہ اگر تمہارا کلام زیادہ ہوگا تو اس سے تمہارے دل سخت ہو جائیں گے لیکن تم کو اس کا علم نہیں ہوگا۔ لوگوں کے عیبوں کی طرف فکر نہ کرو کیونکہ تم سب رعایا ہو' تم اپنے اخلاص کی طرف توجہ دو۔ کیونکہ تم سب بندے و غلام ہو۔ کافی دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ سیلاب پہاڑ سے آتا ہے لیکن وہ گرم نہیں ہوتا۔ ایسے ہی حکمت بیان کی جاتی ہے لیکن اس سے تمہارے دل نرم نہیں ہوتے کیونکہ تمہارے دل برے غلام کے دل کی مانند ہیں۔ نیک اور آزاد لوگوں کے دلوں کی مانند نہیں ہیں۔ تمہاری مثال دفلی کی مانند ہے جس چمک دیکھنے والے کو تعجب میں ڈال دیتی

https://downloadshiabooks.com/

ہے اور اس کا طمع غنیمت ہے۔

## شہرت سے بچو

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن ابی نجران عن الحسن بن بحر عن فرات بن احنف عن رجل من اصحاب امیرالمؤمنین علیه السلام قال سمعته یقول تبذل ولا تشتهر واخف شخصك لئلا تذکرو تعلم واکتم واصمت تسلم واومی بیده الی صدره تسر الأبرار وتغیظ الکفار واومی بیده الی العامة۔

**حدیث نمبر 44:** (بحذف اسناد)

حضرت امیرالمومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: خرچ کرو لیکن اُس کی شہرت نہ کرو اور اپنے آپ کو خفیف شمار کرو تاکہ تمہیں یاد رکھا جائے۔ جانو اور پوشیدہ رکھو۔ خاموش رہو تاکہ سالم رہ سکو اور پھر آپؑ نے اپنے سینے کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: یہ نیک لوگوں سے خوش ہوتا ہے اور کفار پر غضب ناک ہوتا ہے اور پھر آپؑ نے اپنے ہاتھ سے عوام کی طرف اشارہ فرمایا۔

## دو گروہوں کا ملنا

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن الحسن عن علی بن فضال قال سمعت ابا الحسن (ع) ما التقت فئتان قط الی نصرالله اعظمہما عفواً۔

**حدیث نمبر 45:** (بحذف اسناد)

جناب علی بن فضال رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ میں نے حضرت ابوالحسن علیہ السلام سے سنا کہ آپؑ نے فرمایا: جب دو گروہ آپس میں ملتے ہیں تو اُن میں سے اللہ کی مدد کا زیادہ حق دار وہ ہے جو ان میں سب سے زیادہ معاف کرنے والا ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

## موسیٰ بن عمران علیہ السلام کی مناجات

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن الحسن بن محبوب عن ہشام ابن سالم عن حبیب السجستانی عن ابی جعفر محمد بن علی الباقر (ع) قال ان فی التوریة مکتوبا فیما ناجی اللّٰہ تعالٰی بہ موسٰی (ع) ان قال لہ یاموسٰی خفنی فی سر امرک احفظک من وراء عورتک واذکرنی فی خلوتک وعند سرور لذتک اذکرک عند غفلاتک واملک غضبک عمن ملکت علیہ اکف عنک غضبی واکتم مکنون سری فی سریرتک واظہر فی علانیتک المداراة عنی لعدوی وعدوک من خلقی ولاتسب لی عندھم باظہار مکنون سری فتشرک عدوی وعدوک فی سبی۔

**حدیث نمبر 46:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام فرماتے ہیں: تورات میں مناجاتِ موسیٰ علیہ السلام میں تحریر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ جو مناجات فرمائی ہیں ان میں ذکر فرمایا ہے: اے موسیٰ! تم اپنے پوشیدہ امور میں مجھے یاد رکھو۔ میں تیری پشت میں تیری عورت (یعنی شرمگاہ) کی حفاظت کروں گا۔ مجھے اپنی تنہائی میں اور اپنی خوشی کے مواقع پر یاد رکھو۔ میں تیری غفلت کے وقت تجھے یاد رکھوں گا۔ جن پر تو حق حکومت و برتری رکھتا ہے' اُن پر اپنے غضب کو روک کر رکھو تا کہ میں اپنے غضب کو تیرے سے روک کر رکھوں اور میرے راز کو اپنے رازوں میں پوشیدہ رکھوں اور میری مخلوق میں سے جو میرے اور تیرے دشمن ہیں اُن کے ساتھ میری طرف سے مدارت (یعنی نرمی کے ساتھ پیش آنا) کا اعلانیہ اظہار کرو اور میرے پوشیدہ راز کا اُن کے سامنے اظہار کر کے مجھے گالیاں نہ دلواؤ۔ اگر تم نے اس طرح کیا تو تو میرے اور اپنے دشمن کے ساتھ مل کر مجھے گالیاں دینے میں شریک ہو جاؤ گے۔

https://downloadshiabooks.com/

## امعۃ نہ بنو

وبالاسناد الأول عن علی بن مہزیار عن ابن محبوب عن الفضل بن یونس عن ابی الحسن الأول (ع) انه قال ابلغ خیرا وقل خیرا ولا تکونن امعة قلت وما الامعة قال لاتقل انا مع الناس وانا کواحد من الناس ان رسول اللّٰہ (ص) قال ایھا الناس ھما نجدان نجد خیر ونجد شر فما نجد الشر احب الیکم من نجد الخیر والحمدللّٰہ رب العالمین وصلی اللّٰہ علی سیدنا محمد وعترته الطاھرین۔

**حدیث نمبر 47:** (بحذف اسناد)

حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا: خیر ونیکی کی تبلیغ کرو اور خیر کہو اور امعۃ نہ بن جاؤ۔

راوی بیان کرتا ہے کہ میں نے عرض کیا: مولاؑ! یہ امعۃ کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: یوں نہ کہو کہ میں بھی لوگوں کے ساتھ ہوں اور میں بھی لوگوں میں سے ایک کی مانند ہوں کیونکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! ہم ان دونوں کو پانے والے ہیں۔ہم خیر کو پاتے ہیں اور شر کو بھی پاتے ہیں اور کبھی خیر کی نسبت شر کو پسند نہ کرنا۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 24

[بروز بدھ ۲۲ رمضان المبارک سال ۴۰۸ ہجری قمری]

## سب سے افضل کلام اللہ کی کتاب ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوغالب احمد بن محمد الزراری ﴿قال حدثنی﴾ ابن طاهر محمد بن سليمان الرازی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسين بن ابی الخطاب عن محمد بن يحيیٰ الخزاز عن غياث بن ابراهيم عن ابی عبداللّٰه الصادق جعفر بن محمد (ع) عن أبيه عن جده (ع) قال كان رسول اللّه (ص) اذا خطب حمداللّه واثنی عليه ثم قال امابعد فان اصل الحديث كتاب وافضل الهدی هدی محمد وشر الامور محاثاتها وكل بدعة ضلالة ويرفع صوته وتجمر وجنتاه ويذكر الساعة وقيامها حتیٰ كأنه منذر جيش يقول صحبتكم الساعة مستكم الساعة ثم يقول بعث انا والساعة كهاتين ويجمع بين سببا بتيه من ترك مالاً فلاهله ومن ترك دينا فعلی والی۔

حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)

حضرت امام صادق علیہ السلام نے اپنے آباؤ اجداد کے ذریعے سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل فرمایا ہے کہ آپؐ نے اپنے ایک خطبے میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا:

امابعد! اصل کلام و حدیث کتاب خدا ہے اور افضل ترین ہدایت محمدؐ کی ہدایت ہے

https://downloadshiabooks.com/

اور سب سے شریر ترین بدعات ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ پھر آپؐ نے اپنی آواز بلند کی اور لوگوں کو اکٹھا کیا۔ پھر آپؐ نے قیامت اور اُس کے قائم ہونے کا ذکر یہاں تک فرمایا کہ گویا آپؐ ایک لشکر کو ڈرانے والے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: اے لوگو! تم قیامت کے قریب ہو اور قیامت کی طرف تم جا رہے ہو۔ پھر آپؐ نے فرمایا: مجھے مبعوث کیا گیا اور قیامت یہ دونوں یوں آپس میں ملے ہوئے ہیں اور آپؐ نے اپنی دونوں بڑی انگلیوں کو جمع کیا (یعنی میری نبوت قیامت تک چلے گی اور میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا) تم میں سے جو اپنے ترکہ میں سے مال چھوڑ کر جائے گا وہ اُس کے اپنے خاندان والوں کے لیے ہوگا اور جو قرض چھوڑ کر جائے گا وہ میرے ذمہ یا میری طرف لوٹے گا۔

## تم میرے بعد کمزور ہو جاؤ گے

﴿قال أخبرنی﴾ ابونصر محمد بن الحسین المقری ﴿قال حدثنا﴾ عبد الکریم بن محمد البجلی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن علی ﴿قال حدثنا﴾ زید ابن المعدل عن ابان بن عثمان الاجلح عن زید بن علی بن الحسین (ع) قال وضع رسول اللہ (ص) فی مرضہ الذی توفی فیہ رأسہ فی حجر أم الفضل واغمی علیہ فقطرت قطرۃ من دموعہا علی خدہ ففتح عینیہ وقال لہا مالك یا ام الفضل قال نعیت الینا نفسك واخبرتنا انك میت فان یکن الأمر فینا فبشرنا وان یکن فی غیرنا فاوص بنا قال فقال لہا النبی (ص) انتم المقہورون والمستضعفون من بعدی۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب زید بن علی بن حسین علیہ السلام نے فرمایا: حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سر اقدس حضرت اُم الفضل رضی اللہ عنہا کی گود میں تھا۔ آپؐ کا وہ آخری وقت

https://downloadshiabooks.com/

تھا اور آپؐ بیماری اور بے ہوشی کی حالت میں تھے۔ آپؐ کے رخسارِ اقدس پر اُم الفضل کی آنکھوں سے آنسوؤں کا ایک قطرہ ٹپکا۔ آپؐ نے اپنی آنکھیں کھولیں اور فرمایا: اے اُم الفضل! آپ کو کیا ہوگیا ہے؟ بی بی نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپؐ کی حالت سے ہمیں معلوم ہو رہا ہے کہ آپؐ اس دنیا سے جا رہے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: اگر میری رحلت کے بعد امر (یعنی امرِ خلافت) ہمارے درمیان رہا تو اس میں ہماری خوشی ہے اور اگر یہ ہمارے غیروں کے پاس چلا گیا تو لوگوں کو میری طرف سے وصیّت کرنا۔

راوی بیان کرتا ہے کہ آپؐ نے اُم الفضل سے فرمایا: تم میرے بعد سب سے مجبُور کردی جاؤ گی اور میرے بعد تم سب کو ضعیف و کمزور کر دیا جائے گا۔

## ایک فرقہ نجات حاصل کرنے والا ہے

﴿حدثنا﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ ابوطالب محمد بن احمد بن البهلول ﴿قال حدثنا﴾ ابوالعباس احمد بن الحسن الضریر ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن یحییٰ ﴿قال حدثنا﴾ اسماعیل بن ابان ﴿قال حدثنی﴾ یونس بن ارقم ﴿قال حدثنی﴾ ابوهرون العبدی عن ابی عقیل قال کنا عند امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب علیه السلام فقال لتفرقن هذه الامة علی ثلاثة وسبعین فرقة والذی نفسی بیده ان الفرق کلها ضالة الا من اتبعنی وکان من شیعتی۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذفِ اسناد)

جناب ابوعقیل رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ ہم امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں موجود تھے کہ آپؑ نے فرمایا: یہ اُمت ضرور تہتر (۷۳) فرقوں میں بٹ جائے گی اور مجھے قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری

https://downloadshiabooks.com/

جان ہے۔ سارے فرقے گمراہ ہوں گے سوائے اُس فرقہ یا لوگوں کے جو میری اتباع کریں گے اور وہ میرے شیعوں میں سے ہوں گے۔

## اگر آپؑ نہ ہوتے تو میرے بعد مومنین کی شناخت نہ ہوتی

﴿قال أخبرني﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن یحیی العطار ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن محمد بن عیسٰی عن علی بن الحکم عن هشام بن سالم عن سلیمان بن خالد عن ابی عبداللّٰه جعفر بن محمد الصادق علیه السلام عن اٰبائه علیهم السلام قال قال رسول اللّٰه (ص) لعلی (ع) یاعلی انت منی وانا منک ولیک ولی وولی ولی اللّٰه وعدوی عدوک وعدوی عدو اللّٰه یاعلی انا حرب ان حاربک وسلم لمن سالک یاعلی لک کنز فی الجنة ذو قرینها یاعلی انت قسیم الجنة والنار لایدخل الجنة الامن عرفک وعرفته ولا یدخل النار الامن انکرته وانکرک یاعلی انت والأئمة من بعدک علی الاعراف یوم القیمة تعرف المجرمین بسیماهم والمؤمنین بعلاماتهم یاعلی لولاک لم یعرف المؤمنین بعدی ۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یاعلیؑ! آپؑ مجھ سے ہیں اور میں آپؑ سے ہوں۔ آپؑ کا دوست میرا دوست اور میرا دوست اللہ کا دوست ہے۔ آپؑ کا دشمن میرا دشمن اور میرا دشمن اللہ کا دشمن ہے۔

اے علیؑ! میری اس سے جنگ ہے جس نے آپؑ سے جنگ کی۔ اس سے دوستی و سلامتی ہے جس نے آپؑ سے دوستی وسلامتی رکھی۔

https://downloadshiabooks.com/

اے علیؑ! آپؑ کے لیے جنت میں خزانہ ہے اور آپؑ جنت میں ذوالقرنین ہیں۔

اے علیؑ! آپؑ جنت و جہنم کو تقسیم کرنے والے ہیں۔

اے علیؑ! جنت میں کوئی بھی داخل نہیں ہو سکے گا مگر وہ شخص جو آپؑ کی معرفت رکھتا ہوگا اور آپؑ اس کو اپنا قرار دیں گے اور جہنم میں کوئی داخل نہیں ہوگا مگر وہ جس کا آپؑ انکار کریں گے اور وہ آپؑ کا انکار کرتا ہوگا

اے علیؑ! آپؑ اور آپؑ کے بعد والے آئمہؑ قیامت کے دن اس مقامِ اعراف پر ہوں گے کہ یہاں سے مجرموں کو ان کے چہروں سے اور مومنین کو ان کی نشانیوں سے پہچان لیں گے۔

اے علیؑ! اگر آپؑ نہ ہوتے تو میرے بعد مومنین کی شناخت نہ ہو سکتی۔

## وہ مجنون ہیں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویه رحمه الله عن أبیه ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن یحیی واحمد بن ادریس جمیعا عن علی بن محمد بن علی بن سعید الأشعری عن الحسین بن النضر بن المزاحم العطار عن أبیه عن عمرو بن شمر عن جابر بن یزید الجعفی عن ابی جعفر الباقر (ع) قال سمعت جابر بن عبدالله بن حزام الأنصاری یقول لو نشی سلمان وابوذر رحمهما الله لهؤلاء الذین ینتحلون موذتکم اهل البیت لقالوا لهؤلاء الکذابون ولو رأی هؤلاء اولئك لقالوا مجانین –

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

جناب حضرت جابر بن عبداللہ بن حزام انصاری رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا: اگر حضرت سلمان اور حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان لوگوں کے بارے جو اپنے آپ کو

https://downloadshiabooks.com/

اہل بیتؑ کی مودّت کا قائل قرار دیتے ہیں مطلع ہو جائیں تو وہ دونوں ان لوگوں کو اپنے دعویٰ میں جھوٹے قرار دیں گے اور اگر یہ لوگ ان دونوں کے عقیدہ کے بارے میں مطلع ہو جائیں تو ان دونوں کو وہ مجنون شمار کریں گے۔

## جن کا اندرون قوی ہوگا تو ظاہر خود بخود قوی ہو جائے گا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن عن أبیه عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن یونس بن عبدالرحمٰن عن محمد بن یاسین قال سمعت ابا عبداللّٰه جعفر بن محمد علیه السلام یقول ما ینفع العبد یظهر حسنا ویسر سیئا الیس اذا رجع الی نفسه علم انه لیس کذلك واللّٰه تعالٰی یقول ان الانسان علی نفسه بصیرة ان السریرة اذا صلحت قویت العلانیة وصلی اللّٰه علی سیدنا محمد الامی وآله الطاهرین وسلم تسلیماً۔

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

جناب محمد بن یاسین رحمتہ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: بندے کے لیے فائدہ مند نہیں ہے کہ وہ نیکی کو ظاہر کرے یعنی ظاہر اس کا اچھا ہو اور اس کا باطن بُرا ہو' کیا ایسا نہیں ہے جب انسان اپنے آپ کی طرف توجہ کرتا ہے تو اس کو معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ ایسا نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تحقیق انسان اپنے اندرون کے بارے میں خود باخبر ہے۔ جب اُس کا اندرون نیک ہو جائے گا تو اس کا ظاہر خود بخود قوی و اچھا ہو جائے گا۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 25

[سال ۴۰۷ ہجری قمری]

## حضرت ابوذر غفاری کا لوگوں کو وعظ کرنا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن بن الولید رحمه الله ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن الصفار ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن محمد بن الولید ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن النصر الخراز عن عمرو بن شمر عن جابر بن یزید عن ابی جعفر محمد بن علی بن الحسین علیه السلام قال قام ابوذر الغفاری رحمه الله وصعد الکعبة ونادی انا جندب بن سکر فاکتنفه الناس فقال معاشر الناس لو ان احدکم اراد السفر لاعد ما یصلحه افما تریدون السفر یوم ما یصلحکم فقام الیه رجل وقال له ارشدنا رحمك الله فقال ابوذر رحمه الله صوم یوم شدید الحر للنشور وحج البیت الحرام لله تعالی لعضائم الامور وصلوة رکعتین فی سواد اللیل لوحشة القبور اجعلوا الکلام کلمتین کلمة خیر تقولونها وکلمة شر تسکتون عنها وصدقة منك علی مسکین لعلك تنجوبها یامسکین من یوم عسیر اجعل الدنیا درهمین أکتسبتهما درهما تنفقه علی عیالك ودرهما تقدمه لآخرتك والثالث یضر ولا ینفع فلاتوده اجعل الدنیا کلمة فی طلب الحلال وکلمة للاخرة والثالثة ولا تنفع فلا تردها ثم قال قبلی

https://downloadshiabooks.com/

هم یوم لا ادرکہ-

حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی بن حسین علیہ السلام فرماتے ہیں: ایک دفعہ حضرت ابوذر غفاریؒ کھڑے ہوئے اور کعبہ کی چھت پر چلے گئے اور انہوں نے لوگوں کو بلند آواز سے پکارا: اے لوگو! میں جندب بن سکر ہوں۔ لوگ آپ کے اردگرد جمع ہو گئے۔ آپ نے فرمایا: اے لوگو! اگر تم میں سے کوئی سفر کا ارادہ کرے تو وہ اپنے سفر کے لیے زادِراہ کو آمادہ کرتا ہے۔ تم لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ تم اُس سفر پر جانے والے ہو کہ اُس دن کے لیے تم کسی چیز کو آمادہ نہیں کر رہے۔ ایک شخص کھڑا ہوا اور اُس نے عرض کیا: خدا آپ پر رحم فرمائے' آپ ہمیں وعظ و ہدایت فرمائیں کہ ہمیں آخرت کے سفر کے لیے کیا کچھ کرنا چاہیے۔ جناب ابوذر غفاریؒ نے فرمایا: دوبارہ زندہ ہونے والے دن کے لیے گرمی کے دن کا روزہ رکھو اور اپنے اُمور کی تنظیم کے لیے بیت الحرام کا حج کرو اور قبر کی وحشت و تنہائی کے لیے رات کی تاریکی میں دو رکعت نماز ادا کرو اور اپنی کلام کو دو باتیں قرار دو۔ ایک وہ بات جو خیر ہے وہ لوگوں سے کرو اور دوسری بات جو شر ہے اس سے اپنے آپ کو محفوظ اور دور رکھو اور مسکینوں کو صدقہ دو' ممکن ہے کہ وہ صدقہ تم لوگوں کو کامیاب کر دے۔ پھر آپؒ نے فرمایا: اے مسکین! آج تو تنگ دست ہے تو اپنی دنیا کو دو درہم قرار دے۔ ایک وہ درہم جو تو نے اپنے اور اپنے اہل و عیال کے لیے خرچ کیا ہے اور دوسرے وہ درہم ہے جو تو نے اپنی آخرت کے لیے آگے روانہ کیا ہے' اور تیسرا درہم وہ ہے جس میں نہ تیرا کوئی فائدہ ہے اور نہ ہی نقصان ہے' پس اس سے محبت نہ کرو اور دنیا کو ایک کلمہ حلال اور دوسرا کلمہ آخرت کو قرار دے اور تیسرا کلمہ وہ ہے جو تیرے لیے کوئی فائدہ مند نہیں ہے۔ پس اس کو رد نہ کرو (یعنی اس کو نہ بولو) پھر فرمایا: ان باتوں کو میری طرف سے قبول کر' اُس دن کے لیے جس دن مجھے نہ پاؤ گے۔

https://downloadshiabooks.com/

## ہمارے نبی مصطفیٰؐ ہیں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ عبد الکریم بن محمد البجلی ﴿قال حدثنا﴾ عثمان بن ابی شیبة ﴿قال حدثنا﴾ مصعب القرقستانی ﴿قال حدثنا﴾ الأوزاعی ﴿قال حدثنا﴾ شداد ابوعمار عن واثلة بن الأسقع قال قال رسول اللّٰه (ص) ان اللّٰه اصطفی من ولد ابراهیم من قریش بنی هاشم واصطفانی من بنی هاشم –

حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)

جناب واثلہ بن الاسقع رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا کہ آپؐ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے تمام اولادِ ابراہیم علیہ السلام میں سے قریش کو مصطفیٰ یعنی چنا ہوا بنایا اور پھر قریش میں سے بنو ہاشم کو مصطفیٰ بنایا اور پھر بنو ہاشم میں سے مجھے مصطفیٰ قرار دیا ہے۔

## مومن کے قتل پر راضی ہونے والے جہنمی ہیں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ علی ابن سلیمان ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن النهاوندی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالخزرج الأسدی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الفضل ﴿قال حدثنا﴾ ابان بن ابی عیاش قال جعفر بن ایاس عن ابی سعیدالخدری قال وجد قتیل علی عهد رسول اللّٰه (ص) فخرج مغضبا حتیٰ رقی المنبر فحمداللّٰه واثنی علیه ثم قال یقتل رجل من المسلمین لا یدری من قتله والذی نفسی بیده لو ان اهل السموات والارض اجتمعوا علی قتل مؤمن اورضوا به لأدخلهم اللّٰه النار والذی نفسی بیده لایجلد احداً احدا الاجلد غداً فی نار جهنم مثله والذی نفسی بیده لایبغضنا اهل البیت احداً الا اکبه اللّٰه علی وجهه فی

https://downloadshiabooks.com/

نار جهنم ۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

جناب ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے نقل کیا ہے کہ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ایک مقتول پایا گیا۔ پس رسولؐ خدا غضبناک ہو کر منبر پر تشریف فرما ہوئے اور خدا کی حمد وثنا کے بعد آپؐ نے ارشاد فرمایا:

مسلمانوں میں سے ایک مرد قتل ہو گیا ہے اور یہ نہیں معلوم ہو رہا کہ اس کو قتل کرنے والا کون ہے۔ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر ایک مومن کے قتل پر تمام اہلِ آسمان اور تمام اہلِ زمین راضی ہوں یا اس مومن کو قتل کرنے میں شریک ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ ان سب کو جہنم میں داخل کرے گا۔ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ اگر کوئی کسی کو ایک کوڑا مارے گا تو قیامت کے دن وہی کوڑا اس کو آگ کا مارا جائے گا اور مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے ہم اہلِ بیتؑ میں سے جو بھی ہم سے بُغض رکھے گا خدا اس کو منہ کے بل جہنم میں ڈال دے گا۔

## ہم ارکانِ دین اور اسلام کے ستون ہیں

﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ سعد بن عبداللّٰه عن محمد بن الحسین بن ابی الخطاب عن محمد بن سنان عن مفضل بن عمر الجعفی عن جابر بن یزید عن ابی جعفر محمد بن علی بن الحسین عن أبیه عن جده (ع) قال قال رسول اللّٰه (ص) لعلی بن ابی طالب علیه السلام یاعلی انا وانت وابناك الحسن والحسین وتسعة من ولد الحسین ارکان الدین ودعائم الاسلام من تبعنا نجا ومن تخلف عنا فی النار ۔

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوجعفر محمد بن علی بن حسین علیہ السلام نے فرمایا: حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا: اے علیؑ! میں اور آپؑ اور آپؑ کے دوفرزند حسن و حسین اور اولادِ حسین علیہم السلام میں سے نو فرزند امام ہوں گے جو دین کے ارکان اور اسلام کے ستون ہیں' پس جو ہماری اتباع کرے گا وہ کامیاب ہوگا اور جو ہماری نافرمانی کرے گا وہ جہنم میں جائے گا۔

## حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ

﴿قال أخبرني﴾ ابوعبدالله محمد بن داود الحتمي اجازة ﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر عبدالله بن سليمان بن الاشعث ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن محمد بن عبدان ﴿قال حدثنا﴾ ابراهيم الحربي ﴿قال حدثنا﴾ سعيد بن داود بن الزبير ﴿قال حدثنا﴾ مالك بن انس عن عمه ابى سهل بن مالك عن أبيه قال انى لواقف مع المغيرة بن شعبة عند نهوض على بن ابى طالب عليه السلام من المدينة الى البصرة اذ اقبل عمار بن ياسر رضى الله عنه فقال له هل لك فى الله عزوجل يامغيرة فقال واين هولى ياعمار قال تدخل فى هذه الدعوة فتلحق بمن سبقك وتسود من خلفك فقال له المغيرة او خير من ذلك يا ابا اليقظان قال عمار وما هو قال ندخل بيوتنا ونغلق علينا ابوابنا حتى يضيئ لنا الأمر فنخرج ونحن مصرون ولا تكون كالقاطع السلسلة اراد الضحك فوقع فى الغم فقال له عمار هيهات هيهات اجهل بعد علم وعمى بعد استبصار ولكن اسمع لقولى فوالله ان ترانى الا فى الرعيل الاول فطلع عليهما اميرالمؤمنين عليه السلام فقال يا ابا اليقظان ما يقول لك الأعور فانه والله دائما يلبس الحق بالباطل ويموه فيه وان يتعلق من الدين

https://downloadshiabooks.com/

الا بما یوافق الدنیا ویحك یامغیرة انها دعوة تسوق من یدخل فیها فقال له المغیرة صدقت یاامیرالمؤمنین ان لم اکن معك فلن اکون علیك –

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

مالک بن انس نے اپنے چچا ابوسہل بن مالک سے اور اُنہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے وہ بیان کرتا ہے کہ جس دن علی بن ابی طالب علیہ السلام مدینہ سے بصرہ کی طرف روانہ ہو رہے تھے تو میں اور مغیرہ بن شعبہ دونوں اکٹھے کھڑے تھے۔ اس وقت جنابِ عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے مغیرہ! کیا راہِ خدا میں جہاد کے لیے جانے پر تو آمادہ ہے؟ مغیرہ نے کہا: اے عمارؓ! کہاں کا ارادہ ہے (یعنی کہاں خوف پھیلانا ہے)۔ آپ نے فرمایا: اس دعوت میں شریک ہوجاؤ جو تجھ سے آگے جاچکے ہیں اُن کے ساتھ مل جاؤ' اور جو پیچھے رہ جائے گا وہ گمراہ ہوگا۔ پس مغیرہ نے کہا: اے ابوالیقظان! اس سے بہتر بھی ہوسکتا ہے۔ عمارؓ نے کہا: وہ کیا ہے؟ اُس نے کہا: وہ یوں ہے کہ ہم اپنے گھروں میں داخل ہوجائیں گے اور اپنے گھروں کے دروازے بند کرلیں گے یہاں تک یہ معاملہ ختم ہوجائے گا۔ پس ہم گھروں سے نکل آئیں گے اور پھر اپنے مقام پر جمع رہیں گے اور ہم سلسلے کو کاٹنے والے بھی نہیں ہوں گے (یعنی نسل برباد کرنے والے) پس وہ چشنے کا ارادہ کر ہی رہا تھا کہ وہ غم زدہ ہوگیا۔ پس جنابِ عمارؓ نے اُس سے فرمایا: دُور ہوجاؤ' دُور ہوجاؤ۔ کیا علم کے بعد جاہل ہوجائیں اور بصیرت کے بعد اندھے ہوجائیں؟ لیکن میں نے تیری گفتگو کو سن لیا ہے۔ خدا کی قسم! میں دیکھ رہا ہوں کہ تو سب سے آگے جانے والے گروہ میں سے ہے۔ پس اچانک ان دونوں کے سامنے امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام ظاہر ہوئے۔ آپؑ نے فرمایا: اے ابوالیقظان! یہ اَعور (بھینگا) آپ سے کیا کہہ رہا تھا؟ خدا کی قسم! یہ ہمیشہ سے حق اور باطل کو ملانے کی کوشش کرتا ہے اور اس میں بھی محور رہتا ہے اور یہ دین میں سے اس کو مانتا ہے جو اس کی دنیا

https://downloadshiabooks.com/

کے موافق ہو۔ افسوس ہے تجھ پر اے مغیرہ! تجھے اس کی طرف دعوت دی جارہی ہے' اگر تو اس میں چلے تو کامیاب رہے گا۔ پس مغیرہ نے کہا: اے امیرالمومنینؑ! آپؑ سچ فرمارہے ہیں' لیکن اگر میں آپؑ کی حمایت میں نہ نقل کرسکا تو یقین رکھیں آپؑ کے خلاف بھی نہیں نکلوں گا۔

## اہلِ دوزخ بھی محمدؐ وآلِ محمدؐ کا واسطہ دے کر نجات حاصل کرلیں گے

﴿حدثنی﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن یحیی العطار ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن احمد بن یحیٰی عن الحسن بن علی الکوفی عن العباس بن عامر القصبانی عن احمد بن رزق اللّٰہ عن یحییٰ ابن ابی العلا عن جابر بن ابی جعفر محمد بن علی بن الحسین عن أبیه عن جده (ع) قال قال رسول اللّٰه (ص) انه اذا کان یوم القیمة وسکن اهل الجنة الجنة واهل النار النار مکث عبد فی النار سبعین خریفا والخریف سبعون سنة ثم انه یسأل اللّٰه عزوجل وینادیه فیقول یارب اسألك بحق محمد واهل بیته لما رحمتنی فیوحی اللّٰه جل جلاله الی جبرئیل (ع) ان اهبط الی عبدی فاخرجه فیقول جبرئیل وکیف لی بالهبوط فی النار فیقول اللّٰه تبارك تعالی انه قد امرتها ان تکون علیك برداً وسلاما قال فیقول یارب فما علمی بموضعه فیقول انه فی جب من سجین فیهبط جبرئیل (ع) الی النار فیجده معقولا علی وجهه فیخرجه فیقف بین یدی اللّٰه عزوجل فیقول اللّٰه تعالی یاعبدی کم لبثت فی النار تناشدنی فیقول یارب ما احصیه فیقول اللّٰه عزوجل اما وعزتی لولا ما سألتنی بحقهم عندی لاطلت هو انك فی النار ولکنه حتم علی نفسی ان لا یسألنی عبد بحق محمد واهل بیته الاغفرت له ما کان بینی وبینه وقد غفرت لك الیوم ثم

https://downloadshiabooks.com/

یومر بہ الی الجنۃ۔

**حدیث نمبر 6:** (بحذف اسناد)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو جنت والے جنت میں اور جہنم والے جہنم میں چلے جائیں گے اور ایک بندہ جہنم میں ستر خریف رہے گا جبکہ ایک خریف ستر سال کی ہوگی۔ پھر وہ بارگاہِ خداوندی میں سوال کرے گا اور پکارے گا اور عرض کرے گا کہ اے میرے پروردگار! میں تیری بارگاہ میں محمدؐ و آلِ محمدؑ کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ مجھ پر رحم فرما۔ پھر اللہ تعالیٰ جبرائیل علیہ السلام کی طرف وحی فرمائے گا کہ جاؤ میرے اس بندے کی طرف اور اس کو وہاں سے باہر نکال کر لے آؤ۔ پس جبرائیلؑ بارگاہِ خداوندی میں عرض کریں گے کہ اے میرے خدا! میں آگ میں کیسے جاؤں گا؟ پس آوازِ قدرت آئے گی: میں نے اس آگ کو حکم دے دیا ہے کہ آپؑ پر ٹھنڈی و سلامتی والی رہے۔ جبرائیلؑ عرض کریں گے: اے میرے خدا! میں اُس کے ٹھکانے اور مقام کو نہیں جانتا تو آوازِ قدرت آئے گی: وہ سجین کے کنویں میں ہے۔ پھر جبرائیلؑ جہنم میں داخل ہوں گے اور اُس بندے تک پہنچ جائیں گے اور اُس بندے کو منہ کے بل کنویں میں گرا ہوا پائیں گے اور پھر اس کو وہاں سے نکال کر باہر لے آئیں گے۔ اس کے بعد وہ بندہ بارگاہِ خدا میں کھڑا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے کہ اے میرے بندے! کتنی دیر جہنم میں رہنے کے بعد تو نے مجھے پکارا ہے؟ وہ جواب دے گا: اے میرے خدا! میں اُس مدت کو نہیں جانتا۔ پھر خداوند متعال فرمائیں گے: اے میرے بندے! مجھے قسم ہے اپنی عزت و بزرگی کی' تو نے مجھے جن لوگوں کا واسطہ دیا ہے میں جانتا تھا کہ تو جہنم میں ہے اور ہمیشہ رہنے والا ہے' لیکن میں نے اپنے اُوپر لازم قرار دیا کہ جو بندہ مجھے محمدؐ و آلِ محمدؑ کے حق کا واسطہ دے کر سوال کرے گا تو میرے اور اس کے درمیان جو بھی گناہ ہوں گے میں اُن سب کو معاف کردوں گا۔ پس میں نے آج تجھے معاف کردیا ہے اور اس

https://downloadshiabooks.com/

کے بعد اُس کو جنت میں جانے کا حکم دیا جائے گا۔

## ایک مسخرہ اور امام علی بن حسین علیہ السلام

﴿قال أخبرنی﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنا﴾ محمد ابن علی ما جیلویه ﴿قال حدثنا﴾ علی بن ابراهیم عن أبیه عن محمد بن ابی عمیر عن معاویة بن عمار عن ابی عبدالله (ع) قال كان بالمدينة رجل بطال يضحك اهل المدينة من كلامه فقال يوما لهم قد اعيانی هذا الرجل يعنی علی بن الحسين (ع) فما يضحكه منی شيئ ولا بد من احتال فی ان اضحكه قال فمر علی بن الحسين (ع) ذات يوم ومعه موليان له فجاء ذلك البطال حتّی انتزع ردائه من ظهره واتبعه الموليان فاسترجعا الرداء منه والقياه عليه وهو محتب لا يرفع طرفه من الأرض ثم قال لموليیه ما هذا فقالا له رجل بطال يضحك اهل المدينة ويستطعم منهم بذلك قال فقولا له ياويحك ان الله يوما يخسر فيه البطالون وصلی الله علی سيدنا محمد النبی وآله وسلم تسليماً۔

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

جناب معاویہ بن عمار نے حضرت امام صادق علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

مدینہ میں ایک مرد تھا جو مسخرہ تھا اور لوگ اس کی باتوں سے ہنسا کرتے تھے۔ ایک دن لوگوں کے سامنے اُس نے کہا کہ یہ مرد (یعنی علی بن حسین علیہ السلام) میرے سامنے آیا اور میں نے اُسے ہنسانے کی کوشش کی لیکن یہ شخص نہیں ہنسا۔ اب میرے لیے اس کو ہنسانا ضروری ہوگیا۔ کہتا ہے کہ ایک دن علی بن حسین علیہ السلام اور آپ کے چند موالی جو

https://downloadshiabooks.com/

آپؑ کے ساتھ تھے گزر رہے تھے کہ وہ مسخرہ آیا اور اُس نے آپؑ کی عبا مبارک پیچھے سے پکڑ لی اور آپؑ کے کندھے سے گرا دی۔ آپؑ کے موالیوں نے اُس مسخرے سے آپؑ کی عبا لے لی اور دوبارہ آپؑ کے کندھے پر ڈال دی۔ اس حالت میں بھی، آپؑ نے زمین سے نظر نہیں اٹھائی۔ پھر آپؑ نے اپنے موالیوں سے پوچھا کہ یہ کون تھا؟ اُنہوں نے عرض کیا کہ یہ مسخرہ تھا جس کی باتوں پر اہلِ مدینہ خوش ہوتے ہیں اور لطف اندوز ہوتے ہیں۔ آپؑ نے فرمایا: اس سے کہہ دو افسوس ہے تیرے لیے۔ ایک دن آئے گا جس دن یہ مسخرہ کرنے والے خسارے میں ہوں گے۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 26

[بروز پیر ۲ رمضان المبارک سال ۴۰۹ ہجری قمری]

## حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی آخری وصیّت

ابوالفوارس وحده ﴿حدثنا﴾ الشيخ الجليل المفيد ابوعبدالله محمد بن محمد بن النعمان ايد الله تمكينه حدثني ابوحفص عمر بن محمد الصيرفى المعروف بابن الزيارت ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلى محمد بن همام الاسكافى ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد بن مالك ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن سلامة الغنوى ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسين العامرى ﴿قال حدثنا﴾ ابومعمر عن ابى بكر بن عياش عن الضجيج العقبلى ﴿قال حدثنى﴾ الحسن ابن على بن ابى طالب عليه السلام قال لما حضرت ابى الوفاة اقبل يوصى "وصية اميرالمؤمنين" (ع) للحسن (ع)

﴿فقال﴾ هذا ما اوصى به على بن ابى طالب عليه السلام اخو محمد رسول الله وابن عمه وصاحبه واوّل وصيتى انى اشهد ان لا اله الا الله وان محمداً رسوله وخيرته اختاره بعلمه وارتضاه لخيرته وان الله باعث من فى القبور وسائل الناس عن اعمالهم وعالم ما فى الصدور ثم انى اوصيك ياحسن وكفى بك وصيا بما اوصانى به رسول الله (ص) فاذا كان ذلك يابنى فالزم بيتك وابك على خطيئتك ولا تكن الدنيا أكبر همك

https://downloadshiabooks.com/

واوصيك يابنى بالصلوٰة عند وقتها والزكوٰة فى اهلها عند محلها والصمت عند الشبهة والاقتصاد فى العمل والعدل فى الرضا والغضب وحسن الجوار واكرام الضيف ورحمة المجهود واصحاب البلاء وصلة الرحم وحب المساكين ومجالستهم والتواضع فانه من افضل العبادة وقصر الأمل وذكر الموت وازهد فى الدنيا فانك رهن موت وغرض بلاء وطريح سقم واوصيك بخشية اللّٰه فى سر امرك وعلانيته وانهاك عن التسرع بالقول والفعل واذا عرض شيئ من امر الآخرة فابده به واذا عرض شيئ من امر الدنيا فتأن حتٰى تصيب رشدك فيه واياك ومواطن التهمة والمجلس المظنون به السوء فان قرين السوء يغير جليسه وكن للّٰه يابنى عاملا وعن الخناز جوراً وبالمعروف آمراً وعن المنكر ناهيا وواخ الاخوان فى اللّٰه واحب الصالح لصلاحه ودار الفاسق عن دينك والبغضية بقلبك وزايله باعمالك لئلا تكون مثله واياك والجلوس فى الطرقات ودع الممارات ومجازات من لاعقل له ولا علم واقتصد يابنى فى معيشتك واقتصد فى عبادتك وعليك فيها بالأمر الدائم الذى تطيقه والزم الصمت تسلم وقد لنفسك تغنم وتعلم الخير وكن اللّٰه ذاكراً على كل حال وارحم من اهلك الصغير ووقر منهم الكبير لاتاكلن طعاما حتٰى تصدق منه قبل اكل وعليك بالصوم فانه زكوٰة البدن وجنة لاهله وجاهد نفسك واحذر جليسك واجتنب عدوك وعليك بمجالسة الذكر واكثر من الدعاء فانى يابنى لم آلك نصحا وهذا فرق بينى وبينك واوصيك باخيك محمد خيراً شقيقك وابن ابيك وقد تعلم حبى له واما اخوك الحسين فهو ابن امك ولا اريد الوصاة بذلك واللّٰه الخليفة عليكم واياه اسأل ان يصلحكم وان يكف الطغاة البغاة

https://downloadshiabooks.com/

عنکم والصبر الصبر حتی یتولی اللہ الأمر ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

**حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)**

حضرت امام حسن علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب میرے والدِ مکرم حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی شہادت کا وقت قریب آیا تو آپؑ نے وصیت فرمائی اور وہ وصیت یوں تھی: امام فرماتے ہیں کہ یہ وہ چیز ہے کہ جس کی علیؑ ابن ابی طالبؑ جو محمد رسولؐ اللہ کے بھائی اور اُن کے چچا کے بیٹے اور اُن کے ساتھی ہیں۔ میری پہلی وصیت یہ ہے کہ اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمداً رسولہ، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبودِ حقیقی نہیں ہے اور محمدؐ اس کے رسول ہیں جو تمام مخلوق سے بہتر ہیں۔ جن کو اس نے اپنے علم سے نوازا ہے اور اُن کو اپنی خیرت (یعنی نبوت) کے لیے چن لیا ہے اور تحقیق اللہ تعالیٰ مُردوں کو قبروں سے محشور کرنے والا ہے اور لوگوں سے اُن کے اعمال کے بارے میں پوچھا جائے گا اور وہ اُن کے دلوں کے رازوں کو جاننے والا ہے۔ پھر اس کے بعد فرمایا:
اے میرے فرزند حسنؑ! تیرے لیے وہی وصیت کافی ہے جو رسولؐ خدا نے مجھے فرمائی تھی (یعنی اُن حالات میں جو میرے بعد تیرے لیے ہوں گے) آپؑ اپنے گھر کو لازم قرار دینا (یعنی میری طرح گوشہ نشینی اختیار کرنا) اور اپنی خطاؤں پر گریہ کرنا (یہ ہم لوگوں کو سمجھانا مقصود ہے ورنہ معصوم سے خطاء ممکن نہیں ہے) اور دنیا میں اپنا مقصود و مطلوب قرار نہ دینا۔
اے میرے بیٹے! میں آپؑ کو بروقت نماز کی وصیت کرتا ہوں اور زکوٰۃ کے اہل اور اس کے محل کی وصیت کرتا ہوں اور مقامِ شبہ (یعنی جس کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ یہ حلال ہے یا حرام) میں اپنے آپ کو روکے رکھنے کی وصیت کرتا ہوں۔ اپنے عمل میں میانہ روی رکھنا اور رضایت وغضب میں عدل اختیار کرنا (یعنی دونوں صورتوں میں اعتدال میں رہنا) اچھی ہمسائیگی مہمان نوازی اور مہمان کا احترام کرنا اور کمزور و لاغر پر اور مصیبت زدہ پر رحم کرنا صلہ رحمی کرنا (یعنی اپنے عزیزوں سے تعلقات قائم رکھنا) مساکین اور غرباء سے محبت

https://downloadshiabooks.com/

کرنا اور اُن کے ساتھ بیٹھنا اور اُن کی تواضع اور انکساری کرنا کیونکہ یہ افضل ترین عبادتوں میں سے ہے۔ آرزو اور خواہش کو کم رکھنا' موت کو یاد رکھنا' دنیا میں زُہد و پرہیزگاری اختیار کرنا' کیونکہ تم اپنی موت کے مرہون ہو۔ بلا اور مصیبت کا نشانہ بنو گے اور بیماریوں سے دُور رہنا۔ میں تمہیں پوشیدہ اور ظاہری امور میں خوفِ خدا کی وصیت کرتا ہوں اور میں تمہیں جلد بازی سے منع کرتا ہوں جب تمہارے سامنے آخرت کے امور میں سے کوئی آئے تو اُس کو انجام دو اور جب دنیا کے امور میں سے کوئی امر آپ کے سامنے آئے تو اگر وہ آپ کے لیے باعثِ ہدایت و رشد ہو تو اُس کو انجام دیں۔ تہمت کے مقامات سے بچیں اور مشکوک اور برے گمان والی مجلس سے بچیں کیونکہ برا دوست اپنے ساتھ بیٹھنے والے کو برا اثر دیتا ہے۔

اے میرے فرزند! خدا کے لیے عمل کرنے والے ہو جاؤ اور تکبر و جور سے دُور رہو اور نیکی کا حکم دینے والے ہو جاؤ اور برائی سے روکنے والے ہو جاؤ۔ خدا کی خاطر بھائیوں کا بھائی بن جاؤ اور نیک لوگوں سے اُن کی نیکی کی وجہ سے محبت کرنا اور فاسق لوگوں کو اپنے دین سے دُور رکھو۔ دل کی نفرت اور اپنے اعمال کو زائل کرنے سے دُور رہو (یعنی ایسے کام جن سے یہ چیزیں رونما ہوں ان سے بچو) تا کہ تم اس کی مثل نہ ہو جاؤ۔ راستے میں بیٹھنے سے بچو' کھینچا تانی کو چھوڑ دو۔ جن کے پاس عقل اور علم نہ ہو اُن سے دُوری اختیار کرو۔

اے میرے فرزند! اپنی معیشت میں میانہ روی اختیار کرو۔ اپنی عبادت میں بھی میانہ روی اختیار کرو اور ان میں ہمیشگی اختیار کرو جن پر آپ قدرت اور طاقت رکھتے ہیں' زبان پر کنٹرول رکھو تا کہ سالم رہو' اپنے آپ کی قدر کرو تا کہ فائدہ مند بن سکو' نیکی و خیر کا علم حاصل کرو' ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے بن جاؤ' اپنے خاندان کے چھوٹے پر رحم کرو اور بڑے کی عزت اور احترام کرو۔ کھانا کھانے سے قبل اُس کھانے کا صدقہ دو' روزہ اپنے اُوپر لازم قرار دو کیونکہ یہ بدن کی زکوٰۃ ہے اور اپنے روزہ دار کے لیے یہ ڈھال ہے' اپنے

https://downloadshiabooks.com/

نفس کے خلاف جہاد کرو' ہم نشینی سے بچو' اپنے دشمن سے اجتناب کرو' اہلِ ذکر کی مجالس کو لازم قرار دو اور دعا زیادہ کرو۔

اے میرے فرزند! اس کے بعد مجھے تمہیں کوئی نصیحت نہیں کرنی ہے کیونکہ اس کے بعد میرے اور آپ کے درمیان جدائی اور فراق ہے۔ میں آپ کو آپ کے بھائی محمد (حنفیہ) کے بارے میں خیر کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ وہ آپ کا بھائی ہے۔ اور تیرے باپ کا فرزند ہے اور آپ اُس کے ساتھ میری محبت کو جانتے ہیں۔ بہرحال آپ کا بھائی حسینؑ ہے وہ تیری ماں کا بیٹا ہے۔ اس لیے اُس کے بارے میں اِس قسم کی وصیت نہیں کروں گا اور اللہ تمہارا اور اُس کا محافظ ہے اور میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تمہارے معاملے کی اصلاح کرے اور باغیوں کی بغاوت و سرکشی کو تم سے دُور رکھے' صبر کرو یہاں تک کہ اللہ اس امر کا ولی ہے و لا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم۔

## نبی اکرمؐ نے آخری حج کے بعد فرمایا مَن کُنتُ مَولَاہُ فَعَلِیٌّ مَولَاہُ

﴿أخبرني﴾ ابوالحسن علیٰ بن محمد الکاتب ﴿قال حدثنا﴾ الحسن ابن علی الزعفرانی ﴿قال حدثنا﴾ ابواسحق ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال حدثنا﴾ المسعودی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن کثیر عن یحی بن حماد القطان ﴿قال حدثنا﴾ ابومحمد الحضرمی عن ابی علی الهمدانی ان عبد الرحمٰن بن ابی لیلی قام الی امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب فقال یاامیر المؤمنین انی سائلك لآخذ عنك وقد انتظرنا ان تقول من امرك شیئا فلم تقله الا تحدثنا عن امرك هذا کان بعهد رسول الله (ص) او شیئ رأیته فانا قد أکثرنا فیك الاقاویل واوثقه عندنا ما قبلناه عنك وسمعناه من فیك انا کنا نقول لو رجعت الیکم بعد رسول الله (ص) لم ینازعکم فیها احد والله ما ادری اذا سئلت ما اقول ازعم ان القوم کانوا اولی بما کانوا فیه منك فان

https://downloadshiabooks.com/

قلت فعلی م نصبك رسول اللّٰہ (ص) بعد حجة الوداع فقال ایها الناس من کنت مولاہ فعلی مولاہ وان تلك اولی منهم بما کانوا فیه فعلی م تتولاهم فقال امیرالمؤمنین (ع) یا عبدالرحمٰن ان اللّٰہ تعالٰی قبض نبیه وانا یوم قبضه اولی بالناس منی بقمیصی هذا وقد کان من نبی اللّٰہ الی عهد لوخزمتمونی بانفی لا قررت سمعا وطاعة وان اول ما انتقصناہ بعدہ ابطال حقنا فی الخمس فلما رق امرنا طعمت رعیان الیهم من قریش فینا وقد کان لی علی الناس لو ردوہ الی عفوا قبلته وقمت به وکان الی اجل معلوم وکنت کرجل له علی الناس حق علی اجل فان عجلوا له ماله اخذہ وحمدهم علیه وان اخروہ اخذہ غیر محمودین وکنت کرجل یاخذ السهولة هو عند الناس مخزون وانما یعرف الهدی بقلة من یاخذہ من الناس فاذا سکت فاعفونی فانه لوجاء امر تحتاجون فیه الی الجواب اجبتکم فکفوا عنی ما کففت عنکم فقال عبدالرحمٰن یا امیرالمؤمنین فانت لعمرك کما قال الاوّل۔

**حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)**

جناب ابو علی ہمدانی رحمتہ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلی امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے امیرالمومنینؑ! میں آپ سے سوال کرنا چاہتا ہوں تاکہ میں اس کا جواب جان سکوں کیونکہ ہم آپؑ کے امرِ حکومت کا انتظار کر رہے ہیں۔ پس ہم وہی کچھ بیان کرتے ہیں جو آپؑ ہم سے بیان کرتے ہیں کیونکہ آپؑ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد میں ہیں اور یا وہ چیز جو آپؑ نے دیکھی ہے اس کو بیان کرتے ہیں جو آپ ہم سے بیان کرتے ہیں کیونکہ آپ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد میں ہیں اور یا وہ چیز جو آپؑ نے دیکھی ہے اس کو بیان کرتے ہیں کیونکہ ہم میں بہت زیادہ قیل وقال ہوتا ہے لیکن ہمارے نزدیک زیادہ قابلِ وثوق اور

https://downloadshiabooks.com/

اعتماد وہی ہے جو آپؑ سے سنا جائے' کیونکہ ہم لوگوں سے کہتے ہیں کہ اگر رسولؐ خدا کے بعد کسی بھی تنازعہ میں آپؑ کی طرف رجوع کرلیا جاتا تو تم میں سے کوئی بھی اُس میں اختلاف و تنازع نہ کرتا۔ خدا کی قسم! میں نہیں جانتا اگر مجھ سے سوال کیا جائے تو میں کیا کہوں گا؟ اور میں گمان کرتا ہوں کہ وہ قوم جن میں آپ ہیں وہ زیادہ اولویت رکھتی ہے۔ اگر آپؑ کہتے: اے علیؑ! حجۃ الوداع کے بعد رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیوں نصب فرمایا تھا اور فرمایا تھا: مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ ''اے لوگو! جس جس کا میں مولا ہوں اُس اُس کا علیؑ مولا ہے''۔ اور اگر آپؑ ان میں سے اولیٰ ہیں اس چیز میں علیؑ آپؑ ان سے محبت کیوں کرتے ہیں؟

پس امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! اللہ تعالیٰ نے جب اپنے نبی کو اس دنیا سے اُٹھا لیا اور نبی کی وفات کے دن اس امر کے لیے میں سب سے زیادہ اولویت رکھتا تھا اور یہ امر (خلافت) میری اس قمیص کی مانند میرے لیے تھا اور یہ نبیؐ خدا کی طرف سے میرے لیے عہد تھا۔ اگر تم لوگ مجھے عاجز نہ کرتے تو میں سکون و قرار حاصل کرتا اور میری بات سننے اور اطاعت کرنے میں تو میں زیادہ حق دار تھا' لیکن رسولؐ خدا کے بعد سب سے پہلا ہمارا نقصان یہ کیا گیا کہ ہمارے حقِ خمس کو باطل قرار دیا گیا اور پھر جب ہمارا معاملہ اور نرم ہوا تو بڑے بڑے لوگ قریش میں سے اس معاملہ میں ہمارے ساتھ اُلجھ گئے' جب کہ میرا ان لوگوں پر حق تھا۔ اگر وہ اس حق کو عافیت کے ساتھ میری طرف پلٹا دیتے اور میں اس کو قبول کرتا اور اس پر قائم ہو جاتا اور یہ ایک وقت مقررہ تک تھا۔ اور میں اس مرد کی مانند ہوں کہ جس کا لوگوں پر حق ہے' ایک خاص وقت تک' پس اگر وہ لوگ اس کے حق کو اس وقت تک ادا کرتے ہیں وہ ان کی تعریف بھی کرتا ہے اور اپنا حق بھی حاصل کرتا ہے اور اگر وہ حق ادا کرنے میں تاخیر کرتے ہیں تو وہ لوگ اُس کے نزدیک قابلِ تعریف نہیں رہتے۔ اور میں اس مرد کی مانند ہوں جو سہولت کو حاصل کرتا ہے' جب کہ وہ لوگوں کے

https://downloadshiabooks.com/

نزدیک محزون ومغموم ہے۔ (یعنی اُن کی طرف سے غم وحزن اٹھاتا ہے)۔ ہدایت حاصل کرنے والے ہمیشہ لوگوں میں سے کم ہوتے ہیں۔ پس اگر خاموش رہوں تو مجھے عافیت میں قرار دیتے ہیں۔ تحقیق اگر کوئی امر آجائے جس میں یہ جواب کے محتاج ہوں تو میں تم کو جواب دوں گا۔ جس چیز کو میں تم سے روک کر رکھتا ہوں اُس کو تم بھی مجھ سے روک کر رکھو۔ عبدالرحمٰن نے کہا: اے امیرالمومنینؑ! آپؑ ہمیشہ صحیح وسالم رہیں جیسا کہ پہلے اُس نے کہا تھا۔

## لوگ منافقت کرتے ہیں

﴿قال حدثنا﴾ ابو الطيب الحسين بن محمد النحوى ﴿قال حدثنا﴾ محمد ابن الحسين ﴿قال حدثنا﴾ ابوحاتم عن ابى عبيدة قال كان نابغة الجعدى ممن يتأله فى الجاهلية وانكر الخمر والسكرا وهجر الاوثان والأزلام وقال فى الجاهلية كلمته التى قال فيها-

الحمد لله لا شريك له　　　من لم يقلها لنفسه ظلما

وكان يذكر دين ابراهيم والحنيفة ويصوم ويستغفر ويتوقى اشياء لغواً فيها ووفد على رسول الله (ص) فقال

اتيت رسول الله اذجاء بالهدى　　　ويتلوا كتابا كالمجرة نشرا

وجاهدت حتى ما احسن ومن معى　　　سهيلا اذا مالاح ثم تعورا

وصرت الى التقوى ولم اخش كافراً　　　وكنت من النار المخوفة زجرا

وقال وكان النابغة علوى رأى وخرج بعد رسول الله (ص) مع امير المؤمنين على بن ابى طالب عليه السلام الى صفين فنزل ليلة ضاق به وهو يقول:

https://downloadshiabooks.com/

لقد علم المصران والعراق ان علیا فحلها العتاق
ابیض حجاج له رواق وامه غالا بها الصداق
اکرم من شد به نطاق ان الاولی جاروك لا افاقوا
لكم سباق ولهم سباق قد علمت ذلكم الرفاق
سقتم الی نہج الهدی وساقوا الی التی لیس لها عراق
فی ملة عادتها النفاق

حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)

ابو حاتم نے ابوعبیدہ سے بیان کیا کہ نابغہ جعدی اُن افراد میں سے تھا جو زمانہ جاہلیت میں اولویت کا قائل تھا۔ وہ شراب اور نشہ آور چیزوں سے پرہیز کرتا تھا اور بت پرستی اور قمار بازی سے اجتناب کرتا تھا اور وہ زمانہ جاہلیت میں بھی یہ کلمات ادا کیا کرتا تھا۔

الحمد لله لا شریك له
من لم یقلها لنفسه ظلما

''تمام حمد ہے اللہ کے لیے ہے جس کا کوئی شریک نہیں ہے اور جو
اس کلمہ کا اقرار نہیں کرتا اُس نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے''۔

وہ دین ابراہیمؑ اور دین حنفیہ کو یاد کیا کرتا تھا' روزہ رکھتا تھا' استغفار کرتا اور لغو و بے ہودہ چیزوں سے اجتناب کرتا تھا اور وہ رسولِ خدا کی خدمت میں قاصد بن کر آیا اور اُس نے عرض کیا:

اتیت رسول الله اذجاء بالهدی
ویتلوا کتابا کالمجرة نشرا

''میں رسولِ خدا کے پاس آیا ہوں کیونکہ وہ ہدایت لائے ہیں اور
اس کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور اس کو بیان کرتے ہیں''۔

https://downloadshiabooks.com/

وجاهدت حتیٰ ما احسن ومن معی

سہیلا اذا مالاح ثم تعورا

''اور میں جہاد کرتا ہوں یہاں تک کہ میں اور جو میرے ساتھ ہے وہ اس کو آسان نہیں جانتا جب وہ ظاہر ہوتی ہے پھر سخت ہوتی ہے''۔

وصرت الی التقوی ولم اخش کافراً

وکنت من النار المخوفة زجرا

''میں تقویٰ کی طرف منتقل ہوتا اور میں کسی کافر سے نہیں ڈرتا اور میں جہنم سے بہت ڈرتا ہوں''۔

راوی بیان کرتا ہے کہ نابغہ جعدی علوی عقیدہ رکھتا تھا (یعنی شیعۂ علیؑ تھا) اور رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد امیرالمومنین علی علیہ السلام کے ساتھ تھا۔ وہ جنگِ صفین میں آپؑ کے ساتھ تھا۔ رات کو آپؑ کے پاس آیا تھا اور اُس نے دل تنگ ہو کر یوں کہا:

لقد علم المصران والعراق

ان علیا فحلہا العتاق

''تحقیق یہ دونوں شہر اور سارا عراق جانتا ہے کہ علیؑ ایک کریم بہادر مرد ہے''۔

ابیض حجاج لہ رواق

وامہ غالا بہا الصداق

وہ چمکتے ہوئے چہرے والا ہے اور آپؑ کی مادر اُس کا مرتبہ بھی بلند ہے''۔

اکرم من شد بہ نطاق

ان الاولی جاروك لا افاقوا

https://downloadshiabooks.com/

اور ہر بولنے والے سے زیادہ وہ کریم ہے تیرے لیے اس کا قرب
سزاوار ہے تا کہ تم کا اس سے جدا ہونا"۔

لکم سباق ولھم سباق
قد علمت ذلکم الرفاق

"تمہارے لیے سبقت ہے اور اُن کے لیے سبقت اور میں جان چکا
ہوں اس میں تمہارے لیے نرمی ہے"۔

سقتم الی نہج الھدی وساقوا
الی التی لیس لھا عراق

"تم ہدایت کے راستہ پر چل رہے ہو اور تم چلو اُس کی طرف کہ جس
کا کوئی کنارہ نہیں ہے"۔

فی ملة عادتہا النفاق

"لوگوں کی عادت ہے کہ وہ منافقت کرتے ہیں"۔

## مکارمِ اخلاق دس ہیں

﴿قال أخبرنی﴾ ابو القاسم جعفر بن محمد بن قولویه رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ علی بن الحسین بن موسی بن بابویه ﴿قال حدثنا﴾ علی بن ابراهیم بن هاشم عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن الهیثم بن ابی مسروق النهدی عن یزید بن اسحق عن الحسن بن عطیة عن ابی عبدالله جعفر ابن محمد (ع) قال المکارم عشر فان استطعت ان تکون فیك فلتکن فانها تکون فی الرجل ولا تکون فی ولده وتکون فی ابنه ولا تکون فی ابیه فی العبد ولا تکون فی الحرقیل وما هن یارسول الله قال صدق اللسان وصدق الباس واداء الامانة وصلة الرحم واقراء الضیف واطعام السائل والمکافاة

https://downloadshiabooks.com/

على الصنايع والتذمم للجار والتذمم للصاحب ورأسهن الحياء۔

**حدیث نمبر 4: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوعبداللہ جعفر ابن محمد الصادق علیہ السلام نے فرمایا: مکارمِ اخلاق دس چیزیں ہیں: اگر تو استطاعت اور قدرت رکھتا ہے تو ان کو اپنے اندر پیدا کرو کیونکہ یہ وہ اخلاق ہیں جو اگر ایک مرد میں پائے جاتے ہیں تو اُس کے بیٹے میں نہیں ہوتے اور اگر یہ بیٹے میں پائے جاتے ہیں تو ضروری نہیں کہ باپ میں بھی موجود ہوں اور اگر غلام میں پائے جاتے ہیں تو ضروری نہیں ہیں کہ آزاد میں بھی پائے جاتے ہوں (یعنی یہ موروثی نہیں ہیں بلکہ ان کو حاصل کرنا پڑتا ہے) عرض کیا گیا: یارسولؐ اللہ! وہ کیا ہیں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: وہ یہ ہیں:

① زبان کا سچا ہونا ② لباس کا صاف ہونا ③ امانت ادا کرنا ④ صلہ رحمی کرنا ⑤ مہمان کی عزت واحترام کرنا ⑥ سائل کو کھانا کھلانا ⑦ اپنے ماتحت لوگوں کو پورا پورا بدلہ دینا (یعنی جن سے کام کروایا جائے) ⑧ ہمسائے کی حفاظت کرنا ⑨ اپنے ساتھی کی حفاظت کرنا ⑩ اوران سب کا رئیس حیا ہے۔

## چھ میں سے کوئی ایک بھی انسان میں ہو وہ اس کا دفاع کرے گی

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن خالدالمراغي ﴿قال حدثنا﴾ القاسم ابن محمد بن حماد ﴿قال حدثني﴾ عبيد بن يعيش ﴿قال حدثنا﴾ يونس ابن بكير قال أخبرنا يحيى بن ابی حبه ابو الحبات الكلبي عن ابی العالية قال سمعت ابا امامة يقول قال رسول الله (ص) من عمل بواحدة منهن جادلت عنه يوم القيمة حتى تدخله الجنة تقول أي رب قد كان يعمل بي في الدنيا الصلوٰة والزكوٰة والحج والصيام واداء الامانة وصلة الرحم۔

https://downloadshiabooks.com/

حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)

جناب ابو عالیہ نے بیان کیا کہ میں نے ابوامامہ سے سنا ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

جو شخص چھ چیزوں میں سے کسی ایک کو بھی انجام دے گا قیامت کے دن وہ اس شخص کا دفاع کرے گیں یہاں تک کہ اُس کو جنت میں داخل کرائیں گیں اور بارگاہِ خدا میں عرض کریں گیں: اے میرے خدایا! اس نے دنیا میں میرے پر عمل کیا ہے اور وہ یہ ہیں:

① نماز پڑھنا ② زکوۃ ادا کرنا ③ حج بجالانا ④ روزہ رکھنا ⑤ امانت کا ادا کرنا ⑥ صلۂ رحمی کرنا۔

## حجۃ البالغۃ کیا ہے؟

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن عبداللّٰه بن جعفر الحمیری عن أبیه هرون بن مسلم عن مسعدة بن زیاد قال سمعت جعفر بن محمد (ع) وقد سئل عن قوله تعالی فلله الحجة البالغة فقال ان اللّٰه تعالٰی یقول للعبد یوم القیمة عبدی أكنت عالما فان قال نعم قال افلا عملت بما علمت وان قال كنت جاهلا قال له افلا تعلمت حتٰی تعمل فیخصمه وذلك الحجة البالغة وصلی اللّٰه علی سیدنا ونبینا محمد النبی وعترته وسلم تسلیماً۔

حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)

حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے اللہ تعالٰی کے اس قول فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةَ کی تفسیر پوچھی گئی کہ اس سے مراد کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالٰی انسان سے پوچھے گا: اے میرے بندے! کیا تو عالم تھا؟ اگر اس نے عرض

https://downloadshiabooks.com/

کیا: ہاں۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: پھر تو نے اپنے علم کے مطابق عمل کیوں نہیں کیا؟ اور اگر وہ عرض کرے گا: خدایا! میں جاہل تھا تو آوازِ قدرت آئے گی پھر تو نے علم حاصل کیوں نہیں کیا' تا کہ عمل کرتا۔ پس وہ اس کے ساتھ مخاصمہ کرے گا اور یہ مراد ہے اللہ کے لیے حجۃ بالغۃ ہے۔

٭٭٭

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 27

[بروز ہفتہ ۷ رمضان المبارک سال ۴۰۹ ہجری قمری]

## حضرت سلمان فارسیؓ کی صبح وشام کی دعا

ابو الفوارس وحدہ ﴿حدثنا﴾ الشیخ الجلیل المفید ابوعبداللّٰہ محمد ابن محمد بن النعمان ادام اللّٰہ حراستہ ﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن مدرك بن تمام الشیبانی ﴿قال حدثنا﴾ زکریا بن الحکم الراسبی ﴿قال حدثنا﴾ خلف بن تمیم ﴿قال حدثنا﴾ بکر بن حبیش عن ابی شیبة عن عبد الملك بن عمر عن ابی قرة عن سلمان الفارسی رضی اللّٰہ عنہ قال قال النبی (ص) یاسلمان اذا اصبحت فقل اللھم انت ربی لا شریك لك اصبحنا واصبح الملك للّٰہ لا شریك له تقولها ثلاثا واذا امسیت فقل مثل ذلك فانھن یکفرن ما بینھن من خطیئة ۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اے سلمانؓ! جب تو صبح کرے تو یوں دعا کیا کرو: اللھم انت ربی لا شریك لك اصبحنا واصبح الملك للّٰہ لا شریك له۔ اس دعا کو تین مرتبہ پڑھا کرو اور جب شام ہو تو بھی اس طرح کے کلمات ادا کرو۔ اللھم انت ربی لا شریك لك

https://downloadshiabooks.com/

اصبحنا واصبح الملك للّٰہ لا شریک لہ ۔پس یہ کلمات پورے دن کے تمام گناہوں کا کفارہ بن جاتے ہیں۔

## بیماری اور فقر سے نجات حاصل کرنے کے لیے دعا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن الحسن المراغی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالقاسم الحسن بن علی بن الحسن البرقی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن مروان قال حدثنا ابی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن عیسیٰ ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد بن علی عن أبیه (ع) قال فقد رسول اللّٰہ (ص) رجلا من اصحابه ثم رآہ بعد ذلک فقال ما ابطاء بک عنا فقال السقم والفقر یارسول اللّٰہ فقال النبی (ص) الا اعلمک دعوات تدعوا بهن فیذهب اللّٰہ عنک السقم وینفی عنک الفقر قال له بلی بابی انت وامی یارسول اللّٰہ (ص) قال قل لا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ توکلت علی الحی الذی لا یموت الحمدللّٰہ الذی لم یتخذ صاحبة ولا ولدا ولم یکن له شریک فی الملک ولم یکن له ولی من الذل وکبرہ تکبیرا۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت جعفر بن محمد علیہ السلام نے اپنے والد مکرم علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک صحابی تھا جو ایک عرصہ تک غائب رہا۔ جب رسولؐ خدا نے اس کو دوبارہ دیکھا تو فرمایا: کیا وجہ ہے کہ تو اتنے دن غائب رہا ہے؟ اُس نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! بیماری اور فقر کی وجہ سے میں غیر حاضر رہا ہوں۔ نبی اکرمؐ نے فرمایا: کیا میں تجھے ایک ایسی دعا کی تعلیم نہ دوں کہ جس کے پڑھنے سے بیماری اور فقر دُور ہو جائے۔ اس نے عرض کیا: کیوں نہیں یارسولؐ اللہ! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہو جائیں آپؐ ضرور تعلیم فرمائیں۔

https://downloadshiabooks.com/

آپؐ نے فرمایا: یوں دعا کیا کرو:

لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلتُ عَلَى الحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ اَلحَمدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَم يَتَّخِذ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا وَلَم يَكُن لَهُ شَرِيكٌ فِي المُلكِ وَلَم يَكُن لَهُ وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ وَكَبِّرهُ تَكبِيرًا ۔

## ماہِ رمضان کی فضیلت

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالطیب الحسین بن محمد التمار ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن احمد الساهد ﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسین احمد بن محمد بن ابی مسلم ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن جلیس الرازی ﴿قال حدثنا﴾ القاسم بن الحکم العرنی ﴿قال حدثنا﴾ هشام بن الولید عن حماد بن سلیمان السدوسی ﴿قال أخبرنا﴾ ابوالحسن علی بن محمد السیرا فی ﴿قال حدثنا﴾ الضحاك بن مزاحم عن عبدالله بن عباس بن عبدالمطلب انه سمع النبی (ص) یقول ان الجنة لتنجد[1] وتزین من الحول الی الحول لدخول شهر رمضان فاذا کان اوّل لیلة منه هبت ریح من تحت العرش یقال لها المثیرة تصفق ورق اشجار الجنان وحاق المصاریع فیسمع لذلك طنین لم یسمع السامعون احسن منه ویبرزن الحور العین حتّٰی یقفن بین شرف الجنة فینادین هل من خاطب الی الله فیزوجه ثم یقلن یارضوان ما هذه اللیلة فیجیبهن بالتلبیة ثم یقول یاخیرات حسان هذه اوّل لیلة من شهر رمضان قد فتحت ابواب الجنان للصائمین من امة محمد (ص) ویقول له عزوجل یارضوان افتح ابواب الجنان یامالك اغلق ابواب جهنم عن الصائمین من

---

۱- تنجد الشیئ أرتفع والبیت زینة ۔

https://downloadshiabooks.com/

امة محمد (ص) یاجبرئیل اهبط الارض فصفد مردة الشیاطین وغلهم بالأغلال ثم اقذف بہم فی لجج البحار حتٰی لا یفسدوا علی امة حبیبی صیامہم قال ویقول اللّٰہ تبارك وتعالٰی فی کل لیلة من شہر رمضان ثلاث مرات هل من سائل فاعطیه سؤله هل من تائب فاتوب الیه هل من مستغفر فاغفرله من یقرض الملئی غیر المعدم الوفی غیر الظالم قال وان اللّٰہ تعالٰی فی آخر کل یوم من شہر رمضان عندالافطار الف الف عتیق من النار فاذا کان لیلة الجمعة ویوم الجمعة اعتق فی کل ساعة منہا الف الف عتیق من النار وکلہم قد استوجب العذاب فاذا کان فی آخر شہر رمضان اعتق اللّٰہ فی ذلك الیوم بعد دما اعتق من اوّل الشہر الی آخرہ فاذا کانت لیلة القدر امر اللّٰہ تعالٰی جبرئیل یہبط فی کتیبة من الملائکة الی الأرض ومعه لوآء اخضر فیرکز اللوآء علی ظہر الکعبة وله ستمائة جناح منہا جناحان لا ینشرهما الا فی لیلة القدر فینشرهما تلك اللیلة فیجاوزان المشرق والمغرب وبعث جبرئیل والملائکة فی هذہ اللیلة فیسلمون علی کل قائم وقاعد مصل وذاکر ویصافحونہم ویؤمنون علی دعائہم حتٰی یصلح الفجر فاذا طلع الفجر نادی جبرئیل (ع) یامعشر الملائکة الرحیل الرحیل فیقولون یاجبرئیل فما صنع اللّٰہ فی حوائج المؤمنین من امة محمد (ص) فیقول ان اللّٰہ نظر الیہم فی هذہ اللیلة فعفر عنہم وغفرلہم الا اربعة فقال رسول اللّٰہ (ص) وهؤلاء الأربعة مدمن الخمر والعاق لوالدیه والقاطع للرحم والمشاحن فاذا کانت لیلة الفطر وهی تسمی لیلة الجوائز اعطی اللّٰہ العاملین اجرهم بغیر حساب فاذا کانت غداة یوم الفطر بعث اللّٰہ الملائکة فی کل البلاد فیہبطون الی الأرض ویقفون علی افواہ السکك فیقولون یا امة محمد

https://downloadshiabooks.com/

اخرجوا الی رب کریم یعطی الجزیل ویغفر العظیم فاذا برزوا الی مصلاهم قال اللّٰہ عزوجل الملائکة ملائکتی ما جزآء الأجیر اذا عمل عمله قال فتقول الملائکة الهنا وسیدنا جزاؤه ان توفی اجره قال فیقول اللّٰہ عزوجل فانی اشهدکم ملائکتی انی قد جعلت ثوابهم من صیامهم شهر رمضان وقیامهم فیه رضائی ومغفرتی یاعبادی سلونی فوعزتی وجلالی لا تسألونی الیوم فی جمعکم لآخرتکم ودنیاکم الا اعطیتکم وعزتی لاسترن علیکم عوراتکم ما راقبتمونی وعزتی لاجزنکم ولا افضحکم بین یدی اصحاب الحدود انصرفوا مغفور لکم قد ارضیتمونی ورضیت عنکم قال فتفرح الملائکة وتستبشر ویهنئ بعضها بعضا بما یعطی هذه الامة اذا افطروا ۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

ماہِ رمضان کے شروع ہوتے ہی جنت کو بلند کیا جاتا ہے اور اس کے گھروں کو مزین کیا جاتا ہے اور مختلف طریقوں سے جنت کو آراستہ اور مزین کیا جاتا ہے۔ پس جب پہلی رمضان کی رات ہوتی ہے تو عرش کے نیچے ایک ہوا چلتی ہے اس کا نام مثیرہ ہے۔ وہ جنت کے درختوں کے پتوں کو اس طرح ہلائے گی کہ وہ آپس میں ٹکرائیں گے اور اُن سے ایک ساز پیدا ہوگا کہ کسی سننے والے نے اُس سے بہتر کوئی ساز نہیں سنا ہوگا اور حورالعین سامنے آئیں گی یہاں تک کہ وہ جنت کے فرنٹ پر کھڑی ہوں گیں اور آواز دیں گیں: کیا کوئی ہے جو خدا کی خوشنودی کی خاطر ہم سے شادی کا مطالبہ کرے تاکہ اس سے شادی کی جائے۔ اس کے بعد وہ رضوانِ جنت سے کہیں گیں کہ آج کون سی رات ہے؟ پس ان کو پکار کر جواب دیں گے: اے بہت زیادہ احسان کرنے والوں کی خیرات! آج رمضان کی

https://downloadshiabooks.com/

پہلی رات ہے۔ پس حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت میں سے روزہ داروں کے لیے جنت کے سارے دروازے کھول دیے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ جنت کے رضوان کو حکم دے گا کہ جنت کے تمام دروازے کھول دے اور جہنم کے مالک (داروغہ) کو حکم دیا جائے گا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اُمت کے روزہ داروں کے لیے جہنم کے تمام دروازے بند کر دے۔ اے جبرائیلؑ! زمین پر اُتر جاؤ اور تمام مردود شیاطین کو جمع کرو اور ان کو سخت انداز میں طوق اور زنجیر سے جکڑ دو۔ پھر ان کو سمندر کی گہرائی میں پھینک دو تا کہ وہ میرے حبیب کی اُمت کے روزہ داروں کا روزہ خراب نہ کر سکیں۔

آپؐ نے فرمایا: ہر رات اللہ تعالیٰ تین دفعہ اعلان کرتا ہے کوئی سوال کرنے والا کہ وہ سوال کرے اور میں اُس کے سوال کو عطا کروں؟ کیا کوئی توبہ کرنے والا ہے تا کہ وہ توبہ کرے اور میں اس کی توبہ کو قبول کروں۔ کیا کوئی مجھ سے مغفرت طلب کرنے والا ہے کہ وہ مجھ سے مغفرت طلب کرے اور میں اُس کو بخش دوں؟ اور جو قرض دے کسی ایسے شخص کو جو مصیبت زدہ ہے اور وہ ادا نہ کر سکتا ہو اور وہ ظالم بھی نہ ہو۔ آپؐ نے فرمایا: ہر روز ماہِ رمضان میں روزے کے آخر میں افطار کے وقت اللہ تعالیٰ دس لاکھ افراد روزہ دار کو جہنم کی آگ سے نجات عطا فرماتا ہے اور جب رمضان میں جمعہ کی رات اور جمعہ کا دن ہوتا ہے تو ہر گھنٹے میں دس لاکھ افراد کو نارِ جہنم سے نجات عطا فرماتا ہے اور یہ لوگ جہنم کی آگ کے مستحق ہوتے ہیں اور جب آخری دن آتا ہے تو اوّل ماہ سے لے کر آخرت تک جتنے لوگوں کو نجات دی جا چکی ہوتی ہے ان کی تعداد کے برابر آخری دن میں اور لوگوں کو اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ سے نجات عطا فرماتا ہے اور جب شبِ قدر آتی ہے تو اللہ تعالیٰ جبرائیلؑ کو حکم دیتا ہے اور جبرائیل علیہ السلام فرشتوں کو ایک پورے لشکر کے ساتھ زمین پر نازل ہوتا ہے اور اُن کے ہاتھ میں سبز رنگ کا پرچم ہوتا ہے اور وہ اس پرچم کو کعبہ کی چھت پر لہراتا ہے اور اس کے چھ سو (۶۰۰) پھریرے ہوتے ہیں اور اُن میں سے دو پھریرے

https://downloadshiabooks.com/

ایسے ہوتے ہیں جو سوائے شب قدر کے باقی راتوں میں ان کو نہیں لہرایا جاتا۔ ان دونوں کو شب قدر میں لہرایا جاتا ہے' یہاں تک کہ وہ مشرق و مغرب سے تجاوز کر جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جبرائیلؑ اور دوسرے فرشتوں کو اس رات مبعوث کرتا ہے تاکہ اس رات میں جو بھی مصلیٰ عبادت پر کھڑا ہو یا بیٹھا ہے یا ذکرِ خدا کر رہا ہے' اُس کو سلام کریں اور ان سے مصافحہ کریں اور ان کی دعاؤں پر آمین کہیں' یہاں تک کہ طلوع فجر ہو جائے اور جب طلوع فجر ہو جاتی ہے تو جبرائیلؑ فرشتوں کو آواز دیتا ہے' کوچ کرو' کوچ کرو۔ وہ فرشتے جبرائیلؑ سے پوچھتے ہیں کہ اے جبرائیلؑ! محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اُمت میں سے مومنین کی حاجات کے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ وہ جواب دے گا کہ اللہ تعالیٰ اُن پر اپنی نظرِ رحمت فرمائے گا اور پھر اُن کو بخش دے گا اور ان کے ہر گناہ کو بخش دے گا' سوائے چار قسم کے لوگوں کے۔ عرض کیا گیا: یارسولؐ اللہ! وہ چار لوگ کون ہیں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا:

① ہمیشہ شراب نوشی کرنے والا

② والدین کا عاق شدہ

③ قطع رحمی کرنے والا

④ لوگوں کو دشمن رکھنے والا۔

جب عیدالفطر کی رات آتی ہے تو اس رات کو انعام والی رات کا نام دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس رات میں عمل کرنے والوں کو اُن کے اعمال کا بغیر حساب اجر و ثواب عطا فرماتا ہے۔ جب عیدالفطر کا دن ہوتا ہے اللہ تعالیٰ ہر شہر میں فرشتوں کو مبعوث فرماتا ہے اور وہ زمین پر نازل ہوتے ہیں اور وہ ہر راستہ کے شروع میں کھڑے ہو جاتے ہیں اور آواز دیتے ہیں:

اے محمدؐ کی اُمت والو! اپنے رب کریم کی طرف نکلو وہ تمہیں انعام دے اور عظیم بخشش عطا کرے۔ جب لوگ اپنے اپنے نمازگاہوں میں چلے جاتے ہیں اور نمازِ عیدالفطر

https://downloadshiabooks.com/

ادا کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں کو فرماتا ہے: اے میرے فرشتو! جب عمل کرنے والا عمل کرے تو اس کی اُجرت کیا ہوگی؟ فرشتے آواز دیں گے: اے ہمارے رب و سردار! جب عمل کرنے والا عمل کرے تو اس کی اُجرت پوری ادا کرنی چاہیے۔ پس آوازِ قدرت آئے گی: اے میرے فرشتو! میں تم کو گواہ قرار دیتا ہوں کہ میں اُن لوگوں کے رمضان کے روزوں اور رمضان میں عبادت کرنے کا اجر وثواب میں نے اپنی رضایت اور مغفرت کو قرار دیا۔ اے میرے بندو! آج مجھ سے سوال کرو۔ پس مجھے اپنی عزت و بزرگی کی قسم! آج تم سب اگر اپنی دنیا اور آخرت کے بارے میں سوال کرو گے تو میں ضرور تم کو عطا کروں گا اور مجھے اپنی عزت کی قسم! میں تمہارے عیوب کو تمہارے لیے پوشیدہ رکھوں گا اور تمہاری شرمگاہوں کی حفاظت کروں گا اور مجھے اپنی عزت کی قسم! آج میں تمہیں ضرور اجر دوں گا اور جہنم کے اصحاب کے سامنے تمہیں ہرگز رسوا نہیں کروں گا۔ اب تم اپنے گھروں کو چلے جاؤ اِس حالت میں کہ تم کو بخش دیا گیا ہے اور تم مجھ سے راضی ہو جاؤ جبکہ میں تم سے راضی ہو چکا ہوں۔

آپؑ نے فرمایا: ملائکہ خوش ہو جائیں گے اور ایک دوسرے کو بشارت دیں گے اور ایک دوسرے کو مبارک باد دیں گے اور یہ سب کچھ ان کو عیدالفطر کے دن افطار کے وقت ملے گا۔

## امیرالمومنین علیہ السلام اپنے محبّت کرنے والوں سے محبّت کرتے ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولويه القمي رحمه الله ﴿قال حدثني﴾ ابي ﴿قال حدثنا﴾ سعد بن عبدالله ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن محمد بن عيسىٰ عن الحسن بن علي بن فضال عن عاصم بن حميد الحناط عن ابي حمزة الثمالي عن حبيش بن المعتمر قال دخلت على امير المؤمنين علي بن ابي طالب عليه السلام وهو في الرحبة متكئا فقلت

https://downloadshiabooks.com/

السلام عليك يا امير المؤمنين ورحمة الله وبركاته كيف اصبحت قال فرفع رأسه ورد علي فقال اصبحت محبا لمحبنا ومبغضا لمن يبغضنا ان محبنا ينتظر الروح والفرج في كل يوم وليلة وان مبغضا بنى بناه فاس بنيانه على شفا جرف هار فكان بنيانه هار فانهار به في نار جهنم يا ابا المعتمر ان محبنا لا يستطيع ان يبغضنا وان مبغضنا لا يستطيع ان يحبنا ان الله تبارك وتعالى جبل قلوب العباد على حبنا وخذل من يبغضنا فلن يستطيع محبنا بغضنا ولن يستطيع مبغضنا حبنا ولمن يجتمع حبنا وحب عدونا في قلب احد ما جعل الله لرجل من قلبين في جوفه يحب بهذا قوما ويحب بالآخر اعدائهم۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

جناب حبیش بن معتمر رحمتہ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا کہ آپؑ اپنے گھر کے صحن میں تکیہ لگا کر تشریف فرما تھے۔ پس میں نے عرض کیا: یا امیر المومنینؑ! اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ۔ آپؑ نے آج صبح کیسے کی؟ آپؑ نے سر اقدس اٹھایا اور مجھے میرے سلام کا جواب دیا اور فرمایا: آج میں نے صبح اس حالت میں کی ہے کہ میں اپنے ساتھ محبت رکھنے والوں سے محبت کروں اور جو مجھ سے بُغض و عداوت رکھتے ہیں پس میں بھی اُن سے بُغض و عداوت رکھتا ہوں اور میں شب و روز اُن کے لیے وسعت اور راحت کی خواہش کرتا ہوں اور اُن کا منتظر رہتا ہوں۔ تحقیق ہمارے ساتھ بُغض رکھنے والا جو گھر یا مکان بناتا ہے تو اُس کی بنیاد جہنم کے کنارے پر ہے اور اُن کی بنیاد بھی گرم ہے اور ان کے گھروں میں جو نہریں ہیں وہ بھی جہنم کی آگ کی ہوں گی۔ اے ابو معتمر! ہمارا محب ہمارے ساتھ بُغض و عداوت نہیں کر سکتا اور ہمارا دشمن ہمارے ساتھ محبت نہیں کر سکتا، اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے

https://downloadshiabooks.com/

ہمارے پاس ہے۔ کتاب خدا کے امین ہم ہیں۔ ہم لوگوں کو خدا اور اُس کے رسولؐ کی طرف دعوت دیتے ہیں اور خدا اور اُس کے رسولؐ کے دشمن کے مقابلے میں جہاد کی طرف بلانے والے ہیں۔ اور خدا کے امر اور حکم پر شدت کے ساتھ کاربند رہنے کی طرف اور اس کی رضایت وخوشی کو حاصل کرنے کی طرف دعوت دیتے ہیں۔ نماز کو قائم کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کی اور حج بیت اللہ کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ ماہِ رمضان کے روزے رکھنے کی دعوت دیتے ہیں اور اپنے خاندان کے ساتھ پورا پورا انصاف کرنے کی دعوت دیتے ہیں، لیکن مجھے معاویہ بن ابوسفیان اُموی اور عمرو بن عاص کیسی دونوں پر تعجب ہے کہ وہ اپنے ہی چچا کے بیٹے کے خون کے طالب ہیں۔ خدا کی قسم! میں رسولِ خدا کی کبھی مخالفت نہیں کرسکتا اور میں اُن کے حکم کی نافرمانی نہیں کرسکتا۔ اور میں ہر مقام پر باطل کو روکنے اور حق وفرائض پر عمل درآمد کرانے کی پوری طاقت سے کوشش کروں گا جو طاقت اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا فرمائی ہے اور اس پر میں اس کی حمد کرتا ہوں۔ جب رسولِ خدا کی وفات ہوئی تو آپؐ کا سرِاقدس میری گود میں تھا اور آپؐ کو غسل دینے کی ولایت و ذمہ داری میرے سپرد تھی۔ میں غسل دے رہا تھا اور آپؐ کے جسدِ اطہر کو فرشتے بدلتے تھے۔ خدا کے مقرب فرشتے غسل میں میرے ساتھ تھے۔ خدا کی قسم! اُمتِ محمدؐ نے آپؐ کے جانے کے بعد ہر اختلافی مورد میں باطل کو حق پر فوقیت دی۔ مگر وہ مورد کہ جس میں خدا نے چاہا۔ راوی بیان کرتا ہے کہ عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: امیرالمومنینؑ! آپ کو آگاہ کردیا ہے کہ یہ اُمت اس پر قائم نہیں رہ سکتی۔ پس تمام لوگ متفرق ہوئے اور اُن کی بصیرت ختم ہوچکی تھی۔

## اصحاب اور علی علیہ السلام کے علم کا توازن

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن خالد ﴿قال حدثنا﴾ زید بن

https://downloadshiabooks.com/

الحسین الکوفی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن نجیح ﴿قال حدثنا﴾ جندل ابن والق الثعلبی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن محمد بن عمر الماری عن ابی زید الأنصاری عن سعید بن بشر عن قتادۃ عن سعید المسیب قال سمعت رجلا یسأل ابن عباس عن علی بن ابی طالب علیہ السلام فقال له ابن عباس ان علی بن ابی طالب صلی القبلتین وبایع البیعتین ولم یعبد صنما ولا وثنا ولم یضرب علی رأسه بزلم ولا قدح ولد علی الفطرۃ ولم یشرك باللّٰہ طرفة عین فقال الرجل لم اسألك عن هذا وانما سألتك عن حمله سیفه علی عاتقه یختال به حتیٰ البصرۃ فقتل اربعین الفاثم سار علی الشام فلقی حواجب العرب فضرب بعضهم ببعض حتیٰ قتلهم ثم اتی النهروان وهم مسلمون فقتلهم عن آخرهم فقال له ابن عباس اعلی اعلم عندك ام انا فقال لو کان علی اعلم عندی منك ما سألتك قال فغضب ابن عباس حتیٰ اشتد غضبه ثم قال ثکلتك امك علی علمنی وکان علمه من رسول اللّٰہ (ص) ورسول اللّٰہ علمه اللّٰہ فوق عرشه فعلم النبی من اللّٰہ وعلم علی من النبی (ص) وعلمی من علم علی (ع) وعلم اصحاب محمد (ص) کلهم فی علم علی (ع) کالقطرۃ الواحدۃ من سبعة ابحر۔

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

جناب سعید المسیب رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے ابن عباس سے امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے بارے میں سوال کیا تو ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

تحقیق علی ابن ابی طالب علیہ السلام وہ ہیں جنہوں نے دونوں قبلوں کی طرف منہ کر کے نماز ادا کی ہے۔ دونوں بیعتیں کیں؛ کبھی بت پرستی نہیں کی اور وہ فطرتِ اسلام پر

https://downloadshiabooks.com/

پیدا ہوئے اور اُن میں کسی قسم کا کوئی شک وشبہ نہیں ہے۔ آپؑ نے ایک لحہ کے لیے بھی شرک نہیں کیا' اُس مرد نے کہا: اے ابن عباس! میں نے اُن کے بارے میں آپ سے سوال نہیں کیا' بلکہ میں نے صرف اور صرف یہ سوال کیا ہے کہ علیؑ نے جو بصرہ میں (یعنی جنگِ جمل) تلوار سے حملہ کیا اور وہاں چالیس ہزار آدمیوں کو قتل کیا اور پھر شام کی طرف رخ کیا اور وہاں بھی عرب کے ایک حواجب (سورماؤں) سے ملاقات کی اور اُن کو ایک دوسرے سے مارا اور پھر ان کو بھی قتل کیا' پھر نہروان میں آئے اور وہاں بھی قتل و غارت کی حالانکہ یہ سب مسلمان تھے۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: یہ بتاؤ تمہارے نزدیک علیؑ زیادہ عالم ہیں یا میں؟ اس نے جواب دیا: اگر علیؑ میرے نزدیک اعلم ہوتے تو میں آپ سے سوال کیوں کرتا؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ غضب ناک ہوئے اور اُن کا غصہ بہت زیادہ ہوگیا۔ پھر فرمایا: تیری ماں تیرا ماتم کرے۔ علی علیہ السلام نے مجھے علم عطا فرمایا اور علی علیہ السلام کو رسولِؐ خدا نے علم عطا فرمایا ہے اور رسولِؐ خدا کو اللہ تعالیٰ نے عرش پر علم عطا فرمایا ہے۔ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا علم اللہ تعالیٰ سے ہے اور علیؑ کا علم رسولِؐ خدا کے علم سے ہے' اور میرا علم علیؑ کے علم سے ہے۔ تمام اصحابِ محمدؐ کا علم علی علیہ السلام کے علم کے مقابلے میں ایسے ہے جیسے سات سمندروں کے مقابلے میں ایک قطرہ۔

## اے عیسٰیؑ اپنی آنکھوں کے آنسو مجھے دو

﴿قال أخبرني﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین بن بابویہ رحمہ اللّٰہ ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن بن الولید ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن الصفار ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسین بن ابی الخطاب عن علی بن اسباط عن علی بن ابی حمزة عن ابی بصیر عن ابی عبداللّٰہ جعفر بن محمد (ع) قال اوحی اللّٰہ تعالٰی الی عیسٰی بن مریم (ع) یاعیسٰی ھب لی من عینیك الدموع ومن قلبك الخشوع واکحل عینك بمیل المحزن اذا

https://downloadshiabooks.com/

ضحك البطالون وقم علی قبور الأموات فنادهم بالصوت الرفيع لعلك تأخذ من موعظتك منهم وقل انی لاحق بهم فی اللاحقين وصلی الله علی سيدنا محمد النبی و آله الطاهرين۔

**حدیث نمبر 7:** (بحذف اسناد)

جناب ابوبصیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوعبداللہ امام صادق علیہ السلام سے نقل فرمایا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی:

اے عیسیٰؑ! اپنی آنکھوں کے آنسوؤں اور اپنے دل کا خشوع مجھے ہبہ کرو اور اپنی آنکھوں کا سرمہ میرے حزن کو قرار دو۔ جب باطل پرست ہنس رہے ہوں' اور مُردوں کی قبروں پر جا کر کھڑے ہو جاؤ اور اُن کو بلند آواز کے ساتھ پکارو' شاید وہ ان کے مواعظ سے کچھ حاصل کر سکیں اور اُن کو بتاؤ کہ میں بھی آپ کے پیچھے آنے والوں کے ساتھ آ رہا ہوں۔

⊙⊙⊙

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 28

[بروز پیر ۹ رمضان المبارک سال ۴۰۹ ہجری قمری]

## تین گناہوں کا عذاب جلدی ملتا ہے

ابو الفوارس ﴿حدثنا﴾ الشیخ الجلیل المفید ابوعبداللہ محمد ابن محمد بن النعمان ادام اللہ تأییدہ ﴿قال حدثنی﴾ ابوحفص عمر بن محمد ابن علی الزیات ﴿قال حدثنا﴾ عبیداللہ بن جعفر بن اعین ﴿قال حدثنا﴾ معمر ابن یحییٰ الثدی ﴿قال حدثنا﴾ شریک بن عبداللہ القاضی ﴿قال حدثنا﴾ ابواسحاق الھمدانی عن أبیه عن امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب (ع) قال قال رسول اللہ (ص) ثلاثة من الذنوب تعجل عقوبتھا ولا یوخر الی الآخرة عقوق الوالدین والبغی علی الناس وکفر الاحسان۔

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

تین گناہ ایسے ہیں جن کی عقوبت وعذاب بہت جلدی اس دنیا میں مل جاتا ہے اور اس کو آخرت کے لیے موخر نہیں کیا جاتا اور وہ یہ ہیں: ① والدین کے حقوق (نافرمانی) ② لوگوں پر سرکشی کرنا اور ③ احسان ونعمت کا کفر کرنا

https://downloadshiabooks.com/

## نجاشی بادشاہ کا جناب جعفر رضی اللہ عنہ کو بدر کے بارے میں خبر دینا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسین احمد بن الحسین بن اسامة البصری اجازة ﴿قال حدثنی﴾ عبیداللہ بن محمد الواسطی ﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر بن محمد یحیٰی ﴿قال حدثنی﴾ هرون بن مسلم بن سعدان ﴿قال حدثنا﴾ مسعدة بن صدقة ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد علیه السلام انه قال ارسل النجاشی ملك الحبشة الی جعفر بن ابی طالب (ع) واصحابه فدخلوا علیه وهو فی بیت له جالس علی التراب وعلیه خلقان الثوب قال فقال جعفر بن ابی طالب فاشفقنا منه حین رأیناه علی تلك الحال فلما ان رأی ما بنا وتغیر وجوهنا قال الحمدللّٰه الذی نصر محمداً (ص) واقرعینی فیه الا ابشرکم فقلت بلی ایها الملك فقال انه جائتنی الساعة من نحو ارضکم عین من عیونی فأخبرنی ان اللّٰه قد نصر نبیه محمداً (ص) واهلك عدوه واسر فلان وفلان وقتل فلان وفلان وفلان التقوا بواد یقال له بدر لکأنی انظر الیه حیث کنت ارعی لسیدی هناك وهو رجل من بنی ضمرة فقال له جعفر ایها الملك الصالح فما لی اراك جالسا علی التراب وعلیك هذه الخلقان فقال یاجعفر انا نجد فیما انزل اللّٰه علی عیسٰی صلوات اللّٰه ان من حق اللّٰه علی عباده ان یحدثوا له تواضعا عندما یحدث لهم من النعمة فلما احدث لی نعمة نبیه محمد (ص) احدثت للّٰه هذا التواضع قال فلما بلغ النبی (ص) ذلك قال لأصحابه ان الصدقة تزید صاحبها کثرة فتصدقوا یرحمکم اللّٰه وان التواضع یزید صاحبه رفعة فتواضعوا یرفعکم اللّٰه وان العفو یزید صاحبه عزة فاعفوا یعزکم اللّٰه ـ

حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)

https://downloadshiabooks.com/

دلوں کو ہماری محبت کے ساتھ مضبوط کیا ہے اور ہمارے دشمنوں کو ذلیل و رسوا کیا ہے۔ جو ہمارا محب ہے وہ ہمارا دشمن نہیں ہو سکتا اور جو ہمارا دشمن ہے وہ ہمارا محب نہیں ہو سکتا اور اللہ تعالیٰ ہماری محبت اور ہمارے دشمنوں کی محبت ایک دل میں جمع نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ نے کسی شخص کے لیے دو دل بھی نہیں بنائے کہ ایک میں ایک قوم کی محبت ہو اور دوسرے میں ان کے دشمن کی محبت پائی جائے۔

## ہم اہلِ بیت رحمتِ خدا ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوالطيب الحسين بن محمد النحوي التمار ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن ﴿قال حدثنا﴾ ابونعيم ﴿قال حدثنا﴾ صالح بن عبد الله ﴿قال حدثنا﴾ هشام عن ابی محنف عن الأعمش عن ابی اسحاق السبيعی عن الأصبغ بن نباته رحمه الله قال ان اميرالمؤمنين عليه السلام خطب ذات يوم فحمد الله واثنى عليه وصلى الله على النبی (ص) ثم قال ايها الناس اسمعوا مقالتی وعوا كلامی ان الخملاء من التجبر والتموه من التكبر وان الشيطان عدو حاضر يعدكم الباطل الا ان المسلم اخو المسلم ولا تنابزوا ولا تخاذلوا فان شرايع الدين واحدة وصله قاصدة من اخذ بها لحق ومن تركها غرق ومن فارقها محق ليس المسلم بالخائن اذا ائتمن ولا بالمخالف اذا وعد ولا بالكذب اذا نطق نحن اهل بيت الرحمة وقولنا الحق وفعلنا القسط ومنا خاتم النبيين وفينا قادة الاسلام وامناء الكتاب ندعوكم الى الله ورسوله والى جهاد عدوه والشدة فی امره وابتغاء رضوانه والى اقام الصلوة وايتاء الزكوة وحج البيت وصيام شهر رمضان وتوفير الفيئ لاهله الا وان اعجب العجب ان معوية بن ابی سفيان الأموی وعمرو بن العاص السهيمی يحرضان الناس على طلب دم ابن عمهما وانی والله لم

https://downloadshiabooks.com/

اخالف رسول اللّٰه (ص) قط ولم اعصه فی امره فقط اقیه بنفسی فی المواطن التی تنکص فیها الأبطال وترعد فیها الفرائص بقوة اکرمنی اللّٰه بها فله الحمد ولقد قبض النبی (ص) وان رأسه لفی حجری ولقد ولیت غسله بیدی تقلبه الملائکة المقربون معی وایم اللّٰه ما اختلفت امة بعد نبیها الاظهر باطلها علی حقها الا ما شاء اللّٰه قال فقام عمار بن یاسر رضی اللّٰه عنه فقال اما امیرالمؤمنین فقد اعلمکم ان الامة لم تستقم علیه فتفرق الناس فقد نفدت بصائرهم ۔

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

جناب اصبغ بن نباتہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے ایک خطبہ ارشاد فرمایا۔ آپؑ نے پہلے خدا کی حمد کو بیان فرمایا اور پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلواۃ و درود پڑھی' اس کے بعد فرمایا:

اے لوگو! میری گفتگو کو غور سے سنو اور میری کلام کو محفوظ کرلو۔ تحقیق خودپسندی' تکبر کی علامت ہے اور اپنے آپ کو تکبر سے بچاؤ کیونکہ شیطان تمہارا کھلم کھلا دشمن ہے' جو تم کو باطل کی دعوت دیتا ہے' آگاہ ہو جاؤ کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ ایک دوسرے کو بُرے القابات سے نہ پکارو۔ اور نہ ہی ایک دوسرے کو رسوا و ذلیل کرو۔ تحقیق دین کا قانون سب کے لیے ایک ہے اور اس کے صلۂ رحمی میں میانہ روی ہے۔ جس شخص نے اسے اخذ کیا وہ کامیاب ہوا اور جو اس کو چھوڑ دے گا وہ غرق ہو جائے گا اور جو شخص اس میں تفرقہ ڈالے گا وہ اس کو مٹانے والا ہے۔ مسلمان کو جب کوئی امانت دی جائے تو وہ اس میں خیانت نہیں کرتا اور جب وہ وعدہ کرے تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ جب بولتا ہے تو جھوٹ نہیں بولتا۔ ہم اہلِ بیتؑ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہیں۔ ہمارا قول برحق ہے۔ ہمارا فعل (یعنی کام) عدل و انصاف پر مبنی ہے۔ خاتم الانبیاءؐ ہم میں سے ہیں۔ اسلام کی قیادت

https://downloadshiabooks.com/

حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے بیان فرمایا ہے کہ حبشہ کے بادشاہ نجاشی نے جناب جعفر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کو اپنے پاس بلایا۔ جب یہ حضرات اُس کے پاس گئے تو وہ اپنے گھر کے صحن میں مٹی پر بیٹھا ہوا تھا اور اس کے جسم پر دو بوسیدہ چادریں تھیں۔ جناب جعفرؓ فرماتے ہیں کہ جب ہم نے اس کو اس حالت میں دیکھا تو ہمیں اس پر رحم آیا۔ جب اس نے ہمیں دیکھا تو ہمارے چہروں کی رنگت تبدیل ہوگئی (یعنی ہمیں حیرانگی ہوئی) اور وہ اُس وقت ہوئی جب اُس نے کہا:

تمام حمد ہے اس اللہ تعالیٰ کی جس نے اپنے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مدد فرمائی ہے اور اس میں میری آنکھوں کو ٹھنڈک عطا فرمائی ہے۔ کیا میں تم لوگوں کو بشارت نہ دوں۔ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں اے بادشاہ! اُس نے کہا: ابھی میرا ایک جاسوس آپ کے وطن سے آیا ہے اور اُس نے مجھے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مدد کی ہے اور اُس کے دشمنوں کو ہلاک کیا ہے۔ فلاں فلاں اسیر وقید بن گئے ہیں اور فلاں فلاں قتل ہو چکے ہیں اور یہ جنگ بدر کے مقام پر ہوئی ہے۔ گویا میں اس کی طرف دیکھ رہا ہوں اور میں اپنے سردار کے لیے مویشی چرا رہا ہوں۔ وہاں میرا جاسوس بنی ضمرہ سے ایک مرد ہے (یعنی جس نے مجھے یہ خبر دی ہے)۔

پس جناب جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بادشاہ! کیا وجہ ہے کہ ہم آپ کو اس حالت میں دیکھ رہے ہیں کہ آپ زمین پر بیٹھے ہوئے ہیں اور آپ پر بوسیدہ دو چادریں ہیں۔ پس اُس نے کہا: اے جعفر: میں نے جناب عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب (انجیل) میں پایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں پر حق یہ ہے کہ جب بھی وہ لوگوں کے ساتھ گفتگو کریں اور ان کو کوئی اچھی خبر دیں تو اُن کے لیے انکساری و تواضع کا اظہار کریں۔ جب میں آپ کو اللہ کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعمت کے بارے میں خبر دے رہا ہوں تو میرے لیے لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع و انکساری کا اظہار

https://downloadshiabooks.com/

کروں۔ امام فرماتے ہیں: جب اُس کی خبر نبی اکرمؐ کو ہوئی تو آپؐ نے اپنے اصحاب سے فرمایا:

صدقہ اپنے صاحب کے لیے زیادتی کا موجب بنتا ہے لہذا آپ صدقہ دیا کریں تا کہ اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے اور تواضع و انکساری اپنے صاحب کے لیے بلندی کا موجب بنتی ہے۔ پس تم بھی تواضع اور انکساری کرو تا کہ اللہ تعالیٰ بلند کرے اور عفو اور بخشش اپنے صاحب کے لیے عزت کا باعث بنتی ہے۔ پس معاف کرو تا کہ اللہ تعالیٰ تم کو عزت عطا فرمائے۔

## حضرت امام سجاد علیہ السلام کی دعا

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن بن الوليد ﴿قال حدثني﴾ ابي ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد ابن عيسٰى عن هرون بن مسلم عن مسعدة بن صدقة قال سألت ابا عبدالله جعفر بن محمد (ص) ان يعلمني دعاء ادعو به في المهمات فأخرج الى او راقا من صحيفة عيقة انتسخ ما فيها فهو دعاء جدي على ابن الحسين زين العابدين للمهمات فكتبت ذٰلك على وجهه فما كربني شيئ قط واهمني الادعوت به ففرج الله همي وكشف غمي وكربي واعطاني سؤلي وهو -

اللهم هديتني فلهوت ووعظت فقسوف وابيت الجميل فعصيت وعرفت فاصررت ثم عرفت فاستغفرت فأقلت فعدت فسترت فلك الحمد الهي تقحمت اودية هلاكي وتخللت شعاب تلفي تعرضت فيها لسطواتك بحلوها لعقوباتك ووسيلتي اليك التوحيد وزريعتي اني لم اشرك بك شيئا ولم اتخذ معك الهاً وقد خررت اليك من نفسي واليك يفر المسئ انت

https://downloadshiabooks.com/

مفزع المضيع حظ نفسه فلك الحمد الهی فکم من عدو انتضی علی سیف
عداوته وشحذلی ضبة مدیته وارهف لی شباحده وداف قواتل سمومه
وسدد نحوی صوائب سهامه ولم تنم عنی عین حراسته واظهر ان
یسومنی المکروه ویجرعنی ذعاف مرارته فنظرت یاالهی الی ضعفی عن
احتمال الفوادح وعجزی عن الانتصار ممن قصدنی بمحاربته ووحدتی
فی کثیر عدد من ناونی وارصد لی البلاء فیما لم یعمل فیه فکری
فابتدأتنی بنصرك وشددت ازری بقوتك ثم فللت لی حده وصیرته من بعد
جمع وهده واعلیت کعبی علیه وجعلت ما سدده مردوداً علیه فرددته لم
یشف غلیله ولم یبرد حرارة غیظه قد عض علی اشواه وابرد مولیاً قد
احلفت سرایاه وکم من باغ بغانی بمکائده ونصب لی اشراك مصائده
ووکل بی تفقد وعایته واضبأ الی السبع لصائده واظهار الانتهاز
افریسته فنادیت یاالهی مستغیثاً بك واثقا بسرعة اجابتك عالماً انه لن
یضطهد من اوی لی ظل کنفك ولن یفزع من لجاء الی معاقل انتصارك
فحصنتنی من بأسه بقدرتك وکم من سحائب مکروه قد جلیتها وغواشی --
کربات کشفتها لاتسئل عما تفعل ولقد سئلت فاعطیت ولم تسئل فابتدأت
فاستمیح فضلك فما اکدیت ابیت الا احسانا وابیت الاتقحم حرمات
وتعدی حدودك من الغفلة عن وعیدك فلك الحمد الهی من مقتدر لایغلب
وذی اناة لا یعجل هذا مقام من اعترف لك بالتقصیر وشد علی نفسه
بالتضیع اللهم انی اتقرب بالمحمدیة الرفیعة واتوجه الیك بالعلویة البیضاء
فاعذنی من شر ما خلقت وشر من یرید بی سوء فان ذلك لا یضیق علیك
فی وجدك ولایتکادك فی قدرتك وانت علی کل شیئ قدیر اللهم ارحمنی

https://downloadshiabooks.com/

بترك المعاصی ما ابقیتنی وارحمنی بترك تكلفی مالا یغنینی وارزقنی
حسن النظر فیما یرضیك عنی والزم قلبی حفظ كتابك كما علمتنی
واجعلنی اتلوه على ما یرضیك عنی ونور به بنصری واوعه سمعی
واشرح به صدری وفرج به عن قلبی واطلق به لسانی واستعمل به بدنی
واجعل فی من الحول والقوة ما یسهل ذلك علی فانه لاحول ولا قوة الابك
الهم اجعل لیلی ونهاری ودنیای وآخرتی ومنقلبی ومثوای عافیة منك
ومعافاة وبركته منك اللهم انت ربی ومولای وسیدی واملی والهی
وغیاثی وسندی وخالقی وناصری وثقتی ورجائی لك محیای ومماتی
ولك سمعی وبصری وبیدك رزقی والیك امری فی الدنیا والآخرة
ملكتنی بقدرتك وقدرت علی بسلطانك لك القدرة فی امری وناصیتی
بیدك لا یحول احدون رضاك برأفتك ارجو رحمتك وبرحمتك ارجو
رضوانك لا ارجو ذلك بعملی وقد عجز عنی عملی وكیف ارجو ما قد
عجزعنی اشكو الیك فاقتی وضعف قوتی وافراطی فی امری وكل ذلك
من عندی وما انت اعلم به منی فاكفنی ذلك كله اللهم اجعلنی من رفقاء
محمد حبیبك وابراهیم خلیلك ویوم الفزع من الآمنین فامنی ویبشرك
فبشرنی وفی ظلالك فاظلنی وبمفازة من النار فنجنی ولا تسمینی السوء
ولا تجر ی ومن الدنیا فسلمنی وحجة یوم القیمة فلقنی وبذدرك بذكرنی
ولليسری فیسرنی وللعسری فجنبنی والصلوة والزكوة ما دمت حیافالهمنی
ولعبادتك ففونی وفی الفقه ومرضاتك فاستعملنی ومن فضلك فارزقنی
ویوم القیمة فبیض وجهی حسابا یسیرا فحاسبنی وبقبیح عملی فلا
تفضحنی وبهداك فاهدنی وبالقول الثابت فی الحیوة الدنیا والآخرة

https://downloadshiabooks.com/

فثبتنی وفی صلوتی وصیامی ودعائی ونسکی وشکری ودنیای
وآخرتی فبارك لی والمقام المحمود فابعثنی وسلطانا نصیرا فاجعل لی
وظلمی وجهلی واسرافی فی امری فتجاوز عنی ومن فتنة المحیی
والممات فخلصنی ومن الفواحش ما ظهر منها وما بطن فنجنی ومن
اولیائك یوم القیمة فاجعلنی وادم لی صالح الذی اتیتنی وبالحلال عن
الحرام فاغنینی وبالطیب عن الخبیث فاکفنی اقبل بوجهك الکریم الی ولا
تصرفه عنی والی صراطك المستقیم فاهدنی ولما تحب وترضی فوفقنی
اللهم انی بك من الریاء والسمعة والکبریاء والاعجاب والخیلاء والفخر
والبذخ والاشر والبطر والاعجاب والجبریة فنجنی واعوذبك من العجز
والبخل والشح والحسد والحرص والمنافسة والغش واعوذبك من الطمع
والطبع والهلع والجزع والزیغ والقمع واعوذبك من البغی والظلم
والاعتداء والفساد والفجور والفسوق واعوذبك من الخیانة والعدوان
والطغیان رب واعوذبك من المعصیة والقطیعة والسیئة والفواحش
والذنوب واعوذبك من الاثم والمآم والحرام والمحرم والخبیث وکل ما
لاتحب واعوذبك من الشیطان ومکره وبغیه وظلمه وعداوته وشرکه
وزبانیته وجنده واعوذبك من شر ما خلقت من دابة وهامة او جن او انس
مما یتحرك واعوذبك من شر ما ینزل من السماء وما یعرج فیها ومن شر
ماذرء فی الأرض وما یخرج منها واعوذبك من شر کل کاهن وساحر
وراکز ونافث وراق رب اعوذبك من شر کل حاسد وطاغ وباغ ونافس
وظالم ومقید وجائر واعوذبك من العمی والصم والبکم والبرص والجذام
والشك والریب واعوذبك من الکسل والفشل والعجز او تفریط والعجلة

https://downloadshiabooks.com/

والتضیع والتقصیر والابطاء واعوذبك من شر ما خلقت في السموات والأرض وما بینهما وما تحت الثری رب واعوذبك من الفقر والحاجة والفاقة والمسألة والضیعة والعائلة واعوذبك من القلة والذلة واعوذبك من الضیق والشدة والقید والحبس والوثائق والسجون والبلاء وكل مصیبة لاصبرلی علیها آمنین رب العالمین اللهم اعطنا كل الذی سألناك وزدنا من فضلك علی قدر جلالك وعظمتك بحق لا اله الا انت العزیز الحکیم -

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

جناب سعدہ بن صدقہ سے روایت ہے کہ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے عرض کیا: آپؑ مجھے کوئی دعا تعلیم فرمائیں کہ جس کو میں مشکلات میں پڑھ سکوں۔ آپؑ نے مجھے چند ورق عطا فرمائے جو تحریر شدہ تھے۔ آپؑ نے فرمایا: جو کچھ اس میں تحریر ہے وہ میرے جد علی بن حسین زین العابدین علیہ السلام کی دعا ہے جو وہ مہمات کے لیے پڑھا کرتے تھے۔ پس میں نے اُس کو یاد کرلیا ہے۔ جب بھی مجھے کوئی مصیبت یا مشکل پیش آتی ہے تو میں اس دعا کو پڑھتا ہوں تو خدا میری مشکل کو حل کردیتا ہے اور غم کو دُور کردیتا ہے۔ مصیبت کو ٹال دیتا ہے اور میرا سوال مجھے عطا کرتا ہے اور وہ دعا یہ ہے: (جس کی عبارت عربی متن میں موجود ہے اور ترجمہ پیش خدمت ہے)

اے میرے معبُود! تو نے میری رہنمائی کی' مگر میں غافل رہا' تو نے پند ونصیحت کی مگر میں سخت دلی کے باعث متاثر نہ ہوا' تو نے مجھے عمدہ نعمتیں بخشیں' مگر میں نے نافرمانی کی۔ پھر یہ کہ جن گناہوں سے تو نے میرا رخ موڑا جب کہ تو نے مجھے اس کی معرفت عطا کی۔ تو میں نے (گناہوں کی برائی کو) پہچان کر توبہ واستغفار کی' جس پر تو نے مجھے معاف کردیا اور پھر گناہوں کا مرتکب ہوا تو تو نے پردہ پوشی سے کام لیا۔

https://downloadshiabooks.com/

اے میرے معبود! تیرے ہی لیے حمد و ثنا ہے۔ میں ہلاکت کی وادیوں میں پھاندا اور تباہی و بربادی کی گھاٹیوں میں اُترا۔ ان ہلاکت خیز گھاٹیوں میں تیری قہرمانی سخت گیریوں اور اُن میں در آنے سے تیری عقوبتوں کا سامنا کیا۔ تیری بارگاہ میں میرا وسیلہ تیری وحدت و یکتائی کا اقرار ہے۔ اور میرا ذریعہ صرف یہ ہے کہ میں نے کسی چیز کو تیرا شریک نہیں جانا اور تیرے ساتھ کسی کو معبود نہیں ٹھہرایا۔ اور میں اپنی جان کو لیے تیری رحمت و مغفرت کی جانب گریزاں ہوں اور ایک گنہ گار تیری ہی طرف بھاگ کر آتا ہے اور ایک التجا کرنے والا جو اپنے حظ و نصیب کو ضائع کر چکا ہو تیرے ہی دامن میں پناہ لیتا ہے۔ کتنے ہی ایسے دشمن تھے جنھوں نے شمشیر عداوت کو مجھ پر بے نیام کیا اور میرے لیے اپنی چھری کی دھار کو باریک اور تندی و سختی کی باڑ کو تیز کیا۔ اور پانی میں میرے لیے مہلک زہروں کی آمیزش کی اور کمانوں میں تیروں کو جوڑ کر مجھے نشانہ کی زد پر رکھ لیا اور ان کی تعاقب کرنے والی نگاہیں مجھ سے ذرا غافل نہ ہوئیں۔ اور دل میں میری ایذا رسانی کے منصوبے باندھتے اور تلخ جرعوں کی تلخی سے مجھے پیہم تلخ کام بناتے رہے۔

اے میرے معبود! ان رنج و آلام کی برداشت سے میری کمزوری اور مجھ سے آمادہ پیکار ہونے والوں کے مقابلہ میں انتقام سے میری عاجزی اور کثیر التعداد دشمنوں اور ایذا رسانی کے لیے گھات لگانے والوں کے مقابلہ میں میری تنہائی تیری نظر میں تھی جس کی طرف سے میں غافل اور بے فکر تھا کہ تو نے میری مدد میں پہل اور اپنی قوت اور طاقت سے میری کمر مضبوط کی۔ پھر یہ کہ اس کی تیزی کو توڑ دیا اور اس کے کثیر ساتھیوں (کو منتشر کرنے) کے بعد اسے یکہ و تنہا کر دیا اور مجھے اس پر غلبہ و سربلندی عطا کی اور جو تیر اس نے اپنی کمان میں جوڑے تھے وہ اسی کی طرف پلٹا دیئے۔ چنانچہ اس حالت میں تو نے اسے پلٹا دیا کہ نہ تو وہ اپنا غصہ ٹھنڈا کر سکا اور نہ اس کے دل کی تپش فرو ہو سکی۔ اس نے اپنی بوٹیاں کاٹیں اور پیٹھ پھرا کر چلا گیا اور اس کے لشکر والوں نے بھی اسے دغا دیا اور کتنے ہی

https://downloadshiabooks.com/

ایسے ستم گر تھے جنہوں نے اپنے مکروفریب سے مجھ پر ظلم وتعدی کی اور اپنے شکار کے جال میرے لیے بچھائے اور اپنی نگاہِ جستجو کا مجھ پر پہرا لگا دیا اور اس طرح گھات لگا کر بیٹھ گئے جس طرح درندہ اپنے شکار کے انتظار میں موقع کی تاک میں گھات لگا کر بیٹھتا ہے۔ درآنحالیکہ وہ میرے سامنے خوشامدانہ طور پر خندہ پیشانی سے پیش آتے اور (درپردہ) انتہائی کینہ توز نظروں سے مجھے دیکھتے تو جب اے خدائے بزرگ و برتر ان کی بدباطنی و سرشتی کو دیکھا تو انہیں سر کے بل انہی کے گڑھے میں اُلٹ دیا اور انہیں انہی کے غار کے گہراؤ میں پھینک دیا' اور جس جال میں مجھے گرفتار دیکھنا چاہتے تھے خود ہی غرور و سربلندی کا مظاہرہ کرنے کے بعد ذلیل ہو کر اس کے پھندوں میں جا پڑے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ اگر تیری رحمت شریکِ حال نہ ہوتی تو کیا بعید تھا کہ جو بلاؤ مصیبت ان پر ٹوٹ پڑی ہے وہ مجھ پر ٹوٹ پڑتی' اور کتنے ہی ایسے حاسد تھے جنہیں میری وجہ سے غم وغصہ کے اچھو اور غیظ وغضب کے گلوگیر پھندے لگے اور اپنی تیز زبانی سے مجھے اذیت دیتے رہے اور اپنے عیوب کے ساتھ مجھے متہم کر کے طیش دلاتے رہے اور میری آبرو کو اپنے تیروں کا نشانہ بنایا اور جن بُری عادتوں میں وہ خود ہمیشہ مبتلا رہے وہ میرے سر منڈھ دیں اور اپنی فریب کاریوں سے مجھے مشتعل کرتے اور اپنی دغابازیوں کے ساتھ میری طرف پَر تولتے رہے تو میں نے اے میرے اللہ! تجھ سے فریادرسی چاہتے ہوئے اور تیری جلد حاجت روائی پر بھروسہ کرتے ہوئے'' تجھے پکارا! درآنحالیکہ یہ جانتا تھا کہ جو تیرے سایۂ رحمت میں پناہ لے گا وہ شکست خوردہ نہ ہوگا اور جو تیرے انتقام کی پناہ گاہ محکم میں پناہ گزین ہوگا وہ ہراساں نہیں ہوگا۔ چنانچہ تو نے اپنی قدرت سے ان کی شدت وشرانگیزی سے مجھے محفوظ کردیا اور کتنے ہی مصیبتوں کے ابر (جو میرے اُفق زندگی پر چھائے ہوئے) تھے تو نے چھانٹ دیئے اور کتنے ہی نعمتوں کے بادل برسا دیئے اور کتنی ہی رحمت کی نہریں بہا دیں اور کتنے ہی صحت و عافیت کے جامے پہنا دیئے۔ اور کتنی ہی آلام وحوادث کی آنکھیں (جو

https://downloadshiabooks.com/

میری طرف نگران تھیں) تو نے بے نور کر دیں اور کتنے ہی غموں کے تاریک پردے (میرے دل پر سے) اٹھا دیے اور کتنے ہی اچھے گمانوں کو تو نے سچ کر دکھایا اور کتنی ہی تہی دستیوں کا تو نے چارہ کیا اور کتنی ہی ٹھوکروں کو تو نے سنبھالا اور کتنی ہی ناداریوں کو تو نے (ثروت سے) بدل دیا۔

(بارالہا!) یہ سب تیری طرف سے انعام واحسان ہے۔ میں ان تمام واقعات کے باوجود تیری مصیبتوں میں ہمہ تن منہمک رہا (لیکن) میری بداعمالیوں نے تجھے اپنے احسانات کی تکمیل سے روکا نہیں۔ اور نہ ہی تیرا فضل واحسان مجھے ان کاموں سے جو تیری ناراضگی کا باعث ہیں باز رکھ سکا اور جو کچھ تو کرے اس کی بابت تجھ سے پوچھ گچھ نہیں ہوسکتی۔ تیری ذات کی قسم! جب بھی تجھ سے مانگا گیا تو نے عطا کیا اور جب نہ مانگا گیا تو تو نے ازخود دیا اور جب تیرے فضل وکرم کے لیے جھولی پھیلائی گئی تو تو نے بخل سے کام نہیں لیا۔

اے میرے مولا وآقا! تو نے کبھی احسان وبخشش اور تفضل وانعام سے دریغ نہیں کیا اور میں تیرے محرمات میں پھاندتا' تیرے حدود واحکام سے تجاوز کرتا' تیری تہدید وسرزنش سے ہمیشہ غفلت کرتا رہا۔

اے میرے معبود! تیرے ہی لیے حمد وستائش ہے جو ایسا صاحب اقتدار ہے جو مغلوب نہیں ہوسکتا اور ایسا بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا۔ یہ اس شخص کا موقف ہے جس نے تیری نعمتوں کی فراوانی کا اعتراف کیا ہے اور ان نعمتوں کے مقابلے میں کوتاہی کی ہے اور اپنے خلاف اپنی زیاں کاری کی گواہی دی ہے۔

اے میرے معبود! میں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی منزلت بلند پایہ اور علی (علیہ السلام) کے مرتبے روشن و درخشاں کے واسطہ سے تجھ سے تقرب کا خواستگار ہوں۔ ان دونوں کے وسیلہ سے تیری طرف متوجہ ہوں' تاکہ مجھے ان چیزوں کی برائی سے پناہ دے

https://downloadshiabooks.com/

جن سے پناہ طلب کی جاتی ہے۔ اس لیے کہ یہ تیری تونگری وسعت کے مقابلہ میں دشوار اور تیری قدرت کے آگے کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ اور تو ہر چیز پر قادر ہے۔

اے میرے اللہ! مجھ پر رحم فرما' ان نافرمانیوں کے ترک کرنے کے ساتھ جو تو نے میرے لیے باقی رکھی ہوئی ہیں۔ اور مجھ پر رحم فرما اُس تکلیف کے ترک کرنے کے ساتھ جو مجھے بے نیاز نہیں کرتی اور مجھے حُسنِ نظر عطا فرما اُن چیزوں میں جو تجھے مجھ سے راضی کردیں اور میرے دل کو اپنی کتاب کے یاد کرنے کو اسی طرح لازم قرار دے جیسے آپ نے مجھے تعلیم دی ہے۔ اور مجھے قرار دیں تاکہ میں اس کی تلاوت کروں تاکہ تو مجھ سے راضی ہوجائے اور اس سے میری آنکھوں کی بصیرت کو نورانی قرار دے اور میرے کانوں کو اُس کے لیے خزانہ قرار دے اور اس کے ساتھ میرے سینے کو کھول دے اور اس کے ذریعے میرے دل کو شاد فرما دے اور میری زبان کو اس کے ساتھ ناطق قرار دے اور میرے بدن کو اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرما' اور میرے لیے اس میں طاقت وقوت قرار فرما اور اس کو مجھ پر آسان فرما' کیونکہ کوئی طاقت وقوت نہیں سوائے تیری طاقت وقوت کے۔

اے میرے اللہ! تو میری راتوں کو' میرے دن کو' میری دنیا' میری آخرت کو' میرے آنے جانے کو اور میرے ٹھکانے کو اپنی طرف سے عافیت مند قرار دے۔ اپنی طرف سے باعثِ برکت اور صحت مند قرار فرما۔

اے میرے اللہ! تو میرا پروردگار' میرا مولا' میرا سردار' میری آرزو' میرا معبود' میرا غوث' میری سند' میرا خالق' میرا ناصر' میرا موردِ وثوق' میری امید تیرے لیے' مجھے مارنے والا' مجھے زندہ رکھنے والا' میرے سننے کی طاقت تیری طرف سے اور میرے دیکھنے کی طاقت اور میرا رزق تیرے ہاتھوں میں اور دنیا وآخرت میں میرا امر تیرے اختیار میں ہے اور تو نے اپنی قدرت کے ساتھ مجھے مالک قرار دیا ہے۔ اور میری سلطنت وقدرت میرے اُوپر ہے اور میرے امر و معاملے میں تیری قدرت شامل ہے اور میری پیشانی کے بال بھی

https://downloadshiabooks.com/

تیرے ہاتھ میں ہیں (یعنی میرا اختیار تیرے سپرد ہے) تیری رضایت کے بغیر کوئی ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل کرنے والا نہیں ہے۔ تیری نہایت مہربانی کے ذریعے تیری رحمت کا امیدوار ہوں اور تیری رحمت کے واسطہ سے تیری رضایت کا امیدوار ہوں۔ میں اپنے عمل کی وجہ سے اس کا امیدوار نہیں ہوں' کیونکہ میرا عمل بہت کم اور قلیل ہے اور جو قلیل و کم' اور ناقص ہو اُس کے ذریعے سے بھلا میں کیسے امیدوار ہو سکتا ہوں؟ میں تیری بارگاہ میں اپنے افاقہ کی' اپنی کمزوری اور اپنے معاملہ میں افراط کا شکوہ کرتا ہوں اور یہ سب کچھ میری طرف سے ہے اور یہ وہ چیزیں ہیں جن کے بارے میں میری نسبت تو زیادہ جانتا ہے اور ان تمام اُمور میں تو میرے لیے کافی ہے۔

اے میرے اللہ! تو مجھے اپنے حبیب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اپنے خلیل ابراہیم علیہ السلام کے رفقاء میں سے قرار فرما اور خوف و ہیبت والے دن مجھے اپنی طرف سے امن عطا فرماتے ہوئے مجھے امن والوں میں سے قرار فرما اور اپنی بشارت کے ساتھ مجھے بشارت دے اور اپنے سائے میں مجھے سایہ نصیب فرما۔ اور اپنی نجات والی جگہ میں مجھے آگ سے نجات عطا فرما اور برائی کے ساتھ مجھے موسوم قرار نہ فرما' اور مجھے محزون و مغموم قرار نہ فرما۔ اور اس دنیا میں مجھے سالم قرار فرما اور قیامت کے دن مجھے حجت اور دلیل کا القا فرما اور اپنے ذکر کے ساتھ مجھے یاد فرما اور آسانی کے ساتھ میرے معاملے میں آسانی قرار فرما۔ اور ہر قسم کی تنگی سے مجھے نجات عطا فرما۔ اور جب تک میں زندہ ہوں اُس وقت تک مجھے نماز پڑھنے اور زکوۃ ادا کرنے کی توفیق عطا فرما اور اپنی عبادت کے لیے مجھے طاقت وقوت عطا فرما اور فقہ اور اپنی مرضی کے ساتھ مجھے عمل کرنے کی توفیق عطا فرما۔ اور اپنے فضل کا مجھے رزق عطا فرما اور قیامت کے دن میرے چہرے کو روشن فرما اور میرا حساب بہت ہی آسان اور قلیل فرما۔ اور میرے برے عمل کے ذریعے مجھے رسوا قرار نہ فرما اور اپنی ہدایت کے ساتھ میری ہدایت فرما اور دنیا و آخرت میں مجھے قول ثابت کے ساتھ

https://downloadshiabooks.com/

ثابت قدم فرما' میری نماز' میرا روزہ' میری دعا' میری عبادت' میرے شکر' میری دنیا اور میری آخرت کو میرے لیے باعثِ برکت قرار فرما اور قیامت کے دن مجھے مقامِ محمود پر مبعوث فرما اور ایک سلطانِ نصیر (یعنی مددگار بادشاہ) مجھے عطا فرما۔ میرے ظلم' میری جہالت اور میرے امر میں میرے اسلاف سے تو مجھ سے درگزر فرما۔ موت و حیات کے فتنہ سے مجھے نجات عطا فرما اور ظاہری اور پوشیدہ گناہوں سے مجھے نجات عطا فرما۔ قیامت کے دن مجھے اپنے دوستوں میں سے قرار فرما اور ہمیشہ مجھے اپنی طرف سے اصلاح عطا فرما اور حلال کے ذریعے مجھے حرام سے بے نیاز فرما اور پاک و طیب کے ذریعے خبیث سے میری کفایت فرما۔ اپنا وجہ' کریم کو میری طرف قرار فرما اور اپنی رحمت کو مجھ سے دُور فرما اور اپنے سیدھے راستے کی طرف مجھے ہدایت عطا فرما اور وہ چیز جو تجھے محبوب ہے اور پسند ہے اس کی مجھے توفیق عطا فرما۔

اے میرے اللہ! میں آپ سے ریاکاری اور دکھلاوے' بڑائی' زیادہ تعجب کرنے' خود پسندی' فخر' تکبر' شر' بہک جانا' تعجب کی کثرت اور جبر سے میں تجھ سے ان چیزوں میں تیری پناہ و نجات کا طلبگار ہوں۔ اے میرے پروردگار! میں ناتوانی' بُخل' لالچ' حسد' حرص' ایک دوسرے پر فخر و مباہات کرنا اور ملاوٹ سے میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔ اے میرے رب! میں طمع' جہالت' غم میں' خوف میں' شک اور خیف میں مَیں تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔

اے میرے رب! میں بغاوت' ظلم' حد سے تجاوز کرنے' فسق و فجور اور فسق میں تیری پناہ کا طلب گار ہوں۔ میں خیانت کاری' عداوت اور سرکشی میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ میں تیری نافرمانی' قطع و جدائی میں' بدی اور برائیوں' گناہوں میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔ اے میرے اللہ! میں حرام' محرم' اثم' ملامت' خبیث اور ہر وہ جو تجھے پسند نہیں اس میں تیری پناہ چاہتا ہوں اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔ شیطان اور اُس کے مکر سے' اُس بغاوت

https://downloadshiabooks.com/

سے' اُس کے ظلم' اُس کی عداوت' اُس کے شرک' اُس کے لشکر اور اُس کے سپاہیوں سے۔

اے میرے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جس کو تو نے خلق فرمایا ہے' خواہ وہ حیوانوں میں سے ہو' پرندوں میں سے ہو یا جنوں سے یا انسانوں میں سے ہو۔ جو بھی حرکت کرنے والی چیزوں میں سے ہو اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر اُس چیز کے شر سے جو آسمان سے نازل ہو یا اُس کی طرف عروج کرنے والی ہو اور ہر اُس چیز کے شر سے جو زمین سے نکلے یا زمین میں بوئی جائے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں ہر کاہن و جادوگر کے شر سے' زمین میں دفن کرنے والے' جادوگر اور زیادہ بوجھ اٹھانے والے سے' اے میرے پروردگار! میں تیری پناہ حاصل کرتا ہوں ہر حاسد' طاغوت' باغی' برتری طلب کرنے والے' ظلم کرنے والے' قید کرنے والے اور جابر سے۔

اے میرے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں اندھے پن' بہرے پن' گونگے پن' برص' جذام' شک و ریب سے۔ اے میرے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں سستی' بزدلی' عجز' کوتاہی' جلد بازی' ضیاع کاری' تقصیر اور ٹال مٹول کرنے سے۔

اے میرے رب! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں جو کچھ تو نے زمین و آسمان اور ان کے درمیان خلق فرمایا ہے اس کے شر سے۔ اے میرے رب! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں فقر' حاجت' فاقہ' سوال کرنے' جائیداد اور محتاجی سے۔ اے میرے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں' قلت اور ذلت سے۔

اے میرے رب! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں تنگی' شدت' قید' حبس' بندش' اسیری' بلاء اور ہر مصیبت سے جس پر صبر کرنے کی مجھ میں طاقت نہ ہو اس سے۔ اے عالمین کے رب! اس دعا کو قبول فرما۔ اے میرے اللہ! جس جس چیز کا میں نے تیری بارگاہ میں سوال کیا ہے وہ مجھے عطا فرما اور اپنی جلالت و بزرگی' عظمت اور فضل سے اس میں زیادتی عطا فرما۔ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

https://downloadshiabooks.com/

## حاجت طلب کرنے والا غلامی کے لیے تیار ہوتا ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن مالك النحوی ﴿قال حدثنا﴾ علی بن هامان قال سمعت الفضل بن سعد یقول سمعت الریاشی یقول سمعت محمد بن سلام یقول سمعت شریح القاضی یقول من سأل اخاه حاجة فقد عرض نفسه علی الرق فان قضاها استرقه وان لم یقضها فقد اذله وكانا ذلیلین هذا بذل الرد وهذا بذل المسألة

لیس یعتاظ باذل الوجه عن بذل ماء وجهه عوضا
كیف یعتاض من اتاك وقد صیر الذل وجهه عرضا

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

شریح قاضی بیان کرتا ہے کہ جو شخص اپنے بھائی سے حاجت طلب کرتا ہے اور وہ اُس کے سامنے اپنے آپ کو غلامی کے لیے پیش کرتا ہے اگر اس نے اس کی حاجت کو پورا کر دیا تو اُس نے اُس کو اپنا غلام بنا لیا ہے اور اگر اُس نے اُس کی حاجت کو پورا نہیں کیا پس اس کو رسوا کیا اور یہ دونوں ذلیل ہوئے۔ ایک سوال کرنے کی وجہ سے اور دوسرا رد کرنے کی وجہ سے۔

لیس یعتاظ باذل الوجه عن بذل ماء وجهه عوضا
كیف یعتاض من اتاك وقد صیر الذل وجهه عرضا

"خرچ کرنے والے کا خرچ کرنا اس سوال کرنے والے کے
چہرے کی غیرت کا بدلہ نہیں بن سکتا۔ اور جو تیرے پاس آتا ہے اس
کا بدلہ کیسے ہو سکتا ہے حالانکہ اس نے اپنے چہرے کے آبرو کو
تیرے سامنے ختم کر دیا ہے"۔

https://downloadshiabooks.com/

## میں درخت ہوں اور فاطمہؑ اس کی شاخ ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابو محمد عبداللہ بن محمد الأبہری ﴿قال حدثنا﴾ علی ابن احمد بن الصباح ﴿قال حدثنا﴾ ابراھیم بن عبداللہ بن اخی عبدالرزاق ﴿قال حدثنی﴾ عمی عبدالرزاق بن ھمام بن نافع ﴿قال أخبرنی﴾ ابی ھمام بن نافع ﴿قال أخبرنی﴾ مینا مولی عبدالرحمن بن عوف الزھری قال قال لی عبدالرحمن یامینا الآ احدثك بحدیث سمعته من رسول اللہ (ص) قلت بلی قال سمعته یقول انا شجرۃ وفاطمۃ فرعھا وعلی علیه السلام لقاحھا والحسن والحسین (ع) ثمرتھا ومحبھم من امتی ورقھا رضوان اللہ علیھم اجمعین وصلی اللہ علی محمد وآله وسلم۔

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

عبدالرحمٰن بن عوف زھری کے غلام مینا نے بیان کیا ہے کہ عبدالرحمٰن نے کہا: اے مینا! کیا میں تجھے ایک حدیث سناؤ جو میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنی ہے؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں؛ اُس نے کہا کہ میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آپؐ نے فرمایا:

میں درخت ہوں اور فاطمہ علیہا السلام اس کی شاخ اور علی علیہ السلام تنا اور حسن و حسین علیہما السلام یہ دونوں اس کا پھل اور اس کے پھول اور پتے میری اُمت ہے۔ اس کے ساتھ محبّت کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالٰی ان سب پر راضی ہوجائے۔

⊙⊙⊙

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 29

[بروز بدھ ۱۱ رمضان المبارک سال ۴۰۹ ہجری قمری]

﴿حدثنا﴾ الشیخ الجلیل المفید ابو عبداللّٰہ محمد بن محمد بن النعمان اید اللّٰہ تمکینہ ﴿قال حدثنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی القاضی ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن علی بن ابراھیم ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن ابی العنبر ﴿قال حدثنا﴾ علی بن الحسین بن واقد عن أبیہ عن ابی عمرو بن العلا عن عبداللّٰہ بن بریدۃ عن بشیر بن کعب عن شداد بن اوس قال قال رسول اللّٰہ (ص) لا الہ الا اللّٰہ نصف المیزان والحمدللّٰہ تملاءہ۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

شداد بن اوس رضی اللہ عنہ نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: نصف میزان لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ ہے اور الحمدُللّٰہ میزان کو پورا کرے گا۔

## سورہ کافرون کی وجہِ نزول

﴿قال أخبرنی﴾ ابو محمد عبداللّٰہ بن ابی شیخ اجازۃ ﴿قال أخبرنا﴾ ابو عبداللّٰہ محمد بن احمد الحکیمی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالرحمٰن بن عبد

https://downloadshiabooks.com/

عبداللہ ابوسعید البصری ﴿قال حدثنا﴾ وھب بن جریر عن أبیه ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن اسحاق بن یسار المدنی ﴿قال حدثنی﴾ سعید بن مینا عن غیر واحد من اصحابه ان نفراً من قریش اعترضوا الرسول (ص) منهم عتبة بن ربیعة وأمیة بن خلف والولید بن المغیرة والعاص ابن سعید فقالوا یامحمد هلم فلنعبد ما تعبد وتعبد ما نعبد ونشترك نحن وانت فی الأمر فان یکن الذی نحن علیه الحق فقد اخذت بحظك منه وان یکن الذی انت علیه الحق فقد اخذنا بحظنا منه فانزل الله تبارك وتعالی (قل یا ایها الکافرون لا اعبد ما تعبدون ولا انتم عابدون ما اعبد) الی آخر السورة ثم مشی الیه أبی بن خلف بعظم رمیم ففته بیده ثم نفخه فقال یامحمد اتزعم ان ربك یحییٰ بعد ما تری فانزل الله تعالی (وضرب لنا مثلا ونسی خلقه قال من یحییٰ العظام وهی رمیم الذی انشأ اول مرة وهو بکل خلق علیم) الی آخر السورة ۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب سعید بن مینا نے اصحابِ رسولؐ سے نقل کیا ہے کہ قریش کے چند لوگ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور اُن میں سے عتبہ بن ربیعہ، اُمیہ بن خلف، ولید بن مغیرہ اور عاص ابن سعید وغیرہ تھے۔ اُنہوں نے رسولؐ خدا سے عرض کیا: اے محمدؐ! آؤ جس کی آپؐ عبادت کرتے ہیں ہم بھی اس کی عبادت کریں اور جس کی ہم عبادت کرتے ہیں آپؐ بھی اُس کی عبادت کریں تا کہ ہم اور آپؐ اس امرِ عبادت میں شریک ہوجائیں اس لیے کہ اگر ہم حق پر ہوئے تو آپؐ نے اپنا حصّہ حاصل کرلیا اور اگر آپؐ حق پر ہوئے تو ہم نے آپؐ کے حق سے اپنا حصّہ حاصل کرلیا۔ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے سورۂ کافرون نازل فرمائی:

https://downloadshiabooks.com/

''اے میرے رسولؐ! کہہ دو! اے وہ لوگ جو کفر کرنے والے ہیں جس کی تم عبادت کرتے ہو میں اُس کی عبادت نہیں کروں گا اور جس کی میں عبادت کرتا ہوں اُس کی تم عبادت نہیں کرتے''۔ آخری سورہ تک یہ نازل ہوئی۔ پھر رسولؐ خدا کی خدمت میں ابی ابن خلف ایک بوسیدہ ہڈی لے کر آیا جو اس کے ہاتھ میں تھی۔ اس نے اس ہڈی کو پھونک ماری اور کہا: اے محمدؐ! آپؐ یہ گمان کرتے ہیں کہ آپ کا رب اس بوسیدہ ہڈی کو پھر دوبارہ زندہ کرے گا اس کے بارے واقع ایسا ہوگا؟ بھلا یہ کیسے ممکن ہے؟

اللہ تعالیٰ نے اس کے جواب میں نازل فرمایا: ''اللہ تعالیٰ ہمارے لیے مثال بیان کرتا ہے اور اس کی مخلوق جھول جاتی ہے۔ یہ (کافر) کہہ رہا ہے کہ کون اس بوسیدہ ہڈی کو زندہ کرے گا تو وہ ذات جس نے اس کو پہلی مرتبہ زندہ کیا تھا وہ اس کو دوبارہ بھی زندہ کرے گی۔ اور وہ ہر مخلوق کے بارے میں جاننے والا ہے'' آخری سورہ تک نازل ہوئی۔

## لوگوں کی تین قسمیں ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن ابی القاسم ما جیلویه عن محمد بن علی الصیرفی عن نصر بن مزاحم عن عمرو بن سعید عن فضیل بن خدیع عن كميل بن زياد النخعي ، قال كنت مع اميرالمؤمنين على بن ابى طالب عليه السلام فى مسجد الكوفة وقد صلينا عشاء الآخرة فاخذ بيدي حتى خرجنا من المسجد فمشى حتى خرج الى ظهر الكوفة لايكلمني بكلمة فلما اصحر تنفس ثم قال ياكميل ان هذه القلوب اوعية فخيرها اوعاها احفظ مني ما اقول الناس ثلاثة عالم رباني ومتعلم على سبيل نجاة وهمج رعاع اتباع كل ناعق يميلون مع كل ريح لم يستضيؤا بنور العلم ولم يلجأوا الى ركن وثيق ياكميل العلم خير من المال العلم يحرسك وانت تحرس المال

https://downloadshiabooks.com/

والمال تنقصه النفقة والعلم يزكو على الانفاق ياكميل محبة العلم خير ما يدان اللّٰه به تكسبه الطاعة فى حيوته والجميل الاحدوثة بعدموته ياكميل منفعة المال تزول بزواله ياكميل مات خزان الأموال والعلماء بافون ما بقى الدهر اعيانهم مفقودة وامثالهم فى القلوب موجودة هاه هاه ان ههنا واشار بيده الى صدره لعلما جما لواصيت له حملة بلى اصيب له لقنا غير مأمون يستعمل آله الآخرة فى الدنيا ويستظهر بحجج اللّٰه على خلقه وبنعمته على عباده ليتخذه الضعفاء وليجة دون ولى الحق او منقاداً للحكمة لا بصيرة له فى احيائه فقدح الشك فى قلبه باول عارض من شبهة الالا اذا ولا ذاك فمنهم بالذات سلس القياد للشهوات او مغرى بالجمع والادخار ليس من دعاة الدين اقرب شبها بهؤلاء الأنعام السائمة كذلك يموت العلم بموت حامليه اللهم بلى لاتخلى الأرض من قائم بحجة ظاهر مشهور او مستتر مغمور لئلا تبطل حجج اللّٰه وبنيانه فان اولئك الأقلون عدداً الأعظمون خطراً بهم يحفظ اللّٰه حججه حتٰى يودعها نظرائهم ويزرعوها فى قلوب اشباههم هجم بهم العلم على حقايق الامور فباشروا روح اليقين واستلانوا ما استوعره المترفون وانسوا بما استوحش منه الجاهلون صحبوا الدنيا بابدان ارواحها معلقة بالمحل الأعلى اولئك خلفاء اللّٰه فى ارضه والدعاة الى دينه هاه هاه شوقا الى رؤيتهم واستغفر اللّٰه لى ولكم ثم نزع يده (ع) وقال انصرف اذا شئت –

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

حضرت کمیل بن زیاد نخعی رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں: میں مسجد کوفہ میں امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے ساتھ تھا اور میں نے آپ کی اقتداء میں نماز

https://downloadshiabooks.com/

عشاء ادا کی اور اس کے بعد آپؑ نے میرا ہاتھ پکڑا اور کوفہ سے باہر تشریف لے گئے۔ آپؑ نے اس دوران میرے ساتھ کوئی بات نہ کی۔ پس جب صحرا میں چلے گئے اور آپؑ نے ایک لمبا سانس لیا اور پھر فرمایا: اے کمیلؓ! تحقیق یہ دل خزانہ ہے اور اس میں خیر کا خزانہ ہے جو میں بیان کروں گا اس کو یاد کر لو جان لو! لوگ تین طرح کے ہیں:

① عالم ربانی (یعنی وہ عالم جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے علم حاصل کیا اور اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے والا ہو اور خوشنودیِ خدا کی خاطر اس پر عمل کرنے والا ہو اس عالم کو عالمِ ربانی کہا جاتا ہے)۔

② متعلم جو راہِ نجات پر چلنے والا ہے۔

③ عوام الناس بے عقل لوگ ہیں جو ہر ہانکنے والے کی اتباع کرتے ہیں اور ہوا کے رُخ پر چلتے ہیں۔ (یعنی جدھر کی ہوا چلتی ہے یہ اُدھر ہو جاتے ہیں) وہ علم کے نور سے روشنی طلب نہیں کرتے اور کسی مضبوط ستون کی پناہ حاصل نہیں کرتے۔

اے کمیلؓ! علم مال سے بہتر ہے کیونکہ علم تیری حفاظت کرتا ہے اور تو مال کی حفاظت کرتا ہے۔ مال خرچ کرنے سے کم ہوتا ہے اور علم خرچ کرنے سے زیادہ ہوتا ہے۔

اے کمیلؓ! علم کی محبت اللہ تعالیٰ کے دین میں بہترین چیز ہے۔ اس علم سے زندگی میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی جاتی ہے اور مرنے کے بعد یہ علم بہت اچھی کہانی اور افسانہ بن جاتا ہے۔

اے کمیلؓ! مال کے ختم ہونے سے اس کے فوائد بھی ختم ہو جاتے ہیں۔

اے کمیلؓ! مال کے خزانہ دار مر جاتے ہیں لیکن جب تک زمانہ ہے علماء باقی ہیں وہ نہیں مرتے۔ ان کے جسم مفقود و پوشیدہ ہو جاتے ہیں لیکن اُن کی مثالیں دلوں میں محفوظ رہتی ہیں۔ ہاہ...... ہاہ! یہاں پر آپ نے اپنے سینہ مبارک کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: یہاں پر علم کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر موجزن ہے۔ اے کاش! اس کو برداشت کرنے والا اور

https://downloadshiabooks.com/

اٹھانے والا مل جاتا؟ کیوں نہیں' اس کو ایک ایسا بار کرنے والا پائے گا جو خود امن میں نہیں ہوگا اور وہ اس کو دین کا ہتھیار بنا کر دنیا حاصل کریں گے اور وہ اللہ تعالیٰ کی حجت۔ اس کی مخلوق پر ہونے کو ظاہر کریں گے اور اس کی نعمت اس کے بندوں پر ہونے کا اظہار کریں گے اور وہ ولی حق کو چھوڑ کر کمزور اور ضعیف لوگوں کو اپنا رازدار قرار دیں گے۔

وہ اپنے آپ کو حکمت کے تابع قرار دیں گے' لیکن ان کو زندگی میں کوئی بصیرت حاصل نہیں ہوگی۔ پس پہلے ہی شبہ میں جو ان کو عارض ہوگا اس کی وجہ سے ان کے دل میں شک پیدا ہو جائے گا۔

آگاہ ہو جاؤ! ان کے لیے نہ یہ جہان ہوگا اور نہ دوسرا جہان ہوگا۔ ان میں سے بعض ایسے ہوں گے جو آسانی سے خواہشات کی اتباع کر جائیں گے اور وہ تمام کو دھوکا دیں گے اور ذلیل و خوار کریں گے اور دین کے ستونوں میں شبہ پیدا کرنے میں جانور بھی ان سے زیادہ قریب نہیں ہوں گے۔

عالم کے مرنے سے علم مر جاتا ہے۔ اے اللہ! یہ زمین خالی نہیں رہے گی ایسی حجت سے جو ظاہر و مشہور ہو یا پوشیدہ اور غیر معروف ہو' تاکہ اللہ کی حجت اور اس کے دین کی بنیادیں کمزور نہ ہوں۔ یہ لوگ اگرچہ تعداد میں بہت تھوڑے ہوں گے لیکن عظمت میں بہت زیادہ ہوں گے۔ اُنھی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ اپنی دلیلوں کی حفاظت کرے گا' یہاں تک کہ وہ اپنی دلیلوں کو امامت کے طور پر ان کے سپرد کر دے گا اور وہ اپنے اتباع کے دلوں میں ان کا بیج بوئیں گے اور ان کا علم اُمور کے حقائق پر اچانک مطلع ہو جاتے ہیں۔ پس وہ روحِ یقین ان کو حاصل ہوتا ہے اور یقین اُن کے لیے آسان ہوتا ہے اور سرکشی کرنے والوں کے لیے وہ بہت سخت و شوار ہوتے ہیں اور جس سے جاہل وحشت محسوس کرتے ہیں وہ اس سے محبت کرتے ہیں اور ان کے دل اس دنیا میں ہوتے ہیں' لیکن ان کے روح اعلیٰ محل کے ساتھ معلق ہوتے ہیں۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے زمین پر خلیفہ ہوتے ہیں اور اس کے

https://downloadshiabooks.com/

دین کی طرف دعوت دینے والے ہوتے ہیں اوران کی زیارت کا شوق ہوتا ہے۔ میں اپنے لیے اور تمہارے لیے استغفار کرتا ہوں' پھر آپؐ نے ہاتھ چھڑا لیا اور فرمایا: جاؤ جدھر جانا چاہتے ہو۔

## دین کا اختتام ہمارے ساتھ ہوگا

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنی﴾ علی بن اسحاق المحرمی ﴿قال حدثنا﴾ عثمان بن عبدالله الشامی ﴿قال حدثنا﴾ ابولهیعة عن ابی ذرعة الحضرمی عن عمر بن علی بن ابی طالب علیه السلام قال قال رسول الله (ص) یاعلی بنا ختم الله الدین کمابنا فتحه وبنا یؤلف الله بین قلوبکم بعد العداوة والبغضاء –

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یاعلیؑ ! اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہی اپنے دین کا اختتام فرمائے گا' جیسا کہ اس نے اپنے اس دین کی ابتداء ہمارے ساتھ فرمائی ہے اور ہمارے ساتھ اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں کو نفرت اور عداوت کے بعد آپس میں دوبارہ جوڑے گا۔

## مازنی کے لیے اشعار

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالطیب الحسن بن محمد التمار قال سمعت ابابکر ابن الأنباری یقول سمعت علی بن هامان ینشد للمازنی –

اذا انا لم اقبل من الدهر کلما　　تکرهت منه طال عینی علی الدهر

تعودت مس الضر حتی الفته　　فاسلمنی حسن العزاء الی الصبر

ووسع قلبی للاذی الانس بالأذی　　وقد کنت احیانا یضیق به صدری

https://downloadshiabooks.com/

وصیرنی یأسی من الناس راجیا　　لسرعة صنع اللّٰہ من حیث لاادری

وصلی اللّٰہ علی سیدنا محمد وآلہ النبی وسلم تسلیماً

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

ابوبکر ابن انباری نے بیان کیا ہے کہ میں نے علی بن بامان سے سنا کہ اُنھوں نے مازنی کے لیے ان اشعار کو پڑھا:

اذا انا لم اقبل من الدھر کلما　　تکرھت منہ طال عینی علی الدھر

تعودت مس الضر حتی الفتہ　　فاسلمنی حسن العزاء الی الصبر

ووسع قلبی للاذی الانس بالأذی　　وقد کنت احیانا یضیق بہ صدری

وصیرنی یأسی من الناس راجیا　　لسرعة صنع اللّٰہ من حیث لاادری

وصلی اللّٰہ علی سیدنا محمد وآلہ النبی وسلم تسلیماً

① ''جب کہ میں زمانے سے سامنا کرتا ہوں، تو مجھے کراہت ہوتی ہے میری نظر زمانے پر غلبہ رکھتی ہے''۔

② ''جب بھی اس سے الفت کرتا ہوں تو میری طرف ضرور لوٹ آتا ہے پس یہ مجھے مصیبت پر صبر کرنے کے سپرد کرتا ہے''۔

③ ''میرا دل ایک اذیت کے لیے وسیع ہوتا ہے تو یہ دوسری دیتا ہے اور کبھی میرا دل تنگ پڑ جاتا ہے''۔

④ ''میں اُمید کے باوجود بھی لوگوں سے نا اُمید ہو جاتا ہوں جب میں خدا کے کام کے جلد ہونے کی حکمت کو نہیں جانتا''۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 30

[بروز ہفتہ ۱۴ رمضان المبارک سال ۴۰۹ ہجری قمری]

## اللہ کی خاطر محبّت کرنے والوں کے لیے طوبیٰ ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الولید رحمه الله ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عیسیٰ عن محمد بن مروان عن محمد بن عجلان عن ابی عبداللّٰه جعفر بن محمد (ع) قال طوبیٰ لمن لم یبدل نعمة اللّٰه کفراً طوبیٰ للمتحابین فی اللّٰه۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے فرمایا: طوبیٰ ہے اُن کے لیے جو اللہ تعالیٰ کی نعمت کو کفر کرتے ہوئے تبدیل نہیں کرتے اور طوبیٰ ہے اُن کے لیے جو اللہ تعالیٰ کی خاطر ایک دوسرے سے محبّت کرتے ہیں۔

## دشمنِ آلِ محمدؑ دوزخ میں جائے گا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالکریم بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ سہل بن زنجلة الرازی ﴿قال حدثنا﴾ ابن ابی اویس ﴿قال حدثنا﴾ ابی عن حمید بن قیس عن عطا عن ابن عباس قال قال رسول اللّٰه (ص) یابنی عبدالمطلب انی سألت اللّٰه لکم ان

https://downloadshiabooks.com/

يعلم جاهلكم وان يثبت قائمكم وان يهدي الله ضالكم وان يجعكم بجدآء جودآء رحماء اما والله لو ان رجلا صف قدميه بين الركن والمقام مصليا ولقى الله وهو يبغضكم اهل البيت لدخل النار۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اے اولادِ عبدالمطلب! میں نے اللہ تعالیٰ سے تمہارے بارے میں دعا کی ہے کہ وہ تمہارے جاہلوں کو علم عطا فرمائے اور تمہارے قیام کرنے والوں کو ثابت قدم رکھے اور تمہارے گمراہ کو ہدایت عطا فرمائے اور تمہارے اسیروں کو سخاوت اور رحم دلی عطا فرمائے۔ آگاہ ہو جاؤ! خدا کی قسم! اگر کوئی مرد رکن اور مقام کے درمیان کھڑا رہے اور ہر وقت نماز ادا کرتا رہے اور وہ خدا کے ساتھ ملاقات اس حال میں کرے کہ وہ اہلِ بیتؑ سے دشمنی رکھتا ہو تو اس کو ضرور جہنم میں داخل کیا جائے گا۔

## بعض ہاشمیوں اور امام رضاؑ کے درمیان گفتگو

﴿قال أخبرني﴾ الشريف الصالح ابو محمد الحسن بن حمزه العلوى الطبرى رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن عبدالله بن جعفر الحميرى عن أبيه عن احمد بن عيسى عن مروك بن عبيد الكوفى عن محمد بن زيد الطبرى قال كنت قائما على رأس الرضا (ع) على بن موسى (ع) بخراسان وعنده جماعه من بنى هاشم منهم اسحق بن العباس بن موسى فقال له يااسحاق بلغنى انكم تقولون ان الناس عبيد لنالا وقرابتى من رسول الله (ص) ما قلته قط ولا سمعته من احد آبائى ولا بلغى احد منهم قال كنا نقول الناس عبيد لنا فى الطاعة موال لنا فى الدين فليبغ الشاب الغائب۔

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

جناب محمد بن زید طبری نے بیان کیا ہے کہ میں فراسان میں امام علی بن موسیٰ علیہ السلام کے پاس کھڑا تھا اور آپؑ کے پاس بنوہاشم کی ایک جماعت بھی کھڑی تھی؛ جن میں اسحاق بن عباس بن موسیٰ بھی موجود تھے۔ آپؑ نے فرمایا:

اے اسحاق! مجھے یہ خبر ملی ہے کہ تم لوگوں کو یہ کہتے ہو کہ تمام لوگ ہمارے غلام ہیں۔ ایسا نہیں ہے اور جو رسولؐ سے ہماری قرابت ہے اس کے حساب سے بھی میں نے کبھی بھی ایسا نہیں کہا اور نہ میں نے اپنے آباؤاجداد میں سے کسی سے ایسا سنا ہے جیسا کہ ہم کہتے ہیں۔ تمام لوگ اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں ہمارے غلام ہیں اور دین میں ہمارے موالی ہیں۔ پس ہر حاضر و غائب تک اس کو پہنچا دے۔

## حضرت امام رضاؑ کا توحیدِ خدا میں بیان

﴿قال وبهذا الأسناد﴾ قال سمعت الرضا علی بن موسیٰ (ع) یتکلم فی توحید اللّٰہ سبحانه فقال اوّل عبادة اللّٰہ معرفته واصل معرفة اللّٰہ عزوجل توحیده ونظام توحیده یفنی التحدید عنه لشهادة العقول ان کل محدود مخلوق وشهادة کل مخلوق الممتنع من الحدیث هو القدیم فی الأزل فلیس للّٰہ عبد من نعت ذاته ولا ایاه وحد من اکتنهه ولا حقیقة اصاب من مثله ولا به صدق من نهاه ولاصمد صمده من اشار الیه بشیئ من الحواس ولا ایاه عنی من شبهه ولا له عرف من بعضه ولا ایاه اراد من توهمه کل معروف بنفسه مصنوع وکل قائم فی سواه مطول بصنع اللّٰہ یستدل علیه وبالعقول تعتقد معرفته وبالفطرة تثبت حجته خلق اللّٰہ تعالی الخلق حجاب بینه وبینهم ومباینته ایاهم مفارقته لهم وابتدائه لهم دلیل

https://downloadshiabooks.com/

على ان لا ابتداء له لعجز كل مبتدء منهم عن ابتداء مثله فاسمائه تعالى تعبير وافعاله سبحانه تفهيم قد جهل الله تعالى من حده وقد تعداه من اشتمله وقد اخطأ من اكتنهه ومن قال كيف هو فقد شبهه ومن قال فيه لم فقد علله ومن قال متى فقد وقته ومن قال فيم فقد ضمنه ومن قال الى م فقد نهاه ومن قال حتى م فقد غياه ومن غياه فقد جزاه ومن جزاه فقد الحد فيه لا يتغير الله تعالى المباشرة مبجل لا باستهلال رؤية باطن لا بمز ايلة مباين لا بمسافة قريب لا يمد اناة لطيف لا يتجسم موجود لاعدم فاعل لا باضطرار مقدر لا بفكرة مدبر لابحركة مريد لا بعزيمة يشاء لابهمة مدرك لا بحاسة سميع لابالة بصير باداة لاتصحبه الأوقات ولا تضمنه ولا تأخذه السنات ولاتحده ولاتفيده الأدوات سبق الأوقات كونه والعدم وجوده والابتداء ازله بخلقه الاشباه عرف ان لا قرين له ضاد النور بالظلمة والصرد بالحرور مؤلف بين متباعد اتها ومفرق بين متدانياتها بتفريقها دل على مفرقها وتباليفها علم مؤلفها قال الله عزوجل ومن كل شيئ خلقنا زوجين لعلكم تذكرون له معنى الربوبية اذلا مربوب وحقيقة الالهية اذلا مألوه ومعنى العالم ولا معلوم ليس منذ خلق استحق معنى الخالق ولا من حيث احدث استفاد مني المحدث لاتغيبه منذ ولا تدينه قد ولا تحجبه لعل ولا توقته متى ولاتشمله حين ولاتقارنه مع كلما فى الخلق ما لمثر غير موجود فى خالقه وكلما امكن فيه متنع من صانعه لا تجرى عليه الحركة والسكون وكيف تجرى عليه ما هو اجراه او يعود فيه ما هو ابتدأه اذن لتفاوت ذاته ولا امتنع من الأزل معناه ولما كان للبارى معنى غير المبرء لوحدله وراه لحدله امام ولو التمس للزمه النقصان كيف يستحق الأزل من

https://downloadshiabooks.com/

لا يمتنع من الحدث وكيف ينشئ الأشياء من لا يمتنع من الأشياء لو تعلقت به المعاني لقامت فيه آية المصنوع ولتحول عن كونه دالا الى كونه مدلولا عليه ليس فى مجال القول حجة ولا فى المسئلة عنه جواب لا اله الا الله العلى العظيم -

قال انشدني ابي المأمون:

كن للمكاره بالعزاء مدافعاً فلعل يوما لا ترى ما تكره

فلربما استتر الفتى فتنافست فيه العيون وانه لمموه

ولربما خزن الأديب لسانه حذر الجواب وانه لمفوه

ولربما ابتسم الوقور من الأذى وضميره من حره يتأوه

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

گذشتہ اسناد کے ساتھ یہ بھی ہے۔ راوی بیان کرتا ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے سنا کہ وہ خدا کی توحید و وحدانیت کے بارے میں گفتگو فرما رہے تھے۔ پس آپؑ نے فرمایا:

اللہ تعالٰی کی پہلی عبادت اُس کی معرفت حاصل کرنا ہے اور اللہ تعالٰی کی معرفت کی اصل بنیاد اس کو واحد قرار دینا اور اُس کی وحدانیت کا اقرار کرنا ہے اور اُس کی وحدانیت کی زینت یہ ہے کہ اس کو حد و حدود سے مبرا قرار دیا جائے' کیونکہ عقل گواہ ہے کہ ہر محدود چیز مخلوق ہے اور ہر مخلوق گواہ ہے کہ وہ حادث نہیں ہے' بلکہ وہ ہمیشہ سے' ازل سے قدیم ہے' پس اُس کی ذات کی نعت سے اُس کی عبادت نہیں کی جاسکتی اور جس نے اُس کی حد بیان کی اُس نے اس کی اصل وحقیقت کو نہیں پہچانا۔ اور جس نے اُس کی مثل ومثال بیان کی وہ اس کی حقیقت کو نہیں پاسکا۔ اور جو اس کی نہی کرے گا وہ اُس کی تصدیق نہیں کرے گا اور جس نے اپنے حواسِ ظاہریہ کے ذریعے اس کی طرف اشارہ کیا ہے وہ اُس کو صمد نہیں قرار

https://downloadshiabooks.com/

دے رہا۔ اور جس نے اس کی تشبیہ بیان کی اُس نے اُس کا قصد و ارادہ نہیں کیا اور جس نے اُس کے حصے قرار دیئے' بعض کو بعض قرار دیا اُس نے اس کی معرفت حاصل نہیں کی اور جس نے اُس کو وہم قرار دیا اس نے بھی اس کا ارادہ نہیں کیا۔ ہر معروف بذاتِ خود مصنوع ہے اور ہر قائم جو اس کے علاوہ ہے وہ طول و لمبائی کو قبول کرتا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی صفت پر اُس سے استدلال کیا جاتا ہے اور عقول کے ساتھ اُس کی معرفت کا عقیدہ رکھا جاتا ہے۔ اور فطرت کے ذریعے اس کی حجت و دلیل ثابت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو خلق فرمایا اور پھر اپنے اور اُن کے درمیان پردہ حائل کر دیا ہے اور اپنے اور اُن کے درمیان مباینت قرار دی اور اُن کے اور اپنے درمیان مفارقت قرار دی اور اس مخلوق کی ابتداء اس بات کی دلیل ہے کہ اس کی کوئی ابتداء نہیں ہے کیونکہ ہر ابتداء کرنے والا اس کی ابتداء کو جاننے سے قاصر ہے اور اس کے تمام اسماء صرف اس کو تعبیر کرنے کے لیے ہیں' ورنہ اس کی حقیقت کو بیان نہیں کرتے اور اُس کے افعال صرف اور صرف سمجھانے کے لیے ہیں۔ پس جس نے اس کی حد معین کی وہ اس سے جاہل ہے اور جس نے اُس کا احاطہ کرنے کی کوشش کی وہ اس کی تعداد کا قائل ہو گیا اور جو اُس کی اصل حقیقت کو جاننے کی کوشش کرے گا وہ خطا کار ہے۔ اور جو یہ بیان کرتا ہے کہ وہ کیسا ہے وہ اس کی تشبیہ بیان کرنے والا ہے اور جو اس کے بارے میں یہ بیان کرتا ہے کہ وہ کیوں ہے تو اُس نے اُس کی تعلیل بیان کی ہے اور جو اُس کے بارے میں بیان کرتا ہے کہ وہ کب سے ہے اُس نے اُس کے لیے وقت معین کیا ہے اور جس نے یہ بیان کیا ہے کہ وہ اس میں ہے تو اُس نے اُس کو مضمون قرار دیا ہے (یعنی کسی کے ضمن میں قرار دینا) اور جس نے یہ بیان کیا کہ وہ کب تک ہے اس نے اُس کی نفی کی ہے۔ اور جس نے بیان کیا کہ وہ فلاں وقت ہے اُس نے اُس کی غایت و انتہا بیان کی ہے۔ اور جس نے اُس کی غایت و انتہا بیان کی ہے اُس نے اُس کا تجزیہ کیا ہے۔ اور جس نے اُس کا تجزیہ کیا وہ اُس کی حد کا قائل ہو گیا ہے۔ پس وہ کافر

https://downloadshiabooks.com/

ہوگیا اور مخلوق کی معاشرت سے اُس میں تبدیلی نہیں ہوسکتی۔ وہ ایسا روشن و ظاہر ہے جس کو آنکھوں سے دیکھا نہیں جاسکتا اور وہ ایسا باطن ہے جو ظاہر نہیں ہوسکتا اور وہ ایسا دور ہے جو مسافت کے اعتبار سے دُور نہیں ہے اور وہ ایسا قریب ہے جس قرب کو محسوس نہیں کیا جاسکتا۔ وہ ایسا لطیف ہے جو مجسم نہیں ہوسکتا' وہ ایسا موجود ہے کہ جس میں عدم نہیں ہے۔ وہ فاعل (یعنی کرنے والا) ہے جو مجبُور نہیں ہوتا اور وہ بغیر فکروسوچ کے امور کی تقدیر کرنے والا ہے اور کوئی حرکت کیے بغیر اُمور کی تدبیر کرنے والا ہے اور بغیر کسی عزیمت اور مشکل کے وہ ارادہ کرنے والا ہے اور بغیر کوشش اور ہمت کے وہ چاہنے والا ہے اور وہ دور کرنے والا ہے بغیر اس کے کہ وہ کوئی محسوس کرے۔ اور وہ بغیر سُننے کے آلہ سے سنتا ہے اور بغیر دیکھنے والے آلہ سے دیکھتا ہے اور وہ زمانے کے ساتھ مربوط نہیں ہے اور نہ ہی زمانہ اس کا احاطہ کرسکتا ہے اور اس کو نیند اور اونگھ نہیں آتی اور اس کے اوصاف محدود نہیں ہیں۔ آلات و اسباب اس کو نفع اور فائدہ نہیں دیتے (کیونکہ وہ ان کا محتاج نہیں ہے) اور اُس کا وجود زمانے سے پہلے ہے۔ اُس کا وجود عدم پر سبقت رکھتا ہے اور وہ ہمیشہ سے ہے۔ وہ اشیاء کی خلقت سے معلوم ہوا۔ اُس کا کوئی ساتھی نہیں ہے اور اُس نے نور کو تاریکی کی ضد قرار دیا ہے' سردی کو گرمی کی ضد بنایا اور دُور دُور والی چیزوں کے درمیان الفت پیدا کی اور قریب قریب والی چیزوں کے درمیان جدائی ڈالی اور اس جدائی نے اس جدا کرنے والے کی معرفت کرائی ہے اور اُن کے قرب نے اُن کے درمیان تالیف کرنے والی اور جوڑنے والی ذات کو بیان کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے کہ ہم نے ہر چیز کا جوڑا خلق کیا ہے تاکہ تم اُس سے تذکرہ اور نصیحت حاصل کرسکو اور وہ تب تھا جب پرورش حاصل کرنے والا کوئی نہیں تھا اور وہ اس وقت سے معبُود حقیقی ہے کہ جب اس کی عبادت کرنے والا کوئی نہیں تھا اور وہ اُس وقت بھی عالم تھا کہ جب کوئی ایسی چیز نہیں تھی جس کے ساتھ علم کا تعلق ہوتا اور وہ خالق ہے ایسا نہیں کہ جب اس نے خلق کیا پھر وہ خلق کے معنی کا مستحق ہوا۔ وہ ایسا

https://downloadshiabooks.com/

نہیں ہے کہ اُس نے ایجاد کیا تو پھر ایجاد کرنے کے معنی کا مستحق قرار پایا ہے۔کوئی چیز اُس سے غائب نہیں ہے اور کوئی اُس کے قریب نہیں ہے اور نہ ہی شاید اُس کو تعجب میں مبتلا کرسکتا ہے۔اُس کے وقت کو بیان نہیں کیا جاسکتا' کوئی زمانہ اس کا احاطہ نہیں کرسکتا' اُس کو کسی کے ساتھ مقارن نہیں کیا جاسکتا' ہر قسم کا اثر جو مخلوق میں پایا جاتا ہے وہ خالق نہیں ہوتا اور جو چیز مصنوع میں پائی جاتی ہے وہ اُس کے بنانے والے میں ممتنع ہوتی ہے۔پس اُس میں حرکت اور سکون نہیں پایا جاتا اور یہ کیسے جاری ہو سکتے ہیں اُس ذات پر کہ جو خود ان کو دوسروں پر جاری کرنے والا ہے؟ یہ تمام چیزیں اُس کی طرف رجوع کرنے والی ہیں کیونکہ یہ سب کی سب اُس سے ابتداء کرنے والی نہیں (یعنی وہ ان کو پیدا کرنے والا ہے) کیونکہ اُس کی ذات ان چیزوں سے وجدا ہے اور یہ چیزیں اگر اُس کو لاحق ہوجائیں تو وہ ان کی ازلیت کو ختم کردیتی ہے اور خالق وباری کے لیے مخلوقیت اور اوصاف کو ثابت نہیں کیا جاسکتا اور اگر اس کے لیے پیچھے والی حد مقرر کی جائے گی تو اس کے لیے آگے والی حد بھی معین کرنا پڑے گی۔(یعنی اُس کے لیے حد مقرر کرنا محال ہے) اور اگر تو یہ کہہ دے کہ وہ کامل ہوگیا ہے تو اس کا لازمی ہے کہ تو اُس کے نقصان کا قائل ہوا ہے۔وہ کیسے لازمی اور ہمیشہ سے ہوسکتا ہے جو اپنے آپ سے حدیث کو منع نہ کرسکے۔(یعنی جو ازلی ہے وہ حادث نہیں ہوسکتا) اور وہ چیزوں کو کیسے ایجاد کرسکتا ہے کہ جو خود چیزوں کا محتاج ہے۔اور جو ان معانی کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اُس کا محتاج ہے۔یہ خود اس کے مصنوع اور مخلوق ہونے کی دلیل ہے (یعنی وہ خالق نہیں بلکہ مخلوق ہے) اور وہ اُس کو دال سے مدلول کی طرف تبدیل کردے گی اور اُس کے پاس مقامِ گفتگو میں کوئی دلیل نہیں اور جب اس سے سوال کیا جائے گا تو وہ اس کا جواب نہیں دے سکے گا جب کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔وہ علی اور عظیم ہے۔

راوی بیان کرتا ہے کہ ابو مامون نے وہاں یہ اشعار پڑھے:

https://downloadshiabooks.com/

كن للمكاره بالعزاء مدافعاً

فلعل يوما لا ترى ما تكره

''برائیوں کو عمدہ اخلاق کے ذریعے دُور کرو۔ پس امید ہے کہ ایک دن آئے گا کہ جو کسی برائی کو نہیں دیکھے گا''۔

فلربما استتر الفتی فتنافست

فیه العیون وانه لمموه

بعض اوقات جوان ایسے پردے میں چلا جاتا ہے کہ اس میں اس کی آنکھیں مانوس ہوتی ہیں اور وہ ان کو پُر کر دیتا ہے''۔

ولربما خزن الأدیب لسانه

حذر الجواب وانه لمفوه

''بعض اوقات غم ایسا ہوتا ہے کہ ادیب کی زبان بھی اُس کو بیان کرنے سے عاجز ہوتی ہے کیونکہ وہ اُن کو معاف کر دیتا ہے''۔

ولربما ابتسم الوقور من الأذی

وضمیره من حره یتأوه

اور بعض اوقات (لوگ) عظیم بھی اس اذیت پر مسکرا دیتا ہے اور اس کا ضمیر اس کی گرمی کو محسوس کرتا ہے''۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 31

[بروز پیر ۱۶ رمضان المبارک سال ۴۰۹ ہجری قمری]

## نیکی میری طرف سے ہدایت ہے

ابوالفوارس ﴿حدثنا﴾ الشیخ الجلیل المفید ابوعبداللّٰہ محمد بن محمد بن النعمان اید اللہ تمکینہ ﴿قال أخبرنی﴾ ابوغالب احمد بن محمد الازی رحمہ اللہ ﴿قال حدثنی﴾ خالی ابوالعباس محمد بن جعفر الرزاز القرشی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسین بن ابی الخطاب عن الحسن ابن محبوب عن جمیل بن صالح عن برید بن مغریۃ العجلی عن ابی جعفر محمد بن علی الباقر (ع) عن آبائہ قال قال رسول اللہ (ص) یقول اللہ تعالی المعروف ھدیۃ منی الی عبدی المؤمن فان قبلھا منی فبرحمتی ومن وان ردھا علی فبذنبہ حرمھا ومنہ لامنی وأیما عبد خلقتہ وھدیتہ الی الایمان وحسنت خلقہ ولم ابتلہ بالبخل فانی اریدیہ خیرا۔

**حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)**

امام محمد باقر علیہ السلام نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل فرمایا ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ نیکی میری طرف سے اپنے مومن بندے کے لیے ہدیہ و ہدایت ہے۔ اگر وہ میری طرف سے اس نیکی کو قبول کرلے تو میری رحمت اس کے شامل

https://downloadshiabooks.com/

حال ہو جاتی ہے اور اگر وہ اُس کو رد کر دے میری طرف تو اُس کا گناہ اُس کے لیے اور اس ہدیہ کو میں اُس پر حرام کر دیتا ہوں اور انہی کی طرف سے اس کو اُس سے محروم کر دیتا ہوں۔ میں جس بندے کو خلق کرتا ہوں اگر میں اُس سے خیر و نیکی کا ارادہ کر لوں تو اُسے ایمان کی طرف ہدایت کرتا ہوں اور اُس کے اخلاق کو اچھا بنا دیتا ہوں اور اُس کو بخیل نہیں بناتا۔

## فاطمہ علیہا السلام میرا ٹکڑا ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ ابو القاسم الحسن بن علی بن الحسن الكوفی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد ابن مروان الغزال ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن الحسن الأحمسی ﴿قال حدثنا﴾ خالد بن عبدالله عن يزيد بن ابن زياد عن عبدالله بن الحرث بن نوفل قال سمعت سعد بن مالك يعنى ابن ابى وقاص يقول سمعت رسول الله (ص) يقول فاطمة بضعة منى من سرها فقد سرنى و من سائها فقد سائنى فاطمة اعز البرية على –

**حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)**

سعد بن مالک یعنی ابن ابی وقاص نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

فاطمہ علیہا السلام میرا ٹکڑا ہے جس نے اس کو خوش کیا اُس نے مجھے خوش کیا اور جس نے اس کو ناراحت و ناراض کیا اُس نے مجھے ناراحت و ناراض کیا۔ فاطمہ علیہا السلام تمام مخلوق سے زیادہ مجھے عزیز ہے اور عزت دار ہے۔

## امیر المومنینؑ کا محمد بن ابی بکر اور اہلِ مصر کی طرف خط

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن محمد بن محمد بن حبيش

https://downloadshiabooks.com/

الكاتب ﴿قال أخبرنى﴾ الحسن بن على الزعفرانى ﴿قال أخبرنى﴾ ابو اسحاق ابراهيم بن محمد الثقفى ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن محمد بن عثمان ﴿قال حدثنا﴾ على بن محمد بن ابى سعيد عن فضيل بن الجعد عن ابى اسحاق الهمدانى قال ولى اميرالمؤمنين على بن ابى طالب عليه السلام محمد بن ابى بكر مصر واعمالها وكتب له كتابا وامره ان يقرئه على اهل مصر وليعمل بما اوصاه به فيه فكان الكتاب –

بسم الله الرحمٰن الرحيم

من عبدالله اميرالمؤمنين على بن ابى طالب الى اهل مصر ومحمد بن ابى بكر سلام عليكم فانى احمد اليكم الله الذى لا اله الا هو امابعد فانى اوصيكم بتقوى الله فيما انتم عنه مسؤلون واليه تصيرون فان الله تعالى يقول كل نفس بما كسبت رهينة ويقول ويحذركم الله نفسه واليه المصير ويقول فوربك لنسألنهم عن الصغير من عملكم والكبير فان يعذب فنحن اظلم وان يعف وهو ارحم الراحمين ياعباد الله ان اقرب ما يكون العبد الى المغفرة والرحمة حين يعمل لله بطاعته وينصحه بالتوبة عليكم بتقوى الله فانها تجمع الخير ولاخير غيرها وتدرك بها من الخير مالا يدرك بها من خير الدنيا وخير الآخرة قال الله عزوجل وقيل للذين اتقوا ماذا انزل ربكم قالوا خيراً للذين احسنوا فى هذه الدنيا حسنة ولدار الآخرة خير ولنعم دار المتقين اعلموا ياعباد الله ان المؤمن من يعمل لثلاث اما لخير فان الله يثيبه بعمله فى دنياه قال الله سبحانه لابراهيم وآتيناه اجره فى الدنيا وانه فى الآخرة لمن الصالحين فمن عمل لله تعالى اعطاه اجره فى الدنيا والآخرة وكفاه المهم فيهما وقد قال الله عزوجل ياعبادي الذين آمنوا

https://downloadshiabooks.com/

اتقوا ربكم للذين احسنوا فى هذه الدنيا حسنة وارض الله واسعة يحاسبهم به فى الآخرة قال الله عزوجل للذين احسنوا الحسنى وزيادة فالحسنى هى الجنة والزيادة فى الدنيا وان الله عزوجل يكفر وبكل حسنة سيئة قال الله عزوجل ان الحسنات يذهبن السيئات ذلك ذكرى للذاكرين حتى اذا كان يوم القيمة حسبت لهم حسناتهم بكل واحدة عشر امثالها الى سبعمائة ضعف قال الله عزوجل "جزاء من ربك عطاء حسابا" وقال "اولئك لهم جزاء الضعف بما عملوا وهم فى العرفات آمنون" فارغبوا فى هذا رحمكم الله واعملوا له وتحاضوا عليه واعلموا ياعباد الله ان المتقين حازوا عاجل الخير وآجله شاركوا اهل الدنيا فى دنياهم ولم يشاركهم اهل الدنيا فى آخرتهم اباحهم الله ما اغناهم قال الله عز اسمه "قل من حرم زينة الله التى اخرج لعباده والطيبات من الرزق قل هى للذين آمنوا فى الحيوة الدنيا خالصة يوم القيمة كذلك نفصل الآيات لقوم يعلمون" سكنوا الدنيا بفضل ما سكنت واكلوها بافضل ما اكلت شاركوا اهل الدنيا فى دنياهم فاكلوا معهم من طيبات ما يأكلون وشربوا من طيبات ما يشربون ولبسوا من افضل ما يلبسون وسكنوا من افضل ما يسكنون وتزجوا من افضل ما يتزوجون وركبوا من افضل ما يركبون اصابوا لذة الدنيا مع اهل الدنيا وهم غداً جيران الله يتمنون عليه فيعطيهم ما تمنوه ولا يرد لهم دعوة ولا ينقص لهم نصيبا من اللذة فالى هذا ياعباد الله يشتاق اليه من كان له عقل ويعمل له بتقوى الله ولاحول ولا قوة الا بالله ياعباد الله ان اتقيتم الله وحفظتم نبيكم فى اهل بيته فقد عبدتموه بافضل ما عبد وذكرتموه بافضل ما ذكر وشكرتموه بافضل ما شكر واخذتم بافضل الصبر والشكر

https://downloadshiabooks.com/

واجتهدتم بافضل الاجتهاد وان كان غيركم اطول منكم صلوٰة واكثر منكم صياما فانتم اتقى للّٰه عزوجل منهم وانصح لاولى الأمر احذروا عباداللّٰه الموت وسكرته فانه يفاجاكم بامر عظيم بخير لا يكون معه شراً ابدا وبشر لا يكون معه خير ابدا فمن اقرب الى الجنة من عاملها ومن اقرب من النار من عاملها انه ليس احد من الناس تفارق روحه جسده حتّٰى يعلم اى المنزلين يصل الى الجنة ام الى النار او عدو للّٰه ام ولى فان كان ولياً للّٰه فتحت له ابواب الجنة وشرعت له طرقها ونظر الى ما اعد اللّٰه له فيها ففرغ من كل شغل ووضع عنه كل ثقل وان كان عدو اللّٰه فتحت له ابواب النار وشرعت له طرقها ونظر الى ما اعد اللّٰه له فيها فاستقبل كل مكروه وترك كل سرور كل هذا يكون عند الموت وعنده يكون اليقين قال اللّٰه عز اسمه "الذين تتوفاهم الملائكة طيبين يقولون سلام عليكم ادخلوا الجنة بما كنتم تعملون" ويقول "الذين تتوفاهم الملائكة ظالمى انفسهم فالقوا السلم ما كنّ نعمل من سوء بلى ان اللّٰه عليم بما كنتم تعملون فادخلوا ابواب جهنم خالدين فيها ولبئس مثوى المتكبرين" عباد اللّٰه ان الموت ليس منه فوت فاحذروه قبل وقوعه واعدوا له عدته فانكم طرد الموت ان اقمتم له اخذكم وان فررتم منه ادرككم وهو الزم لكم من ضلكم الموت .سمود بنو اصيكم والدين يطوى خلفكم فاكثروا ذكر الموت عند ما تنازعكم انفسكم اليه من الشهوات فكفى بالموت واعظا وكان رسول اللّٰه (ص) كثيراً ما يوصى بذكر الموت فيقول اكثروا ذكر الموت فانه هادم اللذات حائل بينكم وبين الشهوات ياعباد اللّٰه ما بعد الموت لمن لم يغفر له اشد من الموت القبر فاحزروا ضيقه وضنكه وظلمته وغربته ان القبر يقول كل يوم انا بيت

https://downloadshiabooks.com/

الغربة انا بيت التراب انا بيت الوحشة انا بيت الدود والهوام والقبر روضة من رياض الجنة او حفرة من حفر النار ان العبد المؤمن اذا دفن قالت الأرض له مرحبا اهلا قد كنت ممن احب ان تمشى على ظهرى فاذا وليتك فستعلم كيف صنيعى فتتسع له مد البصر وان الكافر اذا دفن قالت له لا مرحبا ولا اهلا قد كنت من ابغض من يمشى على ظهرى فاذا وليتك فستعلم كيف صنيعى بك فتضمه حتى يلتقى اضلاعه وان المعيشة الضنك التى حذر الله منها عدوه عذاب القبر انه يسلط الله على الكافر فى قبره تسعة وتسعين تنيناً فينهشن لحمه ويكسرن عظمه يترددون عليه كذلك الى يوم يبعث لو ان تنيناً منها نفخ فى الأرض لم تنبت زرعا ابداً اعلموا ياعباد الله ان انفسكم الضعيفة واجسداكم الناعمة الرقيقة التى يكفيها اليسير يضعف عن هذا فان استطعتم ان تنزعوا الأجساد وانفسكم مما لا طاقة لكم ولاصبر لكم عليه فاعملوا بما احب الله واتركوا ما كره ياعباد الله ان بعد البعث ما هو اشد من القبر يوم يشيب فيه الصغير ويكسر فيه الكبير ويسقط فيه الجنين وتذهل كل مرضعة عما ارضعت

ويكسر فيه الكبير ويسقط فيه الجنين وتذهل كل مرضعة عما ارضعت

يوم عبوس ظطريرا يوم شره كان مستطيرا ان فزع ذلك اليوم يرهب الملائكة الذين لاذنب لهم وترعد منه السبع الشداد والجبال والأوتاد والأرض المهاد وتنشق السماء فهى يومئذ واهية وتصير وردة كالدخان وتكون الجبال كثيبا مهيلا بعد ما كانت صما صلابا وينفخ فى الصور فيفزع من فى السموات ومن فى الأرض الا ماشاء الله فكيف من عصى بالسمع والبصر واللسان واليد والرجل والفرج والبطن ان لم يغفر الله لم

https://downloadshiabooks.com/

ویرحمه من ذلك الیوم لا یقضی ویصیر الی غیره الی نار قعرها بعید وحرها شدید وشرابها صدید وعذابها جدید ومقامعها حدید لا یفتر عذابها ولا یموت ساکنها دار لیس فیها رحمة ولا یستمع لأهلها دعوة واعلموا عباد الله ان مع هذه رحمة الله لا تعجز عن العباد جنة عرضها السماء والأرض اعدت للمتقین لا یکون معها شراً ابدا لذاتها لاتمل ومجتمعها لا یتفرق سکانها قد جاوروا الرحمن وقام بین ایدیهم الغلمان بصحاف من ذهب فیها الفاکهة والریحان– ثم اعلم یامحمد بن ابی بکر انی قد ولیتك اعظم اجنادی فی نفسی اهل مصر فاذا ولیتك ماولیتك من امر الناس فانت حقیق ان تخاف منه علی نفسك وان تحذر منه علی دینك فان استطعت ان لا تسخط ربك عزوجل برضا احد من خلقه فان فعل فان فی الله عزوجل خلفا من غیره ولیس فی شیئ سواه خلف منه اشتد علی الظالم وخذ علیه ولن لأهل الخیر وقربهم واجعلهم بطانتك واخوانك وانظر الی صلوتك کیف هی فانك امام القوم ان تتمها ولا تخففها فلیس من امام یصلی بقوم یکون فی صلوتهم نقصان الاکان علیه ولا ینقص من صلوتهم شیئ وتتمها وتحفظ فیها یکون لك مثل اجورهم ولا ینقص ذلك من اجرهم شیئا ثم انظر الی الوضوء فانه من تمام الصلوة وتمضمض ثلاث مرات واستنشق ثلاثا واغسل وجهك ثم یدك الیمنی ثم یدك الیسری ثم امسح رأسك ورجلیك فانی رأیت رسول الله (ص) یصنع ذلك واعلم ان الوضوء نصف الایمان ثم ارتقب الصلوة فصلها لوقتها ولا تعجل بها قبله لفراغ ولا تؤخرها عن لشغل فان رجلا سئل رسول الله (ص) عن اوقات الصلوة فقال رسول الله (ص) اتانی جبرئیل (ع) فارانی وقت الصلوة حین زالت الشمس وکانت

https://downloadshiabooks.com/

علی حاجبه الأیمن ثم ارانی وقت العصر فکان ظل کل شیئ مثله ثم صلی للمغرب حین غربت الشمس ثم صلی العشاء الآخرة حین غاب الشفق ثم صلی الصبح فغلس بہا والنجوم مشتبکة فصلی لهذه الأوقات والزم السنة المعروفة والطریق الواضح ثم انظر رکوعك وسجودك فان رسول اللّٰه (ص) کان اتم الناس صلوة واخفهم عملا فیہا واعلم ان کل شیئ من عملك تبع لصلوتك فمن ضیع الصلوة فانه لغیرها اضیع اسئل اللّٰه الذی یرنی ولا یری وهو بالمنظر الأعلی ان یجعلنا وایاك ممن یحب ویرضی حتٰی یعیننا وایاك علی شکره وذکره وحسن عبادته وادآء حقه وعلی کل شیئ اختار لنا فی دیننا وآخرتنا وانتم یا اهل مصر فلیصدق قولکم فعلکم وسرکم علانیتکم ولاتخالف السنتکم قلوبکم واعلموا انه لایستوی امام الهدی وامام الردی ووصی النبی (ص) وعدوه اننی لا اخاف علیکم مؤمنا ولا مشرکا اما المؤمن فیمنعه اللّٰه بایمانه واما المشرك فیحجزه اللّٰه عنکم بشرکه لکن اخاف علیکم المنافق یقول ما تعرفون ویعل ما تنکرون یامحمد بن ابی بکر اعلم ان افضل الفقه الورع فی دین اللّٰه والعمل بطاعته وانی اوصیك بتقوی اللّٰه فی سر امرك وعلانیتك وعلی ای حال کنت علیه الدنیا دار بلاء ودار فناء والآخرة دارالجزاء ودارالبقاء فاعمل لما یبقی واعدل عما یفنی ولاتنس نصیب من الدنیا انی اوصیك بسبع هن جوامع الاسلام تخشی اللّٰه عزوجل ولاتخشی الناس فی اللّٰه وخیر القول ما صدقه العمل ولا تقض فی امر بقضائین مختلفین فیختلف امرك وتزیغ عن الحق واحب لعامة رعیتك ما تحب لنفسك واهل بیتك واکره لهم ما تکره لنفسك واهل بیتك فان ذلك اوجب للحجة واصلح للرعیة وخض الغمرات الی الحق ولا

https://downloadshiabooks.com/

تخف فی اللّٰه لومة لائم وانصح المرء ان استشارك واجعل نفسك اسوة لقريب المسلمين وبعيدهم جعل اللّٰه عزوجل مودتنا فی الدين وجعلنا واياكم حلية المتقين وابقی لكم طاعتكم حتی تجعلنا واياكم بها اخوانا علی سرر متقابلين احسنوا اهل مصر موازرة محمد اميركم واثبتوا علی طاعته تردوا حوض نبيكم (ص) اعاننا واياكم علی ما يرضيه والسلام عليكم ورحمة اللّٰه بركاته۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذفِ اسناد)

ابواسحاق ہمدانی نے نقل کیا ہے کہ جب امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کو مصر کا والی و گورنر بنایا تو آپؑ نے محمد کو ایک تحریر کردہ خط دیا اور فرمایا کہ یہ میرا خط اہلِ مصر کے سامنے پڑھ کر سنانا اور جو کچھ میں نے اس میں تحریر کیا ہے میری اس وصیت پر عمل کرنا۔ وہ خط یوں تھا:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

''یہ خط اللہ کے بندے امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی طرف سے اہلِ مصر اور محمد بن ابی بکر کی طرف ہے۔ سلام علیکم! میں تمہارے لیے اُس اللہ کی حمد بیان کرتا ہوں کہ جس کے علاوہ کوئی عبادت کے قابل نہیں ہے۔ امابعد! اے لوگو! میں تمہیں اللہ کے خوف اور اُس سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں۔ اُس چیز کے بارے میں کہ جس کے بارے میں تم لوگوں سے سوال کیا جائے گا۔ تم اُس کی طرف جا رہے ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے: ہر نفس اپنے عمل کا گروی رکھا ہوا ہے (یعنی وہ اپنے آپ کو عمل کے ذریعے ہی آتشِ جہنم سے بچا سکتا ہے) اور فرماتا ہے تم اپنے آپ کو خدا (یعنی اُس کی نافرمانی) سے بچاؤ کیونکہ تم اُس کی طرف آنے والے ہو اور فرمایا: مجھے قسم ہے تیرے رب کی ضرور بہ ضرور تمہارے اعمال کے بارے میں سوال کیا جائے گا خواہ وہ عمل چھوٹا ہو یا بڑا۔ اگر وہ

https://downloadshiabooks.com/

ہمیں عذاب دیگا تو ہم ظالم ہیں اور اگر وہ معاف کر دے تو وہ بہت بڑا رحم کرنے والا ہے۔

اے اللہ کے بندو! تحقیق وہ چیز جو تجھے اللہ کی رحمت اور مغفرت کے سب سے زیادہ قریب کر سکتی ہے وہ اللہ کی اطاعت ہے اور توبہ کے لیے اُس کی بارگاہ میں آنسو بہانا ہے۔ تم لوگوں کے لیے تقویٰ اختیار کرنا لازم قرار دیا گیا ہے کیونکہ یہ تقویٰ ہی تمام نیکیوں کا مجموعہ ہے۔ (یعنی تمام نیکیاں اس سے ہی قبول ہوتی ہیں) تقویٰ کے علاوہ کوئی نیکی نیکی نہیں ہے اور اس تقویٰ کے ذریعے ہی انسان خیر کو پا سکتا ہے۔ اس کے بغیر دنیا و آخرت کی خیر نہیں پائی جا سکتی۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''اور جب پرہیزگاروں سے پوچھا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا نازل کیا ہے تو بول اٹھتے ہیں: سب سے اچھا نازل کیا۔ جن لوگوں نے نیکی کمائی اُن کے لیے اس دنیا میں بھلائی ہی بھلائی ہے اور آخرت کا گھر تو اُن کے لیے اچھا ہی ہے'' (سورہ نحل' آیت ۳۰)

اے اللہ کے بندو! جان لو مومن وہ ہے جو تین کام کرتا ہے۔ بہر حال نیکی جو ہے (یعنی ان تین کاموں میں سے جو نیکی و خیر ہے) تحقیق اللہ اس کو دنیا میں عمل کرنے سے ثابت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سبحانہ نے جناب ابراہیم علیہ السلام کے لیے فرمایا: ''اور ہم نے ابراہیمؑ کو دنیا میں ہی اس کی نیکی کا بدلہ عطا کیا اور وہ آخرت میں بھی یقیناً نیک لوگوں میں سے ہوگا'' (سورہ عنکبوت' آیت ۲۷) پس جو اللہ کے لیے نیک عمل بھی کرتا ہے اللہ اس کو دنیا اور آخرت دونوں میں اس کا اجر عطا فرماتا ہے اور ان دونوں میں جو اہم ترین ہے اس کی وہ کفایت کرتا ہے۔ تحقیق اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے خود فرماتا ہے: اے میرے وہ بندے! جو ایمان رکھتے ہو اپنے رب ہی سے ڈرتے رہو اور اس دنیا میں جن لوگوں نے نیکی کی اُن کے لیے ہی بھلائی ہے اور اللہ کی زمین وسیع اور کشادہ ہے اور صبر کرنے والوں کو ہی اس کا بدلہ اور بغیر حساب دیا جائے گا'' (سورہ زمر' آیت ۱۰) پس ان لوگوں کو خدا جو کچھ

https://downloadshiabooks.com/

وہ ان کے ساتھ مل کر پاک و پاکیزہ چیزیں کھاتے ہیں۔ جو کچھ یہ کھاتے ہیں اور جو کچھ یہ (یعنی متقین) پیتے ہیں وہ بھی ان کے ساتھ مل کر پیتے ہیں۔ اور یہ لوگ جو لباس پہنتے ہیں یہ متقین اُن سے افضل پہنتے ہیں اور وہ اس میں بہترین سکونت اختیار کرتے ہیں اور سب سے بہترین ازدواج کرتے ہیں۔ وہ دنیا میں بہترین سواری پر سوار ہوتے ہیں اور دنیاوالوں کے ساتھ مل کر بہت اچھی لذت حاصل کرتے ہیں اور آخرت میں وہ اللہ کے ہمسائے (یعنی اُس کی رحمت کے جوار میں) ہوتے ہیں اور جس کی وہ تمنا کرتے ہیں اللہ اِن کو وہ عطا کرتا ہے اور وہ اُن کی دعوت کو رد نہیں کرے گا اور ان کی کوئی چیز لذت سے کم نہیں کرے گا۔ پس اس بنا پر اے اللہ کے بندو! جو صاحب عقل ہیں وہ اس کے مشتاق ہوں گے اور جو اللہ کے خوف سے ڈرتے ہوئے عمل انجام دیتے ہیں' لاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ۔

اے اللہ کے بندو! اگر تم اللہ سے ڈرتے رہو گے اور اہلِ بیتؑ کے بارے میں اپنے نبیؐ کی حفاظت کرو گے تو تم نے سب سے بہترین انداز میں اللہ کی عبادت کی ہے اور سب سے افضل ترین انداز میں اللہ کو یاد کیا ہے اور سب سے افضل ترین انداز میں اُس کا شکر ادا کیا ہے اور تم نے سب سے افضل صبر اور شکر کیا ہے اور سب سے افضل جہاد کیا ہے۔ اگرچہ تمھارا غیر (یعنی دشمنِ آلِ محمدؐ) تمہاری نسبت لمبی لمبی نمازیں ادا کرے اور تمہاری نسبت زیادہ روزے رکھے کیونکہ تم اُن کی نسبت اللہ تعالیٰ سے زیادہ ڈرنے والے ہو اور اللہ کی طرف سے ولی الامر کی زیادہ نصیحت قبول کرنے والے ہو۔

اے اللہ کے بندو! موت اور اس کی سختی سے اپنے آپ کو بچاؤ کیونکہ یہ اچانک اپنے امرِ عظیم کے ساتھ تمہارے سامنے آنے والی ہے اور وہ امرِ عظیم خیر ہے کہ جس کے ساتھ شر نہیں ہوگا یا شر ہے کہ جس کے ساتھ خیر نہیں ہوگا۔ پس وہ شخص جنت کے زیادہ قریب ہے جو خیر و نیکی کے اعمال کو انجام دے گا اور جہنّم کے زیادہ قریب وہ شخص ہے جو شر اور برائی کو انجام دے گا کیونکہ لوگوں میں سے کوئی نہیں کہ جس کی روح اس کے بدن

https://downloadshiabooks.com/

دنیا میں عطا کرے گا اُس کا آخرت میں حساب نہیں لے گا اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ان لوگوں کے لیے جو نیکی کو زیادہ انجام دیتے ہیں اِن کے لیے اور بھی زیادہ نیکی ہے۔ اس نیکی سے مراد جنت ہے اور زیادتی سے مراد دنیا میں زیادتی ہے۔ اور تحقیق اللہ تعالیٰ ہر نیکی کو برائی کے لیے کفارہ قرار دے گا خود اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تحقیق نیکیاں برائیوں کو ختم کر دیتی ہیں اور یہ ذکر کرنے والوں کے لیے تذکرہ ہے حتیٰ کہ جب قیامت کا دن آئے گا تو ان کے لیے ہر نیکی کا دس گنا حساب کیا جائے گا یہاں تک کہ سات سو تک اضافہ ہوگا اور اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ "تیرے رب کی طرف سے یہ عطا ہے جو کافی ہے۔ (سورہ نبأ' آیت ۳۵)

"اور جن لوگوں نے نیک کام کیے ہیں اُن کے لیے اُن کے نیک اعمال کی دوہری جزا ہے اور وہ جنت میں ٹھنڈی ہواؤں میں اطمینان سے ہوں گے" (سورہ سبا' آیت ۳۷)

خدا تم پر رحم کرے اِس میں رغبت کرو اور اللہ کے لیے اپنے اعمال کو انجام دو اور اِس پر ہی اپنے آپ کو جمع رکھو۔ اے اللہ کے بندو! جان لو متقین اکٹھے رہتے ہیں اور نیکی کی طرف جلدی کرنے والے ہوتے ہیں اور موت کا انتظار کرتے ہیں اور اہلِ دنیا اُن کی دنیا میں شریک ہوتے ہیں لیکن اُن کی آخرت میں شریک نہیں ہوتے اور اللہ ان کے لیے مایحتاج کو قیام قرار دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "اے رسولؐ! ان سے سوال کرو جو زینت اور کھانے کی صاف ستھری چیزیں اپنے بندوں کے لیے پیدا کی ہیں ان کو کس نے حرام کیا ہے؟ تم خود کہہ دو کہ یہ ساری پاک و پاکیزہ چیزیں قیامت کے دن اِن لوگوں کے لیے ہیں جو دنیا میں ایمان لائے تھے۔ ہم یوں ہی اپنی آیتیں سمجھ دار لوگوں کے لیے تفصیل سے بیان کرتے ہیں"۔ (سورہ اعراف' آیت ۳۲)

یہ متقین دنیا میں احسن انداز میں زندگی بسر کرتے ہیں اور وہ اس دنیا میں وہ چیز کھاتے ہیں جو افضل و احسن ہوتی ہے۔ پس اہلِ دنیا اُن کی دنیا میں شریک ہوتے ہیں اور

https://downloadshiabooks.com/

سے جدا ہوگی مگر یہ کہ وہ جانتا تھا کہ اس کی منزل کون سی ہے۔ کیا جنتی ہے یا جہنمی؟ کیا وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے یا اُس کا دوست؟ اگر وہ اللہ تعالیٰ کا ولی اور دوست ہوگا تو اُس کے لیے جنت کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور اس کے لیے جنت کی طرف جانے والے راستے واضح و آشکار ہوں گے اور اللہ تعالیٰ نے جنت میں جو کچھ اِس کے لیے تیار کیا ہوگا وہ اُس کو دیکھتا ہوگا اور ہر شغل سے اس کو فارغ قرار دے گا اور ہر وزن کو اِس سے اٹھا لیا جائے گا۔ اگر وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہوگا تو جہنم کے سارے دروازے اُس کے لیے کھول دیے جائیں گے اور اِس کے راستے اُس کے لیے واضح و آشکار ہوں گے اور جو کچھ جہنم میں اس کے لیے تیار کیا گیا ہوگا وہ اُس کو دیکھے گا اور ہر مکروہ اس کا استقبال کرے گا اور ہر خوشی اس کو چھوڑ جائے گی اور یہ سب کچھ اس کی موت کے وقت ہوگا اور اُس کے پاس یقین ہوگا۔

اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے: ''وہ لوگ کہ جن کی روحوں کو فرشتے اس حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ نجاست اور کفر سے پاک ہوتے ہیں تو فرشتے ان کو نہایت پُرتپاک انداز میں سلام علیکم کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو نیکیاں تم کرتے رہے ہو اُن کے بدلے جنت میں داخل ہو جاؤ''۔ (سورۂ نحل، آیت ۳۲)

اور پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''اور یہ وہ لوگ ہیں جن کی روحوں کو فرشتے قبض کرتے ہیں تو وہ اس حالت میں ہوتے ہیں کہ انہوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا ہوتا ہے اور اب وہ اطاعت پر آمادہ نظر آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تو اپنے خیال میں کوئی برائی نہیں کرتے تو فرشتے ان کو جواب دیتے ہیں کہ کیوں نہیں۔ اللہ تعالیٰ تمہارے ساری کرتوتوں کو اچھی طرح جانتا ہے۔ اچھا اب جہنّم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ اور اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو جاؤ اور یہ تکبر کرنے والوں کے لیے بہت بُرا ٹھکانہ ہے''۔ (سورۂ نحل، آیت ۲۸-۲۹)

https://downloadshiabooks.com/

اے اللہ کے بندو! موت سے کوئی بھی بچ نہیں سکتا۔ اس کے آنے سے پہلے اس سے ڈرو اور اس کے لیے جو کچھ چاہیے وہ پہلے سے ہی تیار رکھو کیونکہ موت سے تمہارا سامنا ضرور ہوگا۔ اگر تم اس کے لیے آمادہ رہو گے تب بھی یہ تم کو لے لے گی اور اگر تم اس سے فرار کرو گے تب بھی یہ تم کو پا لے گی۔ اور یہ موت تمہارے لیے لازم ہے۔ تم میں سے جو فرار ہونے کی کوشش کریگا تو موت تمہارے بڑے بڑوں کے لیے آمادہ ہے جو تمہارے سامنے آئے گی اور دین تمہارے پیچھے ہے۔ جب تمہارے نفس خواہشات کے ساتھ تنازع کر رہے ہوں تو اُس وقت موت کو زیادہ یاد کرو اور تمہارے لیے واعظ موت ہی کافی ہے۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر جس چیز کی وصیت فرمایا کرتے تھے وہ موت کو یاد رکھنے کے بارے میں تھی۔ وہ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ موت کو یاد رکھو کیونکہ یہ موت تمہاری ذات ختم کرنے والی ہے اور تمہارے اور خواہشات کے درمیان حائل ہونے والی ہے۔

اے اللہ کے بندو! جس بندے نے گناہ سے توبہ نہیں کی ہوگی تو موت کے بعد اُس کے لیے قبر سخت ترین ہوگی۔ اُس کی تنگی، سختی، تاریکی اور وحشت سے اپنے آپ کو بچاؤ کیونکہ قبر ہر روز آواز دیتی ہے کہ میں دہشت کا گھر ہوں، میں مٹی کا گھر ہوں، میں تنہائی کا گھر ہوں، میں کیڑوں کا گھر ہوں، میں سخت پیاس کا گھر ہوں۔ یہ قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا بھی ہے۔ تحقیق جب مومن اس میں دفن کیا جاتا ہے تو یہ قبر اس مومن سے کہتی ہے: مرحبا اھلاً وسھلاً۔ تحقیق تو اُن میں سے ہے جن کو میں پسند کرتی تھی کہ وہ میرے اوپر چلیں۔ پس جب میں تجھے د۔۔ ت رکھتی ہوں تو میں تیرے ساتھ برا سلوک کیسے کرسکتی ہوں؟ پس وہ تاحدِ نظر وسیع ہو جائے گی اور جب کافر اس میں دفن کیا جاتا ہے تو یہ قبر اس سے کہتی ہے: ''نہ تجھے مرحبا ہو اور نہ ہی تیرے لیے اھلاً وسھلاً کہوں گی۔ تو اُن میں سے ہے جن کو میں پسند نہیں کرتی تھی کہ تو میری پشت پر چلے۔ پس اب جب کہ تو میرے سپرد کردیا گیا ہے تو اب دیکھ میں تیرے

https://downloadshiabooks.com/

ساتھ کیا سلوک کروں گی؟ پھر وہ اس کو اپنے اندر اس طرح دبائے گی کہ اس کی ہڈیاں اور پسلیاں آپس میں مل جائیں گی اور وہ تنگ زندگی تھی جس سے اللہ تعالیٰ ڈراتا رہا ہے۔ یہ قبر کا عذاب ہے کیونکہ کافر پر قبر میں اللہ تعالیٰ ننانوے اژدھے مسلط کر دے گا جو اس کے گوشت کو ڈسیں گے اور اس کی ہڈیاں توڑ دیں گے اور قیامت تک اس کے ساتھ بار بار یہ سلوک کریں گے۔ اگر ان اژدھوں میں سے ایک بھی اس زمین پر ایک پھونک مار دے تو اس زمین کا سارا سبزہ جل کر راکھ ہو جائے گا۔

اے اللہ کے بندو! جان لو کہ تمہارے نفس کمزور ہیں اور تمہارے یہ جسم نفیس اور کمزور ہیں۔ ان کے لیے تو تھوڑا ہی عذاب کافی ہے جو اس سے بھی کمزور ہے۔ اگر تم استطاعت رکھتے ہو تو اپنے جسموں اور نفسوں کو بچاؤ اُس سے جس کی تم طاقت نہیں رکھتے اور جس پر تم صبر نہیں کر سکو گے' جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے اس پر عمل کرو اور جس کو وہ پسند نہیں کرتا اُس کو ترک کر دو اور چھوڑ دو۔

اے اللہ کے بندو! قبر کے بعد جو دن سب سے زیادہ سخت ہے وہ قبروں سے اٹھائے جانے کا دن ہے اور یہ وہ دن ہے جس دن بچے جوان ہو جائیں گے اور یہ دن جوانوں کو بوڑھا کر دے گا اور ماؤں کے حمل ساقط ہو جائیں گے۔ اس دن ہر ماں اپنے بچوں کو بھول جائے گی۔ یہ وہ دن ہوگا جس دن چہرے بگڑ جائیں گے اور چہروں پر ہوائیں اُڑ جائیں گی اور اس دن کا شر ہر طرف پھیل جائے گا۔ اس دن کی دہشت اس قدر ہوگی کہ ملائکہ (جن کا کوئی گناہ نہیں ہوگا وہ) بھی اس دن سے ڈریں گے اور اس دن ساتوں شدید ترین پہاڑ' زمین میں اس کے خوف سے لرز جائیں گے اور آسمان پھٹ جائے گا۔ پس یہ وہ دن ہوگا جو بھڑکتا ہوگا اور اس دن بخارات دھواں کی مانند ہوں گے اور پہاڑ اُڑتے ہوئے بادلوں کی مانند ہوں گے۔ بعد میں دوبارہ وہ ٹھوس اور سخت ہو جائیں گے اور صور پھونکی جائے گی اور جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے وہ دہشت زدہ ہو جائے گا۔ سوائے اُن

https://downloadshiabooks.com/

لوگوں کے جن کو اللہ چاہے گا۔ پس جس شخص نے اُس کی نافرمانی کی ہوگی خواہ کانوں سے، آنکھوں سے، زبان سے، ہاتھ سے، پاؤں، شکم یا شرمگاہ کے ذریعہ اگر اللہ نے اُس کو معاف نہ کیا اور اس پر رحم نہ فرمایا تو وہ اُس دن آگ کے اُس کنوئیں میں ہوگا جو بہت گہرا اور بہت گرم ہوگا اور اس میں پینے کے لیے خون ملی پیپ ہوگی اور اس کا عذاب جدید اور اس کے درے لوہے کے ہوں گے اور اس کا عذاب کم نہیں ہوگا۔ اور اس میں رہنے والوں کو موت نہیں آئے گی اور ان پر رحم نہیں کیا جائے گا نہ ان کی پکاروں کو سنا جائے گا۔

اے اللہ کے بندو! جان لو اس کے ساتھ جنت بھی ہے کہ جس کا طول و عرض آسمانوں اور زمین کے برابر ہوگا جو متقین کے لیے بنائی گئی ہے، جس میں کوئی شر یا تکلیف نہیں ہوگی اور اس کی لذت کبھی ختم نہیں ہوگی اور اس کا اجتماع کبھی جدائی میں تبدیل نہیں ہوگا اور اللہ کی رحمت کے قریب ہوں گے اور ان کے سامنے خوبصورت غلام ہوں گے اور ان کے لیے سونے کے برتن ہوں گے جن میں مختلف رنگوں و خوشبوؤں کے پھل اور پھول ہوں گے۔

اے محمد بن ابی بکر! جان لو کہ میں نے آپ کو اپنے بہت بڑے لشکر پر ولی و گورنر بنایا ہے، جبکہ میں نے آپ کو ولی بنایا، اور آپ کو لوگوں کے امور پر ولی نہیں بنایا تو اس امرِ خلافت کا اپنے نفس کو مستحق قرار دے اور اس سے اپنے دین کو محفوظ رکھ۔ اگر ہو سکے تو مخلوق میں سے کسی ایک کی خوشی کی خاطر خدا کی ناراضگی حاصل نہ کر۔ اور اگر تو نے ایسا کر لیا تو اللہ تعالیٰ تیرے علاوہ کسی اور کو بھی اس کا مستحق اور جانشین قرار دے گا۔ ظالم پر سخت رہو اور ان کے خلاف سختی کرو۔ اپنے قریبیوں اور نیک و کار لوگوں کو اپنا دوست اور ولی قرار دو، ان کو اپنے لیے راستہ اور بھائی قرار دو اور ان کی نماز کی طرف دیکھو کہ یہ کیسی ہے کیونکہ آپ ایک قوم کے امام و پیش نماز بن رہے ہیں۔ اس کو کامل کرو، اس میں کوئی نقص نہ ہو کیونکہ اگر کوئی شخص کسی قوم کا امام ہو اور وہ لوگ اُس کے ساتھ نماز ادا کریں اور اُن کی

https://downloadshiabooks.com/

نماز میں کوئی نقص ہوگا تو اس کا گناہ اُس امام پر ہوگا لیکن اُن کی نمازوں میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ اُن کی نماز کو کامل کرو اس کو خفیف نہ قرار دو کیونکہ اگر تو نے اس کو کامل یا اس کی حفاظت کی تو تمہیں ان سب کے برابر اجروثواب ملے گا اور ان کے اجروثواب میں بھی کمی نہیں ہوگی۔ پھر اپنے وضو کی طرف بھی نظر کرو۔ کیونکہ نماز کی تکمیل اور تمامیت وضو کی وجہ سے ہے۔ وضو میں تین مرتبہ کلی کرو تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالو۔ پھر اپنا منہ دھوؤ اور اس کے بعد دائیں ہاتھ کو اور پھر بائیں ہاتھ کو دھوؤ اور پھر سر کا مسح اور پھر دونوں پاؤں کا مسح کرو کیونکہ میں نے رسولؐ خدا کو دیکھا ہے کہ وہ ایسے ہی وضو کیا کرتے تھے اور جان لو کہ وضو ایمان کا نصف ہے۔ پھر نماز کی طرف متوجہ ہو اور نماز کو بروقت ادا کرو۔ وقت سے پہلے نماز کو جان چھڑانے کے لیے نہ پڑھو اور کسی کام کی وجہ سے نماز کو مؤخر بھی نہ کرو۔

سیدالانبیاء رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک شخص نے نمازوں کے اوقات کے بارے میں سوال کیا تو رسولِ اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور انہوں نے مجھے نماز کے اوقات کے بارے میں یوں بیان کیا:

زوالِ آفتاب کے وقت کہ جب سورج دائیں آبرو پر پڑے وہ وقت نمازِ ظہر کا وقت ہے۔ جب ہر چیز کا سایہ اُس کی مثل ہو جائے تو وہ نمازِ عصر کا وقت ہے۔ نمازِ مغرب سورج کے غروب ہونے کے بعد پڑھو اور نمازِ عشاء اس وقت پڑھو کہ جب مغرب کی طرف سے سرخی ختم ہو جائے اور نمازِ فجر کو رات کی آخری تاریکی میں کہ جب ستارے غروب ہونے کے قریب ہوں (یعنی نمازِ فجر کا افضل وقت ستاروں کی روشنی میں ادا کرنا ہے)۔ ان اوقات میں نماز ادا کرو اور جو معروف سنت ہے اور واضح و روشن راستہ ہے اس کو اپنے لیے لازم قرار دو۔ اپنے رکوع اور سجود کی طرف دیکھو کیونکہ رسولؐ خدا لوگوں کے لیے مکمل نماز ادا کیا کرتے تھے اور تو بھی نماز میں ان کے لیے امر کو خفیف قرار دے اور

https://downloadshiabooks.com/

جان لے کہ تیرا ہر عمل تیری نماز کے تابع ہے۔ پس اگر تو نے نماز کو ضائع کیا تو تیرے دوسرے اعمال بھی ضائع کر دیئے جائیں گے۔

نماز کے بارے میں وہ اللہ تجھ سے سوال کرے گا جس کو تو نے نہیں دیکھا لیکن وہ تجھے دیکھتا ہے جبکہ وہ اعلیٰ مقام پر سے دیکھ رہا ہے۔ وہ ہمیں اور آپ کو اُن میں سے قرار دے جن سے وہ محبت کرتا ہے تاکہ وہ اپنے شکر ادا کرنے پر آپ کی اور ہماری مدد فرمائے۔ اور اپنے ذکر کرنے، اچھی عبادت کرنے اور اس کے حق ادا کرنے میں ہماری مدد فرمائے، اور ہر وہ کام جو ہمارے دین اور آخرت کے لیے بہتر ہو اُسے اختیار کرنے میں ہماری مدد فرمائے۔

اے اہلِ مصر! تمہارا ذہن تمہارے فعل کی تصدیق کرے اور تمہارا ظاہر تمہارے باطن کی تصدیق کرے، تمہاری زبانیں تمہارے دلوں کی مخالفت نہ کریں۔ جان لو کہ امامِ ہدایت اور ہادی اور امام ردی و مفسد تمہارے نزدیک برابر نہیں ہونے چاہئیں۔ وصیِ نبیؐ اور دشمنِ نبیؐ تمہارے نزدیک مساوی اور برابر نہیں ہونے چاہئیں۔ میں مومن اور کافر سے تمہارے بارے میں نہیں ڈرتا کیونکہ مومن کو اس کے ایمان کی وجہ سے اللہ تم سے روکے گا اور کافر کو اِس کے کفر کی وجہ سے تم کو دُور رکھے گا۔ لیکن منافق کے بارے میں مَیں آپ کے بارے میں ڈرتا ہوں کیونکہ وہ وہی کچھ بیان کرے گا جس کو تم جانتے ہو۔ اور اُس سے منع کرے گا جس کا تم انکار کرتے ہو۔

اے محمد بن ابی بکر! جان لو کہ سب سے افضل فقہ اللہ کے دین میں پرہیزگاری اور اُس کی اطاعت میں عمل کرنا ہے۔ میں آپ کو آپ کے ظاہری اور باطنی دونوں امور میں تقویٰ اختیار کرنے کی وصیت کرتا ہوں اور آپ کو ہر حال میں تقویٰ کی وصیت کرتا ہوں۔ یہ دنیا بلاء اور فنا ہونے والا گھر ہے اور آخرت جزاء اور باقی رہنے والا گھر ہے۔ جو باقی رہنے والا ہے اُس کے لیے کام کرو اور جو فنا ہونے والا ہے اس سے دُوری اختیار کرو اور دنیا

https://downloadshiabooks.com/

میں اپنے حصّے کو فراموش نہ کرو۔ میں آپ کو سات باتوں کے بارے میں وصیت کرتا ہوں۔ ان میں سے ایک جوامع اسلام بھی ہے: اللہ سے ڈرو اور لوگوں سے مت ڈرو۔ سب سے بہتر قول وہ ہے جس کی عمل تصدیق کرے۔ کسی معاملہ میں دو مختلف حکم نہ دو کہ تیرے امر کی وہ مخالفت کرے اور حق سے تجھے دُور کردے گا (یعنی عمل میں حکم کچھ اور ہو اور زبان سے حکم کچھ اور ہو تو اس کو مختلف حکم کہتے ہیں)۔ اپنی تمام رعایا کے لیے وہ چیز پسند کرو جو تم اپنے اور اپنے خاندان والوں کے لیے پسند کرتے ہو۔ اور جو تم اپنے اور اپنے خاندان والوں کے لیے پسند نہیں کرتے وہ عام رعایا کے لیے بھی پسند نہ کرو۔ کیونکہ یہ تیری محبت و دلیل کو زیادہ محکم و واجب قرار دے گی۔ اور رعایا کی اصلاح کرو اور حق کی طرف لوگوں کو آمادہ کرو۔ اللہ کے بارے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرو۔ اگر کوئی آپ سے مشورہ طلب کرے تو اُس کو اچھی نصیحت کرو اور تمام مسلمانوں خواہ وہ قریب ہوں یا بعید اِن کے لیے اپنے آپ کو ایک نمونہ قرار دو۔ اور ہماری محبت و مودّت کو دین میں سے قرار دو۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو متقین کا زیور قرار دے اور ان کو تمہاری اطاعت پر باقی رکھے تاکہ وہ ہمیں اور آپ کو بھائی قرار دیں جو ایک دوسرے کی خوشی کا موجب بنیں۔ اہلِ مصر کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے امیر و آقا ہیں۔ خدائے بزرگ و برتر تم سب کو اُن کی اطاعت پر ثابت قدم رکھے اور اپنے نبیؐ کے حوض پر تم سب کو وارد کرے اور جو اس کو پسند ہے اُس کو انجام دینے پر ہماری اور آپ کی مدد کرے۔

وسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

## اپنی ناکامی کو ظاہر نہ کرو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابونصر محمد بن عمر النیشاپوری ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن السری ﴿قال

https://downloadshiabooks.com/

حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ حفص بن غیاث عن برد بن سنان عن مکحول عن واثلة بن الاسقع قال قال رسول اللّٰه (ص) لاتظهر الشماتة لاخیك فیعافیه ویبتلیك وصلی اللّٰه علی سیدنا محمد النبی وآله وسلم تسلیماً۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

جناب واثلہ بن الاسقع نے کہا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اپنے بھائی پر اپنی ناکامی کو ظاہر نہ کرو تاکہ وہ عافیت میں رہے اور وہ تجھے نہ آزمائے۔ صلی اللہ علی محمد وآلہ۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 32

[بروز بدھ ۱۳ رمضان المبارک سال ۱۴۰۹ ہجری قمری]

## تم سب اللہ تعالیٰ کے دین پر ہو

﴿حدثنا﴾ الشیخ الجلیل المفید ابوعبداللّٰہ محمد بن محمد بن النعمان ادام اللّٰہ تأییدہ ﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویۃ ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنی﴾ سعد بن عبداللّٰہ عن احمد ابن محمد بن عیسیٰ عن یونس بن عبدالرحمٰن عن کلیب بن معویۃ الأسدی قال سمعت ابا عبداللّٰہ جعفر بن محمد (ع) یقول اما واللّٰہ انکم لعلی دین اللّٰہ وملائکتہ فاعینونا علی ذٰلک بورع واجتہاد وعلیکم بالصلوٰۃ والعبادۃ علیکم بالورع۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام نے فرمایا: آگاہ ہو جاؤ، خدا کی قسم، تم اللہ اور اُس کے ملائکہ کے دین پر ہو۔ پس تم پرہیزگاری اور اجتہاد کے ساتھ ہماری مدد کرو۔ اور تم پر نماز اور عبادت خدا واجب ہے اور تم اپنے آپ پر پرہیزگاری کو لازم قرار دو۔

## زوجۂ نبی اکرمؐ نے آپؑ سے سوال کیا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ ابو القاسم علی بن الحسن الکوفی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد بن مروان

https://downloadshiabooks.com/

﴿قال حدثنا﴾ ابی قال مسیح بن محمد ﴿قال حدثنی﴾ ابو علی بن عمرة الخراسانی عن اسحاق بن ابراهیم عن ابی اسحاق السبیعی قال دخلنا علی مسروق بن الأجدع فاذا عنده ضیف له لانعرفه وهما یطعمان من طعام لهما فقال الضیف کنت مع رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله وسلم بخیر فلما قالها عرفنا انه کانت له صحبة مع النبی (ص) قال فجائت بنت حی بن اخطب الی النبی (ص) فقالت یارسول اللّٰه انی لست کاحد نسائك قتلت الأب والأخ والعم فان حدث بك حدث فالی من فقال لها رسول اللّٰه (ص) الی هذا واشار الی علی بن ابی طالب (ع) قال الا احدثکم بما حدثنی به الحرث الأعور قال قلنا بلی قال دخلت علی علی بن ابی طالب علیه السلام فقال ماجاء بك یا اعور قال قلت حبك یا امیرالمؤمنین قال قلت اللّٰه فناشدنی ثلاثا ثم قال اما انه لیس عبد من عباد اللّٰه ممن امتحن اللّٰه قلبه للایمان الا وهو یجد مودتنا علی قلبه فهو یحبنا ولیس عبد من عباد اللّٰه ممن سخط اللّٰه علیه الا هو یجد بغضنا علی قلبه فهو یبغضنا فاصبح محبنا ینتظر الرحمة وکان ابواب الرحمة قد فتحت له واصبح مبغضنا علی شفا جرف هار فانهار به فی نار جهنم فهنیئا لأهل الرحمة رحمتهم وتعسا لأهل النار مثواهم-

**حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)**

اسحاق سبیعی نے بیان کیا ہے کہ میں علی بن مسروق کے پاس گیا تو اُس کے پاس ایک مہمان موجود تھا جس کو ہم نہیں جانتے تھے اور وہ دونوں کھانا کھا رہے تھے۔ اس مہمان نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں آپؐ کے ساتھ تھا۔ جب اس نے یہ کہا تو ہمیں یہ معلوم ہوگیا کہ مہمان یقیناً رسولؐ خدا کا صحابی ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

پھر اُس نے کہا کہ بنت حی بن اخطب نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آ کر عرض کیا: یارسولؐ اللہ! کیا میں آپؐ کی ازواج میں سے ایک نہیں ہوں؟ آپؐ نے میرے باپ کو، میرے بھائی کو اور میرے چچا سب کو قتل کر دیا ہے۔ اب اگر آپؐ کے ساتھ کوئی حادثہ (یعنی آپؐ کی وفات واقع ہو جائے) پیش آ جائے تو پھر میں نے کس کی طرف رجوع کرنا ہے؟ پس رسولؐ خدا نے اس سے فرمایا: اُس کی طرف۔ اور آپؐ نے علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی طرف اشارہ فرمایا۔

اور اُس نے کہا: کیا میں تم لوگوں کو وہ خبر سناؤں جو مجھے حرث اعور نے سنائی ہے؟ ہم نے کہا: کیوں نہیں۔ اُس نے کہا: میں علی ابن ابی طالبؑ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ آپؑ نے فرمایا: اے اعور! کیوں آئے ہو؟ میں نے عرض کیا: آپؑ کی محبت مجھے آپؑ کے پاس لے کر آ گئی ہے۔ اس نے کہا کہ میں نے اللہ کو گواہ قرار دے کر تین مرتبہ یہ عرض کیا: پھر آپؑ نے فرمایا: اے اعور! آگاہ ہو جاؤ، اللہ کے بندوں میں سے کوئی بندہ ایسا نہیں ہے کہ جس کے دل کا اللہ تعالیٰ نے امتحان لیا ہو مگر یہ کہ اُس کے دل کے سامنے ہماری مودّت کو پیش کیا گیا ہو۔ پس وہ ہمارے ساتھ محبّت رکھتا ہوگا اور کوئی بندہ ایسا نہیں ہے جو اُن میں سے ہو جن پر اللہ ناراض ہو، مگر یہ کہ اللہ اُس کے دل میں ہمارے لیے بُغض پیدا کر دیتا ہے اور وہ ہمارے ساتھ بُغض رکھتا ہے۔ جب ہمارے ساتھ محبّت کرنے والا صبح کرتا ہے تو وہ اِس حالت میں ہوتا ہے کہ اللہ کی رحمت کا منتظر ہوتا ہے اور جنت کے دروازے اس کے لیے کھلے ہوتے ہیں اور ہمارے ساتھ بُغض رکھنے والا اس حالت میں صبح کرتا ہے کہ وہ جہنّم کے کنارے پر کھڑا ہوتا ہے اور جہنّم کی آگ کے کنارے پر ہوتا ہے۔ اہلِ رحمت کے لیے رحمت مبارک ہو اور اہلِ نار کے لیے کتنا بُرا ٹھکانہ ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

# قیامت کے دن صرف چار سوار ہوں گے

﴿قال أخبرنی﴾ ابو علی الحسن بن الفضل الرازی ﴿قال حدثنا﴾ ابو الحسن علی بن احمد بن بشر العسکری عن محمد بن هرون الهاشمی ﴿قال حدثنا﴾ ابواسحاق ابراهیم بن مهدی الابلی ﴿قال حدثنا﴾ اسحاق بن سلیمان الهاشمی ﴿قال حدثنی﴾ ابی قال حدثنی هرون الرشید ﴿قال حدثنی﴾ ابی المهدی ﴿قال حدثنا﴾ المنصور ابوجعفر محمد بن علی ﴿قال حدثنی﴾ ابی عن جدی علی بن عبدالله بن العباس عن عبدالله بن عباس بن عبدالمطلب قال سمعت رسول الله (ص) یقول یا ایها الناس نحن فی القیمة رکبان اربعة لیس غیرنا فقال له قائل بابی انت وامی یارسول الله من الرکبان قال انا علی البراق واخی صالح علی ناقة الله التی عقرها قومه وابنتی فاطمة علی ناقتی العضباء وعلی بن ابی طالب علیه السلام علی ناقة من فوق الجنة خطامها من لؤلؤ رطب وعیناها من یاقوتتین حمروین وبطنها من زبرجد اخضر علیها قبة من لؤلؤة بیضاء یری ظاهرها من باطنها وباطنها من ظاهرها ظاهرها من رحمة الله وباطنها من عفوالله اذا اقبلت زفت واذا ادبرت زفت وهو امامی علی رأسه تاج من نور یضیئ لأهل الجمع ذلك التاج له سبعون رکنا کل رکن یضیئ کالکواکب الدری فی افق السماء وبیده لوآء الحمد وهو ینادی فی القیمة لا اله الا الله محمد رسول الله (ص) ولایمر بملاء من الملائکة الا قالوا نبی مرسل ولا یمربنی مقرب الاقال ملك مقرب فینادی مناد من بطنان العرش یاایها الناس لیس هذا ملکا مقربا ولانبیا مرسلا ولاحامل عرش هذا علی بن ابی طالب وتجیئ شیعته من بعده فینادی مناد لشیعته من انتم فیقولون نحن العلویون

https://downloadshiabooks.com/

فیأتیهم النداء ایها العلویون انتم آمنون ادخلوا الجنة مع من کنتم توالون۔

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

جناب عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اے لوگو! قیامت کے دن ہم چار کے علاوہ کوئی سوار نہیں ہوگا۔ سننے والے نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہو جائیں وہ کون کون ہیں جو سوار ہوں گے؟ آپؐ نے فرمایا:

① میں ہوں جو براق پر سوار ہوں گا۔

② میرا بھائی صالح وہ اللہ کی اُونٹنی پر سوار ہوگا جس کی ٹانگیں اس کی قوم نے کاٹ دی تھیں۔

③ بیٹی فاطمہ علیہا السلام ہیں وہ اُس اُونٹنی پر جس کا نام غضباء ہے سوار ہوں گی۔

④ علی ابن ابی طالب علیہ السلام جنت کی اُونٹنیوں میں سے ایک اُونٹنی پر سوار ہوں گے جس کی نکیل لولؤ کی ہوگی اور اس کی آنکھیں سرخ یاقوت کی ہوں گی اور اُس کا شکم زبرجد سبز کا ہوگا اور اُس کے اُوپر ایک گنبد ہوگا جو سفید ہوگا۔ اُس کے ظاہر سے باطن کو دیکھا جا سکے گا اور باطن سے ظاہر کو دیکھا جا سکے گا۔ اس کا ظاہر اللہ کی رحمت اور اس کا باطن اللہ کی بخشش کا ہوگا۔ اِس کے آگے اور پیچھے کا حصّہ چمک رہا ہوگا اور علیؑ ابن ابی طالبؑ میرے آگے آگے ہوں گے۔ اُن کے سر پر نُور کا تاج ہوگا جو تمام اہلِ محشر کے لیے چمک رہا ہوگا۔ اس تاج کے ۷۰ کونے ہوں گے اور ہر کونہ آسمان پر چمکتے ہوئے ستارے کی مانند ہوگا۔ آپؐ کے ہاتھ میں لوائے حمد کا پرچم ہوگا اور آپؐ قیامت کے دن ندا دیں گے: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ آپؑ فرشتوں کے جس گروہ کے قریب سے گزریں گے وہ کہہ رہا ہوگا یہ نبی مُرسل ہے اور جب آپؑ کسی نبیؑ کے قریب سے گزریں گے تو وہ کہہ رہا ہوگا یہ ملکِ مقرب ہے۔ پھر عرش کے وسط سے منادی آواز دے گا:

https://downloadshiabooks.com/

اے لوگو! یہ نہ نبی مرسل ہے اور نہ ہی ملکِ مقرب ہے اور نہ ہی کوئی حاملِ عرش ہے بلکہ یہ علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں اور ان کے میدان کے شیعہ آئیں گے۔ پھر منادی آواز دے گا ان کے شیعوں کے لیے' تم کون ہو؟ پس وہ جواب دیں گے: ہم علوی ہیں۔ انہیں آواز آئے گی: اے علویو! تم امن میں ہو اور جن سے محبت کرتے ہو اُن کے ساتھ مل کر جنت میں داخل ہو جاؤ۔

## امام علی بن رضا علیہ السلام کی دعا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن بن الولید عن أبیه عن محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن عیسٰی عن الزبان بن الصلت قال سمعت الرضا علی بن موسٰی (ع) یدعوا بکلمات نحفظها عنه فما دعوت بها فی شدة الافرج الله عنی وهی اللهم انت ثقتی فی کل کرب وانت رجائی فی کل شدة وانت لی فی کل امر ینزل بی ثقتی وعدتی کم من کرب یضعف عنه الفؤاد وتقل فیه الحیلة وتعی فیه الامور ویخذل فیه القریب والبعید والصدیق ویشمت فیه العدو انزلته بك وشکوته الیك راغبا الیك فیه عمن سواك ففرجته وکشفته وکفیتنیه فانت ولی کل نعمة وصاحب کل حاجة ومنتهی کل رغبة فلك الحمد کثیراً ولك المن فاضلا بنعمتك یتم الصالحات یامعروفا بالمعروف ویامن هؤ بالمعروف موصوف انلنی من معروفك معروفا تغنینی به عن معروف من سواك برحمتك یاارحم الراحمین –

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

ریان بن صلت نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے سنا

https://downloadshiabooks.com/

ہے کہ آپؐ ان کلمات کے ساتھ دعا کیا کرتے تھے اور ہم نے ان کلمات کو یاد کرلیا اور جب بھی کسی مشکل اور شدت کے وقت ہم نے ان کلمات کے ساتھ دعا کی تو خدا نے اُس مشکل اور شدت کو ہم سے دُور فرما دیا اور دعا کے وہ کلمات عربی میں متن کتاب میں موجود ہیں:

اللهم انت ثقتی فی کل کرب وانت رجائی فی کل شدة وانت لی فی کل امر ینزل بی ثقتی وعدتی کم من کرب یضعف عنه الفؤاد وتقل فیه الحیلة وتعی فیه الامور ویخذل فیه القریب والبعید والصدیق ویشمت فیه العدو انزلته بك وشکوته الیك راغبا الیك فیه عمن سواك ففرجته وکشفته وکفیتنیه فانت ولی کل نعمة وصاحب کل حاجة ومنتهی کل رغبة فلك الحمد کثیراً ولك المن فاضلا بنعمتك یتم الصالحات یامعروفا بالمعروف ویامن هؤ بالمعروف موصوف انلنی من معروفك معروفا تغنینی به عن معروف من سواك برحمتك یاارحم الراحمین۔

''اے میرے اللہ! تو ہی ہر مصیبت میں میرا سہارا ہے، اور ہر سختی میں میری امید کی جگہ ہے، ہر تنگی جو مجھ پر آتی ہے اس میں تو ہی میرا آسرا اور پونجی ہے۔ اور کتنی ہی مشکلیں ہیں جن سے میرا دل کمزور ہو جاتا ہے اور تدبیریں ناکام ہو جاتی ہیں، اپنے اور بیگانے میرا ساتھ چھوڑ جاتا ہیں اور دشمن طعنے دیتے ہیں اور ہر کام اُدھورا رہ جاتا ہے جب میں تیرے حضور آتا ہوں، تجھ سے عرض کرتا ہوں تیرے سوا دوسروں سے منہ موڑ لیتا ہوں پس تو میری ہر مشکل کو حل کرتا ہے اور سختی دُور کرتا ہے اور میری سرپرستی

https://downloadshiabooks.com/

کرتا ہے۔ تو ہی ہر نعمت کا مالک ہے اور ہر حاجت میں میرا مددگار ہے اور ہر خواہش ہر رغبت کی انتہا تو ہی ہے۔ تیرے لیے حمد بہت زیادہ ہے اور تیرا خاص احسان ہے۔ اور صالحات کے ساتھ تیری نعمت تمام ہوتی ہے۔ اے جو نیکی کے ساتھ مشہور ہے۔ اے وہ ذات جو نیکی کے ساتھ معروف ہے اور تیری نیکی جو معروف و مشہور ہے وہ مجھے ملنے والی ہے اور تیری معروف نے اور نیکی نے مجھے تیرے سوا دوسرے کی نیکی و معروف سے بے نیاز کر دیا ہے۔ تیری رحمت کے ساتھ اے وہ جو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے"۔

## دو چیزیں منافق میں جمع نہیں ہوسکتیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنی﴾ ابو القاسم علی بن الحسن عن جعفر بن محمد بن مروان عن أبيه ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن عيسٰى ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن جعفر عن أبيه جعفر ابن محمد عن آبائه (ع) قال قال رسول الله (ص) خلتان لا يجتمعان فی منافق فقه فی الاسلام وحسن سمت فی الوجه وصلى الله على سيدنا محمد النبی و آله وسلم تسليماً ـ

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: دو چیزیں منافق میں جمع نہیں ہوسکتیں۔ اسلام میں فقہ (یعنی اسلام کی حقیقی فقہ) اور اس کے چہرے پہ اچھی صورت (یعنی منافق کے چہرے کی رونق اچھی اور خوبصورت نہیں ہوگی)

◎◎◎

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 33

[بروز ہفتہ ۲۱ رمضان المبارک سال ۴۰۹ ہجری قمری]

## قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا ہوگا

﴿حدثنا﴾ الشیخ المفید ابو عبداللہ محمد بن محمد بن النعمان ایداللہ حراستہ ﴿قال أخبرنی﴾ احمد بن محمد بن الحسن ابن الولید ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن الصفار عن علی بن القاشانی عن الاصفهانی عن داود بن سلیمان المنقری عن حفص بن غالب قال قال ابوعبداللہ جعفر بن محمد علیہ السلام اذا اراد احدکم ان یسئل اللہ شیئا الا اعطاہ فلییئس من الناس کلھم ولا یکون لہ رجاء الا من عند اللہ عزوجل فاذا علم اللہ تعالی ذلک من قلبہ لم یسأل شیئا الا اعطاہ فحاسبوا انفسکم قبل ان تحاسبوا فان فی القیمۃ خمسین موقفا کل موقف مثل الف سنۃ مما تعدون ثم تلاھذہ الآیۃ فی یوم کان مقدارہ خمسین الف سنۃ۔

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

حفص بن غازب نے حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی بندہ یہ ارادہ کرتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے کوئی سوال نہ کرے مگر یہ کہ خدا اس کو عطا کردے پس وہ سارے لوگوں سے مایوس ہوجائے۔ جب اس بندے کے دل میں یہ چیز پیدا ہوجاتی ہے کہ سوائے خدا کے اور کسی جگہ سے امیدوار نہیں

https://downloadshiabooks.com/

ہے اور جب یہ عقیدہ اُس کے دل میں پیدا ہو جائے اور اللہ تعالیٰ جان لیتا ہے کہ اس کے دل میں یہ چیز راسخ ہو چکی ہے۔ پھر وہ جس چیز کا بھی خدا سے سوال کرتا ہے اللہ اس کو عطا کرتا ہے۔ پس قبل اس کے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے تم خود اپنے آپ کا محاسبہ کرو کیونکہ قیامت کے دن پچاس مقامات پر تم لوگوں کو کھڑا کیا جائے گا اور ہر مقام پر ایک ہزار سال کے برابر کھڑا کیا جائے گا جس کو تم شمار کرتے ہو (یعنی وہ ہزار سال دنیاوی سال شمار ہوں گے) اور پھر آپؑ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: فی یوم کان مقداره خمسین الف سنة کہ ''اس دن کی مقدار پچاس ہزار سال کے برابر ہوگی''۔

## ایمان دو چیزیں ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوبکر محمد بن الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبدالله الحسین بن علی المالکی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالصلت الهروی ﴿قال حدثنا﴾ الرضا علی بن موسٰی بن جعفر عن أبیه موسٰی بن جعفر عن أبیه جعفر بن محمد عن أبیه محمد بن الحسین زین العابدین عن أبیه الحسین بن علی الشهید عن أبیه امیرالمؤمنین علی ابن ابی طالب علیه السلام قال قال رسول الله (ص) الایمان قول مقول وعمل معمول وعرفان العقول- قال ابو الصلت فحدثت بهذا الحدیث فی مجلس احمد ابن حنبل فقال لی احمد یا ابا الصلت لوقرء بهذا الاسناد علی المجانین لا فاقوا-

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب ابوبکر محمد بن جعابی نے بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھے ابوعبداللہ الحسین بن علی مالکی نے بیان کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہمارے لیے ابوالصلت نے بیان کیا ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں: ہمارے لیے حضرت امام علی بن موسیٰ علیہم السلام نے بیان کیا ہے کہ

https://downloadshiabooks.com/

آپؑ نے فرمایا:

مجھے میرے والد موسیٰ بن جعفر علیہ السلام نے اور انہوں نے اپنے والد جعفر بن محمد علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے والد محمد بن علی زین العابدین علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے والد علی بن حسین علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے والد حسین بن علی علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے والد امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے اور انہوں نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان کیا' آپؐ نے فرمایا:

ایمان تین چیزوں کے مجموعے کا نام ہے: قول جو بولا جائے' عمل جو کیا جائے' عرفان جو عقل سے حاصل ہو۔ ابوصلت فرماتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث احمد بن حنبل کی مجلس میں بیان کی تو انہوں نے مجھے کہا: اے ابوصلت! اگر یہ حدیث اس سلسلہ اسناد کے ساتھ مجنون پر پڑھی جائے تو وہ درست ہو جائے۔

## ایمان' اسلام اور ان کے ارکان کیا ہیں؟

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبیداللّٰہ محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثنی﴾ احمد بن سلیمان الطوسی عن .الزبیر بن بکار ﴿قال حدثنی﴾ عبداللّٰہ بن وھب عن السدی عن عبد خیر عن قبیصة عن جابر الأسدی قال قام رجل الی امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب (ع) فسأله عن الایمال فقام (ع) خطیبا فقال الحمدللّٰہ الذی شرع الاسلام فسهل شرایعه لمن ورده واعزار کانه علی من جاه به وجعله عزاً لمن والاه وسلما لمن دخله وهدی لمن ائتم به وزینة لمن تحلی به وعصمة لمن اعتصم به وحبلا لمن تمسك به وبرهانا لمن تکلم به ونوراً لمن استضاء به وشاهداً لمن خاصم به وفلجا لمن حاج به وعلما لمن وعاه وحدیثا لمن رواه وحکما لمن قضی به وحلما لمن جرب ولباً لمن تدبر وفهما لمن فطن ویقینا لمن عقل وبصیرة

https://downloadshiabooks.com/

لمن عزم وآية لمن توسم وعبرة لمن اتعظ ونجاة لمن صدق ومودة من الله لمن اصلح وزلفى لمن ارتقب وثقة لمن توكل وراحة لمن فوض وجنة لمن صبر الحق سبيله والهدى صفته والحسنى مأثرته فهو ابلج المنهاج مشرق المنار مضيئ المصابيح رفيع الغاية يسير المضمار جامع الحلبة متنافس السبقة كريم الفرسان التصديق منهاجه والصالحات مناره والفقه مصابيحه والموت غايته والدنيا مضماره والقيمة حلبته والجنة سبقته والنار نقمته والتقوى عدته والمحسنون فرسانه فبالايمان يستدل على الصالحات وبالصالحات يعمر الفقه وبالفقه يرهب الموت وبالموت تختم الدنيا بالدنيا تحوز القيمة وبالقيمة تزلف الجنة للمتقين وتبرز الجحيم للغاوين فالايمان على اربع دعائم الصبر واليقين والعدل والجهاد والصبر من ذلك اربع شعب الشوق والاشفاق والزهادة والترقب الا من اشتاق الى الجنة سلاعن الشهوات ومن اشفق من النار رجع عن المحرمات ومن زهد فى الدنيا هانت عليه المصيبات۔

**حدیث نمبر 3: (بحذفِ اسناد)**

جناب جابر الاسدی نے روایت کی ہے کہ ایک شخص امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں کھڑا ہوا اور عرض کی: یا امیر المومنینؑ! ایمان کیا ہے؟ آپؑ کھڑے ہوئے اور خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:

تمام حمد ہے اُس اللہ کے لیے جس نے اسلام کو ہمارے لیے واضح کیا اور اس کی شریعت کو اُس کے لیے آسان کیا جو اس میں وارد ہوا۔ اور اس کے ارکان کو اُس کے لیے عزیز قرار دیا جو اِن کے لیے آیا اور اُس کو اس کے لیے عزیز قرار دیا جو اس کی ولایت کو قبول کرنے والا ہے اور سلامتی قرار دیا ہے اُس کے لیے جو اس میں داخل ہو جائے۔ اور

https://downloadshiabooks.com/

ہدایت قرار دیا ہے اُس کے لیے جو اس کے احکام کی اقتداء کرے اور زینت قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کو اپنے لیے زینت اور زیور بنائے اور عصمت اور محافظ قرار دیا اُس کے لیے جو اس سے عصمت و حفاظت طلب کرے اور اس کو جبل (رسّی) قرار دیا اُس کے لیے جو اس سے تمسک کرنا چاہے اور اس کو برہان و دلیل قرار دیا ہے اُس کے لیے جو اِس کے ساتھ گفتگو کرنا چاہے اور نور قرار دیا اُس کے لیے جو اس سے روشنی طلب کرے اور شاہد و گواہ قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کے ساتھ مخاصمہ قرار دے اور کامیابی قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کے ساتھ احتجاج کرے اور ظلم قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کو قبول کرے اور حدیث قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کو روایت کرے اور حکم قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کے ساتھ حکم کرے اور علم قرار دیا اُس کے لیے جو تجربہ کرے اور عقل قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کے ساتھ تدبر کرنا چاہے اور اس کو فہم قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کے ساتھ سمجھنا چاہیے۔ یقین قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کی عقل سے کام لینا چاہے اور بصیرت قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کا ارادہ و عزم کرے اور اپنی نشانی قرار دیا اُس کے لیے جو فراست سے کوئی چیز معلوم کرنا چاہے۔ اور اس کو عبرت قرار دیا اُس کے لیے جو اِس سے وعظ حاصل کرنا چاہے۔ اور نجات قرار دیا اُس کے لیے جو اِس کی تصدیق کرے۔ اور اِس کو اللہ کی طرف سے مودّت و محبت قرار دیا جو اِس سے اصلاح طلب کرے۔ اور اپنا تقرب قرار دیا اُس کے لیے جو اِس سے تقرب حاصل کرنا چاہے۔ اور اُس کے لیے ثقہ اور مورد وثوق قرار دیا جو توکل کرے اور جو اپنے امور کو اُس کے سپرد کر دے اُس کے لیے اِس کو باعث راحت قرار دیا ہے اور اِس کو اُس کے لیے جنت قرار دیا جو اِس کے ساتھ صبر کرے۔ اِس کا راستہ حق ہے اور اِس کی صفت ہدایت ہے اور اِس کا اثر حسن ہے۔

پس (اسلام) اس کے راستے روشن ہیں اور منارے چمک رہے ہیں۔ اِس کے چراغ کی لَو دُور منور کرتی ہے انتہائی بلند غایت والا ہے۔ تصدیق اس کا راستہ ہے اور نیک

https://downloadshiabooks.com/

اعمال اس کے لیے منارہ ہیں اور فقہ اس کے لیے چراغ' موت اس کی غایت ہے اور دنیا اس کے گھوڑے کا میدان (یعنی دنیا میں اُسے چلے جانے ہے)' قیامت اس کے لیے جائے نفع ہے اور جنت اس کے سامنے اور جہنم اس کا نقصان' تقویٰ اس کی حدت ہے اور احسان کرنے والے اس کے فراست والے' ایمان وہ ہے جس کے لیے نیک اعمال پر استدلال کیا جاتا ہے اور نیک اعمال فقہ کو زندہ رکھتے ہیں اور فقہ کے ذریعے موت سے ڈرایا جاتا ہے اور موت سے دنیا کا اختتام ہوتا ہے۔ اور دنیا سے قیامت کی طرف تجاوز کیا جاتا ہے اور قیامت جنت کو متقین کے قریب کرتی ہے اور جہنم کو سرکشوں کے قریب کرتی ہے۔ پس ایمان کے چار ارکان ہیں: ① صبر ② یقین ③ عدل ④ جہاد۔ اور صبر کے چار شعبے ہیں: ① شوق ② مہربانی کرنا ③ پرہیزگاری کرنا ④ تقرب۔ مگر وہ تقرب جو جنت کی طرف ہو اور شہوت سے دُور ہو اور آگ سے خوف اور محرمات سے منہ پھیرنا اور جو دنیا میں پرہیزگاری کرے گا اُس پر مصیبتیں آسان ہو جائیں گی۔

## بغاوت پر بہت جلدی عذاب ملتا ہے

﴿حدثنی﴾ جدی محمد بن سلمان ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن خالد عن عاصم ابن حمید عن ابی عبیدة الحذاء قال سمعت اباجعفر محمد بن علی زین العابدین (ع) یقول قال رسول اللّٰہ (ص) ان اسرع الخیر ثوابا البر واسرع الشر عقابا البغی وکفی بالمرء عیبا ان یبصر من الناس ما یعمی عنه من نفسه وان یعیر الناس بما لا یستطیع ترکة وان یؤذی جلیسه بما لا یعنیه۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوجعفر محمد بن علی زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

https://downloadshiabooks.com/

بہت جلد جس خیر پر ثواب ملتا ہے وہ دوسروں کے ساتھ نیکی کرنا ہے۔ اور بہت جلد جس بدی پر عذاب نازل ہوتا ہے وہ بغاوت و سرکشی ہے۔ انسان کے عیب دار ہونے کے لیے یہ ہی کافی ہے کہ وہ دوسروں کے عیب دیکھے جو اُس کے اپنے اندر ہوں لیکن اُس کو نظر نہ آئیں اور لوگوں کے اُس عیب پر سرزنش کرے جس کو وہ خود چھوڑنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اور اپنے ساتھ بیٹھنے والے کو ایسی چیز سے اذیت دے جو اُس کے لیے بے فائدہ ہو۔

## علی علیہ السلام کے لیے رسولِؐ خدا کی دعا

﴿قال حدثنا﴾ ابوحفص عمر بن محمد المعروف بابن الزيات رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلى محمد بن همام الاسكافى ﴿قال حدثنا﴾ ابن جعفر الحميرى ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن محمد بن عيسى ﴿قال حدثنى﴾ ابى عن عبدالله بن المغيرة عن ابن مسكان عن عمير بن بريد عن ابى عبدالله جعفر بن محمد (ع) قال لما نزل رسول الله (ص) بطن قديد قال لعلى بن ابى طالب (ع) ياعلى انى سألت الله عزوجل ان يوالى بينى وبينك ففعل وسألته ان يواخى بينى وبينك ففعل وسألته ان يجعلك وصيى ففعل فقال رجل من القوم والله لصاع تمر فى شن بال خير مما سئل محمد (ص) ربه هلا سأله ملكا يعضده او كنزاً يستعين به على فاقته فانزل الله تعالى فلعلك تارك بعض ما يوحى به اليك وضاق به صدرك ان يقولوا لولا انزل عليه كنز اوجاء معه ملك انما انت نذير والله على كل شيئ وكيل)

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا کہ امام جعفر الصادق علیہ السلام نے فرمایا: جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے قالین نازل ہوا (یا گوشت) تو آپؐ نے

https://downloadshiabooks.com/

اس وقت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا:

اے علیؑ! میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ وہ میرے اور آپؑ کے درمیان دوستی قرار دے۔ پس اللہ تعالیٰ نے ایسا ہی کیا۔ پھر میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ وہ میرے اور آپؑ کے درمیان مواخات قرار دے' پس اللہ تعالیٰ نے ایسا ہی کیا۔ پھر میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ وہ آپؑ کو میرا وصی قرار دے؟ پس اللہ نے ایسا ہی قرار دیا۔ قریش میں سے ایک شخص نے کہا: خدا کی قسم! کھجوروں کا ایک صاع (تین کلو) جو پرانی مشک ہو وہ بہتر ہے اس سے جو محمدؐ نے اپنے رب سے سوال کیا۔ کاش یہ اپنے رب سے کسی مِلک کا سوال کرتا جو اِس کی مدد کرتا یا کوئی خزانہ طلب کرتا جس سے افاقہ میں اس کی مدد ہوتی' بہتر تھا۔ پس اِس وقت سورۂ ہود کی آیت نمبر ۱۲ نازل ہوئی جس میں خدا نے ارشاد فرمایا:

''جو چیز تمہارے پاس وحی کے ذریعے نازل کی گئی ہے اُس میں سے بعض کو سنانے کے وقت شاید تم فقط اس خیال سے چھوڑ دینے والے ہو اور تم تنگ دل ہوتے ہو کہ مبادا یہ لوگ کہہ دیں کہ اِن پر خزانہ کیوں نہیں نازل ہوتا یا اِن کی تصدیق کے لیے اِن کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں آتا' تم تو صرف عذاب سے ڈرانے والے ہو اور خدا ہر چیز کا ذمہ دار ہے''۔

## عبدالملک بن مروان کا خطبہ اور ایک مرد

﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین بن بابویه رحمه الله ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن موسی بن المتوکل ﴿قال حدثنا﴾ علی بن الحسین السعد ابادی عن احمد بن عبدالله البرقی عن أبیه عن محمد ابن عمیر عن غیر واحد من اصحابه عن ابن حمزة الثمالی ﴿قال حدثنی﴾ من حضر عبدالملك بن مروان وهو یخطب الناس بمكة فلما صار علی موضع العظة من خطبته قام الیه رجل فقال مهلامهلا انكم تأمرون ولا تأتمرون

https://downloadshiabooks.com/

وتنہون ولا تنتہون وتعظون ولا تتعظون فاقتداء بسیرتکم ام طاعة لامرکم فان قلتم اقتدوا بسیرتنا فکیف نقتدی بسیرة الظالمین وما الحجة فی اتباع المجرمین الذی اتخذوا مال اللّٰہ دولا وجعلوا عباد اللّٰہ خولا وان قلتم اطیعوا امرنا وقبلوا نصحنا فکیف ینصح غیرہ من یغش نفسہ ام کیف تحب طاعة من لم تثبت لہ عدالة وان قلتم خذوا الحکمة من حیث وجدتموھا واقبلوا العظة ممن سمعتموھا فلعل فینا ومن ہو انصح بصنوف العظات واعرف بوجوہ اللغات منکم فزحزحوا عنہا واطلقوا اقفالہا وخلوا سبیلہا ینتدب لہا الذین شردتموھم فی البلاد ونقلتموھم عن مستقرھم الی کل وادفواللّٰہ ما قلدناکم ازمة امورنا وحکمناکم فی ابداننا اموالنا وادیاننا لتسیروا فینا بسیرة الجبارین غیر اننا نصبر لاستیفاء المدة وبلوغ الغایة وتمام المحنة ولکل قائل منکم یوم لا یعدوہ وکتاب لابدان یتلوہ لا یغادر صغیرة ولاکبیرة الا احصاھا "وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون" قال فقام الیہ بعض اصحاب المشایخ فقبض علیہ وکان ذلک آخر عھد تابہ ولا ندری ما کانت حالہ --

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

جناب ابن حمزہ ثمالی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا ہے کہ عبدالملک بن مروان جب مکہ میں آیا اور اُس نے لوگوں کے سامنے خطبہ دینا شروع کیا تو جب وہ موعظہ بیان کرنے لگا تو ایک مرد کھڑا ہو گیا اور اُس نے کہا:

"بس کرو بس کرو یہ وعظ رہنے دو کیونکہ تم وہ لوگ ہو جو دوسروں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور خود عمل نہیں کرتے۔ لوگوں کو برائی سے روکتے ہو لیکن خود برائی سے نہیں رُکتے۔ دوسروں کو وعظ کرتے ہو خود اِس وعظ کو قبول نہیں کرتے۔ ہم تمہارے اَمر کی اطاعت کریں

https://downloadshiabooks.com/

یا تمہاری سیرت کی اتباع کریں؟ اگر تم کہتے ہو کہ ہماری سیرت کی اتباع کرو تو ہم ظالموں کی سیرت کی کیسے اتباع کر سکتے ہیں؟ اور مجرموں کی اتباع پر کوئی دلیل بھی نہیں ہے۔ وہ مجرم جو اللہ کے مال کو اپنی دولت قرار دیں اور اللہ کے بندوں کو غلام قرار دیں' اور اگر تم کہتے ہو کہ ہمارے اَمر و حکم کی اطاعت کرو اور ہماری نصیحت کو قبول کرو تو جو اپنے آپ کو دھوکا دے وہ دوسروں کو کیسے نصیحت کر سکتا ہے؟ جو عادل نہ ہو اُس کی اطاعت کیسے واجب ہو سکتی ہے؟ اگر تم کہتے ہو کہ حکمت حاصل کرو خواہ وہ جہاں سے بھی ملے اور وعظ کو قبول کرو خواہ وہ جس سے بھی سنو' شاید ہمارے درمیان ایسے افراد بھی موجود ہوں گے جو تم سے زیادہ وعظ کر سکتے ہیں اور تم سے زیادہ لغات و حکمت کی وجوہ کو جانتے ہیں۔

پس ان سے پابندیاں ہٹاؤ اور اِن کی زبانوں پر لگے ہوئے تالے کھولو اور ان کے راستے خالی کر دو اور اِن کو آزاد کر دو اور اِن کو شہروں میں چھپنے دو اور اِن کو اپنے مقام سے دوسرے شہروں کی طرف جانے دو' خدا کی قسم! ہم نے اپنے تمام امور میں تمہاری تقلید نہیں کی اور ہم نے اپنے بدنوں پر' اموال پر اور دین پر حاکم قرار نہیں دیا تا کہ تم ہمارے درمیان جبار اور ظالموں کی سیرت کو رائج کرو۔ مگر یہ کہ ہم ایک مدت کے پورے ہونے تک صبر کریں اور اس کی انتہا ہو گئی ہے۔ محنت و مشقت ختم ہو چکی ہے اور تم میں سے ہر کہنے والے کے لیے ایک دن آئے گا جو اِن کے لیے ختم نہیں ہوگا۔ ایک کتاب ہوگی' اُس کو پڑھنا ضروری ہے۔ دھوکا دینے والا خواہ چھوٹا ہو یا بڑا اُس کا اِحصار کیا جائے گا۔ عنقریب وہ لوگ جو ظالم ہیں جان لیں گے کہ اِن کو ایک ٹھکانے کی طرف پلٹ کر جانا ہے''۔

راوی بیان کرتا ہے کہ اس کے بعد بعض کارندے کھڑے ہوئے اور اُس کو قابو کر لیا اور اِس کے بعد اُس کے ساتھ کیا سلوک ہوا اس کا ہمیں علم نہیں کیونکہ ہم وہاں سے چلے گئے تھے۔

https://downloadshiabooks.com/

# جنابِ سیدہؑ کو رات کے وقت دفن کیا گیا

﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن ادریس قال محمد بن عبدالجبار عن القاسم بن محمد الرازی عن علی بن الهرمزان عن علی بن الحسین بن علی عن أبیه الحسین (ع) قال لما مرضت فاطمة بنت النبی (ص) وصت الی علی (ع) ان یکتم امرها ویخفی خبرها ولا یؤذن احد بمرضها ففعل ذٰلک وکان یمرضها بنفسه وتعینه علی ذٰلک اسماء بنت عمیس رحمها اللہ علی استسرار بذلک کما وصت به فلما حضرتها الوفاة وصت امیرالمؤمنین (ع) ان یتولی امرها ویدفنها لیلا ویعفی قبرها فتولی ذٰلک امیرالمؤمنین (ع) ودفنها وعفی موضع قبرها فلما نفض یده من تراب القبرهاج به الحزن فارسل دموعه علی خدیه وحول وجهه الی قبر رسول اللہ (ص) فقال السلام علیک یارسول اللہ منی والسلام علیک من ابنتک وحبیبتک وقرة عینک وزایرتک والبائتة فی الثری ببقعتک والمختار لها اللہ سرعة اللحاق بک قل یارسول اللہ عن صیفتک صبری وضعف عن سیدة النساء تجلدی الا ان لی فی التآسی بسنتک والحزن الذی حل بی فراقک موضع التعزی فلقد وسدتک فی ملحودة قبرک بعد ان فاضت نفسک علی صدری وغمضتک بیدی وتولیت امرک بنفسی نعم وفی کتاب اللہ انعم القبول انا للہ وانا الیه راجعون قد استرجعت الودیعة واخذت الرهینة واختلست الزهراء فما اقبح الخضراء والغبراة یارسول اللہ اما حزنی فسرمد واما لیلی فمسهد لایبرح الحزن او یختار اللہ لی دارک التی انت فیها مقیم کمدة مقیح وهم مهیج سرعان ما فرق اللہ بیننا والی اللہ اشکو وستنبئك ابنتك

https://downloadshiabooks.com/

بتظاهر امتك علی وعلی هظمها حقها فاستخبرها الحال فکم من غلیل معتلج فی صدرها لم تجد الی بثه سبیلا وستقول ویحکم اللّٰه وهو خیر الحاکمین سلام علیك یارسول اللّٰه سلام مودع لاسام ولا قال فان انصرف فلا عن ملالة وان اقم فلا سوء ظن بما وعد الصابرین الصبر ایمن واجمل ولولا غلبة المستولین علینا لجعلت المقام عند قبرك لزاما وللبثت عنده معکوفا ولا اعولت اعوال الثکلی علی جلیل الرزیة فبعین اللّٰه تدفن ابنتك سراً وتهتضم حقها قهراً ویمنع ارثها جهراً ولم یطل العهد ولم یخل منك الذکر فالی اللّٰه یارسول اللّٰه المشتکی وفیك اجمل العزاء وصلوات اللّٰه علیك وعلیهما ورحمة اللّٰه وبرکاته۔

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ جب جناب فاطمہ علیہا السلام بنت نبی اکرمؐ بیمار ہوئیں تو آپؑ نے امیر المومنین علی علیہ السلام سے وصیت فرمائی کہ وہ ان کے معاملہ کو پوشیدہ رکھیں اور میری خبر مخفی رہے۔ اور کسی کو میری بیماری کی اطلاع نہ ہو۔ اُنہوں نے ایسا ہی کیا اور آپؑ خود بی بی کی تیمارداری کرتے اور آپؑ کے ساتھ اسماء بنت عمیس رحمتہ اللہ علیہا مدد کرتیں اور اس وصیت کے مطابق اِس معاملہ کو پوشیدہ رکھتی رہیں۔ اور جب وفات کا وقت قریب آیا تو بی بی نے امیر المومنین علیہ السلام سے وصیت کی کہ وہ میرے غسل، کفن اور دفن کو خود انجام دیں (کیونکہ معصوم کا غسل، کفن اور دفن غیر معصوم نہیں کرسکتا) اور مجھے رات کو دفن کرنا اور میری قبر کا نشان مٹا دینا۔ پس امیر المومنینؑ نے تمام امور کو خود انجام دیا اور بی بی کو رات کے وقت دفن کیا اور قبر کا نشان بھی مٹا دیا۔ پس جب آپؑ نے قبر کی مٹی سے ہاتھ صاف کر لیے تو آپؑ پر غم طاری ہوگیا اور آپؑ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔ آپؑ نے اپنا چہرہ قبر نبیؐ کی طرف کیا اور کہا: السلام علیک یارسولؐ اللہ۔ اے

https://downloadshiabooks.com/

رسولؐ خدا میری اور اپنی بیٹی کی طرف سے سلام قبول فرمائیں۔ جو آپؐ کی بیٹی' آپ کی محبوبہ بیٹی' آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک' آپ کی زائرہ' وہ زمین کے نیچے سوگئی ہے اور آپؐ کی قبر سے دور سوگئی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے بہت جلدی آپ کی ملاقات کے لیے چن لیا۔

یارسولؐ اللہ! آپؐ کی جدائی نے میرے صبر کو قلیل کر دیا اور سیدۃ النساء کی وجہ سے میرا جسم کمزور ہوگیا ہے۔ مگر یہ کہ مجھے آپؐ کی سنت کی اتباع کرتے ہوئے صبر کرنا ہوگا اور وہ غم جو آپؐ کے فراق کی وجہ سے مجھے حاصل ہوا ہے اس پر میں صبر کرتا ہوں اور آپ کو قبر میں بے عیب دفن کرنے کے بعد آپ کا غم میں ہمیشہ اپنے سینے میں محسوس کرتا رہوں گا۔ میں نے اپنے ہاتھوں سے آپ کی آنکھوں کو بند کیا اور آپ کے تمام امور کو میں نے اپنے ہاتھوں سے انجام دیا اور اللہ کی کتاب میں جو بہترین قبول کرنے والی نصیحت ہے وہ یہ ہے کہ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ تحقیق آپؐ نے اپنی امانت واپس لے لی ہے اور آپؐ نے اپنی رھینہ لے لی ہے۔ آپؐ نے مجھ سے زہراؑ اچانک واپس لی ہے اور ایسا غم مجھے دیا ہے کہ جس کی مثل آسمان و زمین میں کہیں نہیں ملتی۔

یارسولؐ اللہ! میرا غم ہمیشہ تازہ رہے گا اور میری راتیں روتے ہوئے گزریں گی۔ میرا غم کبھی ختم نہیں ہوگا یہاں تک کہ میں آپؐ کے اُس گھر میں نہ آجاؤں جس میں آپؐ مقیم ہیں (یعنی قبر میں) میرا غم سدا ہرا رہے گا۔ آنکھ بھی نہیں خشک ہوگی۔ کتنی جلدی اللہ نے ہمارے درمیان جدائی ڈال دی ہے اور آپؐ کے بعد میرے ساتھ جو ہوا ہے میں اللہ کی بارگاہ میں اُس کا شکوہ کرتا ہوں اور عنقریب آپ کی بیٹی آپ کو بتائے گی کہ آپؐ کے بعد آپؐ کی اُمت ہمارے خلاف کس طرح ایک دوسرے کی مدد کرتی رہی اور حق کو ضبط کرنے میں اُنھوں نے کیسے ہجوم کیا؟

یارسولؐ اللہ! آپؐ اِن سے حال دریافت کریں کہ کیسے کیسے دکھ اس کے سینے میں موجزن رہے ہیں کہ جن کو سلجھانے کے لیے کوئی راہ نہیں تھا اور عنقریب وہ آپ سے سب

https://downloadshiabooks.com/

کچھ کہہ دے گی اور اللہ ہمارے بارے میں حکم کرنے والا ہے جو سب سے بہتر حکم کرنے والا ہے۔

یارسولؐ اللہ! میری طرف سے آپؐ پر سلام ہو اور الوداعی سلام ہو کہ ایسی سلامتی کہ جس میں نہ موت ہو نہ غم ہو۔ اگر میں منصرف ہو جاؤ (یعنی چلا جاؤں) تو یہ اُکتاہٹ کی وجہ سے نہیں ہے اور اگر میں کھڑا ہو جاؤں تو اس وجہ سے نہیں کہ صابرینؑ کے لیے جو وعدہ کیا گیا ہے، میں اس کے بارے میں سوئے ظن رکھتا ہوں۔ صبر امن کے لیے اور زیادہ خوبصورت ہے۔ اگر ان سرکشوں کا غلبہ نہ ہوتا تو میں آپؐ کی بیٹی کی قبر آپؐ کی قبر کے ساتھ قرار دیتا اور میں ہمیشہ وہیں پر رہتا اور وہاں بیٹھ کر اس طرح چلا کر روتا کہ جیسے اولاد والی ماں اپنی نسل کے ختم ہونے پر روتی ہے۔ میں اللہ کی مدد سے آپؐ کی بیٹی کو رات کی تاریکی میں چھپ کر دفن کر چکا ہوں کہ جس کے حق کو غصب کیا گیا اور جس کو میراث سے صبراً وعلانیۃً محروم رکھا گیا کہ اس کے بارے میں آپؐ کے عہد اور آپؐ کی سفارشات کا بھی لحاظ نہیں رکھا گیا۔

یارسولؐ اللہ! میں اللہ کی بارگاہ میں اِس کا شکوہ کرتا ہوں اور آپؐ کے بارے میں زیادہ عزاداری کرنے والا ہوں۔ اللہ پر درود و سلام ہو، آپؐ پر اور آپؐ کی بیٹی پر اللہ کی رحمت ہو۔

○

﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ﴿قال حدثنا﴾ محمد ابن علی ما جیلویه عن عمه محمد بن ابی القاسم عن احمد بن محمد خالد عن أبیه عن محمد بن سنان عن محمد بن عطیة عن ابی عبدالله جعفر بن محمد (ع) قال قال رسول الله (ص) الموت كفارة لذنوب المؤمنین۔

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

https://downloadshiabooks.com/

حضرت جعفر الصادق علیہ السلام نے فرمایا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: موت مومنین کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

## دین تیرا بھائی ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد الکاتب ﴿قال حدثنا﴾ ابوالقاسم زکریا بن یحییٰ الکنیمی﴿قال حدثنی﴾ ابوالقاسم داود بن القاسم الجعفری رحمه الله قال سمعت الرضا علی بن موسیٰ (ع) یقول ان امیرالمؤمنین صلوات الله علیه قال لکیل بن زیاد فیما قال یاکمیل اخوك دینك فاحتط لدینك بما شئت والحمدلله رب العالمین وصلی الله علی سیدنا محمد وآله وسلم تسلیماً تمام الأمالی فی مجالس هذا الشهر وهو شهر رمضان سنة احدی عشر واربعمائة وحسبنا الله ونعم الوکیل-

**حدیث نمبر 9: (بحذف اسناد)**

حضرت امام رضا علی علیہا السلام نے فرمایا: امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے جناب کمیل بن زیاد رضی اللہ تعالی عنہ سے فرمایا:

اے کمیلؓ! تیرا بھائی تیرا دین ہے۔اس کے بارے میں جتنی ممکن ہو احتیاط کرو۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 34

[بروز ہفتہ ۶ شعبان سال ۴۰۹ ہجری قمری]

## جو عمل قبول ہو جائے وہ قلیل نہیں ہوتا

﴿حدثنا﴾ الشیخ الجلیل المفید ابوعبداللہ محمد بن محمد بن النعمان ادام اللہ حراسته ﴿قال أخبرنا﴾ ابوبکر عمر بن محمد الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالعباس احمد بن محمد بن سعید بن عقدة ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن هرون بن عبدالرحمٰن الحجازی ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ عیسیٰ بن ابی الورد عن احمد بن عبدالعزیز عن ابی عبداللہ جعفر بن محمد (ع) قال قال امیرالمؤمنین علیه السلام لایقل مع التقوی عمل وکیف یقل ما یتقبل۔

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام نے امیر المومنین علیہ السلام سے نقل کیا کہ آپؑ نے فرمایا: تقویٰ کے ساتھ عمل قلیل نہیں ہوتا، کیونکہ جو عمل قبول ہو جائے وہ قلیل نہیں ہو سکتا۔

## رزق موت کی طرح تم کو ضرور ملے گا

﴿قال أخبرنی﴾ ابونصر محمد بن الحسین المقری ﴿قال حدثنا﴾ ابو القاسم علی بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ ابوالعباس الاحوص بن علی بن

https://downloadshiabooks.com/

مرداس ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن الحسن بن عیسیٰ الرواسی ﴿قال حدثنا﴾ سماعة بن مهران عن ابی عبداللّٰہ جعفر بن محمد (ع) قال ان من الیقین الا ترضوا الناس بسخط اللّٰہ عزوجل ولا تلوموهم علی مالم یؤتکم اللّٰہ من فضله فان الرزق لایسوقه حرص ولا یرده کراهیة کاره ولو ان احدکم فرمن رزقه ادرکه کما یدرکه الموت -

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام نے فرمایا: یقین کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے لوگوں کی خوشنودی طلب نہ کرو اور جو کچھ تم کو خدا کے فضل سے نہ ملے اس کی وجہ سے لوگوں کو ملامت نہ کرو' کیونکہ حرص کرنے سے رزق بڑھتا نہیں اور کراہت کرنے والے کی کراہت رزق کو روک نہیں سکتی۔ اگر تم میں سے کوئی اللہ کے تقسیم کردہ رزق سے فرار بھی کرے تب بھی وہ موت کی طرح مل کر رہے گا۔

## اللہ کا زمین پر خلیفہ کہاں ہے؟

﴿قال أخبرني﴾ ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین بن بابویه رحمه اللّٰه ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ سعد بن عبداللّٰه عن أیوب بن نوح عن صفوان بن یحییٰ عن ابان بن عثمان عن ابی عبداللّٰه جعفر بن محمد (ع) قال اذا کان یوم القیمة نادی منادمن بطنان العرش این خلیفة اللّٰه فی ارضه فیقوم داود النبی (ع) فیأتی النداء من عنداللّٰه عزوجل لسنا ایاك اردنا وان کنت للّٰه خلیفة ثم ینادی ثانیة این خلیفة اللّٰه فی ارضه فیقوم امیر المؤمنین علی بن ابی طالب علیه السلام فیأتی النداء من قبل اللّٰه عزوجل یامعشر الخلائق هذا علی بن ابی طالب خلیفة اللّٰه فی ارضه وحجته علی عباده فمن تعلق بحبله فی دارالدنیا فیتعلق بحبله فی هذا الیوم

https://downloadshiabooks.com/

لیستضیئ بنوره ولیتبعه فی الدرجات العلی من الجنان قال فیقوم اناس قد تعلقوا بحبله فی الدنیا فیتبعونه الی الجنة ثم یأتی النداء من عنداللّٰه جل جلاله الامن ائتم بامام الی دارالدنیا فلیتبعه الی حیث شاء ویذهب به فحینئذ یتبرء الذین اتبعوا من الذین اتبعوا ورأوا العذاب وتقطعت بهم الأسباب وقال الذین اتبعوا لو ان لنا کرة فتتبرء منهم کما تبرؤا منا کذلك یریهم اعمالهم حسرات علیهم وماهم بخارجین من النار۔

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو عرش کے درمیان سے ایک ندا دینے والا نداء دے گا: اللہ کی زمین پر جو اللہ کا خلیفہ تھا وہ کہاں ہے؟ پس داؤد علیہ السلام کھڑے ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آواز آئے گی: اے داؤدؑ! ہماری مراد آپ نہیں ہیں اگرچہ آپؑ بھی خلیفۃ اللہ تھے۔ پھر دوبارہ آواز دی جائے گی: اللہ کی زمین پر جو خلیفۃ اللہ تھے وہ کہاں ہیں؟ پس امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کھڑے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آواز آئے گی: اے میری مخلوق! یہ علی ابن ابی طالبؑ اللہ کی زمین پر اللہ کی طرف سے خلیفہ تھے۔ بندوں پر اللہ کی حجت تھے۔ پس جو شخص دنیا میں ان کی حبل (رسّی) سے تمسک رکھتا تھا وہ آج بھی ان کی رسّی سے تمسک حاصل کرے اور ان کے نور سے آج روشنی حاصل کرے اور جنت میں درجاتِ عالیہ میں ان کی اتباع کرے (آپؑ نے فرمایا) کہ لوگوں کی ایک جماعت کھڑی ہو جائے گی جنہوں نے دنیا میں آپؑ کی رسّی سے تمسک رکھا ہوگا پس وہ جنت کی طرف جانے میں آپؑ کی اتباع کریں گے اور سارے کے سارے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ اس کے بعد دوبارہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آواز آئے گی: ''آگاہ ہو جاؤ' دنیا میں جو کوئی جس امام کی اتباع کرتا رہا ہے وہ اس امام کی اتباع کرے اور جدھر وہ امام جائے گا وہ

https://downloadshiabooks.com/

بھی اس کی اتباع میں چلا جائے۔ پس اس وقت جن لوگوں نے اتباع کی ہوگی وہ اُن پر تبراء کریں گے، جن کی انہوں نے اتباع کی ہوگی اور وہ عذاب کو دیکھ رہے ہوں گے اور ان کے تمام اسباب نجات منقطع ہو چکے ہوں گے اور وہ اتباع کرنے والے کہیں گے کہ کاش ہمیں دنیا کی طرف لوٹا دیا جائے تو ہم ضرور تم سے تبراء اور بیزاری کریں گے جیسا کہ آج تم ہم سے بیزاری کر رہے ہو اور ایسے ہی اللہ ان کو ان کے اعمال دکھائے گا اور وہ ان کو حسرت سے دیکھیں گے اور یہ لوگ جہنم میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے۔

## حضرت ابن عباسؓ کا بصرہ والوں کے لیے خطبہ

﴿قال أخبرني﴾ ابوالمظفر بن احمد البلخي ﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر محمد بن احمد بن الثلج ﴿قال حدثنا﴾ حفص بن عمر الفراء ﴿قال حدثنا﴾ ابومعاذ المداد ﴿قال حدثني﴾ يونس بن عبدالوارث عن أبيه قال بينتا ابن عباس يخطب عندنا على منبر البصرة اذ اقبل على الناس بوجهه ثم قال ايتها المتحيرة في دينها اما والله لو قدمتم من قدم الله واخرتم من اخر الله وجعلتم الوراثة والولاية حيث جعلها الله ما عال سهم من فرائض الله ولا عال ولي الله ولا اختلف اثنان في حكم الله فذوقوا وبال ما فرطتم فيه بما قدمت ايديكم وسيعلم الذين ظلموا اي منقلب ينقلبون –

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

جناب عبدالوارث نے بیان کیا ہے کہ بصرہ کے منبر پر جناب ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمیں خطبہ دیا اور ہماری طرف متوجہ ہوتے ہوئے آپؓ نے فرمایا: اے وہ اُمت! جو اپنے دین میں حیران و پریشان رہتی ہے' آگاہ ہو جاؤ' خدا کی قسم! اگر تم دین میں اُس کو مقدم رکھتے جس کو خدا نے مقدم کیا ہے اور مؤخر رکھتے اُس کو جس کو خدا نے مؤخر کیا

https://downloadshiabooks.com/

ہے۔ اگر تم بھی وہی قرار دیتے جس جگہ اللہ نے قرار دیا تھا تو اللہ کے واجب کردہ فرائض میں سے کوئی حصہ ضائع نہ ہوتا اور نہ ہی اللہ کے ولی پر ظلم ہوتا اور حکمِ خدا میں کوئی دو بندے بھی اختلاف نہ کرتے (لیکن تم نے ایسا نہیں کیا) لہٰذا جو تم اپنے ہاتھوں سے تفریط وکوتاہی کر چکے ہو اُس کا مزہ چکھو اور عنقریب ظالم سنیں گے ان کے لیے کتنا بُرا ٹھکانہ ہے۔

## علی علیہ السلام نے ہمیشہ سنت نبیؐ کے تحت حکم دیا

﴿قال أخبرنا﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالعباس احمد بن محمد بن سعيد ﴿قال حدثنا﴾ عبيد بن حمدون الرواسی ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن ظريف قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد (ع) يقول ما رأيت عليا (ع) قضى قضاء الا وجدت له اصلا فی السنة قال وكان على (ع) يقول لو اختصم الى رجلان فقضيت بينهما ثم مكثا احوالا كثيرة ثم اتيانی فی ذلك الأمر لقضيت بينهما قضاء واحداً لأن القضاء لايحول ولا يزول ابداً۔

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

جناب حسن بن ظریف رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر الصادق علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

میں نے نہیں دیکھا کہ حضرت علی علیہ السلام نے کوئی فیصلہ کیا ہو مگر یہ کہ میں نے اس کی بنیاد کو سنتِ نبیؐ کے مطابق نہ پایا ہو۔ علی علیہ السلام فرمایا کرتے تھے:

"اگر میرے سامنے دو بندوں کے جھگڑے کو پیش کیا جائے اور میں ان کے درمیان فیصلہ کر دوں اور پھر چند سالوں بعد دونوں پھر ایسی نزاع پیش کریں تو میں پھر بھی ان کے درمیان وہی فیصلہ کروں گا۔ دونوں وقتوں کا فیصلہ ایک ہی ہوگا کیونکہ قضاء تبدیل

https://downloadshiabooks.com/

نہیں ہوتی اور نہ ہی وہ کبھی ضائع و زائل ہوتی ہے"۔

## ماں کی ناراضگی کا اثر

﴿قال أخبرنی﴾ ابونصر محمد بن الحسین النصیر المقری ﴿قال أخبرنی﴾ ابو القاسم علی بن محمد قال علی بن الحسن ﴿قال حدثنی﴾ الحسن بن علی بن یوسف عن ابی عبدالله زکریا بن محمد المؤمن عن سعید بن یسار قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد (ع) یقول ان رسول الله (ص) حضر شابا عند وفاته فقال له قل لا اله الا الله قال فاعتقل لسانا مراراً فقال عند رأسه هل لهذا ام قالت نعم انا امه قال افساخطة انت علیه قالت نعم ما کلمته منذست حجج قال لها ارضی عنه قالت رضی الله عنه یارسول الله برضاك عنه فقال له رسول الله (ص) قل لا اله الا الله فقالها فقال له النبی (ص) ما تری قال اری رجلا اسود الوجه قبیح المنظر وسخ الثیاب نتن الریح قد ولینی الساعة واخذ بکظمی فقال له النبی (ص) قل یامن یقبل الیسیر ویعفو عن الکثیر اقبل منی الیسیر واعف عنی الکثیر انك الغفور الرحیم فقالها الشاب فقال له النبی (ص) انظر ما تری قال اری رجلا ابیض اللون حسن الوجه طیب الریح حسن الثیاب قد ولینی واری الأسود قد تولی عنی فقال له فاعاد فقال له ما تری قال لست اری الأسود واری الأبیض قد ولینی ثم قضی علی تلك الحال۔

**حدیث نمبر 6:** (بحذف اسناد)

حضرت سعید بن یسار رحمتہ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا' کہ آپؑ نے فرمایا:

https://downloadshiabooks.com/

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک جوان کے پاس اُس کی موت کے وقت حاضر ہوئے اور آپؐ نے اس سے فرمایا: کہو لا الٰہ الا اللہ لیکن اُس کی زبان میں رکاوٹ پیدا ہوگئی اور وہ یہ کلمات ادا نہ کرسکا۔ پس آپؐ نے ایک عورت سے جو اُس کے سرہانے کی طرف کھڑی تھی، فرمایا: کیا تو اس جوان کی ماں ہے؟ اُس عورت نے جواب دیا: ہاں، میں اس کی ماں ہوں۔ آپؐ نے پوچھا: کیا تو اس پر ناراض ہے؟ اُس نے عرض کیا: ہاں، یارسولؐ اللہ! میں نے چھ سال سے اِس کے ساتھ کوئی بات نہیں کی۔ آپؐ نے فرمایا: اِس کو معاف کردے۔ اُس عورت نے جواب دیا: اللہ اِس سے راضی ہو جائے اور آپؐ کی رضا کی خاطر میں بھی اِس سے راضی ہوں۔ پس رسولؐ خدا نے دوبارہ اُس جوان سے فرمایا: کہو: لا الٰہ الا اللہ۔ اُس نوجوان نے اِن کلمات کو زبان پر جاری کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس سے فرمایا: اب بتاؤ تم کیا دیکھ رہے ہو؟ اس نے عرض کیا: میں ایک سیاہ رنگ کا چہرہ جو انتہائی ڈراؤنا ہے، دیکھ رہا ہوں اور اس سے سخت بدبو آرہی ہے اور وہ میرے قریب کھڑی ہے اور اُس نے میری گردن کو پکڑا ہوا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِس سے فرمایا کہ کہو (اے وہ ذات! جو تھوڑا قبول کرلیتی ہے اور زیادہ کو معاف کردیتی ہے، مجھ سے تھوڑا قبول فرما اور زیادہ مجھے معاف کردے، کیونکہ تو بہت زیادہ بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے) پس اُس نے یہ کلمات بھی زبان سے جاری کیے۔

اب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اب بتاؤ کیا دیکھ رہے ہو؟ اُس نے عرض کیا: اب میں ایک خوبصورت نوجوان کو دیکھ رہا ہوں جس سے اچھی خوشبو آرہی ہے اور اچھا لباس اُس نے زیب تن کیا ہوا ہے۔ وہ میرے قریب آرہا ہے اور وہ سیاہ چہرے والا اب مجھ سے دُور جا رہا ہے۔ آپؐ نے فرمایا: ان کلمات کو دوبارہ اپنی زبان پر جاری کرو۔ پس اُس نے اعادہ کیا تو آپؐ نے دریافت کیا: اب کیا دیکھ رہے ہو؟ اُس نے عرض کیا: اب میں اُس سیاہ چہرے والے کو نہیں دیکھ رہا اور سفید چہرے والا مجھے نظر آرہا ہے اور وہ

https://downloadshiabooks.com/

میرے قریب آ رہا ہے پس اسی حالت میں اُس کی روح پرواز کر گئی۔

## اے علیؑ! آپؑ میرے بعد فتنوں کے مقابلے میں جہاد کریں گے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ أبو العباس احمد بن الحسن البغدادی ﴿قال حدثنا﴾ الحسین بن عمر المقری عن علی بن الأزهر عن علی بن صالح المکی عن محمد بن عمر بن علی عن أبیه عن جده قال لما نزلت علی النبی اذاجاء نصرالله والفتح قال یاعلی انه قد جاء نصرالله والفتح فاذا رأیت الناس یدخلون فی دین الله افواجا فسبح بحمد ربك واستغفره انه کان توابا یاعلی ان الله قد کتب علی المؤمنین الجهاد فی الفتنة التی کتب علینا فیها الجهاد قال فتنة یشهدون ان لا اله الا الله وانی رسول الله (ص) وهم مخالفون لسنتی وطاعنون فی دینی فعلام نقاتلهم یارسول الله وهم یشهدون ان لا اله الا الله وانك رسول الله فقال علی احداثهم فی دینهم وفراقهم لأمری واستحلالهم دماء عترتی قال فقلت یارسول الله انك وعدتنی الشهادة فسل الله تعالی ان یعجلها فقال اجل قد کنت وعدتك الشهادة فکیف صبرك اذا خضبت هذه من هذا واومی الی رأسی ولحیتی فقلت یارسول الله اما اذا بینت لی ما بینت فلیس بموطن صبر ولکنه موطن بشری وشکر فقال اجل فاعد للخصومة فانك مخاصم امتی قلت یارسول الله ارشدنی الفلج قال اذا رأیت قومك قد عدلوا عن الهدی الی الضلال فخاصم فان الهدی من الله والضلال من الشیطان یاعلی ان الهدی هو اتباع امر الله دون الهوی والرأی وکأنك بقوم قد تأولوا القرآن واخذوا بالشبهات واستحلوا الخمر بالنبیذ والنجس بالزکوة والسحت بالهدیة قلت یارسول الله فماهم اذا فعلوا

https://downloadshiabooks.com/

ذلك اهم اهل ردة ام اهل فتنة قال هم اهل فتنة يعمهون فيها الى ان يدركهم العدل فقلت يارسول الله العدل منا ام من غيرنا فقال بل منا بنا يفتح الله وبنايختم وبنا الف الله بين القلوب بعد الشرك وبنا يؤلف الله بين القلوب بعد الفتنة فقلت الحمدلله الذی وهبنا من فضله ۔

حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)

محمد بن عمر نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ جب سورۂ فتح اِذَا جَاءَ نَصرُ اللّٰهِ وَالفَتحِ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی تو آپؐ نے جناب علی علیہ السلام سے فرمایا:

اے علیؑ! تحقیق اللہ کی مدد آ چکی ہے اور فتح قریب ہے۔ تم دیکھ رہے ہو کہ لوگ جوق در جوق اللہ کے دین میں داخل ہو رہے ہیں پس تم اپنے رب کی تسبیح کرو اور اُس سے مغفرت طلب کرو کیونکہ وہ بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔

اے علیؑ! میرے بعد اللہ تعالیٰ نے مومنین پر فتنوں کے مقابلے میں جہاد کرنا اسی طرح واجب قرار دیا ہے جیسا کہ میرے ساتھ مشرک کے خلاف جہاد ان پر (مومنین پر) واجب قرار دیا ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! وہ کون سے فتنے ہیں جن کے خلاف ہمارے اُوپر جہاد کو واجب قرار دیا گیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: یہ اُن لوگوں کا فتنہ ہے جو لا الٰہ الا اللہ وانی رسول اللہ کا کلمہ پڑھتے ہوں گے لیکن میری سنت کے مخالف ہوں گے اور میرے دین میں شب خون ماریں گے۔ یارسولؐ اللہ! کیا ہم اُن کے خلاف جہاد کریں گے کہ جو لا الٰہ الا اللہ و آپ کی رسول کی گواہی دیتے ہوں گے؟

آپؐ نے فرمایا: اُن کے خلاف جہاد اِس وجہ سے ہوگا جو انہوں نے دین میں بدعات ایجاد کی ہوں گی اور میرے حکم کی مخالفت کرنے اور میرے بعد میری عترت کے خوف کو مباح قرار دینے کی وجہ سے اِن کے خلاف جہاد کریں گے۔ علی علیہ السلام نے

https://downloadshiabooks.com/

عرض کیا: میں نے آپ کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا تو آپؐ نے مجھ سے شہادت کا وعدہ کیا ہے پس آپؐ اللہ سے اس کے جلدی ہونے کی دعا کریں۔ آپؐ نے فرمایا: اس کا وقت معین ہے۔ میں نے آپ سے شہادت کا وعدہ کیا ہے اور آپ اُس وقت تک صبر کریں جب آپ کا یہ اس کو رنگین کردے گا (آپؐ نے میرے سر اور ریش کی طرف اشارہ فرمایا) پس میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! جس چیز کا آپؐ نے ارادہ کیا ہے وہ ؟ کر رہے گی۔ پس یہ صبر کا مقام نہیں ہے بلکہ یہ شکر اور خوشی کا مقام ہے۔ آپؐ نے فرمایا: ہاں، پس خصومت کے لیے آمادہ رہو کیونکہ آپ میری اُمت کے مخاصم اور جھگڑے میں مقابل ہیں۔ میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپؐ نے مجھے کامیابی کی خوشخبری دی ہے۔

آپؐ نے فرمایا: اے علیؑ! جب آپ اس قوم کو دیکھو کہ وہ ہدایت سے گمراہی کی طرف جا رہی ہے پس اُس وقت اِن سے خصومت اختیار کرو، کیونکہ ہدایت اللہ کی طرف سے ہے اور گمراہی شیطان کی طرف سے ہے۔

یاعلیؑ! ہدایت یہ ہے کہ اللہ کے حکم کی اتباع کرنا نہ کہ ہویٰ وخواہش کی۔ گویا یہ وہ قوم ہے کہ جو قرآن کی تاویل کرتے ہیں اور شبہات کو اخذ کرتے ہیں اور شراب کو نبیذ بنا کر حلال قرار دیں گے اور نجس کو زکوٰۃ سے ہٹا کر حلال کرلیں گے اور حرام کو ہدایہ بنا کر حلال قرار دیں گے۔

میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! وہ لوگ کون ہیں؟ جب وہ ایسا کریں گے کیا وہ اہلِ ردہ ہیں یا اہلِ فتنہ ہیں؟

رسولِ خدا نے فرمایا: وہ اہلِ فتنہ ہیں اور وہ اُن فتنوں میں حیران و پریشان ہوں گے اور وہ عدل کو پانے کی کوشش کریں گے۔ میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! کیا عدل ہمارے پاس ہوگا یا ہمارے غیر کے پاس؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہم سے ابتداء کی ہے اور ہم سے ہی اختتام کرے گا اور شرک کے بعد لوگوں کے دلوں کو ہماری وجہ سے

https://downloadshiabooks.com/

مؤلف کیا ہے اور ہم سے ہی فتنہ کے بعد لوگوں کے دلوں کو اللہ دوبارہ جوڑے گا۔ پس میں نے عرض کیا: تمام تعریف اُس اللہ کے لیے ہے جس نے اپنا فضل عطا کیا ہے۔

## قیامت کے دن اللہ تمام مخلوق کو ایک میدان میں جمع کرے گا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویه رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسین بن عامر عن المعلی بن محمد البصری عن محمد بن جمهور القمی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلی الحسن بن محبوب قال سمعت ابا محمد الوابشی رواه عن ابی الورد قال سمعت ابا جعفر محمد بن علی الباقر (ع) یقول اذا کان یوم القیمة جمع اللّٰه الناس فی صعید واحد من الأولین والاخرین عراة حفاة فیوقفون علی طریق المحشر حتٰی یعرقوا عرقا شدیداً ویشتد انفاسهم فیمکثون بذلك ماشاء اللّٰه وذٰلك قوله تعالٰی "فلا تسمع الاهمسا ثم ینادی مناد من تلقاء العرش این النبی الامی قال فیقول الناس قد اسمعت کلا فسم باسمه قال فینادی مناد این نبی الرحمة محمد بن عبداللّٰه قال فیقوم رسول اللّٰه (ص) فیقف امام الناس کلهم حتٰی ینتهی الی حوض طوله ما بین ایله وصنعاء فیقف علیهم ثم ینادی بصحابکم فیقوم لهام الناس فیقف معه ثم یؤذن الناس فیمرون قال ابوجعفر (ع) فبین وارد وبین مصروف فاذا رأی رسول اللّٰه (ص) من یصرف عنه مه محبینا اهل البیت بکی وقال یارب شیعة علی یارب شیعة علی قال فیبعث اللّٰه الیه ملکا فیقول له ما یبکیك یامحمد قال وکیف لاابکی لأناس من شیعة اخی علی ابن ابی طالب علیه السلام اراهم قد صرفوا تلقاء اصحاب النار ومنعوا من ورود حوضی قال فیقول اللّٰه عزوجل یامحمد انی قد وهبتهم لك وصفحت لك عن ذنوبهم والحقتهم لك وبمن کانوا یتولون من ذریتك

https://downloadshiabooks.com/

وجعلتهم فی زمرتك واوردتهم حوضك وقبلت شفاعتك فيهم واكرمتك بذلك ثم قال ابوجعفر محمد بن علی بن الحسين (ع) فكم من باك يومئذ وباكية ينادون يامحمد اذرأ وذلك فلا يبقى احد يومئذ كان يتوالانا ويحبنا الا كان فی حزبنا ومعنا وورد حوضنا -

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

ابودردا رحمتہ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ تمام اوّلین و آخرین کو ایک وسیع و عریض میدان میں جمع کردے گا۔ تمام لوگ محشر کے میدان میں کھڑے ہوں گے یہاں تک کہ ہر ایک سے بہت زیادہ پسینہ بہہ جائے گا اور اُن کی سانس اُن کے لیے سخت دشوار ہوگی۔ وہ اِسی حالت میں اِسی طرح کھڑے رہیں گے جب تک اللہ چاہے گا۔ اِس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا قول ہے: فلا تسمع الاھمسا (پس وہاں کوئی آواز نہیں سنے گا مگر آہستہ) پھر عرش کے نیچے منادی ندا دے گا: نبی اُمی ہاں ہیں؟ راوی نے بیان کیا: پس لوگ کہیں گے: تحقیق جس کسی کا نام یہ ہوگا وہ اِسی کو سنے گا۔ پھر منادی آواز دے گا: نبی الرحمتہ محمدؐ بن عبداللہ کہاں ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: پھر رسولِ خدا کھڑے ہوں گے اور تمام لوگ اُن کے سامنے کھڑے ہوں گے یہاں تک کہ اُن کے حوض جس کی چوڑائی ایلہ اور صنعاء کے درمیانی فاصلہ کے برابر ہوگی (یہ دو پہاڑوں کے نام ہیں) پس تمام لوگ حوض پر کھڑے ہوں گے پھر تمام لوگوں کے حاجب (یعنی نبی اکرمؐ) کو آواز دی جائے گی۔ میں بھی لوگوں کے ساتھ اُن کے سامنے کھڑا ہو جاؤں گا۔ پس لوگوں کو وہاں سے ہٹا دیا جائے گا۔

امام ابوجعفر الباقر علیہ السلام فرماتے ہیں: وارد اور مصروف کے درمیان جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیکھیں گے کہ وہ لوگ جن کو ہٹایا جا رہا ہے اِن میں اہلِ بیتؑ

https://downloadshiabooks.com/

کے محب بھی ہیں تو آپ گریہ کریں گے اور عرض کریں گے: اے میرے رب! علیؑ کے شیعہ، اے میرے رب! علیؑ کے شیعہ۔ پس اس وقت ایک فرشتہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوگا اور عرض کرے گا: اے محمدؐ! آپ کیوں رو رہے ہیں: آپؐ فرمائیں گے کہ بھلا میں کیوں نہ گریہ کروں؟ میں اپنے بھائی علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے شیعوں کی خاطر گریہ کرز رہا ہوں اور دیکھ رہا ہوں کہ اُن کو بھی اصحابِ جہنم کے ساتھ ہٹایا جا رہا ہے اور اُن کو میرے پاس حوض پر وارد نہیں ہونے دیا جا رہا۔ پس آوازِ قدرت آئے گی: اے محمدؐ! میں نے علیؑ کے شیعوں کو آپ کو ہبہ کردیا اور آپؐ کی خاطر میں نے اُن کے گناہوں کو معاف کردیا اور میں نے اُن کو آپؐ کے ساتھ آپؐ کی ذریت میں سے جن کے ساتھ محبت و ولایت رکھتے ہیں، اُن کے ساتھ اِن کو ملحق کردیا ہے اور اِن کو میں نے آپؐ کے گروہ میں داخل کردیا ہے اور آپؐ کے حوض پر میں نے اُن کو وارد کردیا ہے اور اُن کے حق میں مَیں نے آپؐ کی شفاعت کو بھی قبول کرلیا ہے اور اِس شرفِ قبولیت و شفاعت سے آپ کو عزت بخشی ہے۔

پھر امام ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہم السلام نے فرمایا:

کتنے زیادہ رونے والے اور رونے والیاں اُس دن آواز دیں گی: اے محمدؐ! ہم پر بھی رحم فرما۔ پس اِس کے بعد اس دن کوئی بھی ہم سے محبت کرنے اور ہماری ولایت رکھنے والا نہیں بچے گا مگر یہ کہ وہ ہماری حمایت و گروہ میں ہوگا۔ ہمارے ساتھ ہوگا اور ہمارے حوضِ کوثر پر وارد ہوگا۔

## سب سے بہتر سخی ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلی محمد بن همام الاسكافی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن العلا ﴿قال حدثنا﴾ ابوسعيد الآدمی ﴿قال حدثنی﴾ عمر بن عبدالعزيز المعروف بزحل عن جميل بن دراج عن ابی عبدالله جعفر بن محمد (ع) قال خياركم

https://downloadshiabooks.com/

سمحائكم وشراركم بخلائكم ومن صالح الأعمال البر بالاخوان والسعى فى حوائجهم وفى ذلك مرغمة للشيطان وتزحزح عن النيران ودخول الجنان ياجميل اخبر بهذا مرغمة لاشيطان وتزحزح عن النيران ودخول الجنان ياجميل اخبر بهذا الحديث غرر اصحابك قلت من غرر اصحابى قال هم البارون بالاخوان فى العسر واليسر ثم قال اما ان صاحب الكثير يهون عليه ذلك وقدمدح اللّٰه صاحب القليل فقال ويؤثرون على انفسهم ولو كان بهم خصاصة ومن يوق شح نفسه فاولئك هم الفلحون وحسنا اللّٰه ونعم الوكيل وصلى اللّٰه على سيدنا محمد النبى وآله وسلم تسليماً۔

**حدیث نمبر 9: (بحذف اسناد)**

حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام نے فرمایا: تم لوگوں میں سب سے زیادہ بہتر وہ لوگ ہیں جو سخی ہیں اور تم میں سے سب سے بدتر وہ لوگ ہیں جو بخیل ہیں۔ جو لوگ اپنے بھائیوں کے ساتھ نیک سلوک کرتے ہیں اور اُن کی حاجت کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ اپنے عمل سے شیطان کو ذلیل وخوار کرتے ہیں اور جہنم سے دُور ہوتے ہیں اور جنت میں داخل ہونے والے ہوتے ہیں۔ اے جمیل (راوی حدیث) اس حدیث کو اصحاب کے لیے بیان کرو۔ میں نے عرض کیا: مولاؑ! یہ کون لوگ ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے بھائیوں سے تنگی اور آسانی دونوں صورتوں میں نیکی کرنے والے ہیں۔ آپؑ نے فرمایا: آگاہ ہوجاؤ' یہ زیادہ مال والوں کے لیے بہت آسان ہے' جب کہ اللہ نے قلیل مال والوں کی مدحت فرمائی ہے اور یوں فرمایا: ''اگرچہ وہ خود تنگی میں ہوں اور حاجت مند ہوں پھر بھی وہ دوسروں کو اپنے نفس پر ترجیح دیتے ہیں اور جو شخص اپنے نفس کو حرص سے بچالے گا تو ایسے ہی لوگ فلاح وکامیابی پانے والے ہیں اور ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہ اچھا کفیل ووکیل ہے''۔

صلی اللّٰہ علی محمد وآلہ وسلم تسلیماً

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 35

[بروز ہفتہ ۳ رمضان سال ۴۰۹ ہجری قمری]

## اللہ کے لیے حجۃ بالغہ ہے

﴿حدثنا﴾ الشيخ المفيد ابوعبدالله محمد بن محمد بن النعمان ايد الله تمكينة قال ابو القاسم جعفر بن قولويه رحمه الله ﴿قال حدثنى﴾ محمد ابن عبدالله بن جعفر الحميرى ﴿قال حدثنى﴾ هرون بن مسلم ﴿قال حدثنى﴾ مسعدة بن زياد قال سمعت جعفر بن محمد (ع) وقد سئل عن قوله تعالى فلله الحجة البالغة اذا فقال كان يوم القيمة قال الله تعالى للعبد كنت عالما فان قال نعم قال له افلا عملت بما علمت وان قال كنت جاهلا قال له افلا تعلمت حتى تعمل فيخصمه فتلك الحجة البالغة لله عزوجل على خلقه

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

جناب مسعدہ بن زیاد نے بیان کیا ہے کہ حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ سے جب قول خدا فلله الحجة البالغه کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپؑ نے فرمایا:

جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ بندے سے سوال کرے گا کہ کیا تو عالم تھا؟ اگر وہ جواب میں ہاں کہہ دے گا تو خدا فرمائے گا: اگر تو عالم تھا تو اپنے علم کے مطابق تو نے عمل کیوں نہیں کیا؟'' اگر وہ بندہ کہے گا کہ میں جاہل تھا تو اللہ فرمائے گا: تو پھر تو نے علم

https://downloadshiabooks.com/

حاصل کیوں نہیں کیا' تاکہ اُس کے مطابق عمل کرسکتا؟ پس وہ لاجواب ہوجائے گا۔ یہ ہی مراد ہے کہ خدا اپنی مخلوق پر حجۃ بالغہ ہے (یعنی اُس کے پاس دلیل ہوگی جس کا بندہ جواب نہیں دے سکے گا)۔

## حضرت لقمانؑ کا اپنے بیٹے کو وعظ کرنا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویه رحمه الله ﴿قال حدثنی﴾ الحسن بن محمد بن عامر عن القاسم بن محمد الاصفهانی عن سلیمان بن داؤد المنقری عن حماد بن عیسی عن ابی عبدالله جعفر بن محمد (ع) قال کان فیما وعظ لقمان ابنه قال له یابنی اجعل فی ایامك ولیالیك وساعاتك نصیبا لك فی طلب العلم فانك تجد له تضییعا مثل ترکه

**حدیث نمبر 2**: (بحذف اسناد)

حضرت جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے فرمایا: حضرت لقمان علیہ السلام کو جو وصیت فرمائی اُس میں سے ایک یہ بھی تھی کہ اے میرے بیٹے! اپنے دن اور رات اور گھڑیاں علم کے حصول میں قرار دو کیونکہ تو اس کو مثل ترکہ کے جائداد پائے گا۔

## میرا اور علیؑ کا ہاتھ عدالت میں مساوی ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعلی الحسین بن عبدالله القطان ﴿قال حدثنا﴾ ابوعمر وعثمان بن احمد المعروف بابن السماك ﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر احمد بن محمد بن صالح التمار ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن مسلم الرازی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن رجا قال أخبرنا اسرائیل عن ابی اسحاق عن هبیس ابن جنادة قال کنت جالسا عند ابی بکر فاتاه رجل فقال یاخلیفة رسول الله (ص) رسول الله (ص) وعدان یحثولی ثلاث حثیات من تمر فقال ابوبکر

https://downloadshiabooks.com/

ادعونی علیا (ع) فجائه علی فقال ابوبکر یااباالحسن ان ھذا یذکر ان رسول اللّٰہ (ص) وعدہ ان یحثوا لہ ثلاث حثیات من تمر فقال ابوبکر عدوھا فوجدوا فی کل حثوۃ ستین تمرۃ فقال ابوبکر صدق رسول اللّٰہ (ص) سمعتہ لیلۃ الھجرۃ ونحن خارجون من مکہ الی المدینۃ یقول یا ابابکر کفی وکف علی (ع) فی العدل سواء۔

حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)

قیس ابن جنادۃ نے بیان کیا ہے کہ میں حضرت ابوبکر کے پاس موجود تھا کہ ایک آدمی آیا اور اُس نے کہا: اے خلیفہ رسولؐ! رسولؐ خدا نے میرے ساتھ تین حث کھجور کا وعدہ فرمایا تھا۔ حضرت ابوبکر نے کہا کہ علی علیہ السلام کو میرے پاس بلایا جائے۔ پس امیرالمومنین علی علیہ السلام آئے تو حضرت ابوبکر نے عرض کیا: اے ابوالحسنؑ! یہ بندہ دعویٰ کرتا ہے کہ رسولؐ خدا نے اس کے ساتھ تین حث (ایک پیمانہ) کھجوروں کی فراہمی کا وعدہ کیا تھا۔ پس آپؑ نے اُس کو تین تھلیاں کھجوریں فراہم کردیں۔ حضرت ابوبکر نے کہا کہ ان کو شمار کیا جائے۔ پس جب اُن کو شمار کیا گیا تو ہر ایک تھیلی میں ساٹھ کھجوریں پائی گئیں۔ حضرت ابوبکر نے کہا: رسولؐ خدا نے سچ فرمایا تھا: ہجرت کی رات جب ہم مکہ سے مدینہ کی طرف نکل رہے تھے تو اس وقت آپ نے سنا تھا کہ آپؐ نے فرمایا: اے ابوبکر! میرا اور علیؑ کا ہاتھ عدالت میں مساوی ہے۔

## علی علیہ السلام سے محبّت کرو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعلی الحسن بن عبیداللّٰہ القطان ﴿قال حدثنا﴾ ابوعمرو وعثمان بن احمد ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن الحسین ﴿قال حدثنا﴾ ابراھیم بن محمد بن بسام عن علی بن الحکم عن اللیث بن سعد عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللّٰہ (ص) معاشر الناس احبوا علیا فان لحمہ

https://downloadshiabooks.com/

لحمی ودمه دمی لعن الله اقواما من امتی ضیعوا فیه عهدی ونسوا فیه وصیتی ما لهم عند الله من خلاق۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

ابوسعید خدری نے بیان کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اے لوگو! علی ابن ابی طالبؑ سے محبت کرو کیونکہ اس کا گوشت میرا گوشت ہے اور اس کا خون میرا خون ہے۔ اللہ تعالیٰ لعنت کرے میری اُمت کے ایسے گروہوں پر جو علیؑ کے بارے میں میرے عہد کو ضائع کردیں اور اس کے بارے میں میری وصیّت کو فراموش کردیں۔ ایسے لوگوں کے لیے خدا کے پاس اجروثواب کا کوئی حصّہ نہیں ہے۔

## کوثر کیا ہے؟

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی قال ابو العباس احمد بن الحسین البغدادی ﴿قال أخبرنا﴾ محمد بن اسماعیل ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الصلت ﴿قال حدثنا﴾ ابو رزین عن عطاء عن سعید بن جبیر عن عبدالله بن العباس قال لما نزل علی رسول الله (ص) انا اعطیناك الكوثر قال له علی بن ابی طالب (ع) یارسول الله ما الكوثر قال نعم یاعلی الكوثر نهر یجری تحت عرش الله عزوجل ماؤه اشد بیاضا من اللبن واحلی من العسل والین من الزبد حصاؤه الزبرجد والیاقوت والمرجان حشیشة الزعفران ترابه المسك الأذفر قواعده تحت عرش الله عزوجل ثم ضرب رسول الله (ص) یده علی جنب امیرالمؤمنین علی علیه السلام وقال یاعلی ان هذا النهر لی ولك ولمحبیك من بعدی۔

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

https://downloadshiabooks.com/

جناب عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جب رسولؐ خدا پر سورۂ کوثر نازل ہوئی تو علی علیہ السلام نے عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! یہ کوثر کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں یا علیؑ! کوثر ایک نہر ہے جو عرش کے نیچے جاری ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید، شہد سے زیادہ میٹھا اور مکھن سے زیادہ مزے دار ہے۔ اس کے کنگرے زبرجد، یاقوت اور مرجان کے ہوں گے اور اس پر اُگنے والی گھاس زعفران کی ہوگی اور اس کی مٹی کستوری ہوگی اور سرچشمہ عرشِ خدا کے نیچے ہوگا۔ پھر رسولؐ خدا نے امیرالمومنین علی علیہ السلام کے پہلو پر ہاتھ مارا اور فرمایا: اے علیؑ! یہ نہر میرے لیے، آپؑ کے لیے اور میرے بعد آپؑ سے محبت کرنے والوں کے لیے ہوگی۔

## بنی طی کی جماعت کا خطبہ

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن محمد الکاتب ﴿قال أخبرني﴾ الحسن بن علی بن عبدالکریم الزعفرانی ﴿قال حدثنا﴾ ابواسحاق ابراهیم بن محمد الثقفی ﴿قال أخبرنا﴾ اسماعیل بن ابان ﴿قال حدثنا﴾ عمرو بن شمر قال سمعت جابر بن یزید یقول سمعت اباجعفر محمد بن علی (ع) یقول حدثنی ابی عن جدی قال لما توجه امیرالمؤمنین من المدینة الی الناکثین بالبصرة نزل الربذة فلما ارتحل منها لقیه عبدالله بن خلیفة الطائی وقد نزل بمنزل یقال له "قدید" فقر به امیرالمؤمنین (ع) فقال له عبدالله الحمدلله الذی رد الحق الی اهله ووضعه فی موضعه کره ذلك قوم او اسروا به فقد والله کرهوا محمداً (ص) ونابذوه وقاتلوه فرد الله کیدهم فی نحورهم وجعل دائرة السوء علیهم و والله لنجاهدن معك فی کل موطن حفظا لرسول الله (ص) فرحب به امیرالمؤمنین (ع) واجلسه الی جنبه وکان له حبیبا وولیا واخذ یسایله عن الناس الی ان سأله عن ابی موسی

https://downloadshiabooks.com/

الأشعری فقال واللہ ما انا واثق بہ ولا آمن علیك ان وجد مساعداً علی ذلك فقال لہ امیرالمؤمنین (ع) واللہ ما کان عندی مؤتمنا ولاناصحا ولقد کان الذین تقدمونی استولوا علی مودتہ وولوہ وسلطوہ بالأمر علی الناس ولقد اردت عزلہ فسألنی الأشتر فیہ ان اقرہ فاقررتہ علی کرہ منی لہ وتحملت علی صرفہ من بعدہ قال فھو عبداللہ فی ھذا ونحوہ اذ اقبل سواد کبیر من قبل جبال طی فقال امیرالمؤمنین (ع) انظروا ما ھذا السواد فذھبت الخیل ترکض فلم تلبث ان رجعت فیقیل ھذہ طی قد جائتك تسوق الغنم والابل والخیل فمنھم من جاء ك بھدایاہ وکرامتہ ومنھم من یرید النفوذ معك الی عدوك فقال امیرالمؤمنین (ع) جزی اللہ طیا خیراً وفضل اللہ المجاھدین علی القاعدین اجراً عظیما" فلما انتھوا الیہ سلموا علیہ ، قال عبداللہ بن خلیفة فسرنی واللہ ما رأیت من جماعتھم وحسن ھیئتم وتکلموا فاقروا واللہ لعینی ما رأیت خطیبا ابلغ من خطیبم ، وقام عدی ابن حاتم الطائی فحمداللہ واثنی علیہ ثم قال امابعد فانی کنت اسلمت علی عھد رسول اللہ (ص) وادیت الزکوة علی عھدہ وقاقلت اھل الردة من بعدہ اردت بذلك ما عنداللہ وعلی اللہ ثواب من احسن واتقی وقد بلغنا ان رجالا من اھل مکة نکثوا بیعتك وخالفوا علیك ظالمین فاتیناك لننصرك بالحق فنحن بین یدیك فمرنا بما احببت ثم انشاء یقول:

فنحن نصرنا اللہ من قبل ذا کم    وانت بحق جئتنا فستنصر

فنکفیك دون الناس طراً باسرنا    وانت بہ من سایر الناس اجدر

فقال امیرالمؤمنین (ع) جزاکم اللہ من حی عن الاسلام واھلہ خیراً فقد اسلمتم طائعین وقاتلتم المرتدین ونویتم نصر المسلمین– وقام سعید

https://downloadshiabooks.com/

بن عبیدالبحری من بنی بخیر فقال یا امیرالمؤمنین ان من الناس من یقدر ان یعبر بلسانه عما فی قلبه ومنهم من لا یقدر ان یبین ما یجده فی نفسه بلسانه فان تکلف ذلك شق علیه وان سکت عما فی قلبه برح به الهم والبرم وان واللّٰه ما کل ما فی نفسی اقدر ان اودیه الیك بلسانی ولکن اللّٰه لاجهدن علی ان ابین لك واللّٰه ولی التوفیق اما انا فانی ناصح لك فی السر والعلانیة ومقاتل معك الأعداء فی کل موطن واری لك من الحق ما لم اکن اراه لمن کان قبلك ولا لأحد الیوم من اهل زمانك لتفضیلتك فی الاسلام وقرابتك من الرسول ولن افارقك ابداً حتی تظفر او اموت بین یدیك فقال له أمیر المؤمنین یرحمك اللّٰه فقد ادی لسانك ما یجد ضمیرك لنا ونسأل ان یرزقك العافیة ویثیبك الجنة ، وتکلم نفر منهم فما حفظت کلام غیر هذین الرجلین ثم ارتحل امیر المؤمنین (ع) واتبعه منهم ستمائة رجل حتی نزل ذا قار فنزلها فی الف وثلثمائة رجل۔

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے والدؑ نے میرے دادا سے روایت کی ہے کہ جب حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام مدینہ سے بصرہ کے ناکثین (بیعت توڑنے والے) کی طرف روانہ ہوئے تو آپؑ نے مقام ربذہ پر پڑاؤ کیا۔ جب آپؑ وہاں سے کوچ کرنے لگے تو آپؑ کے ساتھ عبداللہ بن خلیفہ الطائی مل گیا اور جب آپؑ منزلِ قدید پر رُکے تو امیرالمومنینؑ نے وہاں پر سکون فرمایا۔ عبداللہ بن خلیفہ نے آپؑ کی خدمت میں عرض کیا: تمام حمد ہے اُس اللہ کے لیے جس نے آج حق کو اپنے اہل کی طرف پلٹایا ہے اور اس کو اپنے محل میں قرار دیا ہے۔ اگرچہ قوم اس کو پسند نہیں کرتی اور اس سے ناراحت ہے پس خدا کی قسم! اُنہوں نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی

https://downloadshiabooks.com/

پسند نہیں کیا تھا اور آپ کے ساتھ بھی انہوں نے دشمنی کی اور آپ کے خلاف بھی لڑے۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان کے مکر کو خود اُن کی طرف پلٹا دیا اور برائی اُن کے گرد ہی گھومتی رہی۔ خدا کی قسم! ہم ہر مقام پر آپ کے ساتھ مل کر رسولؐ خدا کی حفاظت کرتے ہوئے جہاد کریں گے۔ پس امیر المومنین علیہ السلام نے اُسے مرحبا کہا اور اُس کو اپنے پہلو میں جگہ دی اور وہ آپ کا دوست تھا اور محبت کرنے والا تھا۔ اُس نے لوگوں کے بارے میں آپؑ سے سوال کرنا شروع کر دیا تو سوال کرتے کرتے ابوموسیٰ اشعری تک آ گیا تو اُس نے کہا: خدا کی قسم! میں اس پر اعتماد نہیں کرتا اور آپ کے بارے میں مَیں اس سے امن میں نہیں ہوں۔ پس امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: خدا کی قسم! یہ میرے نزدیک بھی قابلِ اعتماد نہیں ہے اور نہ ہی یہ خالص اور سچی دوستی رکھنے والا ہے لیکن وہ لوگ جو مجھے مقدم کرنے والے ہیں اور اُنہوں نے اس کی محبت میں میرے ساتھ پس وہ اس کو دوست رکھتے ہیں اور وہ اس کو لوگوں کے اُمور پر مسلط کر رہے ہیں۔ میں نے اس کو معزول کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ اشتر نے اس کے بارے میں مجھ سے سوال کیا تھا۔ اگر میں نے اس کو معین کیا ہوا ہے تو اس کی تعینی پر مجبور ہوں اور میں اس کو پسند نہیں کرتا' میں اس کو اس کے بعد معزول کر دوں گا۔

راوی بیان کرتا ہے کہ آپ ابھی عبداللہ کے ساتھ گفتگو کر ہی رہے تھے کہ طی کے پہاڑوں کی طرف سے ایک بہت بڑی سیاہی نمودار ہوئی۔ پس امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: دیکھو یہ سیاہی کس چیز کی ہے؟ گھڑسوار گئے اور واپس آ کر عرض کیا: یہ بنوطی والے جو اپنے گھوڑے' اُونٹ اور بھیڑ بکریاں لے کر آ رہے ہیں ان میں سے کچھ وہ ہیں جو آپؑ کی عزت واحترام کی خاطر ہدیہ لے کر آ رہے ہیں اور کچھ آپؑ کے ساتھ مل کر آپؑ کے دشمن کے خلاف جہاد کرنے کے لیے آ رہے ہیں۔ پس امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: خدا بنوطی والوں کو جزائے خیر عطا فرمائے اور خدا نے راہِ خدا میں جہاد کرنے والوں کو گھر وال

https://downloadshiabooks.com/

میں بیٹھے رہنے والوں کی نسبت کئی گنا زیادہ اجر وفضیلت عطا فرمائی ہے۔ پس جب وہ سارے آپؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اُنہوں نے آپؑ کی خدمت میں سلام عرض کیا۔ عبداللہ بن خلیفہ بیان کرتا ہے کہ مجھے اِن کے آنے سے خوشی ہوئی۔ میں نے کوئی جماعت نہیں دیکھی جو اِن سے زیادہ ہیبت رکھتی ہو اور اِن سے زیادہ اچھا کلام کرسکتی ہو۔ خدا کی قسم! انہوں نے میری آنکھوں کو ٹھنڈا کر دیا۔ میں نے کسی خطیب کو نہیں دیکھا جو اِن کے خطیب سے زیادہ بلیغ ہو۔

پس اس کے بعد عدی بن حاتم الطائی کھڑا ہوا' اور اُس نے عرض کیا: میں اللہ کی حمد اور ثناء بیان کرتا ہوں۔ اس کے بعد اُس نے کہا کہ میں حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں مسلمان ہوا تھا اور میں آپؐ کے زمانے میں زکوٰۃ بھی ادا کرتا رہا ہوں' لیکن آپؐ کے جانے کے بعد اہلِ بدعت کی میں نے زکوٰۃ روک لی تھی اور اس سے میں نے (خدا کے نزدیک جو اجر وثواب تھا) اُس کا ارادہ کیا تھا۔ پس ہمیں اطلاع ملی کہ اہلِ مکہ میں سے کچھ لوگوں نے آپؑ کی بیعت کو چھوڑ دیا ہے اور اُن ظالموں نے آپؑ کے خلاف اعلانِ جنگ کر دیا ہے۔ ہم آپؑ کی خدمت میں آئے ہیں تاکہ ہم آپؑ کے ساتھ مل کر حق کی مدد کریں اور آپؑ کے سامنے جو آپؑ پسند کرتے ہیں' اُس پر آپؑ کے حکم کی اتباع کریں۔ اس کے بعد اُس نے یہ دو اشعار پڑھے:

فنحن نصرنا اللہ من قبل ذاکم ... وانت بحق جئتنا فستنصر

فنکفیك دون الناس طراً باسرنا ... وانت به من سایر الناس اجدر

"پس ہم وہ ہیں' جو آپ سے پہلے بھی اللہ تعالیٰ کی مدد کرتے رہے ہیں آپ بھی حق کے ساتھ آئے ہیں۔ پس آپ کی بھی عنقریب مدد کی جائے گی۔ پس ہم سب لوگوں کی نسبت آپ کے لیے کافی ہے' اور سب لوگوں کی نسبت آپ مدد کے زیادہ سزاوار ہیں"۔

https://downloadshiabooks.com/

پس امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: خداوند متعال تم لوگوں کو تمام مسلمانوں کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے۔ تم اطاعت کرنے والوں نے اسلام قبول کیا اور مرتد لوگوں کو قتل کرنے والے اور تمام مسلمانوں کی مدد کرنے والے ہو۔ اس کے بعد بنی خیر میں سے سعید بن عبید بجری کھڑا ہوا اور اُس نے عرض کیا: اے امیر المومنینؑ! لوگوں میں سے کچھ وہ ہیں جو اپنا مافی الضمیر (یعنی دل کی بات) بیان کرنے پر قدرت رکھتے ہیں اور کچھ وہ ہیں جو اپنے دل کی بات کو بیان کرنے کی قدرت و طاقت نہیں رکھتے اور اگر اُن کو اس کی تکلیف دی جائے تو اُن پر یہ بہت دشوار اور گراں ہوتا ہے۔ اور اگر وہ اس کو بیان نہ کریں تو ظلم اور دکھ اُن کو اذیت دیتا ہے۔

خدا کی قسم! میں اپنے دل کی ساری باتیں آپؑ کے سامنے بیان کرنے کی خواہش رکھتا ہوں، لیکن ہمت نہیں ہو رہی۔ میں خدا سے مدد طلب کرتا ہوں کہ وہ مجھے ہمت دے اور میں اُن باتوں کو بیان کروں کیونکہ وہی توفیق دینے والا ہے۔ میں آپؑ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں ظاہری اور پوشیدہ دونوں طرح سے آپؑ سے محبت کرنے والا ہوں۔ اور ہر میدان میں آپؑ کے ساتھ مل کر جہاد کروں گا، کیونکہ میں نے آپؑ سے حق پایا ہے جو میں نے آپؑ سے پہلے لوگوں سے نہیں پایا تھا اور نہ ہی آپؑ کے علاوہ آج کسی اور میں پایا جاتا ہے کیونکہ آپؑ کو اسلام میں فضیلت حاصل ہے اور آپ کو رسولؐ خدا کے ساتھ قرابت داری بھی حاصل ہے۔ میں آپؑ سے جدا نہیں ہوں گا یہاں تک کہ موت آجائے یا پھر کامیاب ہو کر آپؑ کے سامنے آؤں۔

امیر المومنینؑ نے فرمایا: خدا آپ پر اپنی رحمت نازل فرمائے۔ آپ نے اپنے دل کی بات کو زبان سے بیان کر دیا ہے اور میں خدا سے آپ کی عافیت کا سوال کرتا ہوں اور آپ کے لیے جنت کا سوال کرتا ہوں۔ اس کے بعد ایک جماعت نے [illegible] کی لیکن ان دو کے علاوہ باقی لوگوں کی مجھے یاد نہیں رہی۔ پھر امیر المومنین علیہ السلام نے

https://downloadshiabooks.com/

وہاں سے کوچ فرمایا اور بنی طے میں سے چھ سو نفر نے آپ کی اتباع کی۔ پھر آپؑ مقام ''ذا قار'' پر قیام پذیر ہوئے اور وہاں سے بھی تیرہ سو افراد آپؑ کے لشکر میں شامل ہوئے۔

## السابقون سے مراد کون لوگ ہیں؟

﴿قال أخبرني﴾ ابونصر محمد بن الحسين المقرى ﴿قال حدثنا﴾ عمر ابن محمد الوراق ﴿قال أخبرنا﴾ علی بن العباس البجلی ﴿قال حدثنا﴾ حميد بن زياد ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن تسنيم قال الفضل بن دكين ﴿قال حدثنا﴾ مقاتل بن سليمان عن الضحاك بن مزاحم عن ابن عباس قال سألت رسول الله (ص) عن قول الله عزوجل ''السابقون السابقون اولئك المقربون فی جنات النعيم'' فقال لی جبرئيل ذلك علی (ع) وشيعته هم السابقون الی الجنه المقربون الی الله تعالی بكراماته لهم ۔

**حديث نمبر 7:** (بحذف اسناد)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں سوال کیا: السابقون السابقون اولئك المقربون فی جنت النعيم ''وہ لوگ جو سبقت لے جانے والے ہیں وہ سبقت کرنے والے ہیں وہی جنت نعیم میں مقرب ہوں گے''۔

آپؐ نے فرمایا: مجھے جبرائیلؑ نے بتایا ہے کہ علی علیہ السلام اور اُن کے شیعہ ہیں جو جنت کی طرف سبقت کرنے والے ہیں اور خدا کے مقرب ہیں۔ اللہ اُن کو کرامت عطا فرمائے گا۔

## علیؑ کے شیعہ کی برائیاں نیکیوں میں تبدیل ہو جائیں گی

﴿قال أخبرني﴾ ابو غالب احمد بن محمد الزراری رحمه الله ﴿قال

https://downloadshiabooks.com/

أخبرني﴿ عمي ابوالحسن علی بن سليمان بن الجهم ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبدالله محمد بن خالد الطيالسي ﴿قال حدثنا﴾ العلا بن رزين عن محمد ابن مسلم الثقفي قال سألت اباجعفر محمد بن علی (ع) عن قول الله عزوجل ''فاولئك يبدل الله سياتهم حسنات وكان الله غفوراً رحيما'' فقال (ع) يؤتى بالمؤمن المذنب حتى يقام بموقف الحساب فيكون الله تعالى هو الذي يتولى حسابه لا يطلع علی حسابه احداً من الناس فيعرفه ذنوبه حتى اذا اقر بسيئاته قال الله عزوجل للكتبة بدلوها حسنات واظهروها للناس فيقول الناس حينئذ اما كان لهذا العبد سيئة واحدة ثم يأمر الله به الى الجنة فهذا تأويل الآية فهي في المذنبين من شيعتنا خاصة۔

حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)

جناب محمد ابن مسلم ثقفی رحمتہ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں سوال کیا: فاولئك يبدل الله سيئاتهم حسنات وكان الله غفورا رحيما ''پس وہ لوگ کہ جن کی بدیوں کو اللہ تعالیٰ نیکیوں میں تبدیل کر دے گا لیکن وہ بخشش اور رحم کرنے والا ہے''۔

پس آپؑ نے فرمایا: قیامت کے دن ایک گناہ گار مومن کو لایا جائے گا اور اُس کو حساب کے لیے کھڑا کیا جائے گا اور خود اللہ تعالیٰ اُس کے حساب کو اپنے ذمہ لے لے گا۔ لوگوں میں سے کسی کو اُس کے حساب سے مطلع نہیں کرے گا تا کہ وہ اس کے گناہوں کو جان سکے پس وہ بندہ خدا کے سامنے اپنے گناہوں کا اعتراف کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اُن لکھنے والوں کو حکم دے گا کہ اس کی بدیوں کو نیکیوں میں تبدیل کر دو اور لوگوں کے سامنے اس کی نیکیوں کو ظاہر کرو۔ اُس وقت لوگ کہیں گے کہ خدا کی قسم! اس بندے کے لیے ایک بھی برائی و بدی نہیں ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ اُس کو جنت میں جانے کا حکم دے گا۔ پس یہ اُس آیت

https://downloadshiabooks.com/

کی تاویل وتفسیر ہے جو ہمارے گناہ گار شیعوں کے ساتھ خاص ہے۔

## چار چیزیں جس میں ہوں گی اس کا ایمان کامل ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد الحسن بن الولید رحمه الله قال حدثنی ابی قال حدثنا محمد بن الحسن الصفار عن احمد بن محمد بن عیسی محمد بن عبدالجبار عن الحسن بن محبوب عن ابی ایوب الخزاز عن ابی حمزة الثمالی عن ابی جعفر محمد بن علی (ع) قال کان ابی علی بن الحسین (ع) یقول اربع من کن فیه کمل ایمانه ومحصت عنه ذنوبه ولقی ربه وهو عنه راض من وفی لله بما جعل علی نفسه للناس وصدق لسانه مع الناس واستحی من کل قبیح عند الله وعند الناس وحسن خلقه من اهله۔

**حدیث نمبر 9:** (بحذف اسناد)

جناب ابوحمزہ ثمالی نے حضرت ابوجعفر محمد بن علی علیہ السلام سے سنا کہ اُنہوں نے فرمایا: میرے والد گرامی حضرت علی بن حسین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ جس شخص میں چار چیزیں پائی جاتی ہیں اُس کا ایمان کامل ہے اور اُس کے سارے گناہ ختم ہو جائیں گے اور وہ اپنے رب سے اِس حالت میں ملاقات کرے گا کہ وہ اُس سے راضی ہوگا:

① جو شخص اُن چیزوں کو اللہ کے لیے پورا کرے جو اُس کے نفس پر قرار دی گئی ہیں۔

② لوگوں کے ساتھ سچ بولے۔

③ وہ ہر برائی سے لوگوں اور اللہ کے نزدیک حیاء کرے۔

④ اس کے لوگوں کے ساتھ اخلاق اچھے ہوں۔

https://downloadshiabooks.com/

## مولیان کون؟

﴿قال أخبرنی﴾ ابو الطیب الحسین بن محمد النحوی صاحب ابی بکر محمد بن القاسم ﴿قال أخبرنی﴾ العباس بن حسین اللهبی ﴿قال حدثنا﴾ ابن حسان قبیصة اللهبی قال کتب علی بن حفص بن عمر الی ابی جعفر المنصور انه وجد فی خان بالمولیان یقول عبدالله بن محمد بن عبدالله بن الحسن عن علی بن ابی طالب علیه السلام قلت لما انتهیت الی هذا الموضع وقد انقلب الدم:

عسی مشرب یصفو فیروی ظماؤه    اطال صداها المنہل المتکدر
عسی بالجنوب العادیات سکتتنی    وبالمستذل المستضام سینصر
عسی جابر العظم الکسیر بلطفه    سیرتاح للعظم الکسیر فیجبر
عسی الله ان لا ییأس العبد انه    یہون علیه ما یجل ویکبر

قال الشیخ وانشدنی ابوالطیب الحسین بن محمد التمار لابی بکر العرزمی-

اری عاجزاً یدعی جلید الغشمة    ولو کلف التقوی لکلت مضاربه
وعفا یسمی عاجزاً لعفافه    ولولا التقی ما اعجزته مذاهبه
واحمق مصنوعا له فی اموره    یسوده اخوانه واقاربه
علی غیر حزم فی الامور ولا تقی    ولا نال جزل تعد مواهبه
ولکنه قبض الاله وبسطه    فلا ذا یجاربه ولا ذا یغالبه
اذا أکمل الرحمٰن للمرء عقله    فقد کملت اخلاقه ومآربه

حدیث نمبر 10: (بحذف اسناد)

قبیصۃ اللہبی نے بیان کیا ہے کہ علی بن حفص بن عمر نے ابوجعفر منصور کی طرف تحریر

https://downloadshiabooks.com/

کیا کہ اس نے مولیان میں سے ایک خائن کو پایا ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ عبداللہ ابن محمد بن عبداللہ بن حسن نے اور انہوں نے علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ میں جب اس مقام پر پہنچا کہ جہاں سے جنگ کا رُخ تبدیل ہوا تو اُس وقت یہ اشعار پڑھے:

عسی مشرب یصفو فیروی ظماؤہ

اطال صداھا المنہل المتکدر

''امید ہے جن کی پیاس بیان ہوئی ہے ان کے پانی پینے کا محل صاف ہوگا' اس کے گھاٹ کو وہ میلا و مکدر کردے گی''۔

عسی بالجنوب العادیات سکنتنی

وبالمستذل المستضام سینصر

''امید ہے کہ وہ جماعت جو اذیت دیتی ہے میری سکونت سے ذلیل اور مظلوم لوگوں کی مدد ہوگی''

عسی جابر العظم الکسیر بلطفه

سیرتاح للعظم الکسیر فیجبر

''امید ہے کہ وہ اپنے لطف سے ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑ دے اور عنقریب ٹوٹی ہڈی کا جبران کردے گا''۔

عسی اللّٰہ ان لا ییأس العبد انه

یہون علیه ما یجل ویکبر

''امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کو مایوس نہیں کرے گا کیونکہ یہ اس کے لیے آسان ہے کہ جو اس کی جلالت اور کبریائی کو بیان کرے''۔

شیخ نے بیان کیا ہے کہ ابوالطیب الحسین بن محمد التمار نے ابوبکر عرزمی کے لیے یہ اشعار پڑھے:

https://downloadshiabooks.com/

ارى عاجزاً يدعى جليد الغشمة
ولو كلف التقوى لكلت مضاربه

''میں دیکھ رہا ہوں اس کو عاجز جو بہادر و ظالم تھا' اگر تقویٰ کا تکلف نہ ہوتا تو اس کے لڑنے کے مواقع کم نہ تھے''۔

وعفا يسمى عاجزاً لعفافه
ولولا التقى ما اعجزته مذاهبه

''اس کی پاک دامنی اس کو عاجز کر رہی ہے' اگر تقویٰ حائل نہ ہوتا تو وہ عاجز ہونے والا نہیں تھا''۔

واحمق مصنوعا له فى اموره
يسوده اخوانه واقاربه

''اور احمق اپنے کاموں میں اپنے بھائیوں اور عزیز و اقارب کو رسواء کر دیتا ہے''۔

على غير حزم فى الامور ولا تقى
ولا نال جزل تعد مواهبه

''جو اپنے امور میں مستقل مزاج نہیں ہوتا اور تقویٰ بھی اختیار نہیں کرتا اور بخشش بھی نہیں کرتا اس کے ھبہ کے موارد زیادہ ہوتے ہیں''۔

ولكنه قبض الاله وبسطه
فلا ذا يجاربه ولا ذا يغالبه

''لیکن جس کو اللہ تنگ دست کرتا ہے اور محدود رکھتا ہے پس وہ ظالم ہوتے ہیں اور نہ ہی وہ غلبہ حاصل کرنے والے ہوتے ہیں''۔

اذا اكمل الرحمن للمرء عقله
فقد كملت اخلاقه ومآربه

https://downloadshiabooks.com/

''جب رحمٰن کسی بندے کی عقل کامل کر دیتا ہے' پس اس کے اخلاق مکمل ہو جاتے ہیں''۔

## حقوق کو ضائع مت کرو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد رحمه الله عن محمد بن همام عن عبدالله بن العلا عن الحسن بن محمد بن شمون عن حماد بن عیسیٰ عن اسماعیل بن خالد قال سمعت جعفر بن محمد (ع) یقول جمعنا ابوجعفر (ع) فقال یابنی ایاکم والتعرض للحقوق واصبروا علی النوائب وان دعاکم بعض قومکم الی امر ضرره علیکم أکثر من نفعه فلا تجیبوه وصلی الله علی سیدنا محمد النبی وآله۔

**حدیث نمبر 11:** (بحذف اسناد)

اسماعیل بن خالد نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا کہ آپؑ نے ہم سب کو جمع کیا اور فرمایا: اے میرے بیٹو! حقوق کو ضائع کرنے سے بچو اور مصائب پر صبر کرو۔ اگر تم کو کوئی قوم ایک ایسے امر کے لیے بلائے جس کا ضرر آپ کے لیے اُن کے نفع سے زیادہ ہو تو پھر اُس امر پر اُن کو جواب نہ دو۔ (یعنی پھر اُن کی مدد نہ کرو)۔

◎◎◎

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 36

[بروز ہفتہ ۱۰ رمضان المبارک سال ۱۴۱۰ ہجری قمری]

## شیطان جکڑا جاتا ہے

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن یحیٰی بن سلیمان المروزی ﴿قال حدثنا﴾ عبداللہ بن محمد العشی ﴿قال حدثنا﴾ حماد بن سلمة عن ایوب عن ابی قلابة عن ابی هریرة قال قال رسول اللّٰہ (ص) هذا شهر رمضان افترض صیامه یفتح اللّٰہ فیه ابواب الجنان ویصفد فیه الشیطان وفیه لیلة خیر من الف شهر رمضان فمن حرمها فقد حرم یردد ذٰلك ثلاث مرات (ص)۔

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

حضرت ابوہریرہ نے بیان کیا ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یہ ماہِ رمضان ہے کہ جس کے روزے واجب قرار دیے گئے ہیں۔ اس میں جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور شیطان کو اس ماہ میں جکڑ دیا جاتا ہے اور اس ماہ میں ایک رات ہے جو ہزار راتوں سے بھی افضل ہے۔ پس جس شخص نے اس کی حرمت و عزت کا خیال رکھا اُس کی حرمت وعزت کا خیال رکھا جائے گا اور آپؐ نے اس کو تین مرتبہ فرمایا۔

https://downloadshiabooks.com/

## مصیبت کی ابتداء ہم سے ہوتی ہے

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالعباس احمد بن محمد بن عقدة ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن عبداللہ ﴿قال حدثنا﴾ سعدان بن سعید ﴿قال حدثنا﴾ سفیان بن ابراهیم الغامدی القاضی قال سمعت جعفر بن محمد (ص) یقول بنا یبدء البلاء ثم بکم وبنا یبدء الرخا ثم بکم والذی یحلف به لینتصر اللہ بکم کما انتصر بالحجارة۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

سفیان بن ابراہیم الغامدی القاضی نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: مصیبت کی ابتداء ہم سے ہوتی ہے پھر آپ لوگوں تک آتی ہے۔ اور نرمی و آسانی کی ابتداء ہم سے ہوتی ہے اور پھر تم تک آتی ہے۔ اور جو اس کے ساتھ حلف اٹھاتا ہے اللہ ضرور بہ ضرور اُس کی مدد کرتا ہے جیسا کہ تم پتھر سے مدد طلب کرتے ہو۔

## نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ النعمان ابن احمد القاضی الواسطی ببغداد ﴿قال أخبرنی﴾ ابراهیم بن عروة النحوی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن رشید بن جشم الهلالی ﴿قال حدثنا﴾ عمی سعید بن جشیم ﴿قال حدثنا﴾ مسلم الغلابی قال جاء اعرابی الی النبی (ص) قال فقال واللہ یارسول اللہ لقد اتیناك وما لنا بعیر یأط ولا غنم یغط ثم انشاء یقول۔

اتیناك یاخیر البریة کلها لترحمنا مما لقینا من الأزل
اتیناك والعذراء یدمی لبانها وقد شغلت ام الصبی عن الطفل

https://downloadshiabooks.com/

والقى بكيفية الفتى استكانة    من الجوع ضعفا ما يمرو وما يحلى
ولا شيئ مما يأكل الناس عندنا    سوى الحنظل العامى والعلهز الفسل
وليس لنا الا اليك فرارنا    واين فرار الناس الا الى الرسل

فقال رسول (ص) لأصحابه ان هذا الأعرابى يشكو قلة المطر وقحطا شديداً ثم قام يجر ردائه حتٰى صعد المنبر فحمد اللّٰه واثنى عليه وكان مما حذر به ان قال الحمدللّٰه الذى علا فى السماء فكان عاليا فى الأرض قريبا دانيا اقرب الينا من حبل الوريد ورفع يده الى السماء وقال اللهم اسقنا غيثا مغيثا مربا مريعا غد قاطبقا عاجلا غير رايث نافعنا غير ضاير تملاء به الضرع وتنبت به الزرع وتحيى به الأرض بعد موتها، فمارد يديه الى نحره حتٰى احدق السحاب بالمدينة كالا كليل والتفت السماء بارد افها وجاء اهل البطاح يضجون يارسول اللّٰه الغرق الغرق فقال رسول اللّٰه حوالينا لاعلينا فانجاب السحاب عن السمآء فضحك رسول اللّٰه (ص) وقال للّٰه درابى طالب لو كان حيا لقرت عيناه من ينشدنا قوله فقام عمر بن الخطاب فقال عسى اردت يارسول اللّٰه شعره

وما حملت من ناقة فوق رحلها    ابر و اوفى ذمة من محمد

فقال رسول اللّٰه (ص) ليس هذا من قول ابى طالب بل من قول حسان بن ثابت فقام على بن ابى طالب (ع) فقال كأنك اردت يارسول اللّٰه قوله:

وابيض يستسقى الغمام بوجهه    ربيع اليتامى عصمة للأرامل
يلوذ بك الهلاك من آل هاشم    فهم عنده فى نعمة وفواضل
كذبتم وبيت اللّٰه نبزى محمداً    ولما نطا عن دونه ونناضل
ونسلمه حتٰى نصرع حوله    ونذهل عن ابنائنا والحلائل

https://downloadshiabooks.com/

فقال رسول اللّٰہ (ص) اجل فقام رجل من بنی کنانۃ وقال:

لك الحمد والحمد ممن شکر　سقینا بوجه النبی المطر

دعا اللّٰہ خالقه دعوۃ　واشخص منه الیه البصر

ولم یك الا کالقی الردآء　واسرع حتّٰی اتانا الدر

دفاق العزال وجم البعاق　اغاث به اللّٰہ علیا مضر

فکان کما قاله عمه　ابوطالب اذ رآه اغر

به اللّٰہ یسقی صیوب الغمام　فهذا العیان وذاك الخیر

فقال رسول اللّٰہ (ص) بؤاك اللّٰہ بکل بیت قلته بیتاً فی الجنة۔

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

جناب مسلم غلابی نے بیان کیا ہے کہ ایک اعرابی حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسولؐ اللہ! میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ ہمارے لیے کوئی اُونٹ نہیں رہا جس سے ہم کھیتی باڑی کر سکیں اور نہ ہی کوئی بھیڑ بکری رہی ہے جس کو چرایا جائے۔ پھر اُس نے یہ اشعار پڑھے:

اتیناك یاخیر البریة کلها　لترحمنا مما لقینا من الأزل

''اے تمام مخلوق سے افضل! ہم آپ کے پاس آئے ہیں تاکہ آپ ہم پر رحم کریں اور جو ہم پر وارد ہوا ہے اُس سے نجات ہمیں ملے''۔

اتیناك والعذراء یدمی لبانها　وقد شغلت ام الصبی عن الطفل

''ہم آپ کے پاس آئے ہیں کہ ہماری عورتوں کے دودھ خشک ہوگئے ہیں اور بچوں کی ماؤں نے اپنے بچوں سے دُوری کرلی ہے''۔

والقی بکیفیة الفتی استکانة　من الجوع ضعفا ما یمرو وما یحلی

''اور جوان اس طرح کی زندگی بسر کررہے ہیں کہ بھوک نے اُن کو

https://downloadshiabooks.com/

کمزور کر دیا کہ چلنے پھرنے کے قابل نہیں رہے"۔

ولا شیئ مما یأکل الناس عندنا　　سوی الحنظل العامی والعلھز الفسل

"ہمارے پاس کوئی چیز لوگوں کے کھانے کے لیے نہیں ہے سوائے
اندرون کڑوی اور کھجور کے سخت تنے"۔

ولیس لنا الا الیك فرارنا　　واین فرار الناس الا الی الرسل

"اور ہمارے پاس آپ کے علاوہ کوئی جانے کی جگہ نہیں اور لوگ
رسول کو چھوڑ کر کہاں جا سکتے ہیں"۔

پس سید الانبیاء رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: یہ اعرابی بارش کی قلت اور شدید قحط کی شکایت کر رہا ہے۔ پھر آپؐ کھڑے ہوئے کہ آپ کی ردا زمین پر کھینچی جا رہی تھی۔ آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بجا لائے۔ پھر آپ نے وہ کچھ بیان فرمایا جس سے ڈرایا جائے۔ پھر فرمایا: تمام حمد ہے اُس ذات کے لیے جو آسمانوں میں بلند ہے اور وہ زمین پر بھی بلند ہے اور اتنا قریب ہے کہ ہماری شہ رگ سے بھی قریب تر ہے اور آپؐ نے ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کیا اور عرض کیا:

اللھم اسقنا غیثا مغیثا مربا مریعا غد قاطبقا عاجلا غیر رایث نافعنا غیر ضایر تملاء به الضرع وتنبت به الزرع وتحیی به الأرض بعد موتھا۔

"اے اللہ! ہمیں اپنی رحمت والی بارش سے سیراب فرما، ایسی بارش جو ہمارے لیے باعث زحمت نہ ہو بلکہ باعثِ رحمت بنے اور اس سے ہمارے حوض پُر ہو جائیں اور فصلیں اُگ آئیں اور مُردہ زمین زندہ ہو جائے"۔

ابھی آپؐ کے ہاتھ نیچے نہیں ہوئے تھے کہ مدینہ کو بادلوں نے گھیر لیا جیسے تاج سر کو گھیر لیتا ہے۔ تمام آسمان ٹھنڈا ہو گیا۔ اہلِ بطاح یعنی مدینہ والے آئے اور آ کر عرض کیا:

https://downloadshiabooks.com/

یارسولؐ اللہ! کہیں یہ بادل ہمیں غرق نہ کردیں۔ رسولؐ خدا نے فرمایا کہ ہمارے لیے نہیں بلکہ یہ ہمارے اطراف والوں کے لیے ہیں' پھر آسمان پر ایک بادل آیا تو رسولؐ خدا مسکرائے اور فرمایا: یہ ہمارے لیے ہے اور پھر آپؐ نے فرمایا کہ خدا کی قسم! اللہ میرے چچا ابوطالبؑ کو جزائے خیر دے اگر آج وہ زندہ ہوتے تو خوش ہوجاتے۔کوئی ہے جو اُن کے اشعار آج مجھے سنائے؟

پس حضرت عمر بن خطاب کھڑے ہوئے اور عرض کیا: امید ہے کہ آپ نے جو ارادہ کیا ہے میں وہ ہی سناؤں گا۔ پھر اُنھوں نے شعر پڑھا:

وما حملت من ناقة فوق رحلها

ابر و اوفی ذمة من محمد

''اور نہیں اٹھایا کسی اُونٹنی نے اپنی ہلان پر جو زیادہ نیک اور ذمہ کو پورا کرنے والا ہو محمدؐ سے''۔

پس علی علیہ السلام کھڑے ہوئے اور آپؑ نے عرض کیا کہ گویا آپ کا ارادہ یہ اشعار سننے کا ہے۔ پھر آپؑ نے ابوطالب علیہ السلام کے اشعار کو پڑھا:

وابیض یستسقی الغمام بوجهه

ربیع الیتامی عصمة للأرامل

''اور چمکتے ہوئے چہرے کا مالک! جس کے ذریعے سے بارش کو طلب کیا جاتا' یتیموں کی پرورش کرتا اور بیواؤں کا سہارا ہے''۔

یلوذ بك الهلاك من آل هاشم

فهم عنده فی نعمة وفواضل

''آلِ ہاشم کے کمزور قیدی پناہ میں ہوتے ہیں اور وہ اس کے پاس نعمت اور فضیلت والے ہیں''۔

https://downloadshiabooks.com/

كذبتم وبيت الله نبزى محمداً
ولما نطا عن دونه ونناضل

''اللہ کے گھر کی قسم' تم جھوٹ بولتے ہو۔ محمدؐ کو اذیت دیتے ہو حالانکہ جب ہم اس کے علاوہ تیراندازی کرتے ہیں ہم غالب ہوتے ہیں''۔

ونسلمه حتی نصرع حوله
ونذهل عن ابنائنا والحلائل

''اور ہم اس کو سلام کرتے ہیں یہاں تک ہم اس کے گرد کرے ہوئے ہیں اور ہم اپنی اولاد اور گھر میں رہنے والوں سے غافل ہیں۔

ان اشعار کو سننے کے بعد رسولؐ خدا نے فرمایا: ہاں یہ ہی اشعار تھے۔ پس اس کے بعد بنی کنانہ کا ایک مرد کھڑا ہوا اور اُس نے آپ کی شان میں یہ اشعار پڑھے:

لك الحمد والحمد ممن شكر
سقينا بوجه النبی المطر

''تیرے لیے حمد ہے اور حمد ہے اُس کے لیے جو شکر کرے' ہم بارش طلب کرتے ہیں نبی کے مبارک چہرے کے لیے''۔

دعا الله خالقه دعوة
واشخص منه اليه البصر

''اس نے اپنے خالق اور اللہ کو پکارا اور اُس کی طرف اپنی نظر کو مشخص رکھا ہے''۔

ولم يك الا كالقى الردآء
واسرع حتی اتانا الدر

''وہ نہیں ہے مگر چادر اوڑھنے والا وہ جلدی کرتا جیسا کہ دُور ہمارے آیا ہو''۔

https://downloadshiabooks.com/

دفاق العزال وجم البعاق

اغاث به اللّٰه علیا مضر

''وہ بہت زیادہ بخشش کرنے والا اور عطاء کے ورکھوں دینے والا ہے
اسی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ہم پر بارش نازل کرتا ہے''۔

فکان کما قاله عمه

ابو طالب اذ رآه اغر

''پس وہ ایسے ہی ہے جیسا کہ اس کے چچا ابو طالب نے فرمایا کیونکہ
وہ اس سے زیادہ عزت والا جانتا ہے''۔

به اللّٰه یستقی صیوب الغمام

فھذا العیان وذاك الخیر

''اور اس کے ذریعے اللہ بارش عطا کرتا ہے پس یہ عیاں ہے اور وہ
خیر ہے''۔

پس رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تیرے لیے ہر شعر کے بدلے میں جنت میں ایک گھر عطا فرمائے۔

## معاویہ کا بسر بن اطارۃ کو مکہ روانہ کرنا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد الكاتب ﴿قال أخبرنا﴾ الحسن بن عبدالكریم الزعفرانی ﴿قال حدثنا﴾ ابواسحق ابراهیم ابن محمد الثقفی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد الورق ﴿قال حدثنا﴾ عبداللّٰه بن الأزرق الشیبانی ﴿قال حدثنا﴾ ابوالحجاف عن معویة بن ثعلبة قال لما استوثق الأمر لمعویة بن ابی سفان انفذ فسیر بسر بن اطارة الی الحجاز

https://downloadshiabooks.com/

فی طلب شیعة امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب (ع) وکان علی مکة[1] عبیداللّٰه بن العباس بن عبدالمطلب فطلبه فلم یقدر علیه فاخبر ان له ولدین صبیین فبحث عنهما فوجدهما فاخذهما فاخرجهما من الموضع الذی کانا فیه ولهما ذوابتان کأنهما در تان فامر بذبحهما وبلغ امهما الخبر افکادت نفسها تخرج ثم انشأت تقول:

ها من احس بابنی اللذین هما　　کالدرتین تشظی عنهما الصدف
ها من احس باینی اللذین هما　　سمعی وعینی فقلبی الیوم مختطف
نبئت بشراً وما صدقت ما زعموا　　من قولهم ومن الافك الذی اقترقوا
اضحت علی ودجی طفلی مرهفة　　مشحوذة وکذلك الظلم والسرف
من دل والهة عبری مفجعة　　علی صبیین فاتا اذ مضی السلف

قال ثم اجتمع عبیداللّٰه بن العباس من بعد وبسر بن ارطاة عنده معویة فقال معویة لعبیداللّٰه اتعرف هذا الشیخ قاتل الصبیین فقال بسر نعم انا قاتلهما فمه فقال عبیداللّٰه لو ان لی سیفا قال بسرفهاك سیفی واوماء بیده الی سیفه فزبره معویة وانتهره وقال اف لك من شیخ ما احمقك تعمد الی رجل قد قتلت ابنیه تعطیه سیف کأنك لاتعرف اکباد بنی هاشم واللّٰه لو دفعته الیه لبدء بك وثنی بی فقال عبیداللّٰه بلی واللّٰه کنت ابدء بك ثم اثنی به ـ[2]

---

۱- الموجود فی التاریخ کان علی الیمن

۲- لو کان لهذا الشیخ شهامة فضلا عن الدین لما ترك حجة الوقت سید شباب اهل الجنة وعاف الجیش الذی هوامیر علیه واصبح رعیة لمعاویة طمعا فی الزهید من الدنیا وخسرت صفقته۔

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 4: (بحذف اسناد)**

معاویہ بن ثعلبہ نے بیان کیا ہے کہ جب حکومت کا معاملہ معاویہ کے لیے مضبوط ہو گیا اور اس کا حکم نافذ ہو گیا تو اُس نے بسر بن اطارۃ کو مکہ میں علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے شیعوں کو تلاش کرنے کے لیے روانہ کیا۔ مکہ میں عبیداللہ بن عباس بن عبدالمطلب تھے۔ پس وہ اُن کی تلاش کے لیے نکلا لیکن اُس کو پانے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ اُس کو خبر ملی کہ اُس کے دو بچے موجود ہیں۔ پس اس نے اُن کو تلاش کیا اور اُن کو پا لیا۔ اس نے انھیں پکڑا اور جس جگہ پر وہ تھے وہاں سے اُن کو نکالا۔ دونوں بچے اتنے خوبصورت تھے جیسے کہ وہ دو موتی ہوں۔ اس ملعون نے اُن دونوں کو قتل کرنے کا حکم دیا اور وہ بچے قتل ہو گئے۔ جب اِن کی قتل کی خبر ان دونوں کی ماں کو ملی تو وہ اپنے گھر سے پریشان حال نکلی اور یہ اشعار اس نے پڑھے:

ھا من احس بابنی اللذین ھما
کالدرتین تشظی عنھما الصدف

"ہائے کوئی ہے جس کو میرے دو بچوں کی خبر ہو جو دو موتیوں کی طرح چمکتے اور حسین تھے"۔

ھا من احس باینی اللذین ھما
سمعی وعینی فقلبی الیوم مختطف

ہائے کوئی ہے جس کو میرے دونوں بچوں کے بارے میں پتہ ہو جو دونوں میری آنکھوں اور کانوں کی مانند ہیں اور آج میرا دل تڑپ رہا ہے"۔

نبئت بشراً وما صدقت ما زعموا
من قولھم ومن الافك الذی اقترفوا

https://downloadshiabooks.com/

''مجھے کوئی بشر خبر دے جو لوگ گمان کرتے ہیں ان کو میں سچا نہیں جانتی۔ یہ ان کا قول ہے خدا کرے وہ جھوٹ ہو''۔

اضحت علی ودجی طفلی مرھفة
مشحوذة وکذلك الظلم والسرف

''مجھ پر ظلم ہوا ہے اور رات کی تاریکی میں تیز دھار تلوار کے ساتھ میرے بچوں کو قتل کر دیا گیا ہے اس طرح ظلم اور زیادتی کی گئی ہے''۔

من دل والهة عبری مفجعة
علی صبیین فاتا اذ مضی السلف

''کوئی جو بیان کرے جبکہ ان دونوں بچوں پر غم کی وجہ سے عقل ضائع ہو چکی ہے پس وہ دونوں بچے میری ساری دنیا ہیں''۔

راوی بیان کرتا ہے کہ عبیداللہ بن عباس اور بسر بن ارطاہ دوبارہ معاویہ کے پاس اکٹھے ہوئے تو معاویہ نے عبیداللہ سے کہا: کیا آپ اس شیخ کو جو بچوں کا قاتل ہے جانتے ہیں؟ بسر نے کہا: ہاں میں ہی اُن دو بچوں کا قاتل ہوں پس اب رہنے دو۔ عبیداللہ بن عباس نے کہا: کاش میرے پاس تلوار ہوتی۔ بسر نے کہا کہ یہ میری تلوار موجود ہے اور اُس نے اپنی تلوار کی طرف اشارہ کیا: معاویہ نے اُس کو منع کیا اور اُسے جھڑک دی اور کہا: تف ہو تیرے لیے۔ اے شیخ! تو کتنا احمق ہے کہ تو اُس بندے کو تلوار فراہم کر رہا ہے جس کے دو بچوں کو تو نے قتل کیا ہوا ہے حالانکہ تو نہیں جانتا کہ یہ بنی ہاشم کا بہادر نوجوان ہے۔ اگر تو نے اپنی تلوار اس کے سپرد کر دی تو یہ تیری بوٹیاں بھی کرے گا اور پھر میرا حساب بھی برابر کر دے گا۔ پس عبیداللہ بن عباس نے کہا: کیوں نہیں خدا کی قسم! پہلے میں تیرا حساب چکاؤں گا اور بعد میں اِس کے ساتھ معاملہ صاف کروں گا۔

https://downloadshiabooks.com/

# علی علیہ السلام سے محبّت فقط مومن رکھے گا

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعید ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن محمد بن مروان ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن الحکم عن المسعودی ﴿قال حدثنا﴾ الحرث بن حصیرة عن عمران بن الحصین قال کنت انا وعمر بن الخطاب جالسین عندالنبی (ص) وعلی (ع) جالس الی جنبه اذ قرء رسول اللّٰه (ص) "امن یجیب المضطر ویکشف السوء ویجعلکم خلفاء الأرض اله مع اللّٰه قلیلا ما تذکر قال فانتفض علی (ع) انتفاضة العصفور فقال له النبی (ص) ماشأنك تجزع فقال مالی لا اجزع واللّٰه یقول انه یجعلنا خلفاء الأرض فقال له النبی (ص) لا تجزع فواللّٰه لایحبك الا مؤمن ولا یبغضب الا منافق

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

عمران بن حصین بیان کرتا ہے کہ میں اور حضرت عمر ابن خطاب دونوں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں موجود تھے اور علی علیہ السلام بھی آپؐ کے پہلو میں بیٹھے ہوئے تھے۔ جب رسولؐ خدا نے اس آیت کی تلاوت کی:

امن یجیب المضطر ویکشف السوء ویجعلکم خلفاء الأرض اله مع اللّٰه قلیلا (سورہ نمل آیت ٦٢) ”بھلا وہ کون ہے جس کو پریشان حال پکاریں تو دعا کو قبول کرتا ہے اور مصیبت کو دُور کرتا ہے اور تم لوگوں کو اُس نے زمین پر اپنا نائب بنایا ہوا ہے کیا خدا کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے اس پر بھی تم لوگ بہت کم عبرت ونصیحت حاصل کرتے ہو“۔

راوی بیان کرتا ہے کہ اس آیت کے سننے کے بعد علی علیہ السلام اس طرح کانپے جس طرح چڑیا ذبح کے بعد تڑپتی ہے۔ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علیؑ! کیا بات ہے۔ آپؑ نے اتنا زیادہ غم کیوں کیا ہے؟

https://downloadshiabooks.com/

آپؑ نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! میں اس قدر غم کیوں نہ کروں جبکہ اللہ یہ کہہ رہا ہے کہ ہم نے تم کو زمین پر نائب بنایا ہے۔

نبی اکرمؐ نے فرمایا: اے علیؑ! آپؑ پریشان نہ ہوں۔ خدا کی قسم! آپؑ سے محبت وہ رکھے گا جو مومن ہوگا اور بغض وہ رکھے گا جو منافق ہوگا۔

## ہم اللہ کی مخلوق میں سب سے خیر و افضل ہیں

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنی﴾ جعفر ابن محمد بن سلیمان ابوالفضل ﴿قال حدثنا﴾ داود بن رشید ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن اسحق المعلی الموصلی ابو نوفل قال سمعت جعفر بن محمد (ع) یقول نحن خیرة اللہ من خلقة و شیعتنا خیرة اللہ من امة نبیه (ص)۔

**حدیث نمبر 6:** (بحذف اسناد)

محمد بن اسحاق المعلی الموصلی ابونوفل بیان کرتا ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ہم (یعنی اہلِ بیت نبیؐ) اللہ کی تمام مخلوق سے افضل و بہتر ہیں اور اللہ کے چُنے ہوئے ہیں اور ہمارے شیعہ نبی اکرمؐ کی اُمت میں سے اللہ کے چنے ہوئے اور افضل ہیں۔

## جو اللہ کی نشانی کا انکار کرے وہ بے دین ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوغالب احمد بن محمد الزراری ﴿قال حدثنی﴾ عمی علی بن سلیمان قال حدثنا محمد بن خالد الطیالسی قال حدثنی العلا ابن رزین عن محمد بن مسلم الثقفی قال سمعت اباجعفر محمد بن علی (ع) یقول لا دین لمن دان بطاعة من عصی اللہ ولا دین لمن دان بفریة باطل علی اللہ ولا دین لمن دان یجحود شیئ من آیات اللہ –

https://downloadshiabooks.com/

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

محمد بن مسلم ثقفی نے بیان کیا ہے کہ میں نے امام محمد بن علی الباقر علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

جو شخص اللہ کے نافرمان کی اطاعت کرے گا وہ بے دین ہے اور جو اللہ پر جھوٹ بولنے والے فریب کار کی دین میں اطاعت کرے گا وہ بھی بے دین ہے اور جو اللہ کی نشانیوں میں سے کسی نشانی کا (دین میں) انکار کرے گا وہ بھی بے دین ہے۔

## موت کا انتظار کرنے والا دنیا کو چھوڑ دیتا ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوجعفر عمر بن محمدالمعروف بابن الزيات ﴿قال حدثنا﴾ علی بن مهرويه القزوينی ﴿قال حدثنا﴾ داود بن سليمان القاری ﴿قال حدثنا﴾ الرضا علی بن موسٰی ﴿قال حدثنی﴾ ابی موسٰی بن جعفر ﴿قال حدثنی﴾ ابی جعفر بن محمد ﴿قال حدثنی﴾ ابی محمد بن علی ﴿قال حدثنی﴾ ابی علی بن الحسين ﴿قال حدثنی﴾ ابی الحسين بن علی (ع) قال قال امير المؤمنين (ع) لو رأی العبد اجله وسرعته اليه لابغض الأمل وترك طلب الدنيا- قال وانشدنی ابوالفرج البرقی الداودی قال انشدنی شيخ كان منقطعا الی الله تعالی بيت المقدس -

ومنتظر للموت فی كل ساعة يشيد بيتا دائما ويحصن
له حين تبلوه حقنقة موقن وافعاله افعال من ليس يوقن
عيان وانكار وكالجهل علمه بمذهبه فی كل ما يتيقن

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

حضرت امام حسین علیہ السلام نے امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے

https://downloadshiabooks.com/

نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

جو شخص اپنی موت پر یقین رکھتا ہو اور اُس کی طرف جانے کے لیے جلدی کرے (یعنی اِس کا انتظار کرے اور اسے یاد رکھے) تو وہ لمبی اُمیدیں نہیں رکھتا اور وہ دنیا کی طلب چھوڑ دیتا ہے۔

راوی بیان کرتا ہے کہ ابو الفرج البرقی داودی نے چند اشعار پڑھے اور اس نے کہا یہ اشعار ایک شیخ نے بیت مقدس میں خدا سے مخاطب ہو کر پڑھے تھے:

ومنتظر للموت فی کل ساعة
یشید بیتا دائما ویحصن

''ہر وقت موت کا انتظار کرنے والے ہمیشہ رہنے والے اور مضبوط گھر بنا رہے ہیں''۔

له حین تبلوه حقیقة موقن
وافعاله افعال من لیس یوقن

''اور جب تو اس کو آزماتا ہے تو اس یقین پر نہیں ہوتا اور اس کے افعال بھی ایسے نہیں ہوتے''۔

عیان وانکار وکالجهل علمه
بمذهبه فی کل ما یتیقن

''اثبات یا انکار اور مذہب کے بارے میں اس کا علم جہل کی مانند ہے، وہ یقین پر نہیں ہے''۔

⊙⊙⊙

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 37

[بروز ہفتہ ۱۷ رمضان المبارک سال ۴۱۰ ہجری قمری]

## مومن نماز کو ہمیشہ ادا کرے گا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالمظفر بن محمد البلخی الوراق ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلی محمد بن همام الاسکافی الکاتب ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله الحمیری ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن محمد بن عیسٰی ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن محبوب عن ابی حمزة الثمالی عن ابی جعفر محمد بن علی الباقر (ع) قال لا یزال المؤمن فی صلوة ما کان فی ذکر الله عزوجل قائما کان او جالسا او مضجعا ان الله تعالٰی یقول الذین یذکرون الله قیاما وقعوداً وعلی جنوبهم ویتفکرون فی خلق السموات والأرض ربنا ما خلقت هذا باطلا سبحانك فقنا عذاب النار –

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

جناب ابوحمزہ ثمالی رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: مومن نماز کو ہمیشہ ادا کرے گا اور اس کو ترک نہیں کرے گا خواہ وہ کھڑے ہو کر' بیٹھ کر یا لیٹ کر ادا کرے' وہ ضرور ادا کرے گا' کیونکہ اللہ تعالٰی خود ارشاد فرماتا ہے: تحقیق اللہ تعالٰی نے ذکر فرمایا ہے: ''صاحب ایمان وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالٰی کو یاد رکھتے ہیں یا اللہ کا ذکر کرتے ہیں' کھڑے ہو کر' بیٹھ کر' پہلو کے بل لیٹ کر اور وہ

https://downloadshiabooks.com/

آسمان و زمین کی خلقت پر غور و فکر کرتے ہیں کہ ہمارے پروردگار نے اس کو عبث و باطل خلق نہیں کیا۔ وہ منزہ و پاک ہے اور ہمیں جہنم کی آگ کے عذاب سے بچانے والا ہے''۔

## جب زکوٰۃ کو روک دیا تو مویشی مرنا شروع ہو جاتے ہیں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویه رضی الله عنه ﴿قال حدثنی﴾ ابی عن سعد بن عبدالله عن أحمد بن محمد بن عیسٰی عن الحسین بن سعید عن یاسر عن الرضا علی بن موسٰی (ع) قال اذا کذب الولاۃ حبس المطر واذا جار السلطان هانت الدولة واذا حبست الزکٰوۃ ماتت المواشی۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

یاسر رضی اللہ عنہ نے حضرت امام علی الرضا علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب ولی و حاکم جھوٹ بولنا شروع کردیں تو بارشیں رُک جاتی ہیں اور جب بادشاہ جابر اور ظالم ہو جائیں تو حکومت رسوا و ذلیل ہو جاتی ہے اور جب زکوٰۃ کو روک لیا جائے تو مویشی مرنا شروع ہو جاتے ہیں۔

## لوگوں کو ماں کے نام سے پکارا جائے گا

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنی﴾ ابو عبد الله جعفر بن محمد الحسینی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن عبدالمنعم ﴿قال حدثنا﴾ عمرو بن شمر عن جابر الجعفی عن ابی جعفر محمد بن علی (ع) عن جابر بن عبدالله الأنصاری قال قال رسول الله (ص) لعلی بن ابی طالب الا ابشرك الا امنحك قال بلی یارسول الله (ص) قال خلقت انا وانت من طینة واحدة ففضلت منها فضلة فخلقت منها شیعتنا فاذا کان یوم القیمة

https://downloadshiabooks.com/

دعی الناس بامهاتهم الا شیعتك فانهم یدعون باسماء آبائهم لطیب مولدهم۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپؐ نے حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا: اے علیؑ! کیا میں آپ کو خوشخبری سناؤں؟ کیوں نہ آپ کو کچھ عطاء کروں؟ موسیٰ نے عرض کیا: کیوں نہیں یارسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا: میں اور آپ' ہم دونوں کو ایک ہی مٹی سے خلق کیا گیا ہے۔ پس جو مٹی بچ گئی اُس سے ہمارے شیعوں کو خلق کیا گیا اور جب قیامت کا دن ہوگا تو تمام لوگوں کو اُن کی ماؤں کے نام سے پکارا جائے گا سوائے آپ کے شیعوں کے' اُن کو اُن کے والد کے نام سے پکارا جائے گا کیونکہ صرف اُن کی ولادت پاک ہے۔

## امام محمد باقر علیہ السلام کی دعا

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن عبداللّٰہ بن ابی ایوب بساحل الشام ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن هرون المصیصی ﴿قال حدثنا﴾ خالد بن یزید القسری ﴿قال حدثنی﴾ امی الصیرفی قال سمعت اباجعفر محمد بن علی الباقر (ع) یقول بریٔ اللّٰہ ممن تبرء منا لعن اللّٰہ من لعننا اهلك اللّٰہ من عادانا اللهم انك تعلم انا سبب الهدی لهم وانما یعادوننا فکن انت المنفرد بعذابهم۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

صیرفی نے بیان کیا کہ میں نے حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ بری ہے ہر اُس سے جو ہم سے برأت کرے گا اور اللہ لعنت کرے اُس پر جو ہم پر لعنت کرے۔ اے اللہ! جو ہم سے عداوت رکھتا ہے تو اس کو ہلاک

https://downloadshiabooks.com/

فرما۔ اے اللہ! تو جانتا ہے کہ ہم ان کے لیے سبب ہدایت ہیں اور یہ صرف ہم سے عداوت وبُغض رکھتے ہیں۔ پس تو اکیلا ہی ان کے عذاب کے لیے کافی ہے۔

## واقعہ فیل اور ابرھہ بادشاہ

﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن علی بن بلال المهلبی ﴿قال حدثنا﴾ عبدالواحد ابن عبدالله بن یونس الربعی ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن محمد بن عامر ﴿قال حدثنا﴾ المعلی بن محمد البصری ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن جمهور العمی ﴿قال حدثنا﴾ جعفر بن بشیر ﴿قال حدثنی﴾ سلمان بن سماعة عن عبدالله بن القاسم عن عبدالله بن سنان عن ابی عبدالله جعفر بن محمد (ع) عن أبیه عن جده قال لما قصد ابرهة بن الصباح ملك الحبشة مكة لهدم البیت تسرعت الحبشة فاغاروا علیها واخذوا سرحا لعبد المطلب بن هاشم فجاء عبدالمطلب الی الملك فاستأذن علیه فاذن له فهو فی قبة دیباج علی سریر له فسلم علیه فردا برهة السلام وجعل ینظر فی وجهه فراقه حسنه وجماله وهیئته فقال له الملك هل كان فی ابائك هذا النور الذی ار آه لك والجمال قال نعم ایها الملك كل ابائی كان لهم هذا النور والجمال والبهاء فقال له ابرهة لقد فقتم الملوك فخراً وشرفا ویحق ان تكون سید قومك ثم اجلسه معه علی سریره وقال لسایس فیله الأعظم وكان الملك یباهی به ملوك الأرض ایتنی به فجائه به سایسه وقد زین بكل زینة حسنة فحین قابل وجه عبدالمطلب سجدله ولم یسجد لملكه واطلق الله لسانه بالعربیة فسلم علی عبدالمطلب فلما رأی الملك ذلك ارتاع له وظنه سحراً فقال ردوا الفیل الی مكانه ، ثم قال لعبد المطلب فیم جئت فقد بلغنی سخاؤك وكرمك وفضلك ورأیت من هیأتك وجمالك وجلالك ما

https://downloadshiabooks.com/

يقتضى ان انظر فى حاجتك فسلنى ما شئت وهو يرى انه يسأله فى الرجوع عن مكة فقال له عبدالمطلب ان اصحابك عدوا على سرج لى فذهبوا به فمرهم برده فتغيظ الحبشى من ذلك وقال لعبد المطلب لقد سقطت من عينى جئتنى تسألنى فى سرحك وانا قد جئت لهدم شرفك وشرف قومك ومكرمتكم التى تتميزون بها من كل جيل وهو البيت الذى يحج اليه من كل صقع فى الأرض فتركت مسألتى فى ذلك وسألتنى فى سرحك- فقال له عبدالمطلب لست برب البيت الذى قصدت لهدمه وانا رب سرحى الذى اخذه اصحابك فجئت اسألك فيما انا ربه وللبيت رب هو امنع له من الخلق كلهم واولى به منهم فقال الملك ردوا عليه سرحه وازحفوا الى البيت فانقضوه حجراً حجراً فاخذ عبدالمطلب سرحه وانصرف الى مكة واتبعه الملك بالفيل الأعظم مع الجيش لهدم البيت فكانوا اذا حملوه على دخول الحرم اناخ واذا تركوه رجع مهرولا، فقال عبدالمطلب لغلمانه ادعوا لى ابنى فجاؤا بالعباس فقال ليس هذا اريد لى ابنى فجاؤا بابى طالب فقال ليس هذا اريد ادعوا لى بنى فجاوا بعبدالله ابى النبى (ص) فلما اقبل اليه قال اذهب يابنى حتى تصعد ابا قبيس ثم اضرب ببصرك ناحية البحر فانظر اى شيئ يجيئ من هناك وخبرنى به قال فصعد عبدالله اباقبيس فما لبث ان جاء طير ابابيل مثل السيل والليل فسقط على ابى قبيس ثم صار الى البيت فطاف به سبعا ثم صار الى الصفا والمروة فطاف بهما سبعا فجاء عبدالله الى ابيه فاخبره الخبر فقال انظر يابنى ما يكون من امرها بعده فاخبرنى به فنظرها فاذا هى قد اخذت نحو سكر الحبشة فاخبر عبدالمطلب بذلك فخرج عبدالمطلب وهو يقول يا

https://downloadshiabooks.com/

اهل مكة اخرجوا الى العسكر فخذوا غنائمكم قال فاتوا العسكر وهم امثال الخشب النخرة وليس من الطير الا ومعه ثلاثة احجار فى منقاره يقتل بكل حصاة واحداً من القوم فلما اتوا على جميعهم انصرف الطير ولم يرقبل ذلك الوقت ولا بعده فلما هلك القوم باجمعهم جاء عبدالمطلب الى البيت فتعلق باستاره وقال شعراً

يا حابس الفيل بذى المغمس　　حبسته كأنه مكوس

في محبس تزهق فيه الانفس

وانصرف وهو يقول فى فرار قريش وجزعهم من الحبشة ـ

طارت قريش اذا رأت خميسا　　فظلت فرداً لا ارى انيسا

ولا احس منهم حسيسا　　الا أخا لى ماجداً نفيسا

مسوداً فى اهله رئيسا

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

حضرت جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے اپنے والد سے اور اُنہوں نے اپنے داوا سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب حبشہ بادشاہ ابرہہ بن الصباح نے مکہ پر چڑھائی کی تا کہ وہ کعبہ (بیت اللہ) کو گرا دے وہ مکہ کی طرف روانہ ہوا تا کہ وہ اس کو غارت کرے۔ پس اُنہوں نے عبدالمطلب بن ہاشم کے اُونٹوں پر قبضہ کرلیا۔ جناب عبدالمطلب بادشاہ کے پاس آئے اور آپ نے بادشاہ سے اِذن وخول طلب کیا۔ اُس نے آپ کو اذن دیا۔ بادشاہ اپنے تخت پر ریشمی خیمے کے اندر بیٹھا ہوا تھا۔ آپ نے اُس کو سلام کیا۔ ابرہہ نے آپ کے سلام کا جواب دیا اور آپ کے چہرے کی طرف اُس نے دیکھنا شروع کردیا۔ آپ کے چہرے کے حسن و جمال اور ہیبت کو دیکھنے کے بعد بادشاہ نے عرض کیا: کیا یہ آپ کے چہرے کا نور جو میں دیکھ رہا ہوں خاندانی ہے اور آپ کے آباؤاجداد

https://downloadshiabooks.com/

سے چلا آ رہا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں' ہمارے تمام آباؤ اجداد سے یہ نور چلا آ رہا ہے۔ یہ نور و جمال' ہیبت ہمارے آباؤ اجداد میں پایا جاتا تھا۔ پس ابرہہ نے عرض کیا گویا آپ بادشاہوں کو فخر اور شرف میں مات دے گئے ہیں۔ آپ کے لیے سزاوار حق بنتا ہے کہ آپ قوم کے سردار ہیں۔ پھر آپ کو اپنے ساتھ تخت پر بٹھا لیا اور آپ نے اس کے ہاتھی جو بہت بڑا تھا جس کا نام سائیں تھا اور اُس کا رنگ سفید تھا اس کو مختلف انواع کے ہیرے جواہرات کے ساتھ مزین کیا گیا تھا اور بادشاہ اِس کی وجہ سے دوسرے بادشاہوں پر فخر کیا کرتا تھا۔ اُس نے کہا کہ اُس کو میرے پاس لایا جائے۔ پس وہ ہاتھی بادشاہ کے پاس لایا گیا کہ جس کو ہر زینت سے مزین کیا گیا تھا۔ پس جب وہ ہاتھی عبدالمطلب کے روبرو ہوا تو اُس نے آپ کو سجدہ کر دیا حالانکہ اُس نے اپنے بادشاہ کو بھی کبھی سجدہ نہیں کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اُس کو عربی زبان میں گویا کیا اور اُس نے عبدالمطلب کو سلام کیا۔ جب بادشاہ نے اس کو دیکھا تو بادشاہ اس وجہ سے ڈر گیا اور اُس نے اس کو جادو گمان کیا اور کہا کہ اس ہاتھی کو اپنے مکان پر واپس لے جاؤ۔ پھر اس نے جناب عبدالمطلب سے عرض کیا کہ آپ کیوں تشریف لائے ہیں؟ مجھے آپ کی سخاوت' کرم' فضیلت کی خبر مل چکی تھی اور میں آپ کی ہیبت و جمالت اور جلالت کو دیکھ چکا ہوں۔ میں جاننا چاہتا ہوں کہ آپ کی حاجت کیا ہے؟ آپ سوال کریں۔ اِس کا گمان تھا کہ یہ مجھے مکہ سے واپس جانے کا فرمائیں گے۔ جناب عبدالمطلب نے فرمایا: تیرے فوجیوں نے میرے اُونٹوں پر قبضہ کر لیا ہے اور وہ اُن کو لینے آئے ہیں۔ پس اُن کو حکم دو کہ وہ میرے اُونٹ واپس کر دیں۔

حبشی بادشاہ اس سے غضب ناک ہو گیا اور اُس نے عبدالمطلب سے کہا کہ آپ کی جو عزت میرے نزدیک تھی وہ ختم ہو گئی ہے کہ آپ صرف اُونٹوں کی خاطر میرے پاس آئے ہیں جبکہ میں آپ کے شرف اور آپ کی قوم کے شرف کو منہدم کرنے آیا ہوں اور تمہاری جو عزت و کرامت باقی لوگوں پر ہے اُس کو ختم کرنے آیا ہوں کہ جس سے تم تمام

https://downloadshiabooks.com/

علاقوں میں ممتاز ہو۔ وہ گھر جس کا تم حج کرتے ہو اور زمین کے تمام حصوں سے اس کے حج کے لیے لوگ آتے ہیں۔ آپ نے اُس کے بارے میں مجھ سے سوال نہیں کیا بلکہ صرف اپنے اُونٹوں کے بارے میں سوال کیا ہے۔

جناب عبدالمطلب نے فرمایا: جس گھر کو تو منہدم کرنا چاہتا ہے میں اُس کا رب اور مالک نہیں ہوں۔ میں تو اپنے اُونٹوں کا مالک ہوں جن کو تیرے فوجی لے کر آ گئے ہیں۔ پس میں اُس چیز کے بارے میں سوال کرنے آیا ہوں جس کا میں مالک ہوں۔ اُس گھر کا بھی ایک مالک ہے جو ساری مخلوق کو اُس سے دُور کرتا ہے اور منع کرتا ہے اور اس سے زیادہ اولویت رکھتا ہے۔ پس بادشاہ نے اپنے فوجیوں کو حکم دیا کہ ان کے اُونٹ واپس کرو اور بیت اللہ پر حملہ کرنے کے لیے تیار ہو جاؤ اور اس کے ایک ایک پتھر کو الگ کر دو۔ پس جناب عبدالمطلب نے اپنے اُونٹوں کو لیا اور مکہ کی طرف روانہ ہو گئے اور آپ کے پیچھے پیچھے بادشاہ بھی اُس بڑے ہاتھی کو لے کر لشکر کے ساتھ بیت اللہ کو گرانے کے لیے روانہ ہو گیا۔ جب وہ حرم کی حدود میں داخل ہونا چاہتے تو وہ ہاتھی بیٹھ جاتے اور جب باہر کی طرف واپس جانے کا ارادہ کرتے تو وہ کودتے ہوئے واپس چل پڑتے۔ اس دوران جناب عبدالمطلب نے اپنے بیٹوں سے فرمایا: میرے بیٹے کو میرے پاس بلا لیں۔ انہوں نے عباس کو آپ کے سامنے پیش کیا۔ آپ نے فرمایا: میری مراد یہ نہیں ہے میرے بیٹے کو بلاؤ۔ پس ابوطالب کو بلایا گیا۔ آپ نے پھر فرمایا: میری مراد یہ نہیں ہے میرے بیٹے کو بلاؤ۔ پس جناب رسولِ خدا کے والد عبداللہ علیہ السلام کو آپ کے سامنے پیش کیا گیا۔ جب آپ سامنے آئے تو جناب عبدالمطلب نے فرمایا: اے میرے بیٹے! جاؤ اس پہاڑ ابوقبیس پر جاؤ اور سمندر کی طرف دیکھو وہاں سے کیا چیز آ رہی ہے؟ اور وہ مجھے بتاؤ۔ راوی بیان کرتا ہے کہ جناب عبداللہ ابوقبیس پہاڑ پر گئے۔ تھوڑی دیر بعد دیکھا کہ ابابیل پرندے مثلِ سیلاب اور کالی رات آ رہے ہیں۔ پس وہ ابوقبیس پر اُترے پھر وہ کعبہ کی طرف گئے اور

https://downloadshiabooks.com/

اُس کا طواف کیا' سات چکر لگائے۔ پھر صفا اور مروہ کے درمیان سات چکر لگا کر سعی کی۔ جناب عبداللہ نے اِس سارے واقعہ کے بارے میں اپنے والد کو خبر دی۔ پس جناب عبدالمطلب نے فرمایا: اے میرے فرزند! اس کے بعد کیا ہوتا ہے اس کو دیکھتے رہو اور مجھے خبر دیتے رہو۔ پس جناب عبداللہ نے اُن کی طرف دیکھنا شروع کردیا۔ اچانک آپ نے دیکھا کہ اُنہوں نے لشکرِ حبشہ کا رُخ کیا اور اُن پر کنکریاں برسانا شروع کردیں۔ اس کے بارے میں جنابِ عبدالمطلب کو آگاہ کیا گیا۔ جناب عبدالمطلب باہر آئے اور فرمایا: اے اہلِ مکہ! اس لشکری طرف نکلو اور اُن کے مالِ غنیمت کو اٹھاؤ۔ پس وہ لشکر کے پاس آئے اور اُن کو دیکھا کہ وہ بوسیدہ لکڑیوں کی مانند پڑے ہوئے تھے اور ہر پرندے کے پاس تین تین کنکریاں تھیں اور ہر کنکری سے ایک ایک فرد کو اُنہوں نے مارا۔ جب وہ سارے مر گئے تو وہ پرندے واپس چلے گئے۔ اس سے پہلے اور اس کے بعد کسی نے ایسا واقعہ نہیں دیکھا تھا۔ پس جب سارا لشکر ختم ہوگیا تو جناب عبدالمطلب بیت اللہ کے پاس آئے اور اس کے پردے کو ہاتھوں میں لے کر یہ اشعار پڑھے:

یاحابسن الفیل بذی المغمس

حبسته کأنه مکوس

''اے ہاتھیوں کو روکنے والے! اس قوت کے ساتھ کہ تو نے ان کو کھایا ہوا بوسہ بنا دیا''۔

فی محبس تزهق فیه الانفس

''ایک مجلس میں کہ جس میں سانس لینا مشکل ہوگیا ہے''۔

اور جب واپس پلٹے تو یوں قریش کا حبشہ سے فرار کے بارے میں کہہ رہے تھے:

طارت قریش اذا رأت خمیسا

فظلت فرداً لا اری انیسا

https://downloadshiabooks.com/

''جب قریش والوں نے گھٹیا لشکر کو دیکھا تو فرار کر گئے۔ میں اکیلا
رہ گیا۔ میں کوئی مددگار بھی نہیں پا رہا تھا''۔

ولا احس منہم حسیسا

الا أخا لی ماجداً نفیسا

''اور میں اُن کو خسیس اس لیے محسوس کر رہا تھا کہ میں ایک عمدہ
مددگار پا رہا تھا''۔

مسوداً فی أهله رئیسا

''جو اپنی قوم میں بادشاہ کو رسواء کر دیتا ہے''

## چار چیزیں دل کو فاسد کر دیتی ہیں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ ثؤابة بن یزید ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن علی بن المثنی عن محمد بن المثنی عن سیابة بن سوار ﴿قال حدثنی﴾ المبارك بن سعید عن خلیل الفراء عن ابی المجتر قال قال رسول اللّٰه (ص) اربع مفسدة للقلوب الخلوة بالنساء والاستماع منہن والأخذ برأیہن ومجالسة الموتٰی فقیل له وما مجالسة الموتٰی قال مجالسة کل ضال عن الایمان وجائر فی الأحکام-

**حدیث نمبر 6**: (بحذف اسناد)

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

چار چیزیں دلوں کو فاسد کر دیتی ہیں:

① عورتوں کے ساتھ تنہائی ② اور ان کی باتوں کو سننا ③ اُن سے رائے حاصل کرنا ④ مردوں کی محفل۔

عرض کیا گیا: یارسولؐ اللہ! مردوں کی محفل سے مراد کیا ہے؟

https://downloadshiabooks.com/

آپؑ نے فرمایا: اس سے مراد اُن لوگوں کی محفل ہے جو ایمان سے گمراہ ہو چکے ہیں اور احکامِ خدا سے دُور ہو جاتے ہیں۔

## غریم اور قرض دار کو مہلت دو

﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر محمد عمر الجعابى ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعيد ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن جرتش ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن برد ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن جعفر عن أبيه جعفر بن محمد عن أبيه محمد بن على عن ابى لبابة بن عبدالمنذر انه جاء يتقاضى ابا اليسر دينا له فسمعه يقول قولوا له ليس هوهنا فصاح ابولبابة اليسر اخرج الى فخرج اليه قال فقال ما حملك على هذا قال العسر يا ابا لبابة قال الله الله قال ابولبابة سمعت رسول الله (ص) يقول من احب ان يستظل من فور جهنم فقلنا كلنا يحب ذلك يارسول الله فلينظر غريما له او فليدع المعسر۔

**حدیث نمبر 7:** (بحذفِ اسناد)

ابولبابہ بن عبدالمنذر نے بیان کیا ہے کہ میرے والد کے پاس ایک شخص آیا جو مقروض تھا اور وہ قرض کے بارے میں آسانی طلب کر رہا تھا۔ پس میں نے سنا وہ کہہ رہا تھا: اس سے کہہ دو وہ یہاں نہیں ہے۔ پس ابولبابہ پکارا کہ میری طرف آؤ۔ وہ میری طرف آیا۔ میں نے اُس سے کہا: آپ کو کس چیز نے ایسا کرنے پر آمادہ کیا ہے؟ اُس نے کہا کہ تنگی نے۔ جناب ابولبابہ نے بیان کیا کہ میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: تم میں سے کون ہے جو جہنّم کی آگ کی گرمی سے بچنا چاہتا ہے؟ ہم سب نے کہا کہ ہم سب بچنا چاہتے ہیں اے رسولِؐ خدا! آپؐ نے فرمایا: غریم و قرض دار کو مہلت دو اور اُس کو تنگی میں چھوڑ دو (یعنی اُس سے قرض طلب نہ کرو)۔

https://downloadshiabooks.com/

## جواپنے بھائی کو فائدہ دے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوحفص عمر بن محمد الزیات ﴿قال حدثنا﴾ علی ابن سہرویہ القزوینی ﴿قال حدثنا﴾ داود بن سلیمان القاری قال سمعت الرضا علی بن موسیٰ (ع) یقول من استفاد اخا فی اللّٰہ فقد استفاد بیتا فی الجنة قال وانشدنی ابوالحسن الرجی النحوی للحجاج ابن التمیمی شعراً

وان امرء قد عاش خمسین حجة

الی منہل من وردہ لقریب

اذا ما خلوت الدھر یوما فلا تقل

خلوت ولکن قل علی رقیب

اذا ما انقضی القرن الذی انت فیہم

وخلفت فی قرن فانت غریب

والحمدللّٰہ وصلوتہ علی سیدنا محمد النبی وآلہ الطاہرین۔

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

جناب داؤد بن سلیمان قاری نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص اپنے بھائی کو اللہ کی خوشنودی کی خاطر فائدہ دے تو اُس نے جنت کے گھر سے استفادہ کیا ہے۔

ابوالحسن رجی نحوی نے حجاج ابن تمیمی کے لیے یہ اشعار پڑھے:

وان امرء قد عاش خمسین حجة

الی منہل من وردہ لقریب

''اور اگر ایک مرد پچاس سال بھی زندہ رہے جس نے اس کو گھاٹ پر وارد کیا ہے وہ قریب ہے''

https://downloadshiabooks.com/

اذا ما خلوت الدهر یوما فلا تقل

خلوت ولکن قل علی رقیب

''جب تو زمانے سے ایک دن گزارتا ہے یہ گمان اگر کہ وہ دن گزر گیا' بلکہ یہ کہہ کہ وہ تیرے لیے رقیب بن گیا ہے''۔

اذا ما انقضی القرن الذی انت فیهم

وخلفت فی قرن فانت غریب

''اور جب تو اس صدی کو ختم کرتا ہے جس سے تو ہے اور تو نے اس کو پیچھے چھوڑا ہے پس تو مسافر ہے''۔

⊙⊙⊙

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 38

[بروز ہفتہ ۲۴ رمضان المبارک سال ۴۱۰ ہجری قمری]

## جو چیز تم پر سب سے زیادہ واجب ہے

﴿حدثنا﴾ الشیخ الجلیل المفید ابو عبداللّٰہ محمد بن محمد بن النعمان اطال اللہ بقاہ ﴿قال حدثنا﴾ الشریف الصالح ابومحمد الحسن بن حمزۃ العلوی رحمہ اللہ ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن عبداللّٰہ ﴿قال حدثنا﴾ جدی احمد بن ابی عبداللّٰہ البرقی عن أبیه عن یعقوب بن یزید عن ابن ابی عمیر بن هشام بن سالم عن ابی عبیدۃ الحذآء عن ابی عبداللّٰہ جعفر بن محمد (ع) قال قال الا اخبرك باشد ما افترض اللّٰہ علی خلقه انصاف الناس من انفسم ومواساۃ الاخوان فی اللّٰہ عزوجل وذکر اللّٰہ علی کل حال فان عرضت له طاعة للّٰہ عمل بها وان عرضت له معصیة ترکها۔

**حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)**

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا میں آپ کو بتاؤں کہ تم پر سب سے زیادہ کون سی چیز واجب ہے۔ وہ چار چیزیں ہیں:

① لوگوں کے ساتھ اپنی طرف سے انصاف کرو۔

② اپنے بھائی کی مدد کرنا' ہر حال میں اللہ کا ذکر کرنا

③ اور اگر کوئی اطاعت کا مورد سامنے آئے تو اُس پر عمل کرنا۔

https://downloadshiabooks.com/

④ اور اگر کوئی مصیبت و نافرمانی کا مورد سامنے آئے تو اس سے اجتناب کرنا۔

## سب سے زیادہ بخیل کون ہے؟

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابوجعفر محمد ابن صالح القاضی ﴿قال حدثنا﴾ مسروق بن المرزبان ﴿قال حدثنا﴾ حصین عن عاصم عن ابی عثمان عن ابی هریرۃ قال قال رسول اللّٰہ (ص) ان اعجز الناس من عجز عن الدعاء وان ابخل الناس من بخل الناس۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

حضرت ابوہریرہ نے حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت نقل کی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

سب سے عاجز ترین وہ شخص ہے جو دعا کرنے سے عاجز ہو اور سب لوگوں میں سے بخیل ترین وہ بندہ ہے جو لوگوں کو دعا دینے میں بخیل ہے۔

## رسولؐ خدا کا علی علیہ السلام کے حق میں دعا کرنا

﴿قال حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنی﴾ الحسن بن حماد بن حمزۃ ابوعلی من اصل کتابه ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن سلیمان الاصفہانی عن عبدالرحمٰن الاصفہانی عن عبدالرحمٰن بن ابی لیلی عن علی ابن طالب (ع) قال دعانی النبی(ص) وانا ارمد فتفل فی عینی وشد العمامة علی رأسی وقال اللهم اذهب عنه الحر والبرد فما وجدت بعدها حراً ولا برداً۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

جناب عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے نقل کیا

https://downloadshiabooks.com/

ہے کہ آپؑ نے فرمایا: میں خیبر کے دن بیمار تھا اور میری آنکھوں میں تکلیف تھی۔ حضورؐ نے مجھے اپنے پاس بلایا اور میری آنکھوں پر اپنا لعابِ دہن لگایا اور اپنا عمامہ میرے سر پر باندھا اور فرمایا: اے میرے اللہ! اذهب عنه الحر والبرد (یعنی اے میرے اللہ! اس سے سردی اور گرمی کے آثار دور فرما)۔ پس اس کے بعد میں نے کبھی سردی اور گرمی کو محسوس نہیں کیا ہے (یعنی اس کے آثار کو محسوس نہیں کرتا تھا)

## اے اہلِ بیتؑ! نماز' نماز!

﴿حدثنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی رحمه الله ﴿قال حدثنی﴾ احمد بن عیسیٰ بن ابی موسیٰ بالکوفة قال عبدوس بن محمد الحضرمی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن فرات عن ابی اسحق عن الحرث عن علی بن ابی طالب (ع) قال کان رسول الله (ص) یأتینا کل غداة فیقول الصلوة رحمکم الله الصلوة انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل البیت ویطهرکم تطهیرا۔

**حدیث نمبر 4: (بحذفِ اسناد)**

حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے بیان کیا کہ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر روز صبح کے وقت آیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ اے اہلِ بیتؑ! نماز۔ خدا تم پر رحم کرے۔ نماز اور اس کے بعد آیتِ تطہیر کی تلاوت کرتے: انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل البیت ویطهرکم تطهیرا۔

## جنابِ اسماء بنتِ عقیل بن ابی طالب کے اشعار

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبدالله محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ الحسین بن علیل العنبری ﴿قال حدثنا﴾ عبد الکریم بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ علی بن سلمة عن ابی اسلم

https://downloadshiabooks.com/

محمد بن فخار عن ابی هیاج عبداللّٰہ بن عامر قال لما اتی نعی الحسین علیہ السلام الی المدینۃ خرجت اسماء بنت عقیل بن ابی طالب رضی اللّٰہ عنہا فی جماعۃ من نسائہا حتٰی انتہت الی قبر رسول اللّٰہ (ص) فلاذت بہ وشہقت عندہ ثم التفتت الی المہاجرین وانصار وھی تقول۔

ماذا تقولون ان قال النبی لکم یوم الحساب وصدق القول مسموع

خذلتم عترتی او کنتم غیبا والحق عند ولی الأمر مجموع

اسلمتموھم بایدی الظالمین فما منکم لہ الیوم عند اللّٰہ مشفوع

ما کان عند غداۃ الطف اذ حضروا تلک المنایا ولا عنہن مدفوع

قال فما رأینا باکیا ولا باکیۃ اکثر مما رأینا ذلك الیوم۔

**حدیث نمبر 5: (بحذف اسناد)**

جناب ابوھیاج عبداللہ بن عامر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب مدینہ منورہ میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کی خبر آئی تو اسماء بنت عقیل بن ابی طالب رضی اللہ عنہا اپنے گھر سے نکلیں اور آپ کے ساتھ مدینہ کی دوسری عورتیں بھی تھیں۔ آپ قبر نبی اکرمؐ پر آئیں اور قبر پر گریں اور اتنا روئیں کہ روتے روتے سسکیاں بندھ گئیں اور پھر آپ مہاجرین اور انصار کی طرف متوجہ ہوئیں اور یوں اشعار پڑھے:

ماذا تقولون ان قال النبی لکم یوم الحساب وصدق القول مسموع

''اے لوگو! تم اُس وقت کیا جواب دو گے جب تمہارے نبی نے تم سے قیامت کے دن سوال کیا حالانکہ اس کا سچا قول سنا گیا ہے''۔

خذلتم عترتی او کنتم غیبا والحق عند ولی الأمر مجموع

تم نے اُس کی عترت کو رسواء کیا اور تم ہو گے غیب کے اور حق ولی امر کے پاس جمع شدہ ہے''۔

https://downloadshiabooks.com/

اسلمتموهم بایدی الظالمین فما منکم له الیوم عند الله مشفوع

تم نے اُن کی اولاد کو ظالموں کے سپرد کر دیا۔ پھر تم آج یعنی قیامت کے روز اُس کی شفاعت کے طلب گار ہو"۔

ما کان عند غداۃ الطف اذ حضروا تلك المنایا ولا عنهن مدفوع

"اور کل قیامت کے دن جب تم اُن کے سامنے حاضر کیے جاؤ گے اور تم عذاب میں مبتلا کیے جاؤ گے اور تم سے اس عذاب کو دُور نہیں کیا جائے گا"۔

راوی بیان کرتا ہے کہ میں نے اس قدر رونے والے اور رونے والیاں کبھی نہیں دیکھیں جو ان سے زیادہ رونے والے ہوں۔

## رسولِ خداؐ غمِ حسین علیہ السلام میں

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبدالله محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثنا﴾ احمد ابن محمد الجوهری ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن علیل العنبری عن عبدالکریم بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ حمزة بن القاسم العلوی عن عبد العظیم ابن عبدالله العلوی عن الحسن بن الحسین العرنی عن غیاث بن ابراهیم عن الصادق جعفر بن محمد (ع) قال اصبحت یوما ام سلمة رحمها الله تبکی فقیل لهم مم بکائك فقال لقد قتل ابنی الحسین (ع) اللیلة وذلك اننی ما رأیت رسول الله (ص) منذ قبض الا اللیلة فرأیته شاحبا کئیبا قالت فقلت ما لی اراك شاحبا کئیبا قال مازلت اللیلة احفر قبوراً للحسین واصحابه (ع)

**حدیث نمبر 6**: (بحذف اسناد)

حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

https://downloadshiabooks.com/

ایک دن صبح کے وقت اُم المومنین حضرت اُمِ سلمہ رحمتہ اللہ علیہا رو رہی تھیں۔ آپ سے سوال کیا گیا کہ آپ کیوں گریہ کر رہی ہیں۔ آپ نے فرمایا: میرے بیٹے حسین علیہ السلام گذشتہ روز قتل ہو چکے ہیں اور یہ اس لیے کہ جب سے رسولؐ خدا اس دنیا سے چلے گئے ہیں میں نے اُن کو کبھی نہیں دیکھا لیکن آج رات میں نے آپ کو خواب میں دیکھا ہے کہ آپ کے چہرے کا رنگ بدلا ہوا تھا اور غم زدہ تھے۔ میں نے عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! کیا وجہ ہے کہ میں دیکھ رہی ہوں کہ آپؐ کا رنگ بدلا ہوا ہے اور آپؐ غم زدہ ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: میں گذشتہ رات حسین علیہ السلام اور اُن کے ساتھیوں کی قبریں کھودتا رہا ہوں۔

## شامِ غریباں کو ھاتف غیبی کے اشعار

﴿قال أخبرني﴾ ابوحفص عمر بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ علی بن العباس ﴿قال حدثنا﴾ عبدالکریم بن محمد ﴿قال حدثنا﴾ سلیمان بن مقبل الحارثی ﴿قال حدثنی﴾ محفوظ بن المنذر ﴿قال حدثنی﴾ شیخ من بنی تمیم کان یسکن الرابیة قال سمعت ابی یقول ما شعرنا بقتل الحسین (ع) حتی کان مساء لیلة عاشوراء فانی لجالس فی الرابیة ومعی رجل من الحی فسمعنا هاتفا یقول۔

| | |
|---|---|
| واللّٰه ما جئتکم حتی بصرت بی | بالطف منعفر الخدین منحورا |
| وحوله فتیة تدمی نحورهم | مثل المصابیح یعلون الدجی نورا |
| وقد حثثت قلوصی کی اصادفهم | من قبل ما ان یلاقوا الخرد الحورا |
| فعاقنی قدر واللّٰه بالغه | وکان امراً قضاه اللّٰه مقدورا |
| کان الحسین سراجا یستضاء به | اللّٰه یعلم انی لم اقل زورا |
| صلی الاله علی جسم تضمنه | قبر الحسین حلیف الخیر مقبورا |
| مجاوراً لرسول اللّٰه فی غرف | وللوصی وللطیار مسروراً |

https://downloadshiabooks.com/

فقلنا له من انت یرحمك الله قال انا وابی من جن نصيبين اردنا
موازرة الحسین (ع) ومواساته بانفسنا فانصرفنا من الحج فاصبناه قتیلا

**حدیث نمبر 7:** (بحذف اسناد)

محفوظ بن منذر نے روایت کی ہے کہ بنوتمیم کے ایک بزرگ بیان کرتے ہیں: میں رابیہ میں سکونت پذیر تھا اور عاشورہ کی رات یعنی شام غریباں کے وقت اپنے رابیہ (ٹیلہ) پر بیٹھا ہوا تھا اور میرے ساتھ قبیلہ بنی حی میں سے ایک مرد بھی تھا' پس ہم نے ایک ہاتف سے شہادتِ حسین علیہ السلام پر اشعار سنے وہ یوں کہہ رہا تھا:

والله ما جئتكم حتى بصرت بی

بالطف منعفر الخدين منحورا

''خدا کی قسم جب میں تمہارے پاس آیا ہوں تو میں نے حسینؑ کو
صحرائے کربلا میں خاک وخون میں غلطاں ہوئے دیکھا ہے''۔

وحوله فتية تدمى نحورهم

مثل المصابيح يعلون الدجى نورا

''حضرتؑ کے گرد بہت سے جوان ہم نے دیکھے ہیں کہ جن کی گردنوں
سے خون جاری تھا جو چراغ کی مانند چاروں طرف چمک رہا تھا''۔

وقد حثثت قلوصی کی اصادفهم من قبل ما ان يلاقوا الخرد الحورا

''ہم نے اپنے کو دوڑایا کہ شاید ہم ان کو پالیں قبل اس کہ حوران
جنت ان کو اپنی آغوش میں لے لیں''۔

فعاقنی قدر والله بالغه

وكان امراً قضاه الله مقدورا

''مگر تقدیر نے نہیں چاہا اور اس پر افسوس ہے اور خدا کی تقدیر ہو کر

https://downloadshiabooks.com/

رہنے والی ہے"۔

کان الحسین سراجا یستضاء به

اللّٰہ یعلم انی لم اقل زورا

"حسینؑ وہ چراغِ ہدایت ہے کہ اُس سے روشنی طلب کی جائے' اللہ جانتا ہے کہ میں غلط نہیں کہتا"۔

صلی الاله علی جسم تضمنه

قبر الحسین حلیف الخیر مقبورا

"اللہ تعالیٰ اس جسم پر درود نازل کرے جس کو قبرِ حسینؑ نے اپنے اند ررکھا ہے جو بہت اچھی قبر کا حلیف ہے"۔

مجاوراً لرسول اللّٰہ فی غرف

وللوصی وللطیار مسروراً

"اور وہ احمد مختار نبی کا جنت میں ہمسایہ ہے اور آپ وصی اور طیار کی جنت میں خوش ہے"۔

پس ہم نے اُس سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ خدا آپ پر رحم کرے تو اُس نے کہا کہ میں اور میرا باپ نصیبین کے جن ہیں اور ہم امام حسین علیہ السلام کی مدد و نصرت کے لیے آئے ہیں۔ جب ہم حج سے واپس آئے تو آپ ہمارے آنے سے پہلے شہید ہو چکے تھے۔

## جنابِ زینب بنت علی علیہ السلام کا خطبہ

﴿قال أخبرنی﴾ ابوعبداللہ محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثنی﴾ احمد بن محمد الجوهری ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن مهران ﴿قال حدثنا﴾ موسیٰ بن عبدالرحمن المسروقی عن عمر بن عبدالواحد عن

https://downloadshiabooks.com/

اسماعیل ابن راشد عن حذلم بن ستیر[1] قال قدمت الکوفة فی المحرم سنة احدی وستین عند منصرف علی بن الحسین (ع) بالنسوة من کربلا ومعهم الأجناد یحیطون بهم وقد خرج الناس للنظر الیهم فلما اقبل بهم علی الجمال بغیر وطاء جعل نساء اهل الکوفة یبکین ویتدبن فسمعت علی بن الحسین علیه السلام وهو یقول بصوت ضئیل وقد نهکته العلة وفی عنقه الجامعة ویده مغلولة الی عنقه الا ان هؤلاء النسوة یبکین فمن قتلنا قال ورأیت زینب بنت علی (ع) ولم ارخفرة قط انطق منها کانها تفرغ عن لسان امیرالمؤمنین علیه السلام قال وقد او مأت الی الناس ان اسکتوا فارتدت الأنفاس وسکنت الأصوات فقالت الحمدلله والصلوة علی ابی رسول الله (ص) امابعد یااهل الکوفة الختر والخذل فلا رقأت العبرة ولاهدأت الرنة فما مثلکم الا کالتی نقضت غزلها من بعد قوة انکاثا تتخذون ایمانکم دخلا بینکم الاوهل فیکم الا الصلف النطف والصدر الشنف خوارون فی اللقاء عاجزون عن الأعداء ناکثون للبیعة مضیعون للذمة فبئس ما قدمت لکم انفسکم ان سخط الله علیکم وفی العذاب انتم خالدون اتبکون ای والله فابکوا کثیراً واضحکوا قلیلا فلقد فزتم بعارها وشنارها ولن تغسلوا دنسها عنکم ابدا فبسلیل خاتم الرسالة وسید شباب اهل الجنة وملاذ خیرتکم ومفزع نازلتکم وامارة محجتکم ومدرجة حجتکم خذلتم وله قتلتم الاساء ما تزرون ونکسا فلقد خاب السعی وتربت الأیدی وخسرت الصفقة وبؤتم بغضب من الله وضربت علیکم الذلة والمسکنة ویلکم اتدرون ای کبد لمحمد فریتم وأی دم له سفکتم وأی

---

۱- فی بعض بشیر

https://downloadshiabooks.com/

كريمه له اصبتم لقد جئتم شيئا اذا تكاد السموات يتفطرن منه وتنشق الأرض وتخر الجبال هدا ولقد ابتم بها خرماء شوها طلاع الأرض والسماء افعجبتم ان قطرت السماء دما ولعذاب الآخرة اخزى فلا يستخفنكم المهل فانه لا يحفزه البرار ولا يخاف عليه فوت الثار كلا ان ربك لبا المرصاد قال ثم سكت فرأيت الناس حيارى قد ردوا ايديهم فى افواههم ورأيت شيخا قد بكى حتى اخضلت لحيته وهو يقول كهولهم خير الكهول ونسلهم اذا عد ونسل لايخيب ولا يخزى۔[1]

**حدیث نمبر 8: (بحذف اسناد)**

حذلم بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ بیان کرتا ہے: میں ۶۱ ہجری کے ماہِ محرم میں کوفہ آیا۔ جب علی بن حسین علیہ السلام کربلا سے کوفہ آئے تو آپؑ کے ساتھ لوگوں کا ایک لشکر تھا' جنہوں نے آپؑ کے اردگرد گھیرا ڈال رکھا تھا اور لوگ آپؑ کو دیکھنے کے لیے باہر آ رہے تھے جب کہ آپؑ اور آپؑ کے ساتھ مستورات' وہ سب بغیر پلان کے اونٹوں پر سوار تھیں۔ کوفے کی عورتیں آپؑ پر رو رہی تھیں۔ میں نے سنا کہ علی بن حسین علیہ السلام کمزور آواز کے ساتھ کہہ رہے تھے جب کہ آپؑ بیمار تھے اور آپؑ کی گردن میں طوق تھا اور آپ کے ہاتھ گردن کے ساتھ بندھے ہوئے تھے۔ آگاہ ہو جاؤ! جن لوگوں نے ہمیں قتل کیا ہے اُن کی عورتیں ہم پر گریہ کر رہی ہیں۔ راوی بیان کرتا ہے کہ میں نے زینب بنت علی علیہ السلام کو دیکھا اور میں نے اُن سے زیادہ کسی باحیاء عورت کو نہیں دیکھا اور جب وہ بی بی علی علیہ السلام کی آواز میں بول رہی تھیں۔ آپؑ نے لوگوں کی طرف خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔ پس لوگوں کے سانس رُک گئے۔ ہر قسم کی آواز بند ہوگئی۔

---

۱۔ فى الاحتجاج ان السجاد (ع) قال لها اسكتى يا عمة انت عالمة غير معلمة وفهمة غير مفهمة۔

https://downloadshiabooks.com/

بی بی نے فرمایا کہ تمام حمد ہے اُس ذات کے لیے جو تمام جہانوں کا رب ہے اور صلواۃ و درود میرے نانا رسولؐ خدا پر ہوں۔

اے اہلِ کوفہ! تم بے وفا اور دھوکا دینے والے ہو۔تم اعتبار کے قابل نہیں ہو اور نہ ہی تمہارا رونا قابلِ اعتماد ہے۔تمہاری مثال اُس بوڑھی عورت کی ہے جو مضبوط دھاگا بٹ کر کھول دیتی ہے۔کیا تم نے اپنی قسمیں غداری کی قرار دی ہیں۔تمہارے پاس سوائے اوچھے پن اور برائیوں میں غلطاں ہونے کے کیا ہے؟ تم کنیزوں کی طرح تملق کرنا جانتے ہو اور ملاقات کرنے والوں کو خوار کرنے والے ہو۔اور دشمن کے مقابلے میں عاجز ہو۔اور بیعت کو توڑنے والے ہو اور ذمہ کو ضائع کرنے والے ہو اور کتنا بُرا عمل ہے جو تم نے اپنی آخرت کے لیے انجام دیا ہے اور تم نے خدا کو ناراض کیا اور اُس کے عذاب میں ہمیشہ رہنے والے ہو۔اب تم رو رہے ہو۔

خدا کی قسم! زیادہ روؤ اور ہنسو کم۔تم نے ایسا ننگ و عار حاصل کرلیا ہے اس کی میل تم کبھی ختم نہیں کر سکتے' نہیں دھو سکتے۔تم سید المرسل اور سید شباب اہلِ جنت کے خون کے دھبے کیسے دھو سکتے ہو؟ جو تمہاری نیکیوں کا ذخیرہ اور ملجا و ماوی تھا اور جو تمہاری مصیبتوں میں جائے پناہ تھے اور راہ ہدایت دکھانے والوں کے لیے ایک نورانی منارہ تھے اور سنتِ رسولؐ کے لیے تمہارا پیشوا و ہادی تھا۔اُس کو تم نے قتل کر دیا ہے اور کتنا بُرا تم نے اپنے لیے ذخیرہ کیا ہے اور تمہارے لیے بربادی اور ہلاکت ہے اور تمہاری امید خراب ہو چکی ہے اور تمہاری تجارت برباد ہو جائے۔تم غضب خدا میں دوچار ہو چکے ہو۔تم پر رسوائی اور ذلت کی مار ہو۔

اے کوفہ والو! تمہارے لیے ویل ہو۔کیا تم جانتے ہو کہ تم نے محمدؐ کے کس جگر گوشہ کو قتل کیا ہے؟ اور اُس کا خون زمین پر جاری کر دیا ہے اور کون سی حرمت کو تم نے ضائع کیا ہے اور کون سے کریم کو تم نے قتل کیا ہے کہ قریب ہے کہ آسمان اور زمین پُر ہو جائیں اور

https://downloadshiabooks.com/

زمین اور آسمان اس پر گریہ کریں۔ تم اس پر تعجب کر رہے ہو کہ آسمان اس پر خون کیوں برسا رہا ہے۔ آخرت کا عذاب تو اس سے بھی سخت ہوگا۔ جب تم کو کوئی چھڑانے والا نہیں ہوگا اور اس کی مہلت سے دھوکا نہ کھانا' کیونکہ اس کو فوت ہونے کا خطرہ نہیں ہے۔ آگاہ ہو جاؤ کہ تمہارا رب تمہاری کمین میں ہے۔

راوی بیان کرتا ہے آپ پھر خاموش ہوگئیں۔ میں نے دیکھا کہ لوگ پریشان تھے اور اپنی انگلیاں منہ میں دباتے تھے۔ پھر میں نے ایک بوڑھے کو دیکھا کہ وہ کھڑا رو رہا تھا اور اس کی داڑھی آنسوؤں سے تر تھی اور وہ کہہ رہا تھا: تمہارے بزرگ سب بزرگوں سے بہتر ہیں اور تمہاری عورتیں سب عورتوں سے افضل ہیں اور تمہاری نسل کو کوئی رسوا اور ذلیل نہیں کر سکتا۔

## سب سے پہلے اشعار جو امام حسین علیہ السلام کے مرثیہ میں پڑھے گئے

﴿أخبرني﴾ ابوعبدالله محمد بن عمران المرزباني ﴿قال أخبرني﴾ محمد بن ابراهيم ﴿قال حدثنا﴾ عبدالله بن ابي سعيد الوراق ﴿قال حدثني﴾ مسعود بن عمرو الجحدري ﴿قال حدثني﴾ ابراهيم بن راحة قال اول شعر رثي به الحسين (ع) قول عقبة بن عمرو السهمي من بني سهم بن عوف بن غالب –

اذا العين قرت في الحياة وانتم تخافون في الدنيا فاظلم نورها
مررت على قبر الحسين بكربلا ففاض عليه من دموعي غزيرها
فما زلت ارثيه وأبكي لشجوه ويسعد عيني دمعها وزفيرها
وبكيت من بعد الحسين عصائبا اطافت به من جانبيها قبورها
سلام على اهل القبور بكربلاء وقل لها مني سلام يزورها

https://downloadshiabooks.com/

سلام بآصال العشی والضحی — تؤدیه نکباء الریاح ومورها

ولا برح الوفاد زوار قبره — یفوح علیہم مسکھا وعبیرھا

**حدیث نمبر 9: (بحذف اسناد)**

جناب ابراہیم بن راحہ نے بیان کیا ہے کہ سب سے پہلے اشعار جو امام حسین علیہ السلام کے مرثیے میں پڑھے گئے وہ عقبہ بن عمرو سہمی نے میرے بیٹے سہم بن عوف بن غالب کا قول ہے:

اذا العین قرت فی الحیاۃ وانتم

تخافون فی الدنیا فاظلم نورھا

''اگر زندگانی دنیا میں آنکھوں کو ٹھنڈک ہوا ے آلِ محمدؐ! تم ستائے جاؤ تو آنکھوں میں ٹھنڈک کے بدلے تاریکی آ جاتی ہے''۔

مررت علی قبر الحسین بکربلا

ففاض علیہ من دموعی غزیرھا

''میں قبرِ حسینؑ کی طرف سے گزرا تو میری آنکھوں سے اشکوں کا سیلاب بہہ نکلا''۔

فما زلت ارثیہ وابکی لشجوہ

ویسعد عینی دمعھا وزفیرھا

''پس میں ہمیشہ آپؑ پر مرثیہ پڑھتا رہوں گا اور روتا رہوں گا' میری آنکھ میرے آنسوؤں میں میری مدد کرے گی''۔

وبکیت من بعد الحسین عصائبا

اطافت بہ من جانبیھا قبورھا

''حسین علیہ السلام کے بعد میں اس گروہ پر گریہ کروں گا جس کی

https://downloadshiabooks.com/

قبریں آپ کی قبر کے اردگرد ہیں''۔

سلام علی أهل القبور بکربلاء
وقل لها منی سلام یزورها

''میرا سلام ہو کربلا کی اہلِ قبور پر اور جوان کی زیارت کرے اس پر میرا سلام ہو''۔

سلام بآصال العشي والضحی
تؤدیه نکباء الریاح ومورها

''میرا سلام ان پر شام وسحر اور ظہر کے وقت اور بادِ مخالف سے اُڑنے والی غبار پر''۔

ولا برح الوفاد زوار قبره
یفوح علیهم مسکها وعبیرها

''اور ہمیشہ ان پر زیارت کرنے والوں کا ان پر جھرمٹ رہے اور وہ اس کو مشک وعنبر چھڑکتے رہیں''۔

## دعبل کا امام حسین علیہ السلام کی شان میں قصیدہ

﴿قال أخبرنا﴾ ابو عبدالله محمد بن عمران المرزبانی ﴿قال حدثنی﴾ عبدالله بن یحیی العسکری ﴿قال حدثنی﴾ احمد بن زید بن احمد ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن یحیی بن اکثم ابوعبدالله ﴿قال حدثنی﴾ ابی یحیی بن القسم الرازی قال اقدم المأمون دعبل بن علی الخزاعی رحمه الله وآمنه علی نفسه فلما مثل بین یدیه وکنت جالسا بین یدی المأمون فقال له انشدنی قصیدتك الکبیرة فجحدها دعبل وانکر معرفتها فقال له لك أمان علیها کما امنتك علی نفسك فانشده

https://downloadshiabooks.com/

تأسف جارتي لما رأت زوري        وعدت الحلم ذنبا غير مغتفر
ترجو الصبا بعد ماشابت ذوائبها        وقد جرت طلقا في حلبة الكبر
اجارتي ان اشيب الرأس اقلقني        ذكر المعاد وارضاني عن القدر
لو كنت اركن للدنيا وزينتها        اذا بكيت على الماضين من نفر
اخنى الزمان على اهلي فصدعهم        تصدع الشعب لافي صدمة الحجر
بعض اقام وبعض قد اهاب به        داعي المنية والباقي على الأثر
اما المقيم فاخشى ان يفارقني        ولست أوبة من ولى بمنتظر
اصبحت اخبر عن اهلي وعن ولدي        كحالم قص رؤيا بعد مدكر
لولا تشاغل عيني بالأولى سلفوا        من اهل بيت رسول الله لم اقر
وفي مواليك للمحزون مشغلة        من ان يقيم بمقصور على اثر
كم من ذراع لهم بالطف بائنة        وعارض بصعيد الترب منعفر
امسى الحسين ومسراهم لمقتله        وهم يقولون هذا سيد البشر
يا أمة السوء ما جازيت احمد في        حسن البلاء على التنزيل والسور
خلفتموه على الأبناء حين مضى        خلافة الذئب في انقاض ذي بقر

قال يحيى وانفذني المأمون في حاجة اقمت وعدت اليه وقد انتهى دعبل الى قوله:

لم يبق حي من الأحياء نعلمه        من ذي يمان ولا بكر ولا مضر[1]

---

[1] - لم يذكر في الأغاني ج ١٨ ص ٥٨ البيت الخامس وهو "قوما قتلتم الخ" وكذلك السادس وهو "ابناء حرب الخ" وابدلهما بيتين بعد قوله "اربع بطوس الخ" والبيتان

قبران في طوس خير الأرض كلهم        وقبر شرهم هذا من العبر
ما ينفع الرجس من قرب الزكي ولا        على الزكي بقرب الرجس من ضرر

https://downloadshiabooks.com/

الا وهم شرکاء فی دمائهم کما تشارك ایسار علی جزر
قتلا واسراً وتخویفا ومنهبة فعل الغزاة بارض الروم والخزر
اری امیة معذورین ان قتلوا ولا اری لبنی العباس من عذر
قوما قتلتم علی الاسلام او لهم حتی اذا استملکوا اجازوا علی الکفر
ابناء حرب ومروان واسرتهم بنومعیط ولاة الحقد والوغر
اربع بطوس علی قبر الزکی بها ان کنت تربع من دین علی وطر
هیهات کل امرئ رهن بما کسبت له یداه فخذ ما شئت او فذر

قال فضرب المأمون عمامته الأرض وقال صدقت یادعبل۔

**حدیث نمبر 10: (بحذف اسناد)**

ابویحییٰ بن القاسم رازی نے بیان کیا ہے کہ مامون الرشید کے پاس دعبل بن علی الخزاعی رحمۃ اللہ آیا اور اُس نے اپنے بارے میں امان طلب کی۔ جب وہ اُس کے پاس آیا تو میں مامون کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اُس نے ایک قصیدہ پڑھا:

تأسف جارتی لما رأت زوری
وعدت الحلم ذنبا غیر مغتفر

"مجھے افسوس ہے اپنے ہمسائے پر جب اس نے میری کمزوری کو دیکھا تو اس نے مجھے اس گناہ پر حلم کا وعدہ کیا جو بخشش کے قابل نہیں ہے"۔

ترجو الصبا بعد ماشابت ذوائبها
وقد جرت طلقا فی حلبة الکبر

"وہ امید رکھتا ایسی صبح کو جس وقت بچے جوان اور جوان بوڑھے ہو جائیں گے"۔

اجارتی ان اشیب الرأس اقلقنی
ذکر المعاد وارضانی عن القدر

https://downloadshiabooks.com/

''اے میرے ہمسائے! موت و قیامت کی یاد نے مجھے بوڑھا کر دیا ہے اور میں اس کی قدر پر راضی ہوں''۔

لو کنت ارکن للدنیا وزینتها
اذا بکیت علی الماضین من نفر

''اگر میں اس دنیا اور اس زینت پر بھروسہ کرتا تو میں گذشتہ لوگوں پر گریہ کرتا رہتا''۔

اخنی الزمان علی اهلی فصدعهم
تصدع الشعب لافی صدمة الحجر

''زمانہ اپنے اہل پر ظلم کرتا ہے پس ان کو پچھاڑ دیتا ہے جوانوں کو پچھاڑ دیتا ہے جیسے پتھر پھٹ جاتے ہیں''۔

بعض اقام وبعض قد اهاب به
داعی المنیة والباقی علی الأثر

''بعض کھڑے ہیں اور بعض پہنچ رہے ہیں اور موت کو لبیک کہہ چکے ہیں اور باقی ان کے پیچھے ہیں''۔

اما المقیم فاخشی ان یفارقنی
ولست أوبة من ولی بمنتظر

''لیکن جو کھڑے ہیں وہ خوف زدہ ہیں کہ مجھے جدا کر دیں گے میں ان میں سے نہیں ہوں' میں ولی کا منتظر ہوں''۔

اصبحت اخبر عن اهلی وعن ولدی
کحالم قص رؤیا بعد مدکر

''میں اپنے اہل اور اپنی اولاد کے لیے خبر بن جاؤں جیسے کہ اس

https://downloadshiabooks.com/

تذکرے کے بعد اس کی خواب نہیں دیکھی''۔

لولا تشاغل عینی بالأولی سلفوا

من اهل بیت رسول الله لم اقر

''اگر میری آنکھ کو گذشتہ لوگوں میں مشغول نہ ہو کہ جو رسول خدا کے اہل بیت میں سے ہیں' تو مجھے سکون نہ ملتا''۔

وفی موالیك للمحزون مشغلة

من ان یقیم بمقصور علی اثر

''اور تیرے چاہنے والوں کے غم نے ان کو مشغول کر دیا اس کی اس کی اتباع پر قاصر ہیں''۔

کم من ذراع لھم بالطف بائنة

وعارض بصعید الترب منعفر

''اور کتنی زمین کا ذراع ہیں' جو صحرا میں ان کے لیے اور مٹی کی جاڑ نے ان کو خاک آلودہ کر دیا ہے''۔

امسی الحسین ومسراھم لمقتله

وھم یقولون ھذا سید البشر

''حسین علیہ السلام نے شام کی' حالانکہ ان کو قتل کیا گیا اور وہ سب جانتے تھے وہ سید البشر ہے''۔

یاامة السوء ما جازیت احمد فی

حسن البلاء علی التنزیل والسور

''اے بری امت! تم نے نبی احمد کو کتنی بری جزاء دی ہے اس کے قرآن کے نازل ہونے اور سورتوں کے نازل ہونے پر''۔

https://downloadshiabooks.com/

خلفتموه على الأبناء حين مضى

خلافة الذئب في انقاض ذي بقر

''تم نے ہر خبر میں اس کی مخالفت کی ہے' جب کہ بھیڑیا وہ حملہ کرتا ہے صاحب بکری پر' اس کو پچھاڑنے کے لیے''۔

یحییٰ بیان کرتا ہے: مامون نے مجھے کسی حاجت کے لیے حکم دیا اور میں کھڑا ہو گیا۔ اور چلا گیا اور جب میں واپس آیا تو دعبل اس شعر تک پہنچ چکا تھا:

لم يبق حي من الأحياء نعلمه

من ذي يمان ولابكر ولامضر

''زندہ لوگوں میں سے کوئی نہیں بچا اور ہم اس کو جانتے ہیں کہ صاحب ایمان ہے لیکن وہ بنی بکر اور بنی مضر میں سے نہیں ہے''۔

الا وهم شركاء في دمائهم

كما تشارك ايسار على جزر

''یہ سارے ان کے خون میں شریک ہیں جیسا کہ مال دار شریک ہوتے کسی جانور کے ذبح کرنے میں''۔

قتلا واسراً وتخويفا ومنهبة

فعل الغزاة بارض الروم والخزر

''وہ شریک ہیں ان کے قتل کرنے میں' قید کرنے میں' خوف و ڈرانے میں' جیسے اہلِ روم جنگوں میں کرتے تھے''۔

ارى امية معذورين ان قتلوا

ولا ارى لبني العباس من عذر

''میں امیہ کو تو ان کے قتل میں معذور جانتا ہوں لیکن بنی عباس کا کوئی

https://downloadshiabooks.com/

عذر قابلِ قبول نہیں ہے"۔

قوما قتلتم علی الاسلام او لهم
حتی اذا استملکوا اجازوا علی الکفر

وہ قوم ہے جنہوں نے اسلام پر ان کو قتل کیا بلکہ ان کا پہلا وہ ہے
جس نے ان پہلوں کو کفر پر قتل کیا"۔

ابناء حرب ومروان واسرتهم
بنومعیط ولاة الحقد والوغر

"حرب کے بیٹے اور مروان لیکن بنومعیط ان میں سے نہیں ہیں جو
کہ صاحبِ کینہ و بُغض ہیں"۔

اربع بطوس علی قبر الزکی بها
ان کنت تربع من دین علی وطر

"میں طوس میں اس قبرِ زکی پر توقف کروں گا' اگر تم توقف کرنے دو
اور یہ میری دینی حاجت ہے"۔

هیهات کل امرئ رهن بما کسبت
له یداه فخذ ما شئت او فذر

دُور ہو جاؤ ہر مرد اپنے عمل کا مرہونِ منت ہے جو اس نے کیا ہے' وہ
اس سے خواہ رسوا ہو جائے یا عزت دار"۔

راوی بیان کرتا ہے کہ مامون نے اپنا عمامہ زمین پر گرا دیا اور کہا: اے دعبل! تو
نے سچ کہا ہے۔

## میرا تعلّق دنیا اور آخرت میں قائم ہے

﴿قال أخبرنی﴾ جعفر بن محمد رحمه الله ﴿قال حدثنی﴾ جعفر بن

https://downloadshiabooks.com/

محمد بن مسعود عن أبيه عن النصر العباسی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن حاتم ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن معاد ﴿قال حدثنی﴾ زکریا بن عدی ﴿قال حدثنا﴾ عبید بن عمرو عن عبداللہ بن محمد بن عقیل عن حمزۃ بن ابی سعید الخدری عن أبیه قال سمعت رسول اللہ (ص) یقول علی المنبر ما بال اقوام یقولون ان رحم رسول اللہ لا ینفع یوم القیمة بلی واللہ ان رحمی لموصولة فی الدنیا والآخرة وانی ایها الناس فرطکم علی الحوض یوم القیمة فاذا جئتم قال الرجل یارسول اللہ انا فلان بن فلان فاقول اما النسب فقد عرفته لکنکم اخذتم بعدی ذات الشمال وارددتم علی اعقابکم القہقری۔

**حدیث نمبر 11: (بحذف اسناد)**

جناب حمزہ بن ابوسعید خدری نے اپنے والد سے بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ آپؐ نے منبر پر فرمایا:

تم لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ تم کہتے ہو کہ میرے ساتھ رشتہ داری اور تعلق قیامت کے دن کوئی فائدہ نہیں دے گا' حالانکہ خدا کی قسم! میرے ساتھ تعلق اور رشتہ داری دنیا اور آخرت دونوں میں قائم رہے گا۔

اے لوگو! جب تم حوضِ کوثر پر وارد ہو گے تو میں تم کو وہاں سے ہٹا دوں گا اور ایک مرد کہہ دے گا: یارسولؐ اللہ! میں فلاں بن فلاں ہوں۔ پس میں اس سے کہوں گا کہ میں تمہارے نسب کو جانتا ہوں لیکن تم نے میرے بعد ذاتِ الشمال کی اتباع کرلی تھی اور تم میرے بعد اُلٹے پاؤں واپس لوٹ گئے تھے۔

## اے جہنّم یہ تیرا ہے اور یہ میرا ہے

﴿حدثنی﴾ ابو المظفر بن محمد الوراق ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلی محمد ابن ھمام ﴿قال حدثنا﴾ ابوسعید الحسن بن زکریا البصری ﴿قال حدثنا﴾

https://downloadshiabooks.com/

عمر بن المخارق ﴿قال حدثنا﴾ ابومحمد الترسی عن النضر بن سوید عن عبداللہ بن مسکان عن ابی بصیر عن ابی جعفر محمد الباقر (ع) قال قال رسول اللہ (ص) کیف بک یاعلی اذا وقفت علی شفیر جہنم وقد مد الصراط وقیل للناس جوزوا وقلت لجہنم ھذا لی وھذا لک فقال علی (ع) یارسول اللہ ومن اولئک قال اولئک شیعتک معک حیث کنت ـ

**حدیث نمبر 12: (بحذف اسناد)**

جناب ابوبصیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ رسولؐ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یاعلیؑ! اس وقت آپ کیسا محسوس کریں گے کہ جب جہنم کے کنارے پر آپ کھڑے ہوں گے اور پُل صراط لگایا گیا ہوگا اور لوگوں سے کہا جائے گا کہ اس سے گزرو تو آپ جہنم سے کہہ رہے ہوں گے کہ یہ تیرا ہے اور یہ میرا ہے۔ علی علیہ السلام نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! وہ لوگ کون ہوں گے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ آپ کے شیعہ ہوں گے اور جہاں آپ ہوں گے وہاں وہ ہوں گے۔

## بھائیوں کی ملاقات

﴿حدثنی﴾ الشریف الصالح ابومحمد الحسن بن حمزۃ رحمہ اللہ قال حدثنی ابوالحسن علی بن الفضل ﴿قال حدثنی﴾ ابوتراب عبیداللہ بن موسیٰ قال حدثنی ابوالقاسم عبدالعظیم بن عبداللہ الحسنی رحمہ اللہ قال سمعت اباجعفر محمد بن علی بن موسیٰ (ع) یقول ملاقات الاخوان منشرۃ وتلقیح للعقل وان کان نزراً قلیلا وصلی اللہ علی سیدنا محمد النبی وآلہ الطاھرین وسلم ـ

https://downloadshiabooks.com/

### حدیث نمبر 13: (بحذف اسناد)

جناب ابوالقاسم عبدالعظیم بن عبداللہ الحسنی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ میں نے حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی بن موسیٰ علیہم السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: بھائیوں سے ملاقات زندگی میں اضافہ اور عقل کو زیادہ کرتی ہے' اگرچہ یہ بہت کم وقلیل ہی کیوں نہ ہو۔

۞۞۞

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 39

[بروز ہفتہ ۱۳ رمضان المبارک سال ۱۴۱۱ ہجری قمری]

## دنیا کے تمام لوگوں سے نااُمیدی ظاہر کرو

﴿قال أخبرنی﴾ احمد بن محمد بن الحسن بن الولید رحمه الله ﴿قال حدثنی﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الحسن الصفار ﴿قال حدثنا﴾ علی ابن محمد القاشانی عن الاصفہانی عن المنقری عن حفص بن غیاث القاضی قال سمعت ابا عبدالله جعفر بن محمد علیه السلام یقول اذا اراد احدکم الایسأل الله تعالی شیئا الا اعطاه الله فلییئس من الناس کلهم ولا یکون لکم رجاء الا من عندالله عزوجل فانه اذا علم الله تعالی ذلک من قلبه لم یسأله شیئا الا اعطاه فحاسبوا انفسکم قبل ان تحاسبوا فان امکنة القیمه خمسون موقفا کل موقف مقام الف سنة ثم تلاهذه الآیة (فی یوم کان قدره خمسین الف سنة)

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

جناب حفص بن غیاث القاضی نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

اگر تم میں سے کوئی بندہ یہ چاہتا ہے کہ وہ ایسا ہو جائے کہ جو بھی خدا سے سوال کرے وہ اُس کو عطا کر دے تو پھر تمام لوگوں سے ناامید ہو جاؤ' اور خدا کے علاوہ کسی اور

https://downloadshiabooks.com/

سے اُمید نہ رکھو اور جب اللہ تعالیٰ جان لیتا ہے کہ تمہارے دل میں اُس کے علاوہ کسی اور کی امید و آرزو نہیں ہے تو اُس وقت تم جس چیز کا اُس سے سوال کرتے ہو تو وہ تمہیں عطا کرتا ہے پس اپنے آپ کا محاسبہ کرو قبل اس کے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے' کیونکہ قیامت کے دن پچاس مقام پر تم کو کھڑا کیا جائے گا اور ہر مقام پر ایک ہزار سال تک تمہیں کھڑا ہونا پڑے گا۔ پھر آپؑ نے اس آیت کی تلاوت کی: ''قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا ہوگا''۔

## عبداللہ بن عباسؓ کی اپنے بیٹے کو وصیّت

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد حبیش الکاتب عن الحسن ابن علی الزعفرانی عن ابی اسحق ابراهیم بن محمد الثقفی عن حبیب ابن نصر عن احمد بن بشیر بن سلیمان عن هشام بن محمد عن أبیه محمد ابن السایب عن ابراهیم بن محمد الیمانی عن عکرمة قال سمعت عبدالله ابن عباس یقول لابنه علی بن عبدالله لیکن کنزك الذی تذخره العلم کن به اشد اغتباطا منك بکنز الذهب الأحمر فانی مودعك کلاما ان انت وعیته اجتمع لك نه خیر امر الدنیا والآخرة لاتکن ممن یرجو الآخرة بغیر عمل ویؤخر التوبة لطول الأمل ویقول فی الدنیا قول الزاهدین ویعمل فیها عمل الراغبین ان اعطی منها لم یشبع وان منع منها لم یقنع یعجز عن شکر ما اوتی ویبتغی الزیادة فیما بقی ویأمر بما لایأتی یحب الصالحین ولایعمل عملهم ویبغض الجاهلین وهو احدهم ویقول لم اعمل فاتعنی لااجلس فاتمنی وهو یتمنی المغفرة وقد دأب فی المعصیة قد عمر ما یتذکر فیه من تذکر یقول فیما ذهب لو کنت عملت ونصبت کان ذخراً لی ویعصی ربه عز اسمه فیما بقی غیر مکترث ان سقم ندم علی العمل وان صح امن واغتر واخر العمل معجب بنفسه ماغو فی وقانط اذا ابتلی ان

https://downloadshiabooks.com/

رغب اشر وان بسط له هلك تغلبه نفسه علي ما يظن ولا يغلبها ما يستيقن لايثق من الرزق بما قد ضمن له ولا يقنع بما قسم له لم يرغب قبل ان ينصب ولاينصب فيما يرغب ان استغنى بطروان افتقر قنط فهو يبتغى الزيادة وان لم يشبع ويضيع من نفسه ما هو اكره يكره الموت لاسائته ولا يدع الاسائة فى حيوته ان عرضت شهوته واقع الخطيئة ثم تمنى التوبة وان عرض له عمل الآخرة دافع يبلغ في الرغبة حين يسأل ويقصر فى العمل حين يعمل فهو بالطول مدل وفى العمل مقل يبادر فى الدنيا يعها بمرض فاذا افاق واقع الخطايا ولم يعوض يخشى الموت ولا يخاف الفوت يخاف على غيره باقل من ذنبه ويرجو لنفسه بدون عمله وهو على الناس طاعن ولنفسه مداهن يرى الأمانة مارضى ويرى الخيانة ان سخط ان عوفى ظن انه قد تاب وان ابتللى طمع فى العافية وعادلا يبيت قائما ولا يصبح صائما وهمه الغذاء ويمسن ونيته العشاء وهو مفطر يتعوذ بالله من فوقه ولا ينجو بالعوذ منه من هو دونه يهلك فى بغضه اذا ابغض ولايقصر فى حبه اذا احب يغضب من اليسير ويعصى على الكثير فهو يطاع ويعصى والله المستعان

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب عکرمہ رحمتہ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے عبداللہ ابن عباس سے سنا کہ اُنہوں نے اپنے بیٹے علی بن عبداللہ کو وصیت فرماتے ہوئے کہا: اے بیٹے! علم کو اپنے لیے سب سے بڑا خزانہ قرار دو اور اپنے آپ کو سرخ سونے سے زیادہ اُس کے ساتھ خوشحال قرار دو۔ میں تجھے ایک کلام امانت دے رہا ہوں اگر تو نے اس کو محفوظ رکھا تو اُس سے فائدہ حاصل کرے گا اور یہ تیرے لیے دنیا وآخرت میں اچھی ہے۔ اے فرزندِ ارجمند! بغیر عمل کے آخرت میں اچھائی کی امید نہ رکھو اور لمبی آرزوؤں کی وجہ سے توبہ کو مؤخر نہ کرو

https://downloadshiabooks.com/

اور دنیا میں زاہدین والی باتیں اور ان میں راغب لوگوں والا عمل نہ کرو۔ اگر تم کو ساری دنیا دے دی جائے تو اُس سے سیر نہ ہو۔ اور اگر تم کو اس سے روک دیا جائے تو قانع نہ ہو۔ جو تم کو اس سے ملے اس کے شکر کرنے سے عاجز نہ ہو جاؤ۔ اور جو باقی ہے اس کی زیادتی کی خواہش نہ کرو اور جو تجھے نہ ملے اس کے بارے میں امر نہ لو۔ ایسا نہ ہو کہ نیک لوگوں سے محبت کرو اور ان کے اعمال کو انجام نہ دو' اور جاہلین سے بُغض کرتے رہو' جب تم خود ان میں سے ہو۔ پھر اُنہوں نے فرمایا: جو عمل مجھے تھکا دے وہ میں نہیں کرتا (یعنی میانہ روی کرنا چاہیے)۔ اور میں اس کے ساتھ نہیں بیٹھتا جو یہ چاہتا ہو کہ تو اس کی مغفرت کی خواہش کرے اور وہ نافرمانی کی کوشش کرے اور اپنی زندگی میں ذکر اور تذکر کو لازم قرار دو' جو تجھ سے چلا جائے اس کے بارے میں یہ نہ کہو کہ اگر میں اس کو انجام دیتا اور اس کو پالیتا تو یہ میرے لیے ذخیرہ ہوتا۔ اپنے رب کی بے پروائی میں نافرمانی نہ کرو۔ اگر بیمار ہو جاؤ تو اپنے عمل پر پشیمانی کرو اور اگر سالم رہو تو اپنے آپ کو امن اور غافل نہ رہو۔ اور جو عمل تجھے تعجب میں ڈال دے اس کو مؤخر رکھو' جو تجھے معاف کر دیے گئے ہیں ایسے نہ ہو جاؤ اور جب کسی مصیبت میں مبتلا ہو جاتا ہے تو پھر وہ نا اُمید ہو جاتا ہے اور فارغ ہوتا ہے تو سب سے زیادہ شریر ہو جاتا ہے اور اگر اس کو کھلا آزاد چھوڑ دیا جائے تو پھر وہ ہلاک ہو جاتا ہے اور اپنے نفس پر گمان وظن کو غائب کرتا ہے اور جو یقین آور ہو اس کو غالب نہیں ہونے دیتا اور رزق میں سے اس کے مقدر میں قرار دیا ہے اس پر بھروسہ نہیں کرتا' اور جو خدا نے اُس کی قسمت میں قرار دیا ہے اس پر وہ قانع نہیں ہوتا۔ اور جب تک اس کو معین نہ کیا جائے اُس وقت تک اس میں رغبت نہیں رکھتا۔ اور جس میں رغبت رکھتا ہے اُس کو حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرتا۔ اگر مستغنی ہو جائے تو لیک جاتا ہے اور اگر محتاج رہے تو قناعت کرتا ہے۔ پس وہ زیادتی کو طلب کرتا ہے اگرچہ وہ سیر نہیں ہوتا۔ اور جو اِس کو ناپسند ہو اُس کو ضائع کر دیتا ہے اور اپنی نافرمانیوں کی وجہ سے موت کو ناپسند کرتا ہے اور اپنی زندگی میں نافرمانی

https://downloadshiabooks.com/

چھوڑنے کو تیار نہیں ہے۔ اگر اس کو شہوت یعنی خواہشِ نفس عارض ہو جائے تو خطاء کر دیتا ہے۔ پھر وہ توبہ کی تمنا کرتا ہے اور اگر اس کے سامنے آخرت کا کوئی عمل ہو جائے تو اس کو ترک کر دیتا ہے۔ اور جب سوال کرتا ہے تو انتہائی رغبت ظاہر کرتا ہے اور جب عمل کرتا ہے تو اُس وقت سستی ظاہر کرتا ہے۔ وہ لمبی آرزو رکھتا ہے لیکن عمل قلیل کرتا ہے۔ دنیا میں جلدی کرتا ہے اور جب مریض ہوتا ہے تو عیب نکالتا ہے اور جب صحت مند ہو جائے تو خطاء کرتا ہے اور وہ اس روش کو ترک نہیں کرتا۔ وہ موت سے ڈرتا ہے اور فوت ہونے سے نہیں ڈرتا۔ یعنی ضائع ہونے سے نہیں ڈرتا۔ دوسروں کے چھوٹے گناہ سے بھی ڈرتا ہے اور خود بغیر عمل کے اُمید رکھتا ہے۔ لوگوں کو برائی کے طعنے دیتا ہے لیکن اپنے نفس میں وہ برائی پر باقی رہتا ہے۔ جب راضی ہو تو امانت کا خیال رکھتا ہے اور جب ناراض ہو تو خیانت کرتا ہے۔ اگر عفت میں ہو تو گمان کرتا ہے کہ وہ توبہ کرنے والا ہے۔ اور اگر وہ کسی بیماری میں مبتلا ہو جائے تو پھر وہ عافیت کا طمع کرتا ہے۔ وہ لوٹتا ہے اس حال میں کہ راتوں کو قیام نہیں کرتا اور دنوں کو روزہ نہیں رکھتا اور اس کی رغبت دن رات کھانا ہے' عشاء کی نیت کرتا ہے۔ وہ افطار کرنے والا ہوتا ہے اور اپنے سے بڑے کے ذریعے اللہ سے پناہ طلب کرتا ہے۔ اور چھوٹے کے ہر عمل پر اللہ کی پناہ پر بھی اُس کو نجات نہیں دیتا۔ جب بُغض وغضب کرتا ہے تو اُس وقت ہلاک ہوتا ہے اور جب وہ محبت کرتا ہے تو محبت میں کمی نہیں کرتا۔ کم ملے تو غضب ناک ہوتا ہے اور زیادہ پر نافرمانی کرتا ہے۔ پس وہ اطاعت چاہتا ہے لیکن نافرمانی کرتا ہے' اللہ مدد کرنے والا ہے۔

## جنت کی نشانیاں آلِ محمدؐ میں سے آئمہ ہیں

﴿قال حدثنی﴾ ابومحمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنی﴾ محمد بن محمد ابن سلیمان الباغندی ﴿قال حدثنا﴾ هرون بن حاتم ﴿قال حدثنا﴾ اسماعیل بن توبة ومصعب بن سلام عن ابی اسحاق عن ربیعة السعدی

https://downloadshiabooks.com/

قال اتيت حذيفة بن اليمان رحمه الله فقلت له حدثني بما سمعت من رسول الله (ص) او رأيته لاعمل به قال فقال لي عليك بالقرآن فقلت له قد قرأت القرآن وانما جئتك لتحدثني بما لم اره ولم اسمعه ، اللهم انى اشهدك على حذيفة اني اتيته ليحدثني بما لم اره ولم اسمعه من رسول الله (ص) وانه قد منعنيه وكتمنيه فقال حذيفة ياهذا قد بلغت فى الشدة ثم خذها قصيرة من طويلة وجامعة لكل امرك ان آية الجنة فى هذه الأمة لنبيه (ص) انه ليأكل الطعام ويمشي فى الأسواق فقلت له بين لي آية الجنة فى هذه الامة اتبعها وبين آية النار فاتقيها فقال لي والذى نفسي بيده ان آية الجنة والهداة اليها الى يوم القيمة وأئمة الحق لآل محمد (ع) وان آية النار وأئمة الكفر والدعاة اليها الى النار الى يوم القيمة لغيرهم –

**حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)**

ربیعہ السعدی نے بیان کیا ہے کہ میں حذیفہ یمانی کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے اُس سے کہا کہ جو کچھ آپ نے رسولؐ خدا سے سنا ہے وہ مجھے بیان کریں تا کہ میں اُس پر عمل کرسکوں۔ اُس نے مجھ سے کہا: اپنے آپ پر قرآن نازل قرار دو۔ میں نے اُس سے عرض کیا کہ میں نے قرآن کی تلاوت کی ہے اور کرتا ہوں۔ میں آپ کے پاس اس لیے آیا ہوں تا کہ آپ میرے لیے وہ کچھ بیان کریں جو اس نے نہیں دیکھا اور نہ سنا ہے (یعنی حدیث رسولؐ)۔ اے اللہ! میں آپ کو گواہ قرار دیتا ہوں کہ میں حذیفہ کے پاس آیا ہوں اور اس سے کہا ہے کہ مجھے وہ چیز بیان کر جس کو میں نے نہیں دیکھا اور نہ میں نے سنا ہے (یعنی حدیث وعمل)۔ رسولؐ خدا نے بیان کیے لیکن وہ مجھے اس سے محروم کر رہا ہے اور چھپا رہا ہے۔ پھر حذیفہ یمانی نے کہا: اے فلاں! تو انتہا کو پہنچ چکا ہے تو اب سن اور اس کو اخذ کر لے۔ یہ ایک طویل حدیث میں سے چھوٹا سا جز ہے لیکن تیرے امر کے لیے جامع

https://downloadshiabooks.com/

ہے۔ اس اُمت نبیؐ میں جنت کی نشانی کہ جو کھانا بھی کھاتے ہیں اور بازاروں میں بھی جاتے ہیں، پس میں نے اُس سے عرض کیا: میرے لیے واضح طور پر بیان کریں کہ اس اُمت میں جنت کی نشانی کون ہے تاکہ میں اُس کی اتباع کروں اور جہنم کی نشانی کون سی ہے تاکہ میں اُس سے دُوری اختیار کروں۔ پس اُس نے مجھے فرمایا کہ مجھے قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے، اس وقت دنیا کی نشانیاں اور قیامت تک جنت کی طرف ہدایت کرنے والے آلِ محمدؐ میں سے آئمہ ہدیٰ برحق ہیں اور جہنم کی نشانیاں اور کفر کے امام اور قیامت تک جہنم کی طرف بلانے والے اِن کے (یعنی آلِ محمدؐ کے) غیر ہیں یعنی اِن کے دشمن ہیں۔

## ہر کوئی ہمارے محبّ سے محبّت کرتا ہے تو وہ ہمارے ساتھ محبّت کرتا ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی رحمه الله ﴿قال حدثنا﴾ القاسم بن محمد الذل ﴿قال حدثنا﴾ اسماعیل بن محمد المزنی ﴿قال حدثنا﴾ عثمان بن سعید ﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن التمیمی عن سیرة بن زیاد عن الحكم بن عتبة عن حبش بن المعتمر قال دخلت علی امیر المؤمنین علی امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب (ع) فقلت السلام علیك یاامیر المؤمنین ورحمة الله كیف امسیت قال امسیت محبا لمحبنا مبغضا لمبغضنا وامسی محبنا مغتبطا برحمة من الله كان ینتظرها وامسی عدونا یرمس بشیابه علی شفا جرف هار فكان ذلك الشفا قد انهار به فی نار جهنم وكان ابواب الجنة قد فتحت لأهلها فهنیئا لأهل الرحمة برحمتهم والتعس لأهل النار والنار لهم یاحبیش من سره ان یعلم امحب لنا ام مبغض فلیمتحن قلبه فان كان یحب ولینا فلیس بمبغض لنا وان كان یبغض ولینا فلیس بمحب لنا ان الله تعالی اخذ میثاقا لمحبنا بمودتنا فكتب فی الذكر اسم

https://downloadshiabooks.com/

مبغضنا نحن النجباء و افراطنا الأنبیاء۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

''حبش بن معتمر بیان کرتا ہے کہ میں حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: السلام علیک یا امیرالمومنین رحمتہ اللہ۔ آپ نے شام کیسے کی ہے؟ آپؑ نے فرمایا کہ میں نے شام اس حالت میں کی ہے کہ اپنے محبّ کے ساتھ محبت کرتا ہوں اور اپنے دشمن کے ساتھ بُغض رکھتا ہوں اور میں نے شام اس حالت میں کی ہے کہ میں اپنے محبت کرنے والوں کے لیے رحمتِ خدا کی امید رکھتا ہوں اور میں نے شام کی اس حالت میں کہ اپنے دشمن کو جہنّم کے گڑھے کے کنارے پر دیکھ رہا ہوں۔ اور وہ گڑھا ایسا ہے کہ جس میں جہنّم کی آگ بھڑک رہی ہے اور جنت کے دروازے اس کے اہل کے لیے کھولے گئے ہیں۔ پس اہلِ رحمت کو مبارک ہو اور اُن کے لیے رحمت ہے اور اہلِ جہنّم کو آگ نصیب ہو اور یہ اُن کے لیے ہی ہے۔

اے حبیش! جو یہ چاہتا ہے کہ وہ معلوم کرے کیا وہ ہمارا محبّ ہے یا دشمن؟ پس وہ اپنے دل کا امتحان لے۔ اگر وہ ہمارے دوست سے محبت کرتا ہے تو ہمارے ساتھ دشمنی نہیں رکھتا۔ اور اگر وہ ہمارے دوست سے بُغض رکھتا ہے تو وہ ہمارے ساتھ محبت نہیں رکھتا۔ پس اللہ تعالیٰ نے ہمارے محبت کرنے والوں سے ہماری مودّت کا عہد لیا ہوا ہے اور ذکر میں ہمارے دشمنوں کے نام لکھ دیے ہیں۔ ہم نجیب ہیں اور نبیوں کے علاوہ ہم سے بڑھ کر کوئی نہیں ہے۔

## بنی تمیم کے ایک مرد کی بیان کردہ روایت

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعید الهمدانی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعوانه موسیٰ ابن یوسف بن اسد ﴿قال حدثنی﴾ عبدالسلام بن عاصم ﴿قال حدثنا﴾

https://downloadshiabooks.com/

اسحق بن اسماعيل بن حيويه ﴿قال حدثنا﴾ عمرو بن ابی قيس عن ميسرة ابن حبيب عن المنهال بن عمرو ﴿قال أخبرنی﴾ رجل من بنی تميم قال كنا مع اميرالمؤمنين علی بن ابی طالب (ع) بذی قار ونحن نری انا سنختطف فی يومنا فسمعته يقول والله لنظهرن علی هذه الفرقة ولنقتلن هذين الرجلين يعنی طلحه والزبير ولنستبيحن عسكرهما قال التميمی فاتيت عبدالله بن عباس فقلت له اما تری الی ابن عمك وما يقول فقال لاتعجل حتی ننتظر ما يكون فلما كان من امر البصرة ما كان اتيته فقلت لا اری ابن عمك الاصدق فی مقاله فقال ويحك انا كنا نتحدث اصحاب محمد (ص) ان النبی (ص) عهد اليه ثمانين عهداً لم يعهد شيئ منها الی احد غيره فلعل هذا مما عهد اليه –

**حدیث نمبر 5: (بحذفِ اسناد)**

منہال بن عمرو بیان کرتا ہے کہ بنو تمیم کے ایک مرد نے بیان کیا کہ ہم امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے ساتھ مقام ذی قار میں تھے اور ہم دیکھ رہے تھے کہ ہم آج اُن سے (یعنی دشمن کے لشکر سے) چھین لیں گے۔ پس میں نے سنا کہ وہ کہہ رہا ہے: خدا کی قسم! ہم اس گروہ پر ضرور غالب ہوں گے اور ہم اِن دونوں کو (یعنی طلحہ اور زبیر) ضرور قتل کر دیں گے اور اِن دونوں کے لشکر کو نیست و نابود کر دیں گے۔ تمیمی بیان کرتا ہے کہ میں عبداللہ بن عباس کے پاس آیا اور میں نے عرض کیا: کیا آپ نے دیکھا ہے کہ آپ کے چچا کا بیٹا کیا کہہ رہا ہے؟ اُس نے کہا: جلدی نہ کرو جو کچھ وہ کہہ رہا ہے اُس کے ہونے کا انتظار کرو۔ جب ہم بصرہ کے معاملہ (یعنی جنگِ جمل) سے فارغ ہوئے تو میں نے پھر جنابِ عبداللہ سے کہا: میں نے آپ کے چچا کے بیٹے کو اپنے قول میں سچا نہیں پایا۔ اُس نے کہا: ویل وافسوس ہے تیرے لیے کہ ہم اصحابِ محمدؐ سب بیان کرتے ہیں یعنی عقیدہ

https://downloadshiabooks.com/

رکھتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے اِن سے اسّی عہد لیے ہیں اوران کے غیر سے ان میں سے ایک بھی عہد نہیں لیا گیا اور شاید یہ بھی اُن میں سے ایک ہو۔

## امام اور نبی کا اعطاء میں ہاتھ برابر ہوتا ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوجعفر محمد بن علي بن الحسين بن موسٰی بن بابويه القمي رحمه الله ﴿قال حدثني﴾ ابي ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن ابي القاسم عن احمد بن ابي عبدالله البرقي عن أبيه ﴿قال حدثني﴾ من سمع حنان ابن سدير قال سمعت ابي سدير الصوفي يقول رأيت رسول الله (ص) فيما يرى النائم وبين يديه طبق مغطى بمنديل فدنوت منه وسلمت عليه فرد علي السلام ثم كشف المنديل عن الطبق فاذا فيه رطب فجعل ياكل منه فدنوت منه فقلت يارسول الله ناولني رطبة فناولني واحدة فاكلتها ثم قلت يارسول الله ناولني اخرى فنا ولنيها فاكلتها وجعلت كلما اكلت واحدة سألت اخرى حتٰى اعطاني ثماني رطبات فاكلتها ثم طلبت منه اخرى فقال لي حسبك قال فانتبهت من منامي فلما كان من الغد دخلت على الصادق جعفر بن محمد (ع) وبين يديه طبق مغطى بمنديل كأنه الذي رأيته في المنام بين يدى النبي (ص) فسلمت عليه فرد علي السلام ثم كشف عن الطبق فاذا فيه رطب فجعل ياكل منه فعجبت لذلك وقلت جعلت فداك ناولني رطبة ولني فاكلتها وطلبت اخرى حتٰى طلبت ثمان رطبات ثم طلبت منه اخرى فقال لي لو زادك جدي رسول الله (ص) لزدناك فاخبرته الخبر فتبسم تبسم عارف بما كان -

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

https://downloadshiabooks.com/

حنان بن سدیر نے بیان کیا ہے کہ میں نے ابوسدیر صیرفی سے سنا ہے کہ وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے خواب میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ ایک طبق کھجوروں کا جس پر رومال ڈالا ہوا تھا آپؐ کے سامنے موجود ہے۔ میں آپؐ کے قریب گیا اور سلام عرض کیا: آپؐ نے میرے سلام کا جواب دیا۔ میں اور قریب ہوا اور عرض کیا: یارسولؐ اللہ! ایک کھجور عطا فرمائیں۔ پس آپؐ نے مجھے ایک کھجور دے دی اور میں نے اُس کو کھالیا۔

پھر عرض کیا: ایک اور عطا فرمائیں تو آپؐ نے ایک اور عطا کردی۔ اس طرح ایک ایک کرکے آپؐ نے مجھے آٹھ کھجوریں عطا فرمائیں اور میں نے وہ کھائیں۔ پھر جب میں نے اور طلب کی تو آپؐ نے فرمایا کہ بس اتنا ہی کافی ہیں۔ پس جب میں نیند سے بیدار ہوا اور جب اگلی صبح ہوئی تو میں امام صادق جعفر بن محمد علیہ السلام کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ میں نے ایک طبق کھجوروں کا آپؑ کے سامنے اسی طرح دیکھا جیسا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے دیکھا تھا۔ اُس پر رومال ڈالا ہوا تھا۔ میں نے سلام عرض کیا اور آپؑ نے میرے سلام کا جواب دیا۔ پھر آپؑ نے اس طبق سے رومال اٹھایا۔ اُس میں تازہ کھجوریں تھیں۔ پس آپؑ نے اُن میں سے کھانی شروع کیں تو میں نے تعجب کیا اور عرض کیا:

میرے ماں باپ آپؑ پر قربان ہوجائیں' آپؑ مجھے بھی عطا فرمائیں گے۔ آپؑ نے ایک کھجور عطا کی۔ میں نے وہ کھائی' دوسری طلب کی تو آپؑ نے ایک اور عطا کی۔ اس طرح ایک ایک کرکے آٹھ کھجوریں آپؑ نے عطا فرمائیں اور میں نے وہ کھائیں۔ پس اس کے بعد جب دوبارہ طلب کی تو آپؑ نے فرمایا: اگر میرے نانا رسولؐ خدا نے تجھے اس سے زیادہ دی ہوتیں تو میں بھی اِس سے زیادہ دیتا۔ پس میں نے آپؑ کو خواب سنایا تو آپؑ اس طرح مسکرائے جیسے جاننے والا مسکراتا ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

# کریم وراثتِ علم ہے

﴿قال حدثنا﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابى ﴿قال حدثنى﴾ الشيخ الصالح عبدالله بن محمد بن عبيدالله بن ياسين قال سمعت العبد الصالح على بن محمد بن على الرضا (ع) بسر من رأى يذكر عن آبائه (ع) قال قال اميرالمؤمنين (ع) العلم وراثة كريمة والآداب حلل حسان والفكرة مرأة صافية والاعتذار منذرناصح وكفى بك ادبا لنفسك تذكرك ما كرهته من غيرك وصلى الله على سيدنا محمد النبى وآله الطاهرين ـ

**حدیث نمبر 7:** (بحذف اسناد)

ابوبکر محمد بن عمر جعابی نے بیان کیا ہے کہ مجھے شیخ الصالح عبداللہ بن محمد بن عبیداللہ بن یاسین نے بیان کیا ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبدالصالح علی بن محمد بن علی الرضا علیہ السلام سے اور اُنہوں نے اپنے آباؤ اجداد کے ذریعے سے روایت کی ہے کہ امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا:

کریم وراثت علم ہے اور آداب خوبصورت زیور ہیں اور فکر انسان کو عبادت کی طرف مائل کرتی ہے اور عذر طلب کرنا' ڈرنا اور نصیحت کرنے والا اور تیرے لیے ادب اتنا ہی کافی ہے کہ جو چیز تجھے غیر میں بری محسوس ہوا سے یاد رکھو یعنی اُس کو ترک کرو اور انجام نہ دو۔

⊙⊙⊙

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 40

[بروز بدھ ۲۴ رمضان المبارک سال ۱۴۱۱ ہجری قمری]

## ابن آدمؑ تجھ سے سوال کیے جائیں گے اُن کے جواب تیار کرو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد بن الحسن بن الولید القمی رحمه الله ﴿قال حدثنی﴾ ابی عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عیسٰی عن الحسن بن محبوب بن ابی حمزة الثمالی قال کان علی بن الحسین (ع) یقول ابن آدم لاتزال بخیر ما کان لك واعظ من نفسك وما کانت المحاسبة من همك وما کان الخوف لك شعاراً والحزن دثاراً ابن آدم انك میت ومبعوث بین یدی الله عزوجل ومسؤل فاعد جوابا –

حدیث نمبر 1: (بحذف اسناد)

حضرت ابوحمزہ ثمالی نے بیان کیا ہے کہ حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام فرماتے تھے:

اے فرزندِ آدمؑ! جب تک تیرا اپنا نفس تیرے لیے واعظ نہیں بن جاتا اور اپنا محاسبہ نہیں کرتا اور خوف خدا تیرا شعار نہ بن جائے اور حزن وغم آخرت تیرا وطیرہ نہ بن جائے اُس وقت تک تو خیر حاصل نہیں کرسکتا۔ اے فرزندِ آدمؑ! تو نے مرنا ہے اور خدا کے سامنے پیش ہونا ہے اور تجھ سے سوالات کیے جائیں گے پس اُن کے جواب تیار کرلو۔

https://downloadshiabooks.com/

## اپنے بھائی کی عزت کی حفاظت کرو

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن احمد بن محمد الجرجانی ﴿قال حدثنا﴾ اسحق بن عبدوس ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن عبداللہ بن سلیمان الحضرمی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن اسماعیل الأحمس ﴿قال حدثنا﴾ المحاربی عن ابن ابی لیلی عن الحکم بن عیبنه عن ابن ابی الدرداء عن أبیه قال قال رجل فی عرض رجل عند النبی (ص) فرد رجل من القوم علیه فقال رسول اللہ (ص) من رد عن عرض اخیه کان له حجابا من النار۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

ابودرداء نے بیان کیا ہے کہ ایک مرد رسولؐ کے سامنے اپنے بھائی کی ہتکِ عزت کرنا چاہتا تھا اور اُسی کی قوم کے ایک مرد نے اُس کا دفاع کیا۔ اس پر رسولؐ خدا نے فرمایا: جو شخص اپنے بھائی کی عزت کا دفاع کرے گا اللہ تعالیٰ اُس کے اور آگ کے درمیان (یعنی جہنم کی آگ) پردہ قرار دے گا یعنی آگ کو اُس پر حرام قرار دے گا۔

## ہمارے راز کو پوشیدہ رکھنا راہِ خدا میں جہاد ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویه رحمه اللہ عن أبیه عن سعد بن عبداللہ عن احمد بن ابی عبداللہ البرقی ﴿قال حدثنا﴾ سلیمان بن سلمة الکندی عن محمد بن غزوان وعیسیٰ بن ابی منصور عن ابان بن تغلب عن ابی عبداللہ جعفر بن محمد (ع) قال نفس المفهوم بظلمنا تسبیح وهمه لنا عبادة وکتمان سرنا جهاد فی سبیل اللہ ثم قال ابوعبداللہ (ع) یخب ان یکتب هذا الحدیث۔

**حدیث نمبر 3:** (بحذف اسناد)

حضرت جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے فرمایا: وہ سانس جو ہمارے غم اور ہماری

https://downloadshiabooks.com/

مظلومیت میں لی جائے وہ تسبیح خدا ہے اور اس میں بے چین ہونا عبادتِ خدا ہے اور ہمارے راز کو پوشیدہ رکھنا راہِ خدا میں جہاد ہے۔

## قیامت کے دن جس سے تم محبّت کروگے اُس کے ساتھ ہوگے

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ احمد ابن محمد بن سعيد ﴿قال حدثنا﴾ ابوعوانة عن موسى بن يوسف ابن يوسف القطان ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن يحيى الأودى ﴿قال حدثنا﴾ اسماعيل بن ابان ﴿قال حدثنا﴾ على بن هاشم بن البريد عن أبيه عن عبدالرزاق بن قيس الرجي قال كنت جالسا مع على بن ابى طالب عليه السلام على باب القصر حتىٰ الجأته الشمس الى حايط القصر فوثب ليدخل فقام رجل من همدان فتعلق بثوبة فقال يا اميرالمؤمنين حدثنى حديثا جامعا ينفعنى الله به قال او لم يكن فى حديث كثير قال بلى ولكن حدثنى حديثا جامعا قال حدثنى خليلى رسول الله (ص) انى ارد انا وشيعتى الحوض رواء مرويين مبيضة وجوههم ويرد عدونا ظماء مظمئن مسودة وجوههم خذها اليك قصيرة من طويلة انت مع من احببت ولك ما اكتسبت ارسلنى ياأخا همدان ثم دخل القصر–

**حدیث نمبر 4: (بحذفِ اسناد)**

عبدالرزاق بن قیس رجی نے بیان کیا ہے کہ امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام محلِ خلافت کے دروازے پر بیٹھے تھے اور دھوپ محل کی دیوار پر پڑ رہی تھی۔ آپؑ کھڑے ہوئے تاکہ محل میں داخل ہوں۔ ایک ہمدان کا مرد کھڑا ہوا اور اُس نے آپؑ کے کپڑے کو تھام لیا اور عرض کیا: اے امیرالمومنینؑ! مجھے ایک حدیث بیان کریں جو جامع اور مختصر ہوتا کہ اللہ تعالیٰ اُس کو میرے لیے مفید قرار دے۔ آپؑ نے فرمایا: کیا ایک سے

https://downloadshiabooks.com/

زیادہ نہ ہوں؟ اُس نے عرض کیا: کیوں نہیں؛ لیکن میں ایک جامع حدیث چاہتا ہوں۔ آپؑ نے فرمایا: میرے آقا، مولا اور خلیل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اور میرے شیعہ حوضِ کوثر پر وارد ہوں گے، ہمارے چہرے روشن اور سفید ہوں گے اور ہمارے دشمن سیاہ چہرے والے اور غم زدہ ہوں گے۔ اس چھوٹی سی کو بڑی میں سے اخذ کرو تو اِس کے ساتھ ہوگا کہ جس کے ساتھ تو محبت کرے گا اور جو تو کسب کرے گا وہ ہی تیرے لیے ہے۔ پس اب مجھے چھوڑ دو۔ اے ہمدانی بھائی! پھر آپ محل کے اندر داخل ہوگئے۔

## ایسے غنی کا آخرت میں کوئی حصّہ نہیں ہے

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن محمد الکاتب ﴿قال أخبرنی﴾ الحسن بن علی الزعفرانی عن ابراهیم بن محمد الثقفی عن یوسف بن کلیب عن معویة بن هشام عن الصباح بن یحییٰ المنقری عن الحرث ابن حضیرة قال حدثنی جماعة من اصحاب امیرالمؤمنین (ع) انه قال یوما ادعوا لی غنیا وباهلة وحیا آخر قد سماهم فلیأخذوا عطایاهم فوالذی فلق الحبة وبرء النسمة مالهم فی الاسلام نصیب وانی شاهد ومتولی عندالحوض وعند المقام المحمود انهم اعداء لی فی الدنیا والآخرة ولاخذن غنیا اخذة یفرط باهلة ولان ثبت قدمای لاردن قبائل الی قبائل ولا بهرجن ستین قبیلة مالها فی الاسلام نصیب ـ

**حدیث نمبر 5: (بحذفِ اسناد)**

حرث بن حضیرہ نے بیان کیا کہ ایک دن امیرالمومنین علی علیہ السلام نے اپنے اصحاب کی ایک جماعت سے فرمایا: میرے پاس اُن غنیوں کو بلاؤ اور اُن کے اہل کو بھی بلاؤ اور دوسرے زندہ لوگوں کو بلاؤ کہ جو اِن سے عطایات اور ہدایات کو وصول کرنے کی خاطر ان کی خوشامد کرتے ہیں۔ مجھے قسم ہے اُس ذات کی جو دانے کو شگافتہ کرتی ہے اور اِس

https://downloadshiabooks.com/

سے پودا نکالتی ہے' ایسے لوگوں کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں ہے اور جب میں حوضِ کوثر پر کھڑا ہوں گا اور مقامِ محمود پر فائز ہوں گا تو میں اُس وقت گواہی دوں گا کہ یہ لوگ دنیا و آخرت میں میرے دشمن ہیں۔ میں ایسے غنیوں کو ضرور اخذ کروں گا جو اپنے اہل کے ساتھ کوتاہی کرتے ہیں۔ اگر میرے دونوں قدم ثابت رہے تو میں اِن کو اپنے قبائل کی طرف ضرور پلٹاؤں گا اور میں ایسے ساٹھ قبیلوں کا حقِ خون رائیگاں کروں گا۔ اِن لوگوں کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں ہے۔

## امام حسینؑ کے غم میں رونے کی فضیلت

﴿قال أخبرني﴾ ابوعمرو عثمان بن احمد الدقاق اجازة ﴿قال أخبرنا﴾ جعفر بن محمد بن مالك ﴿قال حدثنا﴾احمد بن يحيىٰ الاودى ﴿قال حدثنا﴾ مخول بن ابراهيم عن الربيع بن المنذر عن أبيه عن الحسين ابن على (ع) قال ما من عبد قطرت عيناه قطرة اودمعت عيناه فينا دمعة الابوأه الله بها فى الجنة حقبا قال احمد بن يحيىٰ الأودى فرأيت الحسين ابن على (ع) فى المنام فقلت حدثنى مخول عن ابراهيم عن الربيع بن المنذر عن أبيه عنك انك قلت ما من عبد قطرت عيناه فينا قطرة او دمعت فينا دمعة الابوأه الله بها فى الجنة حقبا قال نعم قلت سقط الاسناد بينى وبينك –

**حدیث نمبر 6: (بحذفِ اسناد)**

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: ہر وہ بندہ جس کی آنکھوں میں آنسوؤں کا ایک قطرہ ہمارے غم میں جاری ہو جائے' اللہ تعالیٰ اُس کو ایک قطرے کے بدلے ایک سال تک جنت میں آباد رکھے گا۔ احمد بن یحییٰ اودی نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت امام حسین علیہ السلام کو خواب میں دیکھا اور آپ سے عرض کیا: اے مولاؑ! آپ سے مروی ہے

https://downloadshiabooks.com/

کہ آپؑ نے فرمایا: جس شخص کی آنکھ سے ایک قطرہ یا ایک آنسو ہمارے غم میں جاری ہوجائے تو اللہ تعالیٰ اُس کو اُس کے ایک آنسو کے عوض ایک سال تک جنت میں آباد رکھے گا تو آپؑ نے فرمایا: ہاں۔ میں نے عرض کیا: اے مولاؑ! آپؑ کے اور میرے درمیان جو سلسلہ اسناد ہے وہ ساقط ہوگیا ہے۔

## عکاظ بازار میں قیس بن ساعدہ کا اعلان

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالطیب الحسین بن محمد التمار ﴿قال حدثنا﴾ محمد ابن القاسم الانباری ﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن حمید بن محمد بن حمید التمیمی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبداللّٰه محمد بن نعیم العبدی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلی الرواسی بن عبداللّٰه ﴿قال حدثنی﴾ ابومسعود عبید بن سمیع عن الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس قال قدم علی النبی (ص) وفد ایاد قال لهم ما فعل قس بن ساعدة کأنی انظر الیه بسوق عکاظ علی جمل اورق وهو یتکلم بکلام علیه حلاوة ما اجدنی احفظه فقال رجل من القوم انا احفظه یارسول اللّٰه سمعته وهو یقول بسوق عکاظ ایها الناس اسمعوا وعوا واحفظوا من عاش مات ومن مات فات وکل ما هو آت آت لیل داج وسماء ذات ابراج وبحار تزخر ونجوم تزهر ومطر ونبات وآباء وامهات وذاهب وآت وضوء وظلام وبر وآثام ولباس ومرکب ومطعم ومشرب ان فی السماء لخبراً وان فی الارض لعبرا ما لی اری الناس یذهبون ولا یرجعون ارضوا بالمقام فاقاموا ام ترکوا فناموا اقسم باللّٰه قس بن ساعدة قسما براً لا اثم فیه ان للّٰه دیناً هو احب الیه من دین قد اظلکم زمانه وادرککم اوانه فطوبی لمن ادرکه فآمن به وویل لمن ادرکه ففارقه ثم انشاء یقول

https://downloadshiabooks.com/

في الذاهبين الأولين ... من القرون لنا بصائر
لما رأيت موارداً ... للموت ليس لها مصادر
ورأيت قومي نحوها ... يمضي الأصاغر والأكابر
لا يرجع الماضي اليك ... ولا من الماضين غابر
ايقنت اني لامحا ... لة حيث صار القوم صائر

فقال رسول الله (ص) يرحم الله قيس بن ساعدة اني لا رجوا ان يأتي يوم القيمة امة واحدة فقال رجل من القوم يارسول الله لقد رأيت من قس عجبا قال وما الذي رأيت قال بينما انا يوما بجبل في ناحيتنا يقال له سمعان في يوم قائظ شديد الحر اذا انابقس بن ساعدة في ظل شجرة وعندها عين ماء واذا حوله سباع كثيرة وقد وردت حتى تشرب من الماء واذا زأر سبع منها على صاحبه ضربه بيده وقال كف حتى يشرب الذي ورد قبلك فلما رأيته وما حوله من السباع هالني ذلك ودخلني رعب شديد فقال لي لابأس عليك لاتخف انشاء الله واذا انا بقبرين بينهما مسجد فلما انست به قلت ما هذان القبر ان قال قبر اخوين كان يعبدان الله في هذا الموضع معي فماتا فدفنتهما في هذا الموضع واتخذت ما بينهما مسجدا اعبد الله فيه حتى الحق بهما ثم ذكر ايامهما وفعالهما فبكى ثم قال:

خليلي هبا طال ما قدر قدتما ... اجد كما لا تقضيان كراكما
ألم تعلما اني بسمعان مفرد ... وما لي بها معن حببت سواكما
اقيما على قبريكما لست بارحا ... طوال الليالي او يجيب صداكما
ابكيكما طول الحياة وما الذي ... يرد على ذي عولة ان بكاكما
كأنكما والموت اقرب غاية ... بروحي في قبري كما قد اتاكما
فلوجعلت نفس لنفس وقاية ... لجدت بنفسي ان اكون فداكما

https://downloadshiabooks.com/

حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایاد کا ایک وفد آیا۔ آپؐ نے فرمایا:

قیس بن ساعدہ کیا کر رہے ہیں؟ گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ عکاظ بازار میں وہ اُونٹ پر سوار ہیں اور کتنی میٹھی گفتگو کر رہے ہیں۔ میرے پاس کوئی نہیں جو اس کو یاد کر کے آئے۔ اُس کی قوم کا ایک مرد کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! مجھے یاد ہے کہ وہ کیا کہتا ہے۔ عکاظ بازار میں وہ کہہ رہا تھا کہ اے لوگو! سنو! سمجھو اور اس کو یاد کرو۔ جو زندہ ہے وہ مرجائے گا اور جو مرے گا وہ دوبارہ زندہ ہو کر آئے گا۔ وہ آئے گا اس طرح کہ رات کی تاریکی ہوگی۔ مجھے قسم ہے آسمان کی جو برجوں والا ہے' دریا جو بہہ رہے ہیں' ستارے جو چمک رہے ہیں' بارش' نباتات' آباء اور امہات' جانا اور آنا' روشنی' ظلمت' نیکی' بدی' لباس' رہائش' سواری' کھانا پینا' آسمان میں تمہارے لیے خبر ہے اور زمین میں تمہارے لیے عبرت ہے اور مجھے کیا ہوگیا ہے کہ میں لوگوں کو دیکھ رہا ہوں۔ لوگ جارہے ہیں اور واپس لوٹنے والے نہیں۔ وہ اُس مقام کو پسند کر چکے ہیں۔ وہ نہیں جانتے کہ انہوں نے اُس کو چھوڑنا ہے یا اُس میں رہنا ہے۔ یہ لوگ سوئے ہوئے ہیں۔ پس قیس بن ساعدہ قسم اٹھاتا ہے کہ نیکی کی اس دنیا میں کوئی گناہ نہیں کرتا اور زمین پر اللہ کے دین سے زیادہ اللہ کو کوئی چیز پسند نہیں ہے۔ زمانہ گزر رہا ہے اور تم اِس کو ضرور درک کرو گے۔ طوبیٰ ہے اُس شخص کے لیے جو اُس دین کو پالے اور اِس کی اتباع کرے اور ویل ہے اُس شخص کے لیے جو اِس کو پائے اور اِس کی اتباع نہ کرے اور اِس سے جدا ہو جائے۔ پھر اُس نے یہ اشعار فرمائے:

فی الذاھبین الأولین

من القرون لنا بصائر

"گزرے ہوئے لوگوں میں ہمارے لیے عبرتوں کا سامان ہے"۔

https://downloadshiabooks.com/

لما رأيت موارداً

للموت ليس لها مصادر

''میں نے موت کے گھاٹ دیکھے ہیں جن سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہے''۔

ورأيت قومي نحوها

يمضي الأصاغر والأكابر

''میں نے اپنی قوم کے ہر چھوٹے بڑے کو اُس کی طرف بڑھتے ہوئے دیکھا''۔

ايقنت انی لامحا

لة حيث صار القوم صائر

''تو مجھے یقین ہو گیا کہ مجھے بھی لازمی طور پر وہاں ہی جانا ہے جہاں میری قوم جارہی ہے''۔

لا يرجع الماضي اليك

ولا من الماضين غابر

''کوئی جانے والا تیرے پاس لوٹ کر نہیں آئے گا اور گذشتہ لوگوں میں سے کوئی بھی باقی نہیں ہے''۔

پس رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں تم سب قیامت کے دن ایک اُمت بن کر آؤ گے۔ قوم میں سے ایک مرد کھڑا ہو گیا اور اُس نے کہا: یا رسول اللہ! میں نے تو قیس سے [illegible] ادا کی ہی۔

آپ نے فرمایا: وہ قیس بن [illegible] جو [illegible] ہے؟ اُس نے کہا: ہماری طرف [illegible] کے دن [illegible] گرمی کے دنوں میں شدید گرمی میں بھی

https://downloadshiabooks.com/

قیس بن ساعدۃ کے ساتھ تھا۔ ہم ایک درخت کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے اور اُس کے پاس پانی کا ایک چشمہ تھا اور اردگرد بہت زیادہ درندے تھے جو اس چشمہ کے پانی سے سیراب رہے تھے جب اُنھوں نے درندے کو دیکھا تو آپ نے اس کو ہاتھ مارا اور کہا: اسے روکو! جو تیرے سے پہلے ہیں پہلے اُن کو پانی سے سیراب ہونے دو۔ پس جب میں نے اُسے دیکھا کہ اُس کے اردگرد درندے ہیں تو اُس نے مجھے دیکھا کہ میں سخت رعب و مصیبت میں گھرا ہوا ہوں۔ اُس نے کہا: اے! کوئی حرج نہیں ہے، تم نہ ڈرو اور اچانک دو قبروں کے درمیان مسجد تھی۔ پس جب مجھے اُن سے اُنس ہو گیا۔ میں نے کہا: یہ قبریں کن کی ہیں؟ قیس نے کہا: یہ میرے دو بھائیوں کی قبریں ہیں۔ وہ دونوں اس جگہ میرے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے۔

پس یہ دونوں مر گئے لہٰذا ان دونوں کو اس مقام پر دفن کر دیا گیا ہے اور میں نے ان دونوں کی قبروں کے درمیان مسجد بنا دی ہے اور اب میں اس مقام پر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہوں، یہاں تک کہ میں اُن کے ساتھ ملحق ہو جاؤں۔ پھر اس نے ان کے ایام کو یاد کیا اور ان کے کاموں کو ذکر کرنا شروع کر دیا اور پھر رونا شروع کر دیا۔ پھر فرمایا:

خلیلی هبا طال ما قد رقدتما
اجد کما لا تقضیان کراکما

''اے میرے دونوں ساتھیو! تم میرے لیے بھی جدائی ڈال کر چلے گئے ہو کہ اگر تم اس کو ختم بھی کرنا چاہو تو نہیں کر سکتے۔''

الم تعلما انی بسمعان مفرد
وما لی بها من حبیب سواکما

''کیا تم نہیں جانتے کہ میں سمعان میں اکیلا رہ گیا ہوں اور ایسا ہو گیا ہے کہ میں تم دونوں کے علاوہ کسی سے محبت نہیں کرتا

https://downloadshiabooks.com/

اقیما علی قبریکما لست بارحا

طوال اللیالی او یجیب صداکما

''میں تم دونوں کی قبروں پر کھڑا ہوں اور میرے لیے اسی لمبی رات کا گزارنا مشکل ہے یا کہ میں تمہاری آواز کا جواب دوں (یعنی مجھے بھی موت آ جائے)''۔

ابکیکما طول الحیاۃ وما الذی

یرد علی ذی عولۃ ان بکاکما

''میں پوری زندگی تم دونوں کو روتا ہوں اور اگر میں دونوں کو روتا ہوں تو جو مجھ پر عیال کی ذمہ داری ہے اس کا کیا کروں؟''

کأنکما والموت اقرب غایۃ

بروحی فی قبری کما قد اتاکما

''گویا تم دونوں اور موت بہت زیادہ میرے قریب ہے کہ گویا میری روح قبر میں تمہارے پاس آنے والی ہے''۔

فلوجعلت نفس لنفس وقایۃ

لجدت بنفسی ان اکون فداکما

''پس اگر میں ایک نفس کو دوسرے نفس کا بدلہ قرار دے سکتا ہوتا تو میں ضرور اپنے نفس کو تم دونوں پر فدا کر دیتا''۔

## حسد کی بیماری

﴿قال أخبرنی﴾ ابونصر محمد بن الحسین النصیر ﴿قال حدثنا﴾ علی بن احمد بن سبابۃ قال حدثنا عمر بن عبدالجبار ﴿قال حدثنا﴾ ابی ﴿قال حدثنا﴾ علی بن جعفر بن محمد عن أبیه عن جده (ع) قال قال رسول

https://downloadshiabooks.com/

الله (ص) ذات یوم لاصحابه الا انه قد دب الیکم دآء الامم من قبلکم وھو الحسد لیس بحالق الشعر لکنه حالق الدین وینجی منه ان یکف الانسان یدہ ویخزن لسانه ولا یکون ذاغمز علی اخیه المؤمن وصلی الله علی سیدنا محمد النبی وآله الطاھرین وسلم تسلیماً۔

**حدیث نمبر 8:** (بحذف اسناد)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ایک صحابی سے فرمایا: تمہاری طرف گذشتہ اُمتوں کی بیماری آہستہ آہستہ آرہی ہے اور وہ حسد ہے اور یہ بالوں کو نہیں مونڈتا بلکہ دین کو برباد کرتا ہے۔ وہ شخص اس سے نجات حاصل کرسکتا ہے جو انسان اپنے ہاتھ کو روک سکے اور اپنی زبان کو کنٹرول میں رکھے اور اپنے مومن بھائی کو اذیت نہ دے۔

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 41

[بروز ہفتہ ۲۰ رمضان المبارک سال ۴۰۱ ہجری قمری]

## خواہشات کی اتباع حق سے دُور کردیتی ہے

﴿قال أخبرني﴾ ابوبكر محمد بن عمر الجعابي ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن الوليد ﴿قال حدثنا﴾ عنبر رين ﴿قال حدثنا﴾ شعبة عن سلمة بن كهيل عن ابى الطفيل عامر بن واثلة الكنانى رحمه الله قال سمعت امير المومنين (ع) يقول ان اخوف ما اخاف عليكم طول الأمل واتباع الهوى فاما طول الأمل فينفى الآخرة واما اتباع الهوى فيصد عن الحق الاوان الدنيا قد تولت مدبرة والآخرة قد اقبلت مقبلة ولكل واحدة منهما بنون فكونوا من ابناء الآخرة ولا تكونوا من ابناء الدنيا فان اليوم عمل ولاحساب والآخرة حساب ولاعمل -

**حدیث نمبر 1:** (بحذف اسناد)

حضرت امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام فرماتے ہیں: میں تمہارے بارے میں لمبی لمبی اُمیدوں اور خواہشات کی اتباع سے ڈرتا ہوں۔ لمبی آرزو آخرت کو خراب کردیتی ہے اور خواہشات کی اتباع حق سے دور کر دیتی ہے۔ آگاہ ہو جاؤ! دنیا تمہارے پیچھے ہے اور آخرت تمہارے سامنے ہے اور [illegible] آخرت کے بیٹے بنو دنیا کے بیٹے نہ بنو کیونکہ آج کا دن عمل [illegible] حساب کا

https://downloadshiabooks.com/

دن ہے اُس دن عمل نہیں ہوگا۔

## نبی اکرمؐ کا خطبہ

﴿قال أخبرنی﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو محمد بن عبداللّٰه بن محمد بن سعید بن زیاد بن کنانة المقری من کتابه ﴿قال حدثنا﴾ احمد بن عیسٰی بن الحسن الجرمی ﴿قال حدثنا﴾ نصر ابن حماد ﴿قال حدثنا﴾ عمر بن شمر عن جابر الجعفی عن ابی جعفر محمد بن علی الباقر (ع) عن جابر بن عبداللّٰه الأنصاری قال قال رسول اللّٰه (ص) ان جبرئیل (ع) نزل علی وقال ان اللّٰه یأمرك ان تقوم بتفضیل علی بن ابی طالب (ع) خطیبا علی اصحابك لیبلغوا من بعدهم ذلك عنك ویأمر جمیع الملائکة ان تسمع ما تذکره واللّٰه یوحی الیك یامحمد ان من خالف فی امره فله النار ومن اطاعك فله الجنة فأمر النبی (ص) منادیا فنادی بالصلوة جامعة فاجتمع الناس وخرج حتّٰی علی المنبر فکان اول ما تکلم به اعوذ باللّٰه من الشیطان الرجیم بسم اللّٰه الرحمٰن الرحیم ، ثم قال ایها الناس انا البشیر النذیر وانا النبی الا انی مبلغکم عن اللّٰه جل اسمه فی امر رجل لحمه لحمی ودمه دمی وهو عیبة العلم وهو الذی انتجبه اللّٰه من هذه الامة واصطفاه وهداه وتولاه وخلقنی وایاه وفضلنی بالرسالة وفضله بالتبلیغ عنی وجعلنی مدینة العلم وجعله الباب وجعلنی خازن العلم والمقتبس منه الأحکام وخصه بالوصیة وابان امره وخوف من عداوته وازلف مثواه وغفر لشیعته وامر جمیع الناس بطاعته وانه عزوجل یقول من عاداه عادانی ومن والاه والانی ومن اذاه اذانی ومن ابغضه ابغضنی ومن احبه احبنی ومن اراده ارادنی ومن کاده کادنی ومن نصره نصرنی یاایهاالناس اسمعوا لما امرکم به

https://downloadshiabooks.com/

واطیعوه فانی اخوفکم عباد اللّٰہ یوم تجد کل نفس ما عملت من خیر محضراً ومن عملت من سوء تود لو ان بینہا وبینہ امدا بعیداً ویحذرکم اللّٰہ نفسہ" ثم اخذ بید امیرالمؤمنین (ع) فقال معاشر الناس ھذا مولی المؤمنین وحجۃ اللّٰہ علی الخلق اجمعین والمجاھد للکافرین ، اللّٰھم انی قد بلغت وھم عبادک وانت القادر علی صلاحھم فاصلحھم برحمتک یاارحم الراحمین استغفراللّٰہ تعالیٰ ولکم ثم نزل فاتاہ جبرئیل (ع) فقال یامحمد ان اللّٰہ عزوجل یقرئک السلام ویقول لک جزاک اللّٰہ عن تبلیغک خیرا فقد بلغت رسالات ربک ونصت لامتک وارضیت المؤمنین وارغمت الکافرین یامحمد ان ابن عمک مبتلی بہ یامحمد قل فی کل الوقاتک الحمدللّٰہ رب العالمین وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔

**حدیث نمبر 2: (بحذف اسناد)**

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری نے روایت بیان کی ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور کہا: تحقیق اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ اپنے اصحاب کے سامنے علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی فضیلت پر مشتمل خطبہ دیں تا کہ وہ آپؐ کے بعد آپ سے اس کو دوسروں تک پہنچائیں اور اللہ تعالیٰ نے تمام ملائکہ کو حکم دیا ہے کہ جو آپ فرمائیں اس کو سماعت کریں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی فرمائی ہے: اے محمدؐ! جو شخص آپؐ کے اس حکم میں آپ کی مخالفت کرے گا اس کے لیے جہنم کو لازم قرار دیا گیا ہے اور جو شخص آپ کی اطاعت کرے گا اس کے لیے جنت واجب قرار دی گئی ہے۔ پس رسولؐ خدا نے منادی کو حکم دیا ہے کہ تمام اصحاب کو نماز با جماعت کی ندا دے۔ پس اس نے ندا دی اور تمام اصحاب نماز با جماعت کے لیے جمع ہوگئے۔ پس آپ

https://downloadshiabooks.com/

باہر تشریف لائے اور منبر پر تشریف فرما ہوئے اور اس سے پہلی جو آپ نے کلام کی وہ یوں تھی:

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - پھر فرمایا:

اے لوگو! میں بشارت دینے والا اور ڈرانے والا ہوں اور میں نبی ہوں۔ آگاہ ہو جاؤ کہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ایسے شخص کے بارے میں تمہارے سامنے تبلیغ کرنے والا ہوں جس کا گوشت میرا گوشت ہے' جس کا خون میرا خون ہے' وہ علم کا خزانہ ہے اور وہ مرد ایسا ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اس اُمت میں سے چن لیا ہے اور اُس کو برگزیدہ بنایا ہے اور اس کی ہدایت فرمائی ہے اور اس کے لیے ولایت قرار دی ہے۔ مجھے اور اُس کو ایک مٹی سے خلق فرمایا ہے۔ اور مجھے رسالت کے ساتھ فضیلت عطا فرمائی ہے اور اس کو میری طرف سے تبلیغ کی فضیلت عطا فرمائی ہے۔ اور مجھے علم کا شہر اور اُس کو اس کا دروازہ قرار دیا ہے اور مجھے علم کا خزانہ قرار دیا ہے اور احکام کو اس سے لیا جائے گا۔ اور اُس کو میرا وصی قرار دیا ہے اور اس کے امر کو ظاہر کیا ہے اور اس کی دشمنی سے اس نے ڈرایا ہے اور اس کے ٹھکانے کو قریب کیا ہے۔ اور اس کے شیعہ کو بخش دیا ہے اور تمام لوگوں کو حکم دیا ہے کہ اس کی اطاعت کریں' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: جس نے اس سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی اور جس نے اُس سے دوستی کی اُس نے میرے ساتھ دوستی کی اور جس نے اس کو اذیت دی اُس نے مجھے اذیت دی اور جس نے اس سے بُغض رکھا اُس نے مجھ سے بُغض رکھا اور جس نے اس سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے اس کا ارادہ کیا اس نے میرا ارادہ کیا اور جس نے اُسے ذلیل کرنے کی کوشش کی اُس نے مجھے ذلیل کرنے کی کوشش کی۔ اور جس نے اُس کی مدد کی اس نے میری مدد کی۔

اے لوگو! جب تم کو وہ حکم دے تو اُس کی اطاعت کرو۔ پس میں تم کو اس دن سے ڈراتا ہوں جس دن ہر کوئی اپنے کیے ہوئے کو اپنے سامنے پائے گا خواہ وہ خیر ہو یا شر۔ اور

https://downloadshiabooks.com/

جس نے شر کو انجام دیا ہوگا وہ خواہش کرے گا کاش اس کے اور میرے درمیان بہت زیادہ فاصلہ ہو جائے۔ تم اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ سے ڈراؤ۔ پھر آپ نے امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا:

اے لوگو! یہ مومنین کا مولا ہے اور اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق پر حجت ہے اور کافروں کے ساتھ جہاد کرنے والا ہے۔ اے میرے اللہ! میں نے تیرے حکم کی تبلیغ کر دی ہے اور یہ تیرے بندے ہیں تو ان کی اصلاح پر قادر ہے۔ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے! اپنی رحمت کے صدقہ میں ان کی اصلاح فرما اور میں اپنے لیے اور تمہارے لیے اللہ تعالیٰ کی بخشش کو طلب کرتا ہوں۔ پھر اس کے بعد خود جبرائیلؑ نازل ہوا اور کہا: اے محمدؐ! اللہ تعالیٰ آپ کو سلام کہہ رہا ہے اور فرماتا ہے: اللہ تعالیٰ تجھے خیر کی تبلیغ پر تیرے لیے اچھی جزا دے گا۔ پس آپؐ نے اپنے رب کی رسالت کی تبلیغ کر دی ہے اور اپنی اُمت کو نصیحت بھی فرما دی ہے اور آپؐ نے مومنین کو خوش کر دیا ہے اور کافروں کو ذلیل کر دیا ہے۔ اے محمدؐ! تحقیق آپؐ کے چچا کے فرزند کا اس سے امتحان لیا جائے گا۔ اے محمدؐ! اپنے تمام اوقات میں الحمدُ للہ رب العالمین کو زبان پر جاری رکھو۔ سیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔

## محمد بن حنفیہ کا خطبہ

﴿قال أخبرني﴾ ابوعبداللّٰه محمد بن عمران المرزباني ﴿قال حدثنا﴾ ابوالحسن علي بن عبدالرحيم السجستاني عن أبيه عن الحسن بن ابراهيم عن عبداللّٰه بن عاصم عن محمد بشير قال لما سير ابن الزبير ابن عباس الى الطايف كتب اليه محمد بن الحنفية رحمه اللّٰه امابعد فقد بلغني ان ابن الكاهلية سيرك الى الطايف فرفع اللّٰه جل اسمه لك بذلك ذكراً وعظم لك اجراً وحط به عنك وزري ياابن عم انما يبتلى الصالحون وانما تهدى الكرامة للابرار ولو لم تؤجر الا فيما تحب اذا قل اجرك قال اللّٰه

https://downloadshiabooks.com/

عزوجل وعسى ان تكرهوا شيئا وهو خير لكم" وهذا ما لست اشك انه خير لك عند بارئك عظم الله لك الصبر على البلوى والشكر فى النعماء انه على شيئ قدير فما وصل الكتاب الى ابن عباس اجاب عنه فقال اتانى كتابك تعزينى فيه على تسييرى وتسأل ربك جل اسمه ان يرفع لى به ذكراً وهو تعالى قادر على تضعيف الأجر والعايدة بالفضل والزيادة بالاحسان اما احب ان الذى ركب منى ابن الزبير كان ركبه منى اعداء خلق الله لى احتسابا وذلك فى حسناتى ولما ارجو ان انال به رضوان ربى ياأخى ان الدنيا تولت الآخرة وقد اظلت فاعمل صالحا تجزء صالحا جعلنا الله واياك ممن يخافه بالغيب و يعمل لرضوانه فى السر والعلانية انه على كل شيئ قدير۔

حدیث نمبر 3: (بحذف اسناد)

محمد بشیر نے بیان کیا ہے کہ جب ابن زبیر ابن عباس کو طائف کی طرف اپنے ساتھ لے گیا تو محمد بن حنفیہ رحمتہ اللہ علیہ نے ابن عباس کو خط تحریر کیا:

امابعد! مجھے خبر ملی ہے کہ کاہلیہ کا فرزند آپ کو طائف کی طرف لے گیا ہے پس اللہ تعالیٰ اُس کے ذریعے آپ کے ذکر کو بلند کرے اور آپ کے اجر کو زیادہ کرے اور آپ کے گناہوں کا بوجھ کم کرے۔

اے میرے چچا کے فرزند! یہ یاد رکھیں کہ نیک لوگوں کا امتحان لیا جاتا ہے اور نیک لوگوں کو کرامت کا ہدیہ عطا کیا جاتا ہے اور آپ کو اجر نہیں دیا جائے گا' مگر اس کے ساتھ جن کے ساتھ آپ محبت کرتے ہیں اور جب آپ کا اجر کم ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: بسا اوقات تم لوگ ایسی چیز کو ناپسند کرتے ہو جو تمہارے لیے بہتر ہوتی ہے۔ اور میں اس میں شک نہیں کرتا ہوں۔ یہ تیرے رب کے نزدیک تیرے لیے بہتر ہے اور مصیبت پر صبر

https://downloadshiabooks.com/

کرنے سے اللہ تعالیٰ آپ کے اجر کو زیادہ فرمائے اور اپنی نعمتوں پر شکر ادا کرنے کی ہمت عطا فرمائے' کیونکہ وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جب یہ خط ابن عباس کو موصول ہوا تو آپ نے اس خط کا جواب یوں تحریر کیا:

آپ کا تحریر کردہ خط مجھے مل گیا ہے اور آپ نے اس میں میرے سفر کو منسوب کیا ہے اور میرے لیے دعا کی ہے کہ میرے ذکر کو اللہ تعالیٰ بلند کرے اور وہ خدا اجر کو دگنا بھی کرنے پر قادر ہے۔ اور اس کا فضل اور زیادتی اس کے احسان کے ساتھ ہے۔ بہرحال یہ جو میں پسند کرتا ہوں کہ ابن زبیر کے ساتھ سفر کرنا میرے لیے ایسے ہی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کی دوسری مخلوق کے ساتھ سفر کرنا ہے اور یہ میری نیکیوں کی وجہ سے ہے اور میں اُمید کرتا ہوں کہ میں اپنے رب کی رضوان کو پاؤں۔

اے میرے بھائی! یہ دنیا و آخرت کی مددگار ہے' حالانکہ تو پھسل رہا ہے۔ پس نیک عمل انجام دو' تاکہ تم کو نیک جزا دی جائے اور اللہ تعالیٰ مجھے اور آپ کو ان میں سے شمار کرے جو غیب سے ڈرنے والے ہیں اور ظاہری اور پوشیدہ طور پر اس کی رضایت کے لیے عمل کرتے ہیں۔ وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

## امام حسنؑ کا ظاہری حکومت کے بعد پہلا خطبہ

﴿قال ابوالقاسم﴾ اسماعیل بن محمد الانباری الکاتب ﴿قال حدثنا﴾ ابوعبداللہ ابراهیم بن محمد الازدی ﴿قال حدثنا﴾ شعیب بن ایوب ﴿قال حدثنا﴾ معویة بن هشام عن سفیان عن هشام بن حسان قال سمعت ابا محمد الحسن بن علی (ع) یخطب الناس بعد البیعة له بالامر فقال نحن حزب الله الغالبون وعترة رسوله الأقربون واهل بیته الطیبون الطاهرون واحد الثقلین اللذین خلفهما رسول الله (ص) فی امته والتالی کتاب الله فیه تفصیل کل شیئ لایأتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه

https://downloadshiabooks.com/

فالمعول علينا فی تفسیرہ لاتظن تأویلہ بل یتیقن حقایقہ فاطیعونا فان طاعتنا مفروضة اذ کانت بطاعة اللّٰہ عزوجل ورسولہ مقروبة قال اللّٰہ عزوجل "یاایھا الذین آمنو اطیعوا اللّٰہ واطیعوا الرسول واولی الأمر منکم فان تنازعتم فی شیئ فردوہ الی اللّٰہ والرسول ولو ردوہ الی الرسول والی اولی الأمر منھم لعلمہ الذین یستنبطونہ منھم" واحذرکم الاصغاء لھتاف الشیطان فانہ لکم عو مبین فتکونوا کاولیائہ الذین قال لھم لاغالب لکم الیوم من الناس وانی جار لکم فلما ترائت الفئتان نکص علی عقبیہ وقال انی بریٔ منکم انی اری مالا ترون فتلقون الی الرماح وذرااو الی السیوف جزرا وللعمد خطما وللسھام غرضا ثم لا ینفع نفسا ایمانھا لم تکن آمنت من قبل او کسبت فی ایمانھا خیراً۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

جناب ہشام بن حسان نے بیان کیا ہے کہ میں نے سنا کہ امام ابومحمد الحسن بن علی علیہ السلام نے اپنی بیعت کے بعد جو لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:

ہم اللہ تعالیٰ کی وہ جماعت ہیں جو غالب رہتی ہے۔ ہم رسولؐ خدا کی وہ عترت ہیں جو اُس کے سب سے زیادہ قریب ہیں۔ ہم اہلِ بیتؑ طیب اور طاہر ہیں اور ثقلین میں سے ایک ہیں۔ وہ ثقلین جو رسولِ اعظمؐ اپنی اُمت میں چھوڑ کر گئے تھے پیچھے چھوڑے جانے والی ایک اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جس میں ہر چیز کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ وہ کتاب ہے کہ جس کے سامنے سے اور نہ پیچھے سے باطل آ سکتا ہے۔ پس ہمارے ذمہ اس کی تفسیر ہے۔ اُس کی تاویل میں گمان کارمند نہیں ہے بلکہ اس کے لیے یقین اور حق وحقیقت ضروری ہے۔ پس ہماری اطاعت کرو کیونکہ ہماری اطاعت خدا کی طرف سے واجب قرار دی گئی ہے۔ کیونکہ اطاعتِ خدا ورسولؐ کے ساتھ ہماری اطاعت کو ملایا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ

https://downloadshiabooks.com/

# مجلس نمبر 42

[بروز ہفتہ ۲۷ رمضان المبارک سال ۱۴۱۱ ہجری قمری]

## اللہ کے فرائض کو پورا کرو، تا کہ تم متقی بن سکو

﴿حدثنا﴾ الشیخ الجلیل المفید ابوعبداللہ محمد بن محمد بن النعمان اید اللہ تمکینه ﴿قال أخبرنی﴾ المظفر بن محمد البلخی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن همام ابوعلی ﴿قال حدثنا﴾ حمید بن زیاد ﴿قال حدثنا﴾ ابراهیم بن عبیداللہ بن حیان ﴿قال حدثنا﴾ الربیع بن سلیمان عن اسماعیل بن مسلم السکونی عن الصادق جعفر بن محمد عن أبیه عن جده (ع) قال سمعت رسول اللہ (ص) یقول اعمل بفرائض اللہ تکن من اتقی الناس وارض بقسم اللہ تکن من اغنی الناس وکف عن محارم اللہ تکن اورع الناس واحسن مجاورة من جاورك تکن مؤمنا واحسن مصاحبة من صاحبك تکن مسلما۔

**حدیث نمبر 1**: (بحذف اسناد)

حضرت امام جعفر بن محمد الصادق علیہ السلام نے اپنے آباؤ اجداد کے ذریعے سے رسولؐ خدا سے روایت کی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ کے فرائض پر عمل کرو تا کہ تم سب سے زیادہ متقی بن سکو اور اللہ تعالیٰ کی تقسیم پر راضی ہو جاؤ، تا کہ تم سب سے زیادہ غنی ہو سکو اور اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزوں میں

https://downloadshiabooks.com/

سے ہاتھ کو روکو تاکہ تم سب سے زیادہ پرہیزگار بن سکو اور اپنے ہمسائے کے ساتھ اچھی ہمسائیگی اختیار کرو تاکہ تم مومن بن سکو اور اپنے ساتھی سے اچھی صحبت اختیار کرو تاکہ تم مسلمان بن سکو۔

## رسولِ خدا پر گریہ

﴿قال أخبرني﴾ ابوعبدالله محمد بن عمران المرزباني قال حدثني احمد ابن محمد الجوهري ﴿قال حدثنا﴾ الحسن بن عليل بن العزى ﴿قال حدثنا﴾ عبدالكريم بن محمد بن على ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن منقر عن زياد بن المنذر ﴿قال حدثنا﴾ شرجيل عن ام الفضل بن العباس قالت لما ثقل رسول الله (ص) فى مرضه الذى توفى فيه افاق افاقة ونحن نبكى حوله فقال ما الذى يبكيكم قلنا يارسول الله نبكى لغير خصلة نبكى لفراقك ايانا ولا نقطاع خبرالسماء عنا ونبكى للامة من بعدك فقال (ع) اما انكم المقهورون والمستضعفون من بعدى ۔

**حدیث نمبر 2:** (بحذف اسناد)

جناب اُم الفضل بنت عباس فرماتی ہیں کہ جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی مرض الموت میں عالمِ غشی میں تھے اور ہم سب آپ کے اردگرد رو رہے تھے۔ جب آپ کو افاقہ ہوا تو آپؐ نے فرمایا: تم لوگ کیوں رو رہے ہو؟ ہم نے عرض کی: یارسولؐ اللہ! ہم کسی وجہ کے بغیر نہیں رو رہے اس لیے رو رہے ہیں کہ آپ سے جدا ہو رہے ہیں اور آپ کے جانے کے بعد آسمان کی خبریں (یعنی وحی) ہم سے منقطع ہو جائے گی اور ہم آپؐ کے بعد آپ کی اُمت کے لیے رو رہے ہیں۔ پس آپؐ نے فرمایا: آگاہ ہو جاؤ کہ میرے بعد تم لوگوں پر قہر و ظلم کیا جائے گا اور تم کو کمزور کر دیا جائے گا۔

https://downloadshiabooks.com/

## امیرالمومنین کی شہادت پر لوگوں کا گریہ کرنا

﴿قال أخبرنا﴾ ابوبکر محمد بن عمر الجعابی ﴿قال حدثنا﴾ ابو العباس احمد بن محمد بن سعید الهمدانی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعوانة موسٰی ابن یوسف العطار الکوفی ﴿قال حدثنا﴾ محمد بن سلیمان المقری الکندی عن عبدالصمد بن علی النوفلی عن ابی اسحق السبیعی عن الاصبغ بن نباتة العبدی قال لما ضرب ابن ملجم امیر المؤمنین علی بن ابی طالب (ع) عدونا علیه نفر من اصحابنا نا والحرث وسوید بن غفلة وجماعة معنا فقعدنا علی الباب فسمعنا البکاء فبکینا فخرج الینا الحسن ابن علی (ع) فقال یقول لکم امیر المؤمنین (ع) انصرفوا الی منازلکم فانصرف القوم غیری واشتد البکاء من منزله فبکیت فخرج الحسن (ع) فقال الم اقل لکم انصرفوا فقلت لا واللّٰہ یا ابن رسول اللّٰہ (ص) ماتتابعنی نفسنی ولا تحملنی رجلی ان انصرف حتٰی اری امیر المؤمنین (ع) قال فلبثت فدخل ولم یلبث ان خرج فقال لی ادخل فدخلت علی امیرالمؤمنین فاذا هو مستند معصوب الرأس بعمامة صفرآء قد نزف واصفر وجهه ما ادری وجهه اصفر او العمامة فاکببت علیه فقبلته وبکیت فقال لی لاتبک یااصبغ فانها واللّٰہ الجنة فقلت له جعلت فداك انی اعلم واللّٰہ انك تصیر الی الجنة وانما ابکی لفقدانی ایاك یاامیرالمؤمنین جعلت فداك حدثنی بحدیث سمعته من رسول اللّٰہ (ص) فانی ارانی لااسمع منك حدیثا بعد یومی هذا ابداً فقال نعم یااصبغ دعانی رسول اللّٰہ (ص) یوما فقال لی یاعلی انطلق حتٰی تأتی مسجدی ثم تصعد علی منبری ثم تدعوا الناس فتحمد اللّٰہ عزوجل وتثنی علیه وتصلی علی صلوة کثیرة ثم تقول ایها الناس انی

https://downloadshiabooks.com/

رسول اللّٰہ (ص) الیکم ھو یقول لکم الا ان لعنۃ اللّٰہ ولعنۃ ملائکتہ المقربین وانبیائہ المرسلین ولعنتی علی من انتمی الی غیر ابیہ او ادعی الی غیر موالیہ او ظلم اجیراً اجرہ فاتیت مسجدہ (ص) وصعدت المنبر فلما رأتنی قریش ومن کان فی المسجد اقبلوا نحوی فحمدت اللّٰہ واثنیت علیہ وصلیت علی رسول اللّٰہ (ص) صلوۃ کثیرۃ ثم قلت ایہا الناس انی رسول اللّٰہ (ص) الیکم وھو یقول لکم الا ان لعنۃ اللّٰہ ملائکتہ المقربین وانبیائہ المرسلین ولعنتی علی من انتمی الی غیر ابیہ او ادعی الی غیر موالیہ او ظلم اجیراً اجرہ فلم یتکلم احد من القوم الا عمر بن الخطاب فانہ قال قد ابلغت یا ابا الحسن ولکنک جئت بکلام غیر مفسر فقد ابلغ رسول اللّٰہ (ص) فاخبرتہ الخبر فقال ارجع الی مسجدی حتی تصعد منبری فاحمداللّٰہ واثن علیہ وصل علی ثم قال ایہا الناس ما کنا لنجیئکم بشیٔ الا عندنا تأویلہ وتفسیرہ الا وانی انا ابوکم الا وانی انا مولاکم الا وانی انا اجیرکم –

**حدیث نمبر3: (بحذف اسناد)**

جناب اصبغ بن نباتہ العبدی نے بیان کیا ہے کہ جب ابن ملجم ملعون نے امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو ضرب لگائی تو ہمارے بعض ساتھی اس کی طرف دوڑے۔ میں' حرث' سوید بن غفلہ اور ہمارے ساتھ ایک جماعت تھی ہم سب آپؑ کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے۔ جب ہم نے رونے کی آوازیں سنیں تو ہم نے بھی رونا شروع کردیا۔ امام الحسن بن علی علیہ السلام ہمارے پاس آئے اور فرمایا: امیرالمومنین علیہ السلام نے تم لوگوں کے لیے فرمایا ہے کہ تم سب لوگ اپنے اپنے گھروں کو چلے جاؤ۔ میں آپؑ کے اس فرمان کے بعد (سوائے میرے ساری قوم چلی گئی اور دوبارہ شدید گریہ ہوا تو) میں نے بھی رونا شروع کردیا۔ پس دوبارہ امام الحسنؑ باہر تشریف لائے اور فرمایا: کیا میں

https://downloadshiabooks.com/

نے تم لوگوں سے نہیں کہا کہ تم سب یہاں سے چلے جاؤ۔ میں نے عرض کی: خدا کی قسم! اے فرزندِ رسولؐ! میرا نفس میری اتباع نہیں کرتا یعنی مجھ میں ہمت نہیں اور میرے قدم نہیں اٹھتے کہ میں واپس چلا جاؤں' جب تک میں امیرالمومنینؑ کو دیکھ نہ لوں۔ امام حسنؑ نے فرمایا: ٹھہرو' پس آپؑ دوبارہ اندر چلے گئے۔ کچھ دیر کے بعد آپؑ دوبارہ تشریف لائے اور مجھے فرمایا: اندر آ جاؤ' میں امیرالمومنینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے دیکھا کہ آپ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے ہیں اور آپؑ کے سرِاقدس کو پیلے عمامے کے ساتھ باندھا ہوا ہے۔ خون کے بہہ جانے کی وجہ سے آپ کا چہرہ پیلا ہو چکا تھا۔ خدا کی قسم! مجھے نہیں معلوم ہو رہا تھا کہ آپ کے چہرے کا رنگ پیلا ہے یا آپ کے عمامے کا۔ پس میں آپؑ پر گر پڑا اور آپؑ کا بوسہ لیا اور رونا شروع کر دیا۔ آپؑ نے فرمایا: اے اصبغ! کیوں رو رہے ہو؟ کیونکہ میں تو جنت میں جا رہا ہوں۔ میں نے عرض کیا: میں آپؑ پر قربان ہو جاؤں میں جانتا ہوں کہ آپؑ جنت کی طرف جا رہے ہیں' لیکن میں اس لیے رو رہا ہوں کہ آپؑ ہم سے جدا ہو رہے ہیں۔

اے امیرالمومنینؑ! میں آپؑ پر قربان ہو جاؤں' رسولؐ خدا کی کوئی حدیث مجھے بیان کریں جو آپؑ نے رسولِؐ خدا سے سنی ہو' کیونکہ میں دیکھ رہا ہوں کہ اس کے بعد دوبارہ آپؑ سے حدیث نہیں سن سکوں گا۔ آپؑ نے فرمایا: ہاں اے اصبغ! ایسے ہی ہے۔ آپؑ نے فرمایا: رسولِؐ خدا نے ایک دن مجھے بلایا اور فرمایا: اے علیؑ! میری مسجد میں جاؤ اور پھر میرے منبر پر چلے جاؤ پھر لوگوں کو بلاؤ۔ پھر لوگوں کے سامنے خدا کی حمد و ثناء بیان کرو۔ مجھ پر بہت زیادہ درود و سلام کے بعد لوگوں کو میری طرف سے کہہ دو۔ اے لوگو! میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں' جو تمہاری طرف مبعوث کیا گیا ہوں' آگاہ ہو جاؤ! تحقیق اللہ تعالیٰ کی لعنت' اُس کے تمام مقرب ملائکہ کی لعنت' تمام انبیاء اور تمام مرسلین کی لعنت اور میری طرف سے بھی لعنت ہو' اس شخص پر جو اپنے آپ کو اپنے باپ کے علاوہ کسی دوسرے کی طرف منسوب

https://downloadshiabooks.com/

کرے۔ اور اپنے مولا کے علاوہ کسی دوسرے کا کہلوائے اور اپنے اجیر پر ظلم کرے۔ آپؑ نے فرمایا: میں آپؐ کی مسجد میں گیا اور آپؐ کے منبر پر بیٹھ گیا۔ وہ قریش کے لوگ جو مسجد میں موجود تھے وہ میری طرف متوجہ ہوئے' پس میں نے اُن کے سامنے خدا کی حمد وثنا کی اور رسولؐ خدا پر بہت زیادہ درود وسلام پڑھا۔ پھر میں نے کہا: اے لوگو! میں رسولؐ خدا کی طرف سے تمہارے پاس آیا ہوں اور وہ تمہارے لیے فرمار ہے ہیں کہ آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ تعالیٰ کی لعنت' تمام مقرب ملائکہ کی لعنت' تمام انبیاء ومرسلین کی لعنت اور میری لعنت اس شخص پر جو اپنے آپ کو اپنے باپ کے علاوہ کسی دوسرے کی طرف منسوب کرے اور وہ اپنے مولا کے علاوہ کسی دوسرے کا دعویٰ کرے (یعنی دوسرے کا کہلوائے) اور اجیر پر اُس کی اجرت کے بارے میں ظلم کرے۔

پس پوری قوم میں سے حضرت عمر بن خطاب کے علاوہ کوئی نہ بولا۔ اُس نے کہا: اے ابوالحسنؑ! آپؑ نے تبلیغ کردی' لیکن آپؑ نے ایسی خبر دی ہے جو واضح نہیں ہے' پس میں نے رسولؐ خدا کی خدمت میں اُن کی بات کو پہنچایا۔ آپؐ نے فرمایا: میری مسجد کی طرف دوبارہ جاؤ اور میرے منبر پر دوبارہ بیٹھو۔ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرو اور مجھ پر صلوات و سلام پڑھو اور لوگوں کو بتاؤ کہ اے لوگو! جو میں تمہارے لیے خبر لایا ہوں' اُس کی تاویل اور تفسیر میرے پاس ہے۔ آگاہ ہو جاؤ کہ میں تمہارا باپ ہوں اور میں تمہارا مولاؑ ہوں اور میں تمہارا اجیر ہوں۔

## اسلام کے ارکان پانچ ہیں

﴿قال أخبرني﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولويه رحمه الله ﴿قال حدثني﴾ ابى عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسى عن الحسن ابن محبوب عن ابى حمزة الشمالي عن ابى جعفر محمد بن علي

https://downloadshiabooks.com/

الباقر (ع) قال بنی الاسلام علی خمسة دعائم اقام الصلوٰة وایتاء الزکوٰة وصوم شهر رمضان وحج البیت الحرام والولایة لنا اهل البیت۔

**حدیث نمبر 4:** (بحذف اسناد)

حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ ستونوں پر رکھی گئی ہے:

① نماز ادا کرنا۔

② زکوٰۃ ادا کرنا۔

③ ماہِ رمضان کے روزے رکھنا۔

④ بیت اللہ کا حج کرنا۔

⑤ اور ہم اہلِ بیتؑ کی ولایت کا اقرار کرنا۔

## قیامت کے دن چار چیزوں کے بارے میں سوال کیا جائے گا

﴿بهذا الاسناد﴾ قال قال رسول اللّٰه (ص) لا یزول قدم عبد یوم القیمة من بین یدی الله عزوجل حتی یسأله عن اربع خصال عمرك فیما افنیته وجسدك فیما ابلیته وما لك من این اکتسبته واین وضعته وعن حبنا اهل البیت فقال رجل من القوم وما علامة حبکم یارسول اللّٰه فقال محبة هذا ووضع یده علی رأس علی بن ابی طالب (ع)۔

**حدیث نمبر 5:** (بحذف اسناد)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن جو بندہ بھی بارگاہِ خدا میں پیش ہوگا اس سے چار چیزوں کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ زندگی کے بارے میں کہ یہ کس چیز میں تو نے فناء کردی ہے۔ اس جسم کے بارے میں کہ اس کو تو نے

https://downloadshiabooks.com/

کن امور میں مصروف رکھا ہے۔ تیرے مال کے بارے میں تو نے اس کو کہاں سے کسب کیا یعنی کمایا ہے اور کہاں خرچ کیا ہے۔ اور ہم اہلِ بیتؑ کی محبت کے بارے میں۔ ایک بندے نے عرض کیا: اے رسولؐ خدا! آپ کی محبت کی نشانی کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا کہ اس کی محبت میری محبت کی نشانی ہے۔ آپؐ نے علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے سر پر ہاتھ رکھا۔

## حضرت سلمان فارسیؓ نے فرمایا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالحسن علی بن خالد المراغی ﴿قال حدثنا﴾ القاسم بن محمد الدلاله ﴿قال حدثنا﴾ اسماعیل بن محمد المزنی ﴿قال حدثنا﴾ ابن سعید ﴿قال حدثنا﴾ علی بن غراب عن موسٰی بن قیس الحضرمی عن سلمة بن کهیل عن عیاض بن عیاض عن أبیه قال مر علی بن ابی طالب (ع) بملاء فیهم سلمان رحمه الله فقال لهم سلمان قوموا فخذوا بحجزة هذا فوالله لایخبرکم بسر نبیکم (ص) غیره –

**حدیث نمبر 6: (بحذف اسناد)**

ابوعیاض نے بیان کیا ہے کہ امیرالمومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام ایک گروہ کے قریب سے گزرے جن میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالٰی عنہ بھی موجود تھا۔ پس سلمانؓ نے ان کو مخاطب کر کے فرمایا: اے لوگو! اٹھو اور اس شخص کا دامن تھام لو۔ خدا کی قسم! اس کے علاوہ تم کو رسولؐ خدا کے اسرار کے بارے میں (یعنی خاص رازوں کے بارے میں) کوئی نہیں بتا سکتا۔

○

﴿قال أخبرنی﴾ المظفر بن محمد البلخی ﴿قال حدثنا﴾ ابوعلی

https://downloadshiabooks.com/

محمد ابن همام الاسکافی ﴿قال أخبرنی﴾ ابوجعفر احمد بن مابندار عن منصور ابن العباس القضبانی حدثہم عن الحسن بن علی الخزاز عن علی بن عقبة عن سالم بن ابی حفص قال لما هلك ابوجعفر محمد بن علی الباقر (ع) قلت لأصحابی انتظرونی حتٰی ادخل علی ابن عبداللّٰه جعفر بن محمد (ع) فاعزیه فدخلت علیه فعزیته ثم قلت انا للّٰه وانا الیه راجعون ذهب واللّٰه من کان یقول قال رسول اللّٰه (ص) فلا یسأل عمن بینه وبین رسول اللّٰه (ص) لا واللّٰه لا یری مثله ابداً قال فسکت ابو عبداللّٰه (ع) ساعة ثم قال قال اللّٰه عزوجل ان من یتصدق بشق تمرة فیہا کما یری احدکم فلوہ حتٰی اجعلہا له مثل احد فخرجت الی اصحابی فقلت ما رأیت اعجب من هذا کنا نستعظم قول ابی جعفر (ع) قال رسول اللّٰه (ص) بلا واسطة فقال لی ابو عبداللّٰه (ع) قال اللّٰه عزوجل بلاواسطة۔

**حدیث نمبر 7: (بحذف اسناد)**

سالم بن ابوحفص نے بیان کیا ہے کہ جب ابوجعفر محمد بن علی الباقر علیہ السلام کی وفات ہوئی۔ میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ تم میرا انتظار کرو یہاں تک کہ میں ابوعبداللہ جعفر بن محمد امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں جاتا ہوں تاکہ ان کو تعزیت کروں۔ پس میں آپؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؑ کو تعزیت پیش کی۔ پھر میں نے کہا: اناللہ وانا الیہ راجعون!

خدا کی قسم! جو یہ کیا کرتا تھا کہ رسولؐ خدا نے فرمایا: وہ ہم سے چلا گیا اور اس کے اور رسولؐ خدا کے درمیان کوئی بھی بلاواسطہ بات کرنے والا نہیں رہا۔ خدا کی قسم! میں نے اس کی مثل کسی کو نہیں دیکھا۔ پس ابوعبداللہ کچھ دیر خاموش رہے۔ پھر آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالٰی فرماتا ہے: جو شخص نصف کھجور کا اس دنیا میں صدقہ دے گا جیسا کہ تم میں سے کوئی دیکھ

https://downloadshiabooks.com/

رہا ہوں۔ پس میں اس کے لیے بھی اُحد کے برابر اجر عطا کروں گا۔ پس میں اپنے ساتھیوں کے پاس آیا۔ میں نے کہا: میں نے اس سے بھی عجیب تر چیز دیکھی ہے اور ہم ابوجعفر کے قول کو عظیم قرار دیتے تھے کہ وہ رسولِ خدا سے بلاواسطہ حدیث ذکر کرتے ہیں کہ پس اس نے کہا کہ میرے لیے ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے خدا سے بلاواسطہ نقل کر دیا ہے۔ یہ اس سے بھی زیادہ عجیب تر ہے۔

## چار چیزوں کے بغیر ایمان کامل نہیں ہوتا

﴿قال أخبرنی﴾ ابوالقاسم جعفر بن محمد بن قولویه رحمه الله عن أبيه عن سعد بن عبدالله عن احمد بن محمد بن عيسىٰ عن علی بن الحکم عن ابی سعید القماط عن المفضل بن عمر الجعفی قال سمعت ابا عبدالله جعفر ابن محمد (ع) يقول لا يكمل ايمان حتى كون فيه اربع خصال يحسن خلقه ويسخی نفسه ويمسك الفضل من قوله ويخرج الفضل من ماله والحمد لله رب العالمين وصلى الله على سيدنا محمد النبی (ص) وآله الطاهرين وسلم تسليماً ـ

قد وقع الفراغ من نسخ مجالس الشيخ المفيد ضحی يوم الاربعاء السابع من شهر رمضان من سنة الالف والثلثمائة والواحد والخمسين هجرية على يد الفقير الی رحمة ربه الغنی عبدالرزاق بن السيد محمد بن السيد عباس بن السيد حسن الموسوی نسبا المقرمی لقبا وكان ذلك فی النجف الأشرف سنة ۱۳۵۱ء

**حدیث نمبر 8:** (بحذف اسناد)

مفضل بن عمر جعفی نے بیان کیا ہے کہ میں نے امام ابوعبداللہ جعفر صادق علیہ

https://downloadshiabooks.com/

السلام سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: کسی بندے کا ایمان مکمل نہیں ہوسکتا جب تک اس میں چار خصلتیں نہ پائی جائیں:

① حسنِ اخلاق۔

② اپنے نفس سے سخاوت کرنا یعنی سخاوت کرنا۔

③ اور اپنے قول میں فضل قرار دینا یعنی سچ بولنا۔

④ اور اپنے مال سے فضل نکالنا یعنی زکوٰۃ ادا کرنا۔

⊙⊙⊙

https://downloadshiabooks.com/